JAMIA FAROOQIA KARACHI
فتاوی محمودیہ
فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی نور اللہ مرقدہ
تبویب، تخریج اور تعلیق
زیر سرپرستی
شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب زید مجدہم
زیر نگرانی
دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# فہرست عنوانات

## بقية كتاب الحظر والإباحة

## باب حقوق الوالدين وغيرهما

(والدین کے حقوق کا بیان)

# باب السلام و القيام و المصافحة

## الفصل الأول فی السلام و إجابته

## (سلام اوراس کے جواب کا بیان)

## الفصل الثالث فی المصافحة والمعانقة

### (مصافحہ اور معانقہ کا بیان)



## الفصل الرابع فی القیام والتقبیل

### (قیام اور تقبیل کا بیان)

# باب الترضی والترحم

## (رضی اللہ عنہ اور علیہ السلام کہنے کا بیان)

# باب الحجاب

## الفصل فی ثبوت الستر ووجوبه

## (پردہ کے ثبوت اور وجوب کا بیان)

## فصلٌ فی مایتعلق بصوت المرأة

## (عورت کی آواز کا بیان)



## الفصل الثانی فیمن یجب عنه الستر

## (جن سے پردہ ضروری ہے، ان کا بیان)

## الفصل الثالث في الخلوة والاختلاط بالأجنبية ومسّها

## (اجنبی عورتوں سے تنہائی اور میل جول اور مَس کرنے کا بیان)

## الفصل الرابع فی النظر إلی العورة وإفشائها

## (اعضائے مستورہ کو دیکھنے اور کھولنے کا بیان)

# باب اللباس

## الفصل الأول فی القمیص والسروال والإزار

## (قمیص اور شلوار کا بیان)

## الفصل الثانی فی لبس البنطلون والصُّدرة وغیرھما

## (پینٹ، کوٹ وغیرہ کے استعمال کا بیان)

## الفصل الثالث فی العمامة والقلنسوة

## (پگڑی اور ٹوپی کا بیان)



## الفصل الرابع فی لباس النسآء

## (عورتوں کے لباس کا بیان)

## الفصل الخامس فی الثیاب المحرمة وغیرها

## (ناجائز لباس کا بیان)



## الفصل السادس فی أشیاء الزینة

## (زیب وزینت کی اشیاء کا بیان)

### الفصل السابع فی المتفرقات



## باب استعمال الذهب والفضة

### الفصل الأول فی الخاتم

### (انگوٹھی کا بیان)



### الفصل الثانی فی أسنان الذهب والفضة

### (سونے چاندی کے دانتوں کا بیان)

## الفصل الثالث فی مصنوعات الذهب وغیره

## (سونے وغیرہ کی مصنوعات کا بیان)



## الفصل الرابع فی مایتعلق بساعة الوقت

## (گھڑی کے استعمال کا بیان)

## الفصل الخامس فی الحلیة للنساء

### (عورتوں کا زیورات کے استعمال کرنے کا بیان)



## باب الأسماء

### (نام رکھنے کا بیان)

# باب خصال الفطرة

## الفصل الأول فی اللحیة والشوارب

### (داڑھی اور مونچھ کا بیان)

## فصلٌ فی حلّاق اللحیة

## (نائی کا بیان)

## الفصل الثانی فی الشّعر

### (بالوں کا بیان)

## الفصل الثالث فی تقلیم الأظفار

### (ناخن کاٹنے کا بیان)



## الفصل الرابع فی الخضاب

### (مہندی اور خضاب کا بیان)



## الفصل الخامس فی الختان

### (ختنہ کا بیان)

# باب الصورة والملاهی

## الفصل الأول فی الصورة

## (تصویر کا بیان)

## الفصل الثانی فی التمثال

## (مجسمہ سازی کا بیان)



## الفصل الثالث فی الملھی و التلفزیون

## (سینما اور ٹی وی کا بیان)

# باب الألعاب

## (کھیلوں کا بیان)

## باب الموالات مع الکفار والفَسَقة

### (کفار اور فاسقوں کے ساتھ دوستی کرنے کا بیان)



## الفصل الأول فی التشبه بالکفار

### (کفار کی مشابہت کا بیان)

## الفصل الثانی فی الشرکة فی أعیاد الکفار

## (کفار کے مذہبی تہواروں میں شرکت کا بیان)



## الفصل الثالث فی إعانة الکفار بالمال

## (مال سے کفار کی اعانت کرنے کا بیان)

## الفصل الرابع فی إعانة الفساق و الفجار

## (فاسق وفاجر کی مدد کرنے کا بیان)

☆......☆......☆

# بقية كتاب الحظر والإباحة

## باب حقوق الوالدين وغيرهما

(والدین کے حقوق کا بیان)

### والدین کا معذور پیر اور استاذ کی خدمت سے روکنا

سوال[۹۱۰۰]: اگر کسی شخص کے پیر یا استاذ دائم المرض ہوں اور بسبب کمزوری مرض وتقاضائے عمر طبعی معذور بھی اتنے ہوں کہ ہمہ وقت دوسروں کی خدمت کے محتاج ہوں اور بالکل تنہا، نہ بیوی، نہ بچے، شاگرد یا مُرید اُن کی خدمت کرنا چاہیں، لیکن والدین ان کی خدمت اوران کے یہاں جانے سے بھی روکیں۔ چونکہ والدین دینی ماحول اور تعلیمی و بزرگوں کی صحبت سے کورے ہیں، لیکن مرید اور شاگرد بفضلہ تعالیٰ شرع اور صوم وصلوۃ کے پابند ہیں، مسئلہ مسائل سے واقف اور دین کی خدمت بھی کررہے ہوں۔

ان حالات کے تحت مرید اور شاگرد کی پیر اور استاذ کی خدمت اور خبر گیری ضروری ہے یا والدین کی اطاعت فرض ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

پیر اور استاذ کا مقام تو بلند ہے، اگر کوئی غیر آدمی بھی خدمت کا ایسا محتاج ہو کہ اس کی خبر گیری کرنے والا کوئی نہ ہو تو اس کی بھی خبر گیری کا حکم ہے(۱)۔ والدین کو استاد اور پیر کی خدمت سے روکنے کا حق نہیں، جبکہ اس کی

(۱) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "للمؤمن على المؤمن ست خصال: يعوده إذا مرض، ويشهده إذا مات، ويجيبه إذا دعاه". الحديث. (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب السلام، الفصل الأول، ص: ۳۹۷، قديمي)

وجہ سے والدین کی خدمتِ ضروریہ میں فرق نہ آتا ہو(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۳/۶ھ۔

## والدین کی خدمت مقدم ہے یا تعلیم کی تکمیل؟

سوال[۹۱۰۱]: میں نے حفظ کیا، پھر کچھ عربی پڑھی، ارادہ تھا کہ درسِ نظامی کی تکمیل کر کے کچھ دین کی خدمت کر جاؤں، لیکن میرے والدین کی انتہائی کوشش ہے کہ پڑھنا ترک کر کے کسی دوسرے کام میں مشغول ہو جاؤں، جس سے دنیاوی زندگی بنے۔ تو کیا میں والدین کو ناراض کر کے اور عارضی طور پر ترکِ تعلق کر کے کسی دوسری جگہ جا کر درسِ نظامی کی تکمیل میں مصروف ہو جاؤں تو یہ شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر والدین آپ کی خدمت واعانت کے محتاج ہیں، ان کے گزارے کی کوئی صورت نہیں اور آپ ہی ان کی خدمت پوری کر سکتے ہیں تو آپ کو اس کی اجازت نہیں کہ ان سے ترکِ تعلق کر کے کہیں چلے جائیں اور درسِ نظامی کی تکمیل کریں، بلکہ ان کی خدمت ہی کرتے رہیں اور فارغ وقت میں دینی علم -خواہ اردو میں ہی ہو- حاصل بھی کر سکتے ہیں۔ اگر وہ آپ کی خدمت کے محتاج نہیں تو اس کا حکم دوسرا ہے، پھر بھی ایسی روش اختیار نہ کی جائے جس سے والدین کی حق تلفی ہو اور نہ ان کا مقابلہ کیا جائے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۷/۱۰/۱۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۷/۱۰/۱۷ھ۔

---

(۱) "فقال عمران بن حصين رضي الله تعالىٰ عنه للحكم: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "لاطاعة لأحد في معصية الله تبارك وتعالى". (مسند أحمد، بقية حديث الحكم بن عمرو الغفاري رضي الله تعالىٰ عنه، (رقم الحديث: ۲۰۱۳۱): ۵۹/۶، دارإحياء التراث العربي بيروت)

"عن علي رضي الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ......... قال: "لاطاعة في معصية الله، إنما الطاعة في المعروف". (الصحيح لمسلم، باب وجوب طاعة الأمراء في غير معصية وتحريمها في المعصية: ۱۲۵/۲، قديمي)

(۲) "واعلم أن تعلم العلم يكون فرض عين، وهوبقدرمايحتاج لدينه، وفرض كفاية، وهو مازاد عليه =

## والدین سے الگ رہنا کیا اکرامِ مسلم کے خلاف ہے؟

سوال[۹۱۰۲]: اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے احکامات کی روشنی میں رہبری فرمائیں: میں تبلیغ کا کام کرتا ہوں، یہاں کا ذمہ دار بھی ہوں، جماعتوں میں اکثر چلّوں وغیرہ میں جاتا ہوں، دن رات اللہ کے فضل سے کام میں لگا ہوں، دین کا داعی ہوں، میرے لئے گھر کے حالات بڑے پریشان کن ہوگئے ہیں، میرے والد صاحب کا انتقال ہوکر قریب ۶/ ماہ کا عرصہ ہوگیا ہے۔ والد صاحب کی زندگی میں میں اپنی بیوی بچوں کے ساتھ علیحدہ مکان میں رہتا تھا، جتنا ہوتا مالی امداد کرتا۔

والد صاحب کے انتقال کے بعد بڑی ذمہ داری مجھ پر آئی ہے کہ دو بہنیں بالغ اور چار بھائی جس میں دو کمانے والے ہیں، میں ہی بڑا ہوں۔ طے پایا کہ سب ایک ہی گھر میں رہیں اور گھر کو سب کی آمدنیوں سے چلائیں، لیکن بھائیوں کے خیال مختلف ہیں اور والدہ صاحبہ بھی اختلاف فرماتی ہیں کہ میں علیحدہ ہی رہوں۔ میری بیوی سے بھی میری والدہ اچھی نہیں رہتی، رات دن جھگڑے، لیکن میں اس خیال سے کہ اکرامِ مسلم بہت ضروری ہے، مل کر رہنا چاہتا ہوں اور اپنے متعلقین کی مالی مدد بھی مل کر رہنے میں ہوتی ہے۔

اگر میں علیحدہ ہوجاؤں تو اسلام کی روشنی میں اکرامِ مسلم کے خلاف ہوگا یا نہیں؟ اور میرا ایسا کرنا ماں کی نافرمانی میں داخل ہوگا یا نہیں؟ گھر میں تین بھائی بڑے بالغ ہیں، ان کا رویہ بھی میری بیوی سے اچھا نہیں ہے،

---

= لنفع غيره". (الدرالمختار، المقدمة: ۱/ ۴۲، سعيد)

"لايحل سفر فيه خطر إلابإذنهما (أى بإذن الوالدين)، ومالاخطر فيه يحل بلاإذن منه، ومنه السفر فى طلب العلم". (الدرالمختار). قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "لأنه أولى من التجارة إذاكان الطريق آمناً ولم يخف عليهما الضيعة". (ردالمحتار، كتاب الجهاد، مطلب: طاعة الوالدين فرض عين: ۴/۱۲۵، سعيد)

"وله الخروج لطلب العلم الشرعى بلا إذن والديه لوملتحياً". (الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى البيع: ۶/۴۰۸، سعيد)

(وكذا فى خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الكراهية، الفصل الأول: ۴/۳۲۷، سهيل اكيڈمى لاهور)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب السادس والعشرون: ۵/ ۳۶۵، ۳۶۶،رشيديه)

پردہ کرانا ان بھائیوں سے ضروری ہے تو دوسرے مکان میں رہنا پڑے گا۔ایسا کرنا کیسا ہے؟

آج دنیا میں ماں باپ بھائی بہنوں سے علیحدہ رہنا بہت معیوب خیال کیا جاتا ہے کیونکہ میں تبلیغ کی جماعتوں میں کام کرتا ہوں، میرے کردار پر ہر ایک کی نظر رہتی ہے۔میرا علیحدہ رہنا کیسا رہے گا؟ براہِ کرم جواب مرحمت فرمائیں تو بہت احسان مند ہوں گا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

معاشرتی مصالح کے پیشِ نظر الگ رہنا اور حقوق ادا کرتے رہنا اکرامِ مسلم کے خلاف نہیں، والدہ محترمہ کو اچھی طرح ادب ونرمی سے سمجھا دیں کہ یہ مصالح ہیں علیحدہ رہنے میں،اس مجبوری سے علیحدہ رہتا ہوں اوران کی خدمت کرتے رہیں، ہمیشہ ان کے پاس جاتے رہیں،محبت میں کمی نہ کریں تو انشاء اللہ اچھے ثمرات مرتب ہوں گے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۸/۱۳۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۸/۱۳۹۰ھ۔

## والدین کے حکم سے مال اور بیوی کو چھوڑنا

سوال[۹۱۰۳]: والدین کے بارے میں ایک حدیث میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دس وصیتیں کی تھیں، ان میں سے ایک یہ ہے کہ ''والدین کی نافرمانی نہ کرنا چاہیئے اگر چہ وہ یہ حکم دیں کہ بیوی چھوڑ دے، یا سارا مال خرچ کردے'' (۲)۔اس کی تشریح کردیجئے کہ کیا

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿واخفض لهما جناح الذل من الرحمة، وقل رب ارحمهما كما ربّياني صغيراً﴾ (سورة الإسراء: ۲۴)

قال العلامة الآلوسي رحمه الله: "أي تواضع لهما وتذلل ............ ﴿من الرحمة﴾: أي من فرط رحمتك عليهما". (روح المعاني، سورة الإسراء: ۱۵ / ۵۶، دار إحياء التراث العربي، بيروت)

مزید تفصیل کے لئے دیکھیے: (تفسير ابن كثير: ۳/۳۵، سهيل اكيڈمي لاهور)

(۲) "عن معاذ رضي الله تعالیٰ عنه قال: أوصاني رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم بعشر كلمات، قال: "لاتشرك بالله شيئاً وإن قتلت أوحرقت، ولا تعقن والديك وإن أمراك أن تخرج من أهلك =

ہر حال میں یہی حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

والدین کی اطاعت لازم ہے اور ان کے حکم کی خاطر بیوی اور سارے مال کو چھوڑ دینے کا حکم ہے، بشرطیکہ فتنہ میں ابتلاء کا قوی اندیشہ نہ ہو، مثلاً بیوی کو چھوڑ دینے سے زنا میں مبتلا ہو جائے اور مال خرچ کر دینے سے چوری وغیرہ میں مبتلا ہو جائے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفر لہ۔

## والدین کی نافرمانی

سوال[۹۱۰۴]: والدین کی نافرمانی کرنے والے کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جائز امور میں والدین کی نافرمانی کرنے والا سخت گنہگار ہے:

---

= ومالک". اهـ". (مسند الإمام أحمد بن حنبل: مسند الأنصار، حديث معاذ بن جبل، (رقم الحديث: ۲۱۵): ۳۱۶/۲، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(۱) "عن أبي الدرداء رضي الله تعالىٰ عنه أن رجلاً أتاه فقال: إن لي امرأةً وإن أمي تأمرني بطلاقها، فقال له أبو الدرداء: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "الوالد أوسط أبواب الجنة، فإن شئت فحافظ على الباب أو ضيع". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب البر والصلة، الفصل الثاني، ص: ۴۱۹، قديمي)

"وعن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: "كانت تحتي امرأة أحبها، وكان عمر رضي الله تعالىٰ عنه يكرهها، فقال لي: طلقها، فأبيت، فأتى عمر رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فذكر ذلك له، فقال لي رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "طلقها". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب البر والصلة، الفصل الثالث، ص: ۴۲۱، قديمي)

"يجب التطليق متابعةً للوالد، ورضاءً له، فقد ورد عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "رضى الرب في رضى الوالد، وسخط الرب في سخط الوالد". الخ". (نفع المفتي والسائل، مايتعلق بإطاعة الوالدين، ص: ۴۱۲، دار ابن حزم)

"عن المغيرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إن الله حرم عليكم عقوق الأمهات". الحديث. مشكوة شريف(١)۔ "ومن أصبح عاصياً لله فى والديه، أصبح له بابان مفتوحان من النار". الحديث مشكوة شريف(٢)۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ ھذا، ۱۱/شعبان، ۱۳۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، الجواب صحیح: عبداللطیف ۱۱/شعبان، ۱۳۵۵ھ۔

## معصیت کے کام میں والدین کی اطاعت

سوال[۹۱۰۵]: اگر والدین اپنی اولاد سے ناجائز کام کو کہیں تو اولاد کو کرنا چاہیے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ہرگز نہیں کرنا چاہیئے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ۔

## ایضاً

سوال[۹۱۰۶]: زید بغرضِ اطاعتِ والدین ایک مکتب میں ملازمت کرتا ہے، مگر وہاں پر معصیت

---

(١) (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب البر والصلة، الفصل الأول، ص: ٤١٩، قديمى)

(٢) (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب البر والصلة، الفصل الثالث، ص: ٤٢١، قديمى)

(٣) " عن على رضى الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم .......... قال "لاطاعة فى معصية الله، إنما الطاعة فى المعروف". (الصحيح لمسلم، باب وجوب طاعة الأمراء فى غير معصية وتحريمها فى المعصية: ١٢٥/٢، قديمى)

"فقام عمران بن حصين رضى الله تعالىٰ عنه، فلقيه بين الناس قال: تذكر يوم قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لاطاعة لمخلوق فى معصية الله". .......... "فقال عمران للحكم: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "لاطاعة لأحد فى معصية الله تبارك وتعالى". (مسند أحمد (رقم الحديث: ٢٠١٣٠، ٢٠١٣١، ٢٠١٣٢): ٦/ ٥٩، ٦٠، داراحياء التراث العربى، بيروت)

(وفيض القدير، (رقم الحديث: ٩٩٠٣): ١٢/ ٦٢٨٦، مكتبة نزار مصطفى الباز، مكة المكرمة)

پر مبتلا ہوجاتا ہے اور وہ بھی بعض اَمارد پر نظرِ شہوت ہے، پھر توبہ کرلیتا ہے، پھروہی عمل سرزد ہوجاتا ہے۔ اب یقین ہے کہ ملازمت ترک کردینا چاہیئے۔ سوال یہ ہے کہ والدین کی اطاعت کی خاطر ملازمت ضروری ہے یا ترکِ معصیت کی خاطر ملازمت ترک کردینا؟ اور اپنے مرشد کے یہاں رہنا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

نفسِ ملازمت تو معصیت نہیں (۱)، البتہ اس ملازمت میں معصیت کے دواعی ہیں، جن کی وجہ سے مبتلا ہوجاتا ہے اور غالباً اسی معاصی کا عادی بن گیا ہے، پھر وہ جہاں بھی جائے گا اپنی عادت کی راہ نکال لے گا، ادھر غالباً والدین کا بھی مقصود یہ مخصوص ملازمت نہیں، بلکہ ان کا مقصد اخراجات کی سہولت اور تحصیلِ آمدنی ہے۔ اگر اس کا ظنِ غالب ہے کہ دوسرے کسی کام کی ملازمت کے بعد اس معصیت سے بچ جائے گا تو وہ ملازمت کرے تاکہ دونوں فائدے حاصل ہوں: معصیت سے حفاظت بھی ہوجائے اور آمدنی بھی ہوجائے (۲)۔ یا پھر اپنے مرشد کی خدمت میں جلدی جلدی جاتا رہے اور اصل تو یہ ہے کہ اپنے اس مرض کو اپنے مرشد سے کہنے پر جو کچھ وہ اس سے حفاظت کا علاج تجویز کریں پختہ ہوکر اس پر عمل کرتے رہیں۔ اپنی رائے پر علاج کرنے سے عمل نہیں ہوتا ہے، ورنہ مرشد کی ضرورت ہی کیا تھی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۳/۸۹ھ۔

## نکاح کے بعد لڑکی پر والدین کا کتنا حق ہے؟

سوال[۹۱۰۷]: بعد نکاح والدین کا لڑکی کو اپنے حسبِ منشاء استعمال کی کس قدر اجازت ہے؟

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿فإذا قضیتم الصلوة، فانتشروا فی الأرض وابتغوا من فضل اللہ﴾ (سورة الجمعة: ۱۰)

قال العلامة الآلوسی رحمہ اللہ علیہ: "﴿وابتغوا من فضل اللہ﴾: أی الربح علی ماقیل". (روح المعانی: ۲۸/ ۱۰۳، دارإحیاء التراث العربی، بیروت)

وقال ابن کثیر رحمہ اللہ علیہ بعد الأیة المذکورة: ﴿اذکروا اللہ کثیراً لعلکم تفلحون﴾: أی حال بیعکم وشرائکم وأخذکم وإعطائکم". (تفسیر ابن کثیر: ۴/۳۶۷، سهیل اکیڈمی لاهور)

(۲) قال اللہ تعالیٰ: ﴿یا أیها الرسل کلوا من الطیبٰت واعملوا صالحاً﴾. (سورة المؤمنون، آیت: ۵۱)

اورشوہر کو کتنا اس بات کا حق ہے کہ اپنے جائز امور معاملات میں اور جنسی تسکین کے لئے (علاوہ ایام حیض ونفاس کے) کس وقت استعمال کرسکتا ہے؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

والدین تو رخصت کر کے فارغ ہو گئے، ہفتہ میں ایک دفعہ لڑکی اپنے والدین کی زیارت کے لئے جاسکتی ہے، مگر زیارت کر کے واپس چلی آئے، بغیر شوہر کی اجازت کے وہاں نہ رہے۔ والدین جب چاہیں لڑکی کو دیکھنے کے لئے اس کے مکان پر جاسکتے ہیں، مگر بغیر داماد کی اجازت کے رات کو وہاں نہ رہیں (۱)۔ شوہر اپنی تسکین کے لئے اس کے تحمل کی رعایت کرتے ہوئے جس قدر مناسب ہو استعمال کرسکتا ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

## والدہ کی خدمت سے چڑچڑاپن پیدا ہوجانے کا اثر

سوال [۹۱۰۸]: میری والدہ بیمار تھیں، آخری دنوں میں ان کی تیمارداری کرتے کرتے میرے

---

(۱) " ولايمنعهما من الخروج إلى الوالدين في كل جمعة إن لم يقدر على إتيانها .......... (ولايمنعهمامن الدخول عليها في كل جمعة .......... ويمنعهم من الكينونة –وفي نسخة: من البيتوتة– .......... (عندها) به يفتى". (الدر المختار، كتاب الطلاق، باب النفقة، مطلب في الكلام على المؤنسة: ٣/ ٦٠٢، ٦٠٣، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الطلاق، باب النفقة: ٢/ ١٨٦، ١٨٧، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(وكذا في خلاصة الفتاوى، كتاب النكاح، الفصل الثامن عشر، جنس آخر في خروج المرأة من البيت: ٢/ ٥٢، ٥٣، رشيديه)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب النكاح، باب النفقه: ١/ ٤٢٩، رشيديه)

(٢) "ولوتضررت من كثرة جماعه، لم تجز الزيادة على قدرطاقتها". (الدرالمختار، كتاب النكاح، باب القسم: ٣/ ٢٠٣، سعيد)

(وكذا في الدرالمنتقى، كتاب النكاح، باب القسم: ١/ ٥٥٠، غفاريه)

مزاج میں چڑچڑاپن آگیا تھا، مجھے بے حد افسوس ہے کہ میں ماں کے آخری دنوں میں میٹھی زبان سے بات نہ کرسکا، مجھے بتلائیں کہ میری ماں نے اس کا کیا اثر لیا ہوگا؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

یہی اثر لیا ہوگا کہ ایسی ضعیفی اور کمزوری کی حالت میں آپ بھی خدمت سے اُکتا گئے، ان کے لئے زیادہ سے زیادہ استغفار اور شریعت کے مطابق ایصالِ ثواب کرتے رہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/ ۶/ ۹۴ھ۔

## والدہ کی بے جا حمایت پر ان سے قطعِ تعلق

سوال [۹۱۰۹]: ایک شخص جس کا یہ غالب گمان ہی نہیں بلکہ یقین ہے، اس معاملہ میں کہ اس کو اس کے مرحوم والد کے ہر ترکہ میں برابر کا حصہ نہیں دیا گیا ہے، دلیل اس کے پاس موجود ہے اور اس کا اس بات پر دعویٰ ہے کہ اس کو رہنے کی جگہ بھی اتنی کم ہے کہ مشکل سے گزر ہوتا ہے، یعنی بچوں کو لٹانے کی جگہ بھی ڈھنگ کی نہیں۔ والد کی میراث میں ایک مکان ہے جس کا جگہ کے اعتبار سے جھگڑا چل رہا ہے، ورثاء میں اس کے ساتھ چار وارث ہیں:

۱- ایک نے تو کاروبار اچھا ہونے کی بناء پر مکان کرائے پر لیکر رہائش اختیار کرلی ہے، اس کے باوجود گھر پر قبضہ کر رکھا ہے، اس نے مکان کے ایک بڑے کمرہ اور ایک چھوٹے کمرہ پر قبضہ کر رکھا ہے، جس میں اس کا ایک لڑکا رہتا ہے۔

---

(۱) "عن أبي أسيد الساعدي رضي الله تعالىٰ عنه قال: بينا نحن عند رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إذ جاء رجل من بني سلمة، فقال: يارسول الله! هل بقي من برّ أبويّ أبرّهما به بعد موتهما؟ قال: "نعم، الصلاة عليهما والاستغفار لهما". الحديث. (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب البر والصلة، الفصل الثاني، ص: ۴۲۰، قديمي)

"وعن أنس رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إن العبد ليموت والداه أو أحدهما، وإنه لهما لعاق، فلايزال يدعولهما ويستغفر لهما حتى يكتبه الله باراً". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب البر والصلة، الفصل الثالث، ص: ۴۲۱، قديمي)

۲-اور ایک نے نیچے کے دو بڑے کمروں پر میری غیر موجودگی میں قبضہ کرلیا ہے۔

۳-اور تیسرا ابھی اس کے پاس ایک وسیع کمرہ اور ایک چھوٹا کمرہ ہے اور احقر کے پاس صرف ایک کمرہ ہے جو چھوٹا تو نہیں لیکن بڑا بھی نہیں ہے۔ ترکہ میں والد صاحب کچھ زمین چھوڑ گئے ہیں جس کی دو سال کی آمدنی احقر کو نہیں ملی اس کے بعد آمدنی کاشتکار نے دی ہی نہیں۔

والدہ محترمہ کی ایماء پر یا ان کی جانبدارانہ تعلق پر یہ سب کچھ ہوتا ہے کہ ان حالات میں والدہ محترمہ نے ان کی حمایت بھرپور کی ہے اور ناچیز تے ان کی مخالفت میں جھگڑا بھی کیا ہے۔ یہ تمام موصوف کے دعوے ہیں اور ان حالات میں موصوف نے مع والدہ کے سب سے تعلق اس شرط پر توڑ دیئے ہیں کہ جب تک موصوف کو اس کا حق نہیں دیا جاتا وہ اس تعلق کو بحال نہیں کرے گا تو اس کا یہ عمل لوگ شریعت کے خلاف بتلاتے ہیں۔ موصوف کا یہ عمل شرعی اعتبار سے کیسا ہے؟

الجواب حامداًو مصلیاً:

ان سب حالات کے باوجود قطع تعلق کرنا خود حق تلفی ہے، والدہ کا احترام اور ان کی خدمت اور ان کو خوش کرنا لازم ہے، دوسرے اہلِ قرابت کا یہی حق ہے، حدیث پاک میں آیا ہے کہ ''دنیاوی رنجش کی وجہ سے قطع تعلق کردینے والے کی دعاء قبول نہیں ہوتی اور اس کی مغفرت نہیں ہوتی'' اس لیے آپ والدہ محترمہ کی خدمت میں حاضر ہوکر ان کو خوش کریں اور دیگر اہلِ قرابت سے بھی سلام وکلام جاری رکھیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/۴/۱۴۰۱ھ۔

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ولاتقل لهما أف﴾ الأية. (بنی إسرائيل: ۲۳)

"وعن المغيرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "إن الله حرم عليكم عقوق الأمهات". "وعن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: " ليس الواصل بالمكافی، ولكن الواصل الذی إذا قطعت رحمه وصلها". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب البر والصلة، الفصل الأول، ص: ۴۱۹، قديمی)

"عن الأعمش قال: كان ابن مسعود جالساً بعد الصبح فی حلقة، قال: أنشد الله قاطع رحم لما قام عنا؛ فإنا نريد أن ندعو ربنا، وأن أبواب السماء مرتجة دون قطع رحم". رواه الطبرانی، ورجاله رجال الصحيح، إلا أن الأعمش لم يدرک ابن مسعود". (مجمع الزوائد، كتاب البر والصلة، باب صلة =

## والدین میں نااتفاقی ہوتو اولاد کیا کرے؟

سوال[۹۱۱۰]: والدین کی خدمت کرنا قرآن وحدیث میں فرض بتایا گیا ہے، مگر والدین میں خود اتنی نااتفاقی ہے کہ ایک دوسرے کی صورت دیکھنا گوارہ نہیں کرتے، اگر لڑکے اپنی ماں کو رکھتے ہیں تو والد ناراض ہوکر فوراً الگ رہتے ہیں اور اپنے ہاتھ سے کھانا بنا کر کھاتے ہیں۔ والدین کی جدائیگی کا عرصہ ۱۸، یا ۲۰/ سال کا ہوگیا ہے، اب اگر والدہ کو راضی کرتے ہیں تو والد ناراض ہوتے ہیں، حالانکہ دونوں پڑھے ہوئے ہیں۔ ایسے وقت میں اولاد کیا کرے، کس کو راضی کرے اور کس کو ناراض رکھے؟

نیز والدہ کو ساتھ رکھتے ہیں تو لڑکے والدہ کی نازیبا حرکت جو کہ برداشت کے قابل نہیں برداشت نہیں کرتے، وہ حرکت یہ ہے کہ والدہ کبھی اپنے قرآن شریف کو بکس میں بند کردیتی ہیں اور اب کچھ دنوں سے وہ اپنے قرآن شریف کو اپنے ساتھ لے کر سوتی ہیں، حالانکہ رات کو پڑھتی بھی نہیں ہیں۔ اب ایسے حالات میں اولاد کیا کرے، والدین سے علیٰحدگی اختیار کرلے یا کیا کرے؟ تسلی بخش جواب تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

دونوں کو راضی کرنے کی کوشش کی جائے، والدہ کی خدمت کرنے سے اگر والد ناراض ہوں اور برا کہیں تو خاموشی سے سن لیں، ان کو جواب نہ دیں (۱)۔ والدہ اگر اپنا قرآن شریف بکس میں بند کردیں تو ان کی اس بات پر کوئی اعتراض نہ کرے، گھر میں تلاوت کے لیے دوسرا قرآن شریف دوکان سے لے لیں۔ اللہ تعالیٰ دونوں کے دلوں میں محبت پیدا فرمادے اور لڑائی ختم کردے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۴/۱۴۰۱ھ۔

## والدہ کی مانتا ہے تو والد ناراض ہوتے ہیں

سوال[۹۱۱۱]: زید کے والدین زندہ ہیں، زید کی والدہ کہتی ہے کہ گھر پر کام کرو اور والد کہتے ہیں کہ دہلی جا کر کام کرو اور دہلی میں آمدنی زیادہ ہے، اگر والدہ کی مانتا ہے تو والد اس سے بولنا چھوڑ دیتے ہیں اور

---

= الرحم وقطعها: ۸/ ۱۵۱، دار الفكر بيروت)

(۱) قال الله تعالى: ﴿ووصينا الإنسان بوالديه إحساناً﴾ (سورة الأحقاف: ۱۵)

وقال الله تعالىٰ: ﴿ولا تقل لهما أف ولا تنهرهما﴾ (سورة الاسراء: ۲۳)

اگر والد کی بات مانے تو والدہ بولنا چھوڑ دیتی ہیں۔ اب اس کا کیا کرنا چاہیئے، والدہ کی بات کو ترجیح دے یا والد کی بات کو ترجیح دے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر مکان پر رہ کر گزارہ نہیں ہوتا، پریشانی زیادہ رہتی ہے تو باہر جا کر کام کرے اور والدہ کو سمجھا دے کہ خفا نہ ہوں، روپیہ کما کر آپ کے واسطے لاؤں گا اور دعاء بھی کرتا رہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے دل کو مجھ سے خوش رکھے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## والدہ ناراض ہو تو کیا کرے؟

سوال [۹۱۱۲]: میری ماں مجھ سے اس وجہ سے ناراض ہے کہ وہ مجھے پڑھائی کو خرچہ دیتی رہی ہے، روپے سے بہت محبت کرتی ہے، اسلام کے خلاف رشوت وغیرہ کی ترغیب دیتی ہے، مجھ سے یہ کہتی ہے کہ مجھے اپنی صورت مت دکھا، میں اس میں راضی ہوں، خدا کے ڈر سے جاتا ہوں، گندے الفاظ سن کر میں اس سے علیٰحدگی اختیار کرلوں، اللہ کی نافرمانی تو نہیں ہوگی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

آپ خدمت میں جایا کریں، جسمانی خدمت بھی کریں، کچھ ہدیہ تحفہ بھی لے جایا کریں، موسم کی چیز، کبھی کپڑا، کبھی جوتا اور جو چیز ان کو مرغوب ہو پیش کردیا کریں، اللہ پاک سے دعاء بھی کیا کریں کہ ماں کے دل سے نفرت نکال کر محبت پیدا فرمادے، انشاء اللہ تعالیٰ کچھ مدت میں اچھا تغیر پیدا ہوگا (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۶/۵/۲۸ھ۔

## باپ کے مال سے مُطلّقہ ماں کی مدد

سوال [۹۱۱۳]: ایک شخص جس کا نام خالد ہے، اس نے ایک عورت سے شادی کر لی اور اس عورت

(۱) (تقدم تخریجه تحت عنوان: "والدین میں نااتفاقی ہو تو اولاد کیا کرے؟")

(۲) (سیأتي تخریجه تحت عنوان: "فاسق باپ کے ساتھ سلوک")

کے پیٹ سے دولڑکے اور دوسری لڑکیاں پیدا ہوئیں، اس میں ایک کا نام زید اور دوسرے کا نام بکر ہے۔ پھر کسی وجہ سے خالد نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی، طلاق دینے کے بعد خالد نے دوسری عورت سے شادی کی۔ دوسری عورت کے پیٹ سے تین بچے ہیں: ایک لڑکا اور دولڑکیاں۔ مگر طلاق دینے کے بعد زید اور بکر کی ماں پریشانی اور غربت کی زندگی گزار رہی ہے۔ اب زید اور بکر جو کہ بالغ ہیں وہ اپنی پریشان حال ماں کی مدد کرنا چاہتے ہیں ماں کا حق اور ماں کی خدمت سمجھ کر۔ تو وہ اپنی ماں کی خدمت کس طرح کریں؟

کیا باپ کی جائیداد میں سے بغیر باپ کی رضامندی اور بغیر پوچھے اس میں سے کچھ لے کر ماں کی مدد کرنا کیسا ہے؟ اور اس طرح لے کر ماں کو دینا ثواب ہوگا یا نہیں؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

بغیر باپ کی اجازت کے اس کے مال میں سے والدہ کو کچھ نہ دیں (۱)، البتہ خود کما کر جس قدر ہو سکے خدمت کرتے رہیں۔ حق تعالیٰ فلاحِ دارین نصیب فرمائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/ ۸/ ۹۱ھ۔

## فاسقہ والدہ کے ساتھ برتاؤ

سوال [۹۱۱۴]: ہندہ ایک عورت اس کا بیٹا زید ہے، ہندہ مطلقہ ایک اجنبی شخص کے مکان پر رہتی ہے اور اس اجنبی غیر شخص سے تعلق کل رہائش خانگی اس کے مکان میں بلا نکاح کئے ہوئے ہے، ہندہ ہر غیر شخص سے گفتگو کرنے میں بےحیا و بےشرم ہے، شرعی پردہ قطعی اٹھادیا ہے، ہر اسلامی شخص سے متنفر ہے۔ چند امور قابلِ

---

(۱) "عن أبی حرة الرقاشی عن عمه رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "ألا! لاتظلموا، ألا! لایحل مال امرئ إلا بطیب نفس منه". الحدیث". (مشکوة المصابیح، کتاب البیوع، باب الغصب والعاریة، الفصل الثانی، ص: ۲۵۵، قدیمی)

(ومجمع الزوائد ومنبع الفوائد، کتاب البیوع، باب الغصب: ۴/۱۷۲، دارالفکر، بیروت)

(وکنز العمال، الفرع الثانی فی أحکام الإیمان المتفرقة: ۱/۹۲، (رقم الحدیث: ۳۹۷)، مکتبه التراث الإسلامی حلب)

تفصیل کے لئے دیکھئے: (تنبیه الغافلین، باب ماجاء فی الظلم، ص: ۲۰۲، حقانیه)

دریافت ہیں:

۱-زید بیٹا اپنی والدہ ہندہ سے شرعی برتاؤ کیسا کرے؟

۲-زید کو یہ بھی خیال ہوتا ہے کہ اگر میں والدہ کی خدمت نہ کروں اور میل جول نہ رکھوں اور ترکِ تعلق کرلوں تو شرعی گرفت اور قیامت میں مواٗخذہ تو نہ ہوگا، پر ممکن ہے ترکِ تعلق سے اصلاح ہوجائے اور اصلاح ہونے کی صورت میں عند اللہ ترکِ تعلق سے مواخذہ ہوگا یا نہیں؟ زید ہندہ (اپنی والدہ) کے کھانے وغیرہ کا کفیل نہیں بلکہ ہندہ خود اپنی ضروریات اپنے طور پر پورا کرتی ہے۔

امر اول: اصلاح شرعی ہندہ کی کہ وہ ان خرافات سے باز آجائے۔

امر دوم: زید مواخذہ شرعی روزِ قیامت سے سبکدوش ہوجائے، دینی دنیاوی حیثیت سے بَری الذمہ ہو۔

**الجواب حامداً ومصلياً:**

زید کو لازم ہے کہ اپنی والدہ کا احترام باقی رکھے، کوئی بات خلافِ ادب کرنا یا گستاخی سے پیش آنا درست نہیں، اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی لازم ہے کہ ہر ممکن طریقہ سے اصلاح کی کوشش کرے، خود سمجھائے یا کسی ایسے شخص کے ذریعے سے نصیحت کرائے جس کا اس پر اثر پڑسکے، خود دعاء کرے، باقی تنگ کرنا، مارنا، پیٹنا، یا گالی وغیرہ دینا درست نہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم، ۲۴/۱۰/۵۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/شوال/ ۵۹ھ۔

---

(۱) قال الله تعالى: ﴿ولا تقل لهما أف، ولا تنهر هما﴾ (سورة بنی إسرائيل: ۲۳)

وقال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "في فصول العلامي: إذا راى منكراً من والديه يأمرهما مرةً، فإن قبلا فبها، وإن كرها سكت عنهما واشتغل بالدعاء والاستغفار لهما، فإن الله تعالى يكفيه ما أهمه من أمرهما". (ردالمحتار، كتاب الحدود، باب التعزير، مطلب في تعزير المتهم: ۷۸/۴، سعید)

"فإن الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر فيه مَنفعةُ مَن أمره ونهاه عن المنكر، والأب والأم =

## باپ کوستانے کا وبال

سوال[۹۱۱۵]: میرا لڑکا صحبتِ زید کی وجہ سے میرا نافرمان ہے، مجھ کوستاتا ہے، میں نے بہت فتاوی منگا کر اس کو سنائے کہ اس کی اصلاح ہو مگر وہ اپنی حرکتوں سے باز نہیں آتا، اس کے متعلق آپ بھی فتوی دیں کہ ایسے لڑکے کے لئے اللہ ورسول کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

والد کا بہت بڑا حق ہے، والد کی خدمت وخوشنودی سے اللہ پاک کی خوشنودی اور جنت حاصل ہوتی ہے، والد کو ناراض کرنے سے اللہ تعالی ناراض ہوتے ہیں، والد کوستانا اور تکلیف پہنچانا سخت محرومی ہے، اس کا وبال دنیا وآخرت دونوں جگہ بھگتنا ہوتا ہے۔ لڑکے کو اپنی حرکتوں سے باز آنا اور توبہ کرنا چاہیئے، ورنہ انجام نہایت سخت اور ناقابلِ برداشت ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالی اعلم۔

حررہ العبد محمود غفر لہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۲/۲۴ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

= أحق بأن ينفع لهما ............ لكن ينبغي أن لا يعنف على الوالدين، فإن قبلا فبها، وإلا سكت واشتغل بالاستغفار لهما". (نفع المفتي والسائل، مايتعلق بإطاعة الوالدين، ص: ۴۲۳، دار ابن حزم)

(۱) قال الله تعالى: ﴿ووصينا الإنسان بوالديه إحساناً﴾ (سورة الأحقاف: ۱۵)

وقال الله تعالىٰ: ﴿ولا تقل لهما أف ولا تنهرهما﴾ (سورة بني إسرائيل: ۲۳)

"وعن عبدالله بن عمرو رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: " رضى الرب في رضى الوالد، وسخط الرب في سخط الوالد". (مشكوة المصابيح، باب البر والصلة، الفصل الثاني، ص: ۴۱۹، قديمي)

"وعنه (أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه) قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "رغم أنفه، رغم أنفه، رغم أنفه". قيل: من يارسول الله! قال: "من أدرك والديه عند الكبر أحدهما أو كلاهما، ثم لم يدخل الجنة". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب البر والصلة، الفصل الأول، ص: ۴۱۸، قديمي)

## فاسق باپ کے ساتھ سلوک

سوال[۹۱۱۶]: زید صاحبِ اولاد ہے، مگر بُرے فعلوں میں مبتلا ہے حتیٰ کہ ایک لڑکے نے بُرا فعل کرتے ہوئے دیکھ بھی لیا، جب اولاد نے زید کو منع کیا تو زید نے اولاد سے بولنا چھوڑ دیا، تو اب اولاد کا فرض ہے وہ زید سے بات چیت کریں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً:

اولاد کو اپنے باپ کا ادب کرنا چاہیئے اور اس کو خوش رکھنا چاہیئے (۱)، لیکن آہستہ آہستہ موقع پا کر باپ کو خدا کے عذاب سے ڈرانا اور نصیحت بھی کرنا چاہیئے، بلکہ کسی بزرگ سے تعلق قائم کرا دینا چاہیئے تا کہ ان کی صحبت اور ہدایت سے باپ کی یہ بُری عادت چھوٹ جائے۔ غرض نہ باپ سے تعلق ختم کریں، نہ بے ادبی سے پیش آئیں، نہ اس کو اس بُرے حال پر چھوڑیں، اس کے لئے دعاء اور خیر خواہی میں لگے رہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفی عنہ، دار العلوم دیوبند، ۲۶/۱۱/۸۵ھ۔

## باپ کے ساتھ سخت کلامی

سوال[۹۱۱۷]: باپ بیٹے میں سخت گفتگو ہو رہی تھی، غصہ میں باپ نے کہہ دیا کہ میں جوتا ماردوں گا، اس پر بیٹے نے جواب دیا کہ سو جوتے میں تم کو ماروں گا۔ سوال یہ ہے کہ ایسے بیٹے کے لئے شریعت کیا حکم کرتی ہے؟

---

(۱) قال الله تعالى: ﴿ولا تقل لهما أف، ولا تنهر هما﴾ (سورة بنى إسرائيل: ۲۳)

(۲) وقال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "في فصول العلامي: إذا راى منكراً من والديه يأمرهما مرةً، فإن قبلا فبها، وإن كرها سكت عنهما واشتغل بالدعاء والاستغفار لهما، فإن الله تعالى يكفيه ماأهمه من أمرهما". (ردالمحتار، كتاب الحدود، باب التعزير، مطلب فى تعزير المتهم: ۷۸/۴، سعيد)

"فإن الأمر بالمعروف والنهى عن المنكر فيه مَنفعةُ مَن أمره ونهاه عن المنكر، والأب والأم أحق بأن ينفع لهما .......... لكن ينبغى أن لا يعنف على الوالدين، فإن قبلا فبها، وإلاسكت واشتغل بالاستغفار لهما". (نفع المفتى والسائل، مايتعلق بإطاعة الوالدين، ص: ۴۲۳، دار ابن حزم)

الجواب حامداً و مصلیاً:

جو بیٹے باپ کے ساتھ ایسا معاملہ کرتے ہیں وہ بہت نالائق اور بدقسمت ہیں، باپ کی تعظیم واجب ہے، جہاں تک اپنے بس میں ہو، والد کو خوش رکھا جائے اور اگر غصہ میں کچھ کہیں تو خاموش ہوکر سن لیا جائے، ہرگز کوئی جواب نہ دیا جائے، اس سے دین بھی تباہ ہوتا ہے اور دنیا بھی۔ والد کو چاہیئے کہ ایسے نالائق بیٹے سے ایسی بات نہ کرے جس سے وہ تلخ جواب دے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۶/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

## بوڑھے باپ کی اطاعت

سوال[۹۱۱۸]: اگر باپ یادادا بوڑھا ہے اور اولاد جوان ہے اور اولاد ان کا حکم نہ مانیں تو ان کے لیے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اولاد کے ذمہ باپ کا حکم ماننا لازم ہے خاص کر جبکہ وہ بوڑھے ضعیف ہوں تو ان کی فرمانبرداری وتعظیم اورزیادہ ضروری ہے، اگر وہ بھی خلاف شرع حکم دیں تو اس میں اطاعت نہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۲/۸۸ھ۔

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿و قضی ربک ألا تعبدوا إلا إیاہ و بالوالدین إحساناً، إما یبلغن عندک الکبر أحدهما أو کلاهما، فلا تقل لهما أفٍ ولا تنهرهما، وقل لهما قولاً کریماً﴾ (سورة الإسراء: ۲۳)

قال العلامة الآلوسی: "والنهی عن ذلک یدل علی المنع فی سائر أنواع الإیذاء". (روح المعانی، (سورة الإسراء: ۲۳): ۱۵/۵۵، دارإحیاء التراث العربی بیروت)

مزید تفصیل کے لے دیکھئے: (تفسیر ابن کثیر: ۳/۳۴، سهیل اکیڈمی لاهور)

(۲) قال الله تعالی: ﴿ووصینا الإنسان بوالدیه إحساناً﴾ (سورة الأحقاف: ۱۵)

وقال الله تعالیٰ: ﴿ووصینا الإنسان بوالدیه حسناً، وإن جاهداک لتشرک بی مالیس لک به علم، فلاتطعهما﴾ (سورة العنکبوت: ۸) ........................ =

## درجہ کس کا زیادہ ہے باپ یا ماں کا؟

سوال[۹۱۱۹]: کلامِ ربانی اور احادیث کے مطابق باپ کا حق و درجہ و مرتبہ زائد ہے یا ماں کا؟

الجواب حامداً ومصلياً:

احترام کے لحاظ سے باپ کا رتبہ زیادہ ہے اور خدمت کے لحاظ سے ماں کا حق زیادہ ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیو بند، ۲۷/۴/۱۴۰۱ھ۔

## باپ نے دونوں بیٹوں کو الگ کر دیا

سوال[۹۱۲۰]: دو بھائیوں میں شدید اختلاف ہو گیا، والد نے اتحاد کی بہت کوشش کی، جب کامیابی نہ ہوئی تو دونوں کو الگ کر دیا، چولہا الگ کر دیا، تاکہ آئندہ دلوں میں زیادہ فرق نہ پیدا ہو۔ تو والد صاحب کا یہ فیصلہ کیسا ہے؟

---

= "وعن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه، قال: قال رجل: يارسول الله ! من أحق بحسن صحابتي؟ قال: "أمك". قال: ثم من؟ قال: "أمك". قال: ثم من؟ قال: "أمك". قال: ثم من ؟ قال: "أبوك". (مشكوة المصابيح، كتاب الأداب، باب البر والصلة، الفصل الأول، ص: ۴۱۸، قديمي)

"عن علي رضي الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ........... قال: "لاطاعة في معصية الله، إنما الطاعة في المعروف". (الصحيح لمسلم، باب وجوب طاعة الأمراء في غير معصية وتحريمها في معصية: ۲/ ۱۲۵، قديمي)

(۱) "وعن عبدالله بن عمرو رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "رضى الرب في رضى الوالد، وسخط الرب في سخط الوالد". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب البر والصلة، الفصل الثاني، ص: ۴۱۹، قديمي)

"إذا تعذر عليه مراعاة جميع حقوق الوالدين، رجح جانب الأب فيما يرجع إلى التعظيم والاحترام، وحق الأم فيما يرجع إلى الخدمة والإنعام". (فتاوى اللكنوي المسمى: نفع المفتي والسائل، مايتعلق بإطاعة الوالدين، ص: ۴۲۲، دار ابن حزم)

الجواب حامداً ومصلیاً:

کوشش وفہمائش کے باوجود جب اتحاد نہ ہوسکا اور دونوں کو علیحدہ کردیا کہ مزید فتنہ خانہ جنگی نہ ہو تو اچھا کیا، مگر دونوں کے ساتھ معاملہ یکساں کرنا چاہئے (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۵/۹۴ھ۔

## کیا بغیر باپ کی اجازت کے نکاح کرنا نافرمانی ہے؟

سوال[۹۱۲۱]: ایک بالغ لڑکا غیر شادی شدہ ایک لڑکی سے عقد کرنا چاہتا ہے، مگر وہاں پر والد صاحب نے اس لئے شادی کرنے سے انکار کیا کہ کچھ اَن بَن ہوگئی ہے، حالانکہ پہلے وہیں رشتہ کیا تھا، دوسری جگہ جہاں لڑکے کو آٹھ ہزار روپے دینے کا وعدہ کیا گیا تھا بات کرلی، لڑکے نے ان آٹھ ہزار روپیوں کو ٹھکرا کر پہلی جگہ اپنی مرضی سے شادی کرلی، جبکہ والد صاحب سے اصرار وضد کی وجہ سے ناراضگی ہوگئی۔ تو مذکورہ صورت میں لڑکا والد کا نافرمان ہوگا کہ نہیں، اگر نہیں تو کیوں، اور ہوگا تو کیوں؟ تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

آٹھ ہزار روپے لڑکے کے لئے شرط قرار دینا غلط ہے، ناجائز ہے (۲)، ناجائز کام میں والد کی اطاعت نہیں، اگر لڑکے نے اس غلط رویئے سے بچنے کے لئے اپنی شادی خود کرلی تو وہ نافرمان نہیں ہوا:

---

(۱) "عن النعمان بن بشير رضي الله تعالىٰ عنه قال: تصدق عليّ أبي ببعض ماله، فقالت له أمي عمرة بنت رواحة رضي الله تعالىٰ عنها: لا أرضى حتى تشهد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ، فانطلق أبي إلى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ليشهد على صدقتي، فقال له رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "أفعلت بولدك كلهم"؟ قال: لا، قال: "اتقوا الله، واعدلوا في أولادكم". (الصحيح لمسلم، كتاب الهبات، باب كراهة تفضيل بعض الأولاد في الهبة: ۲/۳۷، قديمي)

(۲) "عن هشام بن عروة عن أبيه عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: .......... ثم قام رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في الناس، فحمد الله وأثنىٰ عليه، ثم قال: "مابال رجال يشترطون شروطاً ليست في كتاب الله، ماكان من شرط ليس في كتاب الله، فهو باطل وإن كان مأة شرط". الحديث. (صحيح البخاري، كتاب الشروط، باب الشروط في الولاء: ۱/۳۷۷، قديمي)

"لاطاعة لمخلوق فی معصیة الخالق". الحدیث(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۴/۱۴۰۶ھ۔

## باپ بیٹوں کے حقوق

سوال [۹۱۲۲]: ا......زید کی دوشادیاں ہوئیں: پہلی شادی اس کے دادا نے اپنے صرفہ سے بحالتِ بلوغ کی کہ جس کے چند سال گزرنے کے بعد اس کی بیوی کے مرنے پر زید کی دوسری شادی زید کے صرفہ سے اس طریقہ سے ہوئی کہ زید اپنی آمد اپنے والد کو بھیجتا رہا، بوقتِ شادی زید کے والد نے خدا کی قسم کھا کر اس کی خالہ سے کہا کہ ہمارے ذمہ اس شادی میں کوئی قرضہ نہیں ہے۔ زید کی دوسری شادی میں جتنا صرفہ ہوا وہ سب زید کی نگاہ میں رہا اور وہ سب زید کی موجودگی میں ہوا، پہلی شادی کا تخمینہ بھی زید کے خیال میں ہے۔

ایک مرتبہ زید کے والد نے لکھا کہ شادی کا قرضہ ہے۔ زید نے دریافت کیا کہ کس کا اور کتنا ہے؟ اور آپ نے بوقتِ شادی قرضہ نہ ہونے کی قسم کھائی تھی۔ اس پر جواب نہ آنے پر زید نے کل تخمینہ مصارف شادی کا لکھ کر اپنے والد کی خدمت میں بھیج دیا اور لکھا جو مجھ کو یاد ہے، میں لکھ دیتا ہوں اور اگر اس میں کسی قدر کمی بیشی ہو وہ مجھ کو لکھ دیجئے تاکہ اس کو دے کر مجری کرلیا جائے، لیکن والد کی طرف سے کوئی حساب نہیں آتا، حالانکہ زید کے روبرو جہاں تک صرفہ ہوا تھا وہ سب زید کے والد نے لکھ بھی دیا تھا۔ اس حساب کے نہ آنے پر زید کو اپنے

---

(۱) (فیض القدیر: ۱۲/۲۴۸۶، (رقم الحدیث: ۹۹۰۳) مکتبہ نزار مصطفی الباز، مکة المکرمة)

"فقام عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنه، فلقیه بین الناس قال: تذکر یوم قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "لاطاعة لمخلوق فی معصیة اللہ". ......... فقال عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنه للحکم: سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول: "لاطاعة لأحد فی معصیة اللہ تبارک وتعالیٰ". ......... قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "لاطاعة فی معصیة اللہ تبارک وتعالیٰ". (مسند أحمد، بقیة حدیث الحکم بن عمرو الغفاری رضی اللہ تعالیٰ عنه (رقم الحدیث: ۲۰۱۳۰ - ۲۰۱۳۰): ۶/۵۹، ۲۰، دار إحیاء التراث العربی، بیروت)

"عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنه أن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ......... قال: "لاطاعة فی معصیة اللہ، إنما الطاعة فی المعروف". (الصحیح لمسلم، باب وجوب طاعة الأمراء فی غیر معصیة وتحریمها فی معصیة: ۲/۱۲۵، قدیمی)

حساب کا اور پختہ یقین ہوگیا۔

شادی کے بعد سے زید کی اہلیہ میکے چلی گئی اور کچھ دنوں زید کے ہاں رہی اس حالت میں بھی زید اپنے باپ کے پاس ماہواری خرچ روانہ کرتا رہا، اس ضرورت سے کہ اس کی بیوی کی واپسی پر کسی خاص ضرورت میں کام آجائیں گے۔ اس کے والد کے پاس بوجہ مدرسی وجائیداداتنی آمدنی ہے کہ ان کے اخراجات کو کافی ہو، چنانچہ وہ کہہ بھی چکے ہیں کہ ہم اپنی لائق کر لیتے ہیں، تاہم وہ زید سے بھی کنبے کا خرچ کہہ کر مانگتے ہیں، کبھی شادی کے اخراجات کے نام سے مطالبہ کرتے ہیں اور کوئی حساب مانگنے پر حساب نہیں بتلاتے۔

میرا تخمینہ جو حساب کا ہے اس کے لحاظ سے شادی کے متعلق کوئی رقم بقایا نہیں ہونی چاہیئے، والد اور دوسرے شریکِ شادی اور واقف کار بھی میرے تخمینہ اور حساب کی تائید کرتے ہیں۔ میں نے تخمینہ پیش کر کے عرض کیا کہ میری جانب تو کوئی رقم بقایا نہیں ہونا چاہیے اور اگر بالفرض ہوتو وہ رقم جو میں نے شادی کے بعد علی الحساب بھیجی ہے اس کو کام میں لایئے۔ اس کے متعلق کبھی فرماتے ہیں کڑیاں خرید لی، کبھی فرماتے ہیں گھر کے خرچ کی تمہیں اطلاع نہیں، کبھی کہتے ہیں میرا بھی حق ہے۔

زید کی آمدنی بہت محدود ہے، نیز اس کا بھی خیال ہے کہ مسلمان اخراجات کی زیادتی سے تباہ ہوتے جارہے ہیں۔ زید کے والد اس سے بھی ناراض ہوتے ہیں کہ اپنی اہلیہ کے کپڑے خود بنالیتا ہے۔ پس کیا صورتِ موجودہ میں زید کے ذمہ کوئی امر ضروری ہے؟

۲...... جب کہ والد صاحب خرچ کا حساب نہیں دیتے اور زید کو اپنے اور شریک کے اشارہ کے ذریعہ سے علم ہو چکا کہ اس کے ذمہ کوئی مطالبہ باقی نہیں تو زید کا یہ کہنا کہ ہمارے ذمہ کچھ نہیں، داخلِ گناہ تو نہ ہوگا؟

۳...... کیا زید کے والد کو زید کی بیوی کا حق اپنے لئے لینے کا حق حاصل ہے؟

۴...... کیا زید کے والد کو زید اور اس کی بیوی کے لئے کپڑے نہ بنانے پر مجبور کرنے کا حق ہے؟

۵...... زید کے والد اگر کوئی ایسا کام کریں جس میں زید کی مضرّت یا حق تلفی ہو تو زید ان کی اس طرف توجہ مبذول کراسکتا ہے، نیز والد کے لئے زید کی عدم موجودگی میں ایسا کام جس سے اس کا ضرر یا حق تلفی ہو، کیسا ہے؟

۶...... اگر زید کے والد کے ذمہ واقع میں قرضہ نہ ہو اور وہ توریۃً یا غلط طریقہ سے قرضہ ظاہر کریں اور

کسی سے کہلوادیں کہ ہمارا قرضہ ہے تو کیا یہ جائز ہے؟

۷......اگر زید کے پاس سامانِ زندگی موجود ہو تو شکرِ نعمت فرض ہے یا نہیں؟

۸......زید شادی کا حساب سمجھنے میں حق بجانب ہے یا نہیں؟ اور والد کو حساب بتلانا چاہیئے یا نہیں؟

۹......اگر والد کی آمدنی بدرجۂ کفایت ہو اور زید کوئی خاص طریقہ پر خدمت نہ کرے، بجز اس کے کہ جو شئے وہ طلب کریں بھیج دے تو اس کو گناہ تو نہ ہوگا؟

۱۰......زید حتیٰ الامکان والدین کی اطاعت وادب کو ملحوظ رکھتا ہے، لیکن والد ناراض رہتے ہیں، بددعاء دیتے ہیں۔ کیا ناحق بددعاء قبول ہوجاتی ہے؟ والدین کو ناحق اولاد پر غصہ کرنا شریعت کی تعلیم کے موافق کیسا ہے؟ اولاد اور دیگر مسلمانوں کے ساتھ کونسا طرزِ عمل مشروع ہے؟

۱۱......جب کہ زید اس کے لیے تیار ہے کہ آپس کے معاملات روبرو بلاشرکتِ غیرے طے ہوجائیں، پھر زید کے والد کا ایسے اشخاص کو خانگی معاملات میں ڈالنا جن سے ہواخیزی اور بدنامی کا اندیشہ ہو، شرعاً کیسا ہے؟ اور کیا زید کو والد کا یہ امر قابلِ قبول ہے؟

۱۲......زید کے والد کو کوئی اہم کام زید سے مشورہ سے کرنا جائز ہے یا نہیں، جب کہ زید عند الناس متقبول ہے؟

شمس الاسلام از دہلی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

والد کے بہت حقوق ہیں، اللہ تعالیٰ نے قرآن میں بہت جگہ اپنی عبادت کے ساتھ والد پر احسان کی تاکید فرمائی ہے، احادیث میں والد کے حقوق کی رعایت اور راضی رکھنے کی سخت تاکید آئی ہے(۱)، اس لئے جہاں تک ہوسکے والد کو راضی رکھنا چاہیئے، جب تک کسی معصیت کا امر نہ ہو تو والد کا کہنا ماننا حتیٰ الامکان

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿وقضی ربک ألاتعبدوا إلا إیاہ وبالوالدین إحساناً﴾ (بنی إسرائیل: ۲۳)

وقال اللہ تعالیٰ: ﴿ووصینا الإنسان بوالدیہ حسناً﴾ (سورۃ العنکبوت: ۸)

وقال اللہ تعالیٰ: ﴿أن اشکرلی ولوالدیک﴾ (سورۃ لقمان: ۱۴)

وقال اللہ تعالیٰ: ﴿وصاحبھما فی الدنیا معروفاً﴾ (سورۃ لقمان: ۱۵)

ضروری ہے(۱)۔

۲...... اگر والد کے ذمہ قرض نہ ہو بلکہ والد کو خود ضرورت ہو تب بھی اولاد کو ضرور والد کی خدمت کرنی چاہیئے اگر چہ خود کسی قدر تنگی کرنی پڑے، اگر اپنے پاس ہی موجود نہ ہو تو مجبوری ہے(۲)۔

۳...... جو حق بیوی کا زید کے ذمہ واجب ہے وہ والد کو لینا جائز نہیں(۳)۔

۴...... اگر زید اپنے لئے یا اپنی بیوی کیلئے ضرورت سے زائد کپڑے بنائے تو والد کو حق حاصل ہے کہ منع کر دے اور زید کو ماننا ضروری ہے(۴)، البتہ ضرورت کے موافق کپڑے کہ بغیر ان کے گزر نہ ہوسکتا ہے بنانے

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿وإن جاهداک لتشرک بی مالیس لک به علم فلا تطعهما﴾ (سورة العنکوت: ۸)

(۲) "عن جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه أن رجلاً قال: یارسول الله! إن لی مالاً وولداً، وإن أبی یرید أن یجتاح مالی، فقال: "أنت ومالک لأبیک". (سنن ابن ماجة، کتاب التجارات، باب ماللرجل من مال ولده، ص: ۱۶۵، قدیمی)

"یعنی: أولادکم من أجل أکسابکم وأفضلها، فما کسبت أولادکم، فإنه حلال لکم ......... فی الحدیث دلیلٌ علی وجوب نفقة الوالد علی ولده". (مرقاة المفاتیح، کتاب النکاح، باب النفقات وحق المملوک، الفصل الثانی: ۶/۵۲۱، ۵۲۲، رشیدیه)

(وکذا فی بدائع الصنائع، کتاب النفقة، فصل فی نفقة الأقارب: ۵/۱۶۷-۱۷۱، دارالکتب العلمیة بیروت)

(۳) "وعن أبی حرة الرقاشی عن عمه رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "ألا! لاتظلموا ألا! لایحل مال امرئ إلا بطیب نفس منه". (مشکوة المصابیح، کتاب البیوع، باب الغصب والعاریه، الفصل الثانی، ۲۵۵، قدیمی)

"فتجب للزوجة علی زوجها؛ لأنها جزاء الاحتباس، وکل محبوس لمنفعة غیره یلزمه نفقته". (الدرالمختار، کتاب الطلاق، باب النفقة: ۳/۵۷۲، سعید)

(۴) "وعن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من أصبح مطیعاً لله فی والدیه، أصبح له بابان مفتوحان من الجنة، وإن کان واحداً فواحداً. ومن أصبح عاصیاً لله فی والدیه، أصبح له بابان مفتوحان من النار، إن کان واحداً فواحداً". قال رجل: وإن ظلماه؟ قال: "وإن ظلماه، وإن ظلماه، وإن ظلماه". (مشکوة المصابیح، کتاب الآداب، باب البر والصلة: الفصل الثالث: ۴۲۱، قدیمی)

سے منع کرنے کا حق والد کو حاصل نہیں (۱)۔

۵...... والد کو یہ ہرگز جائز نہیں کہ زید کو ضرر پہنچانے کی نیت سے کوئی حکم کریں (۲)۔ البتہ اگر ضرر پہنچانے کی نیت تو نہیں مگر کسی شرعی کام یا ذاتی کام سے زید کو معمولی ضرر پہنچتا ہو، زید کو اس پر صبر کرنا چاہیئے (۳)۔

۶...... جھوٹ بولنا، دھوکا دینا جائز نہیں (۴)، مگر جب والد زید سے کچھ مانگے اور زید کے پاس گنجائش

---

(۱) "(وتفرض لها الكسوة في كل نصف حول مرةً) لتجدّد الحاجة حراً وبرداً". (الدرالمختار، كتاب الطلاق، باب النفقة: ۵۸۰/۳، سعيد)

(۲) "عن أبي بكر الصديق رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ملعون من ضارّ مؤمناً أومكربه". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب ماينهى عنه من التهاجر، الفصل الثاني، ص: ۴۲۸، قديمي)

(۳) "وعن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من أصبح مطيعاً لله في والديه، أصبح له بابان مفتوحان من الجنة، وإن كان واحداً فواحداً. ومن أصبح عاصياً لله في والديه، أصبح له بابان مفتوحان من النار، إن كان واحداً فواحداً". قال رجل: وإن ظلماه؟ قال: "وإن ظلماه، وإن ظلماه، وإن ظلماه". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب البر والصلة: الفصل الثالث: ۴۲۱، قديمي)

(۴) "عن عبدالله بن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: " عليكم بالصدق فإن الصدق يهدى إلى البر، وإن البر يهدى إلى الجنة، ومايزال الرجل يصدق ويتحرى الصدق حتى يكتب عند الله صديقاً. وإياكم والكذب، فإن الكذب يهدى إلى الفجور، وإن الفجور يهدى إلى النار، مايزال الرجل يكذب حتى يكتب عندالله كذاباً". (مشكوٰة المصابيح، كتاب الآداب، باب حفظ اللسان، الفصل الأول، ص: ۴۱۲، قديمي)

"عن سفيان بن أسد الحضرمي رضي الله تعالىٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "كبرت خيانةً أن تحدث أخاك حديثاً هولك به مصدق وأنت به كاذب". (مشكوة المصابيح، المصدر المتقدم، ص: ۴۱۳ قديمي)

ہوتو ضرور دینا چاہیئے (۱)، اس کا موقعہ نہ آنے دے کہ والد دھوکا دے کر زید سے کچھ وصول کرے کہ یہ والد اور زید دونوں کیلئے شرم کی بات ہے۔

۷......شکرِ نعمت ہر شخص پر فرض ہے (۲)۔

۸......حساب صاف رکھنا چاہیئے، مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ اگر زید کے یا والد کے ذمہ کوئی قرض نہ ہو تو والد کی خدمت نہ کرے بلکہ حتی الوسع خدمت ضروری ہے۔

۹......جس قدر زید میں طاقت ہو والد کی خدمت کرتا رہے، اگر باوجود قدرت کے خدمت نہیں کرے گا تو حقوق کی ادائیگی میں قصور رہے گا۔

۱۰......والدین کبھی بلا وجہ اولاد کے لیے بددعاء نہیں کرتے، جب تنگ آکر پریشان ہو جاتے ہیں تب مجبور ہو کر بددعاء کرتے ہیں اور اگر بلا وجہ بددعاء کریں تو اس کی قبول ہونے کی توقع نہیں (۳)۔ تاہم اولاد کو چاہیئے کہ والدین کی کسی غصہ کی بات کا جواب نہ دے، سب کچھ خاموش سن لے، اس کی سعادت اسی میں ہے، اگر کوئی بات والدین بالکل ناحق کہیں تب بھی صبر کرے (۴) اور والدین کے لئے دعائے خیر کرے (۵)، البتہ

(۱) "وعن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده رضى الله تعالىٰ عنه أن رجلاً أتى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال: إن لى مالاً وإن والدى يحتاج إلى مالى، قال: "أنت ومالك لوالدك، إن أولادكم من أطيب كسبكم، كلوا من كسب أولادكم". (مشكوة المصابيح، كتاب النكاح، باب النفقات، الفصل الثانى، ص: ۲۹۱، قديمى)

(۲) قال الله تعالى: ﴿فاذكرونى أذكركم، واشكروا لى ولاتكفرون﴾ (سورة البقرة: ۱۵۲)

(۳) قال الله تعالى: ﴿ولويعجل الله للناس الشر استعجالهم بالخير لقضى إليهم أجلهم﴾ (سورة يونس: ۱۱)

قال العلامة الآلوسى: "وعن مجاهد أنه قال: هو قول الإنسان لولده وماله إذا غضب: اللهم لاتبارك فيه، اللهم العنه". (روح المعانى: ۱۱/۷۸، دارإحياء التراث العربى بيروت)

(وكذا فى تفسير الطبرى: ۱۱/۶۵، دارالمعرفة، بيروت)

(۴) قال الله تعالى: ﴿ولاتقل لهما أف﴾ (سورة بنى إسرائيل: ۲۳)

(۵) "إذا رأى منكراً من والديه يأمرهما مرةً، فإن قبلا فبها، وإن كرها سكت عنهما، واشتغل بالدعاء والاستغفار، فإن الله تعالى يكفيه ماأهمه من أمرهما". (ردالمحتار، كتاب الحدود، باب التعزير، مطلب فى تعزير المتهم: ۴/۷۸، سعيد)

معصیت کے کاموں میں اس کا ساتھ نہ دے(۱)۔ جب اولاد اس طرح نرمی اور صبر اور احسان وخدمت کرے گی تو انشاء اللہ والدین کی طبیعت میں نرمی آئے گی۔ اور سب کے ساتھ حسنِ سلوک سے ملنا چاہیئے اور حسنِ خلق کہتے ہیں کہ مخلوق کے ساتھ ایسا معاملہ کرے کہ جس سے خالق اور مخلوق دونوں راضی رہیں۔

۱۱...... معاملات کو آپس میں سلجھانا بہتر ہے (۲)، لیکن والدین اس سے متأثر نہ ہوں کہ انتہائی درجہ کی شفقت میں کمی نہ کریں (۳)۔ جھوٹی باتیں مشہور کرنا اور بدنام کرنا جائز نہیں، زید کے والد کو چاہیے کہ اس سے اجتناب کرے (۴)۔

---

(۱) "عن علي رضي الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم .......... قال: "لاطاعة في معصية الله، إنما الطاعة في المعروف". (الصحيح لمسلم، باب وجوب طاعة الأمراء: ۱۲۵/۲، قديمی)

(۲) "عن أبي الدرداء رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ألا أخبركم بأفضل من درجة الصيام والصدقة والصلوة"؟ قال: قلنا: بلى، قال: "إصلاح ذات البين، وفساد ذات البين هي الحالقة". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب ماينهى عنه من التهاجر، الفصل الثاني، ص: ۴۲۸، قديمی)

(۳) "عن جرير بن عبدالله رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لايرحم الله من لايرحم الناس".

"وعن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: جاء أعرابي إلى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: فقال: أتقبلون الصبيان، فما نقبلهم، فقال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "أوَ أملك لك أن نزع الله من قلبك الرحمة". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب الشفقة والرحمة على الخلق، الفصل الأول، ص: ۴۲۱، قديمی)

(۴) "وعن حذيفة رضي الله تعالىٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "لايدخل الجنة قتات". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب حفظ اللسان والغيبة والشتم، الفصل الأول، ص: ۴۱۱، قديمی)

"عن ابن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ليس المؤمن بالطعان ولاباللعان ولاالفاحش ولاالبذيّ". (مشكوة المصابيح، كتاب ال داب، باب حفظ اللسان والغيبة والشتم، الفصل الثاني، ص: ۴۱۳، قديمی) .................................. =

۱۲...... مشورہ کرلینا بہتر ہے (۱)، لیکن اگر اپنے کام میں والد مشورہ نہ کرے تو زید کو اس پر ناراض ہوجانا جائز نہیں (۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/۱۱/۵۳ھ۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/ ذوالعقدہ/۵۳ھ۔

## والد کی حالت خلافِ شرع ہو تو کیا کیا جائے؟

سوال [۹۱۲۳]: میرے والد صاحب کی حرکتیں بیجا ہیں، انھوں نے اپنی بہو سے زنا کے لئے کہا، وہ شراب بھی پیتے ہیں۔ مجھے ان کے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہیئے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کوشش کیجئے کہ وہ کسی صاحبِ نسبت بزرگ کی خدمت میں جایا کریں، موقع ملے تو ان کو ایسی تبلیغی جماعت کے ساتھ روانہ کردیجئے جو صحیح طریقہ پر کام کرنے والی ہو جو اصول کی بھی پابندی کرے اور ان کے لیے اللہ پاک سے ہمیشہ دعائے خیر کرتے رہا کریں۔ اگر وہ پڑھنا جانتے ہوں تو حضرت اقدس اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ یا کسی دوسرے بزرگ کی کتابیں ان کو دیجئے کہ وہ ان کا مطالعہ کیا کریں، اگر وہ نہ پڑھیں تو خود کسی دوسرے سے ان کو کتابیں سنوائیں۔ اللہ پاک اصلاح فرمائے (۳)۔ آمین۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۴/۸۹ھ۔

---

= "عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ماأحب أني حكيت أحداً، وأن لي كذا وكذا". (مشكوة المصابيح، المصدر السابق، ص: ۴۱۴، قديمي)

(۱) قال الله تعالى: ﴿وشاورهم في الأمر﴾ (سورة آل عمران: ۱۵۹)

وقال الله تعالىٰ: ﴿وأمرهم شورى بينهم﴾ (سورة الشورى: ۳۸)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ولاتقل لهما أف، ولاتنهرهما﴾ (سورة بني اسرائيل: ۲۳)

(۳) قال الله تعالى: ﴿ولا تقل لهما أف، ولاتنهر هما﴾ (سورة بني إسرائيل: ۲۳)

ایسی صورت میں والدین کے لئے دعائیں کرنی چاہیئے:

وقال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "في فصول العلامي: إذا رأى منكراً من والديه يأمرهما مرةً، فإن قبلا فبها، وإن كرها سكت عنهما واشتغل بالدعاء والا ستغفار لهما، فإن الله تعالى =

## باپ سے تنخواہ چھپانے کا حیلہ

سوال[۹۱۲۴]: ایک لڑکا کہتا ہے کہ جب اس کو تنخواہ ملتی ہے تو اس کے والد اس کے پاس سے مانگ لیتے ہیں اور لڑکا شرم وعزت کی خاطر تمام پیسہ دے دیتا ہے، اس کے بعد اس کے والد اس کو صرف کرایہ اور خرچ کے واسطے پیسہ دے دیتا ہے، مگر اس کو وہ ناکافی ہوتا ہے تو لڑکا اپنے والد کو کم تنخواہ بتا کر کم دیتا ہے۔ تو کیا اس طرح لڑکے کو کرنا جائز ہے یا نہیں اور کیا یہ شریعت کے نزدیک چوری ہوئی یا نہیں؟ مگر ایک بات یاد رہے کہ لڑکا بالغ ہے۔

الجواب حامداً ومصلياً:

جب تنخواہ ملے تو اپنی ضرورت کے موافق اس میں سے کسی دوسرے کے پاس رکھ دے اور کہہ دے کہ میرے پاس اتنا ہی پیسہ ہے، یا کسی دوست سے قرض لے کر ضرورت پوری کرلیا کرے اور تنخواہ ملتے ہی پہلے اس کا قرض ادا کردے، اس طرح گنجائش ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## قرض لے کر بچے کی پرورش کی گئی تو ادائیگی کس پر لازم ہے؟

سوال[۹۱۲۵]: زید نے ہندہ کو طلاق دیدی ہے، ہندہ اپنے بال بچوں کے لئے غیر مسلموں سے سودی قرض لیتی رہتی تھی، زید اور ہندہ دونوں ہی گھر چلاتے تھے۔ اب بعد طلاق ہندہ پر جو قرض باقی رہ گیا ہے، ظاہر ہے کہ یہ قرض بچوں وغیرہ کے لیے تھا۔ تو اس قرض کی ادائیگی ہندہ پر واجب ہے یا زید پر واجب ہے، کیونکہ

---

= يكفيه ما أهمه من أمرهما". (ردالمحتار، كتاب الحدود، باب التعزير، مطلب في تعزير المتهم: ۷۸/۴، سعيد)

"فإن الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر فيه مَنفعةُ مَن أمره ونهاه عن المنكر، والأب والأم أحق بأن ينفع لهما .......... لكن ينبغي أن لا يعنف على الوالدين، فإن قبلا فبها، وإلا سكت واشتغل بالاستغفار لهما". (نفع المفتي والسائل، مايتعلق بإطاعة الوالدين، ص: ۴۲۳، دار ابن حزم)

(۱) "التورية أن يظهر خلاف ما أضمر في قلبه .......... و أن يراد الإتيان بلفظٍ يحتمل معنيين، اهـ".

(ردالمحتار، كتاب الإكراه: ۱۳۴/۶، سعيد)

زید کے بچوں کے لئے ہی ہوتا تھا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ضابطہ میں اس قرض کی ادائیگی ہندہ پر واجب ہے، کیونکہ اس نے قرض لیا ہے، زید نے نہیں لیا، اگر زید نے ہندہ سے کہہ دیا تھا کہ قرض لے کر میرے بچوں کی پرورش کرنا، میں ادا کردوں گا تو زید اس قرض کا ذمہ دار ہے، وہ ادا کرے اگرچہ تقاضائے دیانت یہ ہے کہ زید اس قرض کو ادا کرے، کیونکہ بچوں کا نفقہ زید پر ہی لازم ہے، مگر قرض خواہوں کو زید سے مطالبہ کا حق نہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۳/۳/۱۵ھ۔

## حقوق العباد میں کوتاہی کا علاج جبکہ اصحابِ حقوق معلوم نہ ہوں

سوال[۹۱۲۶]: بلوغ کے بعد اگر حقوق العباد میں غلطی ہوئی ہو اور یاد نہ ہو، اور اگر یاد ہو مگر وہ معاملہ جس میں غلطی ہوئی ہو صحیح طریقہ پر یاد نہ ہو کہ کس سے ہوا تھا، کس طرح ہوا تھا؟ مثلاً کسی کو کوئی تکلیف پہونچائی تھی، یا کسی سے کوئی چیز خریدی تھی، مگر یہ یاد نہیں ہے کہ کیا چیز خریدی تھی اور کتنے کی، یا کتنی خریدی تھی؟ اور یہ بھی یاد نہیں ہے کہ کس سے خریدی تھی؟ اور یہ یاد ہے کہ خریدی تھی، یا وہ شخص جس سے معاملہ ہوا تھا مر گیا ہو، اسی طریقہ سے تکلیف پہونچانے کا معاملہ بھی ہو۔ تو ان سب صورتوں میں کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

تین مرتبہ ﴿قل ھو اللہ﴾ پڑھ کر دعاء کرلیا کریں کہ یا اللہ! جس جس کو مجھ سے تکلیف پہونچی ہے اور جس کا کوئی حق میرے ذمہ رہ گیا ہو اس کا ثواب اس کو پہونچا دے۔ اگر صاحبِ حق موجود ہو اور یاد بھی ہو تو اس

---

(۱) "ولكن فائدته أن يرجع الغريم على الزوج، وبدون الأمر ليس له الرجوع عليه، وإنما يرجع رب الدين على المرأة .......... ظاهره أنه ليس لرب الدين الأخذ من الزوج بدون الحوالة". (البحر الرائق، كتاب الطلاق، باب النفقات: ۴/۳۱۳، ۳۱۴، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الطلاق، باب النفقات: مطلب في الأمر بالاستدانة على الزوج: ۳/۵۹۱-۵۹۳، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الطلاق، باب النفقة: ۲/۱۸۳، ۱۸۴، غفارية)

سے معافی تلافی کر کے صفائی کر لی جائے، یا کوئی مال حق ہو، ادا کر دیا جائے۔ صاحبِ حق معلوم نہ ہو تو اتنی مقدار اس کی طرف سے خیرات کر دی جائے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۲۰/ ۷/ ۹۴ھ۔

## باپ کے مال کا استعمال بلا اجازت

سوال[۹۱۲۷]: باپ کے مال سے بغیر باپ کی اجازت کے اور بغیر رضامندی کے بالغ لڑکوں کو باپ کا مال استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

باپ کو ناگوار گزرے تو اجازت نہیں (۲)۔

☆......☆......☆......☆......☆

(۱) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من كانت له مظلمة لأخيه من عرضه أوشئي، فليتحلله منه اليوم قبل أن لايكون دينارولادرهم، إن كان له عمل صالح أخذمنه بقدر مظلمته". الحديث. (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب الظلم، الفصل الأول، ص: ۴۳۵، قديمى)

"(عليه ديون ومظالم جهل أربابهاوأيس) من عليه ذلک (من معرفتهم، فعليه التصدق بقدرها من ماله". (الدرالمختار، كتاب اللقطة، مطلب فيمن عليه ديون ومظالم جهل أربابها: ۴/۲۸۳، سعيد)

(وكذا في رد المحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۶/۱۱۴، سعيد)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿فلا تقل لهما أف﴾ (سورة الإسراء: ۲۳)

قال العلامة الآلوسي رحمه الله: "والنهي عن ذلک يدل على المنع في سائر أنواع الإيذاء".

(روح المعاني، (سورة الإسراء: ۲۳): ۱۵/۵۵، دارإحياء التراث العربي بيروت)

(وكذا في تفسير ابن كثير: ۳/۳۴، سهيل اكيڈمی لاهور)

# باب السلام والقیام والمصافحة

## الفصل الأول فی السلام وإجابته

(سلام اوراس کے جواب کا بیان)

### آنے والے کو بیٹھنے والے کا سلام کرنا

سوال[۹۱۲۸]: "قال النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم: "یسلم الراکب علی الماشی، والماشی علی القاعد، والقلیل علی الکثیر"(۱)۔

اگر کوئی آنے والا سلام نہ کرے اور بیٹھنے والا آنے والے کو سلام کرے، یا پیٹھ پیچھے کسی کو سلام کرے، تو مستحقِ ثواب ہوگا یا مستحق عذاب؟ بینوا و توجروا۔

عبدالسلام، ایواڑی، ضلع گوڑگاؤں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس صورت میں بھی مستحق ثواب ہوگا، گو افضل طریقہ وہ ہے جو حدیث شریف میں مذکور ہے:

"قال ابن بطال عن المهلب: تسليم الصغير لأجل حق الكبير؛ لأنه أمر بتوقيره والتواضع له، وتسليم القليل لأجل حق الكثير؛ لأنّ حقه أعظم، وتسليم المارّ لشبهه بالداخل على أهل المنزل، وتسليم الراكب لئلا يتكبر بركوبه، فيرجع إلى التواضع. وقال ابن العربي: حاصل ما في الحديث أن المفضول بنوع ما يبدأ الفاضل، اهـ". بذل المجهود: ۵/۳۲۲(۲)۔

(ترجمہ) "ابن بطال نے مہلب سے نقل کیا ہے کہ چھوٹے کا سلام کرنا

(۱) (مشکوۃ المصابیح: ۲/۳۸۷، کتاب الأدب، باب السلام، الفصل الأول، قدیمی)

(۲) (بذل المجهود: ۵/۳۲۲، کتاب الأدب، أولی بالسلام، ناشر معهد الخلیل الإسلامی)

بڑے کے حق کی وجہ سے ہے، اس لئے کہ اس کو اس کی توقیر اور اس کے لئے تواضع کرنے کا حکم کیا گیا ہے۔ اور قلیل کا سلام کرنا کثیر کے حق کی وجہ سے ہے، اس لئے کہ اس کا حق عظیم ہے۔ اور گزرنے والے کا سلام کرنا اس بنا پر ہے کہ وہ اپنے گھر میں داخل ہونے والے کے مشابہ ہے۔ اور سوار کا سلام کرنا اس لئے ہے تاکہ وہ اپنے سوار ہونے سے مغرور نہ ہو، بلکہ اس میں تواضع پیدا ہو جائے۔ ابن عربی نے بیان کیا ہے کہ حدیث کا حاصل یہ ہے کہ جو شخص کس درجہ میں مفضول (کم درجہ) ہے، وہ فاضل (زیادہ درجہ والا) کو سلام میں ابتدا کرے"۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/ شعبان/ ۶۶ھ۔
الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، یکم/ رمضان/ ۶۶ھ۔

## طریقِ سلام اور اس کا جواب

سوال [۹۱۲۳]: ایک شخص کہتا ہے "السلام علیکم" دوسرا شخص جواب میں کہتا ہے "وعلیکم السلام ورحمة الله و برکاته و مغفرته"۔ کیا یہ جواب درست ہے، اس کا کہیں سے ثبوت ملتا ہے یا نہیں؟

**الجواب حامداً و مصلیاً:**

افضل یہ ہے کہ سلام کرنے والا اس طرح سلام کرے: "السلام علیکم ورحمة الله و برکاته" اور جواب دینے والا "وعلیکم السلام ورحمة الله و برکاته" کہے(۱)، اس سے زیادہ کوئی لفظ بڑھانا جیسے

---

(۱) "عن عمران بن حصين رضي الله تعالىٰ عنه أن رجلاً جاء إلى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقال: السلام عليكم، فردّ عليه، ثم جلس فقال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "عشر". ثم جاء آخر فقال: السلام عليكم و رحمة الله، فردّ عليه، فجلس، فقال: "عشرون". ثم جاء آخر فقال: السلام عليكم ورحمة الله وبركاته، فرد عليه فجلس، فقال: "ثلثون". رواه الترمذي وأبو داؤد". (مشكوة المصابيح: ۳۹۸/۲، كتاب الأدب، باب السلام، الفصل الثاني، قديمي)

(سنن أبي داؤد: ۷۰۶/۲، باب: كيف السلام، دار الحديث ملتان) ............ =

"ومغفرته" مناسب نہیں اگرچہ بعض روایات میں لفظ "ومغفرته" سلام کے ساتھ وارد ہوا ہے، جیسا کہ مشکوۃ شریف، ص: ۳۹۸، میں ہے (۱)، مگر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے کہ سلام کی انتہا

= "قيل: "البركات" عبارة عن الثبات، و لذا لا يزاد عليه لا في السلام و لا في الجواب". (مرقاة المفاتيح: ٤٢٧/٨، كتاب الأدب، باب السلام، الفصل الثاني، رشيديه)

وقال العلامة النووي رحمه الله تعالىٰ: "والأفضل أن يقول: السلام عليكم، ليتناوله وملكيه، وأكمل منه أن يزيد ورحمة الله، وأيضاً وبركاته ............ اهـ. وأما صفة الرد، فالأفضل والأكمل أن يقول: وعليكم السلام و رحمة الله و بركاته". (شرح النووي على الصحيح لمسلم: ٢١٢/٢، كتاب السلام، باب: يسلم الراكب على الماشي، قديمي)

وقال العلامة القرطبي: "الثالثة: قوله تعالىٰ: ﴿فحيّوا بأحسن منها أو ردوها﴾ رد الأحسن أن يزيد فيقول: عليك السلام ورحمة الله، لمن قال: سلام عليك، فإن قال: سلام عليك و رحمة الله، زدت في ردك: وبركاته، وهذا هو النهاية، فلا مزيد. قال الله تعالىٰ مخبراً عن البيت الكريم: ﴿رحمة الله وبركاته﴾". (الجامع لأحكام القرآن للقرطبي، (سورة النساء: ٨٦): ٢٠٧/٥، دار الكتب العلمية بيروت)

"روى النسائي عن عمران بن حصين رضي الله تعالىٰ عنه قال: كنا عند النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فجاء رجل، فسلم، فقال: السلام عليكم، فرد عليه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وقال: "عشر" ثم جلس، ثم جاء اخر، فسلم، فقال: السلام عليكم ورحمة الله، فرد عليه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقال: "عشرون". ثم جلس، وجاء اخر، فقال: السلام عليكم ورحمة الله وبركاته، فرد عليه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، وقال: "ثلاثون". (الجامع لأحكام القرآن للقرطبي، (سورة النساء: ٨٦): ٢١٠/٥، دار الكتب العلمية بيروت)

(١) (مشكوة المصابيح: ٣٩٨/٢، باب السلام، الفصل الثاني، قديمي)

(وأبو داؤد: ٧٠٦/٢، باب كيف السلام، دار الحديث، بيرون بوهڑ گيٹ ملتان)

(وموطأ الإمام محمد، ص: ٣٨٥، باب رد السلام، مير محمد كتب خانه كراچی)

"وظاهره أن الزيادة على "وبركاته" خلاف السنة، كما يفيده ظاهر قول ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما، ويوافقه ما في مؤطأ يحي: مالك عن يحي ابن سعيد أن رجلاً سلّم على ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما، فقال: السلام عليكم و رحمة الله و بركاته والغاديات والرائحات، فقال ابن عمر رضي الله =

"وبرکاته" ہے:

"والأفضل للمسلم أن يقول: السلام عليكم و رحمة الله و بركاته، والمجيب كذلك يرد، ولا ينبغي أن يزاد على "بركاته" شيء. قال ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما: لكل شيء منتهي ومنتهي السلام: "وبركاته" كذا في المحيط، اهـ". الهندية: ٥/٣٤٥(١)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ٢٠/ جمادی الاولی/ ٦٠ھ۔

---

= تعالىٰ عنهما: وعليك ألفاً ثم. كأنه كره ذلك.

ويطابقه ما أخرجه البيهقي على ما ذكره في الدر المنثور عن عروة ابن الزبير أن رجلاً سلم عليه، فقال: السلام عليكم و رحمة الله و بركاته، فقال عروة: ما ترك لنا فضلاً، إن السلام انتهى إلى البركة. لكن قد ورد في بعض الأخبار المرفوعة تجويز الزيادة، فعند أبي داؤد: جاء رجل إلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقال: السلام عليكم، فرد عليه، فجلس، فقال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "عشرة". ثم جاءه آخر فقال: السلام عليكم ورحمة الله، فرد عليه فجلس، فقال: "عشرون". ثم جاء آخر فقال: السلام عليكم ورحمة الله وبركاته، فرد عليه، فقال: "ثلثون". ثم أتى آخر فقال: السلام عليكم ورحمة الله و بركاته ومغفرته، فقال: "أربعون". وقال: "هكذا تكون الفضائل". و في كتاب عمل اليوم والليلة لابن السني: قال النووي في الأذكار: إسناده ضعيف.

عن أنس رضي الله تعالىٰ عنه كان رجل يمرّ بالنبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يرعى دوابّ أصحابه، فيقول: السلام عليك يارسول الله، فيقول رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "وعليك السلام و رحمة الله و بركاته و مغفرته و رضوانه". فقيل: يا رسول الله! تسلّم على هذا سلاماً ما تسلّمه على أحد من أصحابك؟ قال: "وما يمنعني من ذلك". وهو ينصرف بأجر بضعة رجلاً، فالأولى القول بتجويز ذلك أحياناً، و الاكتفاء على بركاته أكثر". (التعليق الممجد على هامش موطأ الإمام محمد، ص: ٣٨٥، مير محمد كتب خانه)

(١) (الفتاوىٰ العالمكيرية: ٥/٣٢٥، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام)

## آنے والے کے ذمہ سلام ہے

سوال[۹۱۲۴]: کسی شخص کے یہاں کچھ آدمی مزدوری کرتے ہوں جیسا کہ کھیت کاٹنا، اور وہ اپنے کام میں مشغول ہے، ایک شخص پیچھے سے آکر کھڑا ہو گیا اور یہ مزدور جو کہ کام کرنے والے تھے وہ مختلف برادری کے تھے اور نماز وغیرہ کے بالکل پابند نہیں تھے، ان میں سے ایک آدمی نے پیچھے ہو کر اس شخص کو سلام کیا جو پیچھے کھڑے ہو گئے تھے، انہوں نے سلام کا جواب آہستہ آواز سے دیا، جس آدمی نے سلام کیا تھا اس کو اس کے ساتھیوں نے نصیحت کی کہ تم کو سلام نہ کرنا چاہئے تھا۔ تو آپ سے یہ عرض ہے کہ سلام کرنے والوں کو کیا ثواب ملے گا اور کتنا عذاب منع کرنے والوں کو ملے گا؟

الجواب حامداً ومصلياً:

جو شخص کسی کے پاس جائے اس کو چاہئے کہ سلام کرے(۱) اور جس کے پاس جائے وہ سلام کا جواب دے(۲)، لیکن اس نے سلام نہیں کیا، وہ خاموش ہو کر کھڑا ہو گیا اور جس کے پاس گیا تھا اس نے سلام کر لیا اور اس کی بڑائی کا لحاظ کر لیا تب بھی گناہ نہیں، بلکہ اس کو بہت ثواب ملے گا، اس پر اعتراض کرنا اور سلام سے روکنا غلط ہے۔ جو شخص سلام کی ابتدا کرے اس کی فضیلت آئی ہے(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیو بند، ۲۲/۱/۸۸ھ۔

---

(۱) "ويسلم الماشي على القاعد، ويسلم الذي يأتيك من خلفك، كذا في المحيط". (الفتاویٰ العالمكيرية: ۳۲۵/۵، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار: ۴۱۲/۲، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

(۲) سلام کا جواب دینا واجب اور مسلمان کا حق ہے:

"عن البراء بن عازب رضي الله تعالىٰ عنه قال: أمرنا النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بسبع، ونهانا عن سبع: أمرنا باتباع الجنائز، وعيادة المريض، وإجابة الداعي، ونصر المظلوم، وإبرار القسم، ورد السلام". الحديث. (صحيح البخاري، كتاب الجنائز، باب الأمر باتباع الجنائز: ۱۶۶/۱، قديمي)

(وصحيح البخاري، كتاب الاستيذان، باب بدء السلام، بابٌ: ۹۲۰/۲، قديمي)

(۳) "عن أبي أمامة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إن أولى الناس بالله من بدأ بالسلام". رواه أحمد والترمذي وأبو داؤد". (مشكوة المصابيح: ۳۹۸/۲، كتاب الأدب، =

## "السلام علیکم" میں اضافہ

سوال[۹۱۲۵] : ۱......زید بکر کی ملاقات کے وقت "السلام علیکم ورحمة الله و بر کاته" کہتا ہے۔اور بکر اس کے جواب میں "ورحمة الله و بركاته و مغفرته" کہتا ہے۔بکر کا یہ کہنا جائز ہے یا نہیں؟ مع حوالہ کتب تحریر کیجئے۔

۲......اگر زید "ورحمة الله و بركاته و مغفرته" کہتا ہے اور بکر اس کے جواب میں "وعليكم السلام ورحمة الله" صرف کہہ کر یہ بھی کہتا ہے کہ سلام کا جواب دینے والا "و مغفرته" نہیں کہے گا۔لہذا ایسی صورت میں سب جائز ہے یا ناجائز اور سوال کا جواب دینے والا صحیح راستے پر ہے یا نہیں؟

۳......یہ بھی تحریر کریں "و مغفرته" سلام کے اندر............کہنا بدعت ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً:

روایات میں "و مغفرته" بھی آیا ہے اور بعض میں اس سے زائد بھی، سلام میں اور جواب میں بھی۔ اور بعض میں "و برکاته" کو سلام کی انتہا بتایا گیا ہے اور اس پر اضافہ کو منع کیا گیا ہے، اسی لئے علماء نے لکھا ہے کہ سلام اس طرح کرنا مستحب ہے: "السلام عليكم ورحمة الله و بركاته" اور جواب میں بھی اسی طرح مستحب ہے یعنی "وعليكم السلام ورحمة الله وبركاته". اس پر اضافہ ومغفرتہ سلام کا کرنے والا کرے اور نہ جواب دینے والا کرے:

"عن عمران بن حصين رضى الله تعالىٰ عنه أن رجلاً جاء إلى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقال: السلام عليكم، فردّ عليه، ثم جلس فقال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "عشر". ثم جاء آخر فقال: السلام عليكم و رحمة الله، فردّ عليه، فجلس، فقال: "عشرون". ثم جاء آخر فقال: السلام عليكم و رحمة الله وبركاته، فرد عليه فجلس، فقال: "ثلثون". رواه

---

= باب السلام، الفصل الثانی، قدیمی)

"عن عبدالله عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "البادئ بالسلام بريٌ من الكبر". رواه البيهقى فى شعب الإيمان". (مشكوة المصابيح، كتاب الأدب، باب السلام، ص: ۴۰۰، قديمى)

الترمذی وأبو داؤد"(١)۔

"وعن معاذ بن أنس رضی اللّٰه تعالیٰ عنه، عن النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم بمعناه، وزاد: "ثم أتى آخر، فقال: السلام عليكم و رحمة اللّٰه و بركاته ومغفرته، فقال: "أربعون". وقال: "هكذا تكون الفضائل". رواه أبوداود(٢)۔

---

(١) (مشكوة المصابيح: ٣٩٨/٢، كتاب الأدب، باب السلام، الفصل الثانی، قدیمی)

(وسنن أبی داؤد: ٣٠٦/٢، باب: كيف السلام، دارالحديث، ملتان)

"قيل: "البركات" عبارة عن الثبات، و لذا لا يزاد عليه لا فی السلام و لا فی الجواب". (مرقاة المفاتيح: ٤٢٧/٨، كتاب الأدب، باب السلام، الفصل الثانی، رشيديه)

وقال العلامة النووی رحمه الله تعالیٰ: "والأفضل أن يقول: السلام عليكم، ليتناوله وملكيه، وأكمل منه أن يزيد "ورحمة الله" وأيضاً "وبركاته" .......... اهـ. وأما صفة الرد، فالأفضل والأكمل أن يقول: وعليكم السلام و رحمة الله و بركاته". (شرح النووی علی الصحيح لمسلم: ٢١٢/٢، كتاب السلام، باب: يسلم الراكب علی الماشی، قديمی)

وقال العلامة القرطبی: "الثالثة: قوله تعالیٰ: ﴿فحيّوا بأحسن منها أو ردوها﴾ رد الأحسن أن يزيد فيقول: عليك السلام ورحمة الله، لمن قال: سلام عليك، فإن قال: سلام عليك و رحمة الله، زدت فی ردك: وبركاته، وهذا هو النهاية، فلا مزيد. قال الله تعالیٰ مخبراً عن البيت الكريم: ﴿رحمة الله وبركاته﴾". (الجامع لأحكام القرآن للقرطبی، (سورة النساء: ٨٦): ٢٠٧/٥، دارالكتب العلمية بيروت)

"روى النسائی عن عمران بن حصين رضی الله تعالیٰ عنه قال: كنا عند النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم، فجاء رجل، فسلم، فقال: السلام عليكم، فرد عليه رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم وقال: "عشر". ثم جلس، ثم جاء آخر، فسلم، فقال: السلام عليكم ورحمة الله، فرد عليه رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم، فقال: "عشرون". ثم جلس، وجاء آخر، فقال: السلام عليكم ورحمة الله وبركاته، فرد عليه رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم، وقال: "ثلاثون". (الجامع لأحكام القرآن للقرطبی، (سورة النساء: ٨٦): ٢١٠/٥، دارالكتب العلمية بيروت)

(٢) (مشكوة المصابيح: ٣٩٨/٢، باب السلام، الفصل الثانی، قديمی) .......................... =

"عن محمد بن عمرو بن عطاء قال: كنت جالساً عند عبد الله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما، فدخل عليه رجل يمانىّ فقال: السلام عليكم و رحمة الله و بركاته، ثم زاد شيئاً مع ذلك أيضاً. قال ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما مَن هذا؟ -وهو يومئذ قد ذهب بصره- قالوا: هذا اليمانى الذى يغشاك فعرّفوه إياه حتى عرفه، قال ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما: إن السلام انتهى إلى "البركة". قال محمد: وبهذا نأخذ، إذا قال: السلام عليكم ورحمة الله وبركاته، فليكفف، فإن اتباع السنة أفضل". مؤطا إمام محمد(۱)- وبسط

---

= (وأبو داؤد: ۲/۲۰۶، باب كيف السلام دار الحديث، بيرون بوهڑ گیٹ ملتان)

(۱) (موطأ الإمام محمد، ص: ۳۸۵، باب رد السلام، میر محمد کتب خانه کراچی)

"وظاهره أن الزيادة على "وبركاته" خلاف السنة، كما يفيده ظاهر قول ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما، ويوافقه ما فى مؤطأ يحى: مالك عن يحى ابن سعيد أن رجلاً سلّم على ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما، فقال: السلام عليكم و رحمة الله و بركاته والغاديات والرائحات، فقال ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما: وعليك الفا ثم كأنه كره ذلك.

ويطابقه ما أخرجه البيهقى على ما ذكره فى الدر المنثور عن عروة ابن الزبير أن رجلاً سلم عليه، فقال: السلام عليكم و رحمة الله و بركاته، فقال عروة: ما ترك لنا فضلاً، إن السلام انتهى إلى البركة. لكن قد ورد فى بعض الأخبار المرفوعة تجويز الزيادة، فعند أبى داؤد: جاء رجل إلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقال: السلام عليكم، فرد عليه، فجلس، فقال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "عشرة". ثم جاءه آخر فقال: السلام عليكم ورحمة الله، فرد عليه فجلس، فقال: "عشرون". ثم جاء آخر فقال: السلام عليكم ورحمة الله وبركاته، فرد عليه، فقال: "ثلثون". ثم أتى آخر فقال: السلام عليكم ورحمة الله و بركاته ومغفرته، فقال: "أربعون". وقال: "هكذا تكون الفضائل". و فى كتاب عمل اليوم والليلة لابن السنى: قال النووى فى الأذكار: إسناده ضعيف.

عن أنس رضى الله تعالىٰ عنه كان رجل يمرّ بالنبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يرعى دوابّ أصحابه، فيقول: السلام عليك يارسول الله، فيقول رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "وعليك السلام و رحمة الله و بركاته و مغفرته و رضوانه". فقيل: يا رسول الله! تسلّم على هذا سلاماً ما تسلّمه على أحد من أصحابك؟ قال: "وما يمنعنى من ذلك". وهو ينصرف بأجر بضعة رجلاً. فالأولى القول =

الحافظ فی الفتح: ۱۱/۵(۱)۔

---

= بتجویز ذلک أحیاناً، و الاکتفاء علی برکاته أکثر". (التعلیق الممجد علی هامش موطأ الإمام محمد، ص: ۳۸۵، میر محمد کتب خانه)

(۱) قال الحافظ ابن حجر رحمه الله تعالیٰ: "قوله: "فقالوا السلام علیک و رحمة الله". کذا للأکثر فی البخاری هنا، و کذا للجمیع فی بدء الخلق، ولأحمد ومسلم من هذا الوجه من روایة عبد الرزاق، ووقع هنا للکشمیهنی، فقالوا: وعلیک السلام و رحمة الله، وعلیها شرح الخطابی، واستدل بروایة الأکثر لمن یقول: یجزئ فی الرد أن یقع باللفظ الذی یبتدأ به، کما تقدم. قیل: ویکفی أیضاً الرد بلفظ الإفراد".

(قوله: فزادوه: ورحمة الله) فیه مشروعیة الزیادة فی الرد علی الابتداء، و هو مستحب بالاتفاق، لوقوع التحیة فی ذلک فی قوله تعالیٰ: ﴿فحیوا بأحسن منها أو ردّوها﴾، فلو زاد المبتدئ "ورحمة الله" استحب أن یزاد "وبرکاته" فلو زاد "وبرکاته" فهل تشرع الزیادة فی الرد؟ و کذا لو زاد المبتدئ علی وبرکاته، هل یشرع له ذلک؟ أخرج مالک فی المؤطأ عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: انتهی السلام إلی البرکة.

وأخرج البیهقی فی الشعب من طریق عبد الله بن بابیه قال: جاء رجل إلی ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما فقال: السلام علیکم و رحمة الله و برکاته و مغفرته، فقال: حسبک إلی "وبرکاته". انتهی إلی وبرکاته. ومن طریق زهرة بن معبد قال: قال عمر رضی الله تعالیٰ عنه: انتهی السلام إلی وبرکاته. ورجاله ثقات. وجاء عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما الجواز، فأخرج مالک أیضاً فی المؤطأ عنه، أنه زاد فی الجواب: "والغادیات والرائحات".

وأخرج البخاری فی الأدب المفرد، من طریق عمرو بن شعیب عن سالم مولی ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: وکان ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما یزید إذا رد السلام، فأتیته مرةً فقلت: السلام علیکم، فقال: السلام علیکم ورحمة الله. ثم أتیته فزدت و برکاته، فرد وزاد: وطیب صلواته. ومن طریق زید بن ثابت رضی الله تعالیٰ عنه أنّه کتب إلی معاویة رضی الله تعالیٰ عنه: السلام علیکم –یا أمیر المؤمنین!– و رحمة الله و برکاته و مغفرته و طیب صلوته.

ونقل ابن دقیق العید عن أبی الولید بن رشد أنه یؤخذ من قوله تعالیٰ: ﴿فحیوا بأحسن منها﴾ الجواز فی الزیادة علی البرکة إذا انتهی إلیها المبتدئ. أخرج أبوداؤد والترمذی والنسائی بسند قوی =

"والأفضل: السلام عليكم و رحمة الله و بركاته، والمجيب كذلك يرد، ولايزيد على هذا". فتاوى عالمگيرى: ٥/ ٣٣٠(١)۔ "ولا يزيد الرادُّ على "وبركاته". درمختار: ٥/٣٦٥(٢)۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

---

= عن عمران بن حصين رضى الله تعالىٰ عنه قال: جاء رجل إلى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال: السلام عليكم، فرد عليه، وقال: "عشر". ثم جاء آخر فقال: السلام عليكم و رحمة الله، فرد عليه، وقال: "عشرون". ثم جاء آخر فزاد: "وبركاته" فرد وقال: "ثلاثون". وأخرجه البخارى فى الأدب المفرد من حديث أبى هريرة، وصححه ابن حبان وقال: "ثلاثون حسنةً". وكذا فيما قبلها صرح بالمعدود. وعند أبى نعيم فى عمل اليوم والليلة من حديث علىّ رضى الله تعالىٰ عنه أنه هو الذى وقع له مع النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ذلك. وأخرج الطبرانى من حديث سهيل بن حنيف بسند ضعيف رفعه: "من قال: السلام عليكم، كتب له عشر حسنات. ومن زاد: ورحمة الله، كتبت له عشرون حسنةً. ومن زاد: وبركاته، كتبت له ثلاثون حسنةً".

وأخرج أبو داود من حديث سهل بن معاذة بن أنس الجهنى عن أبيه بسند ضعيف نحو حديث عمران، وزاد فى آخره: ثم جاء آخر فزاد: ومغفرته، فقال: "أربعون". وقال: "هكذا تكون الفضائل". وأخرج ابن السنى فى كتابه بسندٍ واهٍ من حديث أنس رضى الله تعالىٰ عنه قال: كان رجل يمر فيقول: السلام عليك يارسول الله! فيقول له: "وعليك السلام ورحمة الله وبركاته ومغفرته ورضوانه". وأخرج البيهقي في الشعب بسند ضعيف أيضاً من حديث زيد بن أرقم رضى الله تعالىٰ عنه: كنا إذا سلم علينا النبي صلي الله تعالىٰ عليه وسلم، قلنا: وعليك السلام و رحمة الله و بركاته ومغفرته".

وهذه الأحاديث الضعيفة إذا انضمّت قَوِى ما اجتمعت عليه من مشروعية الزيادة على "وبركاته". واتفق العلماء على أن الردّ واجب على الكفاية". (فتح البارى: ١١/٦، كتاب الاستيذان، باب بدء السلام، دارالمعرفة بيروت)

(١) العبارة بتمامها: "والأفضل للمسلم أن يقول: السلام عليكم و رحمة الله وبركاته، والمجيب كذلک يردّ. ولا ينبغى أن يزاد على البركات شىء. قال ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما: لكل شىء =

= منتهى و منتهى السلام البركات، كذا في المحيط". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ٣٢٥/٥، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام و تشميت العاطس، رشيديه)

(۲) العبارة بأسرها: "ولا يزيد الرادُّ على "وبركاته". (الدرالمختار). قال العلامة الشامي رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: ولا يزيد الرادُّ على وبركاته) قال في التاتارخانية: والأفضل للمسلّم أن يقول: السلام عليكم و رحمة الله وبركاته، والمجيب كذلك يرد، ولا ينبغي أن يزاد على البركات شئ، اهـ". (ردالمحتار: ۴۱۴/۶، كتاب الحظر و الإباحة، فصل في البيع، سعيد)

(و كذا في الفتاوى الكاملية، ص: ۲۷۳، كتاب الحظر والإباحة، مكتبه حقانيه پشاور)

**ترجمۂ عربی عبارات**

''حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا، السلام علیکم کہا، حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جواب مرحمت فرمایا۔ وہ شخص بیٹھ گیا، حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''دس نیکیاں''۔ پھر دوسرا شخص آیا، اس نے السلام علیکم ورحمة الله کہا، حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جواب مرحمت فرمایا۔ وہ شخص بیٹھ گیا، ارشاد فرمایا: ''بیس نیکیاں''۔ پھر ایک اَور شخص آیا اس نے السلام علیکم ورحمة الله وبركاته کہا حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جواب مرحمت فرمایا وہ بیٹھ گیا۔ ارشاد فرمایا: ''تیس نیکیاں''۔ امام ترمذی اور امام ابوداود نے اس کو روایت کیا ہے۔

حضرت معاذ بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسی معنی میں روایت کی ہے، اس میں اتنی زیادتی اَور ہے: پھر ایک شخص آیا، اس نے "السلام عليكم و رحمة الله وبركاته و مغفرته" کہا، آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''چالیس نیکیاں''۔ اور ارشاد فرمایا: ''اسی طرح فضیلتیں (ثواب میں زیادتی) ہونگی''۔ امام ابو داود نے اس کو روایت کیا ہے۔

محمد بن عمرو بن عطاء فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا، ایک یمنی شخص حاضر ہوا اور السلام عليكم ورحمة الله و بركاته کہا اس کے ساتھ کچھ =

## سلام کرنے کے لئے پاؤں پر ہاتھ پھیرنا

سوال[۹۱۲۶]: ہمارے یہاں سلام کا رواج اس طرح ہے کہ چھوٹے بیٹھ کر اپنے بڑوں کے قدم پر ہاتھ پھیرتے ہیں، آنکھوں سے لگاتے ہیں۔ آیا اس قسم کا سلام عندالشرع جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

سلام کا یہ طریقہ خلافِ سنت وخلافِ اسلام ہے، ہریجنوں کا طریقہ ہے، اس کو ترک کرنا لازم ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

## سلام کے لئے ہاتھ سے اشارہ

سوال[۹۱۲۷]: بوقتِ سلام دست برداشتن چه حکم دارد؟

---

= اور بھی زیادہ کہا، ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: یہ کون شخص ہے۔ اس وقت حضرت کی بینائی جا چکی تھی۔ لوگوں نے جواب دیا: یہ آنے والا یمنی شخص ہے اور اس کا تعارف کرایا، یہاں تک کہ اس کو پہچان لیا۔ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا سلام وبرکت (وبرکاتہ) پر ختم ہوجاتا ہے"۔

امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اسی کو ہم اختیار کرتے ہیں، جب کسی نے السلام علیکم ورحمة الله وبركاته کہا تو اس پر رُک جائے، اس لئے کہ اتباعِ سنت افضل ہے۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ نے فتح الباری میں اس پر تفصیلی کلام کیا ہے۔

اور افضل السلام عليكم ورحمة الله وبركاته ہے اور مجیب بھی اسی طرح جواب دے "وبركاته" پر زیادتی نہ کرے، فتاویٰ عالمگیری۔ اور کوئی "وبركاته" پر زیادتی نہ کرے، درمختار".

(۱) اس سے سجدے کی کیفیت پیدا ہوتی ہے جو جائز نہیں ہے:

"وفي القهستاني: الإيماء في السلام إلى قريب الركوع كالسجود. وفي العمادية: ويكره الانحناء؛ لأنه يشبه فعل المجوس". (مجمع الأنهر: ۵۴۲/۲، كتاب الكراهية، فصل في أحكام النظر واللمس، دار إحياء التراث العربي بيروت)

الجواب حامداًومصلیاً:

بوقتِ ضرورت برائے سلام یا جواب دست برداشتن روا ست، مثلاً: کسے را از دور سلام کند یا جواب دهد و آواز نتوان رسانید، یا کسے که را سلام کند یا جواب دهد و آن آواز نمی شنود، پس دریں صورت چوں بزبان سلام کند یا جواب دهد بدست نیز اشاره کند. وبے ضرورت چنیں نمودن چنانکه طریقۂ ابنائے زمانه است، مکروه است. وبر اشارۂ دست اکتفاء نمودن در سلام یا جواب و بزبان نگفتن مکروه است (۱). فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ۔

---

(۱) "وعن عمرو بن شعیب عن أبیه عن جده رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "لیس منا من تشبه بغیرنا، ولا تشبهوا بالیهود و لا بالنصاری، فإن تسلیم الیهود الإشارة بالأصابع، وتسلیم النصاری الإشارة بالأکف". رواه الترمذی، وقال: إسناده ضعیف".

قال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: "وعن عمرو بن شعیب عن أبیه عن جده رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "لیس منا": أی من أهل طریقتنا و مراعی متابعتنا "من تشبه بغیرنا": أی من غیر أهل ملّتنا "لا تشبهوا" –بحذف إحدی التائین–: أی لا تتشبهوا بالیهود "ولا بالنصاری" زِیدَ "لا" لزیادة التأکید. "فإن تسلیم الیهود الإشارة بالأصابع، وتسلیم النصاری الإشارة بالأکفّ" –بفتح فضم جمعُ کفٍ– والمعنی: لاتشبهوا بهم جمیعاً فی جمیع أفعالهم خصوصاً فی هاتین الخصلتین، ولعلهم کانوا یکتفون فی السلام أو ردّه أو فیهما بالإشارتین من غیر نطق بلفظ السلام الذی هو سنة آدم وذریته من الأنبیاء والأولیاء.

کأنه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کوشِفَ له أن بعض أمته یفعلون ذلک، أو مثل ذلک من الانحناء أو مطأطأة الرأس، أو الاکتفا بلفظ السلام فقط. ولقد رأیت فی المسجد الحرام واحداً من المتصوفة الداخلة فی سلک السالکین المرتاضین المتوکلین الزاهدین فی الدنیا المکتفی بإزار ورداء صائم الدهر لازم الاعتکاف، لیس شیء عنده من أسباب الدنیا، وهو علی ذلک أکثر من أربعین سنةً، ثم اختار السکوت المطلق فی آخر العمر بحیث یکتفی فی رد السلام بإشارة الرأس، مع أنه ما کان خالیاً عن نوع معرفة ودوام تلاوة وحسن خلق و سخاوة نفس، إلا أنه کان ما یری أنه یطوف. والله أعلم =

الحافظ فی الفتح: ۱۱/۵(۱)۔

---

= بتجويز ذلك أحياناً، و الاكتفاء على بركاته أكثر". (التعليق الممجد على هامش موطأ الإمام محمد، ص: ۳۸۵، میر محمد کتب خانه)

(۱) قال الحافظ ابن حجر رحمه الله تعالىٰ: "قوله: "فقالوا السلام عليك و رحمة الله". كذا للأكثر في البخاري هنا، و كذا للجميع في بدء الخلق، ولأحمد ومسلم من هذا الوجه من رواية عبد الرزاق، ووقع هنا للكشميهني، فقالوا: وعليك السلام و رحمة الله، وعليها شرح الخطابي، واستدل برواية الأكثر لمن يقول: يجزئ في الرد أن يقع باللفظ الذي يبتدأ به، كما تقدم. قيل: ويكفي أيضاً الرد بلفظ الإفراد".

(قوله: فزادوه: ورحمة الله) فيه مشروعية الزيادة في الرد على الابتداء، و هو مستحب بالاتفاق، لوقوع التحية في ذلك في قوله تعالىٰ: ﴿فحيوا بأحسن منها أو ردّوها﴾، فلو زاد المبتدئ "ورحمة الله" استحب أن يزاد "وبركاته" فلو زاد "وبركاته" فهل تشرع الزيادة في الرد؟ و كذا لو زاد المبتدئ على وبركاته، هل يشرع له ذلك؟ أخرج مالك في المؤطأ عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما قال: انتهى السلام إلى البركة.

وأخرج البيهقي في الشعب من طريق عبد الله بن بابيه قال: جاء رجل إلى ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما فقال: السلام عليكم و رحمة الله و بركاته و مغفرته، فقال: حسبك إلى "وبركاته". انتهى إلى وبركاته. ومن طريق زهرة بن معبد قال: قال عمر رضي الله تعالىٰ عنه: انتهى السلام إلى وبركاته. ورجاله ثقات. وجاء عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما الجواز، فأخرج مالك أيضاً في المؤطأ عنه، أنه زاد في الجواب: "والغاديات والرائحات".

وأخرج البخاري في الأدب المفرد، من طريق عمرو بن شعيب عن سالم مولى ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: وكان ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما يزيد إذا رد السلام، فأتيته مرةً فقلت: السلام عليكم، فقال: السلام عليكم ورحمة الله. ثم أتيته فزدت و بركاته، فرد وزاد: وطيب صلواته. ومن طريق زيد بن ثابت رضي الله تعالىٰ عنه أنّه كتب إلى معاوية رضي الله تعالىٰ عنه: السلام عليكم -يا أمير المؤمنين!- و رحمة الله و بركاته و مغفرته و طيب صلوته.

ونقل ابن دقيق العيد عن أبي الوليد بن رشد أنه يؤخذ من قوله تعالىٰ: ﴿فحيوا بأحسن منها﴾ الجواز في الزيادة على البركة إذا انتهى إليها المبتدئ. أخرج أبوداؤد والترمذي والنسائي بسند قوي =

## سلام میں ہاتھ کا اشارہ

سوال[۹۱۲۸]: کسی کو "السلام علیکم" کہتے ہوئے ہاتھ اٹھانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سلام کے ساتھ ہاتھ اٹھانے کی بھی گنجائش ہے اگر چہ ضرورت نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ۔

## بحالتِ اذان سلام کا حکم

سوال[۹۱۲۹]: اذان ہوتے وقت اگر کوئی سلام کرے تو جوابِ سلام دینا چاہیے یا نہیں، ایسے وقت سلام کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اذان کے وقت سلام کا جواب دینا واجب نہیں، کیونکہ جوابِ اذان ذکر ہے اور ذکر و دعاء و تسبیح وغیرہ کی حالت میں اگر سلام کیا جائے تو اس کا جواب واجب نہیں ہوتا:

"وفي شرح الشرعة: صرح الفقهاء بعدم وجوب الردّ في بعض المواضع: القاضي إذا سلم عليه الخصمان، والأستاذ الفقيه إذا سلم عليه تلميذه أو غيره أوَانَ الدرس، وسلام السائل والمشتغل بقرأة القرآن، والدعاء حال شغله، والجالسين في المسجد لتسبيح أو قرأة أو ذكر حال التذكير"(۲)۔

---

(۱)(تقدم تخريجه تحت عنوان: "سلام میں ہاتھ کا اشارہ")

(۲)(ردالمحتار: ۱/۶۱۸، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة، ومايكره فيها، مطلب: المواضع التي لا يجب فيها رد السلام، سعيد)

"ويكره السلام عند قرأة القرآن جهراً، وكذا عند مذاكرة العلم، وعند الأذان والإقامة. والصحيح أنه لا يردّ في هذه المواضع أيضاً، كذا في الغياثية.......... حكى عن الشيخ الإمام الجليل أبي بكر محمد بن الفضل البخاري أنه كان يقول فيمن جلس للذكر أيّ ذكر كان، فدخل عليه داخل وسلم عليه: وسعه أن لا يردّ، كذا في المحيط". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/۳۲۵، ۳۲۶، كتاب الكراهية، =

لیکن جوابِ اذان سے فارغ ہوکر سلام کا جواب دینا مناسب ہے، کما حققه الشیخ ابن عابدین فی ردالمحتار، ص: ٦٤٥(١)۔

اور جو شخص جوابِ اذان میں مشغول ہو، اس کو سلام کرنا مکروہ ہے(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱٦/ ربیع الأول/ ۵۵ھ۔

## نماز پڑھنے اور وضو کرنے والوں کو سلام کرنا

سوال[۹۱۳۰]: ۱...... مسجد میں وضو سے پہلے یا بعد میں کچھ آدمی سنتیں نفلیں پڑھ رہے ہوں اور کوئی مسجد میں داخل ہو، یا اپنی نماز پڑھ کر مسجد سے باہر آئے، ایسی حالت میں اس کو سلام بلند آواز سے کرنا جائز ہے یا نہیں؟

---

= الباب السابع في السلام، رشیدیه)

(وكذا في الفتاوى البزازية على هامش الفتاوى العالمكيرية: ۳۵۴/٦، كتاب الكراهية، نوع في السلام، رشيديه)

(وكذا في النهر الفائق: ۲/ ۲۷۱، باب ما يفسد الصلاة، إمداديه ملتان)

(وكذا في البحر الرائق: ۲/ ۱٦، باب ما يفسد الصلاة، رشيديه)

(وكذا في تبيين الحقائق: ۱/ ۳۹۵، باب ما يفسد الصلاة، دار الكتب العلمية بيروت)

(۱) "فإنه يمكن أن يجيب، ثم يرد السلام". (ردالمحتار: ۱/ ۳۹۹، كتاب الصلوة، باب الأذان، مطلب في تكرار كراهة الجماعة، سعيد)

"إذا لم يرد السلام في الحال، هل يرد بعد الفراغ من الخطبة؟ على قول محمد رحمه الله تعالىٰ يرد". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/ ۳۲٦، الباب السابع في السلام، رشيديه)

(۲) "لعله إنما يجب رد السلام وإن قلنا: إنه لا ينال الإجابة، أو قلنا بعدم وجوبها؛ لأن السلام عليه في هذه الحالة غير مشروع كالسلام على القارئ والمؤذن، فلذا لم يجب رده، كما قدمناه". (ردالمحتار: ۱/ ۴۰۰، كتاب الصلوة، باب الأذان، مطلب في كراهة تكرار الجماعة في المسجد، سعيد)

۲...... وضو خانہ مسجد سے ملحق ہے، کچھ آدمی وضو کر رہے ہیں، سوایسی حالت میں نو وارد وضو کرنے والوں کو سلام کرسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلياً:

۱...... نماز پڑھنے والوں کو اگر سلام کرے تو ناجائز ہے(۱)، اسی طرح جو شخص دعاء، تسبیح، ذکر وغیرہ میں مشغول ہے اسے سلام کرنا بھی منع ہے(۲)۔ ہاں! کوئی شخص فارغ ہو تو اس کو سلام کرنا درست ہے، مسجد میں بھی اور باہر بھی۔

۲...... وضو کرنے والے کو سلام کرنا درست ہے جب کہ وہ دعاء نہ پڑھ رہا ہو(۳) ورنہ

---

(۱) (سيأتي تخريجه تحت عنوان ''نمازی کوسلام''۔)

(۲) قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ:

''سلامک مكروه على من ستسمع ومن بعد ماأبدى يسن ويشرع

مصل وتال ذاكر ومحدث خطيب ومن يصغى إليهم ويسمع

قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: ''(قوله: ذاكر) فسره بعضهم بالواعظ؛ لأنه يذكر الله تعالىٰ، ويذكر الناس به، والظاهر أنه أعم، فيكره السلام على مشتغل بذكر الله تعالىٰ بأي وجه كان، رحمتي''. (الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، مطلب المواضع التي يكره فيها السلام: ۱/۶۱۶، سعيد)

(۳) وضو کے دوران بعض غیر منقول دعائیں فقہائے کرام نے ذکر کی ہیں، لیکن دورانِ وضوء بعض دعائیں منقول بھی ہیں:

''عن عقبة بن عامر رضي الله تعالىٰ عنه، قال: كنا مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وعلى آله وسلم خدام ........... فأدركت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يخطب الناس، فسمعته يقول: ''مامنكم من أحد يتوضأ، فيحسن الوضوء، ثم يقوم، فيركع ركعتين يقبل عليهما بقلبه ووجهه إلا فقد أوجب''. فقلت: بخ بخ ما أجود هذه! فقال رجل بين يدي التي قبلها: ياعقبة أجود منها، فنظرت، فإذا هو عمر بن الخطاب رضي الله تعالىٰ عنه، قلت: ماهي ياأبا حفص!؟ قال: إنه قال انفاً قبل أن تجيئي: ''مامنكم من أحد يتوضأ، فيحسن الوضوء، ثم يقول حين يفرغ من وضوءه: أشهد أن لا إله إلا الله وحده لاشريك له وأشهد أن محمداً عبده ورسوله، إلا فتحت له أبواب الجنة الثمانية يدخل من أيها شاء''. (سنن أبي داؤد، كتاب الطهارة، باب مايقول الرجل إذا توضاء: ۱/۲۵، مكتبه إمداديه ملتان)

''وعن عمر بن الخطاب رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم:

مکروہ ہے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/۳/۵۵ھ۔

جواب صحیح ہے: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۱۸/ ربیع الاول/ ۵۵ھ۔

## نمازی کو سلام

سوال [۱۳۱۹]: اگر کوئی شخص نماز میں ہو اور آنے والا اسے سلام کرے تو اس کو زبان یا اشارہ سے جواب دینا ضروری ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب کوئی شخص نماز میں مشغول ہو اس کو سلام نہ کیا جائے کہ یہ مکروہ ہے (۲)، اگر کسی نے ناواقفیت سے

---

= "من توضأ فأحسن الوضوء، ثم قال: أشهد أن لا إله إلا الله وحده لاشريك له، وأشهد أن محمداً عبده ورسوله، اللهم اجعلني من التوابين واجعلني من المتطهرين، فتحت له ثمانية أبواب من الجنة من أيها شاء". (الجامع الترمذي، كتاب الطهارة، باب مايقال بعد الوضوء: ١/١٨، سعيد)

"وعن البراء بن عازب رضي الله تعالىٰ عنه، عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "مامن عبد يقول حين يتوضأ: بسم الله، ثم يقول بكل عضو: أشهد أن لا إله إلا الله وحده لاشريك له وأشهد أن محمداً عبده ورسوله، ثم يقول حين يفرغ: اللهم اجعلني من التوابين واجعلني من المتطهرين، إلا فتحت له ثمانية أبواب الجنة يدخل من أيها شاء ......... الخ". (ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب في مباحث الاستعانة في الوضوء بالغير: ١/١٢٧، سعيد)

(١) قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ:

"سلامك مكروه على من ستسمع ومن بعد ماأبدى يسن ويشرع
مصل وتال ذاكر ومحدث خطيب ومن يصغي إليهم ويسمع

قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: ذاكر) فسره بعضهم بالواعظ؛ لأنه يذكر الله تعالىٰ، ويذكر الناس به، والظاهر أنه أعم، فيكره السلام على مشتغل بذكر الله تعالىٰ بأي وجه كان، رحمتي". (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، مطلب المواضع التي يكره فيها السلام: ١/٦١٢، سعيد)

(٢) قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: ......................................................... =

سلام کرلیا تو وہ جواب نہ دے، نہ زبان سے نہ اشارہ سے(۱)، شامی میں اس کی تصریح موجود ہے(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۵/۶/۹۱ھ۔

= "سلامک مکروه على من ستسمع و من بعد ما أبدى يسن و يشرع
مصل و تال ذاكر و محدث خطيب و من يصغى إليهم و يسمع".

قال ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: سلامک مكروه) ظاهره التحريم، وسيجيء التصريح بالإثم في بعضها. (قوله: ومن بعد ما أبدى، الخ) فعل مضارع رباعي : أى أظهر، والمعنى: وغير الذى أذكره هنا يسن، و لا يناقضه قوله والزيادة تنفع؛ لأنه من كلام صاحب النهر، كما ستعرفه، فافهم". (ردالمحتار: ١/٦١٢، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، مطلب: المواضع التي يكره فيها السلام، سعيد)

(١) "عن عبد الله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: كنا نسلّم على النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وهو فى الصلاة قبل أن نأتى أرض الحبشة، فيرد علينا، فلما رجعنا من أرض الحبشة، أتيته فوجدته يصلى، فسلمت عليه، فلم يردّ علىّ حتى إذا قضى صلوته، قال: "إن الله يحدث من أمره ما يشاء، وإن مما أحدث أن لا تتكلموا فى الصلاة". فرد علىّ السلام، وقال: "إنما الصلاة لقرأة القرآن و ذكر الله، فإذا كنت فيها فليكن ذلک شانک". رواه أبو داؤد". (مشكوة المصابيح، ص: ٩١، كتاب الصلوة، باب ما لا يجوز من العمل فى الصلاة ومالا يباح، الفصل الثانى، قديمى)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب السابع فى السلام وتشميت العاطس: ٥/٣٢٦، رشيديه)

(وكذا فى البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، نوع فى السلام: ٦/٣٥٤، رشيديه)

(٢) قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "و ردالسلام -ولو سهواً- بلسانه لا بيده، بل يكره على المعتمد". (الدرالمختار). قال الشامي رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: لا بيده): أى لا يفسدها رد السلام بيده، خلافاً لمن عزا إلى أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ أنه مفسد، فإنه لم يُعرف نقله من أحد من أهل المذهب، وإنما يذكرون عدم الفساد بلا حكاية خلاف، بل صريح كلام الطحاوى أنه قول أئمتنا الثلاثة، وكأن هذا القائل فهم من قولهم: (ولا يرد بالإشارة) أنه مفسد، كذا فى الحلية لابن أمير حاج =

## مسجد میں داخل ہوتے وقت سلام کرنا

سوال[۲ ۱۳ ۹]: مسجد میں داخل ہوتے وقت سلام کرنا چاہئے یا نہیں، جب کہ کچھ لوگ نماز پڑھتے ہوتے ہیں، کچھ وظائف میں، کچھ خاموش بیٹھے ہوتے ہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ایسی حالت میں ان کوسلام کرنا مستحب نہیں (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودعفااللہ عنہ،دارالعلوم دیوبند۔

---

= الحلبي. واستدرک في البحر علی قوله: (فإنه لم يعرف، الخ) بأن نقله صاحب المجمع وهو من أهل المذهب المتأخرين.

ومع هذا فالحق أن الفساد ليس بثابت في المذهب، وإنما استنبطه بعض المشايخ مما في الظهيرية و غيرها من أنه لو صافح بنية التسليم فسدت، فقال: فعلى هذا تفسد أيضاً إذا ردّ بالإشارة. ويدل لعدم الفساد أنه عليه السلام فعله، كما رواه أبوداؤد، وصححه الترمذی. وصرح فی المنية بأنه مکروه: أی تنزيهاً، وفعله عليه السلام لتعليم الجواز، فلا يوصف فعله بالکراهة، كما حققه في الحلية، اهـ". (ردالمحتار: ۱/۶۱۲، كتاب الصلوة، مطلب: الفرق بين السهو والنسيان، سعيد)

وقال الرافعي رحمه الله تعالیٰ: "(قوله: كما حققه في الحلية) لكن قال الزيلعي: ولا يرد بالإشارة؛ لأنه عليه السلام لم يرد بها على ابن مسعود ولا جابر رضي الله تعالیٰ عنهما. وما روی من قول صهيب: "سلمت علی النبي صلی الله تعالیٰ عليه وسلم وهو يصلي فرد بالإشارة" يحتمل أنه كان نهياً عن السلام، أوكان حالة التشهد وهو يشير، فظنه رداً، اهـ".

وقال المقدسي بعد ذكر حاصل ما في شرح المنية: أقول: ما ذكره الشارح يرد هذا؛ لأن الرد مشترک يراد به عدم القبول، و لعله المراد من فعله عليه السلام، فكأنه يرد عليهم سلامهم ويعلمهم أنه في الصلاة، ويراد به المكافأة، وليس بمراد. وبهذا التوفيق يستغنى عن التطويل والتعسف وجعله مكروهاً تنزيهاً لوقوعه من النبي صلی الله تعالیٰ عليه وسلم". (تقريرات الرافعي على ردالمحتار: ۱/۸۱، باب ما يفسد الصلاة ومايكره فيها، سعيد)

(۱) (سيأتي تخريجه تحت عنوان "نمازیوں، ذاکرین، منتظرین نماز اور خاموش لوگوں کو آتے وقت سلام کرنا"، فليراجع، ص: رقم الحاشية: ۱)

## خالی مسجد میں سلام کرنے کا حکم

سوال[۹۱۳۳] : ۱......اگر مسجد میں کوئی نہ ہوتو اس صورت میں مسجد میں داخل ہوتے ہوئے یا نکلتے ہوئے سلام کرنا کیسا ہے؟

## نمازیوں، ذاکرین، منتظرینِ نماز اور خاموش لوگوں کو آتے وقت سلام کرنا

سوال[۹۱۳۴] : ۲......بسااوقات ایسا ہوتا ہے کہ مسجد کے کل حاضرین نماز میں مشغول ہیں اور آنے والا سلام کرتا ہے، یا کچھ لوگ نماز میں کچھ وضو میں اور کچھ نماز کے انتظار میں، اس صورت میں داخل ہونے والا سلام کرتا ہے۔ایسا کرنا کیسا ہے؟

۳......یہی صورت نکلنے کے وقت ہوتی ہے کہ جانے والا سلام کر کے چلا جاتا ہے، حالانکہ لوگ اپنی سنتوں میں مشغول ہوتے ہیں۔

**نوٹ**: مذکورہ بالا صورتوں میں سلام کرنے والا اس قدر بلند آواز سے سلام کرتا ہے کہ حاضرین میں سے ہر شخص بہ آسانی سن لیتا ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱......یہ طریقہ ٹھیک ہے، اس طرح کہنا چاہیئے "السلام علینا وعلی عباد اللّٰہ الصالحین" مگر یہ داخل ہوتے وقت تو ثابت ہے(۱) نکلتے وقت کسی کتاب میں نہیں دیکھا۔

---

(۱) "ولو دخل و لم یر أحداً، یقول: "السلام علینا و علی عباد الله الصالحین". (الدر المختار).

قال الشامی رحمه الله تعالیٰ: "(قوله: وعلی عباد الله الصالحین) فیکون مسلّماً علی الملائكة الذین معه، وصالحی الجن والحاضرین وغیرهم، وقالوا: إن الجن مکلفون بما کلّفنا به. ومقتضاه أنه یجب علیهم الرد، ولایخرجون عنه إلا بالإسماع، و لم أرحکمه، وقد یقال: إنهم أمروا بالاستتار عن أعین الإنس؛ لعدم الأنس والمجانسة، ورده ظاهراً من قبیل الإعلان، فتدبر". (ردالمحتار: ۴۱۶/۲، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع، سعید)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی الدرالمختار: ۲۰۷/۴، کتاب الحظر والإباحة، دارالمعرفة بیروت)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة: ۳۲۵/۵، کتاب الکراهیة، الباب السابع فی السلام، رشیدیه) =

۲...... یہ مکروہ ہے، ردالمحتار میں یہ مسئلہ موجود ہے(۱)۔

۳...... یہ بھی مکروہ ہے، کذا فی رد المحتار (۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/۲/۹۱ھ۔

---

= (وكذا في أحكام القرآن للجصاص: ۳/ ۴۸۹، قديمى)

(۱) قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ:

"سلامک مكروه على من ستسمع ومن بعد ما أبدى يسن و يشرع

ومصل و تال ذاكر محدث خطيب و من يصغي إليهم و يسمع".

(الدر المختار).

قال الشامي رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: سلامک مكروه) ظاهره التحريم، و سيجيء التصريح بالإثم في بعضها. (قوله: و من بعد ما أبدى، الخ) فعل مضارع رباعي: أي أظهر من كلام صاحب النهر كما ستعرفه، فافهم. (قوله: ذاكر) فسره بعضهم بالواعظ؛ لأنه يذُكر الله تعالىٰ و يذَكّر الناس به، والظاهر أنه أعمّ فيكره السلام على مشتغل بذكر الله تعالىٰ بأىّ وجه كان، رحمتي". (ردالمحتار: ۱/ ۶۱۷، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

"السلام تحية الزائرين، والذين جلسوا في المسجد للقرأة والتسبيح أو لانتظار الصلاة، ما جلسوا فيه لدخول الزائرين عليهم، فليس هذا أوانُ السلام، فلا يسلّم عليهم، ولهذا قالوا: لوسلم عليهم الداخل، وسِعَهم أن لا يجيبوه، كذا في القنية ............ ولا يسلم عند الخطبة يوم الجمعة والعيدين واشتغالهم بالصلاة، ليس فيهم أحد إلا يصلي، كذا في الخلاصة". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/ ۳۲۵، ۳۲۶، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام، رشيديه)

(وكذا في البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۶/ ۳۵۴، كتاب الكراهية، نوع في السلام، رشيديه)

واضح رہے کہ کراہت کا حکم اس وقت ہے جب سارے لوگ نماز میں مشغول ہوں، اگر کچھ نماز میں مشغول ہوں اور کچھ نماز کے انتظار میں بیٹھے ہوں تو سلام کرے یا نہ کرے، دونوں کا اختیار ہے:

"وإن دخل مسجداً وبعض القوم في الصلاة وبعضهم لم يكونوا فيها، يسلم، وإن لم يسلم، لم يكن تاركاً للسنة، اهـ". (ردالمحتار: ۶/ ۴۱۳، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

(۲) (مر آنفاً في الحاشية المتقدمة)

## کھانا کھانے والے کو سلام کرنا

سوال[۹۱۳۵]: قرآن مجید پڑھنے والے کو سلام کرنا یا سلام کا جواب دینا، یا کھانا کھانے والے کو سلام کرنا یا سلام کا جواب دینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہوئے اور کھانا کھاتے ہوئے کو سلام کرنا مکروہ ہے اور ایسے سلام کا جواب دینا بھی واجب نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۴/ ۸/ ۵۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ ہذا، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم، ۷/ شعبان/ ۵۸ھ۔

## ڈھیلے سے استنجا سکھاتے وقت سلام کا جواب

سوال[۹۱۳۶]: ڈھیلے سے استنجا خشک کرتے وقت اگر کسی نے سلام کیا تو جواب دیا جا سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو شخص پیشاب کے بعد ڈھیلہ سے استنجا خشک کر رہا ہے اس کو اگر کوئی شخص سلام کرے تو جواب دینے

---

(۱) قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالیٰ:

"ودع آكلاً إلا إذا كنت جائعاً و تعلم منه أنه ليس يمنع".

وقال ابن عابدين رحمه الله تعالیٰ: "يكره السلام على العاجز عن الجواب حقيقةً كالمشغول بالأكل أو الاستفراغ، أو شرعاً كالمشغول بالصلاة وقرأة القرآن، ولو سلم لا يستحق الجواب، اهـ". (الدرالمختار مع ردالمحتار: ۱/ ۶۱۷، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة، ومايكره فيها، مطلب: المواضع التي يكره فيها السلام، سعيد)

"(قولهم: كآكل) ظاهره أن ذلك مخصوص بحال وضع اللقمة في الفم والمضغ، و أما قبلُ وبعدُ، فلا يكره، لعدم العجز، وبه صرح الشافعية". (ردالمحتار: ۶/ ۴۱۵، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

کے متعلق معارف السنن میں دوقول نقل کئے ہیں، ایک میں اجازت ہے دوسرے میں ممانعت (۱)۔ تطبیق کی صورت یہ ہے کہ جس وقت قطرہ آرہا ہے اس وقت جواب نہ دے اور جب محض احتیاط کے لئے ڈھیلا رکھا ہے تو جواب دےدے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

## استنجا سکھاتے ہوئے سلام کا جواب

سوال[۹۱۳۷]: ۱...... زید پیشاب کے بعد یا قضائے حاجت کے بعد ڈھیلا سکھا رہا تھا، اس حالت میں عمر نے اس کو سلام کیا۔ تو زید سلام کا جواب دے سکتا ہے یا نہیں؟

۲...... حدیث شریف میں جو حالتِ استنجا میں سلام اور بات چیت کی جو ممانعت ہے، اس سے کون سی حالت اور کون سا وقت مراد ہے؟

۳...... عمر کہتا ہے کہ فتاویٰ رشیدیہ میں کلوخ سکھاتے وقت سلام کا جواب دینے کو جائز قرار دیا ہے۔ کیا عمر کا کہنا صحیح ہے؟

---

(۱) "وأما السلام على من يستنجي من البول بالحجر أو المدر، قاعداً أو قائماً - كما تعورف اليوم في بلادنا - فلم يثبت فيه من القدماء شيء، وكان الشيخ رشيد أحمد الكنكوهي رحمه الله يقول برد السلام عند ذلک، وكان الشيخ محمد مظهر النانوتوي - مؤسس المعهد العربي "مظاهر علوم" - بسهارنفور يقول بترک الرد". (معارف السنن، باب في كراهية ردالسلام غير متوضئ: ۱/۷۱۳، سعید)

(۲) **سوال**: استنجا کرتے وقت سلام کرنے یا سلام کا جواب دینے کا کیا حکم ہے؟

**الجواب**: فقہاء نے پیشاب کرتے وقت سلام کرنے کو مکروہ لکھا ہے، استنجا کرتے وقت اگر تقاطر بول یعنی پیشاب کے قطرے گرتے ہوں تو اس حکم کی رو سے اس وقت بھی سلام مکروہ ہے اور اگر تقاطر بول نہ ہو تو پھر بھی بے ادبی سے خالی نہیں، اس لئے ایسے مواقع پر سلام کرنے سے اجتناب کیا جائے، اور اگر سلام کرے تو استنجا کے بعد جواب دےدے، کیونکہ سلام کے جواب میں تاخیر جائز ہے"۔ (إمداد الفتاویٰ، كتاب الطهارة، باب الاستنجاء، استنجاء کے وقت سلام کا حکم: ۲/۱۹۵، مکتبہ دارالعلوم کراچی)

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱......اگر اس کو قطرہ نہیں آرہا ہے محض احتیاطاً سکھا رہا ہے تو جواب دے دے، ورنہ نہیں (۱)۔

۲......جب کہ قضائے حاجت میں مشغول ہو (۲)۔

۳......فتاویٰ رشیدیہ کا حاصل جوابات کی شق اول مراد ہے یعنی جب کہ محض احتیاطاً سکھا رہا ہو:

"سلامك مكروه ............ ومن هو فى حال التغوط أشنع، اهـ". درمختار۔ قال الشامی: "مراده مايعم البول، اهـ". ردالمحتار: ۱/۴۱۵ (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۴/۹۰ھ۔

---

(۱) (راجع، ص: ۸۲، رقم الحاشية: ۱)

حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مطلقاً جائز لکھا ہے:

**سوال**: "استبراء کرتے وقت سلام کا جواب دینا یا خود سلام کرنا چاہیے یا نہیں، حدیث شریف میں تو "إذا البول" کا لفظ آیا ہے پھر لوگ استنجا کرتے وقت سلام کا جواب کیوں نہیں دیتے؟ یہ ان کی غلط فہمی ہے یا کچھ اصل بھی ہے؟ علاوہ بریں حدیث شریف میں یہ بھی آیا ہے کہ حائضہ بھی سلام کرتیں اور سلام کا جواب دیتی تھیں، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تقاطر مانع تحیت نہیں؟

**جواب**: في الدر المختار، أول باب مفسدات الصلوة: "سلامک مکروه على من ستسمع ............ فهذا ختام والزيادة تنفع". ان ابیات میں مواضعِ کراہیتِ سلام کو شمار کیا ہے، مگر اس میں یہ حالت معدود نہیں، اور تامل سے اُور بھی کوئی دلیل منع کی نہیں معلوم ہوتی، پس ظاہراً یہ بلاسند محض رسم پڑ گئی ہے۔ والله تعالىٰ أعلم وعلمه أتم". (إمداد الفتاوىٰ، كتاب الحظر والإباحة، احکام سلام وتعظیم اکابر، استنجاء کے وقت سلام: ۴/۹، مكتبه دارالعلوم کراچی)

(۲) "ردالسلام واجب، إلا على من في الصلوة ............ أو فى قضاء حاجة الإنسان". (ردالمحتار، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها: ۱/۶۱۸، سعيد)

(۳) (الدرالمختار: ۱/۶۱۷، سعيد)

"ولايسلم على الذى يتغنى، والذى يبول، والذى يطير الحمام............ رجل سلم على من كان فى الخلاء يتغوط ويبول، لاينبغى له أن يسلم عليه فى هذه الحالة، فإن سلم عليه، قال أبوحنيفة رحمه الله تعالىٰ: يرد عليه السلام بقلبه لابلسانه، وقال أبويوسف رحمه الله تعالىٰ: لايرد عليه لابالقلب ولا باللسان ولا بعد الفراغ أيضاً. وقال محمد رحمه الله: يردّ عليه السلام بعد الفراغ من الحاجة". =

## گھٹنے کھولے ہوئے کو سلام

سوال[۹۱۳۸]: ایک آدمی گھٹنے کھولے بیٹھا ہے، دوسرا اس کے پاس آتا ہے، آنے والا بیٹھے ہوئے کو سلام کرے یا نہ کرے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حنفیہ کے نزدیک گھٹنا عورت ہے اور کاشفِ عورت کو سلام کرنا مکروہ لکھا ہے: "ودع كافراً أيضاً ومكشوف عورة، ومن هو في حال التغوط أشنع، اهـ". درمختار: ۱/۶٤٥(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

## ریڈیو اور ٹیپ ریکارڈ پر پڑھی ہوئی آیت پر سجدۂ تلاوت اور سلام کا جواب

سوال[۹۱۳۹]: ٹیپ ریکارڈ یا ریڈیو میں اگر سجدۂ تلاوت کی آیت سنی جائے تو کیا سجدۂ تلاوت واجب ہوگا؟ نیز مذکورہ صورتوں میں اگر سلام علیک سنا جائے تو جواب دینا بھی واجب ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر قاری یا متکلم کی قرأت وآواز کو کسی آلہ میں محفوظ کرلیا گیا تو اس میں آیتِ سجدہ سننے سے سجدۂ تلاوت لازم نہیں ہوگا، ٹیپ ریکارڈ کا بھی یہی حکم ہے، اس کے سلام کا جواب بھی ضروری نہیں۔ ریڈیو میں تقاضۂ احتیاط یہ ہے کہ آیتِ سجدہ سن کر سجدۂ تلاوت کیا جائے، اور اس کے سلام کا جواب بھی دیا جائے بشرطیکہ اصل

---

= (الفتاویٰ العالمكيرية، الباب السابع في السلام: ۵/۳۲٦، رشيديه)

(۱) (الدر المختار، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها: ۱/٦۱۷، سعيد)

قال الشامي رحمه الله تعالىٰ العبارة المذكورة: "(قوله: ومكشوف عورة) ظاهره و لو الكشف لضرورة". (ردالمحتار: ۱/٦۱۷، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة، ومايكره فيها، مطلب: المواضع التي يكره السلام، سعيد)

(وكذا في البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ٦/۳۵۵، كتاب الكراهية، نوع في السلام، رشيديه)

آواز سے سنائی دے رہی ہو، کوئی ریکارڈ نہ ہو(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند، ۱۷/۵/۸۹ھ۔

## سلامِ غائب کا جواب

سوال[۹۱۴۰]: اگر کوئی شخص کسی کا سلام پیش کرے تو جواب کس طرح دینا چاہئے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

علیہ و علیکم السلام(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند۔

---

(۱) ''ظاہر ہے کہ یہ آلہ حال ہی میں ایجاد ہوا ہے، اس کا حکم صریح الفاظ میں کتب فقہ یا نصوص کتاب وسنت میں نہیں ہوسکتا، قواعد واصول اور امثال ونظائر ہی سے اس کا حکم دریافت کیا جاسکتا ہے۔ فقہائے کرام کے کلام میں اس کی ایک نظیر یہ مذکور ہے کہ صوت صدی یعنی آواز بازگشت جو کسی گنبد یا کنوئیں میں سنی جاتی ہے، یہ آواز چونکہ متکلم کی اصلی آواز نہیں، بلکہ اس کا عکس ہے، جو ایک غیر جاندار، غیر ذی شعور چیز کے ذریعہ انسان تک پہنچا ہے، اس لئے فقہاء نے اس کو تلاوت قرار نہیں دیا اور وجوب سجدہ کے لئے تلاوت صحیحہ شرط ہے، اس لئے بازگشت کے ذریعہ آیت سجدہ سننے والوں پر سجدہ تلاوت واجب نہیں''۔ (آلات جدیدہ کے شرعی احکام، باب ریڈیو پر تلاوت قرآن، عنوان: ''ریڈیو پر آیتِ سجدہ کی تلاوت، ص:۱۶۴، إدارة المعارف کراچی)

(۲) ''وعن غالب رحمه الله تعالیٰ قال: إنا لجلوس بباب الحسن البصری رحمه الله تعالیٰ إذ جاء رجل فقال: حدثنی أبی عن جدی، قال: بعثنی أبی إلی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فقال: ائته فاقرأه السلام، قال: فأتیته فقلت: أبی یقرئک السلام، فقال: ''علیک وعلی أبیک السلام''. رواه أبو داؤد''. (مشکوة المصابیح، ص: ۳۹۹، کتاب الأدب، باب السلام، الفصل الثانی، قدیمی)

''وفی الحصن: وإذا بلغ سلاماً، فلیقل: وعلیه السلام و رحمة الله وبرکاته''. رواه الجماعة عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها مرفوعاً. أو ''وعلیک وعلیه السلام''. رواه النسائی عن أنس رضی الله تعالیٰ عنه مرفوعاً''. (مرقاة المفاتیح: ۸/۴۳۶، کتاب الأدب، باب السلام، الفصل الثانی، رشیدیه)

''أن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یوماً: ''یاعائشة! هذا جبرئیل یقرئک السلام''. فقلت: وعلیه السلام و رحمة الله وبرکاته، تری مالا أری''. ترید رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم''. (صحیح البخاری: ۱/۵۳۲، کتاب المناقب، باب فضل عائشة رضی الله تعالیٰ عنها، قدیمی) ..................... =

## بیوی کو سلام کرنا یا لکھنا

سوال[۹۱۴۱]: زید نے اپنی بیوی کو "سلام علیکم" کیا، یا خط لکھا، یہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بیوی کو سلام کرنا اور خط میں لکھنا بالکل درست ہے، کوئی شبہ نہ کریں، بلکہ شوہر جب مکان میں آوے تو وہ خود سلام کرے، اس کا انتظار نہ کرے کہ بیوی سلام کرے گی تو جواب دوں گا (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیو بند، ۹/۱۱/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیو بند، ۱۰/۱۱/ ۸۸ھ۔

---

= قال الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "و لو قال لآخر: اقرأ فلاناً السلام، يجب عليه ذلك". (الدرالمختار). وقال الشامي رحمه الله تعالىٰ: "وقال أيضاً: ويستحب أن يرد على المبلّغ أيضاً، فيقول: وعليك وعليه السلام، اهـ. ومثله في شرح تحفة القران للمصنف. وزاد: وعن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما: يجب، اهـ. لكن قال في التاتارخانيه: ذكر محمد حديثاً يدلّ على أن من بلغ إنساناً سلاماً عن غائب، كان عليه أن يرد الجواب على المبلّغ أولاً، ثم على ذلك الغائب، اهـ. وظاهره الوجوب، تأمل". (ردالمحتار: ٦/ ٤١٥، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

(وكذا في الجامع لأحكام القرآن للقرطبي: ٥/ ١٩٤، دار الكتب العلمية بيروت)

(١) لقوله تعالىٰ: ﴿فإذا دخلتم بيوتاً فسلّموا﴾ الاية (سورة النور: ٦١)

"وقال الزهري: إذا دخلت بيتك، فسلم على أهلك، فهم أحق مَن سلّمت عليه". (أحكام القرآن للجصاص: ٣/ ٤٨٩، قديمي)

"وعن قتادة قال: قال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم "إذا دخلتم بيتاً، فسلموا على أهله".

"وعن أنس رضي الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "يا بُنيّ! إذا دخلت على أهلك، فسلم، يكون بركةً عليك وعلى أهل بيتك". رواه الترمذي.

"وعن جرير رضي الله تعالىٰ عنه أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مرّ على نسوة، فسلم عليهن. رواه أحمد". (مشكوة المصابيح: ٣٩٩، كتاب الأدب، باب السلام، الفصل الثاني، قديمي)

"الرجل مع المرأة إذا التقيا، سلم الرجل أولاً، كذا في فتاوى قاضي خان". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ٥/ ٣٢٥، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام، رشيديه) ............................ =

## امرد کا کسی کو سلام کرنا

سوال[۹۱۴۲]: ۱......امرد ہرایک سے سلام کرسکتا ہے یا نہیں؟

## امرد کے سلام کا جواب بحالتِ شہوت

سوال[۹۱۴۳]: ۲......امرد کے سلام کا جواب دینا بحالتِ شہوت کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱......کرسکتا ہے، اگر فتنہ نہ ہو(۱)۔

۲......ایسی حالت میں اس کا جواب نہ دے، فعلِ بدتو آخری درجہ ہے، بسا اوقات نظر اس کا سبب بن جاتی ہے۔ نیت اگر دیکھنے ہی تک محدود رہے، یعنی اس کی شہوت دیکھنے سے ہی پوری ہوجاتی ہے تو یہ بھی درست نہیں، بلکہ بعض اربابِ تحقیق نے ایسی نظر کو اشد واقبح قرار دیا ہے، کیونکہ جتنا مقصود تھا وہ حاصل ہوگیا(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۴۴/۵/۹۰ھ۔

## دو شخص یکدم سلام کریں تو جواب کس پر ہے؟

سوال[۹۱۴۴]: بسا اوقات دو مسلمانوں کی ملاقات ہوتی ہے اور دونوں بیک وقت "السلام

---

= (وکذا فی فتاوی قاضی خان: ۳/۴۲۳، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی التسبیح والتسلیم، رشیدیه)

(۱) قال ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ:

"ردالسلام واجب إلا علی من فی الصلوة أو یاکل شغلا
أو سلّم الطفل أو السکران أو شابة یخشی بها افتتان"

(ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب مایفسد الصلوة ومایکره فیها، مطلب المواضع التی لایجب فیها ردالسلام: ۱/۶۱۸، سعید)

(۲) "وإن کان صبیحاً، فحکمه حکم النساء، وهو عورة من قرنه إلی قدمه، لایحل النظر إلیه عن شهوة ......... وفیه إشارة إلی أنه لوعلم منه الشهوة أو ظن أو شک حرم النظر، کما فی المحیط وغیره، اهـ".

(ردالمحتار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی النظر والمس: ۶/۳۶۵، سعید)

علیکم" کہہ دیتے ہیں تو اس صورت میں جواب دینا ضروری ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

"إذا التقيا فأفضلهما أسبقهما، فإن سلّما معاً، يرد كل واحد". عالمگیری(۱) اس سے معلوم ہوا کہ دونوں جواب دیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند، ۹۲/۱/۲۹ھ۔

## نئے چاند کو دیکھ کر سلام کرنا

سوال[۹۱۴۵]: نئے چاند کو دیکھ کر اگر سلام کرے تو کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نئے چاند کو دیکھ کر سلام کرنا ثابت نہیں (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیوبند، ۸۹/۳/۲۵ھ۔

## آداب عرض وغیرہ

سوال[۹۱۴۶]: "آداب عرض ہے" اور اسی جیسے دوسرے لفظوں سے مصلحۃً مثلاً کسی ڈاکٹر، لیڈر یا امیر سے اس کے گمان بد خلقی و بد تہذیبی سے بچنے کے لئے یا جان پہچان ہونے کی وجہ سے، یا ایسے ہی کسی اَور وجہ سے غیر مسلم سے سلام کے بجائے ان لفظوں کو استعمال کرنا کیسا ہے؟

---

(۱) (الفتاویٰ العالمكيرية: ۳۲۵/۵، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار: ۴۱۶/۶، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

حاصل جواب یہ ہے کہ دونوں سلام کرنے والوں پر ایک دوسرے کا جواب دینا لازم اور ضروری ہے۔

(۲) "عن بلال بن يحيى بن طلحة بن عبيد الله، عن أبيه، عن جده رضى الله تعالىٰ عنه، أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان إذا رآى الهلال، قال: "اللهمّ! أهِلّه علينا بالأمن والإيمان والسلامة والإسلام ربىّ وربك الله تعالىٰ". (عمل اليوم والليلة، باب مايقول إذا رأى الهلال، ص: ۵۹۶، مكتبة الشيخ)

الجواب حامداً ومصلیاً:

گنجائش ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۴۴/۵/۹۰ھ۔

## ناراضگی کی وجہ سے ترکِ سلام کی مدت

سوال[۹۱۴۷]: زیداور عمر دونوں کا رہنا سہنا ایک ساتھ تھا، بعد میں کسی بناء پر دونوں لڑ گئے اور زید نے عمر سے یہ کہہ دیا کہ تیرا آج سے مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے، نہ تم میری کوئی چیز استعمال کرنا اور نہ میں تمہاری کوئی چیز استعمال کروں گا۔لیکن ناراضگی کو تین دن گذرنے ہی نہیں پائے تھے کہ عمر نے زید سے سلام کرلیا، مگر زید نے کوئی جواب نہیں دیا۔اب شرعاً گناہ کس پر ہے، کیا عمر زید سے سلام کرتا رہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

تعلق رکھنے میں اگر فتنہ ہوتو زیادہ میل جول نہ رکھا جائے، مگر سلام نہ ترک کیا جائے (۲)۔اگر ایک

---

(۱) "فمن تمكن من دفع الظلم عن نفسه، فذلك خير له". (ردالمحتار، كتاب الزكوة، باب العشر، مطلب: هل يجب العشر على المزارعين في الأراضي السلطانية: ۳۳۶/۲، سعيد)

(۲) "عن أبي أيوب الأنصاری رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم: "لايحل للرجل أن يهجر أخاه فوق ثلاث ليال، يلتقيان، فيعرض هذا و يعرض هذا، و خيرُهما الذی يبدأ بالسلام". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، ص: ۴۲۷، كتاب الأدب، باب ماينهى عنه من التهاجر والتقاطع واتباع العورات، الفصل الأول، قديمی)

قال الملا على القاری رحمه الله تعالىٰ: "قال الخطابی: رخص للمسلم أن يغضب على أخيه ثلاث ليال لقلته، ولا يجوز فوقها، إلا إذا كان الهجران فی حق من حقوق الله تعالىٰ، فيجوز فوق ذلك ........... وأجمع العلماء على أن من خاف مكالمة أحد وصِلَته ما يفسد عليه دينه أو يدخل مضرةً فی دنياه، يجوز له مجانبته وبُعده، ورب صرم جميل خيرٌ من مخالطةٍ تؤذيه........... اهـ.

والمعنى: أفضلهما فی طريق الأخلاق و حسن المعاشرة "الذی يبدأ بالسلام": أی ثم الذی يرده. وفيه إيماء إلى أن مَن لم يردّه ليس فيه خيراًء أصلاً، فيجوز هجرانه بل يجب؛ لأنه بترك ردالسلام صار فاسقاً، وإنما يكون البادئ خيرهما الدلالة فعلها، على أنه أقرب إلى التواضع وأنسب إلى =

ان میں سے سلام کرتا ہے تو وہ بری الذمہ ہو جائے گا، دوسرا اگر جواب نہیں دے گا تو وہ ذمہ دار رہے گا (۱)، تاہم وہ اگر منع کردے کہ مجھے سلام مت کرو، تمہارے سلام سے مجھے تکلیف ہوتی ہے تو پھر سلام نہ کرے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۳/۴/۱۵ھ۔

= الصفاء وحسن الخلق، وللإشعار بأنه معترف بالتقصير". (مرقاة المفاتيح: ۸/ ۷۵۹، باب ما ينهى عنه من التهاجر و التقاطع واتباع العورات، الفصل الأول، رشيديه)

(۱) "وعن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "لايكون لمسلم أن يهجر مسلماً فوق ثلثة، فإذا لقيه سلّم عليه ثلاث مرات كل ذلك لا يرد عليه، فقد باء بإثمه". رواه أبو داؤد". (مشكوة المصابيح، ص: ۴۲۸، كتاب الأدب، باب ما ينهى عنه من التهاجر والتقاطع، ........... اهـ، الفصل الثاني، قديمي)

# الفصل الثانی فی سلام الکافر والفاسق وردّه علیهما

## ( کافراور فاسق کے سلام اوراس کے جواب کا بیان )

### کافر کا سلام

سوال[۹۱۴۸]: اگر مجھ سے ایک کافر کہے کہ تو عمرکو"نمستے" کہہ دینا(۱)یا"جے رام جی" کہہ دینا(۲)تو مجھے کیا کہنا چاہئے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

آپ کو"سلام" کہنا چاہئے (۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ۔

### غیر مسلم اور فاسق کو سلام

سوال[۹۱۴۹]: ا......غیر مسلم کو سلام کرنے کا کیا حکم ہے؟اگران کے مجمع سے گزرہو توان کو سلام کیا جائے یا نہیں؟

---

(۱) "نمستے: بندگی،آداب،تسلیم"۔(فیروز اللغات، ص: ۱۳۷۹، فیروز سنز، لاهور)

(۲) "جے رام:عجم کے ایک باطل پیغمبر کا نام ہے"۔(لغات سعیدی ، (الماده: جی) ص: ۲۴۲، سعید)

"رام:فرمانبردار،محکوم،ہرشمسی مہینے کا اکیسواں دن"۔(لغات سعیدی ، حرف الراء، ص: ۳۴۸،سعید)

(۳) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "إذا لقی أحدکم أخاه فلیسلّم علیه".

"عن عمرو بن شعیب عن أبیه عن جده رضی الله تعالیٰ عنه وعنهم أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "لیس منا من تشبه بغیرنا، لا تشبهوا بالیهود ولا بالنصاری". (مشکوة المصابیح، ص: ۳۹۹، باب السلام، الفصل الثانی، قدیمی)

## ''آداب، عرض، نمستے'' کا جواب کس طرح دیا جائے؟

سوال[۹۱۵۰]: ۲......آداب عرض، نمستے (۱) وغیرہ جو کلمات ان کی طرف سے بطور سلام استعمال ہے ان کا جواب کیسے دیا جائے؟

## حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کفار کو سلام کے الفاظ

سوال[۹۱۵۱]: ۳......جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کن کلمات سے کفار کو سلام کرتے اور کیسے جواب دیتے تھے؟

## کفار کو ''السلام علیکم'' کے ساتھ سلام کا حکم

سوال[۹۱۵۲]: ۴......کفار کو ''السلام علیکم'' کے ساتھ سلام کر سکتے ہیں یا نہیں؟

## فساق و فجار کو ابتدا بالسلام کا حکم

سوال[۹۱۵۳]: ۵......فساق و فجار کا کیا حکم ہے، ان میں ابتدا بالسلام کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اگر نہ کیا جاوے تو بد اخلاقی و تکبر ہے۔ اس سے بچنے کی کیا صورت ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱......جو کلمات ان کے یہاں بطورِ سلام مستعمل ہوتے ہیں ان کو نہ ابتداءً کہے نہ جواباً، وقتِ ضرورت ان کو ''السلام علی من اتبع الھدی'' سے خطاب کرنا درست اور ثابت ہے(۲)۔ اگر وہ ''السلام علیکم''

---

(۱) ''نمستے: بندگی، آداب، تسلیم''۔(فیروز اللغات، ص: ۱۳۷۹، فیروز سنز، لاهور)

(۲) ''أن عبدالله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما أخبره أن أبا سفیان بن حرب رضی الله تعالیٰ عنه أخبره أن هرقل أرسل إلیه فی رکب من قریش ............ ''بسم الله الرحمن الرحیم، من محمد عبد الله و رسوله إلی هرقل عظیم الروم: سلامٌ علی من اتبع الهدی''. (صحیح البخاری: ۱/۵، باب بدء الوحی، قدیمی)

''إذا سلّم علی أهل الذمة، فلیقل: السلام علی من اتبع الهدی. و کذلک یکتب فی الکتاب إلیهم، اهـ. وفی التاتارخانیة: إذا کتبت إلی یهودی أو نصرانی فی حاجة، فاکتب: السلام علی من اتبع الهدی، اهـ''. (ردالمحتار: ۶/۴۱۲، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع، سعید)

کہیں تو جواب میں "وعلیکم" کہہ دیا جاوے(۱)۔

۲......اگر وہ اپنے کلمات "نمستے" وغیرہ کہیں تو جواب میں "هداك الله" اور "سلام" کہہ دیا جاوے، فقط "سلام" کہہ دینا بھی درست ہے(۲)۔

جب مجمع مخلوط ہو تو "السلام علیکم" کہنا چاہئے اور نیت ان کی ہو جو اس کے اہل ہیں، اگر خالص ان کا ہو تو "السلام علی من اتبع الهدی" کہے:

"أما التسليم على أهل الذمة، فقد اختلفوا فيه: قال بعضهم: لابأس بأن يسلم عليهم. وقال بعضهم: لايسلم عليهم. وهذا إذا لم يكن للمسلم حاجة إلى الذمي، وإذا كان له حاجة، فلابأس بالتسليم عليه. ولابأس برد السلام على أهل الذمة، ولكن لا يزاد على قوله: "وعليكم". قال الفقيه أبوالليث: إن مررت بقوم وفيهم كفار، فأنت بالخيار: إن شئت قلت: السلام عليكم، وتُريد به المسلمين، وإن شئت قلت: السلام على من اتبع الهدى، اهـ". فتاوی عالمگیری: ٤/٩٦(٣)۔

وفی البخاری، ص: ٢٢٤: "باب التسليم فی مجلس فيه أخلاط من المسلمين

---

(١) "عن أنس رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إذا سلّم عليكم أهل الكتاب، فقولوا: وعليكم". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، كتاب الأدب، باب السلام، الفصل الأول، ص: ٣٩٨، قديمی)

"قال النووي: اتفقوا على الرد على أهل الكتاب إذا سلموا، لكن لا يقال لهم: "وعليكم السلام" يعني ولا "عليكم السلام" ولا "عليك السلام" بقرينة قوله: وأما إذا كان منفرداً فلا يأتي بصيغة الجمع؛ لإيهامه التعظيم، وإن كان المراد عليكم ما تستحقونه من إرادة التعظيم". (مرقاة المفاتيح: ٨/ ٤٢١، باب السلام، رشيديه)

(وكذا فی شرح النووی على الصحيح لمسلم: ٢/٢١٣، كتاب السلام، باب النهی عن ابتداء أهل الكتاب، قديمی)

(٢) كما مر فی الحاشية المتقدمة انفاً

(٣) (الفتاویٰ العالمكيرية: ٥/٣٢٥، كتاب الكراهية، الباب السابع فی السلام، رشيديه)

والمشرکین" وفیه: "فسلّم علیهم النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم". الحدیث(۱)۔

۵......سلام "تحیۃ" ہے جس سے اکرام وتعظیم کے ساتھ دعاء مقصود ہے، فاسق معلن احکامِ شرع کا اکرام نہیں کرتا جس کی وجہ سے وہ خود بھی مستحقِ اکرام نہیں ہے، اس لئے اس کو سلام کرنا مکروہ ہے: "ولا یسلم علی الفاسق المعلن، اھ". رد المحتار: ۱/ ٤١٤ (۲)۔

لیکن بسا اوقات یہ ترکِ سلام بغض ودشمنی کا باعث بن جاتا ہے جس کی وجہ سے بہت سے احکام کی خلاف ورزی، بلکہ ہتک ہوتی ہے۔ نیز اس کے فسق کی وجہ سے اس کے ایمان سے صَرفِ نظر ہوکر اس کی بے توقیری بھی بعض دفعہ پیدا ہوجاتی ہے۔ ایسی حالت میں بحیثیتِ مومن اس کو سلام کیا جاوے تو اس سے تعلیماتِ اسلام کی اشاعت بھی ہوتی ہے، محبت اور اُلفت بھی پیدا ہوتی ہے جس کی بنا پر ایسے لوگ اسلام کے احکام کو سننے

---

(۱) العبارة بتمامها: "باب التسلیم فی مجلس فیه أخلاط من المسلمین والمشرکین ............ و فیه أن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم رکب حماراً علیه إکاف تحته قطیفة فدکیة، فأردف أسامة بن زید، وهو یعود سعد بن عبادة فی بنی الحارث بن خزرج، وذلک قبل وقعة بدر، حتی مر فی مجلس فیه أخلاط من المسلمین والمشرکین عبدة الأوثان والیهود، وفیهم عبد الله بن أبیّ بن سلول، وفی المجلس عبد الله بن رواحة. فلما غشیت المجلس عجاجةُ الدابة خمّر عبد الله بن أبیّ أنفه بردائه، ثم قال: لا تغبروا علینا، فسلم علیهم النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، ثم وقف فنزل فدعاهم إلی الله ............ اهـ".

(صحیح البخاری: ۲/ ۹۲۴، کتاب الاستیذان، باب التسلیم فی مجلس فیه أخلاط من المسلمین والمشرکین، قدیمی)

(ومشکوة المصابیح: ۲/ ۳۹۸، کتاب الأدب، باب السلام، الفصل الثانی، قدیمی)

"قال النووی إذا مر بمجلس فیه مسلم وکافر أن یسلم بلفظ التعمیم و یقصد به المسلم. قال ابن العربی: ومثله إذا مر بمجلس یجمع أهل السنة والبدعة، و بمجلس فیه عدول و ظلمة، و بمجلس فیه محب و مبغض. واستدل النووی علی ذلک بحدیث الباب". (فتح الباری: ۱۱/ ۴۷، باب التسلیم فی مجلس فیه أخلاط من المسلمین والمشرکین، قدیمی)

(وکذا فی شرح النووی علی الصحیح لمسلم: ۲/ ۱۴۲، قدیمی)

(۲) (ردالمحتار مع الدر المختار: ۶/ ۴۱۲، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع، سعید)

کے لئے بھی آمادہ ہوتے ہیں، بغض اور دشمنی سے تحفظ رہتا ہے اور اپنی بڑائی بھی پیدا نہیں ہوتی (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۵/۳ھ۔

## غیر مسلم کے سلام کا جواب

سوال [۹۱۵۴]: بستی کے بعض اہلِ ہنود بوقتِ ملاقات کہتے ہیں ''نمستے''۔ کسی کو ''رام رام'' کرتے ہیں۔ مسلمانوں کو کیا جواب دینا چاہئے؟ حافظ شیرازی کے اس شعر کا کیا مطلب ہے:

حافظا گر وصل خواهی صلح کن با خاص و عام

با مسلمان الله الله، با برهمن *رام رام*

کیا حافظ شیرازی ''*رام رام*'' کا جواب ''*رام رام*'' سے دینے کی اجازت دیتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جواب میں ''هداك الله'' کہا جائے (۲)۔ یہ شعر حافظ شیرازی کا نہیں ہے، اللہ جانے کس کا ہے، یہ

(۱) "و يسلم المسلم على أهل الذمة لو له حاجة إليه، وإلا كره، هو الصحيح". (الدر المختار).

قال الشامي رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: لو له حاجة إليه): أي إلى الذمي المفهوم من المقام. قال في التاتارخانية: لأن النهي عن السلام لتوقيره، ولا توقير إذا كان السلام لحاجة". (ردالمحتار: ۴۱۲/۶، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

"وهذا إذا لم يكن للمسلم حاجة إلى الذمي، وإذا كان له حاجة، فلا بأس بالتسليم عليه. ولا بأس برد السلام على أهل الذمة، ولكن لا يراد على قوله: وعليكم". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۲۵/۵، الباب السابع في السلام، رشيديه)

(وكذا في البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۵۵/۶، كتاب الكراهية، نوع في السلام، رشيديه)

"واختلف في السلام على الفساق، في الأصح أنه لا يبدأ بالسلام. كذا في التمرتاشي. ولو كان له جيران سفهاء إن سالمهم يتركون الشر حياءً منه، وإن أظهر خشونة يزيدون الفواحش يعذر في هذه المسالمة ظاهراً، كذا في القنية في المتفرقات". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۲۶/۵، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام، رشيديه)

(۲) "ولو سلم يهودي أو نصراني أو مجوسي على مسلم، فلا بأس بالرد، ولكن لا يزيد على قوله =

کوئی دلیلِ شرعی نہیں جس سے ''رام رام'' کے جواب پر استدلال کیا جا سکتا ہو۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

## غیر مسلم کے سلام کا جواب

سوال[٩١٥٥]: کیا کسی ہندو کو ''رام رام'' کرنے یا لینے سے کفر عائد ہو جاتا ہے، یا ''جے رام'' کرنے سے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

اسلامی شعائر ''السلام علیکم'' ہے، غیر اسلامی شعار کو اختیار کرنا جائز نہیں ہے۔ پھر اگر وہ غیر کا شعار ہو تو اس کو اختیار کرنا معصیت ہے، اگر مذہبی شعار ہو تو کفر تک نوبت پہنچ جانے کا خطرہ ہے، اس لئے جواب میں ''هداك الله الإسلام'' کہہ دیا جائے (١)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ٢١/٣/٩٠ھ۔

---

= وعليك، كما في الخانية". (الدر المختار مع رد المحتار: ٦/٤١٢، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

(١) "وعنه (ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما) قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه بقوم فهو منهم". (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني: ٢/٣٧٥، قديمي)

"قال الطيبيّ: هذا عام في الخَلق والخُلق والشعار، ولمّا كان الشعار أظهر في الشبه ذكر في هذا الباب. قلت: بل الشعار هو المراد بالتشبه لا غير". (مرقاة المفاتيح: ٨/١٥٥، كتاب اللباس، الفصل الثاني، حقانيه پشاور)

وقال العلامة المناوي رحمه الله تعالىٰ: "و قال بعضهم: قد يقع التشبه في أمور قلبية من الاعتقادات و إرادات و أمور خارجية من أقوال و أفعال، قد تكون عبادات و قد تكون عادات في نحو: طعام و لباس و مسكن و نكاح و اجتماع و افتراق و سفر و إقامة و ركوب و غيرها، و بين الظاهر و الباطن ارتباط و مناسبة. و قد بعث الله المصطفىٰ صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بالحكمة التي هي سنة وهي الشرعة و المنهاج الذي شرعه له، فكان مما شرعه له من الأقوال و الأفعال ما يباين سبيل المغضوب عليهم =

## غیر مسلم کے سلام کا جواب

سوال[۹۱۵۶]: اگر کوئی غیر مسلم سلام کرے تو جواب میں کیا کہنا چاہیے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

وعلیکم، یا"هَداكَ الله الإسلام"(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۲۴/ ۵/ ۹۰ھ۔

## سلامِ کافر کا جواب

سوال[۹۱۵۷]: اگر ایک کافر زید کے ذریعہ بکر کو سلام کہلائے تو بکر جواب میں کیا کہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یوں کہے"وعليكم السلام، وهداه الله الإسلام"(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند۔

---

= والضالين، فأمر بمخالفتهم في الهدى الظاهر في هذا الحديث. وإن لم يظهر فيه مقسدة لأمور: منها أن المشاركة في الهدى تؤثر تناسبات و تشاكلاً بين المتشابهين، تعود إلى موافقة ما في الأخلاق والأعمال، وهذا أمر محسوس.......... اهـ". (فيض القدير: ۱۱/ ۵۷۴۳، ۵۷۴۴، (رقم الحديث: ۸۵۹۳)، مكة المكرمة رياض)

(۱) (راجع للتخريج المسئلة الآتية)

(۲) "أما التسليم على أهل الذمة، فقد اختلفوا فيه: قال بعضهم: لابأس بأن يسلم عليهم. وقال بعضهم: لايسلم عليهم. وهذا إذا لم يكن للمسلم حاجة إلى الذمي، وإذا كان له حاجة، فلابأس بالتسليم عليه. ولابأس برد السلام على أهل الذمة، ولكن لا يزاد على قوله: "وعليكم". قال الفقيه أبو الليث: إن مررت بقوم وفيهم كفار، فأنت بالخيار: إن شئت قات: السلام عليكم، وتُريد به المسلمين، وإن شئت قلت: السلام على من اتبع الهدى، اهـ". (الفتاویٰ العالمكيرية: ۵/ ۳۲۵، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام، رشيديه)

"باب التسليم في مجلس فيه أخلاط من المسلمين والمشركين .......... و فيه أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ركب حماراً عليه إكاف تحته قطيفة فدكية، فأردف أسامة بن زيد، وهو يعود سعد =

## أیضاً

سوال[۹۱۵۸]: اگر کافر مسلمان کو ''جے رام جی'' کہے اور مسلمان ہاتھ اٹھا دے، یا ''آداب'' کہہ دے تو جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

گنجائش ہے کہ فقط ہاتھ اٹھا دے، یا ''آداب'' کہہ دے، بہتر ہے کہ ''هداك الله الإسلام'' کہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند۔

## شیعوں کے سلام کا جواب

سوال[۹۱۵۹]: ۱......شیعہ وغیرہ اگر اہل السنّت والجماعت کو ''السلام علیکم'' کریں تو جواب میں ''وعلیکم السلام'' کہنا چاہئے یا نہیں؟

---

= بن عبادة في بني الحارث بن خزرج، وذلک قبل وقعة بدر، حتى مر في مجلس فيه أخلاط من المسلمين والمشركين عبدة الأوثان واليهود، وفيهم عبد الله بن أبيّ بن سلول، وفي المجلس عبد الله بن رواحة. فلما غشيت المجلس عجاجةُ الدابة خمّر عبد الله بن أبيّ أنفه بردائه، ثم قال: لا تغبروا علينا، فسلم عليهم النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ثم وقف فنزل فدعاهم إلى الله .......... اهـ''.

(صحيح البخاري: ۹۲۴/۲، كتاب الاستيذان، باب التسليم في مجلس فيه أخلاط من المسلمين والمشركين، قديمي)

(ومشكوة المصابيح: ۳۹۸/۲، كتاب الأدب، باب السلام، الفصل الثاني، قديمي)

''قال النووي: إذا مر بمجلس فيه مسلم وكافر أن يسلم بلفظ التعميم و يقصد به المسلم. قال ابن العربي: ومثله إذا مر بمجلس يجمع أهل السنة والبدعة، و بمجلس فيه عدول و ظلمة، وبمجلس فيه محب و مبغض. واستدل النووي على ذلک بحديث الباب''. (فتح الباري: ۴۷/۱۱، باب التسليم في مجلس فيه أخلاط من المسلمين والمشركين، قديمي)

(وكذا في شرح النووي على الصحيح لمسلم: ۲۱۴/۲، قديمي)

(۱) (تقدم تخريجه تحت المسئلة المتقدمة آنفاً)

## أیضاً

سوال[۹۱۶۰]: ۲...... جوشیعہ اپنی زبان سے یہ کہے کہ بزرگوں پرتبرانہیں کرتا، اس کے سلام کے جواب میں "وعلیکم السلام" کہہ دے تو حرج نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

۱...... جوشیعہ فاسق ہیں کافرنہیں ہیں، ان کے سلام کا جواب شریعت کے موافق "وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته" دینا چاہئے۔اور جوشیعہ کافر ہیں ان کے جواب میں صرف "وعلیکم" کہہ دینا چاہئے (۱)۔

۲...... جوشیعہ صحابہ یا دیگر اکابر پر سب وشتم نہیں کرتے، اور بھی کفریات نہیں کرتے تو ان کے سلام کے جواب میں "وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته" کہنے میں کچھ حرج نہیں ہے (۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۷/۱۱/۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/۱۱/۵۶ھ۔

## قادیانی کے سلام کا جواب اور اس کی دعوت

سوال[۹۱۶۱]: اگر کوئی قادیانی سلام کرے تو جواب دیا جائے گا یانہیں، یا ازخود ان کو سلام کیا جاسکتا ہے یانہیں؟ نیز اگر وہ دعوت دے تو شرکت کر سکتے ہیں یا کہ نہیں؟ یا اُن کو اپنی کسی دعوت میں بلا سکتے ہیں یانہیں؟

---

(۱) "واختلف في السلام على الفساق، في الأصح أنه لا يبدأ بالسلام، كذا في التمرتاشي. ولو كان له جيران سفهاء إن سالمهم يتركون الشر حياءً منه، وإن أظهر خشونه، يزيدون الفواحش يعذر في هذه المسالمة ظاهراً، كذا في القنية في المتفرقات". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۲۶/۵، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام، رشيديه)

(۲) (تقدم تخريجه تحت عنوان: "غیر مسلم اور فاسق کو سلام")

الجواب حامداًومصلیاً:

قادیانی نے نصوصِ قطعیہ کے خلاف اپنا عقیدہ اپنی کتابوں میں لکھا ہے، اس لئے وہ اسلام سے خارج ومرتد ہیں، جو مسلمان قادیانی مذہب اختیار کر لے اُس کا بھی وہی حکم ہے، اس کو سلام کرنا اور اس کے سلام کا جواب دینا اور اس اس کی دعوت قبول کرنا اور اس کی دعوت کرنا جائز نہیں۔ تمام کفار کے ساتھ جو معاملہ کیا جاتا ہے، مرتد کا معاملہ اس سے مختلف ہے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱/۱۲ھ۔

## قادیانی وشیعہ کو سلام اور جواب

سوال [۹۱۶۲]: شیعہ جو رافض کہلاتے ہیں، یا مرزا قادیانی لوگوں کو سلام کرنا یا ان کے سلام کا جواب دینا شرع شریف میں کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ان لوگوں کو سلام نہیں کرنا چاہئے، اگر یہ لوگ سلام کریں تو جواب میں فقط "وعلیکم" کہہ دیا جائے (۲)، یا

---

(۱) "واعلم أن تصرفات المرتد علیٰ أربعة أقسام ...... و يبطل منه اتفاقاً ما يعتمد الملّة. وهی خمس: النكاح والذبيحة والعصير والشهادة والإرث، الخ". (الدرالمختار).

"أی ما يكون الاعتماد فی صحته علی كون فاعله معتقداً ملةً من الملل: أی والمرتد لا ملة له أصلاً؛ لأنه لا يقرّ علی ما انتقل إليه. وليس المراد ملة سماوية، لئلا يرد النكاح المجوسی والوثنی صحيح ولا ملة لهما سماوية، بل المراد للأعم". (ردالمحتار، كتاب الجهاد، باب المرتد: ۴/۲۴۹، سعيد)

(۲) "عن أنس رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "إذا سلّم عليكم أهل الكتاب، فقولوا: وعليكم". متفق عليه". (مشكوة المصابيح: ۲/۳۹۸، كتاب الأدب، باب السلام، الفصل الثانی، قديمی)

(وكذا فی ردالمحتار: ۶/۴۱۲، ۴۱۳، كتاب الحظر والإباحة، فصل فی البيع، سعيد)

"هداك الله" کہہ دینا چاہئے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۴/ ۹/ ۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/ ۹/ ۵۵ھ۔

## فرقۂ خاکساری کے ساتھ سلام وطعام

سوال [۹۱۶۳]: ایک شخص کے عقائد ہیں کہ خاکسار کافر ہیں، پھر زید ان کافروں کے ساتھ سلام وکھانا کھاتا ہے۔ تو کیا مسلمان رہ سکتا ہے یا نہیں اور قابلِ معاملات دنیاوی ہے یا نہیں؟ بینوا وتوجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

عنایت اللہ مشرقی بانی خاکسار نے اپنی تحریرات "تذکرہ" "قول فیصل" وغیرہ میں عقائدِ اسلام کا استہزاء کیا ہے اور سخت ترین توہین کر کے بنیادی چیزوں کا انکار کردیا ہے، اس لئے وہ علمائے اسلام کے فتوی کے مطابق کافر ہے۔ ایسے لوگوں کے ساتھ بلاضرورت میل جول سلام کلام محبت کا تعلق رکھنا ناجائز ہے (۲)،

---

(۱) "أما التسليم على أهل الذمة، فقد اختلفوا فيه: قال بعضهم: لابأس بأن يسلم عليهم. وقال بعضهم: لايسلم عليهم. وهذا إذا لم يكن للمسلم حاجة إلى الذمي، وإذا كان له حاجة، فلابأس بالتسليم عليه. ولابأس برد السلام على أهل الذمة، ولكن لا يزاد على قوله: "وعليكم". قال الفقيه أبو الليث: إن مررت بقوم وفيهم كفار، فأنت بالخيار: إن شئت قلت: السلام عليكم، وتُريد به المسلمين، وإن شئت قلت: السلام على من اتبع الهدى، اهـ". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/ ۳۲۵، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام، رشيديه)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿يا أيها الذين آمنوا لا تتخذوا اليهود والنصارى أولياء، بعضهم أولياء بعض، ومن يتولهم منكم فإنه منهم﴾ (سورة المائدة: ۵۱)

"أي لايتخذ أحد منكم أحداً منهم ولياً بمعنى لاتصافوهم مصافاة الأحباب ولاتستنصروهم".

(روح المعاني، (سورة المائدة: ۵۱): ۲/ ۱۵۶، دار إحياء التراث العربي بيروت)

وقال الله تعالى: ﴿و لا تركنوا إلى الذين ظلموا فتمسكم النار﴾ (سورة هود: ۱۱۳)

اس لئے کہ ان کے عقائد دوسروں میں بھی سرایت کریں گے، لہٰذا ان سے بالکل علیحدہ رہنا چاہئے۔ جو شخص بلا ضرورتِ شرعیہ ان سے تعلق رکھے وہ گناہ گار ہوگا، اس کا اسلام خطرے میں ہے(۱)۔ تاہم اس کو کافر کہنا درست نہیں ہے(۲)۔

---

(۱) "عن أبي عبيدة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إن بني إسرائيل لما وقع فيهم النقص، كان الرجل يرى أخاه على الذين فينهاه عنه، فإذا كان الغد لم يمنعه ما رآى منه أن يكون أكيله وشريبه وخليطه فضرب الله قلوب بعضهم ببعض ونزل فيهم القرآن، فقال: ﴿لعن الذين كفروا من بني إسرائيل على لسان داؤد وعيسى بن مريم﴾ حتى بلغ ﴿ولو كانوا يؤمنون بالله والنبي وما أنزل إليه مااتخذوهم أولياء، ولكن كثيراً منهم فاسقون﴾ قال: وكان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم متكئاً فجلس، وقال: "لا، حتى تأخذوا على يدي الظالم فتاطروه على الحق اطراً". (سنن ابن ماجة، باب الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر: ۲/۲۸۹، قديمي)

"قال الخطابي رحمه الله تعالىٰ: رخص للمسلم أن يغضب على أخيه ثلاث ليال لقلته، ولا يجوز فوقها، إلا إذا كان الهجران في حق من حقوق الله تعالىٰ، فيجوز فوق ذلك .......... قال: وأجمع العلماء على أن من خاف من مكالمة أحد وصلته مايفسد عليه دينه أو يدخل مضرةً في دنياه، يجوز له مجانبته وبعده". (مرقاة المفاتيح، كتاب الأدب، باب ماينهى عنه من التهاجر والتقاطع، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۵۰۲۷): ۸/۷۵۸، ۷۵۹، رشيديه)

"وعن الحسن: لاتجالس صاحب هوى، فيقذف في قلبك ماتتبعه عليه، فتهلك، أو تخالفه فيمرض قلبك .......... وعن أبي قلابة: لاتجالسوا أهل الأهواء ولاتجادلوهم، فإني لا آمن أن يغمسوكم في ضلالتهم ويلبسوا عليكم ماكنتم تعرفون. قال أيوب: وكان -والله- من الفقهاء ذوي الألباب. وعنه أيضاً: أنه كان يقول: إن أهل الأهواء أهل ضلالة، ولا أرى مصيرهم إلا إلى النار. وعن الحسن: لاتجالس صاحب بدعة، فإنه يمرض قلبك". (الاعتصام للشاطبي رحمه الله تعالىٰ، باب في ذم البدع وسوء منقلب أصحابها: ۱/۲۵، دارالمعرفة، بيروت)

(۲) قال العلامة ابن نجيم رحمه الله تعالىٰ: "وفي الفتاویٰ الصغرى: الكفر شئ عظيم، فلا أجعل المؤمن كافراً متى وجدت روايةً أنه لايكفر، اهـ". (البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۱۰، رشيديه)

بعض ناواقف سیدھے سادھے مسلمان مشرقی کے عقائد سے واقف نہیں، مگر اس کی ظاہری تنظیم کو دیکھ کر اس کی تحریک میں شریک ہو گئے، ان کو مشرقی کی خرابیاں دکھلا کر اس تحریک سے بچانا چاہئے۔ اور کسی شخص کے متعلق جب تک پوری تحقیق نہ کر لی جائے اس وقت تک اس کے کفر کا حکم لگانا درست نہیں، اس معاملہ میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/۲/۵۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/۲/۵۹ھ۔

## فاسق کو سلام کرنا

سوال [۹۱۶۴]: کوئی فاسق مبتلائے فسق ہو، مثلاً: ریش تراشتا ہو، یا دیگر فسق کے اندر مبتلا ہو تو اس کو سلام کرنا کیسا ہے؟ ہمارے یہاں مولوی صاحب مکروہ تحریمی بتلاتے ہیں، اگر یہ بات صحیح ہے تو عام طور سے گشتوں میں متکلم صاحب کو اس سلسلہ میں پیش قدمی کرنی پڑتی ہے۔ لہذا کیا صورت اختیار کرنی چاہئے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

جو شخص مبتلائے فسق ہو اور اس کو سلام کرنے یا اس کی دعوت قبول کرنے سے اس کی اصلاح کی توقع ہو تو اس کو سلام بھی کیا جائے اور دعوت بھی قبول کی جائے بشرطیکہ وہ حرام مال سے نہ کھلائے، اگر ترک سلام یا ترک دعوت سے اصلاح کی توقع ہو تو ترک کر دیں۔ بقصد تعظیم فسق سلام کرنا جائز نہیں ہے (۲)، لیکن جب اس میں

---

(۱) "إذا كان في المسئلة وجوه توجب الكفر ووجه واحد يمنع، فعلى المفتي أن يميل إلى ذلك الوجه، كذا في الخلاصة". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب السير، الباب التاسع في أحكام المرتدين، قبيل الباب العاشر في البغاة: ۲/۲۸۳، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/۲۱۰، رشيديه)

(۲) "واختلف في السلام على الفساق، في الأصح أنه لا يبدأ بالسلام، كذا في التمرتاشي. ولو كان له جيران سفهاء إن سالمهم يتركون الشر حياءً منه، وإن أظهر خشونه، يزيدون الفواحش يعذر في هذه المسالمة ظاهراً، كذا في القنية في المتفرقات". (الفتاویٰ العالمكيرية: ۵/۳۲۶، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام، رشيديه)

ایمان بھی موجود ہے تو اکرام مسلم لازم ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۹/۹۰ھ۔

## کسی کو منافق کہہ کر سلام کا جواب نہ دینا

سوال[۹۱۲۵]: زید نے عمر کو سلام کیا، لیکن عمر نے زید کے سلام کا جواب نہیں دیا۔ عمر کے پاس بیٹھے ہوئے سعید نے جب عمر سے زید کو سلام کا جواب نہ دینے کے متعلق پوچھا تو عمر نے کہا کہ زید منافق ہے، منافق کے سلام کا جواب مسلمان کو نہیں دینا چاہیے، حالانکہ الحمدللہ تینوں حضرات مسلمان ہیں۔ براہِ کرم شریعت کے فیصلے سے مطلع فرمائیں۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں برادری عمر کے ساتھ کیا سلوک کرے جب کہ وہ ابھی تک زید کو منافق کہنے کے فیصلے پر اڑا ہوا ہے؟

مہربانی فرما کر حدیث کا حوالہ دیتے ہوئے مدرسہ کی مہر بھی لگا دیجئے، اپنے دستخط کے ساتھ تاکید سند رہے۔

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

سلام کا جواب دینا حق مسلم ہے جو کہ واجب ہے:

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "للمؤمن علی المؤمن ست خصال: يعوده إذا مرض، ويشهده إذا مات، ويجيبه إذا دعاه، ويسلم عليه إذا لقيه، الخ". مشكوة شريف: ۳۹۷/۲(۱)۔

"ردالسلام واجبٌ، اه"۔ شامی(۲)۔

مسلمان کو منافق کہنے سے تعزیر کا حکم ہے:

قال العلامة الحصكفی رحمه الله تعالیٰ: "وعزر الشاتم بيا كافر، يا خبيث، ويا سارق،

---

(۱) (مشكوة المصابيح، باب السلام: ۳۹۷/۲، قديمی)

(۲) (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، مطلب: المواضع التی لايجب فيها ردالسلام: ۶۱۸/۱، سعيد)

یافاجر، یا مخنث، یا زندیق، یا منافق، الخ". در مختار (۱)۔

اگر طبیعت میں کسی مسلمان سے ذاتی معاملات کی بناء پر غصہ ہوتو تین روز سے زیادہ سلام وکلام بندنہیں کرنا چاہیے، حدیث شریف میں ممانعت آئی ہے(۲)، لہٰذا عمر کو چاہیے کہ غصہ ختم کرکے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد پر عمل کرے، بلکہ جوابِ سلام نہ دینے کی معذرت بھی کرے۔ یہی شریفانہ طریقہ ہے۔ زید کے اندر اگر خرابی ہے تو اس کو نرمی اور ہمدردی سے نصیحت کرے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/ ۷/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/ ۷/ ۹۲ھ۔

## داڑھی منڈے کو سلام اور اس کے سلام کا جواب اور اس کی اولاد کا حکم

سوال[۹۱۲۶]: ہمارے یہاں ایک مولوی صاحب ہیں جو داڑھی منڈے کو درکنار داڑھی کترے کو بھی سلام نہیں کرتے ہیں، بلکہ سلام کا جواب دینا بھی حرام سمجھتے ہیں۔ ان سے جب سوال کیا تو جواب دیا کہ:

---

(۱) (الدرالمختار، کتاب الحدود، باب التعزیر، مطلب فی الجرح المجرد: ۴/ ۶۹، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الحدود، فصل فی التعزیر: ۵/ ۷۱، رشیدیه)

(۲) "عن أبی أیوب الأنصاری رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "لایحل للرجل أن یهجر أخاه فوق ثلاث لیال". الحدیث. (مشکوة المصابیح، کتاب الأدب، باب ما ینهی من التهاجر والتقاطع، الخ، ص: ۴۲۷، قدیمی)

قال العلامة الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ تحته: "قال الخطابی رحمه الله تعالیٰ: رخص للمسلم أن یغضب علی أخیه ثلاث لیال لقلته، و لایجوز فوقها، إلا إذا کان الهجران فی حق من حقوق الله تعالیٰ، فیجوز فوق ذلک. و فی حاشیة السیوطی علی المؤطا: قال ابن عبد البر رحمه الله تعالیٰ: ......... وأجمع العلماء علی أن من خاف من مکالمة أحد و صلته ما یفسد علیه دینه، أو یدخل مضرةً فی دنیاه، یجوز له مجانبته وبُعده، و رب صرم جمیل خیرٌ من مخالطة تؤذیه ......... وإن هجرة أهل الأهواء والبدع واجبة علی مر الأوقات مالم یظهر منه التوبة والرجوع إلی الحق". (مرقاة المفاتیح شرح مشکوة المصابیح، کتاب الأدب، باب ما ینهی عنه من التهاجر والتقاطع ......... الخ، الفصل الأول: ۸/ ۷۵۸، ۷۵۹، رشیدیه)

''داڑھی کا ایک مشت رکھنا واجب ہے،اس کا تارک گناہ کبیرہ کا مرتکب ہے، فاسق ہے، مردود الشہادۃ ہے، داڑھی کترنا حرام ہے،اس کی امامت، اقامت، اذان مکروہ تحریمی ہے۔ جو مونچھوں کو نہ کترائے وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت سے خارج ہے،اس کی نماز نامقبول ہے، فاسق لعین ہے۔ داڑھی کترے کو سلام تو درکنار جواب دینا بھی حرام ہے، کیوں کہ اللہ تعالیٰ نہ ان کی طرف رحمت سے دیکھتا ہے، نہ ان کی دعا قبول کرتا ہے،فرشتے داڑھی کترے کو ملعون کہتے ہیں، داڑھی کترے اللہ کے نزدیک یہود ونصاریٰ ہیں''۔

مولانا نے ترمذی شریف، نسائی شریف، طحاوی شریف وغیرہ کا حوالہ دیا۔ نیز مولانا نے مولانا تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ کا فتویٰ نقل کیا کہ: داڑھی کترے کا نکاح بھی نہیں ہوتا ہے،اس کے بچے حرامی ہوتے ہیں،اس کا ایمان نکل جاتا ہے،اس کو چاہیئے کہ ایمان کی تجدید کرے (اصلاح الرسوم)۔

بقولِ عالم صاحب کیا سب داڑھی منڈوں کو سلام نہ کیا جائے، بلکہ داڑھی منڈے اور داڑھی کترے کو جواب بھی نہ دیا جائے، کیا یہ سمجھا جائے کہ ان کے نکاح نہیں ہوئے؟ کیا (بقولِ احادیث وفتویٰ مولانا اشرف علی تھانوی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ) ان کے بچوں کو حرامی سمجھا جائے، کیوں کہ آج کل اسی فیصد داڑھی منڈے ہیں۔ ۱۵/ فیصد داڑھی کترے ہیں اور پانچ فیصد ایسے ہیں جن کی داڑھی ایک مشت سے زائد ہے؟ آج کل کے حالات کے تحت داڑھی منڈوں اور داڑھی کتروں کے ساتھ کیا رویہ اپنایا جائے، ان کو کیا سمجھا جائے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

داڑھی منڈانا حرام ہے، ایک مشت کے پہونچنے سے پہلے کترانا، یا کترا کر ایک مشت سے کم کرالینا کسی کے نزدیک بھی مباح نہیں، اس منڈانے اور کترنے میں غیر قوموں کے ساتھ تشبہ ہے۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ ایسا شخص مقبول الشہادۃ اور عادل نہیں، اس کی امامت مکروہ تحریمی ہے:

"وأما الأخذ منها و هي دون ذلك كما يفعله بعض المغاربة و مخنثه الرجال، فلم يبحه أحدٌ، وأخذ كلها فعل يهود الهند ومجوس الأعاجم، فتح". الدر المختار: ۲/۱۱۳(۱)۔

=

(۱) (الدر المختار: ۲/۴۱۸، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده، سعيد)

"یحرم علی الرجل قطع لحیته". درمختار: ۲۱٦/۵ (۱)۔

فاسق معلن کوسلام کرنا بھی مکروہ ہے۔ ان سب کے باوجود ایسے شخص کا نکاح بھی منعقد ہوجائے گا اور اس کی اولاد بھی ثابت النسب ہوگی، حرامی نہیں ہوگی، وہ ایمان سے خارج نہیں ہوتا۔ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک کبیرہ گناہ کی وجہ سے آدمی ایمان سے خارج نہیں ہوتا، نہ اس پر کفر کا فتویٰ لگایا جاتا ہے، جیسا کہ شرح فقہ اکبر میں تشریح ہے، البتہ اگر کوئی شخص حرامِ قطعی لعینہ کوحلال اعتقاد کرے تو اس اعتقاد کی وجہ سے

---

= قال الشامي رحمه الله تعالىٰ: "وعن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يحمل الإعفاء على إعفائها عن أن يأخذ غالبها أو كلها، كما هو فعل مجوس الأعاجم من حلق لُحاهم، ويؤيده ما في مسلم عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه، عنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "جزوا الشوارب، وأعفوا اللحى، خالفو المجوس". فهذه الجملة واقعة موقع التعليل، وأما الأخذ منها وهي دون ذلك كما يفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال، فلم يبحه أحدٌ، اهـ. ملخصاً". (ردالمحتار: ۴۱۸/۲، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم ومالايفسد، مطلب في الأخذ من اللحية، سعيد)

(۱) (الدرالمختار: ۴۰۷/٦، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

قال الملا علي القاري رحمه الله تعالىٰ تحت قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "وإعفاء اللحية": قال التوربشتي: أي توفيرها -يقال: عفا النبت إذا كثر، وأعفوته أنا وأعفيته لغتان- وقص اللحية من صنع الأعاجم وهو اليوم شعار كثيرٍ من المشركين كالأفرنج والهنود، ومَن لا خلاق له في الدين من الطائفة القلندرية". (مرقاة المفاتيح: ۹۱/۲، باب السواك، الفصل الأول، رشيديه)

"وقص اللحية من سنن الأعاجم وهواليوم شعار كثير من المشركين والأفرنج والهنود و مَن لا خلاق له في الدين ممن يتبعونهم ويحبون أن يزيّنوا بزيّهم .......... فعلم من ذلك أن ما يفعله بعض من لا خلاق له في الدين من المسلمين في الهند والأتراك حرام". (بذل المجهود: ۳۳/۱، باب السواك من الفطرة، إمداديه ملتان)

قال الشاه ولي الله المحدث الدهلوي رحمه الله تعالىٰ: "واللحية هي الفارقة بين الصغير والكبير، وهي جمال الفحول و تمام هيأتهم، فلا بد من إعفائها. وقصها سنة المجوس، وفيه تغيير خلق الله، ولحوق أهل السؤدد والكبرياء بالرعاع". (حجة الله البالغة: ۵۱۷/۱، ۵۱۸، خصال الفطرة وما يتصل بها، قديمي)

اس پر کفر کا حکم ہوگا:

"ولا نكفر مسلماً بذنب من الذنوب وإن كانت كبيرةً إذا لم يستحلّها، ولا نُزيل عنه اسم الإيمان". شرح فقه أكبر، ص: ٨٦(١)۔

حضرت مولانا تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی وہ عبارت بلفظہ نقل کی جائے جس کا سوال میں حوالہ ہے تو اس کی تشریح وتوضیح کردی جائے گی۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۸/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۸/ ۹۲ھ۔

## مظلوم ظالم کے سلام کا جواب دے

سوال[۹۱۲۷]: اگر ظالم اپنے مظلوم پر سلام کرے اور مظلوم بوجہ اپنے رنج وغصہ ونفرت کے جواب نہ دے، کیا مظلوم شرعاً گنہگار رہے اور کیا مظلوم پر ظالم بدبخت کے سلام کا جواب دینا شرعاً واجب ہے اور کیا شریعت اجازت دیتی ہے کہ مظلوم اپنے ظالم کے سلام کو جوتی سے ٹھکرادے؟

الجواب حامداًومصلياً:

سلام شعارِ اسلام اور حقِ مسلم ہے اور جواب دینا واجب ہے(۲)، مظلوم کو چاہئے کہ جوابِ سلام

---

(۱) (شرح الفقه الأكبر، ص: ۱۷، قديمى)

(۲) "عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "حق المسلم على المسلم خمس: ردالسلام، وعيادة المريض .......... اهـ". متفق عليه".

"وعن البراء بن عازب رضى الله تعالىٰ عنه قال: أمرنا النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بسبعٍ، ونهانا عن سبع: أمرنا بعيادة المريض، واتباع الجنائز، وتشميت العاطس، ورد السلام .......... اهـ". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، ص: ۱۳۳، باب عيادة المريض وثواب المريض، الفصل الأول، قديمى)

"عن ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: "السلام اسمٌ من أسماء الله عزوجل، وضعه الله فى الأرض، فأفشوه بينكم، فإن الرجل إذا سلم على القوم فردوا عليه، كان له عليهم فضل درجة؛ لأنه =

کو ترک کر کے اپنے ذخیرۂ آخرت کو نقصان نہ پہونچائے اور ترکِ واجب کا وبال اپنے سر نہ رکھے۔ اور اس کو ''بدبخت'' یا ''کم بخت'' یا اَور کوئی ایسا کلمہ نہ کہے جس سے انتقام ہو جائے، ممکن ہے کہ جلے ہوئے دل سے نکلا ہوا کوئی کلمہ اتنا سخت ہو کہ ظالم کے ظلم کے مساوی ہو جائے، یا اس سے بھی بڑھ جائے، وہاں ہر چیز کا وزن ہوگا (۱) پھر سنت اور شعار اور حقِ مسلم کو جوتی سے ٹھکرا دینا نہایت خطرناک ہے، اس کا تو کبھی تصور بھی ذہن میں نہیں آنا چاہیئے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/ ۸/ ۸۸ھ۔

## تاش کھیلنے والوں کو سلام

سوال[۹۱۲۸]: اگر کسی جگہ پر تاش وغیرہ کھیلا جارہا ہوتو ایسے موقعہ پر ''السلام علیکم'' کہنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

چوسر وغیرہ کھیلنے والوں کو سلام کرنے کی امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ تعالیٰ نے ممانعت فرمائی ہے اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ان کو سلام کر لیا جاوے اس نیت سے کہ جتنی دیر بھی ان کی توجہ اس معصیت (کھیل) سے ہٹ کر دوسری طرف منتقل ہو جائے، اچھا ہے:

''ویسلم علی قوم فی معصیة و علی من یلعب بالشطرنج ناویاً أن یشغلهم عما هم فیه

---

= ذکرهم، فإن لم یردّوا علیه ردّ علیه من هو خیرٌ منهم و أطیب. وروی الأعمش عن عمر بن مرة عن عبد الله بن الحارث قال: إذا سلم الرجل علی القوم کان له فضل درجة، فإن لم یردّوا علیه ردت علیه الملائکة و لعنتهم''. (الجامع لأحکام القرآن للقرطبی: ۵/ ۱۹۵، دارالکتب العلمیة بیروت)

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿والوزن یومئذ الحق، فمن ثقلت موازینه، فأولئک هم المفلحون﴾ (سورة الأعراف: ۸)

وقال الله تعالیٰ: ﴿ونضع الموازین القسط لیوم القیامة، فلا تظلم نفس شیئاً، وإن کان مثقال حبة من خردل أتینا بها، و کفی بنا حاسبین﴾ (سورة الأنبیاء: ۴۷)

عند أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ، وكره عندهما تحقيراً لهم، اهـ". شامی(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/۳/ ۵۷ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۶/ ربیع الاول/ ۵۷ھ۔

(۱) (ردالمحتار: ۱/۶۱۷، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، مطلب: المواضع التي يكره فيها السلام، سعيد)

وقال بعد هذه العبارة: "وظاهر قوله: (مالم تعرف توبتهم) أن المراد كراهة السلام عليهم في غير حالة مباشرة المعصية، أما في حالة مباشرتها ففيه الخلاف المذكور". (ردالمحتار، المصدر السابق)

(وكذا في ردالمحتار: ۶/۴۱۵، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/۳۲۶، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام، رشيديه)

(وكذا في البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۶/۳۵۵، كتاب الكراهية، نوع في السلام، رشيديه)

"وعليك إذا مرّ على قوم و هم في معصية، يسلم عليهم على قصد أن يشغلهم عما هم فيه".

(الفتاوى السراجية، كتاب الكراهية، باب التسليم، ص: ۷۲، سعيد)

# الفصل الثالث فی المصافحة والمعانقة

## (مصافحہ اور معانقہ کا بیان)

### مصافحہ کی تعریف اور طریقہ

سوال[۹۱۶۹]: مصافحہ کی کیا تعریف ہے اور اس کے کتنے طریقے ہیں، از روئے شرع اس کے کتنے طریقے ہو سکتے ہیں، پھر ان میں کونسا طریقہ افضل ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

داہنے ہاتھ کے بطن کو دوسرے آدمی کے داہنے بطن سے ملانا اور بایاں ہاتھ دونوں سے داہنے ہاتھ کو ظہر سے ملانا یہ مصافحہ ہے، یہی سنت ہے(۱)۔ بعض دفعہ صرف داہنے ہاتھ سے بھی ثابت ہے، کذا فی شرح الترمذی(۲)۔

(۱) "باب المصافحة. قال ابن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه: علمنی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم التشهد و کفی بین کفیه". (صحیح البخاری: ۹۲۶/۲، کتاب الاستیذان، باب المصافحة، قدیمی)

"(باب المصافحة) هی مفاعلة من الصفحة، والمراد بها الإفضاء بصفحة الید إلی صفحة الید ......... ووجه إدخال هذا الحدیث فی المصافحة أن الأخذ بالید یستلزم التقاء صفحة الید بصفحة الید غالباً". (فتح الباری: ۶۶/۱۱، کتاب الاستیذان، باب المصافحة، قدیمی)

"(قوله: و تمامه) ونصه: وهی إلصاق صفحة الکف بالکف وإقبال الوجه بالوجه، فأخذ الأصابع لیس بمصافحة، خلافاً للروافض". (ردالمحتار: ۳۸۱/۶، کتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء وغیره، سعید)

(۲) "اعلم أن السنة أن تکون المصافحة بالید الواحدة، أعنی: الیمنی من الجانبین، سواء کانت عند اللقاء أو عند البیعة ......... وقال الإمام النووی: یستحب أن تکون المصافحة بالیمنی، وهو أفضل". (تحفة الأحوذی، أبواب الاستیذان والأدب، باب ماجاء فی المصافحة، فائدة فی بیان أن السنة فی المصافحة أن تکون بالید الواحدة، (رقم الحدیث: ۲۸۷۵): ۵۱۸/۷، ۵۱۹، المکتبة السلفیة مدینة منورة)

انگوٹھے کوانگوٹھے کی جڑ سے ملاکر اور ہاتھ کو پکڑ کر کسی قدر حرکت دینا بھی ثابت ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیو بند، ۹۲/۱۲/۲۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیو بند۔

## جبراً مصافحہ کرنا

سوال[۹۱۷۰]: روک روک کر مصافحہ کروانا کیسا ہے اور کیا قانونِ شرعی ہے کہ عوام کو روک کر چاہے طبیعت مانے یا نہ مانے مصافحہ کرایا جائے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

کوئی استاذ، والد یا مربی اپنا ماتحت بچوں، غیر آدمی کو بطور تربیت وتعلیم روک کر مصافحہ کرائے تو اس میں مضائقہ نہیں، غیر آدمی جب مصافحہ سے گھبراتا ہوتو اس پر زور نہ دیا جائے(۲)۔مصافحہ کرنا حدیث وفقہ سے

---

(۱) "تجوز المصافحة؛ لأنها سنة قديمة متواترة، لقوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من صافح أخاه المسلم وحرك يده، تناثرت ذنوبه". (الدر المختار).

قال العلامة الشامي: "(قوله :لقوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم) كذا في الهداية. وفي شرحها للعيني: قال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إن المؤمن إذا لقى المؤمن فسلم عليه وأخذ بيده فصافحه، تناثرت خطاياهما كمايتناثر الشجر". رواه الطبراني والبيهقي".

"والسنة أن تكون بكلتا يديه، وبغير حائل من ثوب أوغيره، وعند اللقاء بعد السلام، وأن يأخذ الإبهام، فإن فيه ينبت المحبة، كذا جاء في الحديث، ذكره القهستاني وغيره، اهـ". (ردالمحتار: ۶/ ۳۸۱، ۳۸۲، كتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء وغيره، سعيد)

(وكذا في تحفة الأحوذي شرح الترمذي: ۷/ ۵۱۸، مكتبه سلفيه مدينه منوره)

(۲) اگر کوئی مسلمان مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھائے تو اس سے مصافحہ کرنا ضروری ہے، اعتراض کرنا مناسب نہیں، کیونکہ اس سے اذیت اور تکلیف پہونچتی ہے:

قال الملا على القاري رحمه الله تعالىٰ: "ولا يخفى أن في كلام الإمام نوع تناقض؛ لأن إتيان السنة في بعض الأوقات لايسمى بدعةً مع أن عمل الناس في الوقتين المذكورين ليس على وجه الاستحباب المشروع، فإن محل المصافحة المشروعة أول الملاقاة، وقد يكون جماعة يتلاقون من =

ثابت ہے (۱)، حضورِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام و اولیائے عظام اور تمام امتِ مسلمہ کا طریقہ رہا ہے (۲)، اس کی فضیلت بھی آئی ہے (۳)، ان فضائل کو بیان کرنے پر اکتفا کر کے ترغیب تو دی جائے، مگر اس

= غير مصافحة ويتصاحبون بالكلام ومذاكرة العلم وغيره مدةً مديدةً، ثم إذا صلوا يتصافحون، فأين هذا من السنة المشروعة، ولهذا صرح بعض علماء نا بأنها مكروهة حينئذٍ، وأنها من البدع المذمومة، نعم لو دخل أحد في المسجد والناس في الصلوة أو على إرادة الشروع فيها، فبعد الفراغ لو صافحهم، لكن بشرط سبق السلام على المصافحة، فهذا من جملة المصافحة المسنونة بلا شبهة. ومع هذا إذا مدّ مسلم يده للمصافحة، فلا ينبغي الإعراض عنه بجذب اليد، لما يترتب عليه من أذى يزيد على مراعاة الأدب". (مرقاة المفاتيح: ۸/ ۴۵۸، كتاب الآداب، باب المصافحة والمعانقة، رشيديه)

(۱) "عن قتادة قال: قلت لأنس رضي الله تعالىٰ عنه: أكانت المصافحة في أصحاب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم؟ قال: نعم". رواه البخاري". (مشكوة المصابيح، كتاب الأداب، باب المصافحة والمعانقة، ص: ۴۰۱، قديمي)

(۲) "وعن أيوب بن بُشير عن رجل من عنزة أنه قال: قلت لأبي ذر رضي الله تعالىٰ عنه: هل كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يصافحكم إذا لقيتموه؟ قال: ما لقيتُه قط إلا صافحني". (مشكوة المصابيح: ۲/ ۴۰۲، كتاب الأدب، باب المصافحة والمعانقة، الفصل الثاني، قديمي)

"تجوز المصافحة؛ لأنها سنة قديمة متواترة، لقوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من صافح أخاه المسلم وحرك يده، تناثرت ذنوبه". (الدرالمختار).

قال العلامة الشامي: "(قوله: لقوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم) كذا في الهداية. وفي شرحها للعيني: قال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إن المؤمن إذا لقي المؤمن فسلم عليه وأخذ بيده فصافحه، تناثرت خطايا هما كما تناثر الشجر". رواه الطبراني والبيهقي".

"والسنة أن تكون بكلتا يديه، وبغير حائل من ثوب أوغيره، وعند اللقاء بعد السلام، وأن يأخذ الإبهام، فإن فيه عرقا ينبت المحبة، كذا جاء في الحديث، ذكره القهستاني وغيره، اهـ". (ردالمحتار: ۶/ ۳۸۱، ۳۸۲، كتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء وغيره، سعيد)

(وكذا في تحفة الأحوذي شرح الترمذي: ۷/ ۵۱۸، مكتبه سلفيه مدينه منوره)

(۳) "عن البراء بن عازب رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ما من مسلمين يلتقيان فيتصافحان، إلا غفر لهما قبل أن يتفرقا". رواه أحمد والترمذي وابن ماجة. وفي رواية أبي =

پر اصرار اور زور نہ دیا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند۔

## سلام کے ساتھ مصافحہ

سوال [۹۱۷۱]: مصافحہ کے ساتھ سلام کرنا کیسا ہے جب کہ دونوں ایک بستی میں مقیم ہوں؟ اس حدیث کا کیا مطلب ہے:

"قال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ما من مسلمين يلتقيان فيتصافحان، إلا غفر لهما قبل أن يتفرقا". رواه أبو داود، ص:۱۸۲، رياض الصالحين، مصري(۱)۔

الجواب حامداً ومصلياً:

مصافحہ مستحسن ہے، مگر اصرار نہیں ہونا چاہیے (۲)۔ اس کا مطلب تو ظاہر ہے اگر کوئی اشکال ہو تو تحریر کیجئے السراج المنیر ص:۱۰۱ میں لکھا ہے:

"والمراد الصغائر قياساً على النظائر، و يستثنى من هذا الحكم الأمرد الجميل

---

= داؤد: قال: "إذا التقى المسلمان فتصافحا و حمدا الله واستغفراه، غفر لهما".

"وعن البراء بن عازب رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من صلى أربعاً قبل الهاجرة، فكأنما صلاهن في ليلة القدر، والمسلمان إذا تصافحا، لم يبق بينهما ذنب إلا سقط". رواه البيهقي في شعب الإيمان". (مشكوة المصابيح: ۲/ ۴۰۱، ۴۰۳، كتاب الأدب، باب المصافحة والمعانقة، الفصل الثاني، الفصل الثالث، قديمي)

(۱) "عن البراء بن عازب رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ما من مسلمين يلتقيان فيتصافحان، إلا غفر لهما قبل أن يتفرقا". رواه أحمد والترمذي وابن ماجة. و في رواية أبي داؤد: قال: "إذا التقى المسلمان فتصافحا و حمدا الله واستغفراه، غفر لهما". (مشكوة المصابيح: ۲/ ۴۰۱، كتاب الأدب، باب المصافحة والمعانقة، الفصل الثاني، قديمي)

(۲) "الإصرار على المندوب يبلغه إلى حد الكراهية". (السعاية في كشف ما في شرح الوقاية: ۲/ ۲۶۵، كتاب الكراهية، قبيل فصل في القرأة، سهيل اكيڈمی لاهور)

الوجه فتحرم مصافحته، ومَن به داء كالأبرص والأجذم، فتكره مصافحته، اھ"(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/ ۸/ ۶۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱/ ۹/ ۶۶ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

## غیر مسلم سے مصافحہ

سوال[۹۱۷۲]: کسی غیر مسلم مرد سے مصافحہ کرنا کیسا ہے؟ اگر وہ ہاتھ بڑھائے تو کیا کرنا چاہیے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

درست ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۲۴/ ۵/ ۹۰ھ۔

## کافر فاسق سے مصافحہ ومعانقہ

سوال[۹۱۷۳]: کیا کفار وفساق وفجار سے مصافحہ معانقہ کیا جاسکتا ہے؟ اور اس سلسلے میں فعلِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا ہے؟ اور اگر یہ لوگ ملاقات کے لئے آئیں اور مصافحہ، معانقہ کے لئے بڑھیں تو کیا ان سے اپنے ہاتھ کھینچ لیں؟

---

(۱) (السراج المنير شرح الجامع الصغير في أحاديث البشير والنذير: ۱/ ۹۸، مكتبة الإيمان السمانية مدينة منورة)

(وكذا في فتح الباري، كتاب الاستيذان، باب المصافحة: ۱۱/ ۶۵، قديمى)

(۲) "كره للمسلم مصافحة الذمي كذا في نسخ الشارح وأكثر المتون". (الدر المختار). وقال ابن عابدين رحمه الله تعالیٰ: "أي بلا حاجة لما في القنية: لابأس بمصافحة المسلم جاره النصراني إذا رجع بعد الغيبة، ويتأذى بترك المصافحة". (ردالمحتار مع الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة: ۶/ ۳۱۲، سعيد)

الجواب حامداً ومصلياً:

مصافحہ، معانقہ کا مقصود اظہارِ محبت، تعظیم، شفقت ہے، والکافر لایستحق ذلک۔ اصلاً سلام ہے اور مصافحہ اس کا تتمہ ہے اور "لاتبتدأ أهل الكتاب بالسلام" (۱) میں اصل ہی کو ختم کر دیا گیا، پھر تتمہ کی گنجائش کہاں۔ فاسق، فاجر ایمان سے خارج نہیں، گنہگار ہے۔

شامی جلد نمبر:۱، میں ان لوگوں کو شمار کرایا ہے جن کو سلام کرنا مکروہ ہے، ان میں فاسق بھی ہے (۲)، لیکن جہتِ فسق کے علاوہ کسی اَور جہت سے اگر وہ مستحقِ اکرام ہو تو اس کا یہ حکم نہیں۔ نیز اگر مظاہرہ اخلاق کے ذریعہ اصلاح مقصود ہو تو پھر جہت بدل جائے گی، بلکہ کافر کے لئے بھی یہ جہت مجوز ہو سکے گی (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "فلايسلم ابتداء على كافر لحديث: "لاتبدء وا اليهود ولا النصارى بالسلام، فإذا لقيتم أحدهم في طريق فاضطروه إلى أضيقه". رواه البخاري". (الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۶/۴۱۲، سعيد)

(۲) "ردالسلام واجب إلا على من في الصلوة ............ أو شابة يخشى عليه افتتان أو فاسق".

(الدرالمختار مع ردالمحتار، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها: ۱/۶۱۸، سعيد)

(۳) جیسا کہ اگر کسی غیر مسلم سے کوئی کام پڑ جائے اور اسی کام اور حاجت کی بناء پر اس کو سلام کرنا جائز ہے اسی طرح اگر اس کی اصلاح مقصود ہو تو بھی اس میں گنجائش ہے کہ اس کو سلام کیا جائے:

"أما التسليم على أهل الذمة، فقد اختلفوا فيه: قال بعضهم: لابأس بأن يسلم عليهم. وقال بعضهم: لايسلم عليهم. وهذا إذا لم يكن للمسلم حاجة إلى الذمي، وإذا كان له حاجة، فلابأس بالتسليم عليه. ولابأس برد السلام على أهل الذمة، ولكن لا يزاد على قوله: "وعليكم". قال الفقيه أبوالليث: إن مررت بقوم وفيهم كفار، فأنت بالخيار: إن شئت قلت: السلام عليكم، وتريد به المسلمين، وإن شئت قلت: السلام على من اتبع الهدى، اهـ". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/۳۲۵، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام، رشيديه)

## محرم عورتوں سے مصافحہ

سوال[۹۱۷۴]: محرم عورتوں سے مصافحہ کرنا کیسا ہے، جیسے کہ والدہ ہے یا ہمشیرہ وغیرہ؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

درست ہے، کما ورد فی الروایات (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/ ۷/ ۹۵ھ۔

## چھوٹی لڑکیوں سے معانقہ

سوال[۹۱۷۵]: بسا اوقات اپنے اقارب سے معانقہ کرنا پڑتا ہے، ان میں چھوٹی لڑکیاں بھی ہوتی ہیں۔ تو یہ معانقہ کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اپنے بیٹے، بیٹی، بہن وغیرہ سے معانقہ کرنا درست ہے جن سے معانقہ کرنے میں شہوت نہ ہو، اور جہاں اس کا خطرہ ہو وہاں پرہیز کیا جائے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/ ۲/ ۹۵ھ۔

---

(۱) "وعن عائشة رضی الله تعالیٰ عنهما قالت : ما رأيت أحداً كان أشبه سمتاً و هدياً و دلاً"۔ وفی رواية۔: "حديثاً و كلاماً برسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم من فاطمة، كانت إذا دخلت عليه، قام إليها فأخذ بيدها فقبّلها وأجلسها فی مجلسه. وكان إذا دخل عليها، قامت إليه فأخذت بيده فقبّلته وأجلسته فی مجلسها". رواه أبو داؤد". (مشكوة المصابيح: ۲/ ۴۰۲، كتاب الأدب، باب المصافحة والمعانقة، الفصل الثانی، قديمی)

قال الملا علی القاری: "فأخذ بيدها فقبلها": أی بين عينيها أو رأسها، والأظهر الأول، كما رواه ابن عدی والبيهقی ..........اهـ". "وكان إذا دخل عليها، قامت إليه، فأخذت بيده فقبلته": أی عضواً من أعضائه الشريفة، والظاهر أنه اليد المنيفة". (مرقاة المفاتيح: ۸/ ۴۶۹، كتاب الأدب، باب المصافحة والمعانقة، الفصل الثانی، رشيديه)

(۲) "عن جعفر بن أبی طالب رضی الله تعالیٰ عنه فی قصة رجوعه من أرض الحبشة، قال: فخرجنا حتی =

## معانقہ کرنے کا طریقہ

سوال[۹۱۷۶] : معانقہ کا سنت طریقہ کیا ہے، بعض لوگوں کو دیکھا ہے کہ تین مرتبہ کاندھے سے ملتے ہیں اور بعض لوگ صرف ایک طرف ملتے ہیں۔ صحیح طریقہ کیا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

صرف ایک طرف کافی ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

= أتينا فتلقّاني رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فاعتنقني". (مشكوة المصابيح: ٢/٢ • ٤، كتاب الأدب، باب المصافحة والمعانقة، الفصل الثاني، قديمي)

قال العلامة الشامي رحمه الله تعالىٰ: "المكروه عن المعانقة ما كان على وجه الشهوة، وعبّر عنه المصنف بقوله: (في إزار واحد) فإنه سبب يفضي إليها، فأما على وجه البر والكرامة إذا كان عليه قميص واحد، فلا بأس به، اهـ". (ردالمحتار: ٦/ ٣٨١، كتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء، سعيد)

وقال الرافعي: "إن كان بشهوة فهو حرام اتفاقاً، و بدونها فجائز اتفاقاً، كما نقله عن الخانية". (تقريرات الرافعي على ردالمحتار: ٦/٣٠٨، باب الاستبراء، سعيد)

(وكذا في البحرالرائق : ٨/٣٦٣، كتاب الكراهية، فصل في الاستبراء، رشيديه)

(وكذا في تبيين الحقائق: ٧/٥٦، كتاب الكراهية، فصل في الاستبراء، دارالكتب العلمية بيروت)

(١) "وعن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: قدم زيد بن حارثة المدينة ورسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في بيتي، فأتاه فقرع الباب، فقام إليه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عرياناً يجرّ ثوبه -والله ما رأيته عرياناً قبله ولا بعده- فاعتنقه و قبّله". رواه الترمذي".

"عن جعفر بن أبي طالب رضي الله تعالىٰ عنه في قصة رجوعه من أرض الحبشة: قال: فخرجنا حتى أتينا فتلقّاني رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فاعتقني، ثم قال: "ما أدري أنا بفتح خيبر أفرح أم بقدوم جعفر". ووافق ذلك فتح خيبر". رواه في شرح السنة". (مشكوة المصابيح: ٢/٢ • ٤، كتاب الأدب، باب المصافحة والمعانقة، الفصل الثاني، قديمي) .............................. =

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند۔

= "وكذا معانقته في إزار واحد، وقال أبو يوسف: لابأس بالتقبيل والمعانقة في إزار واحد. ولو كان عليه قميص أو جبة، جاز بلا كراهة بالإجماع، وصححه في الهداية، وعليه المتون". (الدر المختار).

قال العلامة الشامي رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: وكذا معانقته) قال في الهداية: ويكره أن يقبّل الرجل فم الرجل أو يده أو شيئاً منه أو يعانقه. وذكر الطحاوي أن هذا قول أبي حنيفة و محمد رحمهما الله تعالىٰ. وقال أبو يوسف رحمه الله تعالىٰ: لا بأس بالتقبيل والمعانقة، لما روى أنه عليه السلام عانق جعفراً حين قدم من الحبشة وقبّله بين عينيه. ولهما ما روى أنه عليه السلام نهى عن المكامعة، وهي المعانقة، وعن المكاعمة وهي التقبيل، وما رواه محمولٌ على ماقبل التحريم. قالوا: الخلاف في المعانقة في إزار واحد، أما إذا كان عليه قميص أو جبة، لا بأس به بالإجماع، هو الصحيح، اهـ". (ردالمحتار: ۶/۳۸۰، ۳۸۱، كتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء وغيره، سعيد)

وقال الرافعيؒ: "(ثم قول أبي يوسف: لابأس، الخ) إن كان بشهوة، فهو حرام اتفاقاً، وبدونها فجائز اتفاقاً، كما نقله عن الخانية". (تقريرات الرافعي على ردالمحتار: ۶/۳۰۸، كتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء وغيره، سعيد)

# الفصل الرابع فی القیام والتقبیل

## (قیام اور تقبیل کا بیان)

### بزرگوں کی تعظیم کے لئے قیام

سوال[۹۱۷۷]: بزرگوں کی تعظیم کے لئے کھڑا ہونا جائز ہے کہ نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب وہ تشریف لائیں تو ان کی تعظیم کے لئے کھڑا ہونا جائز ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/ ۸/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/ ۸/ ۸۷ھ۔

### قیامِ تعظیمی

سوال[۹۱۷۸]: قیامِ تعظیمی جائز ہے یا نہیں؟ مثلاً یہاں جب حضرت مہتمم صاحب وحضرت شیخ کے آتے وقت طلباء کھڑے ہوتے ہیں، یا کسی اَور بزرگ کے آتے وقت کھڑے ہوتے ہیں۔ از روئے شرع یہ قیام جائز ہے یا نہیں؟

---

(۱) "عن أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم للأنصار "قوموا إلی سیدکم". متفق علیہ". (مشکوۃ المصابیح، کتاب الآداب، باب القیام، الفصل الأول، ص ۴۰۳، قدیمی)

"وقال بعض العلماء: فی الحدیث إکرام أهل الفضل من علم أو صلاح أو شرف بالقیام لهم إذ أقبلوا، هکذا احتج بالحدیث جماهیر العلماء". (مرقاۃ المفاتیح، کتاب الآداب، باب القیام: ۸/ ۴۷۴، رشیدیہ کوئٹہ)

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر حضرت مہتمم صاحب اور حضرت شیخ یا کوئی بھی بزرگ تشریف لائیں تو ان کی تعظیم کے لئے کھڑا ہونا تقاضائے ادب ہے اور مستحب ہے، لیکن اگر ان کو اس قیام سے اذیت ہو اور وہ منع کریں تو قیام نہیں کرنا چاہیے۔ اذیت سے بچانا واجب ہے، جیسے کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے پاس حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپ کو دیکھ کر سب کھڑے ہو گئے، اس پر قیام سے منع فرما دیا، پھر اس کے بعد تشریف لاتے ہوئے دیکھتے تو ناگواری کا لحاظ رکھتے ہوئے قیام نہیں کیا کرتے تھے:

"عن أبي أمامة رضي الله تعالىٰ عنه قال: خرج رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم متكئاً على عصا، فقمنا له، فقال: "لاتقوموا كما تقوموا الأعاجم يعظم بعضها بعضاً". رواه أبوداؤد۔

"عن أنس رضي الله تعالىٰ عنه قال: لم يكن شخص أحب إليهم من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، وكانوا إذا رأوه، لم يقوموا، لما يعلمون من كراهيته لذلك". رواه الترمذي. وقال: هذا حديث حسن صحيحٌ". مشكوة شريف: ۲/ ۴۰۳، باب القيام الفصل الثاني(۱)۔

"وفي الوهبانية: يجوز بل يندب القيام تعظيماً للقادم: أي إن كان ممن يستحق التعظيم، اهـ"(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۹۰/۴/۱۸ھ۔

## مہمان کے لئے قیام وتقبیل

سوال[۹۱۷۹]: عربوں کے یہاں تقریب میں کوئی جاتا ہے تو قدیم دستور کے موافق تمام مجلس

---

(۱) (مشكوة المصابيح، باب القيام، الفصل الثاني، ص: ۴۰۳، قديمي)

(وجامع الترمذي، أبواب الأدب، باب ماجاء في كراهية قيام الرجل للرجل. ۲/ ۱۰۴، سعيد)

(وسنن أبي داؤد، كتاب الأداب، باب الرجل يقوم للرجل يعظّمه: ۲/ ۳۲۳، إمداديه ملتان)

(۲) (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء: ۶/ ۳۸۴، سعيد)

کے لوگ کھڑے ہوکر خیر مقدم کرتے ہیں اور تقبیل بھی کرتے ہیں۔ ایسی جگہ اگر جانا ہو جائے تو کیا کرنا چاہئے؟ قیام وتقبیل کا شریعتِ مطہرہ کے اندر کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بڑوں کے لئے قیام کرنا درست بلکہ مستحسن ہے(۱)۔ مہمان کا اکرام کرنا چاہئے، تقبیلِ یدین میں بھی مضائقہ نہیں ہے۔ حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب حبشہ سے مدینہ طیبہ آئے تو حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی پیشانی کی تقبیل کی تھی، ہاں! محلِ فتنہ ہو تو اس سے احتراز کرنا چاہئے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند، ۲/ ۸/ ۱۴۰۶ھ۔

---

(۱) "عن أبي سعيد الخدري رضي الله تعالىٰ عنه: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم للأنصار: "قوموا إلى سيدكم". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب القيام، الفصل الأول، ص: ۴۰۳، قديمي)

قال الملا علي القاري رحمه الله تعالىٰ: "قيل: أي لتعظيمه، ويستدل به على عدم كراهته، فيكون الأمر بالإباحة ولبيان الجواز .......... اهـ.

وقال بعض العلماء: في الحديث إكرام أهل الفضل من علم أو صلاح أو شرف بالقيام لهم إذا أقبلوا، هكذا احتج بالحديث جماهير العلماء........... وقال الإمام حجة الإسلام الغزالي: القيام مكروه على سبيل الإعظام لا على سبيل الإكرام. قال ابن حجر في فتح الباري: هذا تفصيل حسن مرتب". (مرقاة المفاتيح: ۸/ ۴۷۳، ۴۷۴، كتاب الآداب، باب القيام، الفصل الأول، رشيديه)

قال الحافظ ابن حجر رحمه الله تعالىٰ: "إن قيام المرء وس للرئيس الفاضل والإمام العادل، والمتعلم للعالم مستحبٌّ، وإنما يكره لمن كان بغير هذه الصفات.......... وفيه: ثم نقل عن أبي الوليد بن رشد أن القيام يقع على أربعة أوجه: الأول: محظور، وهو أن يقع لمن يريد أن يقام إليه تكبراً وتعاظماً على القائمين إليه. والثاني: مكروه، وهو أن يقع لمن لا يتكبر ولا يتعاظم على القائمين، ولكن يخشى أن يدخل نفسه بسبب ذلك ما يحذر، ولما فيه من التشبه بالجبابرة. والثالث: جائز، وهو أن يقع على سبيل البر والإكرام لمن لا يريد ذلك، ويؤمن معه التشبه بالجبابرة. والرابع: مندوب، وهو أن يقوم لمن قدم من سفر فرحاً بقدومه ليسلم عليه، أو إلى من تجددت له نعمة فيهنّئه بحصولها، أو مصيبة فيعزيه =

.................................................................

= بسببها......... وقال البیهقی: القیام علی وجه البر والإکرام جائز کقیام الأنصار لسعد، وطلحة لکعب. ولا ینبغی لمن یقام له أن یعتقد استحقاقه لذلک، حتی إن ترک القیام له، حنق علیه أو عاتبه أو شکاه". (فتح الباری: ۱۱/۶۱، کتاب الاستیذان، باب قول النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "قوموا إلی سیدکم"، قدیمی)

"وفی الوهبانیه: یجوز بل یندب القیام تعظیماً للقادم کمایجوز القیام، ولو للقارئ بین یدی = العالم، وسیجیء نظماً". (الدر المختار).

قال ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ: "(قوله: یجوز بل یندب القیام تعظیماً للقادم): أی إن کان ممن یستحق التعظیم. قال فی القنیة: قیام الجالس فی المسجد لمن دخل علیه تعظیماً، وقیام قارئ القران لمن یجیئ تعظیماً لایکره إذا کان فیمن یستحق التعظیم. وفی مشکل الآثار: القیام لغیره لیس بمکروه لعینه، إنما المکروه محبة القیام لمن یقام له، فإن قام لمن لا یقام له لایکره". (ردالمحتار: ۶/۳۸۴، کتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء وغیره، قبیل: فصل فی البیع، سعید)

"ومن قام إجلالاً لشخص فجائز وفی غیر أهل العلم بعض یقرر". (الدر المختار).

قال العلامة الشامی: "قال فی القنیة: وقیل له: أن یقوم بین یدی العالم تعظیماً له أما فی حق غیره لایجوز، اهـ، فهذه مسألة القیام بین یدیه، وهو غیر مسألة القیام لقدومه تعظیماً، فتنبه لذلک، ش". (الدر المختار مع ردالمحتار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع: ۶/۴۲۸، سعید)

قیام للغیر کی اجازت اس وقت ہے جبکہ آنے والے کے دل میں اس کی خواہش نہ ہو، اگر آنے والے کے دل میں اس کی خواہش ہے، یا اس کے دل میں تکبر پیدا ہونے کا اندیشہ ہے، یا قیام سے اس کو خوشی ہوتی ہے تو اس کیلئے قیام جائز نہیں۔ فتح الباری کی مذکورہ بالا عبارت کے علاوہ اس کے عدم جواز پر خود حدیث بھی دال ہے:

" وعن معاویة رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "من سره أن یتمثل له الرجال قیاماً، فلیتبوأ مقعده من النار". رواه الترمذی، وأبو داؤد". (مشکوة المصابیح، کتاب الآداب، باب القیام، الفصل الثانی، ص: ۴۰۳، قدیمی)

"وعن معاویة رضی الله عنه": أی ابن أبی سفیان، فإنه المراد منه الإطلاق. "قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "من سره": أی أعجبه وجعله مسروراً، ولفظ الجامع: "من أحب أن یتمثل": أی ینتصب له الرجل قیاماً: أی یقفون بین یدیه قائمین لخدمته وتعظیمه من قولهم: مثل بین یدیه مثولاً: =

..........................................................

= أى انتصب قائماً........... هذا الوعيد لمن سلک فيه طريق التكبر بقرينة السرور للمثول. وأما إذ لم يطلب ذلک وقاموا من تلقاء أنفسهم طلباً للثواب أولإرادة التواضع، فلا بأس به". (مرقاة المفاتيح: ۸/۶۷ ۴، کتاب الآداب، باب القيام، الفصل الثانى، رشيديه)

کسی کے شر اور ضرر سے بچنے کے لئے بھی قیام جائز ہے:

"عن الشيخ الحكيم أبى القاسم: كان إذا دخل عليه غنيٌّ يقوم له ويعظّمه، ولا يقوم للفقراء وطلبة العلم، فقيل له فى ذلک؟ فقال: الغنى يتوقع منى التعظيم، فلو تركتُه لتضرر، والفقراء والطلبة إنما يطمعون فى جواب السلام والكلام معهم فى العلم". (ردالمحتار: ۶/۳۸۴، کتاب الحظر والإباحة، فصل فى الاستبراء، قبيل: فصل فى البيع، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق: ۸/۳۶۴، كتاب الكراهية، فصل فى الاستبراء، رشيديه)

(۲) "عن أجلح، عن الشعبى أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم تلقى جعفر بن أبى طالب، فالتزمه، وقبّل ما بين عينيه".

"عن إياس بن دغفل قال: رأيت أبانضرة قبّل خدّ الحسن رضى الله تعالىٰ عنه". (سنن أبى داؤد: ۲/۷۰۹، کتاب الأدب، باب فى قبلة ما بين العينين، دارالحديث ملتان)

"لا يكره تقبيل لزهد وعلم وكبر سن. قال النووى: تقبيل يد الغير إن كان لعلمه وصيانته وزهده وديانته ونحو ذلک من الأمور الدينية لم يكره بل يستحب. وإن كان لغناه أو جاهه فى دنياه، كره، وقيل: حرام، اهـ.

وقيل: الحرام ماكان على وجه التملق والتعظيم، وأما المأذون فيه فعند التوديع والقدوم من السفر وطول العهد بالصاحب، وشدة الحب فى الله مع أمن النفس. وقيل: لا يقبل الفم بل اليد والجبهه". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب المصافحة والمعانقة، الفصل الثانى: ۸/۴۲۲، رشيديه)

"وكره تحريماً -قهستانى- تقبيل الرجل فم الرجل أويده أوشيئاً منه، وكذا تقبيل المرأة المرأة عند لقاء أو وداع، قنية. وهذا لو عن شهوة، وأما على وجه البر، فجائز عند الكل، خانية. وفى الاختيار: عن بعضهم: لابأس به إذا قصد البر وأمن الشهوة كتقبيل وجه فقيه ونحوه". (الدر المختار).

قال العلامة الشامى رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: وأما على وجه البر، فجائز عندالكل)". قال =

## بزرگوں کے ہاتھ پیر چومنا

سوال[۹۱۸۰]: کسی کی صرف تعظیم وتوقیر بجالانا اوراس کومعبود نہ سمجھنا، یہ تعظیم جائز ہے یانہیں اور یہ شرک تونہیں؟ اپنے پیرومرشد سے ملاقات کے وقت ہاتھوں کا چومنا اور پیروں کا چومنا جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جومستحقِ تعظیم وتوقیر ہواس کی ایسی تعظیم وتوقیر بجالانا جوخدا کے ساتھ مخصوص نہیں جائز ہے، یہ شرک نہیں ہے۔ کسی بزرگ پیرومرشد کا ہاتھ چومنا جائز ہے(۱)۔ پَر اس طرح نہ چومے جس سے سجدہ کی صورت ہو جائے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۱/۲۵ھ۔

---

= الإمام العيني بعد كلام: فعلم إباحة تقبيل اليد والرجل والرأس والكشح كما علم من الأحاديث المتقدمة إباحتها على الجبهة، وبين العينين". (ردالمحتار: ۳۸۰/۶، كتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء وغيره، سعيد).

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۶۹/۵، كتاب الكراهية، الباب الثامن والعشرون في ملاقاة الملوك، رشيديه)

(۱) (تقدم تخريجه، ص: ۱۲۲، رقم الحاشية: ۲)

(۲)"عن أنس رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رجل: يارسول الله! -صلى الله تعالىٰ عليه وسلم- الرجل منا يلقى أخاه أوصديقه أينحني له؟ قال: "لا". (مشكوة المصابيح، ص: ۴۰۱، باب المصافحة والمعانقة، الفصل الثاني، قديمي كتب خانه)

قال الملا علي القاري رحمه الله تعالىٰ: "أينحني له" من الانحناء، وهو إمالة الرأس والظهر تواضعاً وخدمةً. "قال: "لا": أي فإنه في معنى الركوع، وهو كالسجود من عبادة الله سبحانه". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب المصافحة والمعانقه، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۶۸۰): ۴۶۱/۸، رشيديه)

"تقبيل الأرض بين يدي العلماء والعظماء فحرام، والفاعل والراضي به آثمان؛ لأنه يشبه عبادة الوثن. وهل يكفر إن على وجه العبادة والتعظيم؟ كَفَر. وإن على وجه التحية، لا، وصار آثماً مرتكباً =

## علماء کی قدم بوسی ودست بوسی

سوال[۹۱۸۱]: علماء وصلحاء کے ہاتھ پاؤں چومنا، ان کے آگے جھکنا کیا جائز ہے، کوئی گناہ نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

علم اور بزرگی کے احترام کی خاطر ہاتھ پیر چومنے کی اجازت ہے، مگر ایسا نہ ہو کہ سجدہ کی صورت بن جائے، اس کی اجازت نہیں (۱) جھکنے کی بھی حدیث شریف میں ممانعت آئی ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

---

= للكبيرة". (الدر المختار).

قال ابن عابدينؒ: "(قوله: إن على وجه العبادة أو التعظيم، كفر، الخ) تلفيق لقولين، قال الزيلعي: وذكر الصدر الشهيد أنه لا يكفر بهذا السجود؛ لأنه يريد به التحية. وقال شمس الأئمة السرخسي: إن كان لغير الله تعالى على وجه التعظيم، كفر، الخ. وقال القهستاني: وفي الظهيرية: يكفر بالسجدة مطلقاً. وفي الزاهدي: الإيماء في السلام إلى قريب الركوع كالسجود. وفي المحيط: أنه يكره الانحناء للسلطان وغيره، الخ. وظاهر كلامهم إطلاق السجود على هذا التقبيل".
(ردالمحتار: ۲/۳۸۳، فصل في الاستبراء وغيره، كتاب الحظر والإباحة، سعيد)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية: ۵/۳۶۹، الباب الثامن والعشرون في ملاقاة الملوك والتواضع لهم وتقبيل أيديهم أويد غيرهم وتقبيل رجل ووجه، رشيديه)

"وفي القهستاني: الإيماء في السلام إلى قريب الركوع كالسجود. وفي العمادية: ويكره الانحناء؛ لأنه يشبه فعل المجوس .......... وفي المجتبى: الإيماء بالسلام إلى قريب الركوع كالسجود، والانحناء مكروه". (مجمع الأنهر وملتقى الأبحر: ۲/۵۴۲، كتاب الكراهية، فصل في أحكام النظر ونحوه، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(۱) "لمّا قدمنا المدينة، فعلنا نتبادر من رواحلنا، فنقبّل يد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ورجله. ان عبد الرحمن بن أبي ليلى حدثهٗ أن عبد الله بن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما حدثه، وذكر قصة. قال: فدنونا يعني من النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقبّلنا يده". (سنن أبي داؤد، كتاب الأدب، باب في قبلة اليد: ۲/۷۰۹، دار الحديث ملتان) .......................... =

.......................................................................................................

= قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "ولا بأس بتقبيل يد الرجل العالم والمتورع على سبيل التبرك، درر. ونقل المصنف عن الجامع أنه لابأس بتقبيل يد الحاكم والمتدين والسلطان العادل. وقيل: سنة، مجتبى. وتقبيل رأسه: أى العالم أجود، كما في البزازيه، ولا رخصة فيه: أى في تقبيل اليد لغيرهما: أى لغير عالم وعادل، هوالمختار، مجتبى. وفى المحيط: إن لتعظيم إسلامه وإكرامه جاز، وإن لنيل الدنيا كره". (الدرالمختار).

قال العلامة الشامي: "(قوله: وقيل: سنة): أى تقبيل يد العالم والسلطان العادل. قال الشرنبلالي: وعلمت أن مفاد الأحاديث سنيته أو ندبه، كما أشار إليه العيني.................. أن رجلاً أتى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال: يارسول الله! أرني شيئاً أزداد به يقيناً فقال: "اذهب إلى تلك الشجرة فادعها". فذهب إليها، فقال: إن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يدعوك، فجاء ت حتى سلّمتْ على النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال لها: "ارجعي". فرجعت. قال: ثم أذن له فقبّل رأسه ورجليه.......... اهـ". (ردالمحتار: ۲/۳۸۳، كتاب الحظر والإباحة، فصل في الاستبراء وغيره، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/۳۶۹، الباب الثامن والعشرون في ملاقاة الملوك، رشيديه)

(۲) "عن أنس رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رجل: يارسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الرجل منا يلقى أخاه أوصديقه أينحني له؟ قال: "لا". (مشكوة المصابيح، ص: ۴۰۱، باب المصافحة والمعانقة، الفصل الثاني، قديمي)

قال الملا على القاري رحمه الله تعالى: "أينحني له" من الانحناء، وهو إمالة الرأس والظهر تواضعاً وخدمةً. "قال: "لا": أى فإنه في معنى الركوع؛ وهو كالسجود من عبادة الله سبحانه". (مرقاة المفاتيح، كتاب الأدب، باب المصافحة والمعانقة، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۶۸۰): ۸/۴۶۱، رشيديه)

"تقبيل الأرض بين يدى العلماء والعظماء فحرام، والفاعل والراضي به آثمان؛ لأنه يشبه عبادة الوثن. وهل يكفر إن على وجه العبادة والتعظيم؟ كُفّر. وإن على وجه التحية، لا، وصار آثماً مرتكباً للكبيرة". (الدرالمختار).

قال ابن عابدينؒ: "(قوله: إن على وجه العبادة أو التعظيم، كفر، الخ) تلفيق لقولين، قال =

## قدم بوسی

سوال[۹۱۸۲]: اعلیٰ حضرت! مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں شرعی رائے کا طلب گار ہوں، ازراہ کرم مدلل جواب سے نوازیں، اگر چہ رائے ہی مقلد کے لئے کافی ہے، مگر چونکہ بعض اناڑی قسم کے لوگوں سے سابقہ پڑا ہے، یہی وجہ ہے کہ خلافِ ادب مدلل جواب کے لئے لکھ رہا ہوں، امید ہے کہ گستاخی معاف ہوگی:

قدم بوسی کے بارے میں: "طحطاوی علیٰ مراقی الفلاح" میں ہے:

"وورد في أحاديث ذكرها البدر العيني مايفيد أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يقبل يده ورجله ........... فعلم من مجموع ما ذكرنا إباحة تقبيل اليد والرجل والكشح والرأس والجبهة والشفتين وبين العينين، ولٰكن كل ذلك إذا كان على وجه المبرة والإكرام. وفي الهداية: ويكره أن يقبل الرجل فم الرجل أو يده أوشيئاً منه أو يعانقه في إزار واحد. وقال

---

= الزيلعي: وذكر الصدر الشهيدأنه لا يكفر بهذا السجود؛ لأنه يريد به التحية. وقال شمس الأئمة السرخسي: إن كان لغيرالله تعالى على وجه التعظيم، كفر، الخ. وقال القهستاني: وفي الظهيرية: يكفر بالسجدة مطلقاً. وفي الزاهدي: الإيماء في السلام إلى قريب الركوع كالسجود. وفي المحيط: أنه يكره الانحناء للسلطان وغيره، الخ. وظاهر كلامهم إطلاق السجود على هذا التقبيل". (ردالمحتار: ۶/ ۳۸۳، فصل في الاستبراء وغيره، كتاب الحظر والإباحة، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/ ۳۶۹، الباب الثامن والعشرون في ملاقاة الملوك والتواضع لهم وتقبيل أيديهم أويد غيرهم وتقبيل رجل ووجه، رشيديه)

"وفي القهستاني: الإيماء في السلام إلى قريب الركوع كالسجود. وفي العمادية: ويكره الانحناء؛ لأنه يشبه فعل المجوس.......... وفي المجتبى: الإيماء بالسلام إلى قريب الركوع كالسجود، والانحناء مكروه". (مجمع الأنهر وملتقى الأبحر: ۴/ [illegible]، كتاب الكراهية، فصل في أحكام النظرونحوه، دارإحياء التراث العربي بيروت)

أبويوسف رحمه الله تعالىٰ: لابأس بذلك كله". ص: ١٧٥ (١)۔

وفيه أيضاً: "وأما المعانقة، فقالا بكراهتها، ويبيح: أی أبويوسف رحمه الله تعالىٰ للرجل معانقته مثله وتقبيله للمبرة بلا شهوة". ص:١٧٥ (٢)۔

ان عبارتوں پر نظر رکھتے ہوئے ایک مولوی صاحب کہتے ہیں کہ صاحبِ طحطاوی کا مکروہ کہنا طرفین کے قول کی بنا پر ہے، مگر تقبیل اور معانقہ کے بارے میں امام ابو یوسفؒ کے قول پر فتویٰ ہے، بلکہ ترکِ قدم بوسی اگر باعثِ اختلاف ہو اور افتراق بین الاقارب اور قطعِ رحم کا سبب ہو تو مستحب ہے، جیسا کہ قیام کے متعلق:

"قال ابن وهبان في شرحه: والقيام يستحب في زماننا، لما يورث تركُه من الحقد والبغضاء". طحطاوی، ص: ١٧٥ (٣)۔

کیا ان کی رائے صحیح ہے؟

## الجواب حامداًومصلياً:

جو شخص واجب الاکرام ہو، اس کی قدم بوسی کی اجازت ہے، لیکن اعتقاد میں غلو نہ ہو، اور سجدہ کی ہیئت نہ ہونے پائے:

" طلب من عالم أو زاهد أن يدفع إليه قدمه ويمكنه من قدمه ليقبّله، أجابه. وقيل: لا يرخص فيه"(٤)۔

عبارتِ منقولہ سے معلوم ہوا کہ اس میں دو قول ہیں: ایک میں اجازت ہے، وهو الأوسع۔ دوسرے میں ممانعت ہے، وهو الأورع۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

---

(١) (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، ص: ٣١٩، كتاب الصلوة، فصل في صفة الأذكار، قديمی)

(٢) (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، كتاب الصلوة، فصل في صفة الأذكار، ص: ٣٢٠، قديمی)

(٣) (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، المصدر السابق)

(٤) (الدرالمختار: ٦/٣٨٣، كتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء وغيره، سعيد)

"طلب من عالم أو زاهد أن يدفع إليه قدمه ليقبله، لا يرخص فيه ولا يجيبه إلى ذلک عند البعض، وذكر بعضهم: يجيبه إلى ذلک". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية: ٥/٣٦٩، الباب الثامن والعشرون في ملاقاة الملوک والتواضع لهم، رشيديه)

## تقبیل یدین ورجلین

السوال[۹۱۸۳]: ماتقولون فی تقبیل القدمین والیدین، وما ثبوته، ولمن یجوز، ولمن لا یجوز، ومن أیّ جهة؟ ولتکنِ الجوابات کلها من أجزاء السوالات بالدلائل المنقولة عن الکتب المشهورة مع الحوالات بالصفحات۔

المستفتی: فدوی محمد بدرالدجیٰ عفی عنہ، ضلع چاٹگام۔

الجوا ب حامداً ومصلیاً:

"ولا بأس بتقبیل ید الرجل العالم والمتورع علی سبیل التبرك، درر. ونقل المصنف عن الجامع أنه لا بأس بتقبیل ید الحاکم المتدین و السلطان العادل. وقیل: سنة، مجتبی. وتقبیل رأسه: أی العالم أجود، کما فی البزازیة. ولا رخصة فیه: أی فی تقبیل الید لغیرهما: أی لغیر عالم وعادل، هوالمختار، مجتبی. وفی المحیط: إن لتعظیم إسلامه وإکرامه، جاز، وإن لنیل الدنیا کره. طلب من عالم أو زاهد أن یدفع إلیه قدمه ویمکنه من قدمه لیقبله، أجابه. وقیل: لا یرخص فیه، الخ". الدرالمختار۔

قال الشامی: "(قوله: أجابه) لما أخرجه الحاکم أن رجلاً أتی النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم، فقال: یارسول اللّٰہ! -صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم- أرنی شیئاً أزداد به یقیناً، فقال: "اذهب إلی تلك الشجرة، فادعها". فذهب فقال: إن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم یدعوك، فجاء ت حتی سلمت علی النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم، فقال: لها: "ارجعی". فرجعت. قال: ثم أذن له، فقبّل رأسه ورجلیه". وقال: "لو کنت امر أحداً أن یسجد لأحد، لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها". وقال صحیح الإسناد، الخ". من الرسالة الشرنبلالیة، الخ". ردالمحتار علی در المختار، کتاب الخطر والإباحة: ۵/۳۳۷(۱)۔ فقط

(۱) (ردالمحتار: ۶/ ۳۸۳، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی الاستبراء وغیره، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة: ۵/ ۳۶۹، الباب الثامن والعشرون فی ملاقاة الملوک، رشیدیه)

**سوال:** "قدم اور ہاتھ چومنے کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ اس کا ثبوت کیا ہے کس کے لئے جائز اور کس کے لئے =

واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین المفتی بمدرسۃ مظاہر علوم سہارنفور، الہند۔

الجواب صحیح: سعید أحمد غفرلہ، المبتلی بأمانۃ الإفتاء بالمدرسۃ العالیۃ المشتہرۃ بمظاہر علوم، الواقعۃ ببلدۃ سہارنفور، یوپی، ۷/ جمادی الأولیٰ/ ۶۷ھ۔

## ماں کے پیروں کو تعظیماً چھونا

**سوال[۹۱۸۴]:** کیا اسلامی اصول کے مطابق تعظیماً ماں کے پَیر چھونا جائز ہے یا نہیں؟ قرآن وحدیث سے دلیل عنایت فرمائیں۔

= ناجائز اور کس وجہ سے؟

**جواب:** ''عالم صاحبِ ورع کے ہاتھ کو بوسہ دینا بطور تبرک اس میں کچھ حرج نہیں، دُرر۔ اور مصنف نے جامع سے نقل کیا ہے کہ دیانت دار حاکم اور سلطانِ عادل کے ہاتھ کو بوسہ دینے میں کوئی حرج نہیں اور کہا گیا ہے کہ سنت ہے مجتبیٰ۔ اور ان کے علاوہ (لوگوں) کے ہاتھ کو بوسہ دینے کی اجازت نہیں۔ یہی مختار ہے۔ (مجتبیٰ) اور محیط میں ہے کہ اگر اس کے اسلام کی تعظیم اور اس کے اکرام کی بناء پر ہو تو جائز ہے اور اگر حصول دنیا کے لئے ہو تو مکروہ ہے۔ کسی عالم یا زاہد سے ان کے قدم کے بوسہ دینے کی اجازت طلب کی گئی تو ان کو اس کا موقع دے دینا چاہیے اور کہا گیا ہے کہ اس کی اجازت نہیں۔ اھ۔ درمختار۔ شامی نے درمختار کے قول اجابہ (اس کا موقع دے دے) کے تحت لکھا ہے کہ حاکم نے روایت نقل کی ہے کہ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا مجھے ایسی چیز دکھایئے جس سے میرے یقین میں اضافہ ہو تو آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ اس درخت کو بلا لاؤ وہ گیا اور اس درخت سے کہا کہ تجھ کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بلا رہے ہیں، اس پر وہ حاضر خدمت ہوا اور حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سلام کیا آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا واپس جاؤ وہ چلا گیا پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس شخص کو اجازت دی، اس نے آپ کے سرِ مبارک اور قدمینِ مبارکین کو بوسہ دیا۔ اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میں کسی کو غیر اللہ کے لئے سجدہ کرنے کی اجازت دیتا تو عورت کو حکم کرتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے۔

حاکم نے اس روایت کو صحیح الاسناد کہا ہے۔ اھ۔ رسالہ شرنبلالی سے یہ ماخوذ ہے۔ ردالمحتار علی الدر المختار: ۵/ ۳۳۷، باب الحظر والإباحۃ فقط۔

الجواب حامداًومصلیاً:

تعظیم کے لئے ماں کے پیروں کو چھونا قرآن پاک کی کسی آیت اور حدیث شریف کی کسی روایت میں نہیں دیکھا، یہ اسلامی تعظیم نہیں، بلکہ غیروں کا طریقہ ہے جس سے بچنا چاہیے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## والدین کی قدم بوسی

سوال[۹۱۸۵]: والدین، مرشد، اساتذہ کی بخیالِ خیر قدم بوسی کر سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

والدین، اساتذہ، مشائخ کی قدم بوسی کی اجازت ہے بشرطیکہ سجدہ کی ہیئت نہ پیدا ہو جائے، اور دیکھنے والوں کو یہ محسوس نہ ہو کہ یہ سجدہ کررہا ہے، ورنہ اجازت نہیں(۲)۔اور احتیاط کا تقاضا بھی ہے کہ ان کی بھی قدم بوسی نہ کی جائے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۸/۲/۱۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۸۸/۲/۱۰ھ۔

## پیر یا والدین کے پیر کو چومنا

سوال[۹۱۸۶]: پیر یا والدین یا استاد کے پاؤں کو محبت یا عزت سے بوسہ دینا یا ہاتھ لگا کر ملنا کیسا ہے؟

---

(۱) چونکہ اس میں جھکنا پڑتا ہے جس سے رکوع اور سجدہ کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے، اس لئے یہ درست نہیں، راجع للتخریج، ص: ۱۲۷، رقم الحاشیة: ۲، وص: ۱۲۴، رقم الحاشیة: ۲. واللہ اعلم بالصواب.

البتہ حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ:

''ظاہراً قواعد سے تفصیل معلوم ہوتی ہے کہ اگر ممسوح متبرک، متقی ہو اور ماسح متبع سنت، صحیح العقیدہ ہو تو جائز ہے، ورنہ ناجائز۔واللہ اعلم''۔(إمداد الفتاوی: ۴/۲۷۹، مکتبہ دار العلوم کراچی)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: (جواہر الفقہ، دست بوسی وقدم بوسی، اقوال فقہاء، سوال دوم: ۱/ ۲۰۰، مکتبہ دارالعلوم کراچی)

(۲) (راجع، ص: ۱۲۷، رقم الحاشیة: ۲)

الجواب حامداًومصلياً:

۱...... پاؤں کو چومنے میں بسا اوقات سجدہ کی صورت ہو جاتی ہے، نیز دوسروں کے عقائد خراب ہونے کا اندیشہ ہے کہ وہ تعظیم میں غلو کریں گے، لہذا احتیاط یہ ہے کہ اس سے اجتناب کیا جائے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی، مدرسہ مظاہر علوم، ۲۶/۱۲/۵٦ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۲۹/ ذی الحجہ/ ۵٦ھ۔

## عورت کا شوہر کے پیروں کو چھونا

سوال[۹۱۸۷]: کیا بیوی شوہر کے پیر چھو سکتی ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

پیر چھونا اسلامی تعظیم نہیں ہے، بلکہ غیروں کا طریقہ ہے، اس سے بچنا لازم ہے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۱۴/۱۰/۹۲ھ۔

## بڑوں کے پَیر پکڑ کر دعائیں لینا

سوال[۹۱۸۸]: زید اپنے بچوں سے کہتا ہے کہ ماں، دادا، دادی وغیرہ کے پیر پکڑ کر ان سے

---

(۱) "وفي رسالة المصافحة للشرنبلالي عن شيخ مشايخه الحانوتي: التحية بالركوع، واسترخاء الرأس مكروهة لكل أحد مطلقاً". (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، كتاب الصلوة، فصل في صفة الأذكار، ص: ۳۲۰، قديمي)

"طلب من عالم أوزاهد أن يدفع إليه قدمه ليقبله، لايرخص فيه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثامن والعشرون في ملاقاة الملوك والتواضع لهم: ۵/ ۳٦۹، رشيديه)

(وكذا في جواهر الفقة، باب دست بوسی وقدم بوسی، اقوال فقہاء، سوال دوم: ۱/ ۲۰۰، مكتبه دار العلوم كراچی)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، باب الإستبراء وغيره: ٦/ ۳۸۳، سعيد)

(۲) اس چھونے کی حالت میں رکوع کی اقرب ہیئت بن جاتی ہے، جو کہ ناجائز ہے، (كما تقدم تخريجه تحت المسئلة المتقدمة آنفاً)

دعائیں لو، اس لئے کہ وہ نیک اور بزرگ ہستیاں ہیں، مثلاً: عید وغیرہ کے موقع پر، یا سفر میں آنے جانے کے وقت۔ تو یہ پیر پکڑنا کیا جائز ہے؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

تبرکاً وتعظیماً کسی بزرگ کے پیر کو بوسہ دینے کی اجازت ہے جبکہ سجدہ کی ہیئت پیدا نہ ہو اور عقیدہ بھی خراب نہ ہو(۱)۔ پَیر پکڑنا جس کو "پیر لاگن" بھی کہتے ہیں، یعنی صرف پَیروں کو چھو لینا یہ برہمنوں کے یہاں تعظیم کا رواج اور ان کا شعار ہے، اس سے پرہیز لازم ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۱/۹۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، ۱۹/۱/۹۵ھ۔

## پَیر پکڑ کر معافی مانگنا

سوال[۹۱۸۹]: پیر پکڑ کر معافی مانگنا اسلام میں جائز ہے یا نہیں؟ اس لئے کہ پیر پکڑنے میں جھکنا پڑتا ہے اور کسی کے سامنے جھکنا درست نہیں ہے۔ پس اگر جائز ہے تو اچھا ہے یا نہیں؟

---

(۱) "عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنه، قال: قال رجل: یارسول اللہ! -صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم- الرجل منا یلقی أخاه أو صدیقه أینحنی له؟ قال: "لا"". (مشکوة المصابیح، کتاب الآداب، باب المصافحة والمعانقة، ص: ۴۰۱، قدیمی)

"الانحناء للسلطان أو لغیره مکروه؛ لأنه یشبه فعل المجوس". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الثامن والعشرون: ۵/۳۶۹، رشیدیه)

"وأما تقبیل ید صاحبه عند اللقاء فمکروه بالإجماع، وکذا مایفعلونه من تقبیل الأرض بین یدی العلماء، والعظماء، فحرام، والفاعل والراضی به آثمان؛ لأنه یشبه عبادة الوثن". (الدرالمختار)

وقال ابن عابدین رحمه اللہ تعالیٰ: "وفی الزاهدی: الإیماء فی السلام إلی قریب الرکوع کالسجود، وفی المحیط: أنه یکره الأنحناء للسلطان وغیره، اهـ. وظاهر کلامهم إطلاق السجود علی هذا التقبیل". (ردالمحتار، کتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء وغیره: ۶/۳۸۳، سعید)

(۲) "وعنه (أی ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما) قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم فهو منهم"". (مشکوٰة المصابیح، ص: ۳۷۵، کتاب اللباس، الفصل الثانی، قدیمی)

الجواب حامداً ومصلياً:

معافی مانگنے کے لئے پیر پکڑنا کہیں نظر سے نہیں گزرا، بظاہر تو یہ برہمن کی تعظیم ہے، بغیر معافی کے بھی ان کے یہاں کسی کے پیر چھونے کا رواج ہے جس کو "پیرلاگن" کہتے ہیں بطور کسی عالم زاہد کے پیر کو بوسہ دینا مصرح ہے:

"طلب من عالم أو زاهدٍ أن يدفع إليه قدمه ويمكنه من قدمه ليقبله، أجابه"(۱)۔

مگر اس کے مقابلہ میں دوسرا قول بھی ہے: "وقيل: لا يرخص فيه، اه". درمختار (۲)۔

اس کے ثبوت میں علامہ شامی نے: ۵/ ۲۴۵، میں لکھا ہے:

"أخرجه الحاكم أن رجلاً أتى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقال: يارسول الله! أرني شيئاً أزداد به يقيناً. فقال: "اذهب إلى تلك الشجرة فادعها". فذهب إليها، فقال: إن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يدعوك. فجاءت حتى سلّمت على النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقال لها: "ارجعي" فرجعت. قال: ثم أذن له فقبل رأسه ورجليه". وقال: "لوكنت آمراً أحداً أن يسجد لأحد، لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها". وقال: صحيح الإسناد. من رسالة الشرنبلالي، اه"(۳)۔

مگر ایسی ہیئت نہ ہو کہ سجدہ کی شکل بن جائے (۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## والدین یا استاد کی قبر کو بوسہ دینا

سوال [۱۹۰۰۹]: پیر یا والدین یا استاد کی قبر کو پیار یا عزت سے بوسہ دینا عندالشرع الشریف کیا حکم ہے، جائز ہے یا ناجائز؟

---

(۱) (الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في الاستبراء وغيره: ۶/ ۳۸۳، سعيد)

(۲) (الدرالمختار، المصدر السابق)

(۳) (الدرالمختار مع ردالمحتار، المصدر السابق)

(۴) (راجع، ص: ۱۲۷، رقم الحاشية: ۲)

الجواب حامداًومصلیاً:

ناجائز ہے:

"ولا يمس القبر ولا يقبّله، فإنه من عادة أهل الكتاب، ولم يعهد الاستلام إلا للحجر الأسود والركن اليماني خاصةً، اه". طحطاوی، ص: ۲۳۱(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی، مدرسہ مظاہر علوم، ۲۶/۱۲/۵۶ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۲۹/ ذی الحجہ/۵۶ھ۔

## امرد کا بوسہ بلا شہوت

سوال[۱۹۱۹]: ایک مولوی صاحب کی زبانی سنا ہے کہ امرد کا بوسہ لینا بغیر شہوت کے جائز ہے۔ اور تقویت کے لئے یہ بھی بیان کیا ہے کہ کنز الدقائق کے حاشیہ پر بھی لکھا ہے۔ سو مذکورہ مسئلہ کے بارے میں کیا حکم ہے، آیا امرد کا بوسہ لینا جائز ہے یا نہیں؟ اور کنز کے حاشیہ پر ہے کہ نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

میں نے کنز الدقائق کے حاشیہ پر یہ مسئلہ نہیں دیکھا، ان سے عبارت یا باب وغیرہ کا حوالہ لیکر لکھیں تو اس کو دیکھا جائے۔ تقبیل کی اقسام، درمختار، کتاب الخطر والإباحة میں فصل فی البیع سے کچھ

---

(۱) (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، ص: ۶۲۰، فصل فی زيارة القبور، قديمی)

"وفي القنية: قال أبو الليث: لا يعرف وضع اليد على القبر سنةً ولا مستحباً، ولا نرى به بأساً. وقال علاء الدين التاجري: هكذا وجدناه من غير نكير من السلف. وقال شرف الأئمة: بدعة. وعن جار الله العلامة: مشايخ مكة ينكرون ذلك ويقولون: إنه عادة أهل الكتاب. وفي إحياء علوم الدين: إنه من عادة النصارى، انتهى. ولا شك أنه بدعة لاسنة فيه ولا أثر عن صحابي ولا عن إمام ممن يعتمد عليه فيكره، ولم يعهد الاستلام في السنة إلا للحجر الأسود والركن اليماني خاصةً". (الحلبي الكبير، ص: ۶۰۸، مبحث زيارة القبور، سهيل اكيڈمی لاهور)

"ومن البدع وضع اليد على القبر". (ملتقى الأبحر على هامش مجمع الأنهر: ۱/۱۸۸، فصل في الصلاة على الميت، دارإحياء التراث العربي بيروت)

قبل مذکور ہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

(۱) "(فائدة) قيل: التقبيل على خمسة أوجه: قبلة المودّة للولد على الخد، وقبلة الرحمة لوالديه على الرأس، وقبلة الشفقة لأخيه على الجبهة، وقبلة الشهوة لمرأته وأمَته على الفم، وقبلة التحية للمؤمنين على اليد. وزاد بعضهم قبلة الديانة للحجر الأسود، جوهرة". (الدر المختار على ردالمحتار: ۳۸۴/۶، كتاب الحظر والإباحة، سعيد)

مذکورہ عبارت میں امرد کو بوسہ دینے کا ذکر نہیں، لہٰذا خوفِ فتنہ کی وجہ سے اس سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

# باب الترضی والترحم

## (رضی اللہ عنہ اور علیہ السلام کہنے کا بیان)

### "علیہ السلام" و"رضی اللہ عنہ" کا استعمال

سوال[۹۱۹۲]: "علیہ السلام" کہنا کیا انبیاء علیہم السلام کے لئے خاص ہے؟ اگر ایسا ہے تو پھر فرشتوں، مثلاً: جبرئیل علیہ السلام، اسرافیل علیہ السلام کیوں کہا جاتا ہے؟ اسی طرح سنا گیا ہے کہ "رضی اللہ عنہ" صحابہ کرام کے لئے خاص ہے، مگر بعض عوام اور بعض بزرگانِ دین کو سنا گیا ہے کہ وہ صحابہ کرام کے علاوہ دیگر حضرات، مثلاً: امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور بریلوی حضرات اعلیٰ حضرت کو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں۔ تو یہ کہاں تک درست ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

سلام، دعائیہ کلمہ ہے جو اپنی اصل کے اعتبار سے غیر انبیاء علیہم السلام کے لئے بھی بولا جاسکتا ہے(۱)،

---

(۱)"وأما السلام، فقال الشيخ أبو محمد الجويني من أصحابنا: هو في معنى الصلوة، فلا يستعمل في الغائب، ولا يفرد به غير الأنبياء، فلا يقال: عليٌّ عليه السلام، وسواء في هذا الأحياء والأموات. وأما الحاضر فيخاطب به فقال: سلامٌ عليك، والسلام عليك، أو عليكم، وهذا مجمع عليه، انتهى ما ذكره. قلت: وقد غلب هذا في عبارة كثير من النساخ لكتب أن يفرد عليٌّ رضي الله عنه بأن يقال: عليه السلام من دون سائر الصحابة، أو كرم الله وجهه. وهذا وإن كان معناه صحيحاً، ولكن ينبغي أن يسوى بين الصحابة في ذلك، فإن هذا من باب التعظيم والتكريم، فالشيخان وأمير المؤمنين عثمان أولى بذلك منه رضي الله عنهم أجمعين". (تفسير ابن كثير، (سورة الأحزاب: ۵۶): ۴/۵۱۷، سهيل اكيڈمی لاهور)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: (كشف الباری عما فی صحيح البخاری للشيخ سليم الله خان دامت=

ہمیشہ وقتِ ملاقات اس کی تعلیم بھی دی گئی ہے:"السلام علیکم وعلیکم السلام"(۱)۔ پنجگانہ نمازوں کے ختم پر امام اور مقتدی سب ہی کہتے ہیں:"السلام علیکم ورحمۃ اللہ"اس میں امام اور مقتدی، نیز ملائکہ کی

---

= فیوضهم، كتاب التفسير، باب تفسير سورة الذاريات، کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نام کے ساتھ "علیہ السلام" لکھنا جائز ہے، ص: ۲۲۲، مکتبہ فاروقیہ کراچی)

(۱) "عن عبد الله بن عمرو رضي الله عنهما أن رجلاً سأل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أيّ الإسلام خيرٌ؟ قال: "تطعم الطعام، وتقرأ السلام على من عرفت ومن لم تعرف". (صحيح البخاري، كتاب الإيمان، باب إفشاء السلام من الإسلام: ۱/۹، قديمي)

"أن الطفيل بن أبي بن كعب أخبره أنه كان يأتي عبد الله بن عمر رضي الله عنهما فيغدو معه إلى السوق،قال: فإذا غدونا إلى السوق لم يمرّ عبد الله بن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما على سقّاط ولا على صاحب بيعة ولا مسكين ولا أحد إلا سلّم عليه ...... قال: وأقول: اجْلس بناههنا نتحدث، قال: فقال لي عبدالله ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما: يا أبابطن! -وكان الطفيل ذابطن- إنما نغدو من أجل السلام نسلّم على من لقينا". (مؤطا الإمام مالك، كتاب الجامع، باب جامع السلام، ص: ۷۲۵، مير محمد)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: (كتاب الأذكار للنووي رحمه الله، كتاب السلام والاستئذان وتشميت العاطس وما يتعلق بها، باب فضل السلام والأمر بإفشائه، ص: ۳۰۵، دار البيان، بيروت)

"عن أبي أمامة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إن أولى الناس بالله من بدأ بالسلام". رواه أحمد و أبو داؤد والترمذي". (مشكاة المصابيح، كتاب الآداب، باب السلام، الفصل الثاني، ص: ۳۹۸، قديمي)

"و عن علي رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "للمسلم على المسلم ست بالمعروف: يسلم عليه إذا لقيه". الحديث. (مشكاة المصابيح، باب السلام، الفصل الثاني، ص: ۳۹۸، قديمي)

"والأفضل للمسلم أن يقول: السلام عليكم و رحمة الله و بركاته، والمجيب كذلك يرد.......... و يأتي بواو العطف في قوله: وعليكم السلام". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام: ۵/۳۲۵، رشيديه)

نیت کی جاتی ہے(۱)۔کوئی شخص کسی کا سلام پہونچائے تو کہا جاتا ہے: "علیه و علیکم السلام"(۲)۔

اصولِ فقہ کی مشہور کتاب، اصول الشاشی کے شروع میں ہے: "والسلام علی أبی حنیفة وأحبابه رضی اللّٰه تعالیٰ عنهم" (۳)۔

قرآن کریم "سورۂ لم یکن" میں نیکوکار مؤمنین کے لئے ارشاد فرمایا گیا: ﴿رضی اللّٰه عنهم﴾(٤) صحابہ کرام کی تخصیص نہیں، لیکن عرفاً یہ لفظ صحابہ کرام کے لئے مستعمل ہوتا ہے، پس جہاں غیرِ صحابی کے ساتھ التباس ہوتا ہو، وہاں غیر صحابی کے لئے بولنے سے احتراز (بچنا) چاہئے۔

اعلیٰ حضرت کے معتقدین ان کو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے افضل اور بعض ان کو صحابہ کرام کا مظہرِ اتم قرار دیتے ہیں جیسا کہ ''وصایا شریف'' کے مختلف ایڈیشنوں سے ظاہر ہے، وہاں احتراز لازم ہے(۵)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "(ثم یسلم بتسلیمتین) و یقول: السلام علیکم و رحمة الله، کذا فی المحیط". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلاة، الفصل الثالث فی سنن الصلاة، الخ: ۱/۷٦، رشیدیه)

(۲) "و یستحب أن یرد علی المبلّغ أیضاً، فیقول: و علیک و علیه السلام". (رد المحتار، کتاب الحظر والإباحة: ۶/۴۱۵، فصل فی البیع، سعید)

(۳) (أصول الشاشی، ص: ۵، قدیمی)

(۴) (سورة البینة: ۸)

(۵) "یستحب الترضی والترحم علی الصحابة والتابعین فمن بعدهم من العلماء والعباد وسائر الأخیار، فیقال: رضی الله عنه، أو رحمه الله، ونحو ذلک. وأما ما قاله بعض العلماء: إن قوله: رضی الله عنه مخصوصٌ بالصحابة، ویقال فی غیرهم: رحمه الله فقط، فلیس کما قال، ولا یوافق علیه، بل الصحیح الذی علیه الجمهور استحبابه، ودلائله أکثر من أن تحصر. فإن کان المذکور صحابیاً ابن صحابی قال: قال ابن عمر رضی الله عنهما، وکذا ابن عباس، وابن الزبیر، وابن جعفر، وأسامة بن زید ونحوهم، یشمله وأباه جمیعاً". (کتاب الأذکار للنووی رحمه الله، باب الصلوة علی الأنبیاء والهم تبعاً لهم صلی الله تعالیٰ علیهم وسلم، فصل: یستحب الترضی والترحم علی الصحابة والتابعین، ص: ۱٦۰، دارالبیان بیروت) ............ =

## اہلِ بیت کے لئے "علیہ السلام" کا استعمال

سوال[۹۱۹۲]: زید امام عالی مقام امام حسین کے ساتھ "علیہ السلام" کہتا ہے، لیکن عمر منع کرتا ہے۔ زید کہتا ہے کہ علمائے اہلِ سنت اور اربابِ فتاویٰ تو صلوٰۃ پر پابندی لگاتے ہیں کہ غیر انبیاء کو اصالۃً صلوٰۃ نہیں بھیج سکتے، "علیہ السلام" پر کوئی پابندی نہیں لگاتے، کتبِ فقہ: شامی وعالمگیری وغیرہ (۱)۔ نیز حضرات حسنین کو "علیہ السلام" کہنے کے بہت سے دلائل ہیں، چنانچہ:

۱- آیتِ قرآنی: ﴿سلام علی إلیاسین﴾ کی دوسری قرأت امام نافع مدنی اور ابن عامر سے: ﴿سلام علی آل یاسین﴾ ہے، جس کی تفسیر میں مفسر ابن کثیر: "یعنی "آل محمد" لکھتے ہیں (۲) اور تفسیر ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں بھی ایسا ہی ہے (۳)۔ چونکہ حضرات حسنین آلِ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں، لہذا ان کے ساتھ "علیہ السلام" کہنا قرآن سے ثابت ہے۔

---

= "(ویستحب الترضي للصحابة رضي الله عنهم) وكذا من اختُلف في نبوته كذي القرنين ولقمان". (الدر المختار). "(قوله: ويستحب الترضي للصحابة)؛ لأنهم كانوا يبالغون في طلب الرضاء من الله تعالیٰ، ويجتهدون في فعل ما يرضيه، ويرضون بما يلحقهم من الابتلاء من جهته أشد الرضاء، فهؤلاء أحق بالرضا، وغيرهم لا يلحق أدناهم ولو أنفق ملء الأرض ذهباً". (ردالمحتار، كتاب الخنثى، مسائل شتى: ۶/۷۵۴، سعيد)

(۱) "ولا يصلى على غير الأنبياء ولا غير الملائكة إلا بطريق التبع". (ردالمحتار، كتاب الخنثى، مسائل شتى: ۶/۷۵۳، سعيد)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الكراهية، مسائل شتى: ۶/۴۴۶، رشيديه)

(۲) ﴿سلام على إل ياسين﴾ كما يقال في إسماعيل: إسماعين، وهي لغة بني أسد .......... وقرأ آخرون ﴿سلام على إدراسين﴾ وهي قرأة ابن مسعود رضي الله تعالیٰ عنه. وقرأ آخرون: ﴿سلام على آل ياسين﴾ يعني آل محمد صلى الله تعالیٰ عليه وسلم". (تفسير ابن كثير، (الصافات: ۱۳۰): ۴/۲۸، مكتبة دار السلام)

(۳) "﴿سلام﴾ منا سعادة و سلامة ﴿على آل ياسين﴾ على آل محمد عليه السلام". (تفسير ابن عباس على هامش الدر المنثور، (الصافات): ۴/۳۴۵، مؤسسة الرسالة بيروت)

۲-مفسرین میں امام رازی رحمہ اللہ تعالیٰ اور قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی تفسیر میں حضرات حسنین کے نام کے ساتھ "علیہ السلام" لکھا ہے۔امام ابوبکر جصاص رازی رحمہ اللہ تعالیٰ جو فقہ حنفی میں صاحب ہدایہ سے بھی بلند پایہ ہیں، انہوں نے احکام القرآن میں جابجا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو "علیہ السلام" لکھا ہے۔

۳-امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ جو بالاتفاق امام المحدثین ہیں، انہوں نے بھی اپنی کتاب صحیح بخاری شریف میں متعدد جگہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ "علیها السلام" لکھا ہے، دیکھئے: فتح الباري علی هامش صحیح البخاري، جلد اول،ص:۵۶، ۵۴۳، ۵۲۶، جلد دوم،ص: ۵۷۶، ۶۰۰، ۶۱۰، جلد ہفتم، ص: ۵۳، ۱۱۴، ۲۳۶، ۳۴۵، ۳۴۷، ۳۵۵، ۳۵۷۔

۴-امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے الأدب المفرد مطبوعہ دارالاشاعت، مولوی مسافر خانہ بندر روڈ کراچی، میں لکھا ہے:

"عن عدی بن ثابت رضی اللّٰه تعالیٰ عنه قال: سمعت البراء یقول: رأیت رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم والحسن صلوات اللّٰه علیه علی عاتقه هو یقول: "اللّٰهم! إنی أحبه فأحبه"(۱)۔

۵-امام ابوداؤد رحمہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب سنن ابی داؤد میں لکھتے ہیں:

"مرّ بحسن بن علی علیهما السلام" ملاحظہ ہو:"سنن أبی داؤد، مطبع قادری دهلی، ص: ۹۳، ۹۴، جلد اول(۲)۔

۶-شاہ ولی اللہ دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ "شرح تراجم بخاری" میں لکھتے ہیں: "من قتل الحسین علیه السلام"۔ شرح تراجم ابواب بخاری، ص: ۳۲، ہمراہ صحیح البخاری، مطبوعہ رشیدیہ کتب خانہ دہلی (۳)۔

---

(۱) (الأدب المفرد، باب حمل الصبي علی العاتق، ص: ۴۵، رحمانیه لاہور)

(۲) (السنن لأبی داؤد، کتاب الصلوة، باب فی الرجل یصلی عاقصاً شعره: ۱/ ۲۲، إمدادیه)

(۳) (رسالة شرح تراجم، أبواب صحیح البخاری فی مقدمة صحیح البخاری، کتاب الجهاد، باب ماقیل فی قتال الروم: ۱/ ۳۲، قدیمی)

ان کے علاوہ اس کثرت سے علمائے اہل سنت نے حضرات حسنین کے ساتھ "علیہ السلام "لکھا ہے جس کا شمار مشکل ہے۔

علمائے دورِ حاضر کے محققین نے بھی ان حضرات کو "علیـــه الســلام "لکھا ہے، مثلاً: مولانا شبلی نعمانی ''سیرۃ النبی'' میں، مولانا سید سلیمان ندوی ''خطباتِ مدراس'' میں، مولانا ابوالکلام آزاد ''شہید اعظم'' میں، مولانا عبدالسلام ندوی ''اسوۂ صحابہ'' وغیرہ میں۔

مذکورہ دلائل کے ہوتے ہوئے عمر کا ان حضرات کو "علیـــه الســلام" کہنے سے روکنا صحیح ہے یا نہیں؟ قرآن وحدیث وفقہ سے ثبوت کے ساتھ جواب تحریر فرمائیں۔

**الجواب حامداً و مصلیاً:**

فی نفسہ "الســلام عـلیــه" یا "عـلیــه الســلام" نبی کے ساتھ مخصوص نہیں ہے، غیر نبی کے لئے بھی استعمال کرنا درست ہے، اس کے لئے معصوم ہونا بھی ضروری نہیں ہے، چنانچہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے متعدد مواقع میں اس کے استعمال کی اجازت دی ہے۔ اصولِ فقہ کی درسی کتاب ''اصول الشاشی'' کے شروع میں مصنف نے لکھا ہے: "والسـلام علی أبی حنیفة وأحبابه "(۱)۔ اس کو بھی حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے استدلال میں پیش فرمایا ہے اور جلیل القدر محدثین کے حوالے بھی دیئے ہیں(۲)، مگر شرح فقہ اکبر، ص:۲۰۴، میں ہے:

"وفـی الخلاصة أیضاً: إن فی الأجناس عن أبی حنیفة رحمه الله تعالیٰ: لا یصلی علی غیـر الأنبیـاء والـمـلائکة، و من صلی علی غیرهما لا علی جهة التبعیة، فهو غال من الشیعة التی سُمّیت بالروافض، انتهیٰ. و مفهومه أن حکم السلام لیس کذلک، و لعل وجهه أن السلام تحیة أهـل الإسـلام، و لا فـرق بیـن "السلام علیه" و "علیه السلام" إلا أن قوله: علیٌّ علیه السلام من

---

(۱) (أصول الشاشی، ص: ۵، قدیمی)

(۲) ''لفظ سلام کا غیر انبیاء کی شان میں کہہ سکتے ہیں، اس کی سند یہ ہے کہ اہل سنت کی کتب قدیمہ حدیث میں علی النصوص ابوداؤد، صحیح بخاری میں حضرت علیؓ وحضرات حسنینؓ، وحضرت فاطمہؓ وحضرت خدیجہؓ وحضرت عباسؓ کے ذکر کے ساتھ لفظ علیہ السلام کا مذکور ہے''۔ (فتاویٰ عزیزی، باب الخلافة، عنوان: بارہ امام پر بالاستقلال درود کا فیصلہ، ص: ۲۳۵، سعید)

شعار أهل البدعة، فلا يستحسن فى مقام المرام، اهـ"(۱)۔

پس اگر کسی جگہ حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ مثلاً "علیہ السلام" کہنا روافض کا شعار ہو کہ وہ معصوم مان کر ایسا کہتے ہوں تو اس شعار سے بچنے کے لئے دیگر اکابر حضرات ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی، حضرت عائشہ، حضرت خدیجۃ الکبریٰ، حضرت فاطمۃ الزہراء- رضی اللہ تعالیٰ عنہم و جمیع الصحابۃ- کے اسمائے مبارکہ کے ساتھ اس لفظ کا استعمال کرلیا جائے، یا پھر حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام کے ساتھ بھی نہ استعمال کیا جائے جس سے کہ اہلِ باطل کے شعار سے تحفظ ہو جائے (۲)۔

احقر کے خیال میں یہ مسئلہ اتنا اہم نہیں کہ اس کو محاذ بنا کر منظرِ کربلا پیش کر دیا جائے۔ طرفین کے دلائل فراہم کرنے سے کچھ ایسا ہی اندازہ ہوتا ہے۔ اللہ پاک ہر فتنہ سے محفوظ رکھے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۴/۴ھ۔

## "علیہ السلام" اور لفظ "امام" کا استعمال

سوال[۹۱۹۳]: زید کہتا ہے کہ حدیث پاک: "من تشبه بقوم فهو منهم" (۳) کی روشنی میں ہم اہل السنۃ والجماعت کو ہر اس چیز سے بچنا چاہئے جو کسی قوم کا خاصہ اور شعار ہو، مثلاً: رافضیوں کا شعار ہے کہ وہ حضرات حسنین کے لئے "علیہ السلام" کہتے ہیں اور جب اپنے بچوں کے نام رکھتے ہیں تو حیدر علی، امام علی،

---

(۱) (شرح الفقه الأكبر، ص: ۱۶۶، ۱۶۷، قديمى)

(۲) "قلت: و قد غلب هذا في عبارة كثير من النساخ للكتب أن ينفرد علي رضى الله تعالىٰ عنه بأن يقال: "عليه السلام" من دون سائر الصحابة، أو "كرم الله وجهه". و هذا وإن كان معناه صحيحاً، لكن ينبغى أن يسوّي بين الصحابة في ذلک، فإن هذا من باب التعظيم و التكريم، فالشيخان وأمير المؤمنين عثمان أولى بذلک منه رضى الله تعالىٰ عنهم أجمعين". (تفسير ابن كثير، (سورة الأحزاب: ۵۶): ۳/۶۸۲، دار الفيحاء دمشق)

"والظاهر أن العلة فى منع السلام ما قاله النووي في علة منع الصلاة: إن ذلک شعار أهل البدع". (ردالمحتار، كتاب الخنثى، مسائل شتى: ۶/۷۵۳، سعيد)

(۳) (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمى)

حسن علی، حسین علی، جواد علی، باقر حسین، کاظم رضا، وغیرہ وغیرہ جیسے نام رکھتے ہیں (۱) اور یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ جب اس قوم کا کوئی نام آتا ہے اور اس شخص کے بارے میں یہ نہ معلوم ہو کہ وہ سنی ہے یا شیعی تو فوراً اس طرف ذہن جاتا ہے کہ ہو نہ ہو، شیعہ ہو۔ کیونکہ روافض ان ناموں کے علاوہ کوئی دوسرا نام نہیں رکھتے۔

بکر کہتا ہے کہ اچھے کاموں میں بُروں کی مشابہت بُری نہیں جیسا کہ شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فتاویٰ عزیزی میں فرمایا ہے۔ اگر تشبہ برفض ہوتا تو علمائے اہل سنت وجماعت نے نہ تو یہ نام رکھے ہوتے اور نہ اپنی کتابوں میں کثرت سے ہر زمانہ میں "علیہ السلام" حضرات حسنین کے لئے استعمال کیا ہوتا۔

دریافت طلب امر یہ ہے کہ زید وبکر میں حق پر کون ہے، ان حضرات کے لئے لفظ: "إمام" اور "علیه السلام" کہنا اور اسمائے مذکورین کا نام رکھنا تشبہ برفض ہے یا نہیں، کوئی گناہ ہے یا نہیں؟

**الجواب حامداً و مصلياً:**

شرح فقہ اکبر، ص: ۲۰۴، ملا علی قاری نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ "علیه السلام" لکھنے کو شعارِ شیعہ واہل بدعت فرمایا ہے، اس لئے وہ منع فرماتے ہیں (۲)۔ صحابہ کے ساتھ "ترضی" اہل سنت

---

(۱) "وعنه: أي ابن عمر رضي الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم" أي من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء الأبرار "فهو منهم": أي في الإثم والخير". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۳۴۷): ۱۵۵/۸، رشيديه)

(۲) "أن قوله: عليّ عليه السلام من شعار أهل البدعة، فلا يستحسن في مقام المرام". (شرح الفقه الأكبر للملاعلي القاري، ص: ۱۶۷، قديمي)

"وأما السلام، فنقل اللقاني في شرح جوهرة التوحيد عن الإمام الجويني أنه في معنى الصلاة، فلا يستعمل في الغائب و لا يفرد به غير الأنبياء، فلا يقال: عليّ عليه السلام ...... والظاهر أن العلة في منع السلام ما قاله النووي في علة منع الصلاة: إن ذلک شعار أهل البدع". (رد المحتار، كتاب الخنثیٰ، مسائل شتى: ۷۵۳/۶، سعيد)

والجماعت کا شعار ہے(۱)، فتاوی عزیزی میں اس کی بھی اجازت ہے(۲)۔ ابوداؤد شریف اور بخاری شریف کی اسانید میں ان کے اور چند ناموں کے ساتھ "علیہ السلام" کا لفظ موجود ہے(۳)۔ ہوسکتا ہے کہ یہ کسی جگہ مخصوص شعار ہو روافض کا، مگر عالمگیر شعار نہ ہو، لہٰذا جہاں شعار ہو وہاں بچنا چاہیئے، جہاں نہ ہو وہاں گنجائش دی جائے(۴)۔ یہ مسئلہ اتنا اہم نہیں کہ مستقل موضوع بحث بنایا جائے۔

جس نام کے معنی فی نفسہ صحیح ہوں مگر کسی علاقہ میں وہ نام غیروں کا شعار بن گیا تو اس سے احتراز چاہیئے، الّا یہ کہ وہ منصوص ومأثور ہوں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

## "علیه السلام" وترضی وترحم

سوال[۹۱۹۴]: دورِ نبوت وصحابہ وتابعین میں حضرات انبیائے کرام کے لئے "علیه السلام" اور صحابہ کرام کے لئے "رضی الله تعالیٰ عنه"، تابعین کے لئے "رحمه الله تعالیٰ" جیسے آج کل بولا جاتا ہے، بولا جاتا تھا یا نہیں؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

قرآن کریم نے صحابہ کرام کے لئے "رضی الله تعالیٰ عنهم" کا لفظ استعمال کیا ہے(۵)، بعض

---

(۱) "(ويستحب الترضي للصحابة) وكذا من اختُلف في نبوته كذي القرنين و لقمان". (الدر المختار، كتاب الخنثیٰ، مسائل شتى: ۶/۷۵۴، سعيد)

(۲) "لفظ سلام کا غیر انبیاء کی شان میں کہہ سکتے ہیں، اس کی سند یہ ہے کہ اہل سنت کی کتب قدیمہ حدیث میں علی النصوص ابوداؤد، صحیح بخاری میں حضرت علیؓ وحضرات حسنینؓ، وحضرت فاطمہؓ وحضرت خدیجہؓ وحضرت عباسؓ کے ذکر کے ساتھ لفظ علیہ السلام کا مذکور ہے"۔ (فتاوی عزیزی(اردو)، ص: ۲۳۵، باب الخلافة، سعيد)

(۳) في نسخةٍ على هامش صحيح البخاري: "قال: عليٌّ عليه السلام". (صحيح البخاري، كتاب التفسير، (سورة الزاريات): ۲/۷۱۹، (رقم الحديث: ۲)، قديمي)

(وسنن أبي داؤد، كتاب الصلوة، باب في الرجل يصلي عاقصاً شعره: ۱/۱۰۲، إمداديه)

(۴) "أقول: و كراهة التشبه بأهل البدع مقررة عندنا أيضاً، لكن لا مطلقاً، بل في المذموم و فيما قصد به التشبه بهم". (رد المحتار، كتاب الخنثى، مسائل شتى: ۶/۷۵۳، سعيد)

(۵) قال الله تعالىٰ: ﴿جزاؤهم عند ربهم جنات عدن تجري من تحتها الأنهار خالدين فيها أبداً، رضي الله =

صحابہ کے لئے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی ان کے وفات (شہادت) پر یہ لفظ ارشاد فرمایا ہے(۱) اور صحابہ وتابعین کے زمانہ میں ذرا زیادہ یہ لفظ مستعمل ہوا، پھر عام ہوگیا۔

انبیاء علیہم السلام کے لئے لفظ "علیہ السلام" دورِ نبوی ہی میں زیادہ مستعمل تھا، صحابہ کرام بھی استعمال فرماتے تھے اور بعد کے حضرات بھی۔ تابعین کے لئے لفظ "رحمه الله تعالیٰ" دور صحابہ میں بہت کم تھا، بعد میں زیادہ ہوا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

= عنهم و رضوا عنه، ذلك لمن خشي ربه﴾. (البينة: ٨)

(۱) "حضرت وہب ابن قابوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک صحابی ہیں جو کسی وقت میں مسلمان ہوئے تھے اور اپنے گھر کسی گاؤں میں رہتے تھے، بکریاں چراتے تھے۔ اپنے بھتیجے کے ساتھ ایک رسی میں بکریاں باندھے ہوئے مدینہ منورہ پہنچے، پوچھا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہاں تشریف لے گئے۔ معلوم ہوا کہ احد کی لڑائی پر گئے ہوئے ہیں، بکریوں کو وہیں چھوڑ کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس پہنچ گئے۔ اتنے میں ایک جماعت کفار کی حملہ کرتی ہوئی آئی، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو اِن کو منتشر کردے وہ جنت میں میرا ساتھی ہے"۔ حضرت وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زور سے تلوار چلانی شروع کی اور سب کو ہٹا دیا۔ دوسری مرتبہ یہی صورت پیش آئی، تیسری مرتبہ پھر ایسا ہی ہوا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو جنت کی خوش خبری دی۔ اس کا سننا تھا کہ تلوار لے کر کفار کے جمگھٹے میں گھس گئے اور شہید ہوئے۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے وہب جیسی دلیری اور بہادری کسی کی بھی کسی لڑائی میں نہیں دیکھی، اور شہید ہونے کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو میں نے دیکھا کہ وہب کے سرہانے کھڑے تھے اور ارشاد فرماتے تھے کہ: "اللہ تم سے راضی ہو، میں تم سے راضی ہوں"۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود اپنے دست مبارک سے دفن فرمایا، باوجودیکہ اس لڑائی میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود بھی زخمی تھے۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تھے کہ مجھے کسی کے عمل پر بھی اتنا رشک نہیں آیا جتنا وہب کے عمل پر آیا، میرا دل چاہتا ہے کہ اللہ کے یہاں ان جیسا اعمال نامہ لے کر پہنچوں۔ ان پر رشک اس خاص کارنامہ کی وجہ سے ہے کہ جان کو جان نہیں سمجھا، ورنہ خود حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دوسرے حضرات اس سے کہیں بڑھے ہوئے ہیں"۔ (فضائل اعمال، حکایات صحابہ، باب ہفتم، حضرت وہب بن قابوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی احد میں شہادت، ص: ۸۷، ۹۷، کتب خانہ فیضی لاہور)

## ایضاً

حضرت صدر مفتی صاحب دارالعلوم دیو بند! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

سوال[۹۱۹۵]: سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو "علیہ السلام" کہنا، اس کے جواز کا فتویٰ دار العلوم سے صادر ہونا سخت حیرانی کا باعث ہے۔ غالباً کسی نومشق طالب علم نے فتوی کی ترتیب دی اور آپ حضرات نے بلا تعمق کے تصدیق فرما کر اہل سنت و جماعت کے کاز کو نقصان پہنچایا۔

قرآن کریم کا طریقہ یہ ہے کہ اس نے انبیاء کے اسماء کے ساتھ "سلام" (۱) اور ذکرِ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ساتھ "ترضی" کا استعمال کیا ہے (۲)۔ اہل بدعات اور روافض سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خصوصیت سے "علیہ السلام" کہتے ہیں، ان کا عقیدہ عصمتِ اثنا عشریہ سے بھی متعلق ہے۔

فقہاء اور مفسرین کی چند عبارتیں ملاحظہ فرما کر فتویٰ صادر فرمائیں:

شاہ عبد العزیز صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی رائے حجتِ شرعیہ بن سکتی تھی اگر دیگر فقہائے مجتہدین کی عبارات ان کا ساتھ دیں۔ اور ساتھ ہی یہ بھی عرض خدمت ہے کہ خود فتاویٰ عزیزی کے قدیم نسخہ میں جو بنارس کے مولانا محمد ابراہیم صاحب مرحوم رحمہ اللہ تعالیٰ کے کتب خانہ میں دیکھا گیا جس میں تفصیل سے دس صفحات پر پھیلا کر جواز و عدمِ جواز ہر دو طرح کے دلائل قلمبند فرما کر کے اخیر میں اپنا قولِ فیصل یوں فرماتے ہیں:

۱...... "پس واضح دلائل مثلِ آفتابِ نیمروز گردید که صلوة چه بلکه سلام هم بالاستقلال بر غیرِ انبیاء جائز نیست، وآنچه اسناد و شهود بر جوازِ سلام آوردند نمونهٔ اینست قابلِ تمسک نیستند، لاحتمال الوجوه الأخر فیها۔ وشاهد نص فی المطلوب باید به محتمل الوجوه، کما سبق. پس اثباتِ دعویٰ بآنها نتواں کرد غور باید کرد و انصاف باید داد، ورجال را بحق باید شناخت نه حق را بر جال". فتاوی عزیزی

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿سلام علی نوح فی العالمین﴾ (سورة الصافات: ۷۹)

و قال اللہ تعالیٰ ﴿سلام علی إل یاسین﴾. (سورة الصافات: ۱۳۰)

و قال اللہ تعالیٰ: ﴿سلام علی إبراهیم﴾. (سورة الصافات: ۱۰۹)

(۲) قال اللہ تعالیٰ: ﴿رضی اللہ عنهم و رضوا عنه﴾ (سورة البینة: ۸)

مخطوطہ، ص: ۳۳۰، ۳۳۱ (۱)۔

۲......تفسیر مدارک التنزیل میں ہے:

"أما إذا أفرد غيره من أهل البيت بالصلوة، فمكروه، وهو من شعار الروافض. و في الإكليل في توضيح الصلوة والسلام ناقلاً عن الإمام الجويني: إنه في معنى الصلوة، فلا يستعمل في الغائب و لا يفرد به غير الأنبياء، فلا يقال: عليّ عليه السلام. وبعد السطرين: قد بين علة المنع بحيث قال: والظاهر أن العلة في منع السلام ما قاله النووي في علة منع الصلوة: إن ذلك شعائر أهل البدع، ثم استشهد من شفاء القاضي عياض تركتها اختصاراً"(۲)۔

۳......قاضی ثناء اللہ پانی پتی حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تفسیر مظہری میں بڑی وضاحت سے فرمایا ہے:

" لكن أهل الشرع من المحدثين والفقهاء اصطلحوا على اختصاص لفظ "الصلوة" بالأنبياء أو بنبينا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إلا تبعاً. و بناءً على هذا الاصطلاح قال مالك رحمه الله تعالىٰ: أكره الصلوة على غير الأنبياء. قال عياض رحمه الله تعالىٰ: هذا قول مالك و سفيان، وهو قول المتكلمين والفقهاء، قالوا: يُذكر غير الأنبياء بالرضىٰ و الغفران والرحمة".

"الصلوة على غير الأنبياء فلم يكن من المعروف، وإنما أحدثت في دولة بني هاشم يعني الخلفاء العباسية". ملخصاً۔

یہ تفسیر پارہ نمبر:۱۱، آیت: ﴿وصل عليهم﴾ الخ کے تحت منقول ہے(۳)۔

۴......روح المعانی، پ نمبر ۱۱:﴿وصل عليهم﴾ کے تحت مفصل وضاحت مذکور ہے:

"فلا يقال: عليٌّ عليه السلام، بل يقال: رضي الله تعالىٰ عنه. والظاهر أن العلة في منع السلام ما قاله النووي في علة منع الصلوة من أن ذلك شعار أهل البدع، وأنه مخصوص في لسان السلف بالأنبياء والملائكة عليهم السلام"(٤)۔

(۱) (فتاویٰ عزیزی (اردو)، ص: ۲۳۷، باب الخلافة، سعید)

(۲) (مدارک التنزیل، (سورة الأحزاب) : ۲/ ۳۵۴، قدیمی)

(۳) (التفسیر المظهری، (سورة التوبة : ۱۰۳)، ۴/۲۹۲، حافظ کتب خانه کوئٹه)

(۴) (روح المعانی : ۲۲/ ۸۲، تحت قوله تعالیٰ: ﴿صلوا عليه﴾ (سورة الأحزاب : ۵۶)، دارإحياء بيروت)

۵......"شفاء" قاضی عیاض حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ میں سلام کی بحث میں بڑی صاف عبارت مل جائے گی۔ دیکھ لیں (۱)۔

(۱) قال القاضي رحمه الله: "عامة أهل العلم متفقون على جواز الصلوة على غير النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، وروى عن ابن عباس: "أنه لاتجوز الصلوة على غير النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم". وروى عنه: لاتنبغي الصلوة على أحد إلا النبيين. وقال سفيان: يكره أن يصلى إلا على نبي. ووجدت بخط بعض شيوخي: مذهب مالك أنه لايجوز أن يصلى على أحد من الأنبياء سوى محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، وهذا غير معروف من مذهبه، وقد قال مالك في المبسوط ليحيى بن إسحاق أكره الصلوة على غير الأنبياء، وماينبغي لنا أن نتعدى ما أمرنا به. قال يحيى بن يحيى: لست آخذ بقوله، ولا بأس بالصلوة على الأنبياء كلهم وعلى غيرهم، واحتج بحديث ابن عمر وبما جاء في حديث تعليم النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الصلوة عليه، وفيه: "وعلى أزواجه وعلى آله".

وقد وجدت معلقاً عن أبي عمران الفاسي: روي عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما كراهة الصلوة على غير النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، قال: وبه نقول، ولم يكن يستعمل فيما مضى. وقد روى عبدالرزاق عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "صلوا على أنبياء الله ورسله، فإن الله بعثهم كما بعثني". قالوا: والأسانيد عن ابن عباس لينة.

والصلوة في لسان العرب بمعنى الترحم والدعاء، وذلك على الإطلاق حتى يمنع منه حديث صحيح أو إجماع، وقد قال تعالى: ﴿هو الذي يصلي عليكم وملكته﴾ [الأحزاب: ۴۳] الآية. وقال: ﴿خذ من أمولهم صدقةً تطهرهم وتزكيهم بها، وصل عليهم﴾ [التوبة: ۱۰۳]، الآية. وقال: ﴿أولئك عليهم صلوت من ربهم ورحمة﴾ [البقرة: ۱۵۷].

وقال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "اللهم صل على أل أبي أوفى". وكان إذا أتاه قوم بصدقتهم قال: "اللّٰهم صلى على آل فلان". وفي حديث الصلوة: "اللّٰهم صلى على محمد وعلى أزواجه وذريته". وفي آخر: "وعلى آل محمد". قيل: أتباعه وقيل: أمته، وقيل: آل بيته، وقيل: الأتباع والرهط والعشيرة، وقيل: آل الرجل ولده، وقيل: قومه، وقيل: أهله الذين حرمت عليهم الصدقة.

وفي رواية أنس سئل النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من آل محمدٍ؟ قال: "كل تقي". ويجي على مذهب الحسن أن المراد بآل محمدٍ محمد نفسه، فإنه كان يقول في صلاته على النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "اللهم اجعل صلواتك وبركاتك على آل محمدٍ". يريد نفسه؛ لأنه كان لايخل =

.................................................................................................

= بالفرض ويأتي بالنفل؛ لأن الفرض الذي أمر الله تعالىٰ به هو الصلوة على محمد نفسه، وهذا مثل قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "لقد أوتي مزماراً من مزامير آل داؤد". يريد من مزامير داؤد.

وفي حديث أبي حميد الساعدي في الصلوة: اللّٰهم صل على محمد وأزواجه وذريته". وفي حديث ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما أنه كان يصلي على النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وعلى أبي بكر وعمر". ذكره مالك في المؤطا من رواية يحيى الأندلسي. والصحيح من رواية غيره ويدعو لأبي بكر وعمر. وروى ابن وهب عن أنس بن مالك رضي الله تعالىٰ عنه: كنا ندعو لأصحابنا بالغيب، فنقول: اللّٰهم اجعل منك على فلان صلوات، ثم الأبرار الذين يقومون بالليل ويصومون بالنهار. قال القاضي: والذي ذهب إليه المحققون وأميل إليه ما قاله مالك وسفيان رحمهما الله.

وروي عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنه واختاره غير واحدٍ من الفقهاء والمتكلمين أنه لايصلى على غير الأنبياء عند ذكرهم بل هو شئ يختص به الأنبياء توقيراً وتعزيزاً كما يخص الله تعالىٰ عند ذكره بالتنزيه والتقديس والتعظيم، ولا يشاركه فيه غيره، كذلك يجب تخصيص النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وسائر الأنبياء بالصلوة والتسليم ولا يشاركه فيه سواهم، كما أمر الله بقوله: ﴿صلوا عليه وسلموا تسليماً﴾ [الأحزاب: ۵۶]. ويذكر من سواهم من الأئمة وغيرهم بالغفران والرضى كما قال تعالىٰ: ﴿يقولون ربنا اغفرلنا ولإخواننا الذين سبقونا بالإيمان﴾ [الحشر: ۱۰]، وقال: ﴿والذين تبعوهم بإحسان رضي الله تعالىٰ عنهم﴾ [التوبة: ۱۰۰].

أيضاً فهو أمرٌ لم يكن معروفاً في الصدر الأول كما قال أبو عمران، وإنما أحدثه الرافضة والمتشيعة في بعض الأئمة، فشاركوهم عند الذكر لهم بالصلوة وساووهم بالنبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في ذلك. وأيضاً فإن التشبه بأهل البدع منهي عنه، فتجب مخالفتهم فيما التزموه من ذلك، وذكر الصلوة على الآل والأزواج مع النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بحكم التتبع والإضافة إليه لا على التخصيص. قالوا: وصلاة النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على من صلى عليه مجراها مجرى الدعاء، والمواجهة ليس فيها معنى التعظيم والتوقير. قالوا: وقد قال تعالىٰ: ﴿لاتجعلوا دعاء الرسول بينكم كدعاء بعضكم بعضاً﴾ [النور: ۶۳]. فكذلك يجب أن يكون الدعاء له مخالفاً لدعاءِ الناس بعضهم بعضٍ، وهذا اختيار الإمام أبي المظفر الإسفرائيني من شيوخنا، وبه قال أبو عمر بن عبدالبر". (كتاب الشفاء للقاضي عياض، الباب الرابع في حكم الصلوة عليه والسلام، الفصل الثامن في الاختلاف في =

۶......"نسیم الریاض شرح شفاء" قاضی عیاض میں وضاحت بھی خوب قابلِ دید ہے(۱)۔

۷......شرح فقہ اکبر میں ہے:

"قوله: عليٌّ عليه السلام من شعار أهل البدع، فلا يستحق في مقام المرام، تفسير أبي السعود" (۲)۔

۸......تفسیر کبیر میں ہے:

"إن أصحابنا يمنعون من ذكر صلوات الله عليه وعليه الصلوة والسلام إلا في حق الرسول"(۳)۔

۹......اصول الشاشی کا حوالہ بھی دیتے ہیں: "والسلام على أبي حنيفة" تو وہ جذبۂ عقیدت میں

---

= الصلوة على غير النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ۴۴۱، ۴۴۳، دارالفكر بيروت)

(۱) "الواقع بين العلماء في الصلوة على غير الأنبياء صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أي في جواز الصلوة على غيره من المؤمنين غير الأنبياء كالصحابة ونحوهم، وسائر الأنبياء: أي بقيتهم غيره كإبراهيم وموسى ونحوهما. وسائر بمعنى "باقي" كما تقدم. والخلاف في جواز الصلوة على من ذكر استقلالاً لابطريق التبعية له، كالصلوة على اله وأزواجه. قال القاضي عياض المؤلف وفقه الله: "عامة أهل العلم": أي جميعهم متفقون على جواز الصلوة على غير النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من الأنبياء والملائكة والمؤمنين، ودعواه الاتفاق مطلقاً ليست بمسلمة. وقد قال النووي رحمه الله تعالىٰ في الأذكار: أجمعوا على طلب الصلوة على نبينا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، وكذلك أجمع من يعتد به على استحبابها على سائر الأنبياء والملائكة استقلالاً، وأما غيرهم ابتداء، فالجمهور على أنه لايصلى عليهم، واختلف في هذا المنع، فقال بعض أصحابنا: إنه حرام، والأكثر على أنه مكروه، كراهة تنزيه. وذهب كثير إلى أنه خلاف الأولىٰ، وليس مكروهاً، والصحيح الذي عليه الأكثر كراهة تنزيه؛ لأنه شعار أهل البدع. انتهى". (نسيم الرياض في شرح الشفاء، الباب الرابع من القسم الثاني في حكم الصلوة عليه والتسليم لديه، فصل في الاختلاف في الصلوة على غير النبي : ۵۰۴/۳، المكتبة السلفية المدينة المنورة)

(۲) (شرح الفقه الأكبر للقاري، ص:۱۶۷، قديمي)

(۳) (التفسير الكبير، (سورة التوبة : ۱۰۳): ۱۸۰/۱۶، مكتب الإعلام الإسلامي)

لکھے گئے ہیں(۱)۔

۱۰......وہیں پر حاشیہ بھی دیکھ لیا جائے، جمہور عدمِ جواز کی طرف گئے ہیں(۲)۔

۱۱......"أما الصلوة على غير الأنبياء عليهم الصلوة والسلام، فيجوز تبعاً، و تكره استقلالاً؛ لأنه في العرف شعار ذكر الرسل، و لذلك كره أن يقال: محمد عزوجل مع كونه عزيزاً جليلاً"(۳)۔

غنية المستملي (المعروف بالكبيري) میں ہے:

"فلا يقال: فلان عليه السلام، فالواجب الاتباع واجتناب الابتداع"(٤)۔

۱۲......تفسیر کشاف میں ہے:

"لأنه يؤدي إلى الاتباع بالروافض". ٢٤٦/٣(٥)۔

۱۳......طیبی کے حوالہ سے مشکوۃ کے حاشیہ پر ہے:

---

(۱) (أصول الشاشي، ص: ۵، قديمي)

(۲) "قوله: على أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ. ذكره لبراعته الاستهلال، وأردفه بالصحابة إشارةً إلى أنه من التابعين، وهو الأشبه بالصواب، لما لم يختلفوا في رؤيته أنس بن مالک رضي الله تعالىٰ عنه. وإنما خص أبا حنيفة رحمه الله تعالىٰ بالدعاء بالسلامة ليعلم أن المصنف رحمه الله تعالىٰ حنفي المذهب". (حاشية أصول الشاشي، المصدر السابق، (رقم الحاشية: ۸)، قديمي)

(۳) لم أجد هذه العبارة بلفظها، وقد ذكر النووي المسألة بهذا اللفظ: "ولا يصلى على غير الأنبياء استقلالاً .......... ولكن يصلى عليهم تبعاً، فيقال تبعاً: اللهم صلى على محمد وآل محمد وأصحابه وأزواجه وذريته .......... لم ينقل (السلف) استعمالهم ذلک، بل خصوا به الأنبياء كما خصوا الله تعالىٰ بالتقديس والتسبيح، فيقال .......... قال عزوجل .......... ولايقال: قال النبي عزوجل وإن كان عزيزاً جليلاً". (حاشية النووي على صحيح الإمام مسلم، كتاب الصلوة، باب الصلوة على النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بعد التشهد: ۱۷۶/۱، قديمي)

(۴) (الحلبي الكبير للشيخ إبراهيم الحلبي الحنفي، ص: ۳، سهيل اكيڈمی لاهور)

(۵) (الكشاف، (سورة الأحزاب: ۵۶): ۵۵۸/۳، دار الكتب العربي بيروت)

"فالجمهور على عدم الجواز ابتداءً، وقيل: إنه حرام، و قيل: إنه مكروه، وقيل: هو ترك الأولىٰ، والصحيح أنه مكروه كراهة تنزيه، واتفقوا على جواز جعل غير الأنبياء تبعاً لهم في الصلوة"(۱)۔

۱۴......خود جماعت دیوبند کے سرخیل حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ ''ردالسلسلہ'' میں فرماتے ہیں: ''بجز حضرات انبیاء، ملائکہ علی نبینا وعلیہم السلام کے کسی اَور پر استقلالاً درودشریف وسلام نہ پڑھے، البتہ تبعاً مضائقہ نہیں''۔ص:۹(۲)۔

۱۵......صلاۃ علی النبی کی فصل اَشعۃ اللمعات:۱/۴۰۵،نکال کر دیکھ لیا جائے،جمہور کا مختار مذہب یہ لکھا ہے کہ:

"مخصوص است بانبیاء، ومشارکت نیست بایشان جزءِ ایشان را درآن، الخ"(۳).

۱۶......درمختار میں ابن عابدین کہتے ہیں:"لا يصلى على غير الأنبياء و على غير الملائكة إلا بطريق التبع". پھر انہوں نے بھی شفاء کی عبارت مذکور نقل کی ہے،۵/۴۹۷(۴)۔

اخیر میں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ دارالعلوم جیسے علمی فقہی اور بین الاقوامی شہرت یافتہ جگہ سے اس قدر غیر ذمہ دارانہ شرعی تحریر صادر ہو، امید کہ نظر ثانی کے بعد جواب ارسال فرمائیں گے۔تمام فتوے مختلف مقامات سے آچکے ہیں، کتابت جاری ہے،عنقریب شائع کرانا ہے۔

فتوے کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے، ہونا تو یہی چاہئے کہ فرصت نہ بھی ہو،تو اس کے لئے فرصت نکال لیجئے، ہم دارالعلوم جیسی دینی درسگاہ سے بھی توقع باندھے منتظر ہیں،امید کہ فوراً فرصت نکال کر جواب عنایت

---

(۱) (حاشية مشكوة المصابيح، باب الصلاة على النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و فضلها، ص: ۸۷، (رقم الحاشية : ۱)، قديمي)

(۲) لم أظفر عليه

(۳) (أشعة اللمعات، كتاب الصلاة، باب الصلاة على النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و فضلها : ۱/۴۰۴، مكتبه نوريه رضويه سكهر)

(۴) (الدر المختار، كتاب الخنثى، مسائل شتى : ۶/۷۵۳، سعيد)

فرمائیں گے۔ اس میں اہل بدعت اور اہل سنت کے مابین اس نوع کا معرکۃ الآراء عقیدہ گرم ہے، اہلِ بدعت ایسے ہیں جو صحابہ کی ایک جماعت پر لعن وطعن کرتے ہیں وہ مجوزینِ "علیه السلام" بہ سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، ورنہ دیوبندی وبریلی کے مختلف اداروں سے جوابات موصول ہو چکے ہیں، سب نے منع تجویز فرمائے فقط۔ والسلام۔

حیدر علی، کتب خانہ مہدوی، مظہر العلوم بنارس۔

## الجواب حامداً ومصلیاً:

۱...... سلام ایک تحیہ اور دعاء ہے، زندوں کے لئے بھی، مُردوں کے لئے بھی۔ ملاقات کے وقت اس کی تعلیم دی گئی ہے(۱) "السلام علیکم، و علیکم السلام"(۲)، اس کے ساتھ "و رحمة الله" اور "وبرکاته" بھی ثابت ہے(۳)۔

---

(۱) "عن أبی أمامة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "إن أولی الناس بالله من یبدأ بالسلام". رواه أحمد و أبوداود والترمذی". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب السلام، الفصل الثاني، ص: ۳۹۸، قديمی)

(۲) "والأفضل للمسلم أن یقول: السلام علیکم ورحمة الله و برکاته، والمجیب کذلک یرد". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب السابع فی السلام: ۳۲۵/۵، رشیدیه)

(۳) "عن عمران بن حصین رضی الله تعالیٰ عنه أن رجلاً جاء إلی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فقال: السلام علیکم، فرد علیه، ثم جلس، فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "عشر". ثم جاء اٰخر، فقال: السلام علیکم ورحمة الله، فرد علیه، فجلس: فقال: "عشرون". ثم جاء اٰخر، فقال: السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته، فرد علیه، فجلس، فقال: "ثلاثون". رواه الترمذی وأبوداؤد". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب السلام، الفصل الثانی، ص: ۳۹۸، قديمی)

(وکذا فی سنن أبی داؤد، کتاب الأدب، باب کیف السلام: ۷۰۶/۲، دارالحدیث ملتان)

وقال العلامة النووی رحمه الله تعالیٰ: "والأفضل أن یقول: السلام علیکم لیتناوله وملکیه، وأکمل منه أن یزید: ورحمة الله، وأیضاً وبرکاته ........... وأما صفة الرد، فالأفضل والأکمل أن یقول: وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاتهم". (شرح النووی علی الصحیح لمسلم، کتاب السلام، باب لیسلم الراکب علی الماشی: ۲۱۲/۲، قدیمی)

سلام کے لئے یہ بھی ضروری نہیں کہ پہلے سے جان پہچان ہو تو سلام کیا جائے بلکہ: "وتقرئ السلام علی من عرفت و من لم تعرف، اھ". بخاری شریف (۱)۔

اس کو آپس کی محبت کا ذریعہ بتایا گیا ہے، اس لئے اس کے پھیلانے اور عام کرنے کا حکم ہے:

"أوَلا أدلّکم علی شیء إذا فعلتموہ تحابیتم؟ أفشوا السلام بینکم، اھـ". مسلم شریف" (۲)۔

صغیر، کبیر، قلیل، کثیر، راکب، ماشی، قاعد، سب کو ہی اس کی تلقین کی گئی ہے (۳)، حتی کہ ملائکہ کو آدم علیہ وعلی نبینا الصلوۃ والسلام کا سلام کرنا اور ان کا جواب دینا منقول ہے (۴)۔ الحاصل یہ کسی کا مخصوص و متعین حصہ نہیں، اس لحاظ سے انبیاء علیہم السلام کے ساتھ بھی مخصوص نہیں، نہ کسی معصوم کی تعیین و تخصیص ہے۔

حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، خود اہلِ بیت اطہار ہوں، یا خلفائے راشدین مہدیین ہوں، یا دیگر اکابر ہوں، کسی کے لئے اس کی مخالفت نہ قرآن کریم میں ہے، نہ حدیث شریف میں، نہ اجماع سے ثابت، نہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے ثابت ہے۔

---

(۱) (صحیح البخاری، کتاب الاستیذان، باب السلام للمعرفة و غیر المعرفة: ۲/۹۲۱، قدیمی)

(۲) (الصحیح للإمام مسلم، کتاب الإیمان، باب بیان أنه لا یدخل الجنة إلا المؤمنون، وأن محبة المؤمنین من الإیمان، وأن إفشاء السلام سبب لحصولها: ۱/۵۴، قدیمی)

(۳) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "یسلم الصغیر علی الکبیر، والمارّ علی القاعد، والقلیل علی الکثیر".

"وعنه رضی الله تعالیٰ عنه یقول: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "یسلم الراکب علی الماشی، والماشی علی القاعد، والقلیل علی الکثیر". (صحیح البخاری، کتاب الاستیذان، باب تسلیم القلیل علی الکثیر، وبابٌ: یسلم الراکب علی الماشی: ۲/۹۲۱، قدیمی)

(۴) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "خلق الله آدم علی صورته .......... فلما خلقه قال: اذهَبْ فسلِّم علی أولئک النفر وهو نفر من الملائکة جلوس فاستمِع ما یُحیُّونک فإنها تحیَّتُک وتحیّة ذرّیتک، فذهب فقال: السلام علیکم، فقالوا: السلام علیک ورحمة الله .......... اھـ". (مشکوة المصابیح، کتاب الآداب، باب السلام، الفصل الأول: ۱/۳۹۷، قدیمی)

کسی وقت یا کسی مقام میں اگر یہ لفظ حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ عرفاً مخصوص ہوکر شعارِ روافض ہوگیا ہے تو اس کی شعاریت کو ختم کردینے کی ضرورت ہے، اس کی دو صورتیں ہیں: ایک یہ کہ حضرات خلفائے اربعہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا و دیگر ازواجِ مطہرات کے لئے بھی اس کو استعمال کیا جائے (۱)۔

روافض کا عقیدہ ان سب کے حق میں معصومیت کا نہیں، بلکہ بعض کے حق میں تو نہایت قبیح عقیدہ رکھتے ہیں۔ بس یہ بات ختم ہوجائے گی کہ یہ لفظ معصوم کے لئے ہی استعمال کیا جاتا ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے بھی نہ اختیار کیا جائے، اس سے بھی بظاہر نفسِ شعاریت باقی نہ رہے گی (۲)، لیکن حقیقت یہ ہے کہ عوام کے ذہنوں میں یہ بات ضرور مستقر ہوجائے گی کہ یہ لفظ معصوم کے لئے مستعمل ہوتا ہے غیر معصوم کے لئے نہیں۔

بس جن اکابر محدثین: امام بخاری و امام ابوداؤد وغیرہ کے کلام میں یہ لفظ غیر نبی کے لئے استعمال ہوا ہے ان کے متعلق یہ خیال قائم ہوگا کہ وہ بھی ان کو معصوم مانتے تھے اور ان کا عقیدہ بھی وہی تھا جو شیعوں کا عقیدہ ہے اور اس عقیدہ میں وہ اکابر اور شیعہ متحد ہیں، یا شیعوں کا عقیدہ ان سے ماخوذ ہے، یا نعوذ باللہ وہ بھی شیعہ تھے، اس لئے اس خرابی کے پیشِ نظر غور کرلیا جائے کہ شعاریت کو ختم کرنے کی کونسی صورت اَہون ہے۔

آپ نے جو عبارات منسلکہ پرچہ میں نقل کی ہیں، حضرت شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ تعالیٰ کی عبارت کے علاوہ بقیہ اکثر عبارات پہلے بھی دیکھی ہوئی ہیں، اب مکرر بھی مراجعت کی، ان میں سے بیشتر عبارات تو لفظ "صلوۃ" سے متعلق ہیں "سلام" کے متعلق نہیں۔ اور بعض عبارات احناف کی نہیں، غیر احناف کی ہیں جن کو حنفیہ

---

(۱) "قلت: و قد غلب في هذا في عبارة كثير من النساخ للكتب أن يفرد علی رضی الله تعالیٰ عنه بأن يقال: "عليه السلام" من دون سائر الصحابة أو "كرم الله وجهه". وهذا وإن كان معناه صحيحاً، لكن ينبغي أن يسوّى بين الصحابة في ذلك، فإن هذا من باب التعظيم والتكريم، فالشيخان وأمير المومنين عثمان أولى بذلك منه رضي الله عنه، ورضي عنهم أجمعين". (تفسير ابن كثير، (سورة الأحزاب: ۵۶)، ۳/۶۱۵، ۶۱۷، سهيل اكيڈمی، لاهور)

(۲) "لا يصلى على غير الأنبياء و على غير الملائكة ........... اهـ". (الدر المختار، كتاب الخنثى، مسائل شتى: ۶/۷۵۳، سعيد)

پر حجت قرار دینا مشکل ہے۔

۱...... حضرت شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ تعالیٰ کی ہر دو عبارت متعارض ہیں۔

۲...... مدارک کی عبارت منقولہ میں "الصلوۃ" کو اہل بیت کے لئے مکروہ لکھا ہے "السلام" کا اس میں ذکر نہیں۔ اس کے حاشیہ اکلیل میں "السلام" کا مکروہ ہونا، امام جوینی رحمہ اللہ تعالیٰ اور امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ سے نقل کیا ہے، نیز قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ کا حوالہ دیا ہے۔

یہ ہر سہ حضرات حنفی نہیں، ان کے منع کا مدار بھی شعاریت ہے جس کا حل اوپر بیان کر دیا گیا، جیسے: لفظ "امام" شیعوں کے نزدیک معصوم کے لئے مخصوص اور ان کا شعار ہے، مگر اہل سنت والجماعت نے اس لفظ کو دوازدہ حضرات کے لئے مخصوص نہیں رکھا، بلکہ اور بھی بہت سے حضرات پر اس کا اطلاق کیا، جیسے ائمۂ اربعہ، ائمۂ مجتہدین اور ائمۂ کلام وغیرہ رحمہم اللہ تعالیٰ۔ اب یہ شبہ نہیں ہوتا کہ امام کے لئے معصوم ہونا ضروری ہے اس کی شعاریت ختم ہوگئی (۱)۔

۳...... قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمہ اللہ تعالیٰ کی جو عبارت آپ نے نقل کی ہے وہ سب بحث لفظ "الصلوۃ" کے متعلق ہے، نہ کہ "السلام" کے متعلق (۲)۔

۴...... روح المعانی میں لفظ "علیّ علیہ السلام" کو منع کیا ہے، احقر نے بھی گذشتہ فتوی میں بحوالۂ شرح فقہ اکبر میں یہ عبارت نقل کر دی تھی، اس کی دلیل قیاس ہے "الصلوۃ" پر علت وہی شعار ہے جس کا بیان اوپر آچکا ہے۔

---

(۱) "أما إذا أفرد غيره من أهل البيت، فمكروه، و هو من شعار أهل البدع". (تفسير مدارك: ۳۵۴/۲، قديمي)

(۲) "لكن أهل الشرع من المحدثين والفقهاء اصطلحوا على اختصاص لفظ "الصلاة" بالأنبياء أو بنبينا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إلا تبعاً. و بناءً على هذا الاصطلاح قال مالك رحمه الله تعالىٰ: أكره الصلاة على غير الأنبياء. وقال عياض: هذا قول مالك و سفيان، و هو قول المتكلمين و الفقهاء، قالوا: يذكر غير الأنبياء بالرضى والغفران والرحمة. وأما الصلاة على غير الأنبياء، فلم يكن من المعروف، و إنما أحدثت في دولة بني هاشم، يعني خلفاء العباسية". (التفسير المظهري: ۲۹۲/۴، حافظ كتب خانه كوئٹه)

۵......قاضی عیاض حنفی نہیں۔

۶......وہ بحث بھی دیکھ لی ہے۔

۷......اس کو خود یہاں کے فتوی میں نقل کیا گیا تھا جیسا کہ ابھی نمبر:۴ کے ذیل میں گذرا۔

۸......تفسیر کبیر کے مصنف حنفی نہیں، علاوہ ازیں اس میں "الصلوۃ" کا تذکرہ ہے "السلام" کا نہیں ہے۔

۹......اس میں بھی "الصلاۃ" سے بحث ہے "السلام" سے تعرض نہیں، حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے جس قدر عقیدت ہے اور اس کی بنا پر "السلام علی أبی حنیفة" مصنف اصول الشاشی نے لکھدیا ہے تو کیا ان کو معصوم تصور کر کے لکھا ہے؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو کیا حضرت امام سے بڑے بڑے صحابہ اس عقیدت کے مستحق نہیں، درحقیقت ایسا لکھ کر مصنف رحمہ اللہ تعالیٰ نے شعاریت پر ضرب لگادی اور بتادیا کہ یہ لفظ معصوم کے ساتھ مخصوص نہیں۔

۱۰......میری کتاب میں اس پر کوئی حاشیہ ہی نہیں، بہتر ہوتا آپ وہ عبارت بھی نقل فرمادیتے، تاہم اگر جمہور احناف کا یہ مسلک ہے اور یہ مسئلہ اجماعی ہے تو مجھے اصرار نہیں، رجوع کرلوں گا، مگر اب تک میری نظر سے یہ نہیں گزرا، بلکہ اہلِ ترجیح فقہاء سے اس کا راجح اور مختار ہونا بھی نہیں دیکھا۔

۱۱......کبیری میں اصالۃً تو "الصلوۃ" کو غیر انبیاء اور غیر ملائکہ پر استقلالاً مکروہ لکھا ہے اور اس کا اجماعی ہونا نقل کیا ہے اور روافض کا اختلاف نقل کیا ہے کہ وہ غیر انبیاء اور غیر ملائکہ پر بھی "الصلوۃ" کے قائل ہیں، پھر "السلام" کو اس پر قیاس کیا، اس کی علت وہی شعاریت ہے، جس کا حل بتادیا گیا(۱)۔

۱۲......اس کا حاصل بھی وہی تشبہ بالروافض سے احتراز ہے جس کی صورت اوپر لکھدی گئی۔

۱۳......اس عبارت نے مسئلہ کو بہت ہلکا کردیا: "والصحیح أنه مکروہ کراهة تنزیه"(۲) تو اس

---

(۱) "و أما استقلالاً فتکره إلا علی الأنبیاء و الملائکة، علی ذلک إجماع السلف، خلافاً للروافض ............ و کذلک "علیه السلام" لم یعهد فی لسان الشرع إلا تبعاً، فلا یقال. فلان علیه السلام ............ اهـ". (الحلبی الکبیر، ص: ۳، سهیل اکیڈمی لاهور)

(۲) (حاشیة مشکوة المصابیح، باب الصلاة علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و فضائلها، الفصل =

پر تشدد زیبا نہیں۔ کراہتِ تنزیہہ پر رسالہ لکھنے کی کیا ضرورت ہے اور پھر یہ عبارت بھی مجموعی صلوۃ وسلام کے متعلق ہے۔

۱۴......اس میں درودشریف والسلام کے مجموعہ کو استقلالاً انبیاء اور ملائکہ کے لئے مخصوص بتایا گیا ہے، نہ کہ "السلام" کو(۱)۔

۱۵......اشعۃ اللمعات سے جو عبارت آپ نے نقل کی ہے، وہ صلوۃ و سلام کے مجموعہ سے متعلق ہے نہ کہ سلامِ محض سے، چنانچہ اس کی عبارت یہ ہے:

"اختلاف کردہ اند کہ آیا جائز است صلوۃ وسلام بر غیرِ انبیاء باستقلال یا نے؟ ومختار نزدِ جمہور آنست کہ مخصوص است بانبیاء، ومشارکت نیست بایشاں جزِ ایشاں"۔

اس کے تقریباً ڈیڑھ سطر کے بعد ہی محض "السلام" کے متعلق یہ عبارت ہے:

"ومتعارف در متقدمین تسلیم بود بر اہلِ بیتِ رسول اللہ از ذریت وازواجِ مطہرات در کتبِ قدیمہ از مشایخِ اہل سنت و جماعت کتابتِ آن یافتہ می شود، و درمتأخرین ترکِ آن متعارف شدہ است. واللّٰہ أعلم"(۲)۔

اب غور کیجئے کہ اہلِ سنت و جماعت کے متقدمینِ مشائخ پر کیا حکم لگایا جائے گا، اگر آپ کے مخالف فریق نے یہ عبارت بھی پیش کردی تو آپ کا استدلال بہت کمزور و بے جان ہو کر رہ جائے گا۔

۱۶......درمختار علامہ علاء الدین حصکفی کی تصنیف ہے، ابن عابدین کی تصنیف نہیں، پھر جو عبارت آپ نے نقل کی ہے وہ "الصلوۃ" کے متعلق ہے "السلام" سے متعلق نہیں۔

---

= الأول، ص: ۸۷، (رقم الحاشیة: ۱)، قدیمی)

(۱) "و لا یصلی علی غیر الأنبیاء و لا غیر الملائکة إلا بطریق التبع". (الدر المختار، کتاب الخنثی، مسائل شتیٰ: ۷۵۳/۶، سعید)

(۲) (أشعة اللمعات شرح مشکوۃ (فارسی)، کتاب الصلوۃ، باب الصلاۃ، باب الصلوۃ علی النبی وفضلها: ۴۰۵/۱، مکتبہ نوریہ رضویہ. سکھر)

قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ مالکی کی جو تصنیف علامہ ابن عابدین نے نقل کی ہے، وہ بھی مجموعۂ صلوۃ وسلام سے متعلق ہے، چنانچہ فرماتے ہیں:

" وقال القاضی عیاض رحمہ اللّٰہ تعالیٰ: الذی ذهب إلیه المحققون، وأمیل إلیه ما قاله مالك و سفیان، واختاره غیر واحد من الفقهاء والمتکلمین أنه یجب تخصیص النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم وسائر الأنبیاء بالصلوة والتسلیم، الخ"(۱)۔

علامہ شامی کی اپنی رائے بھی ملاحظہ فرمالی جائے، "وهو هذا:

"أقول: و کراهة تشبه بأهل البدع مقررة عندنا أیضاً، لکن لا مطلقاً، بل فی المذموم وفیما یقصد به التشبه بهم، اهـ "(۲)۔

اس نے تو استدلال کی بنیاد کو بالکل ہی متزلزل کردیا۔

احقر ان تمام عبارات کو مکرر دیکھنے کے بعد بھی اپنی رائے میں تغییر وترمیم کی ضرورت نہیں سمجھتا، ورنہ بلا جھجک رجوع کرلیتا اور قطعاً ناجائز لکھ دیتا۔

احقر کی درخواست اب بھی وہی ہے (جیسا کہ پہلے لکھ چکا ہے) کہ اس مسئلہ کو موضوعِ بحث نہ بنایا جائے، یہ ایک مستقل فتنہ ہے جس میں اَور وکالت نہیں کرسکیں گے، بلکہ استدلال کی حیثیت (کمزور اور بودے پن) کی وجہ سے مسلک کو مجروح کردیں گے۔ عجب نہیں کہ اس کا نتیجہ یہ نکلے کہ آئندہ کو آپ سے اعتماد ہی ختم ہوجائے، پھر آپ کوئی پختہ ٹھوس بات فرمائیں تو اس کے تسلیم کرنے میں بھی تأمل کیا جائے۔

دار العلوم کے دار الافتاء پر آپ نے جو کچھ افسوس کیا ہے وہ غایتِ تعلق کی بنا پر ہے: "المسلم مراٰۃ المسلم" کا تقاضہ بھی یہی ہے۔

امید ہے کہ آئندہ بھی خیر خواہانہ مشورہ سے محروم نہیں فرمائیں گے، میں ان شاء اللہ قدر کی نگاہ سے دیکھوں گا اور شکر گزار رہونگا۔ فقط والسلام۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۹۰/۴/۲۶ھ۔

---

(۱) (رد المحتار، کتاب الخنثی، مسائل شتی: ۷۵۳/۲، سعید)

(۲) (رد المحتار، المصدر السابق)

## أیضاً

سوال[۹۱۹۶]: مخدوم ومکرم حضرت مفتی صاحب دامت معالیکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حسب ہدایت تحقیقات اور حضرت والا کا فتویٰ مرسل ہے۔ فریق ثانی کے متعلق یہ عرض ہے:

۱...... وہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دیگر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر لعن وطعن کو روا رکھتے ہیں، سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو "علیہ السلام" کہنے پر اصرار کرتے ہیں۔ بنارس میں انہوں نے مستقل فتنہ پیدا کر دیا ہے اور یزید کو علانیہ ملعون اور جہنمی اور کافر کہتے ہیں۔

۲...... اور اس فتنہ پیدا کرنے والے ایک مخصوص ادارہ کے علماء ہیں جو ہمیشہ اس نوع کے فتنے کو ابھارتے ہیں۔ امید کہ فوراً جواب سے نوازیں گے۔ دارالعلوم دیوبند کے فتوے کے بغیر ہم لوگ یتیم ہیں۔ فقط والسلام۔

ابوطارق، عبدالقدوس قاسمی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

محترمی زید احترامہ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حسبِ ہدایت نظر ثانی وثالث کے بعد جواب ارسال ہے:

۱...... حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر جو شخص لعنت کرتا ہے، وہ لعنت اسی پر واپس جاتی ہے اور وہ شخص اپنی عاقبت برباد کرتا ہے(۱)۔ اگر وہ سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو "علیہ السلام" کہتا ہے تو آپ سیدنا ابوبکر وسیدنا عمر وسیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو "علیہم السلام" کہئے تاکہ شعاریت ختم ہوجائے (۲)۔

---

(۱) "عن أبي ذر رضی اللہ تعالیٰ عنه أنه سمع النبي صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول: "لایرمی الرجل رجلاً بالفسوق، ولا یرمیه بالکفر، إلا ارتدّت علیه إن لم یکن صاحبه کذلک". (صحیح البخاري، باب ماینهی عن السباب واللعن: ۸۹۳/۲، قدیمی)

(۲) "وقد غلب في هذا في عبارة کثیر من النساخ لکتب أن یفرد عليٌّ رضی اللہ عنه بأن یقال: علیه =

اگر آپ نے خود حضرت سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو "علیہ السلام" نہ کہا تو آپ بچ جائیں گے، مگر وہ اس سے باز نہیں آئے گا اور اس کی شعاریت برقرار رہے گی اور بہت سے مشائخ متقدمین سے ایسی عبارتیں نقل کردے گا جن سے اس کا دعویٰ ثابت ہوگا، اور آپ ان مشائخ کا احترام کریں گے اور ان کے خلاف کچھ نہ کہہ سکیں گے۔

یزید کو کافر اور جہنمی کہنا ہمارا مسلک نہیں (۱)، بلکہ حضرت امام احمد بن حنبلؒ اور علامہ کیاہراسی شافعی نے اس کو کافر اور مخلد فی النار فرمایا ہے (۲)، ہم لوگ نہ اس کو کافر کہتے ہیں اور نہ اس کی تعریف میں قصیدہ خوانی کرکے اس کو خلیفۃ الخامس علیہ السلام کہتے ہیں (۳) اگرچہ شرح عقائد نسفی میں اس پر لعنت کو جائز لکھا ہے، بلکہ لعنت کر بھی دی ہے (۴)، لیکن ہمارے اکابر نے یہ طریقہ پسند نہیں کیا۔

۲......ان کے جواب میں اگر خاموشی اختیار کی جائے تو ممکن ہے کہ سنجیدہ طبقہ اس کو قابل التفات نہ سمجھے، پھر بعد چندے یہ خود ہی ختم ہو جائے، ورنہ جواب کی صورت میں تو پھر جواب الجواب وغیرہ کی نوبت آکر امتداد ہو جاتا ہے۔ اللہ پاک رحم فرمائے اور فتنوں سے محفوظ رکھے۔ والسلام۔

احقر محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۴/۹۰ھ۔

---

= السلام من دون سائر الصحابة، أو كرم الله وجهه. وهذا وإن كان معناه صحيحاً، ولكن ينبغي أن يسوى بين الصحابة في ذلك، فإن هذا من باب التعظيم والتكريم، فالشيخان وأمير المؤمنين عثمان أولى بذلك منه رضي الله تعالىٰ عنه وعنهم أجمعين". (تفسير ابن كثير، (سورة الأحزاب: ٥٦): ۴/۵۱۷، سهيل اكيڈمی لاهور)

(۱) "وإنما اختلفوا في يزيد بن معاوية حتى ذكر في الخلاصة وغيره أنه لاينبغي اللعن عليه؛ لأن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نهى عن لعن المصلين ومن كان من أهل القبلة". (شرح فقه الأكبر، ص: ۷۲، قديمی)

(۲) "وبعضهم أطلق اللعن عليه: أي على يزيد لما أنه كفر حين أمر بقتل الحسين رضي الله تعالىٰ عنه انتهى". (شرح الفقه الأكبر، المصدر السابق)

(۳) "وحقيقة الأمر التوقف فيه، ومرجع أمره إلى الله سبحانه تعالى". (شرح الفقه الأكبر، ص: ۷۳، قديمی)

(۴) "والحق أن رضا يزيد بقتل الحسين واستبشاره بذلک وإهانته أهل بيت النبي صلى الله تعالىٰ عليه =

## یزید کے لئے "علیہ السلام" اور "رضی اللّٰہ عنہ" کا استعمال

سوال[۹۱۹۷]: کیا یزید کے نام کے ساتھ علیہ السلام یا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہہ سکتے ہیں اور لکھ سکتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

"علیہ السلام" عموماً انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کے ساتھ کہتے اور لکھتے ہیں (۱)، کبھی اہل بیت کے لئے بھی یہ لفظ مستعمل ہوتا ہے۔ "رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ" صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے (۲)، کبھی دیگر اولیاء اللہ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۳/۹۵ھ۔

## فاسق وفاجر کے لئے "رضی اللّٰہ عنہ" اور "نور اللّٰہ مرقدہ"

سوال[۹۱۹۸]: اگر ایک فاسق وفاجر شخص کو ہم "رضی اللّٰہ عنہ" کہیں تو گناہ ہے۔ "نور اللّٰہ مرقدہ" کہیں تو حرج ہے؟ اگر ایسا ہے تو پھر کیا فاسق وفاجر کے لئے دعائے مغفرت نہ کرنا چاہیے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

دعائے مغفرت اگر فاسق وفاجر کے لئے جائز نہ ہوتی تو نماز جنازہ اس کی میت پر نہ پڑھی جاتی (۳)۔

= وسلم مما تواتر معناه وإن كان تفاصيله آحاد، فنحن لانتوقف في شأنه بل في إيمانه لعنة الله عليه وعلى أنصاره وأعوانه". (شرح العقائد النسفية للتفتازاني، ص: ۱۱۷، المطبع اليوسفي)

(۱) "قال الجمهور من العلماء: لايجوز إفراد غير الأنبياء بالصلوة؛ لأن هذا قد صار شعاراً للأنبياء إذا ذكروا، فلا يلحق بهم غيرهم، فلا يقال: "قال أبوبكر صلى الله عليه، أو قال علي صلى الله عليه" وإن كان المعنى صحيحاً". (تفسير ابن كثير، (سورة الأحزاب: ۵۶): ۶۸۲/۳، مكتبه دارالفيحاء)

(۲) "(ويستحب الترضي للصحابة) وكذلك من اختلف في نبوته كذي القرنين ولقمان". (الدرالمختار، كتاب الخنثى، مسائل شتى: ۷۵۴/۶، سعيد)

(۳) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "الجهاد واجب عليكم مع كل أمير، براً كان أ فاجراً .......... الصلوة واجبة على كل مسلم، براً كان أو فاجراً وإن عمل =

عرفاً "رضی اللہ تعالیٰ عنہ" صحابہ کرام کے لئے، یا بہت سے بہت ان کے قریب تر حضرات کے لئے ہے، اس وجہ سے کسی فاسق و فاجر کے لئے ایسے کلمات کہنے سے ان کے صحابہ ہونے، یا ان کے قریب تر بلند مرتبہ ہونے کا شبہ ہوتا ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

☆......☆......☆......☆......☆

---

= الكبائر". (سنن أبي داؤد، كتاب الجهاد، باب في الغز ومع أئمة الجور: ۱/۳۵۰، امداديه ملتان)

"عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما: أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم صلى على زانية ماتت في نفاسها وولدها". (مجمع الزوائد للهيثمي، كتاب الجنائز، باب الصلوة على أهل لا إله إلا الله: ۳/۴۱، دار الفكر بيروت)

(۱) "يستحب الترضي والترحم على الصحابة والتابعين فمن بعدهم من العلماء والعباد وسائر الأخيار، فيقال: رضي الله عنه، أو رحمه الله، ونحو ذلك. وأما ما قاله بعض العلماء: إن قوله: رضي الله عنه مخصوصٌ بالصحابة، ويقال في غيرهم: رحمه الله فقط، فليس كما قال، ولا يوافق عليه، بل الصحيح الذي عليه الجمهور استحبابه، ودلائله أكثر من أن تحصر. فإن كان المذكور صحابياً ابن صحابي قال: قال ابن عمر رضي الله عنهما، وكذا ابن عباس، وابن الزبير، وابن جعفر، وأسامة بن زيد ونحوهم، يشمله وأباه جميعاً". (كتاب الأذكار للنووي رحمه الله، باب الصلوة على الأنبياء وآلهم تبعاً لهم صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فصل: يستحب الترضي والترحم على الصحابة والتابعين، ص: ۱۲۰، دارالبيان بيروت)

"(ويستحب الترضي للصحابة رضي الله عنهم) وكذا من اختُلف في نبوته كذي القرنين ولقمان". (الدرالمختار). "(قوله: ويستحب الترضي للصحابة)؛ لأنهم كانوا يبالغون في طلب الرضا من الله تعالىٰ، ويجتهدون في فعل ما يرضيه، ويرضون بما يلحقهم من الابتلاء من جهته أشد الرضا، فهولاء أحق بالرضا، وغيرهم لا يلحق أدناهم ولو أنفق ملء الأرض ذهباً". (ردالمحتار، كتاب الخنثى، مسائل شتى: ۶/۷۵۴، سعيد)

# باب الحجاب

## الفصل الأول فی ثبوت الستر ووجوبه

(پردہ کے ثبوت اور وجوب کا بیان)

### پردہ فرض ہے یا سنت؟

سوال[۹۱۹۹]: ۱...... غیر محرم سے مستورات کے لئے پردہ فرض ہے یا سنت؟ اور قرآن شریف کی کس آیت شریفہ کی رو سے، یا کس حدیث شریف کی رو سے تاکہ پوری تسلی کر کے عمل کیا جائے؟

### پردہ کس سے فرض ہے؟

سوال[۹۲۰۰]: ۲...... زید کے باپ سے زید کی بیوی کو پردہ کرنا آیا ہے یا نہیں؟ اور اگر پردہ کرنا نہیں آیا تو اس کے بارے میں قرآن شریف کی کوئی آیت شریفہ ہے، یا حدیث شریف ہے؟ اسے بھی درج فرما کر آگاہی بخشیں۔ فقط۔

ڈاکٹر محمد عبدالرشید، اسسٹنٹ سرجن سول ہسپتال، صوابی، ڈاکخانہ صوابی، ضلع پشاور۔

الجواب حامداً و مصلیاً:

۱...... فرض ہے، لقولہ تعالیٰ: ﴿قل للمؤمنين يغضوا من أبصارهم﴾ الآية"(۱). بدائع الصنائع: ۵/۱۲۱(۲)۔

---

(۱) (سورة النور: ۳۱)

(۲) العبارة بتمامها: "وأما النوع السادس: وهن الأجنبيات الحرائر، فلا يحل النظر للأجنبي من الأجنبية الحرة إلى الوجه والكفين، لقوله تعالىٰ: ﴿قل للمؤمنين يغضوا من أبصارهم﴾ [النور: ۳۰]، إلا أن النظر إلى مواضع الزينة الظاهرة وهي الوجهه والكفان رخص بقوله تعالىٰ: ﴿ولا يبدين زينتهن إلا ماظهر منها﴾ [النور: ۳۱]. والمراد من الزينة مواضعتها، ومواضع الزينة الظاهرة الوجه والكفان، فالكحل زينة الوجه، والخاتم زينة الكف، ولأنها تحتاج إلى البيع والشراء والأخذ والعطاء، ولا يمكنها ذلک عادةً =

”لايجوز النظر إلى المرأة، لما فيه من خوف الفتنة، ولهٰذا قالْ عليه الصلوة السلام: ”المرأة عورة مستورة“. زيلعي: ٦/ ١٧ (١)۔

﴿فاسئلوهن من وراء حجاب﴾ الآية (٢)۔

۲...... نہیں: ”يحل للرجل النظر من ذوات محارمه إلىٰ رأسها .......... لقوله تبارك وتعالىٰ: ﴿ولا يبدين زينتهن إلا لبعولتهن أو آبائهن أو آباء بعولتهن﴾ الآية“. بدائع: ٥/ ١٢٠ (٣)۔

وبسط طرق الاستدلال في إلقاء السكينة۔ بلکہ ان کے خلاف نص ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/۱۱/۵۴ھ۔

صحیح: عبداللطیف، یکم/ ذی الحجہ/ ۵۴ھ، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

---

= إلا بكشف الوجه والكفين، فيحل لها الكشف، وهذا قول أبي حنيفة رضي الله تعالىٰ عنه“. (بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع، كتاب الاستحسان، النوع السادس: ٦/ ٤٩٢، دارالكتب العلمية بيروت)

(١) (تبيين الحقائق، كتاب الكراهية، فصل في النظر والمس: ٧/ ٣٩، دارالكتب العلمية بيروت)

(٢) (سورة الأحزاب: ٥٣)

”عن ابن عمر رضي الله عنهما، عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ”المرأة عورة، فإنها إذا خرجت من بيتها، استشرفها الشيطٰن“. (مشكوٰة المصابيح، ص: ٢٦٩، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة وبيان العورات، الفصل الثاني، قديمي)

(وكذا في الهداية: ٤/ ٤٥٨، فصل في الوطي والنظر والمس، كتاب الكراهية، مكتبة شركت علمية)

(٣) (بدائع الصنائع، كتاب الاستحسان، النوع الثالث: ٦/ ٤٨٩، دارالكتب العلمية بيروت)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ٥/ ٣٢٨، الباب الثامن فيما يحل للرجل النظر إليه ومالايحلّ له، كتاب الكراهية، رشيديه)

(وكذا في الدرالمختار: ٦/ ٣٦٧، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، سعيد)

(وكذا في الهداية: ٤/ ٤٦١ كتاب الكراهية، فصل في الوطي والنظر والمس، مكتبه شركة علميه)

## پردہ کا حکم

سوال[۹۲۰۱]: ۱...... پردہ اسلام میں ضروری ہے یا نہیں؟

۲...... اگر کوئی عورت پردہ نہ کرے تو اس کو گناہ ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًو مصلیاً:

۱...... پردہ اسلام میں ضروری چیز ہے، قرآن کریم (۱) اور حدیث شریف سے ثابت ہے (۲)۔

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿یا أیها النبی قل لأزواجک و بناتک ونساء المؤمنین یدنین علیهن من جلابیبهن﴾ (سورة الأحزاب: ۵۹)

وقال العلامة الجصاص: "روی عن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه قال: "الجلباب الرداء". وقال ابن أبی نجیح عن مجاهد: یتجلببن، لیعلم أنهن حرائر، ولا یعرض لهن فاسق. وروی محمد بن سیرین عن عبیدة: ﴿یدنین علیهن من جلابیبهن﴾. قال: تقنّع عبیدة، وأخرج إحدی عینیه.

وحدثنا عبدالله بن محمد قال: حدثنا الحسن بن أبی الربیع قال: أخبرنا عبدالرزاق قال: أخبرنا معمر عن الحسن قال: کن إماء بالمدینة یقال لهن: کذا وکذا، یخرجن فیتعرض لهن السفهاء فیؤذونهن، وکانت المرأة الحرة تخرج فیحسبون أنها أمَة فیتعرضون لها، فیؤذونها، فأمر الله المؤمنات أن: ﴿یدنین علیهن من جلابیبهن، ذلک أدنی أن یعرفن﴾ أنهن حرائر فلایؤذین ......... اهـ". (أحکام القرآن للجصاص: ۳/ ۵۳۶، قدیمی)

(۲) "وعن ابن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "المرأة عورة، فإذا خرجت، استشرفها الشیطان". رواه الترمذی". (مشکوة المصابیح، کتاب النکاح، باب النظر إلی المخطوبة، الفصل الثانی، ص: ۲۶۹، قدیمی)

"وعن أم سلمة رضی الله تعالیٰ عنها أنها کانت عند رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ومیمونة رضی الله تعالیٰ عنها إذا أقبل ابن أم مکتوم، فدخل علیه، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "احتجبا منه". فقلت: یا رسول الله! ألیس هو أعمی لا یبصرنا؟ فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "أفعمیا وَ ان، أنتما ألستما تبصرانه"؟ (مشکوة المصابیح، کتاب النکاح، باب النظر إلی المخطوبة، الفصل الثانی، ص: ۲۶۹، قدیمی)

۲......وہ گنہگار ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح:سعید احمد غفرلہ، صحیح:عبد اللطیف ۲۰/ ربیع الثانی / ۵۸ھ۔

## پردہ کس عمر سے کس عمر تک کرنا چاہیے؟

سوال[۹۲۰۲] : پردہ کے متعلق عورت کو کتنی عمر تک پردہ کرنا چاہیے؟

**الجواب حامداًومصلیاً:**

جب لڑکی سیانی ہوجائے کہ اس کے اندر ایسا مادہ پیدا ہوجائے کہ خود اس کو مرد کی خواہش ہونے لگے، یا مرد کو اس کی خواہش ہونے لگے تو وہ پردہ کے قابل ہوگی، پھر ساری عمر پردہ کرے گی، کسی وقت بھی اس کو آزادی نہیں کہ بے پردہ ہوکر مردوں میں گھومتی پھرے(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دار العلوم دیوبند، ۲۷/۵/۹۲ھ۔

---

(۱) قال الله تعالى: ﴿تلک حدود الله، و من يتعد حدود الله فقد ظلم نفسه﴾ (سورة الطلاق: ۱)

وقال الله تعالىٰ: ﴿ومن يعص الله ورسوله ويتعدّ حدوده، يدخله ناراً خالداً فيها، وله عذاب مهين﴾ (سورة النساء: ۱۴)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿يا أيها النبى قل لأزواجک و بناتک ونساء المؤمنين يدنين عليهن من جلابيبهن﴾ (سورة الأحزاب: ۵۹)

وقال العلامة الجصاص: "روى عن عبد الله رضى الله تعالىٰ عنه قال: "الجلباب الرداء". وقال ابن أبى نجيح عن مجاهد: يتجلببن، ليعلم أنهن حرائر، ولا يعرض لهن فاسق. وروى محمد بن سيرين عن عبيدة: ﴿يدنين عليهن من جلابيبهن﴾. قال: تقنّع عبيدة، وأخرج إحدى عينيه.

وحدثنا عبدالله بن محمد قال: حدثنا الحسن بن أبى الربيع قال: أخبرنا عبدالرزاق قال: أخبرنا معمر عن الحسن قال: كن إماء بالمدينة يقال لهن: كذا وكذا، يخرجن فيتعرض لهن السفهاء فيؤذونهن، وكانت المرأة الحرة تخرج فيحسبون أنها أمَة فيتعرضون لها، فيؤذونها، فأمر الله المؤمنات أن: ﴿يدنين عليهن من جلابيبهن، ذلک أدنى أن يعرفن﴾ أنهن حرائر فلايؤذين ..........اهـ". (أحكام القرآن للجصاص، (سورة الأحزاب: ۵۹): ۳/۵۲۶، قديمى)

## چہرہ کا پردہ

سوال[۹۲۰۳]: چہرہ کا پردہ عورت کے لئے کسی حدیث یا کلام اللہ سے ثابت ہے، یا اجماعِ امت اور قیاس سے؟ اور اس کی علت اندیشۂ فساد ہے، یا اَور کچھ، اگر اندیشۂ فساد نہ رہے تو پھر منہ کا چھپانا فرض ہے یا واجب یا مستحب؟

سعید احمد کھیڑہ، افغان۔

**الجواب حامداًومصلیاً:**

مقلد کا منصب علت اور دلیل پوچھنا نہیں (۱)، یہ کام مجتہد کا ہے، مقلد کا فرض ہے کہ اس کے امام نے قرآن وحدیث کو دیکھ کر سمجھ کر جو مسئلہ بتادیا ہے اس پر عمل کرے، مأخذ کے درپے نہ ہو۔ اجنبی سے چہرہ کا چھپانا بلا اندیشۂ فساد بھی علاوہ مواقعِ مستثنیٰ کے ہر حال میں ضروری ہے:

"(فحل النظر) مقيدٌ بعدم الشهوة، وإلا فحرام، وهذا في زمانهم، و في زماننا فمنع من الشابة، قهستاني وغيره". درمختار (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۴/۱۰/۲۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف ۲۹/ شوال ۵۴ھ۔

---

(۱) قال العلامة الحصكفي: "على أن الواجب على المقلد العمل بقول المجتهد وإن لم يظهر دليله، كما أفاده في رسم المفتي". (الدر المختار: ۳/ ۲۱۰، كتاب النكاح، باب الرضاع، سعيد)

(۲) (الدر المختار: ۶/ ۳۷۰، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، سعيد)

وقال الله تعالى: ﴿يدنين عليهن من جلابيبهن﴾ قال أبوبكر: "في هذه الأية دلالة على أن المرأة الشابة مأمورة بستر وجهها عن الأجنبيين، و إظهار الستر و العفاف عند الخروج، لئلا يطمع أهل الريب فيهن. وفيها دلالة على أن الأمَة ليس عليها ستر وجهها و شعرها؛ لأن قوله تعالىٰ: ﴿ونساء المؤمنين﴾ ظاهره أنه أراد الحرائر". (أحكام القرآن للجصاص، (سورة الأحزاب: ۵۹). ۳/ ۵۴۶، قديمي)

قال الحافظ ابن كثير: "أمر الله نساء المؤمنين إذا خرجن من بيوتهن في حاجة أن يغطّين وجوههن من فوق رؤسهن بالجلابيب و يبدين عيناً واحدةً". (تفسير ابن كثير: ۳/ ۶۸۴، (سورة الأحزاب: ۵۹)، مكتبه دار السلام، رياض) ........................ =

..........................................................

= ''آج کل بعض لوگ یہ شور مچا رہے ہیں کہ ''اسلام میں پردہ کا حکم تو ہے، مگر چہرہ کا پردہ نہیں ہے'' ان نادانوں کی سمجھ میں یہ بھی نہیں آتی کہ اگر چہرہ کا پردہ نہیں ہے تو مَردوں اور عورتوں کو نظریں نیچی رکھنے کا کیوں حکم دیا گیا؟ چہرہ ہی میں کشش ہے اور وہی مجمع المحاسن ہے، سورۃ احزاب کی آیت ﴿یدنین علیهن من جلابیبهن﴾ سے چہرہ ڈھانکنے کا واضح حکم معلوم ہو رہا ہے۔

بعض لوگوں کو نماز کے مسئلہ سے دھوکہ ہوا ہے، کیونکہ نماز میں عورت کا چہرہ کھلا رہنے سے نماز ہو جاتی ہے (جس پر قیاس کر کے چہرہ کے پردہ نہ ہونے پر استدلال کرتے ہیں) حالانکہ کتبِ فقہ میں یہ مسئلہ شرائطِ نماز میں لکھا ہے، نہ کہ احکامِ پردہ میں، لہٰذا چہرہ کھول کر نماز ہو جانے سے غیر محرموں کے سامنے چہرہ کھول کر آنے پر استدلال کرنا بددیانتی ہے۔ حضرات فقہاءؒ نے شرائطِ نماز میں اس مسئلے کو لکھا ہے، چنانچہ علامہ شامیؒ نے اس مسئلے کے بعد: ''وتمنع المرأة الشابة من كشف الوجه بين الرجال'' فرما کر ایسے فاسد خیال لوگوں کے منہ پر مہر ثبت فرمایا ہے۔

اور شیخ ابن الہمامؒ نے زاد الفقیر میں لکھا ہے کہ:

> ''وفي الفتاوى: الصحيح أن المعتبر في فساد الصلوة انكشاف ما فوق الأذنين، وفي حرمة النظر يستوي ما يليها: أي ما فوق الأذنين وما تحتهما''. (زاد الفقير، ص: ۲۵ مجلس علمی ڈابھیل)

دوسری بات یہ ہے کہ اس بات کو تسلیم کرلیا جائے کہ چہرہ کھولنے کی اجازت ہے تب بھی غیر محرم کے سامنے چہرہ کھولنے کا کوئی ذکر نہیں۔ جو لوگ ﴿إلا ما ظهر منها﴾ سے عورتوں کے لئے عام طور پر چہرہ کھولکر گھومنے پھرنے کا جواز ثابت کرتے ہیں وہ غلطی پر ہیں، کیونکہ ان الفاظ میں عورتوں کو چہرہ کھولنے کی اجازت دی گئی ہے تاکہ دوسرے اعضاء کی طرح ان کے چھپانے کے اہتمام سے زحمت و تکلیف نہ ہو، اس میں نامحرموں کے سامنے چہرہ کھولنے کے جواز و عدم جواز کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ (اور) آیت میں ﴿إلا ما ظهر﴾ فرمایا، نہ کہ ''إلا ما أظهرن'' اسی سے صاف ظاہر ہے کہ عورت کو قصداً و ارادۃً نامحرموں کے سامنے چہرہ کھولنے کی اجازت نہیں دی گئی ہے''۔ (ملخص از خواتین کے لئے شرعی احکام)

نیز اس دورِ فساد میں فتنہ سے مامون رہنے کی کون گارنٹی دے سکتا ہے؟ اور خوف فتنہ و فساد کی وجہ سے چہرہ کے پردہ پر تمام علمائے کرام متحد و متفق ہیں، بالفرض اگر چہرے کا پردہ نہیں تب بھی اس دورِ فساد میں فتنہ کی وجہ سے واجب ہے، لأن درء المفسدة مقدم على جلب المنفعة. والله اعلم بالصواب.

چہرہ کا پردہ

سوال[۹۲۰۴]: خالدہ ادیب خانم نے جوایک مشہور ترکی خاتون ہیں، ترکی میں مشرق ومغرب کی کشمکش کے عنوان پر اپنے ساتویں خطبہ میں یہ بات صاف طور پر ظاہر کی ہے کہ:

"کلام الٰہی کے اعتبار سے عورتوں کو حکم دیا گیا کہ وہ اپنے سر، سینے، اور زینت کو چھپادیں، چہروں کے چھپانے کا کہیں ذکر نہیں ہے اور نہ عورتوں سے کہا گیا کہ وہ گھر میں بیٹھی رہیں اور خدمتِ عامہ انجام نہ دیں"۔ علاوہ ازیں اسی خطبہ میں آگے چل کر یہ الفاظ موجود ہیں کہ "اگر اس پردہ کو مسلمان قائم رکھنا چاہتے ہیں تو انہیں اختیار ہے، مگر وہ یہ بات ہرگز نہیں کہہ سکتے کہ اس کی بنا مذہب کے احکام پر ہے"۔

لہٰذا برائے مہربانی یہ فرمائیے کہ وہ کونسی احادیث یا اسلامی روایات ہیں جن کی رو سے عورتوں کو بغیر عذر چہرہ چھپانا ضروری ہوجاتا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

سر، سینہ، زینت اور تمام بدن کے چھپانے کا حکم تسلیم کرنے کے بعد چہروں کے چھپانے کے حکم میں تامل کرنا ہی حیرت انگیز ہے، غور کا مقام ہے ﴿قل للمؤمنين يغضّوا من أبصارهم﴾(۱) کا حکم کس لئے ہے، اگر اس سے چہروں کا پردہ مقصود نہیں تو کیا ہے، اور ﴿يا أيها النبي قل لأزواجك و بناتك و نساء المؤمنين يدنين عليهن من جلابيبهن﴾ الاية(۲) کا کیا مطلب ہے؟

اس کی تفسیر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس طرح مروی ہے:

"قال علي بن أبي طلحة، عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما: أمر الله نساء المؤمنين إذا خرجن من بيوتهن في حاجة أن يغطين وجوههن من فوق رؤوسهن بالجلابيب، ويبدين عيناً واحدة، اهـ". ابن کثیر(۳)۔

(۱) (سورة النور: ۳۰)

(۲) (سورة الأحزاب: ۵۹)

(۳) (تفسير ابن كثير: ۳/۶۸۴، (سورة الأحزاب: ۵۹)، دار الفيحاء دمشق)

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ عورتوں کو اصالۃً گھروں میں رہنے کا حکم ہے، اگر کسی حاجت کے لئے مجبوراً نکلیں تو چہرہ اور سر چھپا کر نکلیں، راستہ دیکھنے کے لئے ایک آنکھ کی مقدار کھولنے کی گنجائش ہے۔ اور عبیدۃ سلمانی نے اس آیت کی تفسیر بتلاتے وقت اپنا چہرہ اور سر چھپا کر دکھلایا اور صرف بائیں آنکھ کو کھولے رکھا، کذا فی تفسیر ابن کثیر (۱)۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ مسجد نبوی میں نماز پڑھنا کس قدر موجبِ فضیلت ہے، لیکن ارشاد ہے:

"صلوة المرأة فی بیتها أفضل من صلوتها فی حجرتها، وصلوتها فی مخدعها أفضل من صلوتها فی بیتها". رواه أبو داؤد (۲)۔

ایک اور روایت میں ہے:

"ولا تمنعوا إماء الله مساجد الله، ولكن ليخرجن وهن تفلات". وفی رواية: "وبيوتهن خيرٌ لهن" (۳)۔

ایک دفعہ کچھ عورتیں جمع ہو کر حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! –صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم– مرد جہاد کر کے فضیلت میں ہم سے بڑھ گئے، آپ کوئی عمل ایسا بتایئے جس سے جہاد جیسی فضیلت حاصل ہو، ارشاد ہوا:

"من قعدت منكن فی بیتها، فإنها تدرك عمل المجاهدين فی سبيل الله تعالیٰ" (٤)۔

یعنی "جو تم میں سے اپنے گھر میں بیٹھی رہے اس کو جہاد جیسا اجر ملے گا"۔

جہاد جیسی عبادت اور خدمت ملک وملت کے مقابلہ میں بھی عورتوں کو گھر میں بیٹھے رہنے کا حکم ہوا۔

---

(۱) "وقال محمد بن سيرين: سألت عبيدة السلماني عن قول الله عزوجل: ﴿يدنين عليهن من جلابيبهن﴾ فغطى وجهه ورأسه، وأبرز عينه اليسرى". (تفسير ابن كثير: ۳/۶۸۴، دار الفيحاء دمشق)

(۲) (مشكوة المصابيح، ص: ۹۶، كتاب الصلوة، باب الجماعة، الفصل الثانی، قديمی)

(وسنن أبی داؤد: ۱/۹۱، كتاب الصلوة، باب ما جاء فی خروج النساء إلى المسجد، إمداديه ملتان)

(۳) (سنن أبی داؤد: ۱/۹۱، كتاب الصلوة، باب ما جاء فی خروج النساء إلى المسجد، إمداديه ملتان)

(۴) (تفسير ابن كثير: ۳/۶۳۷، دار الفيحاء دمشق)

ترمذی کی روایت میں ہے:

"عن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: "إن المرأة عورة، فإذا خرجت، استشرفها الشیطان"(۱)۔

خالدہ ادیب خانم نے افسانہ نگاری اور عبارت آرائی، یا دیگر طرقِ مروجہ سے ملک وقوم کی خدمت کر کے ممکن ہے کہ ادبی دنیا میں کوئی خاص شہرت پیدا کی ہو، اور ارباب قلم سے خراجِ تحسین وصول کیا ہو، لیکن مذہبی اصول وفروع پر عبور کے لئے صرف اتنا کافی نہیں، بلکہ اس کا ساحل بہت بعید ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفاء اللہ عنہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۳/ ۸/ ۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۱۵/ شعبان/ ۶۴ھ۔

## محرم سے پردہ کی حد

سوال[۹۲۰۵]: پردہ دار عورت، بہنوئی، بھائی، پھوپھا، چچا، دیور سے پردہ کس حد تک کرے؟ یعنی شریعت میں اس کا کیا درجہ ہے؟ اور ہاتھ صرف گٹوں تک اور چہرہ کھول کر سامنے آجائے تو کچھ حرج تو نہیں ہے، یعنی ان لوگوں سے کس درجہ تک پردہ ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بھائی اور چچا سے پردہ نہیں(۲)، بہنوئی، پھوپھا، چچازاد بھائی وغیرہ سے پردہ ہے، بالکل ان کے

---

(۱) (سنن الترمذی: ۲۲۲/۱، أبواب الرضاع، باب، قبیل أبواب الطلاق واللعان، سعید)

(۲) قال اللہ تعالیٰ: ﴿وأخواتكم وعماتكم وخالتكم وبنات الأخ وبنات الأخت﴾ فأفرد بنات الأخ، وبنات الأخت بالذكر؛ لأن اسم الأخ والأخت لا يتناولهن كما يتناول اسم البنات بنات الأولاد". (أحكام القرآن للجصاص: ۱۷۷/۲، قدیمی)

وقال العلامة الشامی رحمه الله تعالیٰ: "وفروع أبویه وإن نزلن، فتحرم بنات الإخوة والأخوات وبنات أولاده الإخوة والأخوات". (ردالمحتار: ۲۸/۳، فصل فی المحرمات، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمكيرية: ۲۷۳/۱، الباب الثالث فی بیان المحرمات، رشیدیه)

سامنے نہ آئے (۱)۔ اگر ایک ہی مکان میں رہتے ہوں اور مکان کی تنگی ہو تو مجبوراً اتنا پردہ بھی کافی ہے کہ چہرہ ہاتھ نہ کھولے بلکہ گھونگھٹ کرے (۲) اور تنہائی میں ایک جگہ ان کے ساتھ نہ ہو اور بے تکلفی ہنسی مذاق نہ کرے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۱۳/۱/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیوبند۔

## مشترکہ مکان میں شرعی پردہ

سوال [۹۲۰۶]: جس مکان میں پورا خاندان ساتھ رہتا ہو، وہاں پردہ قائم رکھنے کی صورت (جب

---

(۱) قال الله تعالى: ﴿حرمت عليكم أمهاتكم و بناتكم و أخواتكم و عماتكم و خالتكم و بنات الأخ وبنات الأخت﴾ ............ الخ". (سورة النساء: ۲۳)

وقال العلامة الشامي: "أنواع تحريم النكاح سبع:

قرابة ملک رضاع جمع　　وزيدَ خمسة أتتک بالبيان
تطليقة لها ثلاثاً واللعان　　تعلق بحق غير من نكاح
أوعدة خنوثة بلا اتضاح　　وآخر الكل اختلاف الجنس
كالجن والمائی لنوع الإنس".

(ردالمحتار: ۲۸/۳، کتاب النكاح، فصل فی المحرمات، سعيد)

(وكذا في النهر الفائق: ۲۸۵/۲، كتاب النكاح، فصل فی المحرمات، قديمی)

(۲) "والمراد تحذير المرأة منهم كما يحذر من الموت، فإن الخوف من الأقارب أكثر، والفتنة منهم أوقع، لتمكنهم من الوصول والخلوة بلا نكير". (لمعات على هامش مشكوة المصابيح، تحت الحديث: "الحمو الموت". كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة وبيان العورات، الفصل الأول، ص: ۲۶۸، قديمی)

(۳) "وعن عمر رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال: "لا يخلونّ رجل بالمرأة إلا كان ثالثهما الشيطان". رواه الترمذی". (مشكوة المصابيح، ص: ۲۶۹، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة، الفصل الثانی، قديمی)

کہ جیٹھ اور دیور یکے بعد دیگرے آتے جاتے ہوں) تحریر فرماتے ہوئے پردہ شرعی کو واضح فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

باقی بدن تو چھپا رہتا ہی ہے، چہرہ بھی سامنے نہ کریں اور نامحرم کے ساتھ خلوت کا موقع کبھی آنے نہ دیں، ہنسی مذاق سے پوری احتیاط رکھیں۔ یہ اس وقت جب کہ مکان میں تنگی کی وجہ سے اتنی گنجائش نہ ہو کہ نامحرم کی آمد کے وقت مکان کے اندرونی حصہ میں چلی جائیں، یا پردہ درمیان میں لٹکا دیں، اگر گنجائش ہو تو چہرہ چھپا کر بھی سامنے آنے سے اجتناب کریں۔ یہ تو عورتوں کے حق میں ہے۔

مَردوں کے حق میں یہ ہے کہ جب مکان میں جائیں، اطلاع کر کے جائیں اور نگاہ نیچی رکھیں اور ہنسی مذاق، نیز خلوت سے پوری احتیاط کریں:

"عن عقبة بن عامر رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "إیاکم والدخول علی النساء". فقال رجل من الأنصار: یا رسول الله! أفرأیت الحمو؟ قال: "الحمو الموت، اهـ". بخاری شریف(۱)۔

"زاد ابن وهب فی روایته عن مسلم: سمعت اللیث یقول: الحمو أخو الزوج وما أشبه من أقارب الزوج ابن العم ونحوه. ووقع عند الترمذی بعد تخریج الحدیث قال الترمذی: یقال: هو أخو الزوج، کره له أن یخلو بها، قال: ومعنی الحدیث علی نحو ما روی: "لا یخلون رجل بامرأة فإن ثالثهما الشیطان، اهـ". وهذا الحدیث الذی أشار إلیه أخرجه أحمد من حدیث عامر بن ربیعة. وقال النووی رحمه الله تعالیٰ. اتفق أهل العلم باللغة علی أن الأحماء أقارب زوج المرأة کأبیه وعمه وأخیه وابن أخیه وابن عمه ونحوهم، اهـ". فتح الباری: ۹/۲۸۹(۲)۔

---

(۱) (صحیح البخاری: ۲/۷۸۷، کتاب النکاح، بابٌ: لا یخلونّ رجل بامرأة إلا ذو محرم، والدخول علی المغیبة، قدیمی)

(۲) (فتح الباری: ۹/۳۳۱، کتاب النکاح، (رقم الحدیث: ۵۲۳۲)، دار الفکر بیروت)

(وکذا فی مرقاة المفاتیح: ۶/۲۷۸، کتاب النکاح، باب النظر إلی المخطوبة وبیان العورات، الفصل الأول، (رقم الحدیث: ۳۱۰۲)، رشیدیه)

"الخلوة بالأجنبية حرام، اهـ". درمختار (۱)۔

"تمنع من كشف الوجه بين رجال لخوف الفتنة، اهـ".تنوير: ۱/۴۲۲ (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف۔

---

(۱) (الدر المختار: ۳۶۸/۲، کتاب الحظر و الإباحة، فصل فی النظر و المس، سعید)

(۲) (تنویر الأبصار مع ردالمحتار: ۴۰۶/۱، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، سعید)

**ترجمہ عربی عبارت:**

''حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''عورتوں پر داخل ہونے سے بچو'' انصار میں سے ایک شخص نے کہا: یا رسول اللہ! - صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم- دیور کے بارے میں کیا ارشاد ہے؟ ارشاد فرمایا: ''دیور تو موت ہے''۔ (بخاری شریف)۔

''ابن وہب نے مسلم کی روایت میں زیادہ کیا ہے کہ میں نے لیث سے سنا فرماتے تھے: حمو (دیور) شوہر کا بھائی ہے اور جو شوہر کے عزیز و اقارب میں سے اس کے مشابہ ہو: چچا ہو بیٹا وغیرہ۔ اور حدیث کی تخریج کے بعد ترمذی نے کہا ہے: کہا جاتا ہے کہ شوہر کے بھائی کے لئے مکروہ ہے کہ اس کے ساتھ (بھائی کی بیوی کے ساتھ) تنہائی کرے۔

اور حدیث کے معنی جیسا کہ روایت کیا گیا ہے کہ کوئی شخص کسی عورت کے ساتھ خلوت نہ کرے کہ ان میں تیسرا شیطان ہوتا ہے۔ اور یہ حدیث جس کی طرف اشارہ کیا ہے احمد نے عامر بن ربیعہ کی حدیث سے اس کی تخریج کی ہے۔ اور نوویؒ نے کہا کہ علمائے سنت کا اس پر اتفاق ہے کہ احماء سے مراد عورت کے شوہر کے اقارب ہیں، جیسے: شوہر کا باپ، اس کا چچا، اس کا بھائی اور بھائی اور چچا کا بیٹا اور ان کے مثل''۔ (فتح الباری)۔

''اجنبیہ کے ساتھ خلوت حرام ہے''۔ درمختار۔ ''لوگوں کے درمیان عورت کو چہرہ کھولنے سے منع کیا جائے گا فتنہ کے اندیشہ سے'' (تنویر)۔

## بیوی کو بے پردگی پر مجبور کرنا

سوال[۹۲۰۷]: زید نے اپنی لڑکی صفیہ کا عقد عمر کے بیٹے ظفر کے ساتھ اس شرط پر کیا کہ اس کی لڑکی پردہ میں رہے گی اور ارکانِ شرعی کی پابند رہے گی۔ ظفر نے دو سال کے بعد اپنی بیوی کو بے پردہ رکھنا شروع کیا، نیز جب وہ قرآن شریف کی تلاوت کرتی ہے تو اسے جواب دیا جاتا ہے کہ کیا رام کہانی شروع کر رکھی ہے۔ زید کو جب اس واقعہ کی خبر ہوئی تو وہ اپنی بچی کو گھر لے آیا۔ ظفر کا اصرار ہے کہ وہ اپنی بیوی کو لے جائے گا، زید کا کہنا ہے کہ تم نے شرط پوری نہیں کی اس لئے اب میں رخصت نہ کروں گا۔ ایسی صورت میں شرعی نقطۂ نگاہ سے کیا کرنا چاہئے؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

زید کو چاہئے کہ وہ ظفر سے پختہ عہد کرلے اور چند معزز آدمیوں کے سامنے تحریر کرالے کہ ظفر اب آئندہ اپنی بیوی کو پردہ کے ساتھ رکھے گا، بے پردگی پر مجبور نہ کرے گا، نیز احکامِ شرع کی پابندی کرے گا۔ اور اگر اس پر اطمینان نہ ہو تو زوجہ کو چاہئے کہ حاکم مسلم بااختیار کی عدالت میں مقدمہ پیش کرے (۱) کہ ظفر میرا شوہر ہے مجھے بے پردہ رکھتا ہے اور احکام شرع کی بجا آوری میں مخل ہوتا ہے۔ اس پر حاکم ظفر کو بلا کر تحقیق کرے اور اس کو حکم دے کہ تم اپنی زوجہ کو پردہ میں رکھو اور احکام شرع کی پابندی میں رکاوٹ نہ ڈالو، ورنہ آزاد کردو۔ اس پر ظفر احکام شرع کی پابندی کا وعدہ کرے، یا آزاد کردے اگر وعدہ کرے تو بہتر ہے، اگر آزاد

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿وإن خفتم شقاق بينهما، فابعثوا حَكَماً من أهله وحكماً من أهلها، إن يريدا إصلاحاً يوفق الله بينهما﴾ (سورة النساء: ۱۱٦)

قال العلامة الآلوسي رحمه الله تعالیٰ عليه: "أي وجهوا وأرسلوا إلى الزوجين لإصلاح ذات البين ﴿حكماً﴾: أي رجلاً عدلاً عارفاً حسن السياسة والنظر في حصول المصلحة .......... وخص الأهل؛ لأنهم أطلب للصلاح وأعرف بباطن الحال وتسكن إليهم النفس، فيطلعون على ما في الضمير كل من حب وبغض، وإرادة صحبة، أو فرقة، وهذا على وجه الاستحباب". (روح المعاني، (سورة النساء: ۱۱٦): ٦/٢٦، دار إحياء التراث العربي بيروت)

کردے تو بعد عدت نکاحِ ثانی درست ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، مظاہر علوم سہارنپور۔

## بیوی کو بے پردگی سے روکنا

سوال[۹۲۰۸]: زیداپنی بیوی کواس بات پر تنبیہ کرتا ہے کہ وہ پردہ غیر محرم سے کرے اور چاہتا ہے کہ علم دین سیکھے، مگروہ دونوں سے انکار کرتی ہے۔ نیز زید کی حیثیت چٹنی، روٹی اور گاڑھ پہنانے کی ہے اور اس کی بیوی کہتی ہیں کہ یہ خوراک ہم سے نہیں کھائی جاتی اور اپنے خاوند کی مرضی کے بغیر جہاں چاہتی ہے، جاتی ہے یعنی اپنی خالہ وغیرہ کے یہاں جہاں پر غیر محرم آتے جاتے ہیں، یعنی اس کے ماموں کا لڑکا، یا اس کے خالو اور اس کے خالو کا بہنوئی وغیرہ جن سے وہ پردہ کرنے سے گریز کرتی ہے۔

باوجود اس کے کہ چند مرتبہ اس کو ہدایت کی گئی کہ وہ پردہ کرے مگر وہ باز نہیں آئی اور یہ جواب دیا گیا کہ ان سے پردہ ہرگز نہیں ہوسکتا۔ نیز زید کو اعتبار نہیں ہے کہ وہ اپنے خاوند سے علیحدہ رہ کر پاکدامن رہے۔ عرصہ ڈیڑھ ماہ سے وہ خود چلی گئی بلا خاوند کی مرضی۔ اب اس کے واسطے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

زوجہ کے ذمہ لازم ہے کہ امورِ مذکورہ میں زید کی اطاعت کرے(۲) اور صبر وشکر کے ساتھ

---

(۱) "عدة الحرة ........ ثلاثة قروء: أي حيض، لقوله تعالىٰ: ﴿والمطلقات يتربصن بأنفسهن ثلاثة قروء﴾........ اهـ". (مجمع الأنهر: ۱/۴۶۴، كتاب الطلاق، باب العدة، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(۲) "حق الزوج على الزوجة أن تطيعه في كل مباح يأمرها به". (البحر الرائق، كتاب النكاح، باب القسم: ۳/۳۸۵، رشيديه)

(وكذا في النهر الفائق، كتاب النكاح، باب القسم: ۲/۲۹۷، إمداديه)

(وكذا في الدرالمنتقى شرح الملقتى على هامش مجمع الأنهر، كتاب النكاح، باب القسم: ۱/۵۵۰، مكتبه غفاريه كوئٹه)

وقال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "ظاهره أنه عند الأمر به يكون واجباً عليها كأمر السلطان الرعية به". (ردالمحتار، كتاب النكاح، باب القسم: ۳/۲۰۸، سعيد)

زندگی گذارے (۱)، علمِ دین بقدرِ ضرورت سیکھنا فرض ہے (۲)۔ نامحرم سے پردہ فرض ہے (۳)، اگر وہ نامحرم سے پردہ نہ کرے، بلکہ اس کے سامنے چہرہ کھولے تو مرد کو حق ہے کہ مناسب سزا دے اور بقدرِ ضرورت پیٹ بھی سکتا ہے (۴)۔

---

(۱) "عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: جاء ت امرأة إلى النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقالت: یا رسول الله! ما حق الزوج علی المرأة؟ قال: "أن لا تمنع نفسها ولو كانت علی ظهر قتب. ولا تصوم یوماً إلا بإذنه إلا رمضان، فإن فعلت، كان الأجر له والوزر علیها. ولاتخرج إلا بإذنه، فإن خرجت لنفسها لعنتها ملائكة الرحمة و ملائكة العذاب حتی ترجع". (تنبیه الغافلین، ص: ۲۷۸، باب حق الزوج علی زوجته، مكتبه حقانیه پشاور)

"ومنها وجوب طاعة الزوج علی الزوجة". (بدائع الصنائع: ۲۱۳/۳، كتاب النكاح، فصل فی طاعة الزوج، دار الكتب العلمیه بیروت)

(۲) "عن أنس رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "طلب العلم فریضة علی كل مسلم". (مشكوة المصابیح، كتاب العلم، الفصل الثانی، ص: ۳۴، قدیمی)

قال العلامة الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: "قال الشراح: المراد بالعلم ما لا مندوحة للعبد من تعلمه كمعرفة الصانع والعلم بوحدانیته ونبوة رسوله، وكیفیة الصلاة، فإن تعلمه فرض عین".

(مرقاة المفاتیح: ۴۷۷/۱، كتاب العلم (رقم الحدیث: ۲۱۸)، رشیدیه)

(وكذا فی الدرالمختار، قبیل مطلب فی فرض الكفایة وفرض العین: ۴۲/۱، سعید)

"قال العلائی فی فصوله: من فرائض الإسلام تعلم مایحتاج إلیه العبد فی إقامة دینه وإخلاص عمله لله تعالی، ومعاشرة عباده. وفرض علی كل مكلف ومكلفة بعد تعلمه علم الدین والهدایة تعلم علم الوضوء والغسل" (رد المحتار: ۴۲/۱، مطلب فی الفرق بین المصدر والحاصل بالمصدر، سعید)

(وكذا فی فتح الباری: ۱۴۱/۱، دار الفكر بیروت)

"واعلم أن تعلم العلم یكون فرض عین، وهو بقدر مایحتاج لدینه". (الدرالمختار، المقدمة: ۴۲/۱، سعید)

(۳) قال الله تعالی ﴿وقل للمؤمنات یغضضن من أبصارهن ویحفظن فروجهن ولایبدین زینتهن إلاماظهر﴾ الآیة (سورة النور: ۳۱)

(۴) "عن قتادة رضی الله تعالیٰ عنه قال: ذكر لنا أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، قال فی خطبة =

اگر بلا اجازت و بلا رضامندیٔ شوہر کہیں جائے گی تو جب تک شوہر کے گھر واپس نہ آئے نفقہ کی مستحق نہیں، یعنی شوہر کو حق ہے کہ نفقہ بند کردے کہ جب میرے مکان پر آئے گی تب نفقہ دوں گا (۱)۔ اور جب شوہر کو بدگمانی ہے تو اس کو ہرگز جائز نہیں کہ زوجہ کو کسی ایسی جگہ جانے کی اجازت دے، جس جگہ اس کو خدشہ اور بدگمانی ہے، اگر جازت دے گا تو گنہگار ہوگا (۲)۔

یہ بھی ضروری ہے کہ عورت کے حقوق میں حتی الوسع کمی نہ کرے (۳)، اگر باوجودِ قدرت کے کمی کرے

---

= وهو يومئذ بمنى: "أيها الناس! إن لكم على النساء حقاً، وإن لهن عليكم حقاً، وإن من حقكم عليهن أن يحفظن فرشكم ............ فإن هن فعلن ذلك، فقد أحل الله لكم أن تضربوهن ضرباً غير مبرح". (تنبيه الغافلين، ص: ۲۷۸، باب حق الزوج على زوجته، مكتبه حقانيه پشاور)

(وكذا في بدائع الصنائع: ۶۱۳/۳، كتاب النكاح، فصل في طاعة الزوج، دار الكتب العلمية بيروت)

"بخلاف الزوج إذا عزر زوجته، لترك الزينة والإجابة إذا دعاها إلى فراشه، وترك الصلوة، والخروج من البيت". (كنز الدقائق).

قال العلامة ابن نجيم: "ومنه ما إذا كشفت وجهها لغير محرم أو كلّمت أجنبياً ............ وكما يجوز ضربها للخروج إذا كان الخروج بغير حق". (البحر الرائق، كتاب الحدود، باب حد القذف، فصل في التعزير: ۸۲/۵، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الحدود، باب حد القذف، فصل في التعزير: ۳۷۵/۲، غفاريه)

(۱) "وإن نشزت، فلا نفقة لها حتى تعود إلى منزله، والناشزة هي الخارجة عن منزل زوجها المانعة نفسها منه". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵۴۵/۱، كتاب الطلاق، الباب السابع عشر في النفقات، الفصل الأول في نفقة الزوجة، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار على تنوير الأبصار: ۵۷۶/۳، باب النفقة، سعيد)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۴۲۶/۱ كتاب الطلاق، باب النفقة، رشيديه)

(۲) لقوله عليه السلام: "اتقوا مواضع التهم". (كشف الخفاء، حرف الهمزة مع الباء الموحدة، (رقم الحديث: ۸۸): ۳۷/۱، دار الكتب العلمية بيروت)

(۳) "وعن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنه قال: "الدنانير أربعة: دينار تنفقه في سبيل الله تعالىٰ ............ ودينار تنفقه على أهلك، وأعظمها أجراً الدينار الذي تنفقه على أهلك". (تنبيه الغافلين، =

گا تو گنہگار ہوگا۔شوہر کو بھی چاہیے کہ زوجہ کو نرمی سے اولاً سمجھائے (۱) ہر بات پر ناراض نہ ہو، ممکن ہے وہ مان جائے اور آئندہ ایسی خلافِ طبع، خلافِ شرع حرکات سے باز آجائے (۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم، ۱۳/۵/۵۹ھ۔

الجواب صحیح:سعید احمد غفرلہ، صحیح:عبد اللطیف، مدرسہ ہذا سہارنپور۔

## جو عورت پہلے سے بے پردہ ہو اس کو بھی پردہ لازم ہے

سوال[۹۲۰۹]: شادی سے پہلے عورت نے کبھی پردہ نہیں کیا، شادی کے بعد اس کا خاوند کہتا ہے کہ پردہ کرو، مگر یہ کہہ کر ٹال دیتی ہے کہ اب تک پردہ نہیں کیا تو اب کیا پردہ کرنا ہے، جب کہ ہر شخص اس کو جانتا ہے۔ دوسرے اس علاقہ میں برقع کا رواج بھی نہیں ہے۔ تو اس عورت کو خاوند کے کہنے کے مطابق پردہ کرنا چاہیئے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کو پردہ کرنا چاہیئے، اگر کسی نے مدتِ دراز تک نماز نہیں پڑھی اور وہ یہ کہے کہ اب بڑی عمر میں کیا نماز پڑھیں گے تو اس کا یہ جواب غلط ہے، اسی طرح اس عورت کا جواب غلط ہے۔فقط واللہ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۱۴/۱۱/۱۴۰۶ھ۔

---

= ص: ۲۸۰، باب حق المرأة على الزوج، مكتبه حقانيه پشاور)

(۱) "قال أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه : سئل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أيّ المؤمنين أكمل إيماناً؟ قال: "أحسنهم خلقاً مع أهله". (تنبيه الغافلين، باب حق المرأة على الزوج، ص: ۲۷۹)

(۲) "عن الحسن البصريؒ، عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنه قال: "استوصوا بالنساء خيراً، فإنهن عندكم لا يملكن لأنفسهن شيئاً". (تنبيه الغافلين، باب حق المرأة على الزوج، ص: ۲۷۹، مكتبة حقانيه پشاور)

(وكذا في بدائع الصنائع، كتاب النكاح، فصل فى طاعة الزوج: ۶۱۳/۳، دار الكتب العلميه بيروت)

"وينبغي للآمر والناهي أن يرفق، ليكون أقرب إلي تحصيل المطلوب، فقد قال الإمام الشافعي: من وعظ أخاه سراً فقد نصحه وزانه، ومن وعظه علانيةً فقد فضحه وشانه". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف: ۸۶۳/۸، رشيديه)

## کیا نکاح کے بعد رخصتی سے پہلے پردہ ہے؟

سوال[۹۲۱۰]: کچھ لوگوں نے ایسا مشہور کر رکھا ہے کہ عورت کے نکاح کے بعد رخصتی سے پہلے جس سے نکاح ہوا ہے اس سے پردہ ضروری ہے۔ تو اس کی کیا اصلیت ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

عورت کا جس مرد سے نکاح ہو گیا وہ اس کا شوہر ہو گیا، اگر چہ ابھی رخصتی نہ ہوئی ہو، اس سے پردہ نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۲/۲۸ھ۔

## لڑکیوں کا فیکٹری میں کام کرنا

سوال[۹۲۱۱]: یہاں انگلینڈ کا یہ اصول ہے کہ لڑکا یا لڑکی کی عمر جب تک سولہ سال کی نہ ہو اس وقت تک اسکول جانا فرض ہے، جب سولہ سال کی عمر ہو جاتی ہے تو اسکول کی طرف سے فیکٹری میں کام دیتے ہیں۔ تو ہم لوگوں کا پوچھنا یہ ہے کہ لڑکی کو اسکول کی جانب سے کام ملتا ہے، اس فیکٹری میں خالص عورتوں ہی کا کام ہوتا ہے اور اس میں عورتیں ہی کام کرتی ہیں، مرد کا نام بھی نہیں۔ یہ فیکٹری سپلائی کی ہے۔ میں نے دو عالم سے پوچھا، انھوں نے یہ جواب دیا کہ جس فیکٹری میں عورتیں ہی کام کرتی ہوں اس میں کام پر لڑکی کو بھیجنے میں کوئی حرج تو نہیں، جس ڈیپارٹ منٹ میں عورتیں کام کرتی ہیں وہاں کی سُپر وائزر عورت ہی ہوتی ہے۔

---

(۱) "أما النظر إلى زوجته و مملوكته، فهو حلال من قرنها إلى قدمها عن شهوة وغير شهوة، وهذا ظاهر، إلا أن الأولى أن لا ينظر كل واحد منهما إلى عورة صاحبه، كذا في الذخيرة". (الفتاویٰ العالمكيرية: ۵/۳۲۷، كتاب الكراهية، الباب الثامن، فيما يحل للرجل النظر إليه ومالايحل له، رشيديه)

"(وينظر إلى فرج أمته و زوجته) يعني عن شهوة وغير شهوة، قال عليه السلام: "غضّ بصرك إلا عن زوجتك وأمتك". وما روي عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: كنت أغتسل أنا و رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في إناء واحد". ولأنه يجوز المس والغشيان" (البحر الرائق: ۸/۳۵۴، فصل في النظر واللمس، كتاب الكراهية، رشيديه)

(وكذا في الهداية: ۴/۴۶۱، كتاب الكراهية، فصل في النظر والمس، مكتبه شركة علميه ملتان)

الجواب حامداًومصلیاً:

بوقتِ حاجت شرعی حدود کی رعایت رکھتے ہوئے اجازت ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۵/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۵/۹۰ھ۔

## عورتوں کومزدوری کے لئے باہر نکلنا

سوال[۹۲۱۲]: ہم ایک غریب خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اور سابقہ زمانہ سے ہمارے خاندان

---

(۱) "(قوله: ومعتدة الموت تخرج يوماً وبعض الليل لتكتسب) لأجل قيام المعيشة؛ لأنه لا نفقة لها، حتى لو كان عندها كفايتها، صارت كالمطلقة، فلا يحل لها أن تخرج لزيارة ولا لغيرها ليلاً أو نهاراً. والحاصل أن مدار الحل كون خروجها بسبب قيام شغل المعيشة فيتقدر بقدره، فمتى انقضت حاجتها لا يحل لها بعد ذلك صرف الزمان خارج بيتها". (البحر الرائق: ۲۵۸/۴، كتاب الطلاق، باب العدة، فصل في الإحداد، رشيديه)

"ولها السفر والخروج من بيت زوجها للحاجة". (الدرالمختار: ۱۴۵/۳، كتاب النكاح، باب المهر، سعيد)

وقال الرافعي رحمه الله: "(قول الشارح: للحاجة) ولغيرها لا تخرج ولو خاليةً من الأزواج للأمر بالقرار في البيوت". (تقريرات الرافعي على ردالمحتار: ۳/ ۱۹، سعيد)

"قال في البحر: فإذا أرادت أن تخرج إلى مجلس العلم بغير رضى الزوج، ليس لها ذلك. فإذا وقعت لها نازلةٌ، إن سأل الزوج من العالم وأخبرها بذلك، لايسعها الخروج، وإن امتنع من السوال يسعها الخروج من غير رضى الزوج. وإن لم تقع لها نازلة، لكن أرادت ........ ولا يسعها الخروج مالم تقع لها نازلة". (حاشية طحطاوي على الدرالمختار، كتاب الطلاق، باب النفقة: ۲۶۸/۲، دارالمعرفة بيروت)

قال العلامة الحصكفي رحمه الله: "(وتعتدان): أي معتدة طلاق وموت في بيتٍ وجبت فيه، لايخرجان منه إلا أن تخرج أو يتهدم المنزل أو تخاف انهدامه أو تلف مالها أو لا تجد كراء البيت ونحو ذلك من الضرورات، فتخرج لأقرب موضع إليه". (الدرالمختار مع ردالمحتار: ۵۳۶/۳، كتاب الطلاق، باب العدة، فصل في الحداد، سعيد)

میں مچھلی پکڑنے اور اس کے فروخت کرنے کا پیشہ چلا آرہا ہے۔ گھر کے تمام مرد وعورت اپنی قوتِ بازو سے کما کر اپنی زندگی بسر کرتے ہیں۔ مگر وہ زمانہ شریف تھا، دوسروں کی عزت کو خود اپنی عزت سمجھا جاتا تھا، مگر آج زمانے کی فضا نے ہر شخص کے دل میں فتنہ اور بے حیائی کے جذبات کو پیدا کر دیا ہے۔ اور ہماری قوم اس قدر بے خبر ہے کہ وہ اپنے مذہب کے ایک ادنیٰ سے جزپر بھی عامل نہیں ہے۔ ہماری عورتیں باہر لوگوں کی مزدوری کرتی ہیں، ہم ان کو منع کرتے ہیں مگر باز نہیں آتی ہیں۔ اور کچھ غنڈے قسم کے لوگ بھی گھر پر ٹھہرتے ہیں جس کی وجہ سے بعض وہ عورتیں جو باز رہتی ہیں، ان کو بھی جانے کا موقع ملتا ہے۔

اس لئے پُر زور عرض ہے کہ آپ ان عورتوں کی کمائی حرام قرار دے کر ایسا حکم صادر فرمائیں جس کے ذریعہ یہ عورتیں اپنے اس مزدوری کے پیشہ کو چھوڑ کر پردہ کی پابند ہو جائیں اور پردہ کا حکم ان کے لئے کیا جائے تاکہ بے حیائی کا شکار نہ بنیں۔ نیز یہ بات بھی ہماری قوم میں رائج ہے: حق سلب کر لینا، ناپ تول میں کمی کرنا، جھوٹ بولنا۔ اس لئے اس پر بھی شرعی روشنی میں ان باتوں پر جواز یا ممانعت کا حکم لگائیں۔ آیا یہ باتیں صحیح ہیں یا باطل؟ اور باطل پر عمل کرنے والے کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

بے حیائی اور بدکاری کی بُرائی کو سب ہی جانتے ہیں، کوئی بے خبر نہیں (۱)۔ ایسی حالت میں صرف فتویٰ کافی نہیں بلکہ تعلیم کا انتظام کیا جائے، گھروں میں دینی کتابیں سنائی جائیں، بزرگوں سے اصلاحی تعلق قائم کیا جائے، علمائے حق کے وعظ کہلوائیں، سب برادری اس پر غور کر کے اصلاح کا پختہ ارادہ کرے، ہر شخص اپنی بیوی کا نان ونفقہ پورا پورا دے اور اس کو مجبور کرے کہ اب تم کو گھر سے باہر نکلنے کی اجازت نہیں، تمہاری ہر ضرورت یہیں پوری کی جائے گی، مچھلی پکڑنے اور فروخت کرنے کے لئے بھی مت جانا۔

دوسرے کا حق غصب کر لینا کبیرہ گناہ ہے، جو شخص ایک بالشت زمین کسی کی غصب کرے گا ساتوں زمینوں کا طوق بنا کر اس کے گلے میں ڈالا جائے گا (۲) اور چار پیسے کے عوض سات سو فرض مقبول

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ولا تقربوا الفواحش ماظهر منها ومابطن﴾ (سورة الأنعام: ۱۵۱)

وقال الله تعالیٰ: ﴿ولاتقربوا الزنى إنه فاحشةً وساء سبيلاً﴾ (سورة بنی إسرائیل: ۳۲)

(۲) "عن سعيد بن زيد رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من أخذ =

نمازیں دلائی جائیں گی (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۸/ ۱۳۹۰ھ۔

## حفاظتِ نظر کے ساتھ بازار سے خرید وفروخت

سوال [۹۲۱۳]: یہاں کے دوکاندار کلکتہ میں کروم خریدنے کے لئے جاتے ہیں، کلکتہ میں جو کروم بناتے ہیں وہ غیر مسلم ہیں، ان لوگوں کی جو عورتیں ہیں وہ بھی اپنے مردوں کے ساتھ کام کرتی ہیں، عام بیوپاری لوگ مال خریدنے جاتے ہیں۔ وہ لوگ کہتے ہیں کہ ان لوگوں کی عورتیں بچوں کو دودھ دیتے وقت چھاتی کو ننگی کر کے دودھ دیتی ہیں، بیوپاری لوگ سامنے ہی ہوتے ہیں۔ مسلم بیوپاری کو وہاں جا کر مال خریدنا جائز ہے، یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مال خریدنا تو درست ہے، لیکن نامحرم پر نظر نہ کی جائے، جیسا کہ بازار میں بھی بہت سی عورتیں سر وبازو کھولے ہوئے رہتی ہیں، ان کی طرف نظر ممنوع ہے (۲) اور نفس بازار سے اپنی ضرورت کی چیزیں خریدنا شرعاً درست ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

= شيراً من الأرض ظلماً، فإنه يطوقه يوم القيامة من سبع أرضين". (مشكوة المصابيح، باب الغصب والعارية، الفصل الأول، ص: ۲۵۴، قديمى)

(۱) لم أظفر عليه

(۲) "عن الحسن مرسلاً قال: بلغني أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "لعن الله الناظر والمنظور إليه". رواه البيهقي في شعب الإيمان". (مشكوة المصابيح، ص: ۲۷۰، باب النظر إلى المخطوبة، الفصل الثالث، قديمى)

"وفيما إذا كان الناظر إلى المرأة الأجنبية هو الرجل، قال: فليجتنب بجهده، وهو دليل الحرمة". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/ ۳۲۷، كتاب الكراهية، الباب الثامن فيما يحل للرجل النظر إليه، رشيديه)

اگر اچانک بلاقصد نظر پڑ جائے تو وہ معاف ہے، مگر پھر دوسری بار قصداً اجنبیہ کو دیکھنا جائز نہیں، لقول عليه الصلوة =

## عورتوں کو گھومنے کے لئے باہر نکلنا

سوال[۹۲۱۴]: آج کل بعض حضرات کا خیال ہے کہ چہار دیواری میں عورتوں کو محصور رکھنا ظلم ہے، عورتوں کو اپنے شوہروں کے ساتھ برقع اوڑھ کر گھومنا چاہیئے، کیونکہ عہدِ نبوی میں عورتیں جنگ میں شریک ہوتی تھیں اور ہر کام میں امداد دیتی تھیں۔

محمد یونس۔

الجواب حامداً ومصلياً:

جن شرائط اور احوال کی رعایت سے عہدِ نبوی میں عورتیں جہاد میں شریک ہوئی ہیں، آج ان کا عشرِ عشیر بھی موجود نہیں، بلکہ ان کا پایا جانا عادۃً محال ہے، تاہم جس درجہ میں فقہاء نے اجازت دی ہے اس درجہ میں جہاد کے لئے آج بھی عورتوں کا نکلنا جائز ہے، یعنی اضطرار کی حالت میں نفیرِ عام کے وقت عورتوں کو جہاد کے لئے نکلنا درست ہے بشرطیکہ ان کو قتال کی قدرت بھی ہو اور لشکر بڑا ہو، مرہم پٹی وغیرہ کے لئے بوڑھی عورتوں کو نکلنا جائز ہے، جوانوں کو جائز نہیں۔

"قال محمد رحمه الله تعالىٰ: لا يعجبنا أن تقاتل النساء المسلمات مع الرجال إلا أن يضطرّ المسلمون إلى ذلك، فإن اضطر المسلمون إلى ذلك بأن جاء النفير، وكان في خروجهن حاجة وضرورة، فلا بأس بخروجهن للقتال .......... ولا تخرج الشوابّ لمداواة الجرحى وسقي الماء والطبخ والخبز لأجل الغزاة، أما العجائز اللاتي دخلن في السن، فلا بأس بأن يخرجن في الصوائف ونحوها من الجنود العظام، ويداوين المرضى والجرحى، ويسقين الماء، ويخبزن ويطبخن، ولكن لا يقاتلن". عالمگیری :۲/۲۰۳(۱)۔

---

= والسلام لعلي رضي الله عنه: "يا علي! لا تتبع النظرة النظرة، فإن لك الأولىٰ، وليست لك الأخرة". رواه أحمد والترمذي". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۲۶۹، كتاب النكاح، باب النظر الى المخطوبة، الفصل الثاني، قديمي)

(۱) (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۱۸۹/۲، كتاب السير، الباب الأول في تفسيره شرعاً وشرطه وحكمه، رشيديه) ..................... =

جب کہ جہاد کے لئے نکلنے کا یہ حکم ہے تو پھر شوہروں کے ساتھ گھومنا تو کوئی عبادت بھی نہیں، اس کو جہاد پر قیاس کرنا کیسے صحیح ہوسکتا ہے، خصوصاً جب کہ روایاتِ ذیل سے پردہ کی سخت تاکید معلوم ہوتی ہے:

"المراة عورة، فإذا خرجت، استشرفها الشيطان". ترمذی(۱)۔

"صلوٰة المرأة فی بیتها أفضل من صلوتها فی حجرتها، وصلوتها فی مخدعها أفضل من صلاتها فی بیتها". أبوداؤد(۲)۔

"عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: لو أدرك رسول الله صلى الله عليه وسلم

---

= "عن أنس بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه، قال: کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یغزو بأم سلیم، ونسوة من الأنصار معه إذا غزا، فیسقین الماء ویداوین الجرحی".

"قال النووی رحمه الله: فیه خروج النساء فی الغزو، والانتفاع بهن فی السقی والمداواة ونحوهما، وهذه المداواة لمحارمهن وأزواجهن، وماکان منها لغیرهم، لا یکون فیه مس بشرة إلا فی موضع الحاجة ........... وقال الحافظ تحت حدیث الربیع: وفیه جواز معالجة المرأة الأجنبیة الرجلَ الأجنبيَّ للضرورة. قال ابن بطال: ویختص ذلک بذوات المحارم ثم بالمتجالات منهن؛ لأن موضع الجرح لا یُلتذّ بلمسه بل یقشر منه الجلد، فإن دعت الضرورة لغیر المتجالات فلیکن بغیر مباشرة ولا مس". (تکملة فتح الملهم: ۳/ ۲۴۹، کتاب الجهاد، باب غزوة النساء مع الرجال، مکتبه دار العلوم کراچی)

"عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: قلت: یارسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم هل علی النساء من جهاد؟ قال: "نعم، علیهن جهاد لاقتال، فیه الحج والعمرة". (مسند أحمد بن حنبل، حدیث السیدة عائشة، (رقم الحدیث: ۲۴۷۹۴): ۷/ ۲۳۷، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

"عن عائشة أم المؤمنین أنها قالت: یارسول الله نری الجهاد أفضل العمل، أفلا نجاهد؟ قال: "لا، لکنّ أفضل الجهاد حجّ مبرور". (صحیح البخاری، کتاب الحج، باب فضل الحج المبرور: ۱/ ۲۰۶، قدیمی)

(۱) (جامع الترمذی: ۱/ ۲۲۲، آخر کتاب الرضاع، باب، قبیل أبواب الطلاق واللعان، سعید)

(۲) (وسنن أبی داؤد، کتاب الصلوة، باب ماجاء فی خروج النساء إلی المسجد: ۱/ ۹۱، إمدادیه ملتان)

ماأحدث النساء، لمنعهن المسجد كما منعت نساء بني إسرائيل". بخاری(۱)۔

اس روایت میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اس زمانہ کا حال بیان فرمایا ہے جس کے متعلق ارشاد ہے: "خير القرون قرني، ثم الذين يلونهم، ثم الذين يلونهم"(۲)۔

آج فتنہ وفساد کے غلبہ کی وجہ سے مساجد میں نماز کے لئے عورتوں کا آنا بدرجۂ اُولیٰ ممنوع ہوگا(۳)، جیسا

---

(۱) (صحيح البخاري: ۱/۱۲۰، كتاب الصلوة، باب خروج النساء إلى المسجد، قديمي)

(۲) (مشكوة المصابيح، باب مناقب الصحابة، الفصل الأول، ص: ۵۵۳، قديمي)

(۳) قال الله تعالىٰ: ﴿وقرن في بيوتكن﴾ روى هشام عن محمد بن سيرين قال: قيل لسودة بنت زمعة رضي الله تعالىٰ عنها: ألا تخرجين كما تخرج أخواتك؟ قالت: والله! لقد حججت واعتمرت، ثم أمرني الله أن أقِرّ في بيتي، فوالله! لا أخرج. فما خرجت حتى أخرجوا جنازتها. وقيل: إن معنى ﴿وقرن في بيوتكن﴾ كن أهل وقار وهدوء وسكينة، يقال: وقر فلان في منزله يقر وقوراً إذا هدأ فيه واطمأنّ به، وفيه الدلالة على أن النساء مأمورات بلزوم البيوت منهيات عن الخروج". (أحكام القرآن للجصاص، (سورة الأحزاب: ۳۳): ۳/۵۲۹، قديمي)

"عن ابن عمر رضي الله عنهما أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "لاتمنعوا النساء أن يخرجن إلى المساجد، وبيوتهن خيرٌلهن".

ورواه أحمد والطبراني: عن أم حميدالساعدية رضي الله تعالىٰ عنها أنها جاء ت إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم: فقالت: يا رسول الله! إني أحِبّ الصلاة معك. فقال صلى الله عليه وسلم: "قد علمت، وصلاتك في حجرتك خيرٌ لك من صلاتك في مسجد قومك، وصلاتك في مسجد قومك خيرٌ لك من صلاتك في مسجد الجماعة". (فقه السنة: ۱/۲۲۹، كتاب الصلاة، باب صلوة الجماعة، حضور النساء الجماعة في المساجد، دارالكتاب العربي بيروت)

"وعن ابن مسعود رضي الله عنه قال: قال النبي صلى الله على وسلم: "صلوٰة المرأة في بيتها أفضل من صلوتها في حجرتها، وصلوتها في مخدعها أفضل من صلوتها في بيتها". رواه أبو داود". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۹۶، كتاب الصلاة، باب الجماعة وفضلها، الفصل الثاني، قديمي)

قال الشيخ المحدث الدهلوي رحمه الله: "هو محمول على عجوز غير مشتهاة لم تخرج بطيب ولا بزينة، وفي زماننا خروج النساء للجماعة مكروه لفساده . وقيل: لأن الغرض من حضورهن كان ليتعلمن الشرائع، ولا احتياج إلى ذلك في زماننا لشيوعها، والستر لهن أولي". (لمعات التنقيح في =

............................................................................................................

= شرح مشکوۃ المصابیح، کتاب الصلوۃ، باب الجماعة وفضلها، الفصل الأول، (رقم الحدیث: ۱۰۵۹): ۳/۲۸۲، مکتبه رشیدیه)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، ص: ۳۰۴، کتاب الصلاه، قدیمی)

وقال الحصکفی رحمه الله تعالیٰ: "(ویکره حضورهن الجماعة) ولو لجمعة وعید ووعظ (مطلقاً) ولو عجوزاً لیلاً (علی المذهب) المفتی به لفساد الزمان. واستثنی الکمال بحثاً العجائز المتفانية .......... اهـ". (الدر المختار). قال الشامی رحمه الله تعالی: "(قوله: ولو عجوزاً لیلاً) بیان للإطلاق: أی شابةً أو عجوزاً، نهاراً أو لیلاً. (قوله: علی المذهب المفتی به): أی مذهب المتأخرین. قال فی البحر: وقد یقال: هذه الفتوی الذی اعتمدها المتأخرون مخالفة لمذهب الإمام وصاحبیه، فإنهم نقلوا أن الشابة تمنع مطلقاً اتفاقاً، وأما العجوز فلها حضور الجماعة عند الإمام إلا فی الظهر والعصر والجمعة: أی وعندهما مطلقاً، فالإفتاء بمنع العجائز فی الکل مخالف للکل، فالاعتماد علی مذهب الإمام، اهـ.

قال في النهر: وفیه نظر، بل هو مأخوذ من قول الإمام، وذلک أنه إنما منعها لقیام الحامل وهو فرط الشهوة بناءً علی أن الفسقة لا ینتشرون فی المغرب؛ لأنهم بالطعام مشغولون وفی الفجر والعشاء نائمون، فإذا فرج انتشارهم في هذه الأوقات لغلبة فسقهم، کما فی زماننا بل تحریهم إیاها، کان المنع فیها أظهر من الظهر .......... اهـ". (ردالمحتار ۱/۵۶۶ کتاب الصلاة، باب الجماعة، مطلب: إذا صلی الشافعی، سعید)

"وأطبق المتأخرون علی أن الفتوی علی منع الکل فی الکل .......... وإذا منعت عن حضور الجماعة، فمنعها من حضور الوعظ والاستسقاء أولیٰ. وأدخله العینی رحمه الله في الجماعات، وما قلناه أولیٰ". (النهر الفائق: ۱/۲۵۰، ۲۵۱، کتاب الصلوٰة، باب الإمامة والحدث فی الصلوة، امدادیه)

مذکورہ بالا عبارات سے عورتوں کا کسی بھی مجلس میں شرکت کے لئے نکلنے کا عدمِ جواز واضح اورمصرح ہے، حتی کہ مجلسِ وعظ میں شرکت کے لئے نکلنا بھی درست نہیں جیسا کہ صاحبِ نہر کی عبارت سے معلوم ہوا۔

مگر موجودہ دور کے فقہاء نے بوجہِ مجبوری عورتوں کو مجلسِ وعظ میں شرکت کی چند شرائط کے ساتھ اجازت دی ہے، راجع للتفصیل: (أحسن الفتاویٰ، کتاب الحظر والإباحة، عنوان: مجلس وعظ کے لئے خروج: ۸/۲۱، سعید)

(وفتاویٰ حقانیه، کتاب الحظر والإباحة، باب الأمر بالمعروف والنهی عن المنکر: ۲/۴۳۸، جامعه دارالعلوم حقانیه)

کہ نہایہ(۱)، کفایہ(۲)، عنایہ(۳)، مبسوط(۴)، جامع الرموز(۵)، محیط(۶) وغیرہ میں مصرح موجود ہے۔ جب کہ دینی امور میں عورتوں کے نکلنے کا یہ حکم ہے تو پھر شوہروں کے ساتھ گھومنا تو کوئی دینی ضرورت نہیں، بلکہ نصاریٰ کا شعار اور طریقہ ہے، وہ کیسے جائز ہوسکتا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

محمود گنگوہی۔

صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۵۳/۳/۲۶ھ، صحیح: عبد اللطیف، ۵۳/۳/۲۷ھ۔

---

(۱) لم أظفر عليه.

(۲) (فتح القدير مع الكفاية، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۳۱۷، رشيديه)

(۳) (فتح القدير مع العناية، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۳۱۷، رشيدية)

(۴) "والمرأة كذلك مشغولة بخدمة الزوج منهيةٌ عن الخروج شرعاً، لما في خروجها إلى مجمع الرجال من الفتنة". (المبسوط للسرخسي: ۲/۳۷، كتاب الصلوة، باب صلاة الجمعة، مكتبه غفاريه كوئٹه)

"وليس على النساء خروج في العيدين، وقد كان يرخص لهن في ذلك، فأما اليوم، فإني أكره ذلك يعني للشوابّ منهن، فقد أمِرنَ بالقرار في البيوت ونُهِينَ عن الخروج، لما فيه من الفتنة". (المبسوط السرخسي: ۲/۶۳، باب صلاة العيدين، مكتبة الغفارية)

(۵) "وأما عندهما فالحضور رخصة في الكل كما في الكسوف والاستسقاء، كما في المحيط. وهذا في زمانهم، وأما في زماننا فيكره حضورها كل جماعة، وهو المختار، كما في الاختيار وغيره. وفيه إشارة إلى أن حضور الواسطة يعني الكهلة مكروه في زماننا، وينبغي أن يكون كذلك في زمانهم. في المحيط: قالت عائشة رضي الله عنها للنساء حين شكون إليها عن عمر رضي الله عنه، لنهيهن عن الخروج إلى المساجد: لو علم النبي عليه الصلاة والسلام ما علم عمر، ما أذن لكنّ إلى الخروج". (جامع الرموز: ۱/۱۷۴، كتاب الصلاة، فصل: يجهر الإمام، المطبعة الكريمية ببلدة القزان)

(۶) "ثم تكلموا أن في زماننا هل يرخص لهن في الخروج أم لا؟ أما الصواب فلا يرخص لهن في الخروج في شئ من الصلوات عندنا". (المحيط البرهاني: ۲/۲۱۷، كتاب الصلاة، الفصل السادس والعشرون في صلاة العيدين، مكتبة الغفاريه كوئٹه)

## نامحرموں کو دیکھنا

سوال[۹۲۱۵]: زید ہمیشہ اجنبی حسین عورتوں کو تاکتا رہا(۱) اور احباب سے حالات بیان کرتا رہا۔ کیا اس کو بھی گناہ کبیرہ کہا جاوے گا، اور اصرار علی الکبیرۃ ہوگا؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

اجنبیہ کو (شہوت سے) دیکھنا بلاضرورتِ شرعیہ حرام ہے، کیونکہ آنکھ کا زنا ہے، ایسے فعل سے توبہ کرنا ضروری ہے، اگر توبہ نہ کرے تو یہ اصرار ہے(۲)۔ فقط۔

محمود گنگوہی، ۵۳/۶/۲۳ھ۔

جواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

(۱) ''تاکنا: گھورنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، دیکھنا، جھانکنا: چھپ کر دیکھنا، تاڑنا''۔ (فیروز اللغات، ص: ۳۳۸، فیروز سنز لاهور)

(۲) ''قال ابن الکمال: لأن الصغیرة تأخذ حکم الکبیرة بالإصرار ......... وفی الصغائر العبرة للغلبة، أو الإصرار علی الصغیرة، فتصیر کبیرةً''. (الدرالمختار مع ردالمحتار، کتاب الشهادات، باب القبول وعدمه: ۵/۴۷۳، سعید)

# فصلٌ فی مایتعلق بصوت المرأة

## (عورت کی آواز کا بیان)

### عورت کی آواز کا پردہ ہے یا نہیں؟

سوال[۹۲۱۶]: ا..... کسی عورت کا بیہودہ مَردوں کے سامنے تقریر کرنا کیسا ہے مجمع میں؟

۲..... اگر مقرر عورت برقع اوڑھ کر مردوں کے مجمع میں تقریر کرے تو کیسا ہے؟

۳..... ایسی عورت کی تقریر سننا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

ا..... ناجائز ہے(۱)۔

---

(۱) "فظهرُ الكف عورة على المذهب، والقدمين على المعتمد، وصوتها على الراجح". (الدر المختار).

قال ابن عابدين رحمه الله: "(قوله: على الراجح) عبارة البحر عن الحلية: أنه الأشبه. وفي النهر: وهو الذي ينبغي اعتماده، ومقابله ما في النوازل: نغمة المرأة عورة، وتعلّمها القرآن من المرأة أحب، قال عليه الصلاة والسلام: "التسبيح للرجال، والتصفيق للنساء". فلا يحسن أن يسمعها الرجل، اهـ. وفي الكافي: ولا تلبي جهراً؛ لأن صوتها عورة، ومشى عليه في المحيط في باب الأذان، بحر.

قال في الفتح: وعلى هذا لو قيل: إذا جهرت بالقراءة في الصلاة، فسدت كان متجهاً، ولهذا منعها عليه الصلاة والسلام من التسبيح بالصوت لإعلام الإمام بسهوه إلى التصفيق، اهـ. وأقره البرهان الحلبي في شرح المنية الكبير، وكذا في الإمداد. ثم نقل عن خط العلامة المقدسي: ذكر الإمام أبو العباس القرطبي في كتابه في السماع: ولايظن من لا فطنة عنده أنا إذا قلنا: صوت المرأة عورة أنا نريد بذلك كلامها؛ لأن ذلك ليس بصحيح، فإنا نجيز الكلام مع النساء للأجانب ومحاورتهن عند الحاجة إلى ذلك، ولانجيز لهن رفع أصواتهن ولا تمطيطها ولا تليينها وتقطيعها، لما في ذلك من استمالة الرجال إليهن وتحريك الشهوات منهم، ومن هذا لم يجز أن تؤذن المرأة، اهـ. قلت: ويشير =

۲..... عورت کا مَردوں کے ساتھ مسجد میں جا کر نماز پڑھنا بھی علمائے کرام نے ممنوع لکھا ہے(۱)، خواہ

= إلى هذا تعبير النوازل بالنغمة". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب شروط الصلوة: ۱/۴۰۶، سعيد)

"ويرفع صوته بالأذان، والمرأة ممنوعة من ذلك، لخوف الفتنة". (المبسوط للسرخسي: ۱/۲۷۷، كتاب الصلوة، باب الأذان، مكتبة غفاريه كوئٹه)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿وقرن في بيوتكن﴾ روى هشام عن محمد بن سيرين قال: قيل لسودة بنت زمعة رضي الله تعالىٰ عنها: ألا تخرجين كما تخرج أخواتك؟ قالت: والله! لقد حججت واعتمرت ثم أمرني الله أن أقِرّ في بيتي، فوالله! لا أخرج. فما خرجت حتى أخرجوا جنازتها. وقيل: إن معنى ﴿وقرن في بيوتكن﴾ كن أهل وقار وهدوء وسكينة، يقال: وقر فلان في منزله يقر وقوراً إذا هدأ فيه واطمأنّ به، وفيه الدلالة على أن النساء مأمورات بلزوم البيوت منهيات عن الخروج". (أحكام القرآن للجصاص، (سورة الأحزاب: ۳۳): ۳/۵۲۹، قديمي)

"عن ابن عمر رضي الله عنهما: أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "لاتمنعوا النساء أن يخرجن إلى المساجد، وبيوتهن خيرٌ لهن".

ورواه أحمد والطبراني: "عن أم حميدالساعدية رضي الله تعالىٰ عنها أنها جاء ت إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم: فقالت: يا رسول الله! إني أحِبّ الصلاة معك. فقال صلى الله عليه وسلم: "قد علمت، وصلاتك في حجرتك خيرٌ لك من صلاتك في مسجد قومك، وصلاتك في مسجد قومك خيرٌ لك من صلاتك في مسجد الجماعة". (فقه السنة: ۱/۲۲۹، كتاب الصلاة، باب صلوة الجماعة، حضور النساء الجماعة في المساجد، دارالكتاب العربي بيروت)

"وعن ابن مسعود رضي الله عنه قال: قال النبي صلى الله على وسلم: "صلوٰة المرأة في بيتها أفضل من صلوتها في حجرتها، وصلوتها في مخدعها أفضل من صلوتها في بيتها". رواه أبو داود". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۹۲، كتاب الصلاة، باب الجماعة وفضلها، الفصل الثاني، قديمي)

قال الشيخ المحدث الدهلوي رحمه الله: "هو محمول على عجوز غير مشتهاة لم تخرج بطيب ولا بزينة، وفي زماننا خروج النساء للجماعة مكروه لفساده، وقيل: لأن الغرض من حضورهن كان ليتعلمن الشرائع، ولا احتياج إلى ذلك في زماننا لشيوعها، والستر لهن أولى". (لمعات التنقيح في شرح مشكوة المصابيح، كتاب الصلوة، باب الجماعة وفضلها، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۱۰۵۹): ۳/۲۸۲، مكتبه رشيديه) ............ =

برقع اوڑھ کر جائے یا بلا برقع اوڑھے، کیونکہ اس میں بہت مفاسد اور فتن ہیں، لہٰذا عورت کا مَردوں کے مجمع میں جا کر تقریر کرنا بھی (بلا شدید ضرورت کے) منع ہے۔

۳...... مَردوں کو ایسے مجمع میں شریک ہونا اور تقریر سننا شرعاً درست نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ، صحیح: عبداللطیف، ۲۰/ ربیع الثانی/ ۵۸ھ۔

---

= (وكذا في حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، ص: ۳۰۴، كتاب الصلاة، قديمي)

وقال الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "(ويكره حضورهن الجماعة) ولو لجمعة وعيد ووعظ (مطلقاً) ولو عجوزاً ليلاً (على المذهب) المفتي به لفساد الزمان. واستثنى الكمال بحثاً العجائز المتفانية ......... اهـ". (الدر المختار). قال الشامي رحمه الله تعالى: "(قوله: ولو عجوزاً ليلاً) بيان للإطلاق: أي شابةً أو عجوزاً، نهاراً أو ليلاً. (قوله: على المذهب المفتي به): أي مذهب المتأخرين، قال في البحر: وقد يقال: هذه الفتوىٰ الذي اعتمدها المتأخرون مخالفة لمذهب الإمام وصاحبيه، فإنهم نقلوا أن الشابة تمنع مطلقاً اتفاقاً، وأما العجوز فلها حضور الجماعة عند الإمام إلا في الظهر والعصر والجمعة: أي وعندهما مطلقاً، فالإفتاء بمنع العجائز في الكل مخالف للكل، فالاعتماد على مذهب الإمام اهـ.

قال في النهر: وفيه نظر، بل هو مأخوذ من قول الإمام، وذلك أنه إنما منعها لقيام الحامل وهو فرط الشهوة بناءً على أن الفسقة لا ينتشرون في المغرب؛ لأنهم بالطعام مشغولون وفي الفجر والعشاء نائمون، فإذا فرج انتشارهم في هذه الأوقات لغلبة فسقهم -كما في زماننا، بل تحريهم إياها- كان المنع فيها أظهر من الظهر .......... اهـ". (ردالمحتار ۱/ ۵۶۶ كتاب الصلاة، باب الجماعة، مطلب: إذا صلى الشافعي، سعيد)

"وأطبق المتأخرون على أن الفتوى على منع الكل في الكل .......... وإذا منعت عن حضور الجماعة، فمنعها من حضور الوعظ والاستسقاء أولىٰ. وأدخله العيني رحمه الله في الجماعات، وما قلناه أولى". (النهر الفائق: ۱/ ۲۵۰، ۲۵۱، كتاب الصلوٰة، باب الإمامة والحدث في الصلوة، رشيديه)

(۱) "نغمة المرأة عورة ........ قال عليه الصلوة والسلام "التسبيح للرجال، والتصفيق للنساء"، فلا =

## عورت کی تقریر لاؤڈ اسپیکر پر

سوال[۹۲۱۷]: مستورات کو لاؤڈ اسپیکر پر بیان کرنا رات میں جائز ہے یا نہیں؟ عورتوں کی آواز گھر سے باہر نکلنی چاہئے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر صرف مستورات کا مجمع ہو اور آواز نامحرموں تک نہ پہونچے تو عورت کا وعظ کہنا اور اپنی بات بتانا درست ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۱۱/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۱۱/۸۵ھ۔

---

= يحسن أن يسمعها الرجل .......... ذكر الإمام أبو العباس القرطبي في كتابه في السماع: ولا يظن من لا فطنة عنده أنا إذا قلنا صوت المرأة عورة، إنا نريد بذلك كلامها .......... ولانجيز لهن رفع أصواتهن ولا تمطيطها ولا تلينها وتقطيعها، لما في ذلك من استمالة الرجال إليهن وتحريك الشهوات منهم، ومن هذا لم يجز أن تؤذن المرأة". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس: ۴۰۶/۲، سعيد)

(۱) قال العلامة الجصاص تحت قوله تعالىٰ: ﴿ولا يضربن بأرجلهن ليعلم ما يخفين من زينتهن﴾ (الآية): "وفيه دلالة على أن المرأة منهية عن رفع صوتها بالكلام بحيث يسمع ذلك الأجانب، إذا كان صوتها أقرب إلى الفتنة من صوت خلخالها، ولذلك كره أصحابنا أذان النساء؛ لأنه يحتاج فيه إلى رفع الصوت والمرأة منهيةٌ عن ذلك". (أحكام القرآن للجصاص: ۴۶۵/۳، باب ما يجب من غض البصر عن المحرمات، قديمي)

(وكذ في أحكام القرآن للجصاص: ۵۲۸/۳، فصل، قديمي)

"وأما أذان المرأة، فلأنها منهية عن رفع صوتها؛ لأنه يؤدي إلى الفتنة". (البحر الرائق: ۴۵۸/۱، كتاب الصلاة، باب الأذان، رشيديه)

(وكذا في حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، ص: ۱۹۹، باب الأذان، قديمي)

"فظهرُ الكف عورة على المذهب، والقدمين على المعتمد، وصوتها على الراجح". =

## لاؤڈ اسپیکر پر تعلیم کے لئے لڑکیوں کی تقریر

سوال[۹۲۱۸]: ہمارے یہاں شہر مالیگاؤں میں لڑکیوں کے دینی مدارس قائم ہیں جس میں دینی تعلیم دی جاتی ہے اور قراتِ قرآن وغیرہ بھی سکھائی جاتی ہے۔ سال کے اختتام پر لڑکیوں اور عورتوں میں دینی جذبہ بیدار کرنے کے لئے ایک مخصوص عورتوں کا پردے کے پورے انتظام کے ساتھ ایک جلسہ منعقد کیا جاتا ہے جس میں لڑکیاں لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ تقریر، نظم، مکالمہ وغیرہ پیش کرتی ہیں۔ نیز مختلف مدارس کی لڑکیوں کا قرآن شریف کی قرات میں مقابلہ بھی ہوتا ہے اور انعام بھی دیا جاتا ہے۔ ان جلسوں میں مردوں کو بھی مدعو کیا جاتا ہے جو ان کی تقریروں کو سنتے ہیں۔ تو اس قسم کے جلسے کرنا اور لڑکیوں اور عورتوں کا- جو اکثر بالغ ہی ہوتی ہیں- لاؤڈ اسپیکر کے ذریعے تقریر کرنا از روئے شرع درست ہے؟ مدلل جواب عنایت فرمائیں۔

---

= (الدرالمختار). قال ابن عابدين رحمه الله: "(قوله: على الراجح) عبارة البحر عن الحلية: أنه الأشبه. وفي النهر: وهو الذي ينبغي اعتماده، ومقابله ما في النوازل: نغمة المرأة عورة، وتعلّمها القرآن من المرأة أحب، قال عليه الصلاة والسلام: "التسبيح للرجال، والتصفيق للنساء". فلا يحسن أن يسمعها الرجل، اهـ. وفي الكافي: ولا تلبي جهراً؛ لأن صوتها عورة، ومشى عليه في المحيط في باب الأذان، بحر.

قال في الفتح: وعلى هذا لو قيل: إذا جهرت بالقراءة في الصلاة، فسدت كان متجهاً، ولهذا منعها عليه الصلاة والسلام من التسبيح بالصوت لإعلام الإمام بسهوه إلى التصفيق، اهـ. وأقره البرهان الحلبي في شرح المنية الكبير، وكذا في الإمداد. ثم نقل عن خط العلامة المقدسي: ذكر الإمام أبو العباس القرطبي في كتابه في السماع: ولا يظن من لا فطنة عنده أنا إذا قلنا: صوت المرأة عورة أنا نريد بذلك كلامها؛ لأن ذلك ليس بصحيح، فإنا نجيز الكلام مع النساء للأجانب ومحاورتهن عند الحاجة إلى ذلك، ولا نجيز لهن رفع أصواتهن ولا تمطيطها ولا تليينها وتقطيعها، لما في ذلك من استمالة الرجال إليهن وتحريك الشهوات منهم، ومن هذا لم يجز أن تؤذن المرأة، اهـ. قلت: ويشير إلى هذا تعبير النوازل بالنغمة". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب شروط الصلوة: ۱/۴۰۶، سعيد)

"ويرفع صوته بالأذان، والمرأة ممنوعة من ذلك، لخوف الفتنة". (المبسوط للسرخسي: ۱/۲۷۷، كتاب الصلوة، باب الأذان، مكتبة غفاريه كوئٹه)

الجواب حامداً ومصلیاً:

نوعمر لڑکیوں کا اس طرح جلسہ کرنا بظاہر ان کی تعلیمی ترقی اور غیر تعلیم یافتہ مستورات میں تعلیمی ترغیب کا ذریعہ بھی ہے، ان کو معلومات بھی حاصل ہوتی ہیں، مافی الضمیر کے ادا کرنے کا سلیقہ بھی پیدا ہوتا ہے، تقریر کی مشق بھی ہوتی ہے، مگر ساتھ ہی اس میں فتنے بھی ہوتے ہیں، خاص کر جب مُردوں کو بھی مدعو کیا جاتا ہے اور دوسری جگہ لاؤڈ اسپیکر پر ان کی تقریر مکالمے سنتے ہیں اور دلچسپی لینے اور نظمیں بھی ترنم کے ساتھ پڑھی جاتی ہیں۔ خود عورتوں کا جمع ہونا مستقل فتنہ ہے، اسی وجہ سے تقریباتِ خاندان میں بھی شرکت کی ان کو اجازت نہیں دی جاتی، اگر شوہر اجازت دے تو وہ بھی ماخوذ ہوگا۔

فتنوں کا علم جگہ جگہ کے خطوط سے بھی ہوتا رہتا ہے، جو بصورتِ استفتاء آتے ہیں۔ اگر چھوٹی بچیاں ہوں تو ان میں فتنہ نہیں۔ بڑی لڑکیوں کا حال دوسرا ہے، ان کو اس طرح نہ تعلیم دی جائے نہ تقریر کرائی جائے۔

"ويمنعها من زيارة الأجانب وعيادتهم والوليمة، وإن أذن كانا عاصيين، اه". درمختار۔ "(قوله: والوليمة) ظاهره ولو كانت عند المحارم؛ لأنها تشتمل على جمع، فلا تخلوا من الفساد عادةً، اه". شامي: ۶۶۵/۲(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۱/۳/۲۴ھ۔

## عورتوں کی اجلاس میں شرکت، تقریر وقراءت

سوال[۹۲۱۹]: مسلم خواتین دینی اجتماعات منعقد کرسکتی ہیں یا نہیں؟ اور وعظ وتقریر کی مکلّف ہیں یا نہیں؟ عورت کی آواز بھی سترِ عورت بتائی جاتی ہے تو عورت وعظ وتقریر کس طرح کرے؟ اور جس وعظ وتقریر کو غیر محرم بھی سنیں تو کیا یہ جائز ہے؟

ہمارے یہاں رواج ہوگیا ہے کہ بعض خواتین جو کہ اونچے درجہ کی تعلیم یافتہ ہیں اور ان میں سے بہت سی خواتین شرعی پردے اور شرعی لباس کی پابند نہیں ہیں، جلسۂ سیرتِ پاک وقراءت وغیرہ منعقد کرتی ہیں اور ان جلسوں میں خواتین کو مدعو کرتی ہیں۔ ایسا ہی ایک جلسہ مسجد شاہی خیریت آباد میں منعقد ہورہا ہے، اشتہار چسپاں کیا جارہا ہے، مسجد مذکور محصورہ ہے۔ حصۂ مسجد کا بلند چبوترہ تقریباً ۸/ فٹ بلند ہے، چبوترہ مسجد پر

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب النكاح، باب النفقة: ۶۰۳/۳، سعيد)

مسجد کی اصل عمارت ہے اور صحن مسجد واقع ہے جو داخلِ مسجد ہے، وسیع وعریض بلند چبوترہ کے اطراف کی زمین جومحصور ہے وہ مسجد ہی کی چہار دیواری ہے، اسی بلند چبوترہ پر جلسہ منعقد ہوتا ہے۔ جلسہ گاہ کو شامیانے وغیرہ سے گھیرا جاتا ہے۔

حصارِ مسجد کے باہر بعض مکانات بلند (دومنزلہ) غیر مسلموں کے ہیں، یہاں سے مسجد محصور اور صحنِ مسجد بھی نظر آتا ہے۔ جلسۂ مذکورہ کی شرکاء خواتین کی تعداد ایسی بھی رہی جو مسجد کے محصورہ علاقہ کے باب الداخلہ سے جلسہ گاہ کے شامیانے تک بے پردہ گئیں اور واپس ہوئیں۔ کیا خواتین کے ایسے اجتماعات (جو اشتہار منسلکہ سے ظاہر ہے اور جس کی صراحت اوپر کی گئی ہے) جائز ہو سکتے ہیں؟ شرعی طور پر رہنمائی فرمائیں۔

الجواب حامداًو مصلیاً:

شریعت نے عورتوں کو پردہ کی بہت تاکید فرمائی ہے، ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ: ''عورت چھپانے کی چیز ہے، جب وہ مکان سے باہر نکلتی ہے تو شیطان جھانکتا ہے''(۱)۔ ایک حدیث میں ہے: ''میں نے اپنے بعض مَردوں کے حق میں عورتوں سے زیادہ مضر کوئی فتنہ نہیں چھوڑا''(۲)۔ ایک حدیث میں ہے کہ: ''جو عورت خوشبو لگا کر مَردوں کے قریب سے گذرتی ہے وہ ایسی ہے'' یعنی بدکاری کی دعوت

(۱) "عن ابن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "المرأة عورة، فإذا خرجت، استشرفها الشیطان". رواه الترمذی". (مشكوٰة المصابیح، ص: ۲۶۹، باب النظر إلی المخطوبة وبیان العورات، الفصل الثانی، قدیمی)

"وقیل: إنها ذات عورة، والمعنی أن المرأة یستقبح بروزها وظهورها، فإذا خرجت أمعن النظر إلیها لیغویها بغیرها ویغوی غیرها بها، فیوقعها أو أحدهما فی الفتنة، أو یرید الشیطان شیطان الإنس من أهل الفسق: أی إذا رأوها بارزةً، استشرفوها بما بثه الشیطان فی نفوسهم من الشر". (مرقاة المفاتیح، كتاب النكاح، باب النظر إلی المخطوبة وبیان العورات، الفصل الثانی، (رقم الحدیث: ۳۱۰۹): ۲/۲۸۲، رشیدیه)

(۲) "عن أسامة بن زید رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "ما أدع بعدی فتنةً أضر علی الرجال من النساء". (سنن ابن ماجة، ص: ۲۸۸، كتاب الفتن، باب فتنة النساء، قدیمی)

دینے والی ہے(۱)۔ ایک حدیث میں ہے کہ: ''نظر شیطان کے زہریلے تیروں میں سے ایک تیر ہے جو سیدھا دل پر جا کر لگتا ہے''(۲)۔

اس لئے بلا ضرورت عورت کا مکان سے نکلنا منع ہے اگرچہ وہ پردہ کے ساتھ نکلے، ضرورت پر جبکہ بغیر مکان سے نکلے کام نہ چلے تو میلے کچیلے کپڑے پہن کر پردہ کے ساتھ نکلنے کی گنجائش ہے(۳)، اس طرح کہ مہکتی

---

(۱) "عن أبی موسی رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "إذا استعطرت المرأة فمرت علی القوم لیجدوا ریحها، فهی کذا کذا". قال قولاً شدیداً". (سنن أبی داؤد: ۲/۵۷۵، کتاب الترجل، باب فی طیب المرأة للخروج، دارالحدیث ملتان)

(۲) "عن عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: -یعنی عن ربه عز وجل- "النظر سهم مسموم من سهام إبلیس". رواه الطبرانی والحاکم". (الترغیب والترهیب، کتاب النکاح، ومایتعلق به الترغیب فی غض البصر، والترهیب عن إطلاقه ومن الخلوة بالأجنبیة ولمسها: ۳/۱۲۳، دارالکتب العلمیة بیروت)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿یاأیها النبی قل لأزواجک وبناتک ونساء المؤمنین یدنین علیهن من جلابیبهن﴾ (الآیة) (سورة الأحزاب: ۵۹)

"ولها السفر والخروج من بیت زوجها للحاجة". (الدرالمختار: ۳/۱۴۵، کتاب النکاح، باب المهر، سعید)

وقال الرافعی رحمه الله: "(قول الشارح: للحاجة)، ولغیرها لا تخرج ولو خالیةً من الأزواج، للأمر بالقرار فی البیوت". (تقریرات الرافعی علی ردالمحتار: ۳/ ۱۹، سعید)

"قال فی البحر: فإذا أرادت أن تخرج إلی مجلس العلم بغیر رضی الزوج، لیس لها ذلک. فإذا وقعت لها نازلةٌ، إن سأل الزوج من العالم وأخبرها بذلک، لا یسعها الخروج، وإن امتنع من السوال یسعها الخروج من غیر رضی الزوج. وإن لم تقع لها نازلة، لکن أرادت .......... ولا یسعها الخروج مالم تقع لها نازلة". (حاشیة طحطاوی علی الدر المختار، کتاب الطلاق، باب النفقة: ۲/۲۶۸، بیروت)

قال العلامة الحصکفی رحمه الله: "(وتعتدانِ): أی معتدة طلاق وموت فی بیتٍ وجبت فیه، لاتخرجان منه، إلا أن تخرج أو ینهدم المنزل أو تخاف انهدامه أو تلف مالها أو لا تجد کراء البیت ونحو ذلک من الضرورات، فتخرج لأقرب موضع إلیه". (الدرالمختار مع ردالمحتار: ۳/۵۳۶، کتاب الطلاق، باب العدة، فصل فی الحداد، سعید) ................................ =

خوشبو نہ ہو، کوئی چیز جاذبِ نظر نہ ہو، پھر ضرورت پوری ہونے پر فوراً واپس آجائے (۱)۔

دین سیکھنے اور مسائل معلوم ہونے کا مکان پر اگر انتظام نہ ہو سکے تو دینی ضرورت کی خاطر بھی پردہ کے ساتھ نکل سکتی ہے، ضرورت کی چیز کوئی لانے والا نہ ہو مثلاً پانی وغیرہ تب بھی اس طرح نکل سکتی ہے (۲)۔ الحاصل تفریح وسیر کے لئے، شہریوں کی ملاقات کے لئے، خوش طبعی کی محفلوں کے لئے، رسمی جلسوں کے لئے نکلنے کی اجازت نہیں۔

بے پردہ نکلنا تو ہر صورت میں ناجائز ہے، پھر مسئولہ جلسہ میں تو مسئولہ طریقہ پر سخت قسم کا فتنہ ہے جس میں تقریر وقراءت کی آواز بھی نامحرم تک پہونچتی ہے (۳)، اس میں صورت بھی دکھاتی ہیں اور عورتیں بھی ہر قسم کی

---

= "(قوله: ومعتدة الموت تخرج يوماً وبعض الليل لتكتسب) لأجل قيام المعيشة؛ لأنه لا نفقة لها، حتى لو كان عندها كفايتها، صارت كالمطلقة، فلا يحل لها أن تخرج لزيارة ولا لغيرها ليلاً أو نهاراً. والحاصل أن مدار الحل كون خروجها بسبب قيام شغل المعيشة فيتقدر بقدره، فمتى انقضت حاجتها، لا يحل لها بعد ذلك صرف الزمان خارج بيتها". (البحر الرائق: ۲۵۸/۴، كتاب الطلاق، باب العدة، فصل في الاحداد، رشيديه)

(۱) (راجع الحاشية المتقدمة آنفاً)

(۲) (راجع الحاشية المتقدمة آنفاً)

(۳) عورت کی آواز پردہ ہے، نامحرموں تک اس کی آواز پہنچنا جائز نہیں:

قال العلامة الجصاصؒ تحت قوله تعالیٰ: ﴿ولا يضربن بأرجلهن ليعلم ما يخفين من زينتهن﴾ (الآية): "وفيه دلالة على أن المرأة منهية عن رفع صوتها بالكلام بحيث يسمع ذلك الأجانب، إذ كان صوتها أقرب إلى الفتنة من صوت خلخالها، ولذلك كره أصحابنا أذان النساء؛ لأنه يحتاج فيه إلى رفع الصوت والمرأة منهيةٌ عن ذلك". (أحكام القرآن للجصاص: ۴۶۵/۳، باب ما يجب من غض البصر عن المحرمات، قديمی)

(وكذ في أحكام القرآن للجصاص: ۵۲۸/۳، فصل، قديمی)

"وأما أذان المرأة، فلأنها منهية عن رفع صوتها؛ لأنه يؤدى إلى الفتنة". (البحر الرائق: ۴۵۸/۱، كتاب الصلاة، باب الأذان، رشيديه) ..................... =

ہوتی ہیں اور جلسے دین کے نام پر کئے جاتے ہیں، اس لئے ہرگز اجازت نہیں۔ اگر یہ جلسہ جس کا اشتہار آپ نے بھیجا ہے، محض مردوں کا جلسہ ہوتا تب بھی بہت سے غیر شرعی امور پر مشتمل ہونے کی وجہ سے ممنوع ہے، پھر عورتوں کے لئے اس کی اجازت کیسے ہوسکتی ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۶/ ۹۱ھ۔

☆......☆......☆......☆......☆

---

= (وكذا في حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، ص: ١٩٩، باب الأذان، قديمي)

"فظهرُ الكف عورة على المذهب، والقدمين على المعتمد، وصوتها على الراجح". (الدرالمختار). قال ابن عابدين رحمه الله: "(قوله: على الراجح) عبارة البحر عن الحلية: أنه الأشبه. وفي النهر: وهو الذي ينبغي اعتماده، ومقابله ما في النوازل: نغمة المرأة عورة، وتعلّمها القرآن من المرأة أحب، قال عليه الصلاة والسلام: "التسبيح للرجال، والتصفيق للنساء". فلا يحسن أن يسمعها الرجل، اهـ. وفي الكافي: ولا تلبي جهراً؛ لأن صوتها عورة، ومشى عليه في المحيط في باب الأذان، بحر.

قال في الفتح: وعلى هذا لو قيل: إذا جهرت بالقراءة في الصلاة، فسدت، كان متجهاً، ولهذا منعها عليه الصلاة والسلام من التسبيح بالصوت لإعلام الإمام بسهوه إلى التصفيق، اهـ. وأقره البرهان الحلبي في شرح المنية الكبير، وكذا في الإمداد. ثم نقل عن خط العلامة المقدسي: ذكر الإمام أبو العباس القرطبي في كتابه في السماع: ولايظن من لا فطنة عنده أنا إذا قلنا: صوت المرأة عورة أنا نريد بذلك كلامها؛ لأن ذلك ليس بصحيح، فإنا نجيز الكلام مع النساء للأجانب ومحاورتهن عند الحاجة إلى ذلك، ولانجيز لهن رفع أصواتهن ولا تمطيطها ولا تليينها وتقطيعها، لما في ذلك من استمالة الرجال إليهن وتحريك الشهوات منهم، ومن هذا لم يجز أن تؤذن المرأة، اهـ. قلت: ويشير إلى هذا تعبير النوازل بالنغمة". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب شروط الصلوة: ١/ ٤٠٦، سعيد)

"ويرفع صوته بالأذان، والمرأة ممنوعة من ذلك، لخوف الفتنة". (المبسوط للسرخسي: ١/ ٢٧٧، كتاب الصلوة، باب الأذان، مكتبة غفاريه كوئٹه)

# الفصل الثانی فیمن یجب عنه الستر

## (جن سے پردہ ضروری ہے، ان کا بیان)

### اندیشۂ فتنہ کی صورت میں محارم سے بھی پردہ ہے

سوال[۹۲۲۰]: محرم یعنی حقیقی باپ، بھائی، چچا، تایا، ماموں وغیرہ کے کیریکٹر و کردار کے مشکوک ہونے کی صورت میں، مثلاً: نشۂ شراب کرنا، یا کوئی اَور عمل فاسد و فسق و فجور میں مبتلا ہونے اور لڑکی کو باہر پھرنے، نمائش جیسی قبیح جگہ پر لے جانے، غیر مسلم یا غیر محرم کے سامنے آنے پر مجبور کرنے کی صورت میں شوہر کو ان وجوہ کے مدِ نظر ان حضرات محرم کے سامنے اور ان سے ملنے کی اجازت دینے پر پابندی عائد کرنے کی شرعی اجازت ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

فتنہ کا اندیشہ ہو اور بگڑنے کا خطرہ ہو تو ان سے بھی پردہ کرایا جائے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیوبند۔

---

(۱) "والمراد إذا لم تكن محرماً؛ لأن المحرم بسبيل منها، إلا إذا خاف على نفسه أو عليها الشهوة، فحينئذ لا يمسها و لا ينظر إليها ولا يخلو بها، لقوله عليه السلام: "العينان يزنيان وزناهما النظر، واليدان تزنيان وزناهما البطش، والرجلان يزنيان وزناهما المشي، والفرج يصدق ذلك أو يكذبه". فكان في كل واحد منها زنا، والزنا محرم بجميع أنواعه، وحرمة الزنا بالمحارم أشد و أغلظ، فيجتنب الكل". (البحر الرائق: ۳۵۲/۸، كتاب الكراهية، فصل في النظر واللمس، رشيديه)

(و كذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۲۸/۵، الباب الثامن، رشيديه)

"وقال عليه السلام: من قبل رجل أمه، فكأنما قبل عتبة الجنة. وإن لم يأمن ذلك أو شك، فلا يحل لها النظر والمس". (الدر المختار: ۳۶۷/۶، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، سعيد) =

## بہنوئی کی والدہ سے پردہ

سوال[۹۲۲۱]: عمر بکر کا سالا ہے تو بکر کی والدہ سے عمر کا پردہ ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

پردہ ہوگا وہ محرم نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

## بہنوئی کی اولاد سے پردہ

سوال[۹۲۲۲]: ایک عورت ہے (شادی شدہ) اس کی بہن کے خاوند کا انتقال ہوگیا۔ کیا اب اس کو اپنے سوتیلے بھانجوں یعنی اپنی بہن کے خاوند کے بچوں سے۔ جو کہ دوسری بیوی سے ہیں۔ پردہ نہ کرنا چاہیے؟

حاجی محمد خلیق، سہارنپور، ۸/ رجب/ ۵۶ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

پردہ کرنا چاہیے، کیوں کہ وہ اجنبی محض ہیں (۲)، اس سے نکاح درست ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/ ۷/ ۵۶ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، ۱۱/ رجب/ ۵۶ھ، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

---

= (وكذا في كتاب المبسوط للإمام محمد رحمه الله تعالىٰ: ۳/ ۵۰، كتاب الاستحسان، إدارة القرآن كراچی)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿لا جناح عليهن في آبائهن ولا أبنائهن، ولا إخوانهن ولا أبناء إخوانهن، ولا أبناء أخواتهن، ولا نسائهن، ولا ملكت أيمانهن، واتقين الله﴾ (سورة الأحزاب: ۵۵)

قال أبوبكر الجصاص تحت هذه الآية: "قال قتادة رخص لهؤ لاء أن لايجتنبن منهم، قال أبوبكر ذكر ذوي المحارم منهن وذكر نسائهن". (أحكام القرآن للجصاص، سورة الأحزاب، باب ذكر حجاب النساء: ۳/ ۳۷۰، دار الكتاب العربي بيروت)

"(وعن عقبة بن عامر قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إياكم والدخول على النساء": أي غير المحرمات على طريق التخلية، أو على وجه التكشف". (مرقاة المفاتيح، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة وبيان العورات، الفصل الأول: ۶/ ۲۷۸، رشيديه)

(۲) (راجع للتخريج المسئلة المتقدمة)

## چچی اور ممانی سے پردہ

سوال[۹۲۲۳]: چچی اور ممانی سے پردہ کرنا ضروری ہے، یا دیگر محارم کی طرح ہیں؟ فقط۔

**الجواب حامداًومصلیاً:**

یہ دونوں سوتیلی ہوں یا سگی، شرعاً اجنبی ہیں، ان سے پردہ ایسا ہی ضروری ہے جیسا کہ غیروں سے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/ ربیع الاول/۶۴ھ۔

## مطلقہ بیوی سے پردہ

سوال[۹۲۲۴]: ایک شخص نے ایک عورت کو طلاق دیدی ہے، وہ عورت پھر بھی اس کے گھر آتی ہے، حالانکہ اس عورت کا نکاح دوسری جگہ ہو چکا ہے۔ تو اب وہ شخص کیا کرے؟

**الجواب حامداًومصلیاً:**

طلاق کے بعد جب عدت گذر گئی تو وہ عورت بالکل غیر ہوگئی، اس سے میل جول جائز نہیں رہا، لہذا پردہ لازم ہے(۲)۔ اور جب اس نے دوسرے آدمی سے نکاح بھی کرلیا ہے، تو موجودہ شوہر کے حوالہ کر کے اپنے

---

(۱) (قدمر تخریجه تحت عنوان: بہنوئی کی والدہ سے پردہ)

راجع للتفصیل: (أحسن الفتاوی، باب المحرمات، چچی حلال ہے، ممانی حلال ہے: ۵/ ۷۲، سعید)

(۲) قال اللہ تعالیٰ: ﴿قل للمؤمنات یغضضن من أبصارهن﴾ (سورة النور: ۱۸)

وقال الحصکفی رحمه الله تعالیٰ: "ینظر الرجل من الرجل سوی مابین سرته إلی ماتحت رکبته ومن عرسه وأمته الحلال، له وطؤها، فخرج المجوسیة والمکاتبة والمشترکة ومنکوحة الغیر". (الدرالمختار: ۶/ ۳۶۶، فصل فی النظر والمس، کتاب الحظر والإباحة، سعید)

"ولا یجوز نکاح منکوحة الغیر ومعتدة الغیر عند الکل". (قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب النکاح، باب فی المحرمات: ۱/ ۳۶۶، رشیدیه) ............ =

پاس آنے سے بالکل روک دے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۵/ ۵/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/ ۵/ ۹۲ھ۔

## نامحرم ملازم سے پردہ

سوال[۹۲۲۵]: زید اپنی بیوی کا فرماں بردار ہے، اور اپنی بیوی کے واسطے ایک نامحرم شخص کو ملازم رکھا ہے، جو ہر وقت اس کی خدمت یعنی کھانا پکانا اور جھاڑو لگانا اور گھر کے کام میں مشغول رہتا ہے۔ اور وہ دونوں میاں بیوی بیوقوف بتلاتے ہیں اور بچہ کہتے ہیں، حالانکہ اس کی مونچھیں نکلنی شروع ہوگئی ہیں، اور اس کی عمر بلوغت کو پہونچ چکی ہے۔ کیا اپنے آرام کی خاطر اس کا گھر میں بے روک ٹوک آنا جانا درست ہے؟ اور دلہن صاحبہ کی خدمت ایسے آدمی سے لینا درست ہے؟

اس کو دو تین سال میں دلہن صاحبہ نے کام بھی گھر کا بہت محنت سے سکھایا ہے، مگر بدقسمتی سے اب وہ جوان ہوگیا ہے، اب بیگم صاحبہ اس کو علیحدہ کرنا نہیں چاہتی ہیں، کیوں کہ آرام میں فرق پڑتا ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

نامحرم سے پردہ کرنا ضروری ہے(۱) اور جب وہ ملازم ہے، گھر کا کام بھی کرتا ہے تو بسا اوقات اس سے خلوت اور تنہائی کی بھی نوبت آتی ہوگی، عورت کو نامحرم کے ساتھ خلوت اور تنہائی کرنا حرام ہے(۲)، لہٰذا اس

---

= (وكذا في الهداية: ۴/ ۴۶۱، كتاب الكراهية، فصل في النظر، شركة علميه ملتان)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿قل للمؤمنات يغضضن من أبصارهن﴾ (النور: ۱۸)

"عن جابر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ألا! لايبيتن رجل عند امرأة ثيب، إلا أن يكون ناكحاً أو ذامحرم". رواه مسلم". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۲۶۸، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة وبيان العورات، الفصل الأول)

(۲) "عن جابر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال صلى الله عليه وسلم: "لايخلونّ رجل بامرأة إلا كان ثالثهما الشيطن". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۲۶۹، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة، الفصل الثاني، قديمي) ............ =

ملازم کوعلیحدہ کر کے کسی عورت یا نابالغ یا کسی محرم کو ملازم رکھا جائے، ورنہ اس سے باقاعدہ پردہ کرنا چاہئے، اس کے سامنے چہرہ کھول کر بے پردہ آنا اور اس کو مکان میں بے پردہ بلانا جائز نہیں۔ اپنے آرام کی خاطر شریعت کے خلاف کرنا اور خدا اور رسول کے احکام نہ ماننا سخت گناہ ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/۶/۵۹ھ۔

## سالی سے پردہ

سوال[۹۲۲۶]: سالی سے پردہ کرنا چاہئے یا نہیں اور کچھ حد مقرر ہے یا نہیں؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

جی ہاں! پردہ کرنا چاہئے، وہ اجنبیہ ہے(۲)، اس کی بہن کو طلاق دینے اور عدت گزرنے پر، یا اس کے

---

= وقال الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "الخلوة بالأجنبية حرام إلا لملازمة المديونة هربت ودخلت". (الدر المختار). قال الشامي رحمه الله تعالىٰ: "الخلوة بالأجنبية مكروهة، وإن كانت معها أخرى كراهة تحريم .......... ويظهر لي أن مرادهم بالمرأة الثقة أن تكون عجوزاً لا يجامع مثلها مع كونها قادرةً على الدفع وعن المطلقة، فليتأمل". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس: ۶/۳۶۸، سعيد)

(وكذا في الهداية: ۴/۴۴۲، كتاب الكراهية، فصل في الوطي والنظر واللمس، شركة علميه ملتان)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿ومن يعص الله ورسوله، ويتعد حدوده، يدخله ناراً خالداً فيها﴾. (سورة النساء: ۴)

وقال الله عزوجل: ﴿تلك حدود الله، ومن يتعد حدود الله، فقد ظلم نفسه﴾ (سورة الطلاق: ۲۸)

(۲) "عن عقبة بن عامر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إياكم والدخول على النساء": أي غير المحرمات على طريق التخلية أو على وجه التكشف. فقال رجل: يا رسول الله! أرأيت الحمو؟ .......... وهم أقارب الزوج غير آبائه وأبنائه. قال القاضي: الحمو قريب الزوج كابنه وأخيه. قال: "الحمو الموت" الخ". (مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، باب النظر إلى المخطوبة وبيان العورات، الفصل الأول: ۶/۲۷۸، رشيديه) .......... =

انتقال پر اس سے نکاح درست ہے(۱)، اس سے خلوت بھی منع ہے(۲)، ہنسی مذاق اور بے پردہ سامنے آنا بھی منع ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفرلہ۔

## دوست کی بیوی کا پردہ

سوال[۹۲۲۷]: ۱...... شرع میں پردہ کس سے جائز ہے؟

۲...... زید وعمر دو دوست ہیں، نیک سیرت، پابندِ نماز، روزہ ہیں۔ کیا وہ اپنی بیویوں کو ایک دوسرے کے سامنے کر سکتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً:

۱...... جس سے نکاح جائز ہے اس سے پردہ لازم ہے(۳)۔

۲...... نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۳/ رجب/ ۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۴/ رجب/ ۶۷ھ۔

---

= (وكذا في فيض القدير، (رقم الحديث: ٢٩١٨) :٢٣٥٢/٥، نزار مصطفى الباز مكة المكرمة)

"الخلوة بالأجنبية حرام". (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس: ٣٦٨/٦، سعيد)

(١) قال الله تعالىٰ: ﴿وأحل لكم ما وراء ذلكم﴾ (سورة النساء : ٢٤)

"أي ما عدا من ذُكرن من المحارم، هن لك حلال". (تفسير ابن كثير : ٣٧٤/١، سهيل اكيڈمي لاهور)

(وكذا في التفسير المنير : ٦/٥، دار الفكر بيروت)

(وكذا في التفسير المظهرى : ٦٦/٢، حافظ كتب خانه كوئٹه)

(وكذا في بدائع الصنائع، كتاب النكاح، فصل في المحرمات بالقرابة : ٤١١/٣، دار الكتب العلمية بيروت)

(٢) (راجع إلى الحاشية الأولىٰ)

(٣) قال الله تعالىٰ: ﴿وأحل لكم ماوراء ذلكم﴾ (سورة النساء: ٢٤) ........................................ =

## نامحرم معمر عورت سے پردہ

سوال[۹۲۲۸]: معمر عورت بے پردہ رہتی ہو، اس کے یہاں جانا جائز ہے یا نہیں، جبکہ کسی قسم کے فتنہ کا اندیشہ بھی نہ ہو؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کسی نامحرم عورت سے تنہائی میں بے پردہ ملنا جائز نہیں، خواہ وہ معمر ہی کیوں نہ ہو، اس کے چہرے کی طرف بھی نہ دیکھا جائے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

## جیٹھ اور دیور کے پردہ میں فرق

سوال[۹۲۲۹]: عورتوں کے لئے پردہ کے لحاظ سے جیٹھ اور دیور میں کچھ فرق تو نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کچھ فرق نہیں (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفرلہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/۱۱/۵۹ھ۔

---

= "سوى ما قد بينت لكم تحريمه". (تفسير ابن عباس، (سورة النساء: ۲۴)، ص: ۸۹، دار الكتب العلمية بيروت)

"وأما المرأة الحرة التي لا نكاح بينه وبينها ولا حرمة ممن يحل له نكاحها، فليس ينبغي أن ينظر إلى شئ منها". (المبسوط للإمام محمد رحمه الله: ۳/۵۶، كتاب الاستحسان، إدارة القرآن كراچی)

(۱) قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "(الخلوة بالأجنبية حرام)". (الدر المختار). وقال ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "وأجمعوا أن العجوز لاتسافر بغير محرم، فلا تخلوا برجل، شاباً أو شيخاً، اهـ". (ردالمحتار: ۶/۳۶۸، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، سعيد)

(۲) "عن عقبة بن عامر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إياكم والدخول على النساء". فقال رجل: يارسول الله! أرأيت الحمو؟ قال: "الحمو الموت". (مشكوة المصابيح، =

## بازار میں چندہ کے لئے جانا جہاں بے پردہ عورتیں ہوں

سوال[۹۲۳۰]: امام مسجد کا ایک ادارہ کا چندہ وصول کرنا ایسی صورت میں جبکہ شہروں میں عام طور سے عورتیں عریاں نظر آتی ہیں، نیز شہری ماحول میں امام صاحب کو بسا اوقات رہنا پڑتا ہے، کیونکہ پورے مہینہ دوکانوں میں لگے ہوئے بکسوں کے ذریعہ چندہ حاصل کرتے ہیں۔ اس طرح امام صاحب کا بسا اوقات بازار ہی میں گذر ہوتا ہے، شہر کے بازار، محلے، گلیوں میں پھرتے رہنا، زہد وتقوی کا مجروح ہونا یقینی ہے۔ کیا امام صاحب کا فعل مناسب یا روا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حدودِ شرعیہ کی رعایت کرتے ہوئے شہروں اور بازاروں میں ضرورت سے جانا جائز ہے، محض تفریح یا برہنہ عورتوں کو دیکھنے کے لئے جانا جائز نہیں (۱)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دار العلوم دیوبند، ۳/۴/۸۸ھ۔

---

= كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة وبيان العورات، الفصل الأول، ص: ۲۶۸، قديمي)

"قال النووي رحمه الله: والمراد بالحمو هنا أقارب الزوج غير آبائه". (مرقاة المفاتيح، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة وبيان العورات، الفصل الأول: ۲۷۸/۶، رشيديه)

(۱) بازار میں جاتے وقت نظر کی حفاظت بہت ضروری ہے، بدنظری پر شدید وعیدیں آئی ہیں:

"عن الحسن مرسلاً قال: بلغني أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "لعن الله الناظر والمنظور إليه". رواه البيهقي في شعب الإيمان". (مشكوة المصابيح، ص: ۲۷۰، باب النظر إلى المخطوبة، الفصل الثالث، قديمي)

"وفيما إذا كان الناظر إلى المرأة الأجنبية هو الرجل، قال: فليجتنب بجهده، وهو دليل الحرمة". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۲۷/۵، كتاب الكراهية، الباب الثامن فيما يحل للرجل النظر إليه، رشيديه)

اگر اچانک بلا قصد نظر پڑ جائے تو وہ معاف ہے، مگر پھر دوسری بار قصداً اجنبیہ کو دیکھنا جائز نہیں:

"عن بريدة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لعلي رضي الله عنه: "يا علي! لا تتبع النظرة النظرة، فإن لك الأولىٰ، وليست لك الآخرة". رواه أحمد والترمذي". =

## جوان بیٹی باپ، بہن بھائی کا ایک بستر پر سونا

سوال[۹۲۳۱]: جوان بیٹی کا باپ کے ساتھ ایک ہی چارپائی پر یا بستر پر ایک ساتھ لیٹنا، سونا از روئے شرع کیا حکم ہے، اسی طرح جوان بھائی بہن کا اور اسی طرح جوان بیٹے اور باپ کا ہمراہ لیٹنا اور سونا از روئے شرع کیسا ہے؟ خلاف شرع ہونے کی صورت میں عتابِ الٰہی کی کیا صورت واقسام ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ہرگز اجازت نہیں، یہ سب الگ الگ سویا کریں، حدیث پاک میں ارشاد ہے کہ: ''جب بچے سیانے ہوجائیں، ان کے بستر الگ الگ کردو''(۱)۔ حدیث پاک کے خلاف کرنے کا نتیجہ یہاں بھی برا ہے اور آخرت میں بھی برا ہے، کوئی عارضی وجہ ہو مثلاً کوئی اتنا بیمار ہے کہ بغیر ماں، بہن، بیٹی کے وہ چین سے لیٹ نہیں سکتا اور خدمت کے لئے ان کی ضرورت ہے تو اس مجبوری کا حکم دوسرا ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

= (مشکوٰة المصابیح، ص: ۲۶۹، کتاب النکاح، باب النظر الی المخطوبة، الفصل الثانی، قدیمی)

(۱) "عن عمرو بن شعیب عن أبیه عن جده رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "مُرُوْا أولادکم بالصلاة وهم أبناء سبع سنین ...... وفرّقوا بینهم فی المضاجع". رواه أبوداود".

(مشکوٰة المصابیح، ص: ۵۸، کتاب الصلاة، الفصل الثانی، قدیمی)

قال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: "أمر من التفریق "بینهم": أی بین البنین والبنات علی ما هو الظاهر ........ وقال ابن حجر: بهذا الحدیث أخذ أئمتنا فقالوا: یجب أن یفرق بین الإخوة والأخوات، فلا یجوز حینئذ تمکین ابنین من الاجتماع فی مضجع واحد ........ والفرق بینهم فی المضاجع فی الطفولیة تأدیباً ومحافظةً لأمر الله تعالیٰ". (مرقاة المفاتیح: ۲/۲۷۶، کتاب الصلاة، (رقم الحدیث: ۵۷۲)، رشیدیه)

(۲) "الضرورات تبیح المحظورات". (الأشباه والنظائر، القاعدة الخامسة: الضرر یزال، (رقم القاعدة: ۵۶۸): ۱/۲۵۱، إدارة القرآن کراچی)

## بہوکا ساس کے بدن کو دبانا اور مالش کرنا

سوال[۹۲۳۲]: ایک عورت جوکہ گھر کے زیادہ کام کرنے کی وجہ سے، یا کمزوری کی بناء پر اس کے پورے بدن میں درد ہوتا رہتا ہے، اور اس عورت کی بہو اور بالغ اور نابالغ لڑکے بھی موجود ہیں۔ اس حال میں کیا اس عورت کے بالغ لڑکے اپنی والدہ کی پیٹھ اور کمر پر، اسی طرح اس کی ران اور ساق پر روغن وغیرہ کی مالش کر سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

بہوکا اس خدمت کوانجام دیناأہون ہے:

"ینظر الرجل من الرجل سوى ما بين سرته إلى ماتحت ركبتيه، ومن محرمه إلى الرأس والوجه والصدر والساق والعضد أمن شهوته، لا إلى الظهر والبطن والفخذ. وما حل نظره، حل لمسه، اه". درمختار (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳/۱/۹۳ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳/۱/۹۳ھ۔

## بھاوج کے ساتھ رہنا اور بھتیجوں سے خدمت لینا

سوال[۹۲۳۳]: زید کا انتقال ہوجاتا ہے، بوقتِ انتقال ان کی بیوی اور چچازاد بھائی بکر زندہ ہیں،

---

(۱) (تنویر الأبصار مع الدرالمختار: ۳۶۴/۶، کتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، سعيد)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية: ۳۲۸/۵، كتاب الكراهية، الباب الثامن فيما يحل للرجل النظر إليه، رشيديه)

(وكذا في فتاوى قاضي خان على هامش الفتاوى العالمكيرية: ۴۰۷/۳، كتاب الحظر والإباحة، باب فيما يكره من النظر والمس للأقارب والأجانب ومالايكره، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر: ۵۳۸/۲، كتاب الكراهية، فصل في بيان أحكام النظر، دارإحياء التراث العربي بيروت)

زیداوربکر دونوں لاوَلد ہیں۔ بکر نے اپنی بیوی کوطلاق دیدی، بکراپنی دیکھ بھال کرنے کے اہل بیس سال سے نہیں تھے، چنانچہ زید نے ان کولاکراپنے پاس رکھااورزیداوران کے بیوی نے ان کی ساری خدمت کی اور سب خرچ اٹھایا۔

بکر کے پاس ۲۵، ۳۰/ بیگہ زمین تھی جس پر زید نے کاشت کی اوراس کی آمدنی اور نیز اس سے زیادہ اپنے پاس سے بکر پرخرچ کیا، بکر نے بہت خوشی اور مطمئن زندگی چچازاد بھائی اور بھابھی کے پاس گذاردی۔ اچانک زید کا انتقال ہوگیا۔ بکر جو نہ اکیلے رہ سکتے ہیں، عمراورعقل کی کمی کی وجہ سے انھوں نے فیصلہ کیا کہ وہ بھاوج کی زیرِنگرانی رہیں گےاورکسی قیمت پرکہیں اُور جانے کے لئے تیارنہیں ہیں، چنانچہ وہ اسی طرح رہ رہے ہیں۔

زیدکی جائیداد میں سے۳/۴حصہ بکر کے نام منتقل کردیا گیاہے،اسی طرح روپیہ میں سے بھی ان کا حصہ ان کے نام جمع کردیا گیاہے، یہ سب زید کی بیوہ نے بخوشی اپنے بھائی کے مشورہ پر کیا۔ اور وہ بھائی جو بہت ایماندار اور متمول ہے،ان دونوں کی جائیداد کی دیکھ بھال کررہاہے۔

۱...... کیا بکر کی چوتھی یا پانچویں پشت کے بھتیجا کا شرعی حق ہے کہ وہ بکرکواپنی زیرنگرانی رکھیں اوران کی جائیداد کی نگرانی اپنے ہاتھ میں لیں؟

۲...... پسر نمبر۱۴بہت ہی معمولی حیثیت رکھتے ہیں اورپچھلے بیس سال میں زید یا بکر کے تعلقات خوشگوار رہے، زیدکی بیوہ ان کے رشتہ دار یا بکر کے اورزیادہ دور کے رشتہ دارجن کا رشتہ آٹھویں یانویں پشت سے ملتاہے اور جوایماندار اور متمول ہیں،شرعاًان کے لئے کیاحکم ہے؟

سیدغلام مرتضیٰ،نمبر:۲۸۔

ساؤتھ روڈ،الہ آباد۔

الجواب حامداًومصلیاً:

۱...... بکراپنی اوراپنی جائیداد کی نگرانی خودنہیں کرسکتے،جس کی نگرانی ان کے اوران کی جائیداد کے حق

میں مفید ہو اس کونگراں تجویز کیا جائے۔ اگر وہ موجودہ بھاوج کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں اور ان کو ہر طرح کا اطمینان ہے تو رہ سکتے ہیں، لیکن چونکہ بھاوج شرعاً محرم نہیں، اس لئے ان کے ساتھ تنہائی میں نہ رہیں بے پردہ نہ رہیں (۱)، یا پھر بھاوج سے شرعی طریقے پر نکاح کرلیں۔

چوتھی پانچویں پشت کا کوئی بھتیجا خدمت کرنا چاہے تو اس کی سعادت ہے، اس کو خدمت سے منع نہ کیا جاوے، خاص کر جبکہ اس کو جائیداد وغیرہ کا کوئی خیال بھی نہ ہو، بلکہ اخلاص سے خدمت کرے۔

۲...... جائیداد کی نگرانی کے لئے تو رشتہ داری پر خیرخواہی مقدم ہے، خدمت کا ہر ایک کو حق ہے، کوئی خطرہ نہ ہو تو خدمت کا موقع دیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۲/۹۵ھ۔

## کافرہ عورت کو بیوی کی طرح رکھنا

سوال [۹۲۳۴]: ایک مسلمان جوان عاقل بالغ اپنی زوجہ منکوحہ کو آٹھ نو سال سے اپنے ساتھ نہیں رکھتا اور ایک کافرہ عورت جوان ساتھ رکھتا ہے، اس عورت کے متعلق دریافت کرنے سے وہ کہتا ہے کہ نوکر ہے، مگر ظاہری معاملات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی بی بی ہے۔ علاوہ ازیں وہ سرکاری نوکری کرتا ہے اور جہاں قیام کرتا ہے۔

اس عورت کو بھی ساتھ رکھتا ہے۔ اور اس وقت وہاں اس کا کوئی خویش واقارب نہیں رہتا، بلکہ وہ شخص اور وہ عورت ایک ساتھ رہتے ہیں۔ اور اس شخص کے کھانے پینے غرض ہر کام وہ ہی عورت کرتی ہے۔ اب براہ خدا فرمائیے:

**الف**: اس طور پر ایسی بیگانی عورت بطورِ خادم رکھنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

ب: اس شخص پر زنا کا شبہ لاحق ہوسکتا ہے یا نہیں؟

---

(۱) "عن عقبة بن عامر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إياكم والدخول على النساء". فقال رجل: يارسول الله! أرأيت الحمو؟ قال: "الحمو الموت". (مشكوة المصابيح، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة، الفصل الأول، ص: ۲۶۸، قديمي)

ج: جو عالم یا قاضی این ہمہ دیدہ دانستہ جانبداری کرے تو اس پر شرعاً کیا گناہ ہے؟

د: ایسے لوگوں کی ہم نشینی اور اکل وشرب جائز ہے یا نہیں؟

ہ: اگر یہ ہر ایک کا فتویٰ ہو جائے تو ہر ایک کے لئے کیا حد جاری ہوگی؟ بینوا بالتفصیل وتوجروا۔

## الجواب حامداًومصلیاً:

الف: اجنبیہ عورت کو نوکر رکھنا شرعاً درست ہے(۱)، لیکن اجنبیہ کے ساتھ خلوت حرام ہے(۲)۔

ب: بلا دلیلِ شرعی کسی کو زانی کہنا حرام ہے، خواہ اس کے کتنے ہی وسیع تعلقات ہوں (۳)، لیکن اس

---

(۱) اجنبیہ کو بطورِ نوکر رکھنا جائز تو ہے، لیکن احتیاط اس میں ہے کہ اجنبیہ عورت کو نوکرانی کے طور پر نہ رکھا جائے، لیکن اگر کبھی اس کی نوبت آئے تو درج ذیل شرائط کی پابندی لازمی ہے تاکہ فتنہ سے بچا جائے:

۱- خاتون ملازمہ کو پابند کیا جائے کہ وہ ایسا لباس پہن کر آئے جس سے سرتا پاؤں پورا جسم چھپا ہوا ہو۔

۲- مردوں کے سامنے حتی الامکان نظریں نیچی رکھیں اور مرد بھی ضروری بات کرتے وقت نظریں نیچے رکھیں۔

۳- تنہائی اور خلوت سے بالکلیہ اجتناب کیا جائے۔

۴- مواقعِ تہمت اور ایسے اسباب سے بالکلیہ اجتناب کیا جائے۔

"ویکره له أن یستأجر امرأةً حرةً أو أمةً یستخدمها ویخلو بها، لقوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "لایخلونّ رجل بامرأة لیس منها بسبیل، فإن ثالثهما الشیطن". ولأنه لا یأمن من الفتنة علی نفسه أو علیها إذا خلا بها، ولکن هذا النهی لمعنی فی غیر العقد، فلا یمنع صحة الإجارة ووجوب الأجر إذا عمل کالنهی عن البیع وقت النداء". (المبسوط للسرخسی، کتاب الإجارات، باب إجارة الرقیق فی الخدمة وغیرها، الجز السادس عشر: ۸/۵۹، مکتبه غفاریه کوئٹه)

(وکذا فی بدائع الصنائع: ۵/۵۷۰، کتاب الإجارة، فصل فی شرائط الرکن، دارالکتب العلمیه بیروت)

(۲) (مرتفصیله تحت عنوان "نامحرم ملازم سے پردہ")

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿ولاتنابزوا بالألقاب﴾ قال الإمام الجصاص رحمه الله تعالیٰ: "وهذا یدل علی أن اللقب المکروه هو مایکرهه صاحبه ویفید ذماً للموصوف به؛ لأنه بمنزلة السباب والشتیمة". (أحکام القرآن للجصاص: ۳/۴۰۳، (سورة الحجرات: ۲۶)، قدیمی)

"وبیان ذلک أن جمیع ما مرّ من ألفاظ القذف والشتم الموجبة للتعزیر منهیٌّ عنها شرعاً ............ قال تعالیٰ: ﴿ولا تنابزوا بالألقاب﴾ فکان فیها حق الله تعالیٰ وحق العبد، وغلب حق العبد =

کو بھی لازم ہے کہ ایسے تعلقات نہ رکھے جس سے لوگوں کو بدگمانی کا موقع ہو، ایسے تعلقات رکھنا بھی شرعاً ممنوع ہے(۱)۔

ج: عالم یا قاضی نے کیا جانبداری کی ہے، اگر یہ کہا ہے کہ ایسے شخص کو زانی مت کہو تو یہ صحیح کہا ہے، کیونکہ جب تک چار عینی گواہ عادل یہ شہادت نہ دیں کہ ہم نے اپنی آنکھ سے زنا کرتے ہوئے دیکھا ہے، اس وقت تک کسی کو زانی کہنا جائز نہیں (۲)۔ اگر کوئی اور جانبداری کی ہے تو اس کو تحریر کیجئے۔

---

= لحاجته". (ردالمحتار: ۴/۷۴، كتاب الحدود، مطلب في الجرح المجرد، سعيد)

(۱) "لقوله عليه الصلاة والسلام: "اتقوا مواضع التهم". هو معنى قول عمر: " من سلك مسالك التهم اتهم" رواه الخرائطي في "مكارم الأخلاق" عن عمر رضي الله تعالىٰ عنه موقوفاً بلفظ: "من أقام نفسه مقام التهم، فلا يلومن من أساء الظن به". (الموضوعات الكبرىٰ، حرف الهمزة، (رقم الحديث: ۱۵۱)، ص: ۴۹، قديمي)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿لولا جاؤا عليه بأربعة شهداء، فإذ لم يأتو بالشهداء، فأولئك عند الله هم الكاذبون﴾ (سورة النور: ۱۳)

قال الجصاص رحمه الله تعالىٰ: "قد أبانت هذه الآية عن معنيين: أحدهما: أن الحد واجب على القاذف مالم يأت بأربعة شهداء. والثاني: أنه لا يقبل في إثبات الزنا أقل من أربعة شهداء". (أحكام القرآن للجصاص: ۳/ ۴۴۹، قديمي)

"فاشترط في الشهادة على الزنا الشروط الآتية: أولاً: أن يكون الشهود أربعة بخلاف الشهادة على سائر الحقوق، قال الله تعالىٰ: ﴿واللاتي يأتين الفاحشة من نسائكم فاستشهدوا عليهن أربعةً منكم، فإن شهدوا فأمسكوهن في البيوت حتى يتوفاهن الموت أو يجعل الله لهن سبيلاً﴾ ولقوله تعالىٰ: ﴿والذين يرمون المحصنات، ثم لم يأتوا بأربعة شهداء﴾ فإن كانوا أقل من أربعة، لم تقبل". (فقه السنة: ۲/۳۷۳، كتاب الحدود، وحد الزنا، دارالكتب پشاور)

وقال الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "ويثبت بشهادة أربعة رجال في مجلس واحد، فلو جاء وا متفرقين، حُدّوا". (الدرالمختار). قال ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: ويثبت): أي الزنا عند القاضي". (ردالمحتار: ۴/۷، كتاب الحدود، مطلب الزنا شرعاً لا يختص، سعيد)

(وكذا في الفتاوى السراجية، ص: ۶۰، كتاب الحدود، باب الإقرار، سعيد) .................... =

د: ایسے شخص کو مسئلہ کی شرعی حیثیت اولاً نرمی سے سمجھادی جائے کہ اجنبیہ کے ساتھ ایسے تعلقات کا رکھنا اور خلوت کرنا شرعاً ممنوع ہے(۱) اور لوگوں کو تہمت لگانے اور بدگمانی کا موقع ملتا ہے، لہٰذا اس سے پرہیز چاہئے (۲)۔ اس کے بعد بھی اگر وہ نہ مانے بلکہ اس اجنبیہ سے خلوت کرے تو پھر اس سے ترکِ تعلق کردیا جائے تاکہ وہ تنگ آکر توبہ کرے اور اپنی حالت شریعت کے مطابق بنائے (۳)۔

ہ: کیا فتویٰ ہوجائے اور کیا حد جاری کرنا چاہتے ہیں، اور کس سے کون سا فعل موجبِ حد سرزد ہوا اور یہاں حدود جاری کرنے کا شرعاً کس کو اختیار حاصل ہے، تفصیل سے لکھئے تاکہ غور کیا جاسکے۔

**تنبیہ:** کافرہ سے مسلم کا نکاح حرام ہے، لقوله تعالیٰ: ﴿ولا تنكحوا المشركات﴾ الآية(٤)۔

---

= (وكذا في النهر الفائق: ۱۲٦/۳، كتاب الحدود، قديمي)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿وأحل لكم ما وراء ذلكم﴾ (سورة النساء: ۲۴)

"أي ما عدا من ذُكرن من المحارم، هن لك حلال". (تفسير ابن كثير: ۱/۴۷۴، سهيل اكيڈمی لاهور)

(وكذا في التفسير المنير: ٥/٦، دار الفكر بيروت)

(وكذا في التفسير المظهري: ۲/٦٦، حافظ كتب خانه كوئٹه)

(وكذا في بدائع الصنائع، كتاب النكاح، فصل في المحرمات بالقرابة: ۳/۴۱۱، دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) "لقوله عليه الصلاة والسلام: "اتقوا مواضع التهم". هو معنى قول عمر: "من سلك مسالك التهم اتهم" رواه الخرائطي في "مكارم الأخلاق" عن عمر رضي الله تعالىٰ عنه موقوفاً بلفظ: "من أقام نفسه مقام التهم، فلا يلومن من أساء الظن به". (الموضوعات الكبرىٰ، حرف الهمزة، (رقم الحديث: ۱۵۱)، ص: ۴۹، قديمي)

(۳) "قال الخطابي: رخص للمسلم أن يغضب على أخيه ثلاث ليال لقلته، ولا يجوز فوقها، إلا إذا كان الهجران في حق من حقوقِ الله تعالىٰ، فيجوز فوق ذلك .......... وأجمع العلماء على أن من خاف من مكالمة أحد وصِلَته ما يفسد عليه دينه أو يدخل مضرةً في دنياه، يجوز له مجانبته وبُعده". (مرقاة المفاتيح: ۸/۷۵۹، كتاب الآداب، باب ما ينهى عنه من التهاجر والتقاطع، الفصل الأول، رشيديه)

(۴) (سورة البقرة: ۲۲۱) .......................... =

آٹھ نو سال سے زوجہ کو اپنے ساتھ نہ رکھنے کی وجہ سے اس پر طلاق واقع نہیں ہوئی (۱)۔ اگر زوجہ نے اپنے حقوق کو معاف نہیں کیا اور شوہر کے اس طرز عمل سے خوش نہیں تو اس کو چاہئے کہ عدالتِ مسلم میں دعویٰ کرے کہ فلاں شخص میرا شوہر ہے اور اتنی مدت سے میرے حقوق ادا نہیں کرتا، میرے حقوق ادا کرائے جائیں، یا طلاق دلائی جائے۔ اس پر حاکم با قاعدہ واقعات کی تحقیق کرکے اگر عورت کا دعویٰ صحیح ثابت ہو، شوہر کو حاضر کرے اور کہے کہ یا تم اپنی زوجہ کو طلاق دیدو، یا اپنی زوجہ کے حقوق ادا کرو، ورنہ ہم تفریق کردیں گے۔ اگر شوہر کوئی صورت اختیار کرلے بہتر ہے، ورنہ حاکم مسلم خود تفریق کردے (۲)، اس کے بعد عدتِ طلاق تین حیض گذار کر عورت کو دوسری جگہ نکاح کرنا شرعاً درست ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، یوپی، ۵/ رجب/ ۶۶ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵/ رجب/ ۶۶ھ۔

☆......☆......☆......☆......☆

---

= "حدثنا نافع عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما: أنه كان إذا سئل عن نكاح اليهودية والنصرانية قال: "إن الله حرم المشركات على المسلمين. قال: فلا أعلم من الشرك شيئاً أكبر، أو قال: أعظم من أن تقول ربها عيسىٰ أو عبد من عبيد الله". (أحكام القرآن للجصاص، باب نكاح = المشركات: ۱/۴۵۵، قديمي)

(۱) "وركنه (أي الطلاق) لفظ مخصوص، هو ماجعل دلالته على معنى الطلاق من صريح أو كناية". (ردالمحتار، كتاب الطلاق: ۳/۲۳۰، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الطلاق، الباب الأول: ۱/۳۴۸، رشيديه)

(۲) "زوجہ متعنت کو اول تو لازم ہے کہ کسی طرح خاوند سے خلع وغیرہ کرلے، لیکن اگر باوجود سعیِ بلیغ کے کوئی صورت نہ بن سکے تو عورت اپنا مقدمہ قاضیِ اسلام یا مسلمان حاکم اور ان کے نہ ہونے کی صورت میں جماعتِ مسلمین کے سامنے پیش کرے، وہ معاملہ کی شرعی شہادت وغیرہ کے ذریعے پوری تحقیق کرے، اگر عورت کا دعویٰ صحیح ثابت ہو کہ باوجود وسعت کے خرچ نہیں دیتا تو اس کے خاوند سے کہا جاوے کہ اپنی عورت کے حقوق ادا کرو یا طلاق دو، ورنہ ہم تفریق کردیں گے، اس کے بعد بھی اگر وہ ظالم کسی صورت پر عمل نہ کرے تو قاضی یا شرعاً جو اس کے قائم مقام ہو طلاق واقع کردے"۔ (حيله ناجزه، ص: ۷۳، ۷۴، دار الإشاعت، كراچي)

# الفصل الثالث فی الخلوة والاختلاط بالأجنبية ومسّها

## (اجنبی عورتوں سے تنہائی اور میل جول اور مَس کرنے کا بیان)

### بعض غیر محارم اور عورت کا غیر محرم کے سامنے آنا

سوال[۹۲۳۵]: عورت کا غیر محرم کے سامنے آنا کیسا ہے؟ خالو، پھوپھا، بہنوئی، دیور، جیٹھ وغیرہ کا حکم محرم کا ہے یا غیر محرم کا؟ غیر محرم کے سامنے آنے کی حکم شرع توڑنے پر عتاب خداوندی کیا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

یہ سب نامحرم ہیں(۱)، ان کے سامنے بے پردہ آنا، ان سے بے تکلف ہنسی مذاق کرنا سخت فتنہ کا موجب ہے، حدیث شریف میں دیور کو موت قرار دیا ہے، غیر آدمی کو اتنی جرأت نہیں ہوتی جتنی ان لوگوں کو ہوتی ہے، ان سے پردہ لازم ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿وأحل لكم ما وراء ذلكم﴾ (الاية) (سورة النساء: ۲۴)

(۲) "عن عقبة بن عامر رضی الله تعالیٰ عنه، قال: قال رسول الله صلی الله عليه وسلم: "إياكم والدخول علی النساء". فقال رجل: يا رسول الله! أرأيت الحمو؟ قال: "الحمو الموت". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، كتاب النكاح، باب النظر إلی المخطوبة وبيان العورات، الفصل الأول، ص: ۲۶۸/، قديمی)

قال العلامة الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: "قال النووی رحمه الله: والمراد بالحمو هنا أقارب الزوج غير آبائه؛ لأن الخوف من الأقارب أكثر والفتنة منهم أوقع، لتمكنهم من الوصول إليها والخلوة بها من غير نكير عليهم". (مرقاة المفاتيح: ۲۷۸/۶، كتاب النكاح، باب النظر إلی المخطوبة وبيان العورات، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۳۱۰۲)، رشيديه)

## نامحرم کے ساتھ تنہائی اگر چہ وہ متدین ہو

سوال[۹۲۳۶]: اگر زید اپنی زوجہ اور لڑکے اور لڑکی کو خالد کی سرپرستی میں دیدے تو کیا ایسی صورت میں وہ قابلِ لعن وطعن ہوگا یا لائقِ مبارکباد؟

الجواب حامداً ومصلياً:

اگر خالد سرپرستی کا اہل ہے، تربیت سے واقف ہے، متدین ہے تو کوئی لعن وطعن نہیں، حق تعالیٰ فتنہ سے بچائے (۱)۔ لڑکی کا نامحرم کے ساتھ رہنا، یا بے پردہ اس کے پاس جانا، تنہائی کرنا جائز نہیں اگر چہ وہ متدین ہو(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۳/۹۵ھ۔

---

(۱) بالغ لڑکی کو نامحرم مرد کے حوالے کرنا شرعاً جائز نہیں اگر چہ مرد دین دار ہی کیوں نہ ہو، کیوں کہ اس میں فتنے کا سخت خطرہ ہے، كما سيأتي تحت الحاشية الآتية.

(۲) "عن جابر رضي الله تعالىٰ عنه، عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "لاتلِجُوا على المغيبات، فإن الشيطن يجري من أحدكم مجرى الدم". الحديث. (مشكوة المصابيح، ص: ۲۶۹، باب النظر إلى المخطوبة، الفصل الثاني، قديمي)

"إن الشيطن": أي كيده ووسواسه "يجري": أي يسري "من الإنسان": أي فيه، وقيل: عُدّي "يجري" بـ "من" على تضمين معنى التمكن: أي يتمكن الإنسان في جريانه "مجرى الدم": أي في جميع عروقه .......... شبّه سريان كيده وجريان وساوسه في الإنسان بجريان دمه في عروقه وجميع أعضائه، فهو كناية عن تمكنه من إغواء الإنسان وإضلاله تمكناً تأماً وتصرفه فيه تصرفاً كاملاً بواسطة نفسه الأمارة بالسوء الناشئ قواها من الدم .......... وقيل: إرادة الحقيقة، فإن الشياطين أجسام لطيفة قادرة بأقدار الله تعالىٰ على كمال التصرف ابتلاءً للبشر". (مرقاة المفاتيح: ۲/۲۴۵، ۲۴۶، كتاب الإيمان، باب الوسوسة، الفصل الأول، رشيديه)

"عن جابر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ألا! لايبيتن رجل عند امرأة ثيب إلا أن يكون ناكحاً أو ذا محرم". رواه مسلم". (مشكوة المصابيح، ص: ۲۶۸، كتاب النكاح، باب بيان العورات، قديمي) .......... =

## نامحرم کے ساتھ تنہائی

سوال[۹۲۳۷]: خلاصۂ سوال یہ ہے کہ مہرعلی اور محمد رضا دونوں دوست ہیں، محمد رضا نے مہرعلی سے کہا کہ میرے لئے بازار سے بیل لانا۔ وہ لینے کے لئے گئے، مگر ملا نہیں، یہ کہنے کے لئے شام کو مہرعلی محمد رضا کے گھر گئے، جب کہ اس کے بیوی بچے موجود تھے، گھر میں جا کر مہرعلی صحن میں بیٹھ گئے۔ وہ یہ بتلانے گئے تھے کہ بیل ملا نہیں، مگر مہرعلی کی زوجہ جو بدکلام اور لڑاکو ہے، اس نے یہ کیا کہ اپنے گھر سے فوراً اس مکان پر آئی اور دروازہ بند کردیا اور خود اپنے شوہر مہرعلی کو بدنام کیا اور ان کو ذلیل کیا کہ محمد رضا کی بیوی سے اس کا ناجائز تعلق ہے۔ اس صورت میں اس کے لئے شرعاً کیا حکم ہے؟

دراصل مہرعلی کے پاس بہت سے جانور ہیں جن کی دیکھ بھال نہیں ہوتی، اس لئے یہ شکایت مہرعلی کی زوجہ کو ہے کہ ہم سے یہ جانور نہیں پلتے ہیں۔ بہرحال اس واقعہ کے متعلق شرعی حکم کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مرد کو نامحرم عورت کے پاس اس طرح شام کے وقت مکان میں جا کر بیٹھنا مناسب نہیں، اس سے احتیاط کی جائے (۱)۔ بیل خریدنے کے متعلق بات کرنے کے لئے بلکہ بتانے کے لئے کہ "خریدا ہے یا نہیں"

---

= "عن عمر رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "لایخلونّ رجل بامرأة إلا کان ثالثهما الشیطٰن". رواه الترمذی". (مشکوٰة المصابیح، ص: ۲۶۹، کتاب النکاح، باب النظر إلی المخطوبة، الفصل الثانی)

وقال الحصکفی رحمة الله تعالیٰ علیه: "الخلوة بالأجنبیة حرام". (الدرالمختار). وقال ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ: "وأجمعوا أن العجوز لاتسافر بغیر محرم، فلا تخلو برجل، شاباً أو شیخاً". (ردالمحتار، کتاب الصلوة: ۱/۳۶۸، سعید)

(۱) "عن جابر رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "لاتلِجُوا علی المغیبات، فإن الشیطٰن یجری من أحدکم مجری الدم". الحدیث. (مشکوٰة المصابیح، ص: ۲۶۹، باب النظر إلی المخطوبة، الفصل الثانی، قدیمی)

"إن الشیطٰن": أی کیده ووسواسه "یجری": أی یسری "من الإنسان": أی فیه، وقیل: عُدّی "یجری" بـ "من" علی تضمین معنی التمکن: أی یتمکن الإنسان فی جریانه "مجری الدم": أی فی =

مکان کے اندر جانے کی بالکل ضرورت نہیں تھی، دروازہ پر کھڑے ہوکر بتا کر چلے جاتے۔ عورت کا باہر سے دروازہ بند کر کے شوہر کو بدنام اور ذلیل کرنا بڑی ذلیل حرکت ہے، اگر اس کو اپنے شوہر کے گھریلو معاملات کے متعلق کوئی شکایت تھی اس کی وجہ سے زنجیر لگا کر بدنام کرنا نہایت کمینہ پن ہے، اس کو لازم ہے کہ شوہر سے معافی مانگے۔ اور اپنی غلطی اور حماقت کا اقرار کر کے آئندہ ہمیشہ کے لئے ایسی حرکت سے اجتناب کرے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

## بوڑھے آدمی کے ساتھ خلوت

سوال[۹۲۳۸]: کسی ساٹھ یا اسی سالہ بوڑھے کو کسی غیر محرم یا کنواری عورت کے ساتھ تنہائی میں

---

= جميع عروقه ........... شبّه سريان كيده وجريان وساوسه في الإنسان بجريان دمه في عروقه وجميع أعضائه، فهو كناية عن تمكنه من إغواء الإنسان وإضلاله تمكناً تاماً وتصرفه فيه تصرفاً كاملاً بواسطة نفسه الأمارة بالسوء الناشئ قواها من الدم ........... وقيل: إرادة الحقيقة، فإن الشياطين أجسام لطيفة قادرة بأقدار الله تعالىٰ على كمال التصرف ابتلاءً للبشر". (مرقاة المفاتيح: ۲/۲۴۵، ۲۴۶، كتاب الإيمان، باب الوسوسة، الفصل الأول، رشيديه)

"عن جابر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ألا! لايبتين رجل عند امرأة ثيب إلا أن يكون ناكحاً أو ذا محرم". رواه مسلم". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۲۶۸، كتاب النكاح، باب بيان العورات، قديمي)

"عن عمر رضي الله تعالىٰ عنه، عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "لايخلونّ رجل بامرأة إلا كان ثالثهما الشيطٰن". رواه الترمذي". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۲۶۹، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة، الفصل الثاني)

وقال الحصكفي رحمة الله تعالىٰ عليه: "الخلوة بالأجنبية حرام". (الدر المختار). وقال ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "وأجمعوا أن العجوز لاتسافر بغير محرم، فلا تخلو برجل، شاباً أو شيخاً". (ردالمحتار، كتاب الصلوة: ۱/۳۶۸، سعيد)

باتیں کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

منع ہے:"وأجمعوا أن العجوز لا تسافر بغیر محرم، فلا تخلوا برجل، شاباً أو شیخاً".

شامی: ۲۳۵/۵(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

## نامحرم کے ساتھ رکشا میں بیٹھنے کی سزا

سوال[۹۲۳۹]: میں ایک ساٹھ سال کی عورت ہوں اور ۶۵/ سال کے ایک مرد کے ساتھ بازار سے گھر تک رکشا میں بیٹھ گئی، جب میں گھر پہونچی تو میرے سماج نے مجھے اپنے سماج سے باہر کردیا۔ تو آپ سے یہی کہنا چاہتی ہوں کہ اگر میں اس کے ساتھ بیٹھ کر گئی تو کیا گناہ ہوا؟ اگر میں نے اس کے ساتھ کوئی گناہ بھی کیا ہو، کیا سزا ہے یا کیا کفارہ ہے کہ اس کو میں ادا کردوں اور سماج میں شامل ہوسکوں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

نامحرم سے پردہ لازم ہے(۲)، اس طرح اس کے ساتھ رکشا میں بیٹھ کر آنا کہ بدن سے بدن لگے

---

(۱) (ردالمحتار: ۳۶۸/۶، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی النظر والمس، سعید)

(۲) "عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنه، عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: "لاتلِجُوا علی المغیبات، فإن الشیطٰن یجری من أحدکم مجری الدم". الحدیث. (مشکوٰة المصابیح، ص: ۲۶۹، باب النظر إلی المخطوبة، الفصل الثانی، قدیمی)

"إن الشیطٰن: أی کیده ووسواسه "یجری": أی یسری "من الإنسان": أی فیه. وقیل: عُدّی "یجری" بـ "من" علی تضمین معنی التمکن: أی یتمکن الإنسان فی جریانه "مجری الدم": أی فی جمیع عروقه .......... شبّه سریان کیده وجریان وساوسه فی الإنسان بجریان دمه فی عروقه وجمیع أعضائه، فهو کنایة عن تمکنه من إغواء الإنسان وإضلاله تمکناً تاماً وتصرفه فیه تصرفاً کاملاً بواسطة نفسه الأمارة بالسوء الناشئ قواها من الدم .......... وقیل: إرادة الحقیقة، فإن الشیاطین أجسام لطیفة قادرة بأقدار اللہ تعالیٰ علی کمال التصرف ابتلاءً للبشر". (مرقاة المفاتیح: ۲۴۵/۲، ۲۴۶، کتاب الإیمان، باب الوسوسة، الفصل الأول، رشیدیه) .................................. =

درست نہیں ہے (۱)۔ اگر اس کے علاوہ بھی کوئی گناہ کیا ہو تو جیسا گناہ ہو ویسی ہی اس کی سزا ہوگی۔ اب موجودہ وقت میں شرعی سزا کے شرائط موجود نہ ہونے کی وجہ سے اصلی سزا نہیں دی جاسکتی۔ سماج سے الگ کردینا ہی سزا ہے۔ توبہ استغفار کے بعد جب اطمینان ہوجائے کہ آئندہ ایسا نہیں ہوگا اور پردہ کا اہتمام کیا جائے گا تو سماج میں شامل کرلیا جائے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۹/۹۰ھ۔

---

= "عن جابر رضي الله تعالىٰ عنه، قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ألا! لايبيتن رجل عند امرأة ثيب إلا أن يكون ناكحاً أو ذا محرم". رواه مسلم". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۲۲۸، كتاب النكاح، باب بيان العورات، قديمى)

"عن عمر رضي الله تعالىٰ عنه، عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "لايخلونّ رجل بامرأة إلا كان ثالثهما الشيطٰن". رواه الترمذى". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۲۶۹، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة، الفصل الثانى، قديمى)

وقال الحصكفى رحمة الله تعالىٰ عليه: "الخلوة بالأجنبية حرام". (الدرالمختار). "وأجمعوا أن العجوز لاتسافر بغير محرم، فلا تخلوا برجل، شاباً أو شيخاً". (ردالمحتار، كتاب الصلوة: ۳۶۸/۱، سعيد)

(۱) "حل لمسه إذا أمن الشهوة على نفسه .......... إلا من أجنبية، فلا يحل مس وجهها وكفها وإن أمن الشهوة؛ لأنه أغلظ". (الدرالمختار: ۳۶۷/۶، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى النظر والمس، سعيد)

"قال رحمه الله: (يمس ما يحل له النظر إليه) يعنى يجوز أن يمس ما حل له النظر إليه من محارمه ومن الرجل، لا من الأجنبية". (البحر الرائق: ۳۵۶/۸، كتاب الكراهية، فصل فى النظر اللمس، رشيديه)

"ولا يحل له أن يمس وجهها ولا كفها وإن كان يأمن الشهوة". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۲۹/۵، كتاب الكراهية، الباب الثامن فيما يحل للرجل النظر إليه، رشيديه)

(وكذا فى فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۴۰۷/۳ كتاب الحظر والإباحة، باب فيما يكره من النظر والمس للأقارب والأجانب ومالايكره، رشيديه)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿يأيها الذين اٰمنوا توبوا إلى الله توبةً نصوحاً، عسى ربكم أن يكفّر عنكم سيئاتكم﴾ =

## کاروبار میں نامحرم کو ہاتھ لگانا

سوال[۹۲۴۰]: ایک شخص جو کہ عورتوں کو چوڑی پہنانے کا کاروبار کرتا ہے، وہ سب عورتوں کو اپنی ماں بیٹی تسلیم کرتا ہے، غلط نظر نہیں ڈالتا ہے، دوسرا کاروبار اس کے لئے مشکل ہے۔ تو یہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نامحرم کو ہاتھ لگانا درست نہیں (۱) اگرچہ کوئی نامناسب خیال دل میں نہ آئے۔ اپنی بیوی، بہن وغیرہ کسی کے ذریعہ یہ کام انجام دیا جائے تو درست ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۲/۹۵ھ۔

## زیرِ تربیت لڑکی سے خدمت

سوال[۹۲۴۱]: ایک چھوٹی لڑکی ہے، اس کے رشتہ داروں میں سے سوائے پھوپھی کے کوئی موجود

---

= (الآية) (سورة التحريم: ۲۸)

"ولا يجوز (أي الهجر) فوقها (أي فوق الأيام الثلاثة) إلا إذا كان الجهران في حق من حقوق الله تعالىٰ، فيجوز فوق ذلك .......... وأجمع العلماء على أن من خاف مكالمة أحد وصِلَته مايفسد عليه دينه أو يدخل مضرةً في دنياه، يجوز له مجانبته وبُعده". (مرقاة المفاتيح: ۷۵۹/۸، كتاب الآداب، باب ماينهى عنه من التهاجر والتقاطع، الفصل الأول، رشيديه)

(۱) "حل لمسه إذا أمن الشهوة على نفسه .......... إلا من أجنبية، فلا يحل مس وجهها وكفها وإن أمن الشهوة؛ لأنه أغلظ". (الدرالمختار: ۳۶۷/۶، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، سعيد)

"قال رحمه الله: (يمس ما يحل له النظر إليه) يعني يجوز أن يمس ما حل له النظر إليه من محارمه ومن الرجل، لا من الأجنبية". (البحر الرائق: ۳۵۶/۸، كتاب الكراهية، فصل في النظر اللمس، رشيديه)

"ولا يحل له أن يمس وجهها ولا كفها وإن كان يأمن الشهوة". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۲۹/۵، كتاب الكراهية، الباب الثامن فيما يحل للرجل النظر إليه، رشيديه)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۴۰۷/۳ كتاب الحظر والإباحة، باب فيما يكره من النظر والمس للأقارب والأجانب ومالايكره، رشيديه)

نہیں ہے، اب اس کی پرورش میں وہ بچی دے دی گئی۔ تو کیا کسی صورت میں اس مربیہ کو اس لڑکی سے بحکمِ شرعی خدمت لینے کی اجازت ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مربیہ بچی کی تعلیم وتربیت کے لئے خدمت بھی لی جاسکتی ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۶/۹۵ھ۔

## مَردوں کا نامحرم عورتوں کو چوڑی پہنانا

سوال[۹۲۴۲]: چوڑیاں پہنانے والے، پردہ نشین عورتوں یا غیر پردہ نشین عورتوں کو چوڑیاں پہناتے ہیں۔ مَردوں کا چوڑیاں پہنانا از روئے شرع کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

منع ہے(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

محمود۔

## نامحرم کو چوڑیاں پہنانا

سوال[۹۲۴۳]: ایک مسلمان آدمی جو چوڑیوں کا کام کرتا ہے، یعنی چوڑی پہنانے کا پیشہ ہے، نیز ذریعۂ معاش بھی یہی ہے، اور وہ شخص مختلف گاؤں میں جاکر چوڑیاں پہناتا ہے اور فروخت بھی کرتا ہے اور غیر محرم عورتوں کا ہاتھ پکڑ کر چوڑیاں پہناتا ہے۔ تو اس کا پہنانا کیسا ہے اور شریعت اس کے بارے میں کیا فیصلہ کرتی ہے؟ لہٰذا جواب مطلوب ہے۔

---

(۱) خدمت چونکہ تربیت کا حصہ ہے، لہٰذا مربیہ بچی سے خدمت لے سکتی ہے:

روی أن رجلاً جاء إلی النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال: عندی یتیم فمم أضربہ؟ قال: "مما تضرب بہ ولدک" یعنی لابأس أن تضربہ للتأدیب ضرباً غیر مبرح مثل مایضرب الوالد ولدہ".

(تنبیہ الغافلین، باب الإحسان إلی الیتیم، ص: ۱۹۲، رشیدیہ)

(۲) (راجع، ص: ۲۲۵، رقم الحاشیۃ: ۱)

الجواب حامداًومصلیاً:

یہ طریقہ شرعاً جائزنہیں ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمود غفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۷/۴/۸۹ھ۔

## چوڑی پہنانے کا پیشہ

سوال[۹۲۴۴]: ۱......بہت سے مرد چوڑیاں پہنانے کا کام کرتے ہیں، یہ کمائی حلال ہے یاحرام، جائز ہے یانا جائز؟

۲......بہت سی عورتیں بے پردہ ہوکر باہر دیہات میں چوڑیاں پہناتی ہیں، ان کے لئے کیا حکم ہے؟ علاوہ ازیں ایک عورت جس کا خاوند مرگیا ہواورلڑکے اس کے جوان یاروزگار ہوں اور پھربھی وہ عورت چوڑیاں بے پردگی سے پہناوے تواس کی ذمہ داری کس کے ذمہ ہے، بالفرض اگر وہ لڑکے اس کو نان ونفقہ نہ دیں تو کیا حکم ہےاوراگراس کو کھانا کپڑاوغیرہ دیں اور بے پردگی سے منع کریں تو کیا حکم ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

۱......چوڑیوں کی قیمت حلال ہے۔نامحرم کے ہاتھ وغیرہ کومس کرنا ناجائز ہے(۲)۔

---

(۱) "وماحل نظره، حل لمسه إلا من أجنبية، فلا يحل مس وجهها وكفها وإن أمن الشهوة".

(الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس: ۳۶۷/۶، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في النظر والمس: ۳۵۵/۸، رشيديه)

(وكذا في تبيين الحقائق، كتاب الكراهية، فصل في النظر واللمس: ۴۳/۷، دارالكتب العلمية بيروت)

"کسی اجنبی کو ہاتھ پکڑانا، یاکوئی بھی عضومس کرنے کی قدرت دیناعورت کے لئے بلاضرورت شدیدہ حرام ہے، اور چوڑیاں پہنناضرورت میں داخل نہیں"۔(أحسن الفتاویٰ، كتاب الحظر والإباحة، پردہ ودیگرمتعلقہ مسائل: ۳۱/۸، سعيد)

(۲) "حل لمسه إذا أمن الشهوة على نفسه ...... إلا من أجنبية، فلا يحل مس وجهها وكفها وإن أمن الشهوة؛ لأنه أغلظ". (الدرالمختار: ۳۶۷/۶، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، سعيد)

"قال رحمه الله: (يمس ما يحل له النظر إليه) يعني يجوز أن يمس ما حل له النظر إليه من محارمه ومن الرجل لا من الأجنبية". (البحر الرائق: ۳۵۶/۸، كتاب الكراهية، فصل في النظر اللمس، رشيديه) =

۲...... یہ تجارت اور اجرت جائز ہے، چاہے لڑکے نان نفقہ دیں، چاہے نہ دیں(۱)۔ بے پردگی منع ہے(۲)

---

= "ولا يحل له أن يمس وجهها ولا كفها وإن كان يأمن الشهوة". (الفتاویٰ العالمكيرية: ۵/ ۳۲۹، كتاب الكراهية، الباب الثامن فيما يحل للرجل النظر إليه، رشيديه)

(وكذا في فتاویٰ قاضي خان على هامش الفتاویٰ العالمكيرية: ۳/ ۴۰۷ كتاب الحظر والإباحة، باب فيما يكره من النظر والمس للأقارب والأجانب ومالايكره، رشيديه)

(۱) "فإن وقعت على عمل معلوم، فلا تجب الأجرة إلا بإتمام العمل إذا كان العمل مما لايصلح أوّله إلا بآخره. وإن كان يصلح أوله دون آخره، فتجب الأجرة بمقدار ماعمل". (النتف في الفتاوی، ص: ۳۳۸، كتاب الإجارة، سعيد)

(۲) پردہ کی شریعت میں بہت تاکید آئی ہے، اور بے پردگی پر بہت وعیدیں آئی ہیں:

"وعنه (ابن مسعود رضي الله تعالیٰ عنه) عن النبي صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال: "المرأة عورة، فإذا خرجت استشرفها الشيطان". رواه الترمذي". (مشكوة المصابيح، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة، الفصل الثاني، ص: ۲۶۹، قديمي)

"وعن أم سلمة رضي الله تعالیٰ عنها أنها كانت عند رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم وميمونة رضي الله تعالیٰ عنها إذ أقبل ابن أم مكتوم، فدخل عليه، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "احتجبا منه". فقلت: يا رسول الله! أليس هو أعمى لا يبصرنا؟ فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "أفعمياوان أنتما ألستما تبصرانه". (مشكوة المصابيح، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة، الفصل الثاني، ص: ۲۶۹، قديمي)

وقال الله تعالى: ﴿يدنين عليهن من جلابيبهن﴾ قال أبوبكر: "في هذه الأية دلالة على أن المرأة الشابة مأمورة بستر وجهها عن الأجنبيين، و إظهار الستر و العفاف عند الخروج لئلا يطمع أهل الريب فيهن. وفيها دلالة على أن الأمَة ليس عليها ستر وجهها وشعرها؛ لأن قوله تعالیٰ: ﴿ونساء المؤمنين﴾ ظاهره أنه أراد الحرائر". (أحكام القرآن للجصاص: ۳/ ۵۴۲، قديمي)

قال الحافظ ابن كثيرؒ: "أمر الله نساء المؤمنين إذا خرجن من بيوتهم في حاجة أن يغطّين وجوههن من فوق رؤسهن بالجلابيب و يبدين عيناً واحدةً". (تفسير ابن كثير: ۳/ ۶۸۴، (سورة الأحزاب: ۵۹)، مكتبه دار السلام، رياض)

جس کی ذمہ داری خود اس بے پردہ پر ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفی عنہ، معین مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۳/ رجب/ ۶۷ھ۔

الجواب صحیح:سعید احمد غفرلہ،۱۴/ رجب/ ۶۷ھ۔

## ضرورت پڑنے پر نامحرم عورتوں سے گفتگو

سوال[۹۲۴۵]: بیہقی کی ایک روایت ہے کہ جو نامحرم پر نظر ڈالے اور جو اپنے اوپر نامحرم کی نظر پڑنے کی خواہش اور تمنا کرے اس پر خدا کی لعنت ہے،(مذکورہ حدیث مولانا عاشق الٰہی بلند شہری نے ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئیاں'' کے،ص:۶۶ پر اخذ کی ہے)۔آج کے دور میں مندرجہ بالا حدیث پر عمل کرنا دشوار ہورہا ہے، کیونکہ جدھر نظر ڈالیں عورتیں ہی عوتیں نظر آتی ہیں۔دفتروں میں بحیثیتِ آفیسر یا سکریٹری، اسپتال میں بحیثیتِ ڈاکٹر یا نرس،دوکانوں میں بحیثیتِ مالک یا نوکر اور کالجوں میں بحیثیتِ پرنسپل یا استاد،اسی طرح دیگر شعبوں میں خواتین کسی نہ کسی عہدہ پر فائز ہیں اور کام کے کرنے میں انہی سے واسطہ پڑتا ہے اور ان سے مخاطب ہوکر بات کرنے پر ان پر نظر پڑتی ہے،اگر ان کی طرف مخاطب نہ ہوں تو کام نہیں ہوتا۔ایسی مجبوری کی حالت میں ان کی طرف مخاطب ہونا درست ہوگا یا نہیں؟ اور دیکھنے والے پر گناہ عائد ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نامحرم سے بات کرنے کی ضرورت پیش آئے تو آنکھ میں آنکھ ڈال کر بات نہ کی جائے،نگاہ بچا کر بھی بات کی جاسکتی ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) ''أن عبدالله بن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما يقول: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "ألا! كلكم راع وكلم مسئول عن رعيته، الإمام راع ومسئول عن رعيته، والرجل راع في أهله وهو مسئول عن رعيته". (صحيح البخاري: ۱/۱۲۲، كتاب الجمعة، باب الجمعة في القرى، قديمى)

''وقال غيره: دخل في هذا العموم المنفرد الذى لا زوج له ولا خادم ولا ولد، فإنه يصدق عليه أنه راع على جوارحه، حتى يعمل المأمورات ويجتنب المنهيات فعلاً ونطقاً واعتقاداً، فجوارحه وقواه وحواسه رعيته''. (فتح البارى، كتاب الجمعة، باب الجمعه في القرى: ۱۳/۱۴۲، قديمى)

(۲) ''عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم أو ليلة، فإذا =

## سالی اور دیور کے ساتھ گفتگو

سوال[۹۲۴۶]: عمر اپنی بالغ سالی کے ساتھ بات کرسکتا ہے یانہیں؟ اور عمر کی بیوی کا دیور کے ساتھ بات کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

عمر کا سالی سے بات کرنا وقتِ ضرورت پردہ کے ساتھ جائز ہے (۱)، لیکن بے پردہ ہوکر سالی کے سامنے آنا اور بے تکلفی سے ہنسی مذاق کرنا، تنہائی میں ملنا جائز نہیں۔ ایسا ہی حال عمر کی بیوی کا اپنے دیور کے ساتھ ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

= هو بأبي بكر وعمر رضي الله تعالىٰ عنهما فقال: "ما أخرجكما من بيوتكما هذه الساعة"؟ قالا: الجوع يا رسول الله! قال: "وأنا والذي نفسي بيده! لأخرجني الذي أخرجكما، قوموا". فقاموا معه، فأتى رجلاً من الأنصار، فإذا هو ليس في بيته، فلما رأته المرأة، قالت: مرحباً وأهلاً، فقال لها رسول الله صلى الله عليه وسلم: "أين فلان"؟ قالت: ذهب يستعذب لنا من الماء".

قال النووي رحمه الله تعالىٰ: "فيه جواز سماع كلام الأجنبية ومراجعتها الكلام للحاجة".

(شرح النووي على المسلم: ۲/۱۷۷، كتاب الاشربة، باب جواز استتباعه غيره إلى دار من يثق برضاه بذلك، قديمي)

(وكذا في تكملة فتح الملهم، كتاب الإشربة، باب جواز اشتباعه غيره إلى دار عن يثق برضا بذلك ويتحققه تحققاً تاماً واستحباب الاجتماع إلى الطعام: ۴/۳۳، مكتبه دار العلوم كراچی)

"الضرورات تتقدر بقدرها". (ردالمحتار: ۶/۳۷۰، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، سعيد)

(۱) "الضرورة تتقدر بقدرها". (الدر المختار: ۶/۳۷۰، سعيد)

(۲) "عن عقبة بن عامر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "إياكم والدخول على النساء". فقال رجل: يا رسول الله! أرأيت الحمو؟ قال: "الحمو الموت". متفق عليه". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۲۶۸، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة، الفصل الأول، قديمي) ..................=

## غیر مرد کے ساتھ ٹھٹھا کرنا

سوال[۹۲۴۷] : اگر عورت غیر مرد کے ساتھ ٹھٹھا کرتی ہے(۱) تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کسی عورت کا غیر مرد کے ساتھ مذاق یا ٹھٹھا کرنا جائز نہیں، بہت بے شرمی کی بات ہے۔ مرد کو چاہیے کہ اس کے جواب میں مذاق کی بات نہ کہے، یا اس کو ڈانٹ دے یا خاموش چلا جائے۔ اور اس کے باپ بھائی شوہر سے کہے کہ اس کو منع کر دیا جائے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۸/۲/۲۰ھ۔

## غیر محرم سے تعلق ومحبت کا علاج

سوال[۹۲۴۸] : ایک عورت جس کا نام سکینہ ہے، اس کو ایک شخص سے محبت پیدا ہوئی، جس وقت سکینہ کی شادی ہوئی تھی اس وقت کسی کو معلوم نہیں تھا کہ یہ عورت کسی اجنبی شخص سے محبت کرتی ہے۔ اور اس نے اس اجنبی شخص کو ایک رومال بھی دیا ہے، اب معلوم نہیں کہ محبت ان دونوں میں کیسی ہے۔ اب آپ مطلع فرمائیں کہ کیا صورت کی جائے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

غیر آدمی سے محبت کے نتائج نہایت خطرناک ہوتے ہیں، فوراً توبہ کر کے اللہ تعالیٰ سے عہد کرے اور

---

= "قال: "الحمو الموت": أی دخوله كالموت مهلک، یعنی الفتنة منه أكثر لمساهلة الناس فی ذلک .......... قال أبوعبید: معناه: فلیمت ولا یفعل ذلک". (مرقاة المفاتیح، كتاب النكاح، باب النظر إلی المخطوبة وبیان العورات، الفصل الأول: ۲۷۸/۶، (رقم الحدیث: ۳۱۰۲)، رشیدیه)

(۱) "ٹھٹھا کرنا: ہنسی کرنا، مذاق کرنا"۔ (فیروز اللغات، ص: ۴۲۶، فیروز سنز لاهور)

(۲) "ولا یكلم الأجنبیة إلا عجوزاً". (الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فی النظر والمس: ۳۶۹/۶، سعید)

نامحرم کے ساتھ بلاضرورت شدیدہ جب عام بول چال کی اجازت نہیں تو اس کے ساتھ مذاق وٹھٹھا کرنا بطریقِ اولیٰ ناجائز ہوگا۔

دعاء کرے کہ حق تعالیٰ توبہ پر قائم رکھے، درودشریف کثرت سے پڑھا کرے، انشاءاللہ تعالیٰ غلط محبت سے دل صاف ہوجائے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/ ۱۱/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/ ۱۱/ ۸۸ھ۔

## عورتوں کے لئے لپ اسٹک لگانا کیسا ہے؟ اور عورت کا نامحرم کے ساتھ سفر کرنا

سوال [۹۲۴۹]: عورتوں کو لپ اسٹک لگانا جائز ہے یا نہیں؟ ہمارے یہاں بے پردگی کا رواج ہے، اس صورت میں کیا ایک شادی شدہ عورت اپنے شوہر کے حکم کے باعث لپ اسٹک استعمال کرکے موٹر کار میں بیٹھ کر یا پیدل کسی کام سے یا یونہی تفریحاً جاسکتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو چیزیں کفار یا فساق کا شعار ہیں ان کو استعمال کرنا درست نہیں، اسی طرح جو چیزیں مَردوں کا شعار ہیں ان کو استعمال کرنا عورتوں کو درست نہیں (۱)۔ مسئولہ چیزوں میں اگر کوئی چیز نجس ہو تب بھی استعمال ممنوع ہوگا۔ اگر کوئی ایسی چیز ہو جس کی وجہ سے فرض وضوء وغسل میں کوتاہی رہتی ہو یعنی پانی پہونچنے سے مانع ہو تو فریضۂ طہارت ناتمام رہے گا (۲)۔ جو چیزیں عرفاً شادی شدہ کا شعار ہے اس کو غیر شادی شدہ استعمال کرے تو اس میں ایک طرح کی تلبیس ہے۔

پردہ لازم ہے اور بغیر پردہ کے رہنا اور نامحرم کے ساتھ ملنا موٹر پر جانا، یہ سب امور خلافِ

---

(۱) "عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم فهو منهم". (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۵، قدیمی)

(۲) قال الحصکفی رحمه الله تعالیٰ: "ویجب: أی یفرض غسل کل مایمکن من البدن بلاحرج مرةً ............ ولا یمنع ما علی ظفر صباغ ولا طعام بین أسنانه أو فی سنه المجوف، به یفتی. وقیل: إن صلباً منع، وهو الأصح". (الدرالمختار: ۱/ ۱۵۲، ۱۵۳، مطلب: فی أبحاث الغسل، سعید)

شرع ہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## مرد، عورتیں راستہ پر مل کر نہ چلیں

سوال[۹۲۵۰]: راستہ میں سڑک کی کون سی طرف چلنا مسنون ہے؟ کیا مرد اور عورت دونوں کا ایک ہی حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

عورتیں کنارے کنارے چلیں، مرد درمیان میں چلیں۔ عورتیں مل کر مردوں کے ساتھ نہ چلیں (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

## لڑکیوں کا لڑکوں کے ساتھ اسکول میں رہنا اور غیر محارم کے ساتھ کمرے میں خلوت

سوال[۹۲۵۱]: جو لڑکی مَردوں کے اسکول میں نامحرم لڑکوں کے ساتھ تعلیم حاصل کرے گی اور

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿یأیها النبی قل لأزواجک وبنتک ونسآء المؤمنین یُدنین علیهن من جلا بیبهن، ذلک أدنی أن یعرفن فلا یؤذین﴾ (سورة الأحزاب: ۵۹)

"وعن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنه، عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: "المرأة عورة، فإذا خرجت، استشرفها الشیطن". رواہ الترمذی". (مشکوة المصابیح، کتاب النکاح، ص: ۲۶۹، قدیمی)

(۲) "عن حمزة بن أبی أسید الأنصاری عن أبیه رضی اللہ تعالیٰ عنه أنه سمع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول -وهو خارج من المسجد، فاختلط الرجال مع النساء فی الطریق- فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم للنساء: "استأخرن، فإنه لیس لَکُنّ أن تحققن الطریق، علیکن بحافات الطریق". فکانت المرأة تلصق بالجدار حتی أن ثوبها لیتعلق بالجدار من لصوقها به".

"عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم نهی أن یمشی یعنی الرجل بین المرأتین". (سنن أبی داؤد: ۳۶۸/۲، کتاب الأدب، باب فی مشی النساء فی الطریق، إمدادیه ملتان)

نامحرموں کے ساتھ ہر قسم کا خلا ملا، خلوت جلوت میں ہوگا تو اس کے والدین گنہگار رہوں گے یا نہیں، تو ان کے گھر والوں کے ساتھ تمام مسلمانوں کو کیا برتاؤ کرنا چاہئے؟

غیر محرم مرد غیر محرم عورت جو ان کے ساتھ جس کا شوہر زندہ ہو ایک کمرے میں اکٹھا رہنا جائز ہے یا نہیں؟ اکثر یا وہ علیحدہ کمرے میں رہتے ہیں، کوئی تیسرا شخص نہیں ہوتا ہے۔ کیا اس میں گناہ کبیرہ لازم آتا ہے اور مہر کی ادائیگی کا حقدار وہ مرد ہوتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً:

اگر والدین نے اس کی اجازت دی ہے اور لڑکی کے اس طرز سے خوش ہیں تو والدین بھی بڑے گنہگار ہوں گے (۱)، اس طرح ان دونوں کا کمرے میں رہنا حرام ہے (۲)۔ اس حرام کام سے مہر لازم نہیں ہوتا ہے۔

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان، واتقوا الله﴾. (سورة المائدة: ۲)

والدین پر لازم ہے کہ بچی کو اس گناہ سے بچائیں، لقوله تعالیٰ: ﴿يا أيها الذين آمنوا قوا أنفسكم وأهليكم ناراً﴾ (سورة التحريم: ٦)

"ان عبد الله بن عمر رضی الله عنهما يقول: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "كلكم راع وكلكم مسئول عن رعيته: الإمام راع ومسئول عن رعيته، والرجل راع فی أهله وهو مسئول عن رعيته". (صحيح البخاری: ۱/۱۲۲، كتاب الجمعة، باب الجمعة فی القری، قديمی)

"وقال الحسن: تُعلّمهم وتأمرهم وتنهاهم". قال أبوبكر: "وهذا يدل على أن علينا تعليم أولادنا وأهلينا الدينَ والخيرَ وما لايُستغنى عنه من الآداب ...... ويدل على أن للأقرب فالأقرب منا مزيةً به فی لزومنا تعليمهم وأمرهم بطاعة الله تعالیٰ". (أحكام القرآن للجصاص: ۳/۶۹۷، مطلب: يجب علينا تعليم أولادنا وأهلينا، (سورة التحريم: ٦)، قديمی)

(۲) "عن جابر رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلى الله تعالیٰ عليه وسلم قال: "لاتلِجُوا على المغيبات، فإن الشيطٰن يجری من أحدكم مجری الدم". الحديث. (مشكوٰة المصابيح، ص: ۲۶۹، باب النظر إلى المخطوبة، الفصل الثانی، قديمی)

"إن الشيطن: أی كيده ووسواسه "يجری": أی يسری "من الإنسان": أی فيه. وقيل: عُدّی =

فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دار العلوم دیوبند، ۲/۵/۸۹ھ۔

= "يجرى" بـ "من" على تضمين معنى التمكن: أى يتمكن الإنسان فى جريانة "مجرى الدم": أى فى جميع عروقه .......... شبّه سريان كيده وجريان وساوسه فى الإنسان بجريان دمه فى عروقه وجميع أعضائه، فهو كناية عن تمكنه من إغواء الإنسان وإضلاله تمكناً تاماً وتصرفه فيه تصرفاً كاملاً بواسطة نفسه الأمارة بالسوء الناشئ قواها من الدم .......... وقيل: إرادة الحقيقة، فإن الشياطين أجسام لطيفة قادرة بأقدار الله تعالىٰ على كمال التصرف ابتلاءً للبشر". (مرقاة المفاتيح: ۲/۲۴۵، ۲۴۶، كتاب الإيمان، باب الوسوسة، الفصل الأول، رشيديه)

"عن جابر رضى الله تعالىٰ عنه، قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ألا! لايبيتن رجل عند امرأة ثيب إلا أن يكون ناكحاً أو ذا محرم". رواه مسلم". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۲۲۸، كتاب النكاح، باب بيان العورات، قديمى)

"عن عمر رضى الله تعالىٰ عنه، عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "لايخلونّ رجل بامرأة إلا كان ثالثهما الشيطٰن". رواه الترمذى". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۲۶۹، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة، الفصل الثانى)

وقال الحصكفى رحمة الله تعالىٰ عليه: "الخلوة بالأجنبية حرام". (الدرالمختار). قال العلامة ابن عابدينؒ: "وأجمعوا أن العجوز لاتسافر بغير محرم، فلا تخلوا برجل، شاباً أو شيخاً". (ردالمحتار، كتاب الصلوٰة: ۱/۳۶۸، سعيد)

# الفصل الرابع فی النظر إلی العورة وإفشائها

## (اعضائے مستورہ کو دیکھنے اور کھولنے کا بیان)

### اپنا ستر دیکھنا

سوال[۹۲۵۲]: ۱......اپنا ستر بوقتِ حاجت یا دوسری ضرورتوں کے علاوہ دیکھتے رہنا کیسا ہے؟

### بیوی کا ستر دیکھنا

سوال[۹۲۵۳]: ۲......اپنی بیوی کے ستر کو دیکھنا کیسا ہے؟ ساتھ ہی اندرونی وبیرون ستر کی تفصیل فرمادیں۔

مولوی عبدالشکور، دربھنگہ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱......مورثِ نسیان ہے(۱)۔

۲......اجازت ہے(۲)۔لیکن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے:"وما رای منی وما

---

(۱) "[نكتة] قيل: ست تورث النسيان ........... اهـ". (الدرالمختار). "[تتمة]: زاد بعضهم: مما يورث النسيان أشياء: منها العصيان ............ ...... واللعب بالمذاكير أو الذكر حتى ينزل، والنظر إليه". (ردالمحتار: ۱/۲۲۵، كتاب الطهارة، باب المياه، فصل في البئر، مطلب: ست تورث النسيان، سعيد)

(وكذا في الدرالمختار: ۲/۳۶۶، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، سعيد)

(۲) "وينظر الرجل إلى جميع بدن زوجه حتى فرجها، والأولىٰ تركه، اهـ". (سكب الأنهر على هامش مجمع الأنهر: ۲/۵۳۹، فصل في النظر ونحوه، دارإحياء التراث العربي بيروت)

رأیت منه". الحدیث(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۱۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۱۹ھ۔

## زوجین کا ایک دوسرے کی شرم گاہ کو دیکھنا

سوال[۹۲۵۴]: زوج زوجہ کو اپنے حجرے میں تنہائی کے وقت ایک دوسرے کا فرج دیکھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جائز ہے، مگر نہ دیکھنا اَولیٰ ہے: "وینظر الرجل إلی جمیع بدن زوجه حتی فرجها، والأولیٰ ترکه، اھ". سکب الأنهر: ۲/۵۳۹(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفی عنہ، معین المفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۶/۶/۲۶ھ۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۲۸/ جمادی الثانیہ/ ۵۶ھ۔

---

(۱) (مرقاة المفاتیح: ۶/۲۸۹، باب النظر إلی المخطوبة وبیان العورات، الفصل الثالث، رشیدیه)

"عن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها قالت: مانظرت، أو ما رأیت فرج رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قط". (سنن ابن ماجة، ص: ۱۳۸، أبواب النکاح، باب الستر عند الجماع، قدیمی)

(۲) (سکب الأنهر علی هامش مجمع الأنهر: ۲/۵۳۹، فصل فی النظر ونحوه، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

"وعن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها قالت: "ما نظرت، أو ما رأیت فرج رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قط". (سنن ابن ماجة، ص: ۱۳۸، ابواب النکاح، باب الستر عند الجماع، قدیمی)

"قلت: وقد یجاب بأنه أغلبی إلی فرجها بشهوة وغیرها، والأولی ترکه؛ لأنه یورث النسیان". (الدرالمختار). وقال العلامة الشامی رحمه اللہ تعالیٰ: "(قوله: والأولی ترکه) قال فی الهدایة: الأولی أن لا ینظر کل واحد منهما إلی عورة صاحبه، لقوله علیه الصلاة والسلام: "إذا أتی أحدکم أهله، فلیستتر ما استطاع، ولا یتجردان تجرد العیر". ولأن ذلک یورث النسیان، لِوُرود الأثر". (ردالمحتار: ۶/۳۶۶، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی النظر والمس، سعید) ............ =

## بیوی کا جسم دیکھنا

سوال[۹۲۵۵]: شوہر اپنی منکوحہ عورت کے پورے جسم کو دیکھنے کا حق رکھتا ہے یا نہیں، یا کونسا عضو دیکھنا حرام اور کونسا جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کی زندگی میں تمام جسم کو دیکھنے کا حق ہے، مگر "وما رای منی وما رأیت منه" حدیثِ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی رعایت مناسب ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۲/۲۶ھ۔

## فرج میں ادخالِ اصبع سے کھیلنا

سوال[۹۲۵۶]: اگر مرد اپنی بیوی کی خواہشات ذَکر کے علاوہ کسی اَور چیز سے پوری کرتا ہے، مثلاً اس کی شرمگاہ میں انگلیاں ڈال کر کھیلتا ہے تو ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

وہ انگلیاں ڈال کر کھیلنے کی جگہ نہیں اور انگلی آلۂ جماع نہیں: "الأصبع لیس الة للجماع، الخ". شامی: ۱/ ۱۵۰(۲)۔

اگر وہ عنین ہے، اس میں جماع کی طاقت نہیں، بیوی کا حق ادا نہیں کرسکتا ہے تو اس کو طلاق دیدے تاکہ وہ اپنا دوسرا انتظام کرلے۔ اور وہ کس مقصد کے لئے ایسا کرتا ہے، ایسا کرنا مادۂ صالحہ کو ضائع کرنا ہے، جیسے کوئی شخص محنت سے روپیہ جمع کرے، پھر اس کو دریا میں پھینک دے۔ مرد وعورت دونوں کا حکم یکساں ہے،

= (وکذا فی الهداية مع حاشية اللكهنوی: ۷/۱۹۶، كتاب الكراهية، فصل فی النظر والمس، إدارة القرآن كراچی)

(۱) (مرقاة المفاتيح: ۲۸۹/۶، باب النظر الى المخطوبة وبيان العورات، الفصل الثالث، رشيديه)

(۲) (ردالمحتار: ۱۶۶/۱، كتاب الطهارة، باب مايوجب الغسل، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق: ۱۱۱/۱، كتاب الطهارة، المعانی الموجبة للغسل، رشيديه)

اضاعت دونوں کے حق میں اضاعت ہے۔کوئی غرضِ صحیح اس سے متعلق ہوتو اس پرغور کیا جاسکتا ہے،علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ نے درمختار کتاب الصوم:۲/ ۱۳۷، میں اس سلسلہ میں بحث کی ہے (۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ،۱۲/ ۷/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح:بندہ نظام الدین عفی عنہ،دارالعلوم دیو بند،۱۴/ ۷/ ۸۸ھ۔

## ولادت سے ساتویں روز برہنہ کرکے نہلانا

سوال[۹۲۵۷]: ایک لڑکی کو بچہ پیدا ہوا ساتویں روز اس کو بالکل برہنہ کرکے نہلایا گیا جس میں تین عورتیں اَور شامل تھیں۔یہ شرعاً کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

کسی عورت کو عورتوں کے سامنے بھی بالکل برہنہ ہونا جائز نہیں،خواہ نہانے کے لئے ہو یا کسی اَور مقصد کے لئے ہو،پردہ کرکے نہایا جائے جہاں اس کے جسم کو کوئی نہ دیکھے (۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ،دارالعلوم دیو بند،۶/ ۷/ ۸۸ھ۔

---

(۱) "(أو أدخل أصبعه اليابسة فيه) : أى دبره أو فرجها، ولو متبلةً، فسد". (الدرالمختار). وقال ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: أى دبره أو فرجها) أشار إلى أن تذكير الضمير العائد إلى المقعدة، لكونها في معنى الدبر ونحوه، وإلى أن فاعل أدخل ضمير عائد على الشخص الصائم الصادق بالذكر والأنثى". (ردالمحتار، كتاب الصوم، باب مايفسد الصلوة الصوم ومالايفسد: ۲/ ۳۹۷، سعيد)

(۲) "وأما الثالث: وهو بيان ما يحل من ذلك وما يحرم للمرأة من المرأة، فكل ما يحل للرجل أن ينظر إليه من الرجل يحل للمرأة أن تنظر إليه من المرأة، وكل مالا يحل له لا يحل لها، فتنظر المرأة من المرأة إلى سائر جسدها إلا ما بين السرة والركبة .......... ولا يجوز لها أن تنظر ما بين سرتها إلى الركبة إلا عند الضرورة". (بدائع الصنائع: ۶/ ۴۹۹، كتاب الاستحسان، دارالكتب العلمية بيروت)

(وكذا في البحر الرائق: ۸/ ۳۵۴، كتاب الكراهية، فصل في النظر واللمس، رشيديه)

(وكذا في تبيين الحقائق: ۷/ ۴۱، كتاب الكراهية، فصل في النظر والمس، دارالكتب العلمية بيروت)

## بے پردگی کی حالت میں اسپتال میں ولادت

سوال[۹۲۵۸]: زید کو منکوحہ ہندہ پہلے بچہ کی ولادت کے وقت زید نے گھر پر زچگی کا بندوبست کیا، لیکن بچہ کسی طرح نہ ہوا، مجبوراً اسپتال لیجانا پڑا اور آپریشن کے ذریعہ بچہ کی پیدائش ہوئی۔ اسپتال میں پردہ کا کوئی انتظام نہیں، دوسرے بچہ کی ولادت کا وقت قریب ہے، گھر پر انتظام میں جان کا خطرہ ہے۔ ایسی حالت میں زید کیا کرے؟ اسپتال میں علیحدہ کمرہ لے کر بے پردگی میں کچھ کمی ہوسکتی ہے، زید کے پاس کچھ نہیں، قرض لے کر ہی بندوبست کیا جاسکتا ہے۔ زید کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب جان کے لالے پڑ جائیں تو یہ بے پردگی انتہائی مجبوری کے باعث ہے، نہ اختیاری ہے نہ خوشی سے ہے، اللہ پاک اپنے بندوں کی مجبوریوں کو خوب جانتے ہیں(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۸/۳/۱۳ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۸/۳/۱۳ھ۔

---

(۱) "إن الضرورات تبيح المحظورات". (الأشباه والنظائر، القاعدة الخامسة الضرر يزال، (رقم القاعدة: ۵۲۸): ۱/۲۵۱، إدارة القرآن كراچى)

"(قوله: لإباحته لتحمل الشهادة) وكذا نظر المقابلة والخافضة والختان والطبيب. وزاد في الخلاصة: من مواضع حل النظر للعورة عند الحاجة الاحتقان والبكارة في العنة والرد بالعيب، فتح. ونظمتُها بقولي:

ولا تنظر لعورة أجنبي ... بلا عذر كقابلة طبيب
وختان وخافضة وحقن ... شهود زنا بلا قصد مريب
وعلم بكارة في عنة أو ... زنا أو حين رد للمعيب

(ردالمحتار: ۴/۳۶، كتاب الحدود، باب الشهادة على الزنا والرجوع عنها، مطلب: المواضع التي يحل فيها النظر إلىٰ عورة الأجنبي، سعيد)

"ينظر الطبيب إلى موضع مرضها بقدر الضرورة؛ إذ الضرورات تتقدر بقدرها. وكذا نظر قابلة وختان، وينبغي أن يعلم امرأة تداويها؛ لأن نظر الجنس إلى الجنس أخف". (الدرالمختار). =

## ڈاکٹر کے سامنے اپنا بدن کھولنا

سوال[۹۲۵۹]: اللہ تعالیٰ نے جو پردہ کا اور نامحرم سے چھپنے کا حکم پارہ: ۱۸، رکوع: ۱۰، آیت: چار، میں فرمایا ہے، اس میں کوئی استثناء بھی مرض وغیرہ کی حالت میں نامحرم معالج کے روبرو بے حجاب ہونے کا اور اپنے تمام جسم کو تصرف میں دینے کا دیا ہے یا نہیں؟ اگر کوئی زوجہ ایسا فعل کرے تو اپنے خاوند کے ناموس میں خلل ڈالا کہ نہیں، اور ایسی صورت میں شوہر کو اس سے باز پرس کا حق ہے کہ نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس حصۂ جسم کو چھپانا فرض ہے، اگر اس میں کوئی تکلیف، زخم وغیرہ ہو کہ بغیر معالج کے سامنے کھولے

---

= قال الشامي رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: وينبغي، الخ) كذا أطلقه في الهداية والخانية. وقال في الجوهرة: إذا كان المرض في سائر بدنها غير الفرج، يجوز النظر إليه عند الدواء؛ لأنه موضع ضرورة. وإن كان في موضع الفرج، فينبغي أن يعلم امرأةً تداويها. فإن لم توجد وخافوا عليها أن تهلك أو يصيبها وجعٌ لا تحتمله، يستروا منها كل شئ إلا موضع العلة، ثم يداويها الرجل ويغضّ بصره ما استطاع إلا عن موضع الجرح، اهـ، فتأمل. والظاهر أنّ "ينبغي" هنا للوجوب". (ردالمحتار: ۶/ ۳۷۰، ۳۷۱، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، سعيد)

"ثم النظر إلى الحرة الأجنبية قد يصير مرخصاً عن الضرورة، كذا في المحيط .......... ويجوز النظر إلى الفرج للخاتن وللقابلة وللطبيب عند المعالجة، ويغضّ بصره ما استطاع، كذا في السراجية.......... امرأة أصابتها قرحة في موضعٍ لا يحل للرجل أن ينظر إليه، لا يحل أن ينظر إليها لكن تُعلّم امرأة تداويها. فإن لم توجد امرأة تداويها ولا امرأة تتعلّم ذلك إذا عُلّمت وخيف عليها البلاء أو الوجع أو الهلاك، فإنه يستر منها كل شئ إلا موضع تلك القرحة، ثم يداويها الرجل يغضّ بصره ما استطاع إلا عن ذلك الموضع". (الفتاویٰ العالمكيرية: ۵/ ۳۲۹، ۳۳۰، كتاب الكراهية، الباب الثامن فيما يحل للرجل النظر إليه .......... اهـ، رشيديه)

(وكذا في فتاویٰ قاضي خان على هامش الفتاویٰ العالمكيرية: ۳/ ۴۰۹، كتاب الحظر والإباحة، باب فيما يكره من النظر والمس، رشيديه)

(وكذا في الهداية، كتاب الكراهية: ۴/ ۴۵۸، فصل في الوطي والنظر والمس، مكتبه شركة علميه، ملتان)

علاج نہ ہوسکتا ہوتو صرف اتنا حصہ شدتِ ضرورت کے وقت کھولنا شرعاً درست ہے، اس سے زیادہ نامحرم کے سامنے کھولنا جائز نہیں:

" وينظر الطبيب إلىٰ موضع مرضها، اهـ". كنز(۱)۔ "وفی نظر الطبيب إلىٰ موضع المرض ضرورةٌ، فيرخص لهم أحياناً لحقوق الناس ودفعاً لحاجتهم، فصار كنظر الختان والخافضة. وكذا ينظر إلىٰ موضع الاحتقان للمرض؛ لأنه مداواة. وينبغی للطبيب أن يعلّم امرأةً إن أمكن؛ لأن نظر الجنس أخف. وإن لم يمكن، ستر كل عضو منها سوى موضع المرض، ثم ينظر يغضّ بصره عن غير ذلك الموضع ما استطاع؛ لأن ماثبت للضرورة يتقدر بقدر الضرورة. والأصل أن لايجوز النظر إلى امرأة لما فيه من خوف الفتنة، ولهذا قال عليه السلام: "المرأة مستورة، اهـ". زيلعی بتغير(۲)۔

اس میں بہتر یہ ہے کہ معالج کسی عورت کوعلاج سکھلا دے اور وہ عورت علاج کردے تاکہ مرد کے سامنے کھولنے کی نوبت نہ آوے۔ اگر یہ دشوار ہوتب مرد کے سامنے کھولنے کی اجازت ہے اورتمام بدن معالج کے تصرف میں دینا یا معالج کا موضعِ مرض کے علاوہ کسی دوسرے حصہ کو دیکھنا ہرگز درست نہیں (۳)۔ اگر بغیر

---

(۱) (كنز الدقائق، ص: ۴۲۴، كتاب الكراهية، فصل فی النظر واللمس، كتب خانه رشيديه)

(۲) (تبيين الحقائق: ۴۰/۷، كتاب الكراهية، فصل فی النظر والمس، دارالكتب العلمية بيروت)

(۳) "امرأة أصابتها قرحة فی موضعٍ لا يحل للرجل أن ينظر إليه، لا يحل أن ينظر إليها، لكن تُعلّم امرأة تداويها. فإن لم يجدوا امرأةً تداويها ولا امرأةً تتعلم ذلک إذا علمت وخيف عليها البلاء أو الوجع أو الهلاک، فإنه يستر منها كل شئ إلا موضع تلک القرحة، ثم يداويها الرجل ويغض بصره ما استطاع إلا عن ذلک الموضع، ولا فرق فی هذا بين ذوات المحارم وغيرهن؛ لأن النظر إلى العورة لا يحل بسبب المحرمية، كذا فی فتاوی قاضيخان". (الفتاویٰ العالمكيرية: ۳۳۰/۵، كتاب الكراهية، الباب الثامن فيما يحل للرجل النظر إليه ........... اهـ، رشيديه)

(وكذا فی مجمع الأنهر: ۵۳۸/۲، كتاب الكراهية، فصل فی بيان أحكام النظر ونحوه، دارإحياء التراث العربی بيروت)

(وكذا فی البحرا الرائق: ۳۵۲/۸، ۳۵۳، كتاب الكراهية، فصل فی النظر واللمس، رشيديه)

شرعی ضرورت کے عورت اپنا جسم غیر محرم کے سامنے کھولے، یا اس سے تعلقات قائم کرے، یا اس سے ہمکلام ہو، یا شوہر کے ساتھ گستاخی اور بے ادبی سے پیش آئے تو شریعت نے اجازت دی ہے کہ ایسی حالت میں شوہر اس کو سزا دے:

"يعزر المولى عبده والزوج زوجته على تركها الزينة الشرعية مع قدرتها عليها، وتركها غسلَ الجنابة، وعلى الخروج من المنزل لو بغير حق، وترك الإجابة إلى الفراش لو طاهرةً من نحو حيض. ويلحق بذلك لو ضربت ولدها الصغير عند بكاء، أو ضربت جارية غيره ولا تتعظ بوعظه أو شتمته، ولو بنحو ياحمار، أوا دعت عليه أو مزقت ثيابه، أو كلمةً ليسمعها أجنبي، أو كشف وجهها لغير محرم أو كلّمته ............ أو أعطت مالم تجر العادة به بلا إذنه. والضابطة: كل معصية لاحدّ فيها، للزوج والمولىٰ التعزير، اهـ". درمختار (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۸/۱۲/۶۰ھ۔

جواب صحیح ہے: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۰/ ذی الحجہ/ ۶۰ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۳/ ذی الحجہ/ ۶۰ھ۔

## ملازمت کے لئے ڈاکٹری معائنہ

سوال [۹۲۶۰]: زید میونسپلٹی میں فنِ تجوید، قرآن شریف اور ضروریاتِ دین کے لئے، یا اَور کسی شعبہ میں ملازم ہے اور وہ شخص عالم بھی ہے، اور کسی قسم کا مریض نہیں، میونسپلٹی کی طرف سے اس کو ڈاکٹری معائنہ کا حکم دیا۔ نو سال ملازمت کرنے کے بعد ڈاکٹری معائنہ کی صورت یہ ہے کہ ڈاکٹر انسان کے بدن کو سر سے پیر تک ننگا کر کے بدن کا معائنہ کرتا ہے، حتی کہ ذَکر کو ہاتھ میں لیتا ہے اور دباتا بھی ہے تاکہ سوزاک و آتشک معلوم کر سکے، اور دُبر میں بھی انگلی تک مارتا ہے، تاکہ بواسیر معلوم کر لے۔

تو کیا ملازمت کے لئے یہ ڈاکٹری کرنا کرانا جائز ہو سکتا ہے یا نہیں؟ مع مذاہب ائمۂ اربعہ ادلۂ اربعہ

---

(۱) قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "قال في الفتح: وإذا أساء العبد الأدب، حل لمولاه تأديبه، وكذا الزوجة ............ اهـ". (ردالمحتار: ۴/۷۷ كتاب الحدود باب التعزير، سعيد)

(وكذا في كنز الدقائق مع البحر الرائق: ۵/ ۸۱، كتاب الحدود، فصل في التعزير، رشيديه)

سے مع حوالہ جاتِ کتب معتبرہ تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداًو مصلیاً:

اس طور پر ڈاکٹری معائنہ کرانا اور کرنا ناجائز ہے، جس حصۂ بدن کو چھپانا فرض ہے اس کو اس غرض کے لئے کھولنا اور نامحرم کو دکھانا اور اس کا ہاتھ لگوانا ہرگز ہرگز جائز نہیں، اگر ملازمت اس شرط کے ساتھ مشروط ہے تو ایسی شرط کو قبول کرنا بھی جائز نہیں:

"وینظر الرجل إلی الرجل إلا العورة، وهی ما بین السرة والرکبة. ثم حکم العورة فی الرکبة أخف منه فی السوءة، حتی ینکر علیه فی کشف الرکبة برفق، وفی الفخذ بعنف، وفی السوءة بضرب إن لج. ویمس ما حل النظر إلیه: أی من محارمه أو من الرجل لا من الأجنبیة، اهـ". زیلعی: ۶/۱۸، ۱۹ (۱)۔

اور یہ مسئلہ اجماعی ہے، اس میں کسی کا اختلاف نہیں۔ سترِ عورت ائمۂ اربعہ کے نزدیک بالاتفاق فرض ہے:

"أجمعوا علی أن ستر العورة عن العیون واجب فی الصلوٰة وغیرها، اهـ". میزان الکبریٰ: ۱/۱۵۶ (۲)۔ "لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق". الحدیث (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۹/صفر/ ۵۹ھ۔

---

(۱) (تبیین الحقائق للزیلعی: ۷/۴۱، کتاب الکراهیة، فصل فی النظر والمس، دارالکتب العلمیة بیروت)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة: ۵/۳۲۷، کتاب الکراهیة، الباب الثامن فیما یحل للرجل النظر الیه، رشدیه)

(۲) (المیزان الکبری للشعرانی: ۱/۱۶۹، کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، مصطفی البابی الحلبی مصر)

(وکذا فی مرقاة المفاتیح: ۸/۲۰۸، کتاب اللباس (رقم الحدیث: ۴۳۲۰)، رشیدیه)

(۳) (مشکوٰة المصابیح، ص: ۳۲۱، کتاب الإمارة والقضاء، الفصل الثانی، قدیمی) ................ =

## داخلۂ کالج یاملازمت سرکاری کے لئے برہنہ بدن کا معائنہ

سوال[۹۱۶۱]: آج کل جو پولیس میں بھرتی کے وقت یا کالجوں میں داخلہ کے وقت آدمی کو ننگا کرکے اس کا ڈاکٹری معائنہ کرتے ہیں، کیا یہ جائز ہے کیونکہ کشفِ عورت تو حرام ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کشفِ عورت کے لئے یہ ضرورت شرعاً معتبر نہیں، کیونکہ نہ اس پر مدارِ صحت ہے نہ زندگی، کوئی اَور بھی شرعی ضرورت اس پر موقوف نہیں۔ تحصیلِ علم جس کے لئے یہ معائنہ کرایا جاتا ہے، اولاً خود محلِ کلام ہے کہ بہت سے عقائدِ اسلام کے خلاف اس پر مرتب ہوتے ہیں۔ دوسرے یہ داخلہ کالج پر موقوف نہیں، خارجی طریق سے بھی اس کی تحصیل ممکن ہے۔ پولیس کی ملازمت میں بہت سے مواقع پر قانوناً خلافِ شرع کرنے پر آدمی مجبور ہوتا ہے، نیز اس پر کچھ معیشت کا بھی مدار نہیں، بغیر اس کے بہت بڑی مخلوق آسائش کے ساتھ موافقِ شرع زندگی بسر کرتی ہے۔ پس صورتِ مسئولہ میں ارتکابِ حرام کی ہرگز گنجائش نہیں، بلکہ اجتناب واجب ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/۴/۵۷ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، ۹/ ربیع الثانی/ ۵۷ھ، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مظاہر علوم۔

---

=(ومسند الإمام أحمد: ۵/۶۷، (رقم الحديث: ۲۰۱۳۰)، دارإحياء التراث العربي بيروت)

"وقال محمد بن الحسن رحمه الله تعالیٰ: لا يسع المأمور أن يفعله حتى يكون الذي أمره عدلاً، وحتى يشهد عدلٌ سواه على أن على المأمور ذلک .......... وقال علي رضي الله عنه: فما أمرتكم من طاعة الله فحقٌّ عليكم طاعتي فيما أحببتم أو كرهتم، وما أمرتكم بمعصية الله أنا أو غيري، فلا طاعة لأحد في معصية الله، إنما الطاعة في المعروف". حديث حسن، رواه الحاكم في صحيحه، وقال: صحيح الإسناد ولم يخرجاه، اهـ". (مرقاة المفاتيح: ۷/۲۷۴، ۲۷۵ كتاب الإمارة والقضاء، (رقم الحديث: ۳۶۹۶)، رشيديه)

(۱) "عن عمران قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق". (مسند الإمام أحمد: ۴/۵۹، (رقم الحديث: ۲۰۱۳۰)، دارإحياء التراث العربي بيروت)

## بانجھ کی اولاد کے لئے اس کی شرمگاہ پر ہاتھ رکھ کر وظیفہ پڑھنا

سوال[۹۲۶۲]: ایک بریلوی شخص جس عورت کے لڑکا نہ ہو، اس کی شرمگاہ پر ہاتھ رکھ کر یعنی پائیجامہ کے اندر ہاتھ داخل کر کے گھنٹوں وظیفہ پڑھتے ہیں۔ کیا کوئی ایسا بھی وظیفہ ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

وظیفہ تو کیا ہوتا نفسانی ہوس ہے، نہایت ہی شرمناک اور کمینہ حرکت ہے(۱)۔ لوگوں کو چاہئے کہ اپنی عورتوں کو اس سے علیحدہ رکھیں، خود بھی علیحدہ رہیں۔ اگر مرید ہوگئے ہوں تو بیعت فسخ کردیں(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

## ستر کھول کر کشتی کرنا

سوال[۹۲۶۳]: پہلوان کشتی کرتے ہیں، مگر صرف لنگوٹ باندھ کر عام مجمع میں لڑتے ہیں حالانکہ از روئے شریعت گھٹنوں تک ستر فرض ہے۔

---

(۱) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حیا کو ایمان کا ایک حصہ فرمایا ہے، صحیح بخاری میں حدیث منقول ہے: "إن الحیاء من الإیمان". (کتاب الأدب، باب الحیاء: ۹۰۳/۲، قدیمی)

اور جب انسان کے اندر حیا ہو، تو وہ بہت سے چھوٹے بڑے منکرات سے بچتا ہے، لیکن بعض لوگوں میں حیا نہیں ہوتی اور پھر اس وجہ سے وہ ایسی حیا سوز حرکتوں میں مبتلا ہوتے ہیں کہ انتہا ہوتی ہے، بلکہ ان کو منکرات میں بجائے قبح کے حسن نظر آتا ہے، اور بغیر جھجک اور بغیر روک ٹوک کے اس میں مبتلا ہوتے ہیں:

" أبو مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: "إن مما أدرک الناس من کلام النبوۃ الأولیٰ: إذا لم تستحی، فاصنع ما شئت ". ( صحیح البخاری، کتاب الأدب، بابٌ: إذا لم تستحیی فاصنع، الخ: ۹۰۴/۲، قدیمی)

(۲) ایسا شخص درجۂ ولایت سے عاری ہے جس کی بیعت جائز نہیں:

"الولی ھو العارف باللہ و صفاتہ ما یمکن لہ، المواظب علی الطاعات، المجتنب عن السیئات، المعرض عن الانھماک فی اللذات والشھوات واللھوات". (مجموعہ الفتاوی علی ھامش خلاصۃ الفتاوی، کتاب الکراھیۃ: ۳۳۵/۴، امجد اکیڈمی لاھور)

(وکذا فی شرح العقائد، ص ۱۴۸۰، مکتبہ خیر کثیر کراچی)

الجواب حامداًومصلیاً:

پہلوانوں کا یہ فعل ناجائز ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمود گنگوہی۔

## کشتی کا دنگل دیکھنا

سوال[۹۲۶۴]: کشتی کا دنگل دیکھنا کیسا ہے،زید کہتا ہے کہ درست نہیں،کیونکہ ران کھلی رہتی

---

(۱) "وينظر الرجل عن الرجل إلى ماسوى العورة، وقد بينت في الصلوٰة أن العورة ما بين السرة إلى الركبة، والسرة ليست بعورة، خلافاً لِمَا يقوله أبوحنيفة والشافعي رحمهما الله تعالىٰ. والركبة عورة، خلافاً للشافعي رحمه الله تعالىٰ. ثم حكم العورة في الركبة أخفّ منه في الفخذ، وفي الفخذ أخفّ منه في السوءة، حتى ينكر عليه في كشف الركبة برفق، وفي الفخذ بعنف، وفي السوءة بضرب إن أصرّ، اهـ". (مجمع الأنهر: ۵۳۸/۲، كتاب الكراهية، فصل في بيان أحكام النظر ونحوه، دارإحياء التراث العربي بيروت)

"والرابع ستر عورته، ووجوبه عامٌّ ولو في الخلوة على الصحيح إلا لغرض صحيح ........... وهي للرجل ما تحت سرته إلى ماتحت ركبته". (الدرالمختار). وقال ابن عابدين رحمه الله تعالى: "(قوله: ووجوبه عام): أي في الصلاة وخارجها. (قوله: ولو في الخلوة): أي إذا كان خارج الصلاة يجب الستر بحضرة الناس إجماعاً، وفي الخلوة على الصحيح .......... ثم إن الظاهر أن المراد بما يجب ستره في الخلوة خارج الصلاة هو ما بين السرة والركبة فقط .......... (قوله: للرجل) احتراز عن المرأة الأمة والحرة، وعن الصبي، كما سيأتي. (قوله: تحت سرته) هو ماتحت الخط الذي يمر بالسرة ويدور على محيط بدنه بحيث يكون بعده عن مواقعه في جميع جوانبه على السواء، كذا في البرجندي، اهـ، إسمعيل. فالسرة ليست من العورة، درر.

(قوله: إلى ماتحت ركبته) نادما لما قيل: إن "تحت" من الظروف التي لا تتصرف، حموي، فالركبة من العورة لرواية الدار قطني: "ما تحت السرة إلى الركبة من العورة". لكنه محتمل، والاحتياط في دخول الركبة، ولحديث علي رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "الركبة =

ہے۔ بکر کہتا ہے کہ درست ہے اس لئے کہ ستر دیکھنے کا قصد نہیں ہوتا۔ اس میں کس کا قول درست ہے؟

مولوی محمد یسین صاحب، مبارکپور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

زید کا قول درست ہے: "لقول النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم: "لاتنظر إلی فخذ حيّ ولا میت". الحدیث(۱)۔ اس میں نظر کی ممانعت ہے جو کہ فعلِ عین ہے، اس میں قصد وعدمِ قصد برابر ہے، عدمِ قصد سے معصیت مرتفع نہیں ہوتی۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، مظاہر علوم سہانپور، ۲۱/ ذی قعدہ/ ۶۹ھ

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۲۲/ ذی قعدہ/ ۶۹ھ۔

## چار انگل کی لنگوٹی باندھ کر تماشہ دکھانا

سوال[۹۲۶۵]: ہمارے یہاں نٹ لوگ کھیل تماشہ کرتے ہیں(۲)، یہ لوگ چار انگل کی لنگوٹی باندھ کر کھیلتے ہیں، ڈھول بجتا رہتا ہے اور اس پر انعام مانگتے ہیں۔ یہ جائز ہے یا نہیں؟

---

= من العورة". وتمامه في شرح المنية". (ردالمحتار: ۱/۴۰۴، کتاب الصلوة، باب شروط الصلاة، مطلب في ستر العورة، سعید)

(۱) (مشکوٰة المصابیح، ص: ۲۸۹، باب النظر إلی المخطوبة وبیان العورات، الفصل الثاني، قدیمی)

"عن أبي سعید رضي اللّٰہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: "لاینظر الرجل إلی عورة الرجل، ولا المرأة إلی عورة المرأة". (مشکوٰة المصابیح، ص: ۲۶۸، باب النظر إلی المخطوبة، الفصل الأول، قدیمی)

"قال ابن الملک: أي لاتصل بشرة أحدهما إلی بشرة الآخر في ثوب واحد في المضجع، لخوف ظهور فاحشة بینهما. قال المظهر: ومن فعل، یعزر ولایحد. وفیه بیان تحریم النظر إلی مالایجوز، وعورة الرجل مابین سرته ورکبته". (مرقاة المفاتیح، کتاب النکاح، باب النظر إلی المخطوبة وبیان العورات، الفصل الأول: ۶/۲۷۷، (رقم الحدیث: ۳۱۰۰)، رشیدیه)

(۲) "نٹ: بازی گر، شعبدہ باز"۔ (فیروز اللغات، اردو، ص: ۱۳۵۱، فیروز سنز، لاهور)

الجواب حامداً ومصلياً:

لوگوں کے سامنے ستر کھولنا اور چار انگل کی لنگوٹی باندھ کر تماشہ کرنا(۱)، ناچنا، ڈھول بجانا(۲) اور اس پر انعام مانگنا سب ناجائز ہے، تماشہ کرنے والے اور دیکھنے والے اور اس پر پیسے دینے والے سب ہی گنہگار ہیں، سب کو توبہ لازم ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

## پانی کو عبور کرتے ہوئے رانیں کھولنا

سوال[۹۲۶۶]: جب پانی عبور کرنا ہو اور پانی گھٹنوں سے اوپر تک ہو تو تہہ بند کو رانوں تک اٹھانا اور گھٹنے اور ران کھولنا اس طرح پانی عبور کرنا جائز ہے یا نہیں؟ فقط۔

---

(۱) "عن جرهد رضي الله تعالىٰ عنه أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "أمَا علمت أن الفخذ عورةٌ". رواه الترمذي وأبو داود".

"وعن علي رضي الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال له: "يا علي! لاتبرز فخذك، ولا تنظر إلى فخذ حيٍّ ولا ميتٍ". رواه أبو داود وابن ماجة".

"عن الحسن مرسلاً قال: بلغني أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "لعن الله الناظر والمنظور إليه". رواه البيهقي في شعب الإيمان". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۲۶۹، ۲۷۰، باب النظر إلى المخطوبة وبيان العورات، قديمي)

(۲) "عن جابرٍ رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "الغناء ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء الزرع". رواه البيهقي في شعب الإيمان".

"وعن نافع قال: كنت مع ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما في طريق، فسمع مزماراً فوضع أصبعيه في أذنيه ونآى عن الطريق إلى الجانب الأخر، ثم قال لي بعد أن بَعُد: يا نافع! هل تسمع شيئاً قلت: لا، فرفع أصبعيه من أذنيه. قال: كنت مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فسمع صوت يراعٍ فصنع مثل ما صنعت. قال نافع: وكنت إذ ذاك صغيراً". رواه أبو داود". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۴۱۱، كتاب الآداب، باب البيان والشعر، الفصل الثالث، قديمي)

الجواب حامداً ومصلیاً:

ناف سے گھٹنوں تک عورت ہے، کسی کے سامنے اس حصۂ بدن کو کھولنا جائز نہیں، نہ نماز میں نہ خارجِ نماز میں۔ اس حکم میں ہر مرد عالم ہو یا غیر عالم، سب کا حکم ایک ہے۔ جو شخص گھٹنے کھولے اس کو نرمی سے منع کیا جاوے، جو ران کھولے اس کو سختی سے منع کیا جاوے۔ البتہ اگر گھٹنے اور رانیں پانی میں چھپ جائیں اور کپڑا بالکل پانی کے قریب رہے کہ بدن کسی کو نظر نہ آئے تو اس طرح عبور کرنا شرعاً درست ہے:

"وينظر الرجل عن الرجل إلى ماسوى العورة، وقد بينت في الصلوٰة أن العورة ما بين السرة إلى الركبة، والسرة ليست بعورة، خلافاً لِمَا يقوله أبو حنيفة والشافعي رحمهما الله تعالىٰ والركبة عورة، خلافاً للشافعي رحمه الله تعالىٰ. ثم حكم العورة في الركبة أخفّ منه في الفخذ، وفي الفخذ أخفّ منه في السوء ة، حتى ينكر عليه في كشف الركبة برفق، وفي الفخذ بعنف، وفي السوء ة يضرب إن أصرّ، اهـ". مجمع الأنهر: ۵۳۸/۲ (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶۴/۱۰/۱۶ھ۔

---

(۱) (مجمع الأنهر: ۵۳۸/۲، كتاب الكراهية، فصل في بيان أحكام النظر ونحوه، دارإحياء التراث العربي بيروت)

"والرابع ستر عورته، ووجوبه عامٌّ ولو في الخلوة على الصحيح إلا لغرض صحيح .......... وهي للرجل ما تحت سرته إلى ماتحت ركبته". (الدرالمختار). وقال ابن عابدين رحمه الله تعالى: "(قوله. ووجوبه عام): أي في الصلاة وخارجها. (قوله: ولو في الخلوة): أي إذا كان خارج الصلاة يجب الستر بحضرة الناس إجماعاً، وفي الخلوة على الصحيح .......... ثم إن الظاهر أن المراد بما يجب ستره في الخلوة خارج الصلاة هو ما بين السرة والركبة فقط .......... (قوله: للرجل) احتراز عن المرأة الأمة والحرة، وعن الصبي، كما سيأتي. (قوله: تحت سرته) هو ماتحت الخط الذي يمر بالسرة ويدور على محيط بدنه بحيث يكون بعده عن مواقعه في جميع جوانبه على السواء، كذا في البرجندي، اهـ. إسمعيل. فالسرة ليست من العورة، درر. .......................... =

## گھٹنا ستر ہے یا نہیں؟

سوال[۹۲۶۷]: اگر ایک آدمی گھٹنا کھولے تو وہ کیسا ہے؟ اور اس کا فعل حرام ہے یا مکروہ تحریمی یا مکروہ تنزیہی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

گھٹنہ حنفیہ کے نزدیک ان اعضاء میں سے ہے جن کا چھپانا واجب اور کھولنا ۔جس سے ستر باقی نہ رہے۔مکروہ تحریمی ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۷/ ۹۰ھ۔

## کاشتکاروں کے لئے کشفِ عورت

سوال[۹۲۶۸]: اگر کاشتکار ستر نہ چھپاوے اور جب تک کاشتکاری کا کام کرے اس وقت تک کھولے رکھے، اگر ان کو اس پر تنبیہ کی جاتی ہے کہ ستر کو ڈھانکو تو اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ ہم اس سے مجبور ہیں۔تو کیا ایسا کرنا، یا ایسا کہنا ان کا درست ہے از روئے شرع شریف؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسا کرنا اور ایسا کہنا خلافِ شرع ہے، شریعت کا حکم سب کے لئے ہے، کوئی اس سے مستثنیٰ نہیں:

"یجوز أن ینظر الرجل إلی الرجل إلا إلی عورته، کذا فی المحیط. وعلیه الإجماع، کذا فی الاختیار شرح المختار. وعورته ما بین سرته حتی تجاوز رکبته، کذا فی الذخیره. وما دون السرة إلی منبت الشعرة عورة فی ظاهر الروایة. ثم حکم العورة فی الرکبة أخفّ منه فی

---

= (قوله: إلی ماتحت رکبته) نادما لما قیل: إن "تحت" من الظروف التی لا تتصرف، حموی، فالرکبة من العورة لروایة دار قطنی: "ما تحت السرة إلی الرکبة من العورة". لکنه محتمل، والاحتیاط فی دخول الرکبة، ولحدیث علی رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "الرکبة من العورة". وتمامه فی شرح المنیة". (ردالمحتار: ۱/۴۰۴، کتاب الصلوة، باب شروط الصلاة، مطلب فی ستر العورة، سعید)

(۱) تفصیل کے لئے دیکھئے عنوان: پانی کو عبور کرتے ہوئے رانیں کھولنا

الفخذ، وفي الفخذ أخفّ منه في السرة، الخ". هنديه(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مظاہر علوم، ۲۷/۷/۵۹ھ، صحیح: عبد اللطیف، مظاہر علوم۔

## گھٹنے کھول کر کھیتی وغیرہ کا کام کرنا

سوال[۹۲۶۹]: گھٹنے کھول کر اپنا کام مثلاً کھیتی وغیرہ کر سکتا ہے یا نہیں، اور دریا وغیرہ میں گھسنے کی حالت میں ضرورۃً پائجامہ یا تہبند کو چڑھانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

گو بعض علماء نے اس کی اجازت دی ہے، مگر احتیاط اسی میں ہے کہ گھٹنے نہ کھولے(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود، دار العلوم دیوبند، ۲۹/۵/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیوبند، ۳۰/۵/۸۷ھ۔

---

(۱) (الفتاویٰ العالمكيرية: ۵/۳۲۷، كتاب الكراهية، الباب الثامن فيما يحل للرجل النظر إليه ............اهـ، رشيديه)

قال العلامة الكاساني رحمه الله تعالىٰ: "يحل للرجل أن ينظر من الرجل الأجنبي إلى سائر جسده، إلا ما بين السرة والركبة، إلا عند الضرورة ........... ولا ينظر إلى الركبة. ولا بأس بالنظر إلى السرة، فالركبة عورة، والسرة ليست بعورة عندنا.

والصحيح قولنا، لما روى عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أنه قال: "ماتحت السرة عورة". والركبة ماتحتها، فكانت عورةً، إلا ماتحت الركبة صار مخصوصاً، فبقيت الركبة تحت العموم، ولأن الركبة عضوٌ مركبٌ من عظم الساق، والفخذ على وجه يتعذر تمييزه. والفخذ من العورة، والساق ليس من العورة، فعند الاشتباه يجب العمل بالاحتياط. وذلك فيما قلنا، بخلاف السرة؛ لأنه اسم لموضع معلوم لا اشتباه فيه". (بدائع الصنائع: ۶/۴۹۷، كتاب الاستحسان، دار الكتب العلمية بيروت)

(وكذا في تبيين الحقائق ۷/۱۴، كتاب الكراهية، فصل في النظر والمس، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳/۴۰۸ باب فيما يكره من النظر والمس للأقارب ........... اهـ، رشيديه)

(۲) "عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده رضى الله تعالىٰ عنه عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: =

.........................................................................................

= "إذا زوّج أحدكم عبده أمته، فلا ينظرنّ إلى عورتها". وفي روايةٍ: "فلا ينظرنّ إلى مادون السرة وفوق الركبة". رواه أبو داود". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۲۶۹، كتاب الآداب، باب النظر إلى المخطوبة وبيان العورات، الفصل الثاني، قديمی)

"يجوز أن ينظر الرجل إلى الرجل إلا إلى عورته، كذا في المحيط. وعليه الاجماع، كذا في الاختيار شرح المختار. وعورته ما بين سرته حتى تجاوز ركبته، كذا في الذخيرة. وما دون السرة إلى منبت الشعرة عورة في ظاهر الرواية. ثم حكم العورة في الركبة أخفّ منه في الفخذ، وفي الفخذ أخفّ منه في السرة، حتى أن من رأى غيره مكشوف الركبة ينكر عليه برفق ولا ينازعه إن لج، وإذا رآه مكشوف الفخذ أنكر عليه بعنف ولا يضربه إن لج، وإذا رآه مكشوف السرة أمره بستر العورة وأدّبه على ذلك إن لج، كذا في الكافي". (الفتاویٰ العالمكيرية: ۵/۳۲۷، كتاب الكراهية، الباب الثامن فيما يحل للرجل النظر إليه ............اھ، رشيديه)

قال العلامة الكاساني رحمه الله تعالیٰ: "يحل للرجل أن ينظر من الرجل الأجنبي إلى سائر جسده، إلا ما بين السرة والركبة، إلا عند الضرورة ............ ولا ينظر إلى الركبة. ولا بأس بالنظر إلى السرة، فالركبة عورة، والسرة ليست بعورة عندنا.

والصحيح قولنا، لما روى عن رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم أنه قال: "ماتحت السرة عورة". والركبة ماتحتها، فكانت عورةً، إلا ماتحت الركبة صار مخصوصاً، فبقيت الركبة تحت العموم، ولأن الركبة عضوٌ مركبٌ من عظم الساق، والفخذ على وجه يتعذر تمييزه. والفخذ من العورة، والساق ليس من العورة، فعند الاشتباه يجب العمل بالاحتياط. وذلك فيما قلنا، بخلاف السرة؛ لأنه اسم لموضع معلوم لا اشتباه فيه". (بدائع الصنائع: ۶/۴۹۲، كتاب الاستحسان، دارالكتب العلمية بيروت)

(وكذا في تبيين الحقائق ۷/۴۱، كتاب الكراهية، فصل في النظر والمس، دارالكتب العلمية بيروت لبنان)

(وكذا في فتاویٰ قاضی خان على هامش الفتاویٰ العالمكيرية: ۳/۴۰۸ باب فيما يكره من النظر والمس للأقارب ............ اھ، رشيديه)

برہنہ ہوکر سونا

سوال[۹۲۷۰]: رات کوایک آدمی بالکل برہنہ ہوکر سوتا ہے، یہ عادت کیسی ہے؟ اگر سونے کی حالت میں پائجامہ، یا کپڑا باندھ کر سوتا ہے تو اس میں صبح کو اٹھتے وقت تری دیکھتا ہے۔ لہذا تری والے کپڑے سے نماز ہوجائے گی یا نہیں؟ اور ننگا سونا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بالکل ننگا ہوکر سونا مکروہ ہے(۱)۔ جس کپڑے پر سونے کے بعد تری دیکھی وہ نجس ہوگیا، اگر وہ تری مقدار عفو سے زائد ہوتو اس کپڑے سے نماز درست نہیں (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/ ذی الحجہ/ ۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۲۹/ ذی الحجہ/ ۶۷ھ۔

---

(۱) "عن بهز بن حكيم عن أبيه، عن جده رضى الله تعالىٰ عنه، قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "احفظ عورتك إلا من زوجتك أو ماملكت عينك". فقلت: يارسول الله! أرأيت إذاكان الرجل خالياً؟ قال: "فالله أحق أن يستحى منه". رواه الترمذى، وأبو داؤد وابن ماجة". (مشكوة المصابيح، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة وبيان العورات، الفصل الثانى، ص: ۲۶۹، قديمى)

قال العلامة الملا على القارى رحمه الله: "قال: "فالله أحق أن يستحيى منه". وهذا يدل على وجوب الستر فى الخلوة إلا عند الضرورة كما سبق". (مرقاة المفاتيح، كتاب النكاح، باب النظر إلى المخطوبة وبيان العورات، الفصل الثانى: ۲۸۵/۶، ۲۸۶، رشيديه)

(۲) "كل مايخرج من بدن الإنسان مما يوجب خروجه الوضوء أو الغسل، فهو مغلظ، كالغائط والبول والمنى والمذى والودى والقيح والصديد والقئ .......... فإذا أصاب الثوب أكثر من قدر الدرهم يمنع جواز الصلوة". (الفتاوىٰ العالمكيريه، كتاب الطهارة، الباب السابع فى النجاسة وأحكامها، الفصل الثانى فى الأعيان النجسة: ۴۶/۱، رشيديه)

# باب اللباس

## الفصل الأول فی القمیص والسروال والإزار

(قمیص اور شلوار کا بیان)

### شرعی لباس

سوال[۹۲۷۱]: کیا شرعی لباس یہی ہے جو آپ علماء حضرات پہنتے ہیں، یہ کہاں سے ثابت ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جولباس سنت سے ثابت ہو وہ یقیناً شرعی ہے(۱) اور جس لباس کا سنت میں ذکر نہ ہو اور اس کو صلحاء نے اختیار کیا ہو، کفار اور فساق کا شعار نہ ہو، وہ بھی شرعی لباس ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۷/۸۸ھ۔

### مسنون لباس

سوال[۹۲۷۲]: زید کہتا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نصف ساق کُرتا اور چھوٹی موری

---

(۱) "والمراد بالسنة هنا أقواله وأفعاله وأحواله". (مرقاة المفاتيح، كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب والسنة، الفصل الأول: ۱/۳۶۵، رشيديه)

(۲) "قال القارى: أى من شبّه نفسه بالكفار مثلاً فى اللباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أى فى الإثم أو الخير عند الله تعالىٰ.........اهـ". (بذل المجهود، كتاب اللباس، باب فى لبس الشهرة: ۵/۴۱، معهد الخليل)

(وكذا فى مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثانى: ۸/۱۵۵، (رقم الحديث: ۴۳۴۷)، رشيديه)

(وكذا فى فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۱۱/۵۷۴۳، (رقم الحديث: ۸۵۹۳)، نزار مصطفى الباز رياض)

والا پائجامہ ثابت نہیں (۱)، لہٰذا یہ بدعت ہے۔ اور یہ بھی کہا کہ اس قسم کے لباس سلف صالحین نے اسلامیت اور کفاریت کے درمیان فرق کرنے کے لئے اختیار کیا ہے۔ زید کا قول صحیح ہے یا نہیں؟ اور عمر کہتا ہے کہ اگر چہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت نہیں، لیکن جو حضرات حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نقشِ قدم پر ہر ہر سنت پر عمل کرنے والے ہیں وہ تو بغیر ثابت شدہ شئ پر عمل نہیں کریں گے۔ لباسِ مسنونہ مع حوالہ و دلیل مطلوب ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

نصف ساق تک کرتہ حدیث شریف سے ثابت ہے، اس کو صالحین نے اختیار کیا ہے۔ پائجامہ پہننے کا عرب میں عام دستور نہیں تھا، بلکہ لنگی کا دستور تھا اور وہ بھی نصف ساق سے نیچے تک ہوتی تھی، اس کی بھی حدیث شریف میں تصریح ہے۔ نصف ساق سے نیچے تک بھی اجازت ہے، لیکن ٹخنوں سے اونچے رہے:

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "ماأسفل من الكعبين من الإزار فی النار". رواه البخاری، اه". مشكوة شريف، ص: ۳۷۳(۲)۔

"عن أبی سعيد الخدری رضی الله تعالیٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم يقول: "إزرة المؤمن إلی أنصاف ساقيه لاجناح عليه. فما بينه وبين الكعبين وما أسفل من ذلك، ففی النار". قال ذلك ثلاث مرات. "ولاينظر الله يوم القيامة إلی من جر إزاره بطراً". رواه أبو داؤد وابن ماجة، اه". مشكوة شريف، ص: ۳۷۲(۳)۔

"قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "من جر ثوبه من مخيلة، لم ينظر الله

---

(۱) "موری: پاجامے کا پائنچہ"۔ (فيروز اللغات، ص: ۱۳۱۴، فيروز سنز لاهور)

(۲) (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الأول، ص: ۳۷۳، قديمی)

(صحيح البخاری، كتاب اللباس، باب ماأسفل من الكعبين ففی النار: ۲/ ۸۶۱، قديمی)

(۳) (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۴، قديمی)

(وأبوداؤد، كتاب اللباس، باب فی قدر موضع الإزار: ۲/ ۲۱۲، إمداديه)

(وسنن ابن ماجة، كتاب اللباس، باب موضع الإزار أين هو؟، ص: ۲۵۵، قديمی)

إليه يوم القيامة". فقلت لمحارب: اذكر إزاره، قال: ماخص إزاراً ولاقميصاً، اه". بخاری، ص: ۸٦١(١)۔

بعض آدمی پائجامہ بھی پہنتے تھے، حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی اس کو پسند فرمایا اور خریدا(۲)۔ بعض روایات میں ہے کہ پہنا بھی ہے، زادالمعاد میں اس کی تصریح ہے(۳)۔ باقی اس کی تفصیل نہیں دیکھی ہے کہ وہ کیسا تھا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۴/۹۰ھ۔

## مسنون لباس کے لئے بڑھاپے کا انتظار نہیں

سوال[۹۲۷۳]: مسنون لباس یا مسنون چیز کو اختیار کرنے کے لئے کوئی عمر ہے یا بڑھاپے میں کوئی سنت کو رائج کرے، لوگ اس کا مذاق اڑائیں تو کیا اس کو عمل میں لانا چاہیے؟

**الجواب حامداًومصلياً:**

اتباعِ سنت کے لئے بڑھاپے کا انتظار کرنا غلط ہے: ﴿قل إن كنتم تحبون الله، فاتبعوني، يحببكم الله﴾ الاية(٤)۔

---

(۱) (صحيح البخاری، كتاب اللباس، باب من جرثوبه من الخيلاء: ص ۸٦١/۲، قديمی)

(۲) "عن سويد بن قيس رضی الله تعالىٰ عنه قال: أتانا النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم فساومنا سراويل". (سنن ابن ماجة، كتاب اللباس، باب لبس السراويل، ص: ۲۵٦، قديمی)

(وكذا فی جمع الوسائل مع هامش المناوی، قبيل باب ماجاء فی مشية رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: ۲۱۵/۱، تاليفات أشرفيه)

(۳) "واشتری سراويل، والظاهر أنه إنما اشتراها ليلبسها. وقدروی فی غير حديث أنه لبس السراويل، وكانوا يلبسون السراويلات بإذنه". (زاد المعاد، فصل فی ملا بسه صلی الله تعالیٰ عليه وسلم، ص: ۵۴، دارالفكر)

(وكذا فی حاشية المناوی علی جمع الوسائل، قبيل باب ماجاء فی مشية رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: ۲۱۵/۱، تاليفات أشرفيه)

(۴) (سورة آل عمران: ۳۱)

"عليكم بسنتي و سنته الخلفاء الراشدين". الحديث(۱)۔

لوگوں کے مذاق کی پرواہ نہ کرتے ہوئے مردہ سنت کے احیاء میں بڑا اجر ہے: "من أحيىٰ سنةً من سنتي بعد ما أميتت". الحديث(۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۲/۸۹ھ۔

## کون سے لباس کا استعمال مذہبِ اسلام میں جائز ہے، اور پینٹ کوٹ کا استعمال

سوال[۹۲۷۴]: مذہبِ اسلام میں جن جن لباسوں کا استعمال درست ہے، اس کی نشاندہی فرمادیں۔ کیا ہندوستان میں کوٹ اور پتلون استعمال کرنا درست ہے؟

**الجواب حامداً ومصلياً:**

لنگی، کرتہ، ٹوپی، عمامہ، چادر، یہ لباس عام طور پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے منقول ہے(۳)،

---

(۱) (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب والسنة، الفصل الثاني، ص: ۳۰، قديمي)

(ومسند الإمام أحمد بن حنبل: ۵/۱۱۰، حديث العرباض بن سارية رضي الله تعالىٰ عنه، (رقم الحديث: ۱۶۶۹۳)، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(وسنن ابن ماجة، المقدمة، باب سنة الخلفاء الراشدين، ص: ۵، قديمي)

(۲) "عن بلال بن الحارث المزني رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من أحيىٰ سنةً من سنتي قد أميتت بعدي، فإن له من الأجر مثل أجور مَن عمل بها مِن غير أن يُنقص من أجورهم شيئاً". (مشكوة المصابيح، باب الاعتصام بالكتاب والسنة، الفصل الثاني، ص: ۳۰، قديمي)

(وسنن ابن ماجه، المقدمة، باب من أحيا سنةً قد أميتت، ص: ۱۹، قديمي)

(وكذا في فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۱۱/۲ ۵۰۲، (رقم الحديث: ۸۵۹۳)، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

(۳) "عن أبي بردة قال: أخرجت إلينا عائشة رضي الله تعالىٰ عنها كساءً ملبداً وإزاراً غليظاً، فقالت: قُبض روح رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في هذين". (شمائل الترمذي، باب ماجاء في صفة إزار رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ۸، سعيد) .................. =

پائجامہ بھی منقول ہے(۱) لنگی یا پاجامہ ٹخنہ سے اونچا ہونا چاہیے، ٹخنہ ڈھکنا منع ہے(۲)۔ پھر ہر وہ لباس جو کفار

= (وكذا في جمع الوسائل، باب ماجاء في صفة إزار رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ۱/ ۲۱۰، تاليفات اشرفيه)

"عن أم سلمة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: كان أحب الثياب إلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم القميص". (شمائل الترمذى، باب ماجاء فى لباس رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ۵، سعيد)

(وكذا في جمع الوسائل، باب ماجاء فى لباس رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ۱/ ۱۳۰، تاليفات اشرفيه لاهور)

"عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال: كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يلبس قلنسوة بيضاء". (مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، كتاب اللباس، باب في القلنسوة: ۵/ ۱۳۹، (رقم الحديث: ۸۵۰۵)، عباس أحمد الباز مكة)

(وكذا فى المستدرك حاكم عن أبى الدرداء: ۳/ ۳۸۱، بيروت)

"عن جابر رضى الله تعالىٰ عنه قال: دخل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مكة يوم الفتح عليه عمامة سوداء". (شمائل الترمذى، باب ماجاء فى عمامة النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ۸، سعيد)

(۱) "عن سويد بن قيس رضى الله تعالىٰ عنه قال: أتانا النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فساومنا سراويل". (سنن ابن ماجة، كتاب اللباس، باب لبس السراويل، ص: ۲۵۶، قديمى)

(وكذا فى جمع الوسائل مع هامش المناوى، قبيل باب ماجاء فى مشية رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ۱/ ۲۱۵، تاليفات أشرفيه)

"واشترى سراويل، والظاهر أنه إنما اشتراها ليلبسها. وقدروى فى غير حديث أنه لبس السراويل، وكانوا يلبسون السراويلات بإذنه". (زاد المعاد، فصل فى ملابسه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ۵۴، دارالفكر)

(وكذا فى حاشية المناوى على جمع الوسائل، قبيل باب ماجاء فى مشية رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ۱/ ۲۱۵، تاليفات أشرفيه)

(۲) "عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ماأسفل من =

وفساق کا مخصوص شعار ہو، اس سے بچنا چاہیے(۱)۔ کوٹ، پتلون ہندوستان میں پہننا حرام تو نہیں رہا البتہ صلحاء کا شعار نہیں، اس سے بچنا چاہیے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

= الکعبین من الإزار فی النار". رواه البخاری، اهـ". (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الأول، ص: ۳۷۳، قدیمی)

(وصحیح البخاری، کتاب اللباس، باب ماأسفل من الکعبین ففی النار: ۲/۸۶۱، قدیمی)

"عن أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول: "إزرة المؤمن إلی أنصاف ساقیه لاجناح علیه، فما بینه وبین الکعبین وما أسفل من ذلک، ففی النار". قال ذلک ثلاث مرات. "ولاینظر اللہ یوم القیامة إلی من جر إزاره بطراً". رواه أبو داؤد وابن ماجة، اهـ". (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۴، قدیمی)

(وأبوداؤد، کتاب اللباس، باب فی قدر موضع الإزار: ۲/۲۱۲، إمدادیه)

(وسنن ابن ماجة، کتاب اللباس، باب موضع الإزار أین هو؟، ص: ۲۵۵، قدیمی)

(۱) "عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما، قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (سنن ابی داؤد، کتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة: ۲/۵۵۸، دارالحدیث)

(والجامع الصغیر مع فیض القدیر: ۱۱/۵۷۴۳، (رقم الحدیث: ۸۵۹۳)، مکتبه نزار مصطفیٰ الباز ریاض)

(۲) پتلون کی شعاریت اگرچہ ختم ہوگئی ہے، لیکن اگر پتلون اتنی چست اور تنگ ہو کہ اس سے اعضاء کی بناوٹ اور حجم نظر آتا ہو -جیسا کہ آج کل ایسی پتلون کا کثرت سے رواج ہوگیا ہے- تو اس کو پہننا اور لوگوں کو دکھانا اور دیکھنا سب ناجائز ہے:

"عنه (ابن عمر) رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (سنن أبی داؤد، کتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة: ۲/۵۵۸، دارالحدیث ملتان)

(ومشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۵، قدیمی)

قال علی القاری: "أی من شبّه نفسه بالکفار مثلاً فی اللباس وغیره أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أی فی الإثم أو الخیر عند اللہ تعالیٰ.......... اهـ". (مرقاة المفاتیح، الفصل الثانی، (رقم الحدیث: ۴۳۴۷): ۸/۱۵۵، رشیدیه)

"وعلی هذا لا یحل النظر إلی عورة غیره فوق ثوب ملتزق بها یَصِف حجمها، فیحمل ما مر =

## کُرتا کہاں تک لمبا ہو

سوال[۹۲۷۵]: کرتا کس قسم کا اور کتنا پہننا سنت ہے، اور کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نصف ساق تک کرتا ہونا ثابت ہے؟ اگر ہے تو کیا نصفِ ساق سے اوپر خواہ گھٹنا سے نیچے ہو یا اوپر یا کمر تک ہو، سب سنت کے خلاف ہونے میں برابر ہیں یا نہیں؟ اگر برابر ہیں تو پھر بعض لوگوں کو دیکھتا ہوں کہ اگر کمر تک عبا(۱) پہنے ہوں تو اس کو گھٹنا تک کی ترغیب دیتے ہیں۔ تو گھٹنا تک کی کیوں نصف ساق تک رہنی چاہیے، کیوں کہ خلافِ سنت ہونے میں دونوں برابر ہیں۔ اور اگر کوئی فرق ہے تو فرق کیا ہے، اور وجہ فرق کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

عرب میں عامۃً ٹخنے کے قریب تک دراز کرتہ پہننے کا رواج ہے، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے کرتے نصفِ ساق تک ہوتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک کرتہ قصیر القامت بھی تھا، جس کی تفصیل معلوم نہیں، ابن ماجہ کی رویت کتاب اللباس میں ہے (۲)، بظاہر صورت حال یہ تھی کہ جیسا وقت پر میسر آ گیا، پہن لیا جسم مبارک کی ساخت پر مستقل بنوانے اور سلوانے کا معمول نہیں تھا۔ مدارج النبوۃ میں لباس

---

= علی ما إذا لم یصف حجمها". (ردالمحتار، کتاب الحظر والإباحة، باب فی النظر واللمس: ۳۶۶/۶، سعید)

قال العثمانی مدظله العالی: "فکل لباس ینکشف معه جزء من عورة الرجل والمرأة، لا تقره الشریعة الإسلامیة مهما کان جمیلاً أو موافقاً لدور الأزیاء. وکذلک اللباس الرقیق أو اللاصق بالجسم الذی یحکی للناظر شکل حصة من الجسم الذی یجب ستره، فهو فی حکم ما سبق فی الحرمة وعدم الجواز". (تکملة فتح الملهم، کتاب اللباس والزینة: ۸۸/۴، مکتبه دار العلوم کراچی)

(۱) "عبا: ایک لمبا کوٹ یا چغہ جو پاؤں تک ہوتا ہے، جبہ، چغہ"۔ (فیروز اللغات، ص: ۸۸۹، فیروز سنز، لاهور)

(۲) "عن عبادة بن الصامت رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم صلی فی شملة قد عقد علیها". قال المحشی: "قد علیها" أشار إلی صغرها". (سنن ابن ماجة، کتاب اللباس، ص: ۲۶۲، میر محمد کتب خانه)

(وکذا فی جمع الوسائل شرح الشمائل، باب اللباس: ۱۳۴/۱، تالیفات أشرفیه)

(شمائل کبری: ۱۹۴/۱، دار الإشاعت کراچی)

مبارک کی کچھ تفصیل بھی ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

## نصفِ ساق تک کُرتا

سوال[۹۲۷۶]: نصفِ ساق تک کرتا سنتِ موکدہ ہے یا غیر موکدہ، اگر کوئی اس کو ترک کرے تو گنہگار ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

موکدہ اور غیر موکدہ سنن ہدی کا قسمیں ہیں، کُرتہ وغیرہ کا طول اور ہیئت سننِ زوائد میں سے ہے جس میں یہ تقسیم نہیں، ایسی سنن کا حکم یہ ہے کہ بنیت اتباع اختیار کرنے میں ثواب ملے گا، ترک کرنے میں ثواب سے محرومی ہوگی (۲)، لیکن کفار یا فساق کے شعار کو اختیار کرے گا تو گناہ ہوگا (۳)۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیو بند، ۹۳/۶/۲۷ھ۔

---

(۱) ''حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت کریمہ، لباس شریف میں وسعت اور ترکِ تکلف تھا، مطلب یہ کہ جو پاتے زیب تن فرما لیتے اور تعیین کی تنگی اختیار نہ فرماتے، اور کسی خاص قسم کی جستجو نہ فرماتے، اور کسی حال میں عمدہ ونفیس کی خواہش نہ فرماتے، اور نہ ادنیٰ وحقیر کا تکلف فرماتے، جو کچھ موجود ومیسر ہوتا پہن لیتے، اور جو لباس ضرورت کو پورا کردے اسی پر اکتفا فرماتے۔ اکثر حالتوں میں چادر پیراہن اور ازار ہوتا جو کہ سخت اور موٹے کپڑے کے ہوتے، اور پشمینہ بھی پہنتے۔منقول ہے کہ آپ کی چادر شریف میں متعدد پیوند لگے ہوئے تھے جسے آپ اوڑھا کرتے تھے، اور فرماتے: ''میں بندہ ہی ہوں اور بندوں ہی جیسا لباس پہنتا ہوں''۔اسے شیخین نے روایت کیا ہے''۔(مدارج النبوۃ، باب یازدہم، نوع روم درلباس مبارک:۱/۵۶۵، ضیاء القرآن لاہور)

(۲) ''والسنة نوعان: سنة الهدى، و تركها يوجب إساءةً و كراهيةً كالجماعة والأذان والإقامة ونحوها. وسنة الزوائد، و تركها لا يوجب ذلك كسِيَر النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في لباسه و قيامه و قعوده والنفل، ومنه المندوب، يثاب فاعله و لا يسيء تاركه''. (ردالمحتار، كتاب الطهارة مطلب في السنة وتعريفها، الفصل الثاني: ۱/۱۰۳، سعيد)

(۳) ''عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ''من تشبه بقوم فهو منهم''. (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمي) ..................... =

## کُرتا نصف ساق تک ہے

سوال[۹۲۷۷]: امام کے لئے کُرتا پہننے کی کوئی حد ہے یا نہیں، اگر ہے تو کہاں تک؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نصف ساق تک کا کرتہ مسنون ہے، اس سے کچھ نیچے تک بھی درست ہے، امام اور مقتدی سب کا حکم ایک ہی ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۱۲/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۱۲/ ۸۸ھ۔

## کُرتہ کی کیفیت

سوال[۹۲۷۸]: تہبند اور بغیر کلی دار کرتہ جس کو عرفِ بنگال میں ''پنجابی'' کہا جاتا ہے، اس کو لباسِ مسنون شمار کیا جائے گا یا نہیں اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جامۂ مبارک جس کو قمیص سے تعبیر کیا گیا، اس کی کیا شکل تھی؟ بینوا توجروا۔

---

= (وسنن أبی داؤد، کتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة: ۲/۲۰۲، دار الحدیث ملتان)

(والجامع الصغیر مع فیض القدیر: ۱۱/۵۷۴۳، (رقم الحدیث: ۸۵۹۳)، مکتبه نزار مصطفی الباز ریاض)

(۱) "عن حذیفة بن الیمان رضی الله تعالیٰ عنهما قال: أخذ رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بعضلة ساقی أو ساقه، وقال: "هذا موضع الإزار، فإن أبیت فأسفل، فإن أبیت فلا حق للإزار فی الکعبین". (شمائل الترمذی، باب ماجاء فی إزار رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، ص: ۸، سعید)

"وأما القدر المستحب فیما ینزل إلیه طرف القمیص والإزار، فنصف الساقین". (شرح النووی علی الصحیح لمسلم، کتاب اللباس، باب تحریم جر الثوب خیلاء، وبیان حد ما یجوز إرخاؤه إلیه وما یستحب: ۲/۱۹۵، قدیمی)

"کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یلبس قمیصاً فوق الکعبین". (جمع الوسائل شرح الشمائل، باب اللباس: ۱/۱۳۴، تالیفات اشرفیه)

الجواب حامداًومصلياً:

"قال: أخرجت إلينا عائشة رضى الله تعالىٰ عنها كساءً ملبداً وإزاراً غليظاً، فقالت: قبض روح رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى هذين". شمائل الترمذى(١)۔

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام والتسلیم وفات کے وقت بھی تہبند پہنے ہوئے تھے،شمائلِ ترمذی شریف میں تہبند کی بھی تفصیل مذکور ہے(۲)۔

"عن أم سلمة رضى الله تعالىٰ عنه قالت: كان أحب الثياب إلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم القميص. وقد أخرج الدمياطى كان قميص رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قطناً قصير الطول والكمين، اهـ". جمع الوسائل(۳)۔

"عن أسماء بنت يزيد قالت: كان كمُّ قميص رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إلى الرسغ. قال الجوزى: فيه دليل على أن السنة أن لايتجاوز كمُّ القميص الرسغ، وأما غير القميص فقالوا: السنة فيه أن لايتجاوز رؤوس الأصابع من جبة وغيرها، انتهى.

ونقل فى شرح السنة أن أبا الشيخ ابن حبان أخرج بهذا الإسناد بلفظ: كان كمُّ قميص رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أسفل من الرسغ. وأخرج ابن حبان أيضاً عن طريق مسلم بن يسار عن مجاهد عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال: كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يلبس قميصاً فوق الكعبين مستوى الكمين بأطراف أصابعه، اهـ". جمع الوسائل(٤)۔

---

(١) (شمائل الترمذى، باب ماجاء فى صفة إزار رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ٨، سعيد)

(٢) "عن أبى بردة رضى الله تعالىٰ عنه قال: "أخرجت إلينا عائشة رضى الله تعالىٰ عنها كساءً ملبّداً وإزاراً غليظاً، فقالت: قبض روح رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى هذين". (شمائل الترمذى، باب ماجاء فى صفة إزار رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ٨، سعيد)

(٣) (جمع الوسائل شرح الشمائل، باب ماجاء فى لباس رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ١/ ١٣١، ١٣٢، ادارة تاليفات اشرفيه ملتان)

(٤) (جمع الوسائل شرح الشمائل، باب ما جاء فى لباس رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: =

ان روایات سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قمیص پسندیدہ تھی اور وہ ٹخنوں سے کچھ اونچی ہوتی تھی اور آستین کبھی پہنچوں تک اور کبھی انگلیوں تک ہوتی تھی۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

## کُرتے میں کالر

سوال[۹۲۷۹]: کرتوں کے اندر جو کالر لگواتے ہیں، کیا وہ قمیص کے ساتھ مشابہت نہیں ہے اور اس کا لگوانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر کسی غلط چیز کی مشابہت ہے تو اس سے بچنا چاہیے(۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## سیاہ کرتا پہننا

سوال[۹۲۸۰]: مسلمان مرد کو کالا تہبند باندھنا، یا کالا کرتا پہننا، یا کالی واسکٹ پہننا کیسا ہے؟

---

= ۱۰۷/۱، مصطفی البابی الحلبی مصر)

تفصیل کے لئے دیکھئے:(بذل المجهود: ۴۰/۵، مکتبه الشیخ)

(۱) "عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۵، قدیمی)

(وسنن أبی داؤد کتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة ۵۵۸/۲، دار الحدیث)

"وعنه": أی ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما "قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم": أی من شبه نفسه بالکفار مثلاً فی اللباس وغیره، أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء الأبرار "فهو منهم": أی فی الإثم والخیر". (مرقاة المفاتیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، (رقم الحدیث: ۴۳۴۷): ۱۵۵/۸، رشیدیه)

(وکذا فی فیض القدیر شرح الجامع الصغیر (رقم الحدیث: ۸۵۹۳): ۵۷۴۳/۱۱، مکتبه نزار مصطفی الباز ریاض)

الجواب حامداًومصلیاً:

درست ہے، مگر جب کسی جماعت فساق یا کفار کا شعار ہو جیسا کہ محرم میں روافض کا شعار ہے(۱) تو اس سے بچنا چاہیے(۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## قمیص پہننا

سوال[۹۲۸۱]: آج کل جس طرح کی قمیص پہنی جاتی ہے، اس کا پہننا کسی بھی نوع سے آخرت میں پکڑ کا باعث ہوسکتا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

نفسِ قمیص کا پہننا پکڑ کا باعث نہیں، خاص کر ایسے علاقے میں جہاں کا عام لباس یہی ہو(۳)، لیکن مسنون لباس کا اختیار کرنا اتباعِ سنت کا تقاضہ ہے، اس کو ترک کر کے قمیص مروجہ پہننا بڑی فضیلت سے محرومی کی بات ہے(۴)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۶/۱/۲ھ۔

جواب صحیح ہے: سید مہدی حسن غفرلہ، ۸۶/۱/۲ھ۔

---

(۱) (تقدم تخريجه تحت المسئلة المتقدمة آنفاً)

(۲) "و يكره للرجل تسويد الثياب و تمزيقها للتعزية". (مجموعة الفتاوى على هامش خلاصة الفتاوى، كتاب الكراهية: ۳۴۵/۴، رشيديه)

"وقص الشارب إمارة أهل السنة والجماعة، وتركه إمارة الرفض، وكذا لبس السواد".
(الفتاوىٰ البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب السير، الثالث في الحظر والإباحة: ۳۱۱/۶، رشيديه)

(۳) "فإن الإسلام ........... لم يقرر الإنسان نوعاً خاصاً، أو هيئةً خاصةً من اللباس ........... وإنما وضع مجموعةً من المبادى، الخ". (تكملة فتح الملهم، كتاب اللباس: ۸۷/۴، دارالعلوم كراچی)

(۴) "فأما هيئة اللباس، فتختلف باختلاف عادة كل بلد". (فتح البارى، كتاب اللباس، باب المتشبهون بالنساء والمتشبهات بالرجال: ۳۳۲/۱۰، دارالمعرفة بيروت)

"فإن الإسلام ........... لم يقصره على نوع دون نوع، ولم يقرر للإنسان نوعاً خاصاً أو هيئةً =

## قمیص کا حکم

سوال[۹۲۸۲]: قمیص کا کیا حکم ہے خاص کر جب کہ آستین کرتے کی آستین کے برابر ہو؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

صرف قمیص اگر پوری آستین کی ہو اور پائجامہ ٹوپی وغیرہ فیشن کا نہ ہو تو یہ بھی بہتر نہیں ہے۔ اگر چہ کچھ عموم ہو گیا ہو، مگر علماء اور صلحاء اچھا نہیں سمجھتے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

## کالردار قمیص اور بڑے پائچوں کا پائجامہ

سوال[۹۲۸۳]: کالر کی قمیص استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں اور بڑے پائچا کا پاجامہ استعمال کرنا کیسا ہے؟ اگر جائز ہے تو "من تشبه بقوم فهو منهم" کا جواب کیا ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اب یہ دونوں چیزیں کفار یا فساق کا شعار نہیں، اس لیے تشبہِ ممنوع میں داخل نہیں، البتہ ہمارے اطراف میں اتقیاء اور صلحاء کا یہ لباس نہیں، اس لئے ایسے لباس کا ترک اَولیٰ وانسب ہے (۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۱۲/۷/۸۹ھ۔

---

= خاصةً من اللباس ولا أسلوباً خاصاً للمعيشة، وإنما وضع مجموعةً من المبادئ". (تكملة فتح الملهم، كتاب اللباس، والزينة: ۴/۸۷، دار العلوم كراتشى)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۸/۳۴۹، رشيديه)

(۱) قال القارى: "أى من شبّه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أى في الإثم أو الخير ........... اهـ". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۳۴۷): ۸/۱۵۵، رشيديه)

(وكذا في فيض القدير: ۱۱/۵۷۴۳ نزار مصطفى رياض)

(وكذا في بذل المجهود، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة: ۵/۴۰. معهد الخليل الاسلامى)

(۲) "عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه بقوم =

## آستین کا لمبا بنوانا

سوال[۹۲۸۴]: عموماً نیتا قسم کے لوگ کرتے کی آستین لمبی بنوا کر اوپر کی طرف موڑ لیتے ہیں، ان کی حرص میں مذہبی قسم کے آدمی بھی اگر آستین لمبی بنوا کر موڑ لیں تو یہ مناسب ہے کہ نہیں، اور اسراف بیجا ہے کہ نہیں؟ اور ایسا کرنے والے کے متعلق شرع شریف میں کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

لمبی آستین تو عموماً عرب میں رائج تھی اور اس کو شرفاء کا لباس تصور کیا جاتا تھا اسی وجہ سے فقہاء نے نماز شروع کرتے وقت آستین سے ہاتھوں کا ظاہر کرنا مستحب لکھا ہے (۱) اور سجدہ کرتے وقت گرم زمین پر آستین کا زائد حصہ پیشانی کے نیچے رکھ کر اس پر سجدہ کرنا بھی منقول ہے (۲)۔ اگر ضرورت نہ ہو تو بیکار آستین

---

= فهو منهم ". (سنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة ۵۵۸/۲، دار الحديث ملتان)

(ومشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمي)

(وفيض القدير، (رقم الحديث: ۸۵۹۳): ۵۷۴۳/۱۱ مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

"قال القاري: أي من شبه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أي في الإثم أو الخير عند الله تعالىٰ". (بذل المجهود، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة: ۴۰/۵. معهد الخليل، كراچی)

قال العلامة المناوي: "المشاركة في الهدى في الظاهر تؤثر تناسباً و تشاكلاً بين المتشابهين تعود إلى موافقة ما في الأخلاق والأعمال، وهذا أمر محسوس، فإن لابس ثياب العلماء مثلاً يجد من نفسه نوع انضمام إليهم". (فيض القدير شرح الجامع الغير، (رقم الحديث: ۸۵۹۳): ۵۷۴۴/۱۱، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

(۱) "و آدابها: أي الصلوة .......... وإخراج كفيه من كميه عندالتكبير؛ لأنه أقرب إلى التواضع وأبعد التشبه بالجبابرة". (مجمع الأنهر، كتاب الصلوة: ۹۱/۱، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(وكذا في مراقي الفلاح، كتاب الصلاة، فصل من آدابها، ص: ۲۷۶، قديمي)

(۲) "ولو سجد على كمّه أو فاضل ثوبه، صح". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، آداب الصلوة: ۵۰۱/۱، سعيد)

"إذا بسط كمّه وسجد عليه إن بسط ليقي التراب عن وجهه، كره. وإن بسط ليقي التراب =

کیوں زائد کی جائے (۱)۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۵/۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۵/۹۲ھ۔

## آستین لمبا بنوانا

سوال[۹۲۸۵]: بعض لوگ کرتہ کی آستین لمبی سلواتے ہیں، پھر پہننے کے وقت دراز کرتے ہیں۔ یہ افضلیت کے خلاف ہے کہ نہیں؟ اگر ہے تو کیوں؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

آستین کا یہ طریقہ بھی عرب کا عام دستور ہے، ایک کرتہ مبارک قصیر الکمین بھی تھا جس کی تفصیل انجاح الحاجہ میں "إلی الرسغین" کی ہے (۲)۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## چوڑا پائجامہ

سوال[۹۲۸۶]: بڑے اور چوڑے پائجامہ کے بارے میں کیا قول ہے، کیا افضلیت وسنت کے

---

= عن عمامته و ثيابه، لا يكره". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السابع، الفصل الثاني: ۱/۱۰۸، رشيديه)

(۱) "عن علي رضي الله تعالىٰ عنه كان يمدّ كمّ القميص حتى إذا بلغ الأصابع، قطع ما فضل". (بذل المجهود، كتاب اللباس، باب ماجاء في القميص: ۵/۴۰، معهد الخليل كراچی)

(وكذا في جمع الوسائل، باب ماجاء في لباس رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ۱/۱۳۲، تاليفات اشرفيه ملتان)

(۲) "عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما قال: كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يلبس قميصاً قصير اليدين والطول". قال المحشي: "قوله: "يلبس قميصاً قصير اليدين": أي قصير الكمين، وكان إلى الرسغين". (سنن ابن ماجة مع إنجاح الحاجة، كتاب اللباس، باب كمّ القميص، ص: ۲۵۲، قديمی)

(وكذا في بذل المجهود، كتاب اللباس، باب ماجاء في القميص: ۵/۴۰، معهد الخليل كراچی)

خلاف ہے؟ اگر ہے تو پھر کیا بات ہے کہ بعض بزرگ لوگ بھی چوڑا پائجامہ پہنتے ہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جبکہ پائجامہ مبارک کی کوئی ہیئت مذکور نہیں تو پھر اس کو خلافِ سنت کیسے کہا جائے، ہر جگہ کے اہلِ علم اور اہل صلحاء کا جو لباس ہے، انشاء اللہ تعالیٰ اس میں خیر ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## چوڑی دار پائجامہ

سوال[۹۲۸۷]: مردوں کے لئے چوڑی دار پائجامہ اگر ٹخنوں سے اونچا ہو تو جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

چوڑی دار پائجامہ مکروہ ہے کہ یہ غیر متشرع لوگوں کا لباس ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

## چوڑی مہری کا پائجامہ

سوال[۹۲۸۸]: چوڑی مہری کا پائجامہ اگر ٹخنوں سے اوپر بنایا جائے احتیاط سے کہ ران بھی نہ نکلے تو

---

(۱) "فإن الإسلام ......... لم يقرر للإنسان نوعاً خاصاً أو هيئةً خاصةً من اللباس ولا أسلوباً خاصاً للمعيشة، وإنما وضع مجموعةً من المبادىء والقواعد الأساسية يجب على المسلم أن يحتفظ بها في أمر لباسه، الخ". (تكملة فتح الملهم: كتاب اللباس والزينة: ۸۷/۴، مكتبه دارالعلوم كراچى)

(وكذا في فتح البارى، كتاب الأدب، باب المتشبهون بالنساء: ۳۳۲/۱۰، دارالمعرفة بيروت)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۳۴۹/۸، رشيديه)

(۲) "من شبه بالكفار مثلاً في اللباس و غيره أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أي في الإثم أو الخير عند الله تعالىٰ......... اهـ". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۳۴۷)، رشيديه)

(بذل المجهود، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة: ۸۷/۵، معهد الخليل الاسلامى)

(وكذا في فيض القدير: ۵۷۴۳/۱۱، (رقم الحديث: ۸۵۹۳) مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

مکروہ تو نہیں ہے؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

جس جگہ یہ عام طور پر پہنا جاتا ہے وہاں مکروہ نہیں (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## پائجامہ یا لنگی ٹخنوں سے نیچے رکھنے کی ممانعت کی وجہ

سوال[۹۲۸۹]: نماز کی حالت میں ہو یا کوئی دوسری حالت میں ٹخنوں سے نیچا پاجامہ یا لنگی پہننا کیوں منع ہے؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

حدیث شریف میں آیا ہے کہ ''جو شخص (پاجامہ یا لنگی سے) ٹخنے ڈھانکے گا تو یہ حصہ دوزخ میں جلے گا''(۲) اس لئے مکروہ تحریمی ہے(۳)، اس طرح نماز بھی مکروہ تحریمی ہوتی ہے(۴)۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "واعلم أن اعتبار العادة والعرف رجع إليه في مسائل كثيرة، حتى جعلوا ذلك أصلاً، فقالوا في الأصول في ماتترك به الحقيقة: تترك الحقيقة بدلالة الاستعمال والعادة". (مجموعة رسائل ابن عابدين، نشر العرف في بناء بعض الأحكام على العرف: ۲/۱۱۵، سهيل اكيڈمي لاهور)

(وكذا في شرح المجله لسليم رستم باز اللبناني، المقالة الثانيه في القواعد الفقهيه، (رقم المادة: ۳۶)، العادة محكمة: ۱/۳۴، مكتبه حنفيه)

(وكذا في شرح الأشباه والنظائر، الفن الأول في القواعد الكلية، القاعدة السادسة، العادة محكم، اعتبار العادة والعرف: ۱/۲۶۸، ادارة القرآن كراچی)

(۲) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ما أسفل من الكعبين من الإزار في النار". (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الأول، ص: ۳۷۳، قديمی)

(وسنن ابن ماجة، كتاب اللباس، باب موضع الإزار، ص: ۲۵۵، قديمی)

(۳) "فما نزل عن الكعبين، فهو ممنوع، فإن كان للخيلاء فهو ممنوع منع تحريم، وإلا فمنع تنزيه".

(شرح النووي على الصحيح لمسلم، كتاب اللباس، باب تحريم جر الثوب خيلاء، وبيان حد مايجوز =

## ٹخنے سے نیچے پائجامہ

سوال[۹۲۹۰]: پائجامہ جس سے ٹخنے چھپ جائے کیسا ہے اگرچہ تکبر نہ ہو؟

الجواب حامداًومصلیاً:

یہ لباس متکبرین اور فساق کا ہے، اگر اس نیت سے ہو کہ ان کے ساتھ تشبہ اختیار کیا جاوے یا تکبر کی نیت سے ہو تو حرام، ورنہ مکروہ ہے:

"ولا يجوز الإسبال تحت الكعبين إن كان للخيلاء؛ إذ قد نص عليه الشافعي. وبغير الخيلاء منع للتنزيه لا للتحريم". مرقاة(۱)۔

آج کل عام طور پر یہ لباس اُنھیں لوگوں کا ہے جن پر مغربیت کا بھوت سوار ہے جو اپنی قدیم وضع اور طرزِ معاشرت کو برا سمجھتے ہیں اور مغربی تہذیب پر فخر کرتے ہیں، ایسے لوگوں کی مشابہت بھی مذموم ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

= إرخاؤه إليه ومايستحب: ۱۹۵/۲، قديمى)

(وكذا فى مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۴۳۱۴): ۱۲۹/۸، رشيديه)

(۴) "ويكره كل ما كان من أخلاق الجبابرة". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلوة، فصل في المكروهات، ص: ۳۵۰، قديمى)

(وكذا فى الحلبى الكبير، كتاب الصلوة، بيان كراهية الصلوة، ص: ۳۴۸، سهيل اكيڈمى لاهور)

(وكذا فى أحسن الفتاوى، كتاب الصلوة، مکروہاتِ نماز، عنوان: مردکونماز میں ٹخنے ڈھانکنا: ۴۰۴/۳، سعيد)

(۱) (مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الأول: ۱۲۹/۸، (رقم الحديث: ۴۳۱۴)، رشيديه)

(وكذا فى شرح النووى على الصحيح لمسلم، كتاب اللباس، باب تحريم جر الثوب خيلاء، وبيان حدما يجوز إرخاؤه إليه ومايستحب: ۱۹۵/۲، قديمى)

(۲) "وعنه (ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما) قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه =

## دھوتی، لنگی کا استعمال اور حقہ پینا

سوال[۹۲۹۱]: پیتل تانبے کے بے قلعی برتنوں کو استعمال کرنا، حقہ ضروری پینا، دھوتی، لنگی استعمال کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

پیتل او تانبے کے برتنوں کا استعمال کرنا درست ہے، البتہ اگر کفار کی مشابہت ہو تو منع ہے(۱)۔ لنگی اس طرح باندھنا جس سے ستر کھلے، یا کفار کے طریقے پر باندھنا ناجائز ہے اور شرع کے موافق باندھنا درست ہے(۲)۔ حقہ کسی بیماری کی وجہ سے دواء پینا درست ہے(۳) اور بغیر بیماری کے شوقیہ پینا مکروہ ہے(۴)، اگر نشہ

---

= بقوم، فهو منهم". (سنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة: ۵۵۸/۲، دار الحديث ملتان)

(ومشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمي)

(وفيض القدير، (رقم الحديث: ۸۵۹۳): ۵۷۴۳/۱۱ مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

(۱) "وأما الآنية من غير الفضة والذهب، فلا بأس بالأكل والشرب والانتفاع بها كالحديد والصفر والنحاس والرصاص والخشب والطين". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة: ۳۴۳/۶، سعيد)

"ويجوز استعمال الأواني من الصفر". (البحرالرائق، كتاب الكراهية، فصل في الأكل والشرب: ۳۴۱/۸، رشيديه)

(۲) (راجع للتخريج المسئلة المتقدمة آنفاً، رقم الحاشية: ۱)

(۳) "وجوزه في النهاية بمحرم إذا أخبره طبيب مسلم أن فيه شفاءً، ولم يجد مباحاً يقوم مقامه". (الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۳۸۹/۶، سعيد)

"يجوز للعليل شرب الدم والبول وأكل الميتة للتداوي إذا أخبره طبيب مسلم أن شفاءه فيه، ولم يجد من المباح ما يقوم مقامه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثامن عشر في التداوي والمعالجات: ۳۵۵/۵، بيروت)

(۴) علامہ شامیؒ اور دوسرے علماء نے عدمِ کراہت کو ترجیح دی ہے اگر بدبو نہ ہو، چنانچہ علامہ شامیؒ لکھتے ہیں:

"وللعلامة الشيخ علي الأجهوري المالكي رسالة في حله، نقل فيها أنه أفتى بحله مَن يعتمد عليه من أئمة المذاهب الأربعة. قلت: وألّف في حله أيضاً سيدُنا العارف عبد الغني النابلسي رسالةً =

ہوتو ناجائز ہے (۱)۔ بدبودار منہ لے کر مسجد میں جانا بہرصورت ناجائز ہے (۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۹/صفر/۱۳۵۹ھ۔

---

= سماها "الصلح بين الإخوان في إباحة شرب الدخان " و تعرّض له في كثيرٍ من تآليفه الحسان، وأقام الطامةَ الكبرى على القائل بالحرمة أو بالكراهة، فإنهما حكمان شرعيان لا بدلهما من دليلٍ، ولا دليل على ذلك، فإنه لم يثبت إسكاره ولا تفتيره ولا إضراره، بل ثبت له منافع، فهو داخل تحت قاعدة: الأصل في الأشياء الإباحة. وإن فرض إضراره للبعض، لا يلزم منه تحريمه على كل أحد، فإن العسل يضر بأصحاب الصفراء الغالبة، وربما أمرضهم مع أنه شفاء بالنص القطعي، و ليس الاحتياط في الافتراء على الله تعالىٰ بإثبات الحرمة أو الكراهة اللذين لا بدلهما من دليل بل في القول بالإباحة التي هي الأصل، الخ". (ردالمحتار، كتاب الأشربة: ۶/۴۵۹، سعيد)

(و كذا في أحسن الفتاوى، كتاب الأشربة، عنوانِ مسئله: حقہ پینے کا حکم: ۸/۴۸۱، سعيد)

(و كفايت المفتي: ۹/۱۴۵، دار الإشاعت كراچي)

(۱) "عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "كل مسكر خمر، و كل مسكر حرام ". (الصحيح لمسلم، كتاب الأشربة، باب بيان أن كل مسكر خمر وأن كل خمر حرام: ۲/۱۶۷، قديمي)

(ومشكوة المصابيح، كتاب الحدود، (رقم الحديث: ۳۶۳۸)، باب بيان الخمر، ص: ۳۱۷، قديمي)

(۲) "قيل لأنس رضي الله تعالىٰ عنه: ما سمعت النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في الثوم؟ فقال: "من أكل، فلا يقربنّ مساجدنا". (صحيح البخاري، كتاب الأطعمة، باب مايكره من الثوم والبقول فيه: ۲/۸۲۰، قديمي)

"وقال الإمام العيني رحمه الله تعالىٰ في شرحه على صحيح البخاري: قلت: علة النهي أذى الملائكة وأذى المسلمين .......... و يلحق بما نص عليه في الحديث كل ما له رائحة كريهة مأكولاً أو غيره، وإنما خص الثوم هنا بالذكر و في غيره كالبصل والكراث لكثرة أكلهم لها". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة، ومايكره فيها، مطلب في الغرس في المسجد: ۱/۶۶۱، سعيد)

## لنگوٹ

سوال[۹۲۹۲]: کیا لنگی کے نیچے (انڈرویر) لنگوٹ وغیرہ باندھنا افضل ہے، اگر ہے تو کیوں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

لنگوٹ کا تذکرہ نہیں، کسی کو قطرے کا مرض ہو، یا آنت اترنے کا مرض ہو، یا بدن کسنا ہی مقصود ہو تو استعمال کرنا ممنوع نہیں (۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

## پائجامہ اور لنگی میں کون افضل ہے

سوال[۹۲۹۳]: پائجامہ پہننا افضل ہے یا لنگی، اگر پائجامہ ہے تو کس قسم کا؟ اور اگر لنگی ہے تو کس قسم کی، سلی ہوئی یا بغیر سلی ہوئی؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کیا ثابت ہے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لنگی پسند کرتے تھے یا پائجامہ، اگر لنگی تو سلی ہوئی یا بغیر سلی ہوئی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

پائجامہ خریدنا اور پسند فرمانا تو ثابت ہے (۲)، ایک روایت میں پہننا بھی منقول ہے (۳) اس کی

---

(۱) "وقد علمت أن العبرة للحمة لا للظاهر على الظاهر، فافهم". (تنوير الأبصار مع ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس: ۳۵۸/۶، سعيد)

"يكره للرجال أن يلبسوا الثوب المصبوغ بالعصفر أو الورس أوالزعفران". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس، ص: ۳۴۹/۸، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الكراهية، في اللبس: ۱۹۱/۴، مكتبه غفاريه كوئٹه)

"مرد کے لئے کسم اور زعفرانی رنگ اتفاقاً ممنوع ہے، سرخ رنگ میں اختلاف ہے............ مفتی بہ قول یہ ہے کہ مکروہ تنزیہی ہے، باقی سب رنگ جائز ہیں"۔ (إمداد الفتاوى، كتاب الحظر والإباحة، أحكام متعلقه لباس، عنوان مسئلہ: حرمت علت رنگ والوان مختلف: ۱۲۵/۴، دار العلوم كراچى)

(۲) "عن سويد بن قيس رضي الله تعالىٰ عنه قال: أتانا النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فساومنا سراويل". (سنن ابن ماجة، كتاب اللباس، باب لبس السراويل، ص: ۲۵۶، قديمى) ............ =

.........................................................................................

= (وكذا في جمع الوسائل: ١/٢١٥، تاليفات اشرفيه)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ازار پائے کو پہنا ہے۔ اگر ازار پائے سے وہی مراد ہے جو چادر کی مانند بیان کرتے ہیں تو ظاہر ہے اسے بیان کرنے کی کوئی ضرورت نہ تھی اور اگر مراد سراویل یعنی پائے جامہ ہے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اس کے پہننے میں اختلاف ہے، بعض اس پر یقین رکھتے ہیں کہ آپ نے سراویل نہیں پہنی، لیکن شمنی شرح شفاء میں کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سراویل پہنی ہے۔ لیکن حضور کا سراویل خریدنا تو متفق علیہ ہے۔ چنانچہ جامع الاصول میں ترمذی وابوداؤد کی حدیث سے مروی ہے کہ سراویل کا یہ خریدنا مکہ مکرمہ میں تھا۔

اور ابوعلی موصلی اپنی مسند میں بہ سند ضعیف حضرت ابوھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بیان کیا: میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ بازار آیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سراویل چار درہم میں خریدی اور بازار والوں کا ایک وزان یعنی تولنے والا تھا جو قیمت کو وزن کرتا تھا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: خوب خوب کھینچ کر (زیادہ) تولو، اس شخص نے کہا میں نے کبھی بھی کسی کو ایسا کہتے نہیں سنا کہ وہ قیمت کی ادائیگی ایسا کلمہ کہہ کر کرے، اس پر ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: افسوس ہے تجھ پر تو اپنے نبی کو نہیں پہچانتا، پھر وہ شخص ترازو چھوڑ کر کھڑا ہوگیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دستِ مبارک کو بوسہ دیا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک کھینچ کر فرمایا، یہ عجمیوں کا دستور ہے کہ وہ بادشاہوں کے ساتھ ایسا کرتے ہیں، میں بادشاہ نہیں ہوں، بلکہ از قبیلِ شماہوں۔

پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سراویل لے کر روانہ ہوئے۔ ابوھریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے چاہا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست مبارک سے سراویل کو لے لوں اور خود اٹھا کر لے چلوں۔ فرمایا: سامان کا مالک زیادہ لائق ہے کہ وہ اپنے سامان کو اٹھائے، مگر وہ کہ کمزور و ناتواں ہو تو اسے اس کا بھائی مدد دے۔ پھر میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا آپ سراویل کو پہنیں گے، فرمایا: ہاں میں سفر وحضر اور شب وروز پہنتا ہوں، اس لئے کہ مجھے ستر چھپانے کا حکم دیا گیا ہے، اور میں اس سراویل سے زیادہ ستر پوش کوئی جامہ نہیں پاتا اور طبرانی ودارقطنی اور عقیلی بھی اس حدیث کو روایت کرتے ہیں، لیکن سندِ ضعیف کے ساتھ۔ اور اس حدیث کا دار ومدار یوسف بن زیاد واسطی پر ہے جو کہ بہت ہی ضعیف ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خریدنا صحیح وثابت ہے۔

اور ابن قیم اپنی کتاب ہدی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں کہتے ہیں کہ ظاہر ہے کہ خریدنا پہننے کے لئے تھا اور روایت بھی کیا گیا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سراویل پہنی اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابہ نے بھی آپ کے زمانہ اقدس میں آپ کی اجازت سے پہنی، اور امام بخاری اپنی صحیح میں ترجمہ لائے ہیں، لیکن کوئی حدیث اس کے پہننے کی نہیں لائے، اس لئے کہ صحیح نہ ہوگی۔ اور اس طریقہ اور شرط کے ساتھ جو امام بخاری کے نزدیک معتبر تھی محدثین روایت لاتے ہیں کہ امیر =

..........

= المومنین سیدنا عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ جس دن شہید ہوئے وہ سراویل پہنے ہوئے تھے۔ اور روایت کیا گیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سراویل پہننے کو لازم کرلو، اس لئے کہ وہ سب سے زیادہ تمہارا ستر پوش ہے۔ اور عورتیں جو باہر نکلتی ہیں ان کو محصن ومحفوظ بناتا ہے، یعنی سراویل ان کے لئے زیادہ لائق ومناسب ہے، خصوصاً گھر سے باہر نکلنے کی حالت میں۔

اسی طرح بعض مصنفین ؒ بھی روایت لاتے ہیں اور اس حدیث کو علامہ امام جلال الدین سیوطی ؒ جمع الجوامع میں امیر المومنین سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے ان لفظوں کے ساتھ لائیں ہیں کہ: انہوں نے فرمایا: میں رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس بقیع میں بارش کے دن بیٹھا ہوا تھا کہ ایک عورت گدھے پر سوار گذری اس کے ساتھ بوجھ تھا، گدھے کا پاؤں زمین کے نشیب میں پھسلا اور وہ عورت زمین پر گر پڑی، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا رخ انور ادھر سے پھیر لیا۔ صحابہ کہنے لگے: یا رسول اللہ! وہ سراویل پہنے ہوئے ہیں، پھر دعا فرمائی:

**اللّٰهم اغفر للمسترولات من أمتي، يأيها الناس! اتخذوا السرويلات، فإنها من أستر ثيابكم، وخصوا بها من نساء كم".**

یعنی: ''اے خدا! میری امت کے پائے جامہ پہننے والوں کو بخش دے، اے لوگو! پائے جامہ پہننے کو لازم کرلو یہ تمہارے کپڑوں میں سب سے زیادہ ستر پوش ہے اور تمہاری عورتیں تو اسے خاص ہی کرلیں''۔

اس حدیث کو ترمذی اور العقیلی نے الضعفاء میں اور ابن عدی نے الآداب میں اور دیلمی نے مسند الفردوس میں روایت کیا ہے اور کہا گیا ہے کہ اس حدیث کو ابن جوزی موضوعات میں لائے ہیں، لیکن انہوں نے یہ درست نہیں کیا، کیونکہ میرے نزدیک یہ حدیث متعدد سندوں سے ثابت ہے''۔ (**حاشية مدارج النبوة، باب: تواضع، ادب اور حسن معاشرت: ١/٨٥، مدينه پبلشنگ كمپني كراچي**)

(**شرح سفر السعادة، باب درعموم احوال ومعاشي، فصل درپوشش هائے مختلف، ص: ٤٣٥، ٤٣٦، مطبع منشي نول كشور**)

(٣) **"واشترى سراويل، والظاهر أنه إنما اشتراها ليلبسها، وقد روى في غير حديث أنه لبس السراويل، وكانوا يلبسون السراويلات بإذنه". (زاد المعاد، باب فضل الحج الأكبر، فصل في وملا لبسه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ٥٤، دار الفكر)**

کیفیت کا علم نہیں، زیادہ تر لنگی ہی استعمال فرماتے تھے(۱)، سلی ہوئی تھی یا بغیر سلی ہوئی اس کا علم نہیں، اندازہ یہ ہے کہ بغیر سلی ہوئی تھی۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۱/۶۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۷/محرم الحرام/۶۸ھ۔

## غسل کے بعد کرتا پہلے پہنے یا پائجامہ

سوال[۹۲۹۴]: غسل کرنے کے بعد پہلے پائجامہ پہنے یا قمیص؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

دونوں طرح درست ہے، پہلے کرتا پہننا بہتر ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

---

(۱) "كان عثمان يأتزر إلى أنصاف ساقيه، وقال: هكذا كانت إزرة صاحبي يعني النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم". (شمائل الترمذي، باب ماجاء في صفة إزار رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ٨، سعيد)

"عن أم سلمة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: كان أحب الثياب إلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يلبسه" حال منْ أحب: أي يحبه للبسه له لا لنحو تصدق "القميص" قال الزين العراقي رحمه الله تعالىٰ: فيه ندب لبس القميص، وإنه كان أحب الثياب إلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، لما فيه من مزيد الستر لإحاطته بالبدن بالخياطة بخلاف الرداء والإزار والشمله ونحوها مما يشتمل به سما يحتاج إلى ربط أو إمساك أو لف أو عقد؛ إذ ربما غفل عنه لابسه فيسقط عنه بخلاف القميص". (شرح المناوي للشمائل على هامش جمع الوسائل، باب ماجاء في لباس رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ١٣٢/١، ادارة تاليفات اشرفيه ملتان)

(۲) "ودر جبہ وپیراہن وجبہ پوشیدن سنت آنست کہ دست راست ودرآورد وباز دست چپ ......... چنانچہ معمولی است ولفافہ مردہ رانیز ہمیں دستور کنند"۔ (ضیاء القلوب، ص:۱۵۴)

"تبسط اللفافة أولا ثم يبسط الإزار عليها، ويقمص، ويوضع على الإزار، ويلف يساره ثم يمينه ثم اللفافة كذلك، ليكون الأيمن على الأيسر الخ". وقال شامية: "(قوله: ويقمص، الخ): أي الميت =

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/صفر/ ۶۹ ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/صفر/ ۶۹ ھ۔

☆......☆......☆......☆......☆

---

= أی یلبس القمیص بعد تنشیفه بخرقة. (وقوله: لیکون الأیمن علی الأیسر، الخ) اعتباراً بحالة الحیاة".

(ردالمحتار مع الدر المختار، کتاب الصلوة، باب صلوة الجنازة: ۲/ ۲۰۴، سعید)

(وکذا فی الحلبی الکبیر، ص: ۵۸۱، سهیل اکیڈمی لاهور)

# الفصل الثانی فی لبس البنطلون والصُّدرة وغیرهما

## (پینٹ، کوٹ وغیرہ کے استعمال کا بیان)

### کوٹ، پتلون اور انگریزی بال

سوال [۹۲۹۵]: کوٹ اور پتلون پہننے والوں اور سر پر انگریزی بال رکھنے والوں کے حق میں اب اس حدیثِ تشبہ کا اطلاق ہوتا ہے یا نہیں، جس کا مفہوم یہ ہے کہ جو شخص جس قوم کی مشابہت اختیار کرے گا، اس کا حشر اسی قوم کے ساتھ ہوگا، اگر اب بھی اطلاق ہوتا ہے تو کیا انگریزی بال رکھنے والا ہر وقت گناہ میں مبتلا رہتا ہے، یا صرف ایک گناہ میں کہ انگریزی بال رکھے ہیں؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

اب اس میں اتنا تشدد نہیں، اتنا ضرور ہے کہ ان اطراف میں یہ صلحاء کا لباس نہیں، اس سے بچنا چاہیے، کراہت کا درجہ ہے(۱)۔ انگریزی بالوں میں بھی کراہت ہے جو مستر ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) ''آج کل پینٹ شرٹ (کوٹ پتلون) اور انگریزی بال کا اگرچہ مسلمانوں میں عام رواج ہوگیا ہے، مگر اس کے باوجود اسے انگریزی لباس ہی سمجھا جاتا ہے۔ الغرض تشبہ بالکفار نہ بھی ہو تو تشبہ بالفساق میں تو کوئی شبہ نہیں، لہذا ایسے لباس سے احتراز ضروری ہے۔ پتلون کے متعلق یہ تفصیل اس وقت ہے جب اس سے واجب الستر اعضاء کی بناوٹ اور حجم نظر نہ آتا ہو، اگر پتلون اتنی چست اور تنگ ہو کہ اس سے اعضاء کی بناوٹ اور حجم نظر آتا ہو- جیسا کہ آج کل ایسی پتلون کا کثرت سے رواج ہوگیا ہے- تو اس کو پہننا اور لوگوں کو دکھانا اور دیکھنا سب ناجائز ہے:

''عنه (ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما) قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم"''. (سنن أبی داؤد، کتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة: ۲/۵۵۸، دار الحدیث ملتان) ........................................ =

## پینٹ کوٹ کا استعمال

سوال[۹۲۹۶]: پینٹ اور کوٹ نماز کے بعد پہن لیا جائے تو کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جس علاقہ میں یہ کفار وفساق کا شعار ہو، وہاں اس سے پرہیز کیا جائے اور جہاں شعار نہ ہو، سبھی استعمال کرتے ہوں وہاں کا یہ حکم نہیں (۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۸/۹۶ھ۔

---

= (ومشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمی)

قال علی القاری: "أی من شبّه نفسه بالكفار مثلاً فی اللباس و غيره أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أی فی الإثم أو الخير عند الله تعالیٰ...... اهـ". (مرقاة المفاتيح، الفصل الثانی، (رقم الحديث: ۴۳۴۷): ۱۵۵/۸، رشيديه)

"وعلى هذا لا يحل النظر إلى عورة غيره فوق ثوب ملتزق بها يَصِف حجمها، فيحمل ما مر على ما إذا لم يصف حجمها". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، باب فی النظر واللمس: ۳۶۶/۶، سعيد)

قال العثمانی مدظله العالی: "فكل لباس ينكشف معه جزء من عورة الرجل و المرأة، لا تقره الشريعة الإسلامية مهما كان جميلاً أو موافقاً لدور الأزياء. وكذلك اللباس الرقيق أو اللاصق بالجسم الذی يحكی للناظر شكل حصة من الجسم الذی يجب ستره، فهو فی حكم ما سبق فی الحرمة و عدم الجواز". (تكملة فتح الملهم، كتاب اللباس والزينة: ۸۸/۴، مكتبه دار العلوم كراچی)

(۲) "عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: نهی رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: عن القزع". والقزع أن يحلق رأس الصبی، فيترك بعض شعره". (سنن أبی داؤد، كتاب الترجل، باب فی الصبی له ذؤابة: ۵۷۷/۲، دار الحديث ملتان)

"ويكره القزع، وهو أن يحلق البعض و يترك البعض قطعاً مقدار ثلاثة أصابع، كذا فی الغرائب". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فی البيع: ۴۰۷/۶، سعيد)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر: ۳۵۷/۵، رشيديه)

(۱) "عنه (ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما) قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "من تشبه =

## درزی کو ناجائز لباس سینا

سوال[۹۲۹۷]: میں سلائی کا کام کرتا ہوں اور لوگ ہر قسم کا نقشہ یا ہر قسم کا لباس سلوا کر پہنتے ہیں تو مجھے سینا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ناجائز لباس سینا مکروہ ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۵/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۵/ ۸۸ھ۔

## کوٹ پتلون سینا

سوال[۹۲۹۸]: زید کا کام کپڑے سینے کا ہے اور مختلف قسم کے کپڑے بنانے ہوتے ہیں جس میں کوٹ پتلون بھی تیار کرنا ہوتا ہے اور پتلون اس وقت اس قسم کی تیار کی جارہی ہے کہ رانوں میں پھنسی ہوتی ہے۔ جواب عنایت فرمائیں کہ کوٹ اور پتلون سینا جائز ہے یا ناجائز؟

---

= بقوم، فهو منهم". (سنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة: ۵۵۸/۲، دار الحديث ملتان)

(ومشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمي)

(وفيض القدير شرح الجامع الصغير: ۵۷۴۳/۱۱، (رقم الحديث: ۸۵۹۳)، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

(۱) اگر اعضاء کی بناوٹ اور حجم نظر آتا ہو تو پھر اس طرح کے لباس کا سینا اور پہننا اور اس کو دیکھنا سب اعانت علی المعصیۃ ہونے کی بناء پر ناجائز ہے:

"وعلى هذا لا يحل النظر إلى عورة غيره فوق ثوب ملتزق بها، يَصِف حجمها، فيحمل على مامر". (ردالمحتار: ۳۶۶/۶، فصل في النظر واللمس من كتاب الحظر والإباحة، سعيد)

"فإذا ثبت كراهة لبسها للتختم، ثبت كراهة بيعها وصيغها، لما فيه من الإعانة على ما لايجوز، وكل ما أدّى إلى مالا يجوز لايجوز، و تمامه في شرح الوهبانية". (الدرالمختار: ۳۶۰/۶، فصل في اللبس، كتاب الحظر والإباحة، سعيد)

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس طرح کا کپڑا سینے میں انکشافِ ستر کا تو احتمال نہیں ہے، یعنی اس سے مرد کا وہ حصہ بدن نہیں کھلتا جس کا چھپانا فرض ہے، رانوں میں اگر پتلون اس طرح پھنسی ہو کہ ران کی ہیئت ادھر سے ظاہر نہ ہوتی ہو تو کچھ اشکال نہیں (۱)۔ البتہ خود ایسے کپڑے پہننا مکروہ ہے تو اس وجہ سے ان کے سینے میں بھی ایک قسم کی کراہت ہوگی، لیکن اگر یہ لباس عامۂ مسلمان پہنتے ہوں تو کراہت بھی نہیں ہوگی (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیوبند۔

---

(۱) "(قوله: و لا يضر التصاقه): أي بالإلية مثلاً ........ وعبارة شرح المنية: أما لو كان غليظاً لا يرى منه لون البشرة إلا أنه التصق بالعضو، وتشكل بشكله، فصار شكل العضو مرئياً، فينبغي أن لا يمنع جواز الصلوة". (ردالمحتار: ۱/۴۱۰، كتاب الصلوة، باب شروط الصلوة، مطلب في النظر إلى وجه الأمرد، سعيد)

"أقول: مفاده أن رؤية الثوب بحيث يَصِف حجم العضو ممنوعةٌ ولو كثيفاً لا ترى البشرة منه ........ وحقيقته صار له حجم: أي نتوو ارتفاع. ومنه قوله: حتى يتبين حجم عظامها، وعلى هذا لايحل النظر إلى عورة غيره فوق ثوب ملتزق بها يَصِف حجمها، فيحمل مامر". (ردالمحتار: ۶/۳۶۶، فصل في النظر والمس، كتاب الحظر والإباحة، سعيد)

(۲) واضح رہے کہ یہ حکم اس لباس کا ہے جس میں اعضاء کی بناوٹ اور حجم نظر نہ آتا ہو، لیکن اگر اعضاء کی بناوٹ اور حجم نظر آتا ہو تو پھر اس طرح کے لباس کا سینا اور پہننا اور اس کو دیکھنا سب اعانت علی المعصیۃ ہونے کی بناء پر ناجائز ہے:

"وعلى هذا لا يحل النظر إلى عورة غيره فوق ثوب ملتزق بها، يَصِف حجمها، فيحمل على مامر". (ردالمحتار: ۶/۳۶۶، فصل في النظر واللمس من كتاب الحظر والإباحة، سعيد)

"فإذا ثبت كراهة لبسها للتختم، ثبت كراهة بيعها وصيغها، لما فيه من الإعانة على ما لايجوز، وكل ما أدّى إلى مالا يجوز لايجوز، و تمامه في شرح الوهبانية". (الدرالمختار: ۶/۳۶۰، فصل في اللبس، كتاب الحظر والإباحة، سعيد)

## کوٹ قمیص، بوشٹ، ترکی ٹوپی وغیرہ

سوال[۹۲۹۹]: مروجہ کوٹ، کالردار قمیص اور بوشٹ (۱) کا استعمال کیسا ہے؟ اور ترکی ٹوپی کا استعمال کیسا ہے اور برجس جو کہ گھوڑے کی سواری کے وقت استعمال ہوتی ہے اس کا استعمال کیسا ہے اور پیتل وغیرہ کے بٹن اور دیگر اشیاء مثلاً لوٹا، دیگچی، یا عورتوں کے لئے زیورات کا استعمال جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب حامداًومصلياً:**

لباس مذکور اس زمانہ میں صلحاء کا لباس نہیں اس لئے اس لباس سے اجتناب چاہئے (۲)، خصوصاً اہل علم کو کہ وہ مقتدا ہیں اور جو لباس کسی غیر قوم کا مخصوص قومی شعار ہے، اس کا استعمال نہایت خطرناک ہے، حتی کہ فقہاء نے ایسے لباس اختیار کرنے والے کی تکفیر کی ہے (۳)۔

ترکی ٹوپی کا رنگ حضرت مولانا گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ کے فتوے کے مطابق ناپاک ہوتا ہے (۴)، اس لئے اس کو جب تک اس قدر نہ دھولیا جائے کہ رنگ کٹنا بند ہو جائے، اس سے نماز درست نہیں (۵)، اگر وہ سرخ

---

(۱) ''بوشٹ:بوٹ''۔(فیروز اللغات، ص: ۲۲۵، فیروز سنز لاهور)

(۲) قال علی القاری: "أی من شبه بالكفار مثلاً فی اللباس و غيره أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أی فی الإثم أو الخير عند الله تعالىٰ............ (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثانی: ۱۵۵/۸، (رقم الحديث: ۴۳۴۷)، رشيديه)

(۳) "المبدء الثالث: أن اللباس الذی يتشبه به الإنسان بأقوام كفرة، لا يجوز لبسه لمسلم إذا قصد بذلك التشبه بهم". (تكملة فتح الملهم، كتاب اللباس والزينة: ۸۸/۴، مكتبه دارالعلوم كراچی)

(۴) واضح رہے کہ فتاویٰ رشیدیہ میں مختلف رنگوں کے متعلق فتاویٰ موجود ہیں۔ لیکن اس میں ترکی ٹوپی کے رنگ کی کوئی تصریح موجود نہیں، البتہ ترکی ٹوپی کے متعلق یہ فتویٰ موجود ہے:

**سوال:** ''ترکی ٹوپی کا اوڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

**جواب:** ''ٹوپی ترکی اصل شعار نیچریوں کا ہے، مگر دوسرے لوگوں میں بھی شائع ہو جاوے تو مضائقہ نہیں''۔

(فتاویٰ رشیدیہ، کتاب جواز وحرمت کے مسائل، ترکی ٹوپی پہننا، ص: ۲۸۵، سعید)

(۵) "(ولا يضر بقاء أثر) كلون وريح (لازم) فلا يكلف فی إزالته إلی ماء حار أو صابون ونحوه، بل يطهر ماصبغ أو خضب بنجس بغسله ثلاثاً، والأولىٰ غسله إلی أن يصفو الماء". (الدر المختار). =

رنگ سے رنگی ہوئی ہوتو اس کا استعمال ناجائز ہے، کیونکہ مرد کو خالص سرخ رنگ کا استعمال منع ہے(۱)۔

پیتل کے زیورات اور ظروف جو دیگر اقوام کے ساتھ مخصوص نہیں عورتوں کو جائز ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۹/۷/۵۶ھ۔

پیتل کے زیورات اور برتن بلاقلعی کے مکروہ ہیں، کما فی ردالمحتار (۲)۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف مدرسہ مظاہر علوم، ۲۹/رجب/۵۶ھ۔

---

= قال ابن عابدین رحمه الله تعالىٰ: "إعلم أنه ذكر في المنية أنه لو أدخل يده في الدهن النجس أو اختضبت المرأة بالحناء النجس، أو صبغ الثوب بالصبغ النجس، ثم غسل كل ثلاثاً، طهر. ثم ذكر عن المحيط أنه يطهر إن غسل الثوب حتى يصفو الماء، ويسيل أبيض". (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، مطلب في حكم الصبغ والاختضاب بالصبغ أو الحناء النجسين: ۱/ ۳۲۹، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني في تطهير النجاسات: ۱/ ۲۳۰، قديمي)

(وكذا في المحيط البرهاني، كتاب الطهارات، الفصل الثابع في النجاسات وأحكامها، في تطهير النجاسات: ۱/ ۲۲۰، غفاريه كوئٹه)

(۱) "ويكره الأحمر والمعصفر للرجال؛ لأنه عليه السلام نهى عن لبس الأحمر والمعصفر ........... فأفاد أن المراد كراهة التحريم، وهو المحمل عند الإطلاق". (مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۴/ ۱۹۱، غفاريه كوئٹه)

(وكذا في الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۶/ ۳۵۸، سعيد)

(۲) "(ويكره الأكل في نحاس أو صفر، الخ) ........... وفي الجوهرة: وأما الآنية من غير الفضة والذهب، فلابأس بالأكل والشرب فيها والانتفاع بها كالحديد والصفر والنحاس والرصاص والخشب والطين". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة: ۶/ ۳۴۳، سعيد)

کراہت کا قول بلاقلعی زنگ کی بناء پر ہے کہ وہ صحت کے لئے نقصان دہ ہے:

"ثم قيد النحاس بالغير المطلي". (ردالمحتار، المصدر السابق)

"حاصل یہ ہے کہ کان میں، ہاتھوں میں، گلے میں زیور پہننا شرعاً جائز ہے اور عورتوں کو چونکہ قدرتی اور فطری طور پر زینت کی ضرورت ہے، اس لئے شریعت نے ان کے لئے چاندی، سونے کے زیور کی بھی اجازت ہے، حالانکہ مردوں کو چاندی، =

## قمیص، پینٹ، کوٹ پہننا

سوال[۹۳۰۰]: ۱......قمیص، پینٹ، کوٹ ان تینوں چیزوں کا پہننا جائز ہے کہ نہیں؟ اگر ان کو پہن کر نماز ادا کریں تو نماز مکروہ ہوگی یا نہیں؟

۲......ان تینوں کا پہننا مطلقاً مکروہ ہے یا نہیں، اگر اس میں کراہت ہے تو کس درجہ کی؟

۳......مشابہتِ قوم سے کیا مراد ہے؟ اگر عام طور پر مسلم ہندو قمیص کو پہنتے ہیں، کسی قوم کا شعار باقی نہ رہا، پھر ان سے تو مشابہت باقی نہیں رہتی ہے، جیسے ساڑھی صوبہ بہار میں ہندو اور مسلم عورتیں عام طور پر پہنتی ہیں۔ تو ایسی صورت میں ساڑھی کا استعمال کرنا درست ہے یا نہیں؟

**الجواب حامداً ومصلياً:**

جہاں جو لباس کفار یا فساق کا شعار نہ ہو، بلکہ عام طور پر صلحاء اور فساق سب ہی استعمال کرتے ہوں، وہاں اس کو ممنوع نہیں کہا جائے گا، ہاں لباسِ مسنون کو اس کے مقابلہ میں احسن وافضل کہا جائے گا۔ اور جہاں جس قدر شعاریت ہوگی اسی قدر کراہت ہوگی (۱)۔ اس کلیہ کے تحت اشیائے مسئولہ اور ان کے علاوہ بہت سی اشیاء کا حکم معلوم ہوسکتا ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۱۴/۶/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیوبند، ۱۵/۶/۹۰ھ۔

---

= سونا پہننے کی اجازت نہیں، کانوں میں بالیاں جبکہ عہدِ نبوی میں پہنی گئی اور شرعاً اس کو جائز کہا گیا تو کانوں کو چھیدنے کو مثلہ کے مشابہ خیال کرنا بھی غلطی ہے"۔ (کفایت المفتی، كتاب الحظر والإباحة، بارہواں باب: زیورات، زیور کے متعلق ایک تفصیلی مضمون: ۹/۱۸۳)

(۱) "عنه (ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما) قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (سنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة: ۲/۵۵۸، دار الحديث ملتان)

(ومشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمي)

قال علي القاريؒ: أي من تشبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم" أي في الإثم أو الخير عند الله تعالىٰ". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۳۴۷): ۸/۵۵، رشيديه)

## دفتر کے وقت پتلون پہننا

سوال[۹۳۰۱]: ایک مسلمان سرکاری دفتر میں ملازم ہے، دفتر میں جب جاتا ہے تو پتلون وغیرہ پہن کر جاتا ہے اور واپس آکر اتار دیتا ہے۔ تو کیا دفتر کے وقت پہننا جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہاں پتلون کفار یا فساق کا مخصوص شعار نہیں ہے تو پہننا جائز ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳/ ۷/ ۸۷ھ۔

## لباس، پتلون وغیرہ

سوال[۹۳۰۲]: پتلون وقمیص پہننے والا انسان جنت میں جاسکتا ہے یا نہیں؟ اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوسکتا ہے یا نہیں؟ بعض لوگوں کے مطابق پتلون وقمیص تشبہ بہ انگریز ہے تو کیا علی گڑھ کٹ پائجامہ اور بنگلہ کرتا یا کلی دار کرتہ، لکھنوی کرتہ جس کو عام طور سے ہندوستانی لوگ اور کانگریسی لوگ استعمال کرتے ہیں، اس میں تشبہ بالہنود نہیں ہے؟ علی گڑھ پائجامہ اور پتلون میں کیا فرق ہے؟ کیا علی گڑھ کٹ پائجامہ اور کرتہ وگاندھی کیپ (ٹوپی) درست ہے؟

جیسا لباس آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، یا امام ابوحنیفہ، امام شافعی، امام مالک، امام احمد، امام بخاری رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین استعمال کرتے تھے۔ آپ تمام لوگوں کا لباس

---

(۱) "(قوله: و لا يضر التصاقه): أي بالإلية مثلاً ............ وعبارة شرح المنية: أما لو كان غليظاً لا يرى منه لون البشرة إلا أنه التصق بالعضو، وتشكل بشكله، فصار شكل العضو مرئياً، فينبغي أن لا يمنع جواز الصلوة". (ردالمحتار: ۱/ ۴۱۰، كتاب الصلوة، باب شروط الصلوة، مطلب في النظر إلى وجه الأمرد، سعيد)

"أقول: مفاده أن رؤية الثوب بحيث يَصِف حجم العضو ممنوعةٌ ولو كثيفاً لا ترى البشرة منه ............ وحقيقته صار له حجم: أي نتوء ارتفاع. ومنه قوله: حتى يتبين حجم عظامها، وعلى هذا لايحل النظر إلى عورة غيره فوق ثوب ملتزق بها يَصِف حجمها، فيحمل مامر". (ردالمحتار: ۶/ ۳۶۶، فصل في النظر والمس، كتاب الحظر والإباحة، سعيد)

کیسا تھا، اور کس رنگ کو پسند فرماتے تھے؟ اگر آپ لوگوں کا لباس یہ نہیں تھا اور نہ پتلون وقمیص کے مثل تھا تو قمیص وپتلون پہننا کیسا ہے؟ دونوں میں آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لباس میں تشابہ نہیں ہے؟ اگر تشابہ ہے تو مع دلیل واضح فرمائیں۔

کیا صرف بنیان ولنگی پہن کر گھر سے باہر نکلنا، یا چوراہے پر جانے کو شریعت نے پسند فرمایا ہے یا نہیں؟

اگر پتلون قمیص تشبہ باہلِ کتاب ہے تو کیا کلائی کی گھڑی وامریکن پائخانہ، بجلی کا پنکھا، ٹیری کاٹ، ٹیر لین پہننا، جدید طرز کی عمارت بنوانا، صوفا سیٹ، کیا یہ تمام چیزیں انگریزوں سے مشابہت نہیں ہے؟ یہ سب تو انگریزوں کی دین ہے۔ کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا رہن سہن ایسا ہی تھا؟ کیا عورتوں کا ساڑھی، قمیص اور بلاؤز پہننا تشبہ بالہنود نہیں ہے؟ کیا عورتوں کو ہر قسم کا لباس پہننے کی اجازت ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور دیگر امہات المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن کا لباس کیسا تھا؟

**بعض آیت قرآنی مثلاً:** ﴿إن أكرمكم عند الله أتقاكم﴾(۱) یا "إن الله لاينظر إلى صوركم، ولكن ينظر إلى قلوبكم وأعمالكم"(۲) سے اللہ تعالیٰ کیا بیان فرمانا چاہتے ہیں؟ اگر پتلون قمیص پہن کر اچھی طرح شریعت کی پابندی اور دین کے ارکان کو ادا کرے، تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک کیسا بندہ ہے؟

**الجواب حامداًومصلياً:**

جو لباس کفار یا فساق کا شعار ہو اس کا استعمال کرنا منع ہے(۳)۔ قمیص اور علی گڑھ پائجامہ ناجائز نہیں ہے، اس کو پہن کر اطاعت کرنے سے مستحقِ جنت ہوسکتا ہے۔ پینٹ بھی اہل کتاب کا مخصوص شعار نہیں رہا۔ امید ہے کہ آپ کے معارضات کے جواب کی ضرورت نہیں رہی ہوگی۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۸/۲۸ھ۔

---

(۱) (سورة الحجرات: ۱۳)

(۲) (مسند الإمام أحمد بن حنبل: ۳/۳۶۱، مسند أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه، (رقم الحديث: ۱۰۵۷۷)، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(۳) قال علي القاري: "أي من شبه بالكفار مثلاً في اللباس و غيره أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أي في الإثم أو الخير عند الله تعالىٰ.......... (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني: ۸/۱۵۵، (رقم الحديث: ۴۳۴۷)، رشيديه)

## ٹائی کا استعمال

سوال[۹۳۰۳]: ۱...... کسی ملازمت میں ترقی کا معیار ٹائی باندھنے پر ہو تو ایسی صورت میں ٹائی باندھنا جائز ہے یا نہیں؟

۲...... کسی کالج یا اسکول کی پوشاک میں ٹائی باندھنے کی اجازت ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱...... ٹائی ایک وقت میں نصاریٰ کا شعار تھا، اس وقت اس کا حکم بھی سخت تھا، اب غیر نصاریٰ بھی بکثرت استعمال کرتے ہیں، اب اس کے حکم میں تخفیف ہے، اس کو شرک یا حرام نہیں کہا جائے گا، کراہیت سے اب بھی خالی نہیں، کہیں کراہیت شدید ہوگی، کہیں ہلکی۔ جہاں اس کا استعمال عام ہو جائے وہاں اس کے منع پر زور نہیں دیا جائے گا(۱)۔

---

(۱) ٹائی کا استعمال اگرچہ مسلمانوں میں بھی عام ہوگیا ہے، مگر اس کے باوجود انگریزی لباس کا حصہ ہی ہے، اگر انگریزی لباس تصور نہ کیا جائے، لیکن فساق وفجار کا لباس تو بہر حال ہے، لہٰذا تشبہ بالفساق کی وجہ سے ممنوع قرار دیا جائے گا۔ دوسری بات یہ کہ اہلِ صلاح اس لباس کو پسند بھی نہیں کرتے، کیونکہ یہ علماء وصلحا کے لباس کے خلاف ہے۔ تیسری بات یہ کہ اس کے علاوہ ٹائی میں ایک اور خرابی یہ بھی ہے کہ عیسائی اس سے اپنے عقیدہ "صلیبِ عیسیٰ علیہ السلام" یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مصلوب کئے جانے کی طرف اشارہ کرتے ہیں، جو کہ نصِ قرآنی کے خلاف ہے، لہٰذا تشبہ بالکفار کے ساتھ ساتھ عیسائیوں کے مذہبی یادگار اور مذہبی شعار ہونے کی وجہ سے بھی پہننا جائز نہیں:

"وعنه (أي عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما) قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه بقوم": أي من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف والصلحاء الأبرار. "فهو منهم": أي في الإثم والخير. قال الطيبي: هذا عام في الخَلق والخُلق والشعار، ولما كان الشعار أظهر في الشبه ذكر في هذا الباب. قلت: بل الشعار هو المراد بالتشبه لاغير، فإن الخلق الصوري لايتصور فيه التشبه .......... وقد حكى حكايةً غريبةً ولطيفةً عجيبةً، وهي: أنه لما أغرق الله سبحانه فرعون وآله لم يغرق مسخرته الذي كان يحاكي سيدنا موسىٰ عليه الصلوة والسلام في لبسه وكلامه ومقالاته، فيضحك فرعون وقومه من حركاته وسكناته، فتضرع موسىٰ إلى ربه: "يارب! هذا كان يؤذيني أكثر من بقية آل فرعون، فقال الرب تعالىٰ: ما أغرقناه، فإنه كان لابساً مثلاً =

۲...... جواب نمبر: ا سے ظاہر ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۳/۲۶ھ۔

## لباس میں فساق وفجار کا شعار

سوال [۹۳۰۴]: تشبہ لباس وغیرہ کے بارے میں ایک استفسار یہ ہے کہ عورتوں کے لئے پائچادار پائجامہ اور ساڑھی جائز ہے یا نہیں؟ اور موٹی ساڑھی پہن کر نماز ہوجاتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جہاں یہ کفار وفساق کا شعار ہے، وہاں ناجائز ہے(۱)۔ جہاں عام ہے، ان کا شعار نہیں، وہاں جائز ہے (۲)۔

---

= لباسک، والحبیب لایعذب من کان علی صورة الحبیب". فانظر من کان متشبهاً بأهل الحق علی قصد الباطل حصل له نجاة صوریة، وربما أدت إلی النجاة المعنویة، فکیف بمن یتشبه بأنبیائه وأولیائه علی قصد التشرف والتعظیم". (مرقاة المفاتیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی (رقم الحدیث: ۴۳۴۷): ۱۵۵/۸، رشیدیه)

البتہ اگر ادارہ یا حکومت کی طرف سے پابندی ہو، نہ لگانے پر سزا دی جاتی ہے، یا کوئی اور رکاوٹ بنتا ہو تو اس صورت میں لگانے والے پر گناہ نہیں ہوگا، بلکہ اس ادارے یا حکومت کے ارکان پر گناہ عائد ہوگا جس نے ایسا ضابطہ بنایا ہے۔

(۱) "وعنه (ابن عمر) رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (سنن أبی داؤد، کتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة: ۵۵۸/۲، دار الحدیث ملتان)

(ومشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۵، قدیمی)

(وفیض القدیر شرح الجامع الصغیر: ۵۷۴۳/۱۱، (رقم الحدیث: ۸۵۹۳)، نزار مصطفی ریاض)

قال علی القاری: "أی من شبّه نفسه بالکفار مثلاً فی اللباس وغیره أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أی فی الإثم أو الخیر عند الله تعالیٰ.......... اهـ". (مرقاة المفاتیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، (رقم الحدیث. ۴۳۴۷): ۱۵۵/۸، رشیدیه)

(۲) "فإن الإسلام .......... لم یقرر للإنسان نوعاً خاصاً أو هیئةً خاصةً من اللباس ولا أسلوباً خاصاً للمعیشة، وإنما وضع مجموعةً من المبادی، والقواعد الأساسیة یجب علی المسلم أن یحتفظ بها فی أمر لباسه، الخ". (تکملة فتح الملهم، کتاب اللباس والزینة: ۸۷/۴، مکتبه دارالعلوم کراچی)

(وکذا فی فتح الباری، باب المتشبهون بالنساء: ۴۰۸/۱۰، قدیمی) ..........=

پھر اگر پردہ پورا ہو تو اس سے نماز بھی درست ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## فساق یا فجار کے شعار کو اختیار کرنا

سوال[۹۳۰۵]: ۱...... نائیلون، پلاسٹک اور کانچ کی چوڑیوں کا استعمال عورتوں کے لئے کیسا ہے؟

۲...... ہمارے علاقہ میں مسلم خواتین مانگ میں سیندور، پیشانی پر رنگ یا سیندور کا ٹیکہ اور بازار کی ٹکیاں لگاتی ہیں، ایسی زینت وآرائش مسلم خواتین کے لئے کیسی ہے؟ شرعی حکم سے مطلع فرماویں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جہاں کفار یا فساق کا شعار ہے وہاں ممنوع ہے، لأجل التشبه(۲)۔ فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۵ھ۔

---

= (وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۸/۳۴۹، رشيديه)

(۱) "عن أم سلمة رضي الله تعالىٰ عنه أنها سألت النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أتصلي المرأة في درع و خمار ليس عليها إزار؟ قال: "إذا كان الدرع سابغاً يغطي ظهور قدميها". (سنن أبي داؤد، كتاب الصلوة، باب في كم تصلي المرأة، ص: ۹۴، دار الحديث ملتان)

(وكذا في البحرالرائق، كتاب الصلوة، باب شروط الصلوة: ۱/۴۷۰، رشيديه)

"ويكفي للمرأة درع ضيق و مقنعة". (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، كتاب الصلوة، باب شروط الصلوة، ص: ۲۱۱، قديمي)

(۲) "وعنه (ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما) قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "من تشبه بقوم، فهو منهم". (سنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة: ۲/۵۵۸، دار الحديث ملتان)

(ومشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمي)

(وفيض القدير شرح الجامع الصغير: ۱۱/۵۷۴۳، (رقم الحديث: ۸۵۹۳)، نزار مصطفى رياض)

قال علي القاري: "أي من شبّه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس و غيره أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أي في الإثم أو الخير عند الله تعالىٰ......... اهـ". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۳۴۷): ۸/۱۵۵، رشيديه)

## لباسِ فساق

سوال[۹۳۰۶]: داڑھی بنانے والا نائی بھی مواخذہ دار ہوگا یا نہیں، کیونکہ اس کا پیشہ یہی ہے، جیسا عوام حکم دیتے ہیں ویسا ہی بناتا ہے؟ اسی طرح کپڑا پہننے والا انگریزی کوٹ یا نیکر یا پتلون وغیرہ سیتے ہیں، یہ کس حکم میں ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

ایسا نائی اور درزی بھی گناہ گار ہے، كذا في الدر المختار مع ردالمحتار: ۲۵۱/۵ (۱) زيلعي: ۴۹/۶ (۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفرلہ۔

## تنگ لباس پر تنبیہ

سوال[۹۳۰۷]: عام مسلمان مرد اور عورتیں دوسری قوموں کی دیکھا دیکھی تنگ لباس پہننے لگیں جس سے تمام اعضاء ظاہر ہونے لگیں۔ یہ سب عریانی کے برابر ہے اور عریانی حرام ہے تو پھر علمائے دین کہاں سو گئے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً:

علمائے دین تو بیدار ہیں اور دوسروں کو بیدار کرتے رہتے ہیں، چنانچہ اس مسئلہ پر بھی رسالہ ''نظام''

---

(۱) "خياطا أمره أن يتخذ له ثوباً على زيّ الفساق، يكره له أن يفعل؛ لأنه سبب التشبه بالمجوس والفسقة". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۳۹۲/۶، سعيد)

(۲) "لو أن خياطاً أمره إنسان أن يخيط له ثوباً على زيّ الفساق، يكره له أن يفعل؛ لأن هذا تسبيب في التشبه بالمجوس والفسقة". (تبيين الحقائق، كتاب الكراهية، فصل في البيع: ۶۵/۷، دارالكتب العلمية بيروت)

"لوأن خياطاً أمره إنسان أن يخيط قميصاً على زيّ الفساق، يكره أن يفعل ذلك".

(البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في البيع: ۳۷۱/۸، رشيديه)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الحظر والإباحة، ومايكره أكله ومالا يكره ومايتعلق بالضيافة: ۴۰۴/۳، رشيديه)

کانپور میں دیر تک بہت سی قسطوں میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ اور رسالہ دارالعلوم دیوبند میں بھی اس پر بحث کی گئی ہے۔ دوسرے لوگ اس بیدار کرنے کے باوجود اگر سوتے ہی رہیں تو وہ خود ذمہ دار ہیں (۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۳/۸۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۳/۸۹ھ۔

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿وما علینا إلا البلاغ المبین﴾ (سورۃ یس: ۱۷)

قال ابن کثیر: "یقولون: إنما علینا أن نبلغکم ما أرسلنا به إلیکم، فإذا أطعتم کانت لکم السعادۃ فی الدنیا والأخرۃ، وإن لم تجیبوا، فستعلمون غب ذلک، واللہ أعلم". (تفسیر ابن کثیر: ۳/۷۴۹، مکتبہ دار السلام ریاض)

قال الآلوسی: تحت قوله تعالیٰ: ﴿وما علینا إلا البلاغ المبین﴾ إلا تبلیغ رسالته تعالیٰ تبلیغاً ظاهراً بیناً بحیث لایخفی علی سامعه، ولا یقبل التأویل والحمل علی خلاف المراد أصلاً وقد خرجنا من عمدته، فلا مؤاخذۃ علینا من جهة ربنا، کذا قیل". (روح المعانی: ۲۲/۲۲۲، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

# الفصل الثالث فی العمامۃ و القلنسوۃ

## ( پگڑی اور ٹوپی کا بیان )

### عمامہ کا حکم

سوال[۹۳۰۸]: عمامہ باندھنا سنت ہے یا نہیں، امام کو پگڑی باندھ کر نماز پڑھانا بہتر ہے یا بغیر پگڑی کے؟ آج کل بہت کم لوگ پگڑی باندھ کر نماز پڑھاتے ہیں، بہتر کیا ہے اور سنت کیا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

عمامہ باندھنا بھی اسی طرح کی سنت ہے، بغیر عمامہ کے نماز پڑھنا اور پڑھانا بلا کراہت جائز ہے، اصرار کی وجہ سے مستحب چیز بھی مکروہ ہو جاتی ہے، قال صاحب السعایۃ: "الإصرار علی المندوب یبلغه إلی حد الکراهة، اھ"(۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

### جس عمامہ پر چاندی کے نقش ہوں اس کا استعمال

سوال[۹۳۰۹]: جس عمامہ پر چاندی کے تاروں کے نقش کئے گئے ہیں، کیا ایسا عمامہ کو استعمال کرنا

---

(۱) (السعایة فی کشف ما فی شرح الوقایة، کتاب الصلوة، باب صفة الصلوة، قبیل فصل فی القرأة: ۲۶۵/۱، سهیل اکیڈمی لاهور)

"قال ابن المنیر: فیه أن المندوبات قد تقلب مکروهات إذا رُفعت عن رتبتها، الخ". (فتح الباری، باب الانفتال والانصراف عن الیمین والشمال، کتاب الصلوة: ۳۳۸/۲ دار المعرفة بیروت)

"وأما إذا سجد بغیر سبب، فلیس بقربة و لا مکروة، وما یفعل عقیب الصلوة مکروه؛ لأن الجهال یعتقدونها سنةً أو واجبةً، وکل مباح یؤدی إلیه، فمکروه، هکذا فی الزاهدی". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلوة، الباب الثالث عشر فی سجود التلاوة: ۱۳۶/۱، رشیدیه)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب سجود التلاوة: ۱۲۰/۲، سعید)

جائز ہے، اور اس کا سر پر باندھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلياً:

اگر یہ نقش کنارے پر چار انگل سے کم یا برابر ہیں تو اجازت ہے، پھر خواہ وہ اتنا گنجان ہی کیوں نہ ہو جس سے کپڑا چھپ جائے، درمختار میں یہ مسئلہ موجود ہے۔ اگر کنارے پر نہیں، بلکہ تمام عمامہ پر ہے اور سب کو جمع کر کے دیکھا جائے تو چار انگل سے زائد نہ ہو تب بھی درست ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۵/۹۰ھ۔

## عمامہ بیٹھ کر، پائجامہ کھڑے ہوکر پہننا

سوال[۹۳۰۱]: عمامہ بیٹھ کر اور پائجامہ کھڑے ہوکر پہننا منع ہے۔ اس کی اصل کہاں تک ہے، احادیث شریفہ، تعاملِ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اس کی کوئی حجت ملتی ہے؟

الجواب حامداًومصلياً:

بعض علماء نے لکھا ہے کہ عمامہ کھڑے ہوکر باندھنا چاہیے اور پائجامہ بیٹھ کر پہننا چاہیے، اس کے خلاف میں کچھ مضرتیں دیکھی ہیں:

"والتعمم قاعداً والتسرول قائماً يورث البخل والتقتير والإسراف والكسل والتواني

---

(۱) "يحرم لبس الحرير و لو بحائلٍ بينه وبين بدنه على المذهب الصحيح، وعن الإمام: إنما يحرم إذا مس الجلد. قال في القنية: و هي رخصة عظيمة في موضعٍ عمّت به البلوى أو في الحرب، فإنه يحرم أيضاً عنده. وقالا: يحل في الحرب على الرجل لا المرأة، إلا قدر أربع أصابع كأعلام الثوب مضمومةً، وقيل: منشورةً، وقيل: بين بين. وظاهر المذهب عدم جمع المتفرق و لو في عمامة، كما بسط في القنية. وفيها: عمامة طرزها قدر أربع أصابع من إبريسم من أصابع عمر رضي الله تعالىٰ عنه، وذلك قيس شبرنا يرخص فيه، الخ". (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس: ۶/۳۵۲، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر مع الملتقى الأبحر، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۴/۱۹۲، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(وكذا في تبيين الحقائق للزيلعي: كتاب الكراهية، فصل في اللبس. ۷/۱۴، دار الكتب العلمية بيروت)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب التاسع في اللبس: ۵/۳۳۲، رشيديه)

والتهاون فی الأمور، کل ذلك يورث النسيان، اه". تعليم المتعلم مع الشرح، ص: ٤٤(١)- فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، یکم/ رجب/ ۵۶ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/ رجب/ ۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

## ٹوپی کا ثبوت

سوال[۹۳۱۱]: اس سلسلہ کی روایت پیش فرمائیں، میرے پاس کوئی کتاب اپنی نہیں ہے، روایت سے بیان فرمائیں جس سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معمول سر پوشی یعنی ٹوپی کے متعلق آجاوے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب

الجواب حامداً ومصلياً:

"واعلم أنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كانت له عمامة سوداء تسمى السحاب، وكان يلبس تحتها القلانس –جمع قلنسوة– وهي غشاء مبطن يستر به الرأس، قاله القراء. وقال غيره: هي التي تسميها الشاشية والعراقيه. وروى الطبراني وأبو الشيخ والبيهقي في شعب الإيمان من حديث ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما: "كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يلبس قلنسوةً ذات آذان يلبسها في السفر، وربما وضعها بين يديه إذا صلى". وإسناده ضعيف، كذا في أبي داؤد والمصنف: "فرق مابيننا وبين المشركين العمائم على القلانس" قال المصنف غريب، وليس إسناده بالقائم. وروى ابن أبي شيبة: "دخل مكة يوم الفتح، وعليه شقة سوداء، وأن عمامته كانت سوداء". جمع الوسائل شرح شمائل: ١/٣٠٤(٢)- فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، دار العلوم دیوبند، ۲۹/۱۲/ ۸۸ھ۔

---

(١) (تعليم المتعلم، طريق التعلم، فصل فيما يجلب الرزق، ص: ٧٥، قديمی)

(٢) (جمع الوسائل، باب ما جاء في عمامة رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ١/١٦٦. مصطفى البابي الحلبي مصر) ............ =

## مسنون ٹوپی

سوال[۹۳۱۲]: حضرت رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی حیاتِ طیبہ میں کس قسم کی ٹوپی استعمال فرمائی ہے گول یا لمبی؟ من فضلك حرروا، وأجيبوا بالحديث الصحيح؟ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

---

= "عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يلبس قلنسوةً بيضاء". (مجمع الزوائد و منبع الفوائد، كتاب اللباس، باب: ٣، في القلنسوة (رقم الحديث: ٨٥٠٥): ١٤٩/٥، عباس أحمد الباز مكة)

(وكذا في المستدرك لحاكم، كتاب معرفة الصحابة، عن حديث أبي درداء، (رقم الحديث: ٥٤٥٠): ٣٨١/٣، دار الكتب العلمية بيروت)

(وانظر أيضاً زاد المعاد، فصل في ملابسه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ٥٢، دار الفكر بيروت)

(وأيضاً رساله: ضياء القلوب في لباس المحبوب من خلاصة الفتاوى: ١٥٣/٣، رشيديه)

"عن ركانة رضي الله تعالىٰ عنه، عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "فرق مابيننا وبين المشركين العمائم على القلانس". (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ٣٧٤، قديمي)

"كانت له عمامة تسمى: السحاب، كساها علياً، وكان يلبسها ويلبس تحتها القلنسوة. وكان يلبس القلنسوة بغير عمامة، ويلبس العمامة بغير قلنسوة". (زاد المعاد في هدى خير العباد، فصل في ملابسه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ١٣٥/١، مؤسسة الرسالة بيروت)

"عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يلبس القلانس تحت العمائم، ويلبس بغير القلانس". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ٤٣٤٠): ١٤٧/٨، رشيديه)

"ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما: كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يلبس قلنسوةً ذات آذان يلبسها في السفر، وربما وضعها بين يديه إذا صلى". (جمع الوسائل، باب ماجاء في عمامة رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ١٦٦/١، مصطفى البابي الحلبي مصر)

"لا بأس بلبس القلانس، وقد صح أنه كان لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قلانس يلبسها". (خلاصة الفتاوى، كتاب الكراهية، الفصل السابع في اللبس: ٣٦٩/٤، رشيديه)

(ومسند أحمد، من أحاديث سيدنا عمر بن الخطاب: ٢٣/١، (رقم الحديث: ١٥١)، دار إحياء بيروت)

الجواب حامداًومصلیاً:

"کان کمام أصحاب رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم بطحاء -جمع کمة- .......... وھی القلنسوة المدوّرة: أی کانت مبسوطةً علی رؤوسھم لازقةً غیر مرتفعة عنھا .......... وکان یلبس القلانس الیمانیة وھن البیض المضربة، ویلبس ذوات الآذان فی الحرب. وکان ربما نزع قلنسوةً، فجعلھا سترةً بین یدیہ وھو یصلی". مرقاة: ۲٤٦/۸(۱)۔

عبارتِ مذکورہ سے معلوم ہوا کہ مختلف قسم کی ٹوپی استعمال کی گئی ہے، ایسی بھی کہ جس میں سترہ بننے کی صلاحیت ہے اور گول بھی جو کہ سر سے چپکی ہوئی ہو۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱۱/۱۴۰۶ھ۔

## کس قسم کی ٹوپی ثابت ہے؟

سوال[۹۳۱۳]: حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کس قسم کی ٹوپی پہننا ثابت ہے؟ اور ہماری کون سی ٹوپیاں پہننا مطابقِ سنت ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ٹوپی گول سر مبارک پر اکثر چپکی ہوئی ہوتی تھی (۲) بعض صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے طویل بھی

---

(۱) (مرقاة المفاتیح شرح مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی: ۱۴۱/۸، (رقم الحدیث: ۴۳۳۳)، رشیدیہ)

"کانت لہ عمامة تسمی: السحاب، کساھا علیاً، وکان یلبسھا ویلبس تحتھا القلنسوة. وکان یلبس القلنسوة بغیر عمامة، ویلبس العمامة بغیر قلنسوة". (زاد المعاد فی ھدی خیر العباد، فصل فی ملا لبسہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، ص: ۵۲، دارالفکر بیروت)

(وکذا فی شمائل کبری: ۲۰۲/۱، دارالإشاعت کراچی)

(۲) "واعلم أنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم .......... کان یلبس تحتھا القلانس -جمع قلنسوة- وھی غشاء مبطن یستتر بہ الرأس" .......... "عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما: کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یلبس قلنسوةً ذات آذان یلبسھا فی السفر، وربما وضعھا بین یدیہ إذا صلی". (جمع الوسائل، باب ما جاء فی عمامة رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: ۲۰۴/۱، تالیفات أشرفیہ)

منقول ہے(۱)، اکابرصلحاء کا لباس قابلِ اتباع ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبدمحمود گنگوہی غفرلہ۔

## گول ٹوپی

سوال[۹۳۱۴]: گول ٹوپی لگانا سنت ہے اور رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ٹوپی کیسی دیتے تھے جو لوگ اصرار کرتے ہیں، گول ٹوپی پر ان کا اصرار کرنا کیسا ہے؟

غفوراحمد ہردوئی۔

---

(۱) "عن أبی كبشة رضی الله تعالىٰ عنه قال: كان كمام أصحاب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بطحا". (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۴، قديمی)

قال علی القاری: "جمع بطحاء: أی كانت مبسوطةً علی رؤوسهم لازقةً غير مرتفعة عنها". (مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثانی، (رقم الحديث: ۴۳۳۳): ۱۴۱/۸، رشيديه)

(۲) علماء چونکہ علمی اور دینی طور پر انبیاء کے وارث ہیں اور سنن نبویہ پر چلنے والے ہیں، اور تقویٰ اور خشیتِ الٰہی کو اختیار کرنے والے ہیں، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿إنما يخشى الله من عباده العلماءُ﴾ (فاطر: ۲۸) لہٰذا ان کی اتباع میں سنت کی اتباع ہے:

"العلماء ورثة الأنبياء، وإن الأنبياء لم يورّثوا ديناراً ولا درهماً، وإنما ورّثوا العلم". (سنن ابن ماجة، باب فضل العلماء، ص: ۲۰، قديمی)

قال الملا علی القاری: "وإنما ورّثوا العلم". لإظهار الإسلام ونشر الأحكام، أو بأحوال الظاهر والباطن علی تباين أجناسه واختلاف أنواعه". (مرقاة المفاتيح، كتاب العلم، الفصل الثانی: ۴۷۲/۱، (رقم الحديث: ۲۱۲)، رشيديه)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: (زاد المعاد، فصل فی ملابسه صلی الله تعالیٰ عليه وسلم، ص: ۵۲، دار الفكر بيروت)

وأيضاً رسالة: (ضياء القلوب في لبس المحبوب في خلاصة الفتاوى: ۱۵۳/۳، رشيديه)

الجواب حامداًومصلیاً:

گول ٹوپی سر سے ملی ہوئی (چپکی ہوئی) جبکہ اونچی نہ ہو، حدیث شریف سے ثابت ہے(۱)، مگر یہ چیز سنن عادیہ میں سے ہے، سننِ ہدیٰ میں سے نہیں، بس جو شخص اتباع کرے گا وہ ماٴجور ہوگا، لیکن اس پر کسی کو اصرار کا حق نہیں کہ تارک پر ملامت کی جائے(۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

## دو پلی ٹوپی اور گول ٹوپی

سوال[۹۳۱۵]: اکثر علمائے دیوبند جس لمبی ٹوپی کو پہنتے ہیں وہ درست ہے یا نہیں؟ اس لمبی ٹوپی میں کسی قسم کی کراہت ہے یا نہیں؟ کیا یہ لمبی ٹوپی اور گول ٹوپی دونوں سنت ہونے میں برابر ہیں یا کچھ فرق ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

دو پلیا ٹوپی بھی ہمارے دیار میں صلحاء کا لباس ہے، بعض اکابر گول پہنتے ہیں، بعض دو پلیا، کسی پر

---

(۱) "واعلم أنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم .......... كان يلبس تحتها (تحت العمامة) القلانس —جمع قلنسوة— وهي غشاء مبطن يستتر به الرأس .......... عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما: كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يلبس قلنسوةً ذات آذان يلبسها في السفر، وربما وضعها بين يديه إذا صلى". (جمع الوسائل، باب ما جاء في عمامة رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ۱/۱۶۶، مصطفى البابي الحلبي مصر)

"عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يلبس قلنسوةً بيضاء". (مجمع الزوائد و منبع الفوائد، كتاب اللباس، بابٌ في القلنسوة (رقم الحديث: ۸۵۰۵): ۵/۱۴۹، عباس أحمد الباز مكة)

(۲) "والسنة نوعان: سنة الهدى، وتركها يوجب إساءةً وكراهيةً كالجماعة والأذان والإقامة ونحوها. و سنة الزوائد، وتركها لا يوجب ذلك كسِيَر النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في لباسه و قيامه و قعوده والنفل، ومنه المندوب يثاب فاعله و لا يسيء تاركه". (ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب في السنة وتعريفها: ۱/۱۰۳، سعيد)

نکیر نہیں (۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۵/۲/۲۴ھ۔

## گول اور لمبی ٹوپی کی سنیت کی تحقیق مع فتاویٰ دارالعلوم ومظاہر علوم

سوال [۹۳۱۶]: ہمارے مغربی بنگال میں ٹوپی سے متعلق ایک اشتہار چھپایا گیا ہے جس کے اندر تمام جگہوں سے استفتاء کیا گیا ہے اور وہ تمام فتوے اس کے اندر جمع کردیئے گئے، اور اس میں مفتی ابوظفر صاحب فروردی (مفتی بنگال وآسام) نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ:

"**الجواب**: مواهب لدنيه(۲) وتحفة الأحوذي في شرح

---

(۱) علماء چونکہ علمی اور دینی طور پر انبیاء کے وارث ہیں اور سنن نبویہ پر چلنے والے ہیں، اور تقویٰ اور خشیتِ الٰہی کو اختیار کرنے والے ہیں، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:﴿إنما يخشى الله من عباده العلماءُ﴾ (فاطر: ۲۸) لہٰذا ان کی اتباع میں سنت کی اتباع ہے:

"العلماء ورثة الأنبياء، وإن الأنبياء لم يورّثوا ديناراً ولا درهماً، وإنما ورّثوا العلم". (سنن ابن ماجة، باب فضل العلماء، ص: ۲۰، قديمي)

قال الملا على القارى: "وإنما ورّثوا العلم" لإظهار الإسلام ونشر الأحكام، أو بأحوال الظاهر والباطن على تباين أجناسه واختلاف أنواعه". (مرقاة المفاتيح، كتاب العلم، الفصل الثاني: ۱/۴۷۲، (رقم الحديث: ۲۱۲)، رشيديه)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: (زاد المعاد، فصل في ملابسه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ۵۲، دار الفكر بيروت)

وأيضاً رساله: (ضياء القلوب في لباس المحبوب من خلاصة الفتاوى: ۳/۱۵۳، رشيديه)

(۲) "وعن أبي كبشة الأنماري قال: كانت كمام أصحاب النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بطحاء، وفي رواية: أكمة. وهما جمع كثرة وقلة. والكمة: القلنسوة، يعني أنها كانت منبطحةً غير منتبعة.

و في شرحه: "وفي المصباح: الكمة بالضم. القلنسوة المدوّرة؛ لأنها تغطي الرأس". (شرح المواهب اللدنية، النوع الثاني في لباسه و فراشه: ۶/۲۷۸، دارالكتب العلمية بيروت)

التـرمـذی(۱) اور مشکوٰۃ (۲) میں ہے کہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام گول ٹوپی پہنتے تھے، محبانِ سنت کو ضروری ہے کہ لمبی کے بجائے گول ٹوپی استعمال کریں اور حدیث: "من أحب سنتی فقد أحبنی، ومن أحبنی کان معی فی الجنة" کے مصداق بنیں۔

کتبہ ابوظفر غفرلہ۔

اور دارالعلوم دیوبند کے مفتی جمیل الرحمٰن صاحب کا فتویٰ۔

"**الجواب**: گول اور سر مبارک سے چپٹی ہوئی تھی، کما هو المستفاد من شرح المواهب للإمام الزرقانی: ۵/۹(۳)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

محمد جمیل الرحمٰن دارالعلوم دیوبند۔

اسی طریقہ پر مظاہر علوم سہارنپور کا فتویٰ:

"**الجواب**: گول ٹوپی پہننا جائز ہے، فتاوی رشیدیہ، ص: ۴۸۳ (۴)۔ صحابہ کرام کی ٹوپی اٹھی ہوئی نہیں ہوتی تھی، مشکوٰۃ شریف، ص: ۳۷۴، میں روایت:

"عن أبی کبشة قال: کمام أصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم بطحا". وفی مرقاة المفاتیح: "أی مسبوطة علی رؤسهم ولازقة مع رؤسهم غیر مرتفعة" (۵)۔ فقط۔

کتبہ مظفر حسین المظاہری۔

---

(۱) (تحفة الأحوذی بشرح جامع الترمذی، کتاب اللباس، باب بعد باب ماجاء فی ترقیع الثوب: ۵/۳۷۹، رقم الحدیث: ۱۸۴۲، المکتبة السلفیة بالمدینة المنورة)

(۲) (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۴، قدیمی)

(۳) (شرح المواهب، النوع الثانی فی لباسه وفراشه: ۶/۲۷۸، دارالکتب العلمیه، بیروت)

(۴) (فتاوی رشیدیه، کتاب: جواز وحرمت کے مسائل، ص: ۵۷۶، سعید)

(۵) (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۴، قدیمی)

"کمہ" کی جمع "کمام" ہے کمہ کے معنی گول ٹوپی، کذا فی القاموس (۱)۔

ان تمام روایتوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ گول ٹوپی کا استعمال کرنا سنت ہے کہ جس کی سنیت حدیث سے ثابت ہے۔

اب دریافت طلب یہ ہے کہ جو علمائے دیوبند لمبی ٹوپی استعمال کرتے ہیں اس کی سنیت میں کوئی ثبوت ہے کہ نہیں؟ اور ہماری اس ٹوپی کے پہننے سے سنت ادا ہوگی یا نہیں؟ اور ظاہراً یہ معلوم ہوتا ہے، ٹوپی کا رواج ڈالنے والے علمائے دیوبند ہی ہیں، کیا مطلق ٹوپی کا استعمال ہی سنت ہے، یا اس کے اندر اس کی ہیئت کا لحاظ رکھنا ضروری ہے؟ اور وہ ہیئت بھی کون کون سی ہے جن سے سنیت ادا ہوجائے گی اور ان میں افضل کون سی ہوگی؟

اگر ہم صرف یہ کہیں کہ ٹوپی کا استعمال سنت زوائد میں سے ہے، لہذا جو چاہے پہنے تو یہ بات کافی نہیں ہے، کیونکہ جب ہم ٹوپی سنت ہی کی نیت سے پہنتے ہیں تو جس سے سنت کامل درجہ کی ادا ہووہی استعمال کریں، ورنہ تمام زندگی ٹوپی سر پر لئے پھریں لیکن کامل سنت ادا نہیں ہوگی، یا اس کے لئے جو کامل درجہ کی سنت پر عمل کرنا چاہے اگر چہ شرعاً زیادہ اہم نہیں ہے، لیکن اس کے متعلق بھی علمائے فرورد ی کے ساتھ ہمارا اہم کلام ہوتا ہے، اس وقت ہمارا جواب دینا بسا اوقات مشکل ہوتا ہے۔

چنانچہ حضرت سے عرض یہ ہے کہ اس کو تفصیل وار تشفی بخش جواب دیکر مشکور فرمائیں۔ ٹوپی کا استعمال سنت زائدہ ہے، یا اس کی ہیئت سنت زائدہ ہے؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

جو عبارت بحوالہ اشتہار نقل کی گئی ہے، مشکوۃ ومرقاۃ سے ان میں گول ٹوپی کی تصریح نہیں، صرف یہ بات مذکور ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ٹوپیاں سر سے چپکی ہوئی ہوتی تھیں، اوپر کو اُبھری ہوئی بلند نہیں تھیں: "مسبوطة علی رؤسهم ولازقة مع رؤسهم غیر مرتفعة، اھ"(۲)۔

مگر مرقات ہی میں یہ بھی موجود ہے: "وکان ربما نزع قلنسوته، فجعلها سترةً بین یدیه ویصلی، اھ"، مرقاۃ: ۲۴۶/۸(۳)۔

---

(۱) المنجد، ص: ۸۹۳، دار الاشاعت کراچی)

(۲) (مشکوۃ المصابیح، المصدر السابق)

(۳) "کانت مسبوطة علی رؤسهم لازقة غیر مرتفعة عنها،، الخ. وکان ربما نزع قلنسوته فجعلها سترة =

جوٹوپی سر سے چپکی ہوئی ہو، اٹھی ہوئی نہ ہو، اس سے سُترہ کا کام کس طرح لیا جائے گا جبکہ سترہ کے متعلق یہ بھی موجود ہے کہ:

"سئل رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم من سترة المصلی؟ فقال: "مثل مؤخرة الرحل" إلی قولہ: "وفسرت بأنها ذراع فما فوقه، اھ". مراقی الفلاح، ص: ۲٤٠ (۱)۔

المواهب اللدنیه اور تحفة الأحوذی کی عبارتیں منقول نہیں جن میں غور کیا جائے، صرف نام مذکور ہیں۔ پہلے اشتہار کا دعویٰ ثابت ہوجائے تب دوسری باتوں کا نمبر ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہٗ دارالعلوم دیوبند، ۹۶/۳/۱٦ھ۔

## کامدار ٹوپی وجوتا

سوال [۹۳۱۷]: جوتا یا کلاہ یا کپڑا جس پر کہ زری یا سلمہ ستارے کا کام نکلا ہوا ہو، وہ جھوٹا ہو یا سچا، مردوں کو جائز ہے یا نہیں، جب کہ چار انگشت سے زیادہ ہووے، اور جوتے میں چار انگشت کا اعتبار کیسے کیا جاوے گا؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

سچے کام کا جوتا کلاہ کپڑا مرد کو چار انگشت سے زائد نا جائز ہے:

"یکره أن یلبس الذکور قلنسوةً من الحریر أو الذهب أوالفضة أو الکرباس الذی خیط علیه إبریسم کثیر أو شیئ من الذهب أو الفضة أو أکثر من قدر أربع أصابع". شامی: ۵/۱۰ (۲)۔

---

= بین یدیه وهو یصلی". (مرقاة المفاتیح: ۱۴۱/۸، رشیدیه)

(۱) "لأنه سئل رسول الله صلی الله علیه وسلم عن سترة المصلی فقال: "مثل مؤخرة الرحل" ......... وفسرت بأنها ذراع ......... فمافوقه کذا فی غایة البیان". (مراقی الفلاح، باب مایفسد الصلوة، فصل فی اتخاذ السترة ودفع المار بین یدی المصلی إذا ظن، ص: ۳٦۲، ۳٦۵، قدیمی)

(۲) (ردالمحتار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی اللبس: ۳۵۴/٦، سعید)

"یکره أن یلبس الذکور قلنسوةً من الحریر والذهب والفضة والکرباس الذی خیط علیه إبریسم کثیراً، وشیء من الذهب أو الفضة أکثر من قدر أربع أصابع". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب التاسع فی اللبس: ۳۳۲/۵، رشیدیه) ......... =

"حكم النعل فيما نحن فيه حكم الثياب الأخر كالقميص والعمامة وغيرهما". غاية المقال، ص: ١٤٢(١)۔

جوتے وغیرہ میں چار انگشت عرض سے پیائش کرلیا جاوے، اگر زائد ہوتو نا جائز ہے:

"وهل المراد قدر الأصابع أصابع طولاً وعرضاً بأن لايزيد طول العلم وعرضه على ذلك، أو المراد عرضه فقط وإن زاد طوله على طولها؟ المتبادر من كلامهم الثاني". ردالمحتار: ٥/٣٠٨(٢)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## ٹیرلنگ کپڑا، کشتی دار ٹوپی اور قمیص پہننا

سوال[۹۳۱۸]: ٹیرلنگ کپڑے کا استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں، کشتی دار ٹوپی اور قمیص پہننا بھی جائز ہے یا نہیں، کراہت بھی ہے پہننے میں یا کہ نہیں؟

**الجواب حامداً ومصلياً:**

ٹیرلنگ میں اگر کوئی ناپاک چیز نہیں ہے(۳) تو اس کا پہننا درست ہے، کشتی نما ٹوپی درست ہے، قمیص

---

= "ويكره أن يلبس الذكور قلنسوةً من الحرير أوالذهب أو الفضة أو الكرباس الذى عليه إبريسم كثير أو شيء من الذهب أو الفضة أكثر من قدر أربع أصابع". (الفتاوى السراجية، كتاب الكراهية، فصل فى اللبس: ٧٥، سعيد)

(١) العبارة بتمامها: "وحاصل ما نحن فيه أن حكم النعل فيما نحن فيه حكم الثياب الأُخر، كالقميص والعمامة وغيرهما بلا شك ولاريب، فإن كان فيه قدر أربع أصابع من الذهب أو الفضة أو الحرير أو غيرهما مما يحرم استعماله، أو أقل من قدر أربع أصابع أو أعلام متفرقة، يجوز لبسه، كما صرحوا به فى القلنسوة، و إلا لا. والله أعلم بالصواب، و عنده حسن الثواب". (غاية المقال فيما يتعلق بالنعال، رسالة من مجموعة رسائل اللكنوى: ١/٢١٩، إدارة القرآن كراچى)

(٢) (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى اللبس: ٦/٣٥١، سعيد)

"ويحل للنساء لبس الحرير، ولا يحل للرجال إلا قدر أربع أصابع كالعلم". (مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر، كتاب الكراهية، فصل فى اللبس: ٤/١٩٢، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۳) "ٹیرلنگ: باریک ململ"۔ (English to English Dictionary, Page No. 956, Feroz Sons, Lahore)

بھی درست ہے (۱)، لیکن مسنون لباس اور صلحاء کا لباس اختیار کرنا اعلیٰ بات ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۵/۹۰ھ۔

## ننگے سر پھرنا

سوال [۹۳۱۹]: مَردوں کو ننگے سر رہنا کیسا ہے اور شرعاً یہ فعل مَردوں کا جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب حامداًومصلیاً:

وقتِ ضرورت ننگے سر ہونے میں کوئی مضائقہ نہیں، لیکن جو طریقہ آج کل رائج ہو رہا ہے کہ ہر وقت ننگے سر بالوں میں تیل ڈالے ہوئے پھرتے رہتے ہیں، یہ طریقہ اصالۃً صلحاء اور اہلِ مروت کا نہیں، بلکہ خدا کے دشمنوں کا طریقہ ہے، اس کے اجتناب لازم ہے (۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

☆......☆......☆......☆......☆

---

(۱) "لا بأس بلبس الثياب الجميلة إذا كان لا ينكر عليه فيه". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۳۴۹/۸، رشيديه)

"و مباح و هو الثوب الجميل للتزين ......... إذا لم يكن للكبر". (مجمع الأنهر، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۱۹۱/۴، مكتبه غفاريه كوئٹه)

راجع للتفصيل: (تكملة فتح الملهم، كتاب اللباس والزينة: ۸۷/۴، دارالعلوم كراچي)

(۲) "عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (سنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة: ۵۵۸/۲، دار الحديث ملتان)

(ومشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمي)

قال على القاري: "أي من شبّه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس و غيره أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أي في الإثم أو الخير عند الله تعالىٰ ............اهـ". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۳۴۷): ۱۵۵/۸، رشيديه)

(وكذا في بذل المجهود، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة: ۴۰/۵، معهد الخليل، كراچي)

(وكذا في فيض القدير شرح الجامع الصغير، (رقم الحديث: ۸۵۹۳): ۵۷۴۳/۱۱، مكتبة نزار مصطفى الباز رياض)

# الفصل الرابع فی لباس النسآء

## (عورتوں کے لباس کا بیان)

### سیاہ برقعہ، جمپر، لہنگا، سلاخیں، سرخی کا حکم

سوال [۹۳۲۰]: آج کل جوشہروں میں کالا برقع عام طور پر رائج ہے یہ جائز ہے یا نہیں، اگر ناجائز ہے تو کیا علت ہے؟ ایک لباس ہے جس کا نام ''جمپر'' ہے (۱)، وہ اوپر سے بہت تنگ اور نیچے سے کچھ کھلا ہوتا ہے۔ اس کا استعمال کیسا ہے؟ نیز ''لہنگا'' (۲) کے بارے میں کیا خیال ہے؟ نیز عورتیں جو اپنے سروں پر سلاخیں لگاتی ہیں تاکہ بال آگے کی طرف نہ آئیں وہ جائز ہیں یا نہیں؟ اور چھوٹی چھوٹی بچیاں جو تھوڑے تھوڑے بال کٹواتی ہیں، اس کے بارے میں کیا خیال ہے؟ نیز ہونٹوں کی سرخی کے بارے میں کچھ روشنی ڈالئے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو لباس کفار یا فساق کا شعار نہ ہو اور مقصودِ ستر اس سے حاصل ہو جاتا ہو تو درست ہے، ورنہ نہیں (۳)۔ سلاخیں تو وہ ہوتی ہیں جو دروازوں یا کھڑکیوں میں لگائی جاتی ہیں تاکہ روشنی اور ہوا آتی رہے، آدمی یا جانور کتا وغیرہ نہ آسکے، وہ سلاخیں سر میں کیسے لگائی جاتی ہیں (۴)۔ چھوٹی بچی کا سر تو منڈا بھی دیا جاتا ہے جیسا

---

(۱) ''جمپر: عورتوں کی ڈھیلی ڈھالی کرتی، کرچ کی ڈھیلی ڈھالی کرتی جو ملاح پہنتے ہیں''۔ (فیروز اللغات، ص: ۴۷۱، فیروز سنز لاہور)

(۲) ''لہنگا: دیہاتی عورتوں کا غرارہ، گھگھرا''۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۱۷۲، فیروز سنز لاہور)

(۳) "وعنه (ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما) قال: "قال رسول الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۵، قدیمی)

(وسنن أبی داؤد، کتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة ۲/۵۵۸، دار الحدیث)

(۴) یہ سلاخ نما سوئی جیسی ہوتی ہے، دونوں سرے ایک جانب مڑے ہوئے ہوتے ہیں، ایک طرف کچھ لمبی اور دوسری کچھ کم ہوتی ہے، بالوں کو کنٹرول کرنے کے لئے پشت کی طرف لگائی جاتی ہے، یہ جائز ہے، کراہت کی کوئی وجہ نہیں، جس طرح عام =

کہ عقیقہ کے وقت، اس میں کوئی حرج نہیں (۱)۔ ہونٹ تو قدرت کی طرف سے سرخ ہوتے ہیں، اس کے متعلق کیا پوچھنا (۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/۹/۸۹ھ۔

## عورتوں کا لباس اور ستر

سوال[۱۹۳۲۱]: ۱...... عورتوں کو ساڑھی باندھنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

۲...... عورتوں کو سفید لٹھے کی شلوار پہننا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

---

=لباس میں کوئی کراہت نہیں جب کہ خلافِ شرع نہ ہو:

"لا بأس بلبس الثياب الجميلة إذا كان لا ينكر عليه فيه". (البحر الرائق كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۸/ ۳۴۹، رشيديه)

(۱) "عن علي بن أبي طالب رضي الله تعالىٰ عنه قال: عقّ رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عن الحسن بشاة، وقال: "يا فاطمة! احلقي رأسه و تصدقي بزنة شعره فضةً". (جامع الترمذی، أبواب الأضاحي، باب ماجاء في العقيقة: ۱/ ۲۷۸، سعيد)

(مشكوة المصابيح، كتاب الصيد والذبائح، باب العقيقة، ص: ۳۶۲، قديمی)

"يستحب لمن ولد له ولد أن يسميه يوم أسبوعه و يحلق رأسه و يتصدق عند الأئمة الثلاثة فضةً أو ذهباً، ثم يعق عند الحلق عقيقةً إباحةً، الخ". (ردالمحتار، كتاب الأضحية، قبيل كتاب الحظر والإباحة: ۶/ ۳۳۶، سعيد)

"العقيقة عن الغلام و عن الجارية و هي ذبح شاة في سابع الولادة وضيافة الناس و حلق شعره مباحة لا سنة ولا واجبة، كذا في الوجيز". (الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب الثاني والعشرون في والعقيقة: ۵/ ۳۶۲، رشيديه)

(۲) سرخی اگر عورت اپنے شوہر کی خاطر زیب وزینت کے لئے لگاتی ہے تو مضائقہ نہیں، بشرطیکہ اس میں کوئی حرام چیز شامل نہ ہو اور اسی طرح ایسے اجزاء بھی شامل نہ ہوجن کی وجہ سے دورانِ غسل پانی ہونٹوں تک نہیں پہنچتا ہو، ورنہ وضو اور غسل درست نہیں ہونگے:

"ولابد من زوال ما يمنع وصول الماء للجسد كشمع و عجين". (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، كتاب الطهارة، فصل في بيان فرائض الغسل، ص: ۱۰۲، قديمی)

۳......عورت کو اونچی ایڑی کا چپل جیسا کی آجکل رواج ہے پہننا جائز ہے یا نہیں؟

۴......عورتوں کو کھڑی ایڑی کا لیڈی بوٹ جیسا کہ یورپین استعمال کرتی ہیں جائز ہے یا نہیں؟

۵......عورتوں کا سر میں کنگھی یا کلف وغیرہ لگانا جائز ہے یا نہیں، کیوں کہ اکثر عورتیں اس وجہ سے لگاتی ہیں کہ بال اور مانگ خراب نہ ہو وہ دیر تک ٹھیک رہے؟

۶......جس گھر میں کسی غیر محرم کا گذر نہ ہو تو ایسے گھر میں عورتوں کو گلے کھلی نصف آستین کی قمیص یا جمپر پہننا جائز ہے یا نہیں؟

۷......مصری قطع کا برقع جس کا ناف سے اوپر کا حصہ علیحدہ اور بدن پر فٹ ہوتا ہے عورتوں کو اوڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

المستفتی: فضل الرحمان سرساوی، ضلع سہارنپور، یکم/ رجب المرجب/ ۵۸ھ۔

**الجواب حامداً ومصلياً:**

۱-۴......جو لباس کفار یا فساق یا مردوں کے ساتھ مخصوص ہے، عورتوں کو اس کا استعمال ناجائز ہے، جو مشترک ہے اس کا استعمال جائز ہے، تاہم صلحاء کا لباس جو عورتوں کے ساتھ مخصوص ہو اس کا استعمال مستحسن ہے، اس سے ان تمام نمبروں کا جواب ہو گیا۔

۵......اگر یہ محض زینت و آرام کے لئے ہو تو جائز ہے بشرطیکہ یہ فساق یا کفار کا شعار نہ ہو۔

۶......لباس کی حیثیت سے جواب آچکا، پردہ کی حیثیت سے جواب یہ ہے کہ محرم سے ان اعضاء کا پردہ نہیں، بشرطیکہ کہ فتنہ کا اندیشہ نہ ہو۔

۷......لباس کی حیثیت سے جواب معلوم ہو گیا، فٹ ہونے کی حیثیت سے -جس سے بدن کی کیفیت ظاہر ہو- جواب یہ ہے کہ ایسی حالت میں نامحرم کے سامنے جانا منع ہے:

"قال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لعن الله المتشبهين من الرجال بالنساء والمتشبهات من النساء بالرجال". رواه البخاري". مشكوة، ص: ۳۸۰(۱)۔

---

(۱) (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، ص: ۳۸۰، قديمى)

(و صحيح البخاري، كتاب اللباس، باب المتشبّهين بالنساء: ۲/۸۷۴، قديمى)

"قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". رواه أحمد وأبوداؤد". مشکوۃ، ص: ۳۷۵(۱)۔

"وأما نظره إلى ذوات محارمه، فنقول: يباح له أن ينظر منها إلى موضع زينتها الظاهرة والباطنة، وهي: الرأس والشعر والعنق والصدر والأذن والعضد والساعد والكف والساق والرجل والوجه". عالمگیری: ٤/ ٣٠٥(٢)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/ ۷/ ۵۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵/ رجب/ ۵۸ھ۔

## عورتوں کا چوڑی دار پائجامہ پہننا

سوال [۹۳۲۲]: عورتوں کے لئے چوڑی دار پائجامہ پہننا اور پہن کر نماز پڑھنا کیسا ہے، آیا نماز

---

(۱) (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمي)

(وسنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب لبس الشهرة: ۲/ ۵۵۸، دار الحديث ملتان)

قال الملا على القاري رحمه الله تعالىٰ: "من تشبه بقوم": أى من شبّه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف والصلحاء الأبرار "فهو منهم": أى في الإثم والخير. قال الطيبي رحمه الله تعالىٰ: هذا عام في الخَلق والخُلق والشعار". (مرقاة المفاتيح: ۸/ ۱۵۵، كتاب اللباس، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۳۴۷)، رشيديه)

(۲) (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثامن فيما يحل للرجل النظر، الخ: ۵/ ۳۲۸، رشيديه)

"وينظر الرجل .......... من محرمه إلى الرأس والوجه والصدر والساق والعضد إن أمن شهوته". (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس: ۶/ ۳۶۶، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر، كتاب الكراهية، فصل في النظر: ۴/ ۲۰۰، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(وكذا في البحر الرائق: ۸/ ۳۵۵، كتاب الكراهية، فصل في النظر واللمس، رشيديه)

(وكذا في الهداية: ۴/ ۴۵۹، كتاب الكراهية، باب النظر واللمس، مكتبه شركت علميه ملتان)

میں اس کی وجہ سے کسی قسم کی کوئی قباحت تو نہیں، اگر ہے تو کیا؟ ونیز اس کے استعمال سے کسی قسم کا گناہ تو نہیں اگر ہے تو کس قدر؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسے کپڑے سے نماز ہو جاتی ہے، لیکن چونکہ اس سے جسم کی ہیئت معلوم ہوتی ہے اس لئے اس سے احتیاط چاہیے، خصوصاً ایسے وقت کہ خاندان کے غیر محرم لوگ بھی اس مکان میں رہتے ہوں، مبادا اس حدیث کی وعید میں داخل ہو جائیں:

"مالك عن مسلم بن أبي مريم عن أبي صالح عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه أنه قال: نساء كاسيات عاريات مائلات مميلات لا يدخلن الجنة ولا يجدن ريحها، وريحها يوجد من مسيرة خمس مأة سنة، اه". مؤطا إمام مالك: ۲/۱٦۱(۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف۔

## عورتوں کو نیم آستین کا کرتہ پہننا

سوال[۹۳۲۳]: عورتوں کا یہ فیشن ہو گیا ہے کہ بغیر آستین کے قمیص پہنتی ہیں، بعض نمازی عورتوں نے بھی یہ طریقہ اختیار کر لیا ہے کہ چولی- جو بے آستین قمیص کی سبب تنگ اور کوتاہ ہوتی ہے- پہن کر سارا جسم کپڑوں سے ڈھانک کر نماز پڑھتی ہیں۔ دریافت یہ ہے کہ ہر وقت یا کبھی کبھی بے آستین قمیص پہننا جائز ہے یا نہیں، اور کیا اس طرح نماز ہو جاتی ہے؟

---

(۱) (مؤطا الإمام مالک، کتاب الجامع، باب ما يكره للنساء لباسه من الثياب، ص: ۷۰۹، مير محمد، كراچى)

(والصحيح لمسلم، كتاب اللباس، باب النساء الكاسيات العاريات: ۲/۲۱۷، قديمى)

"وعلى هذا لايحل النظر إلى عورة غيره فوق ثوب ملتزق بها يَصِف حجمها". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى النظر والمس: ۶/۳۶۶، سعيد)

الجواب حامداًومصلياً:

نماز میں سارا جسم ڈھانکنا ضروری ہے، صرف چہرہ، دونوں ہاتھ گٹوں تک دونوں قدم کھلے رکھنے کی اجازت ہے، شامی (۱)۔ اگر نیم آستین قمیص سے اوپر اس طرح چادر اوڑھ کر نماز پڑھی جائے کہ سب جسم پوشیدہ رہے تو نماز ہو جائے گی (۲)۔ ہاتھ کا کہنی تک یا اوپر تک اپنے محرم باپ، بھائی وغیرہ کے سامنے کھل جائے تو اس پر پکڑ نہیں لیکن نامحرم سے پردہ مکمل لازم ہے (۳) جیسے چچا زاد بھائی، ماموں زاد بھائی، خالہ زاد بھائی، پھوپھی زاد بھائی، یا دیور وغیرہ (۴)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۵/۲۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۵/۲۰ھ۔

---

(۱) "وللحرة جميع بدنها خلا الوجه والكفين والقدمين". (تنوير الأبصار مع الدر المختار، كتاب الصلوة، باب شروط الصلاة: ۱/۴۰۵، سعيد)

"وبدن الحرة عورة إلا وجهها وكفيها وقدميها". (كنز الدقائق مع البحر الرائق: ۱/۴۶۸، رشيديه)

(۲) "ويكفي للمرأة درع ضيق ومقنعة". (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، باب شروط الصلوة، ص: ۲۱۱، قديمى)

(۳) "وينظر الرجل من الرجل .......... سوى مابين سرته إلى ماتحت ركبته، فالركبته عورة لا السرة .......... ومن محرمه هي من لايحل له نكاح أبداً بنسب أو سبب ولو بزنا إلى الرأس والوجه والصدر والساق والعضد إن أمن شهوته .......... وإلا لا، لا إلى الظهر والبطن .......... وينظر من الأجنبية ولو كافرةً -مجتبى- إلى وجهها وكفّيها فقط، للضرورة". (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس: ۶/۳۶۴، ۳۶۹، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثامن فيما يحل النظر، الخ: ۵/۳۲۸، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتا ب الكراهية، فصل في النظر: ۴/۲۰۰، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۴) "ومن محرمه هي من لا يحل له نكاحها أبداً بنسب أوسبب". (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس: ۶/۳۶۷سعيد)

## سینہ بند اور عورت کا موئے زیرناف استرے سے لینا

سوال [۹۳۲۴] : باڈی جو عورتیں اپنے پستان پر لگاتی ہیں جائز ہے کہ نہیں؟ موئے زیرناف اگر استرے سے لینا چاہے تو لے سکتی ہے کہ نہیں؟ موئے زیرناف لینے کی کوئی حد ہے یا کہ نہیں، کچھ ایام ہیں کہ اتنے روز میں لینا ضروری ہے، یا موئے زیرناف ساری زندگی نہ لے، جیسا کہ ہمارے ملک میں کچھ قوم ایسی ہیں جو کبھی زیرناف لیتی ہی نہیں؟ تو وہ شریعت کے مطابق کس جرم کے مرتکب ہیں، اور شریعت کا کیا حکم ہے؟ مفصل تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

پستان کی حفاظت کے لئے سینہ بند کا استعمال درست ہے (۱)۔ موئے زیرناف اگر عورت استرہ سے بنائے تب بھی گناہ نہیں ہے، مگر افضل یہ ہے کہ صابون وغیرہ سے صفائی کرے (۲)۔ ہر ہفتہ میں صفائی کرنا اعلیٰ بات ہے، یہ نہ ہو تو پندرہ روز میں صفائی کرلیں، چالیس روز کے اندر بھی گنجائش ہے، اس کے بعد تک صفائی نہ کرنا مکروہ تحریمی ہے، بالکل ہی صفائی نہ کرنا ظاہر ہے اس کے بھی بڑھ کر ہے (۳)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۲۰/ ۹۷ھ۔

---

(۱) "لا بأس بلبس الثياب الجميلة إذا كان لا ينكر عليه فيه". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۸/ ۳۴۹، رشيديه)

(وكذا في خلاصة الفتاوى: ۴/ ۳۶۸، رشيديه)

(وكذا أيضاً في تكملة فتح الملهم ۴/ ۸۷، دار العلوم كراچی)

(۲) "والسنة في عانة المرأة النتف". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۶/ ۴۰۶، سعيد)

(وكذا في الأشباه والنظائر: ۳/ ۳۸۱، الفن الثالث: الجمع والفرق، أحكام الأنثى، إدارة القرآن كراچی)

(وأحسن الفتاوى: ۸/ ۷۸، كتاب الحظر والإباحة، بالوں کے احکام، عنوان: زیرناف بال صاف کرنے کے لئے پاؤڈر کا استعمال، سعید)

(۳) "(والسنة تقليم الأظافير وحلق العانة، الخ) في القنية: يستحب حلق عانته و تنظيف بدنه بالاغتسال في كل أسبوع مرةً، فإن لم يفعل ففي خمسة عشر يوماً مرةً، ولا عذر في تركه وراء أربعين". (مجمع =

## عورتوں کے لئے فیشن کی چیزیں

سوال[۹۳۲۵]: عورتوں کے لئے کھڑا جوتا پہننا جائز ہے یا نہیں؟ نیز ڈلی سلیپر(۱)اونچی ایڑی گرگابی (۲) وغیرہ پہننا کیسا ہے؟ اور مردوں کے لئے بوٹ جوتہ وغیرہ پہننا جائز ہے یا نہیں؟ اور عورتوں کے لئے بال بنانا کلب وغیرہ، اور بالوں کا خفنی پھول بنانا کیسا ہے؟ نیز عورتوں کو چُنا ہوا دوپٹہ جائز ہے یا نہیں؟ اور "من تشبه بقوم فهو منهم"(۳) کا کیا مطلب ہے؟ مع حوالہ تحریر فرما کر ممنون ومشکور فرمائیں۔

الجواب حامداًومصلياً:

اس کے لئے اصلِ کلی یہ ہے کہ: جو لباس مخصوص ہے مردوں کے ساتھ اس کا عورتوں کو پہننا جائز نہیں اور جو عورتوں کے ساتھ مخصوص ہے اس کا مردوں کو پہننا جائز نہیں، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسے مردوں اور عورتوں پر لعنت فرمائی ہے (۴)۔ جو لباس کفار یا فساق کا شعار ہے وہ سب چیزیں منع ہیں،

---

= الأنهر شرح ملتقى الأبحر، كتاب الكراهية، فصل في المتفرقات: ۲۲۶/۴، غفاريه كوئته)

" يستحب حلق عانته و تنظيف بدنه بالاغتسال في كل أسبوع مرةً، والأفضل يوم الجمعة، وجاز في كل خمسة عشرة، وكره تركه وراء أربعين". (الدرالمختارمع ردالمحتار، كتاب الكراهية، ۴۰۶/۶، سعيد)

" ويحلق عانته وينظف بدنه بالاغتسال في كل أسبوع مرةً، فإن لم يفعل ففي كل خمسة عشر يوماً، ولا يعذر في تركه وراء الأربعين. فالأسبوع هو الأفضل، والخمسة عشر الأوسط، والأربعون الأبعد، ولا عذرفيما وراء الأربعين، ويستحق الوعيد". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر: ۳۵۷/۵، رشيديه)

(۱) "ڈلی سلیپر:(Slipper) ایڑھی کا جوتا" ۔ زیر پائی، (English to English & Urdu Dictionary, Page: 868, Feroz Sons, Lahore)

(۲) "گرگابی: جوتا جو صرف پنجے تک ہوتا ہے" ۔(فيروز اللغات، ص: ۱۰۹۲، فيروز سنز، لاهور)

(۳) (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمي)

(۴) "وعنه (ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما) قال: قال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لعن الله المتشبهين من الرجال بالنساء والمتشبهات من النساء بالرجال". (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، =

بعض کی ممانعت زیادہ درجہ کی ہے اور بعض کی کم درجہ کی ہے، ان سب کو ترک کر کے صلحاء کا لباس اختیار کرنا چاہیے(۱):

"عن ابن عباس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما، عن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم أنه لعن المتشبهات من النساء بالرجال والمتشبهین من الرجال بالنساء بأن یلبس لبسة النساء أو تزیّا بزیّهن". قال النووی فی الروضة: والصواب أن التشبه بالرجال للنساء أو عكسه حرام. "عن أبی هریرة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال: لعن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم الرجل یلبس لبسة المرأة، والمرأة تلبس لبسة الرجل".

"عن ابن أبی ملیكة قال: قیل لعائشة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنها: إن المرأة تلبس النعل الذی یلبسه الرجال، فقالت: لعن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم الرجلة من النساء". وهی المترجلة، یقال: امرأة رجلة إذا تشبهت بالرجال فی الزیّ، فأما فی العلم والرأی محمود، منه أن عائشة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنها كانت رجلة الرأی". بذل المجهود: ۵/۵۷ (۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/۲/۵۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف۔

## مردانہ لباس عورتوں کے لئے

سوال[۹۳۲۶]: عورتوں کے لئے بنیان، شلوار، جاکٹ، قمیص پہننے کا کیا حکم ہے؟

سعید احمد کھیڑہ افغانوی۔

---

= باب الترجل، ص: ۳۸۰، قدیمی)

(۱) "عنه (ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما) قال: قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (مشكوة المصابیح، كتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۵، قدیمی)

(وسنن أبی داؤد، كتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة: ۲/۵۵۸، دار الحدیث ملتان)

(۲) (بذل المجهود شرح أبی داؤد، كتاب اللباس، باب فی لباس النساء: ۵/۵۷، معهد الخلیل الإسلامی كراچی)

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر یہ مردوں اور کفار یا فساق کا مخصوص شعار نہیں تو جائز ہے، ورنہ نا جائز ہے (۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۱/ ۸/ ۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۱۱/ شعبان۔

## عورت کے لئے انگیہ کا استعمال

سوال [۹۳۲۷]: عورت کے لئے بری سیر (انگیہ) کا استعمال کیسا ہے، کیا دونوں قسم کی بری سیر لینی پستان کو پست کرنے اور ابھارنے والے کا حکم یکساں ہے یا فرق ہے؟ نیز زینت کے لئے لپ اسٹک سیندور وغیرہ استعمال کرنا کیسا ہے؟

---

(۱) "وعنه (ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما) قال: قال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "لعن الله المتشبهين من الرجال بالنساء والمتشبهات من النساء بالرجال". (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، ص: ۳۸۰، قديمی)

"عنه (ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما) قال: قال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم" (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، ص: ۳۷۵، قديمی)

(وسنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب لبس الشهرة: ۲/ ۵۵۸، دار الحديث ملتان)

قال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: "من تشبه بقوم": أی من شبّه نفسه بالكفار مثلاً فی اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار، أو باهل التصوف والصلحاء الأبرار "فهو منهم": أی فی الإثم والخير. قال الطيبی رحمه الله تعالیٰ: هذا عام فی الخَلق والخُلق والشعار". (مرقاة المفاتيح: ۸/ ۱۵۵، كتاب اللباس، الفصل الثانی، (رقم الحديث: ۴۳۴۷)، رشيديه)

(سنن أبی داؤد، كتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة: ۲/ ۵۵۸، دار الحديث ملتان)

"لا بأس بلبس الثياب الجميلة إذا كان لا ينكر عليه فيه". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل فی اللبس: ۸/ ۳۴۹، رشيديه)

الجواب حامداًومصلیاً:

جو چیز کفار اور فساق کا شعار ہو اس کا استعمال ممنوع ہے (۱)، پھر کفار کا مذہبی شعار کی ممانعت بہت شدید ہے (۲)۔ جو چیز مردوں کا شعار ہے اس کا استعمال عورتوں کو ممنوع ہے (۳)۔ایسالباس جو بدن کی ہیئت کو ظاہر ونمایاں کرتا ہو وہ بھی ان کے حق میں ممنوع ہے (۴)۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

## چوڑیاں پہننا

سوال[۹۳۲۸]: چوڑیاں پہننا کیسا ہے؟

---

(۱) (تقدم تخریجه تحت عنوان: ''مردانہ لباس عورتوں کے لئے''۔)

(۲) کفار کے مذہبی شعار کو اپنانے کو بعض صورتوں میں فقہائے کرام نے کفر تک قرار دیا ہے:

''رجل اشترى يوم النيروز شيئاً لم يكن يشتريه قبل ذلك، إن أراد به تعظيم النيروز كما يعظّمه المشركون، كفر''. (مجموعة الفتاوى على هامش خلاصة الفتاوى، كتاب الكراهية: ۴/ ۳۴۰، رشيديه)

(وكذا في شرح الفقه الأكبر للملاعلى القاريّ، فصل في الكفر صريحاً وكناية، ص: ۱۸۲، قديمى)

(وكذا في البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً أو خطأً، السادس في التشبيه: ۶/ ۳۳۴، رشيديه)

(۳) ''عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال: لعن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم المتشبهين من الرجال بالنساء والمتشبهات من النساء بالرجال''. (صحيح البخارى، كتاب اللباس، باب المتشبهين: ۲/ ۸۷۴، قديمى)

(وكذا في مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، باب الترجل، ص: ۳۸۰، قديمى)

(وكذا في الجامع الصغير مع فيض القدير: ۱۰/ ۴۹۹۴، (رقم الحديث: ۷۲۶۵)، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

(۴) قال العلامة الشامى بعد نقل أقوال الفقهاء: ''وعلى هذا لا يحل النظر إلى عورة غيره فوق ثوب ملتزق بها يَصِف حجمها: فيحمل مامرّ على ما إذا لم يَصِف حجمها''. (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس: ۶/ ۳۶۶، سعيد)

الجواب حامداًومصلیاً:

جائز ہے (صرف عورتوں کے لئے مردوں کو منع ہے(۱))۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

## آواز دار چوڑی پہننا

سوال[۹۳۲۹]: رسالہ ''مولوی'' میں تحریر تھا کہ: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

---

(۱) ''وعن ثوبان رضی الله تعالی عنه قال: كان رسول الله صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم إذا سافر كان آخر عهده بإنسان من أهله فاطمة، وأول من يدخل عليها فاطمة، فقدم من غزاة، وقد علقت مسحاً أو ستراً علی بابها، وحلت الحسن والحسين قُلبين من فضة، فقدم فلم يدخل، فظنت أن مامنعه أن يدخل مارآی، فهتكت الستر، وفكت القُلبين عن الصبيين، وقعطته منهما، فانطلقا إلی رسول الله صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم يبكيان، فأخذه منهما فقال: ''ياثوبان! اذهب بهذا إلی فلان، إن هؤلاء أهلی أكره أن يأكلوا طيباتهم فی حياتهم الدنيا، ياثوبان! اشتر لفاطمة قلادة من عصب، وسوارين من عاج''. (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الثانی، ص: ۳۸۳، قديمی)

قال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: ''(قُلبين) بضم القاف: أی سوارين .......... (منعه أن يدخل): أی بيت فاطمة لما رآی بنور النبوة وظهور المكاشفة تستر بابها، وتعيير جنابها بالباس أولادها مالايجوز لهما من اللبس .......... ولعل القلبين كانا فی يدی فاطمة رضی الله تعالیٰ عنها، وألبستهما الحسنين علی ظن أنه يجوز لهما لبسهما، فلما عاقبها النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم بهجرتها، وعاقبها علی ماصدر منها فی صورة عصيانها، وكفرها بالصدقة عنها وعن أولادها، يجبرها بشراء القلادة والسوارين لتلبسهما احترازاً من التشبه بالرجال''. (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الثانی: ۸/۲۴۸، ۲۴۹، رشيديه)

''يجوز للنساء لبس أنواع الحلی كلها من الذهب والفضة، والخاتم والحلقة والسوار والخلخال والطوق والعقد والتعاويذ والقلائد وغيرها''. (إعلاء السنن، كتاب الحظر والإباحة، باب حرمة الذهب علی الرجال: ۱۷/۲۹۳، إدارة القرآن كراچی)

''يحرم أيضاً تشبه الرجال بالنساء فی اللباس والزينة، كالأساور والعقود (الأطواق) والأقواط''. (الفقه الإسلامی وأدلته، كتاب الحظر والإباحة، تاسعاً: الترجل والتخنث: ۴/۲۶۸۳، رشيديه)

کہ: عورتوں کو چوڑی پہننا چاہیے اور مہندی لگانا چاہیے، اس کی آواز سے برکت ہوتی ہے۔ کہاں تک درست ہے؟

**الجواب حامداًومصلیاً:**

عورتوں کے لئے مہندی لگانے کا حکم احادیث میں موجود ہے، کذا فی المشکوٰۃ، باب الترجل، ص: ۳۸۳(۱)۔ مگر آوازدار چوڑی کے متعلق روایت مسئولہ میں نے نہیں دیکھی، آوازوالا جلاجل اور جرس کی ممانعت حدیث میں صراحۃً آئی ہے:

"عن ابن الزبير أن مولاةً لهم ذهبت بابنة الزبير إلى عمر ابن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه وفى رجلها أجراس، فقطعها عمر، وقال: سمعت رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم يقول: "مع كل جرس شيطان". رواه أبو داؤد"(۲)۔

"وعن بنانة مولاة عبدالرحمن ابن حيّان الأنصارى كانت عند عائشة رضى الله تعالىٰ عنها إذا دخلت عليها بجارية وعليها جلاجل يصوتن، فقالت: لاتدخلنها علىّ إلا أن تقطع جلاجلها، سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "لاتدخل الملائكة بيتاً فيه جرس". رواه أبوداؤد". مشكوة شريف، باب النعال، ص: ۳۷۹(۳)۔

---

(۱) "عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنه أن هندا بنت عتبة قالت: يانبى الله! بايعنى، فقال: "لا أبايعك حتى تغيرى كفيك، فكأنهما كفا سبع". رواه أبو داؤد".

"وعنها رضى الله تعالىٰ عنها قالت: "أومت امرأة من وراء ستر، بيدها كتاب إلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فقبض النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يده، فقال: "ماأدرى أيد رجل أم يد امرأة". قالت: بل يد امرأة، قال: "لو كنت امرأةً، لغيرت أظفارك". يعنى بالحناء". رواه أبو داؤد والنسائى". (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الثانى، ص: ۳۸۳، قديمى)

(۲) (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، باب الخاتم، الفصل الثانى، ص: ۳۷۹، قديمى)

(۳) (مشكوة المصابيح، المصدر السابق)

سوال والی حدیث سے پہلے یہ دونوں حدیثیں ہیں۔ مظاہر حق ترجمہ مشکوۃ شریف میں دیکھ لیجئے (۱)۔ روایت مسئولہ کے الفاظ اور حوالہ اگر رسالہ ''مولوی'' میں ہو، نقل کیجئے تا کہ اس کی تحقیق کی جا سکے۔ رسالہ مولوی اہل علم کا رسالہ نہیں کہ اس کی نقل کردہ ہر روایت اور ہر مسئلہ قابل اعتماد ہو۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

(۱) (مظاہر حق جدید، کتاب اللباس، کنگھی کرنے کا بیان، عورتوں کو ہاتھوں پر مہندی لگانا مستحب ہے: ۴/ ۲۱۵، دار الاشاعت کراچی)

# الفصل الخامس فی الثیاب المحرمة وغیرها

## (ناجائز لباس کا بیان)

### مرد کے لئے مخمل کا استعمال

سوال[۹۳۳۰]: مخمل کا استعمال مرد کے لئے درست ہے یا نہیں، کیونکہ وہ ریشم تو ہوتا نہیں، مثلاً مخمل کی ٹوپی عام طور پر استعمال کرتے ہیں۔ اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

جو ریشم نہ ہو، اس کا استعمال مرد کے لئے جائز ہے (۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۹/۱۳ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۹/۱۴ھ۔

### ریشم کا کپڑا اور کیڑا

سوال[۹۳۳۱]: "دود القز" کی تعریف فقہاء نے کیا فرمائی ہے؟ مفصل تحریر فرمائیں۔ دودالقز کی تعریف میری نظر سے عبارتِ ذیل میں مذکور ہے:

---

(۱) "فإن الإسلام ...... لم يقصره على نوع دون نوع، ولم يقرّر للإنسان نوعاً خاصاً أو هيئةً خاصةً من اللباس، ولا أسلوباً خاصاً للمعيشة، وإنما وضع مجموعةً من المبادى". (تكملة فتح الملهم، كتاب اللباس والزينة: ۸۷/۴، دار العلوم كراتشى)

"لا بأس بلبس الثياب الجميلة إذا كان لا ينكر عليه فيه". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل فى اللبس: ۳۴۹/۸، رشيديه)

(وكذا فى مجمع الأنهر، كتاب الكراهية: ۱۹۱/۴، مكتبه غفاريه كوئٹه)

''دودالقز کے انڈے سابودانہ (۱) کے مانند ہوتے ہیں، پہلے ان بیضوں کو تقریباً پانچ ماہ تک گھر میں رکھا جاتا ہے، جب ایک موسم آتا ہے تو اس وقت ایک خاص قسم کے برگ (۲) میں رکھا جاتا ہے حفاظت سے، چندروز بعد اس میں سے کیڑے پیدا ہوتے ہیں اور آہستہ آہستہ بڑھنے لگتے ہیں اور پتی کھاتے ہیں۔ جب ان کا بڑھنا ختم ہو جاتا ہے تو شہادت کی انگلی کے مانند بن جاتے ہیں، اس کے بعد نقلِ مکان کرتے ہیں۔ ان کو کیلے کے خشک پتے میں رکھ دیتے ہیں۔ اس کے بعد کیڑے کے چاروں طرف ایک سوت لپٹا رہتا ہے، چندروز میں وہ سوت ایک قسم کا گالہ (۳) سا بن جاتا ہے۔ اور وہ کیڑا آہستہ آہستہ گھٹتا بڑھتا رہتا ہے اور اندر رہ جاتا ہے تو وہ کیڑا اسی گالہ کو کاٹ کر نکل جاتا ہے مانند شہد کی مکھی کے، اور سوت کا سوت رہ جاتا ہے تو پھر اس سے کپڑا تیار ہوتا ہے، اس کو ریشمی کپڑا کہا جاتا ہے یا نہیں''۔

اس کپڑے کا استعمال جائز ہے یا نہیں، اس سے نماز صحیح ہوتی ہے یا نہیں؟ اور کپڑے کی تعریف جو میں نے کی، فقہاء کی تعریف کے مطابق ہے یا نہیں، کیونکہ آسام کے بعض علماء اس کپڑے کو دیکھتے ہوئے اس کپڑے کو مردوں کے لئے جائز کہتے ہیں؟

عبدالمتین کچھاڑی، صوبہ آسام۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

"أما دود القز، فيقال لها: الدودة الهندية، وهي من أعجب المخلوقات، وذلك أنه

---

(۱) ''سابودانہ: ساگودانہ'' (فیروز اللغات، ص: ۷۶۰، فیروز سنز، لاهور)

''سابودانہ: ساگودانہ، ایک قسم کی خوراک''۔ (نور اللغات: ۲۶۶/۳، سنگ میل پبلی کیشنز لاهور)

(۲) ''برگ: پتا، ورق، پات''۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۹۶، فیروز سنز، لاهور)

''برگ: پتہ، توشہ، سامان''۔ (نور اللغات: ۵۸۵/۱، سنگ میل پبلی کیشنز لاهور)

(۳) ''گالہ: دھنی ہوئی روئی کا چھوٹا سا گچھا، برف کی مانند سفید چیز''۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۰۷۸، فیروز سنز، لاهور)

یکون أولاً بزراً فی قدر حب التین، ثم یخرج الدود عنه فی فصل الربیع، ویکون عند الخروج أصغر من الذر وفی لونه. ویخرج من الأماکن الدفئة من غیر حضن إذا کان مصروراً مجعولاً فی حق، وربما تأخر خروجه، فتصره النساء وتجعله تحت ثدیهن. وإذا خرج أطعم ورق التوت الأبیض، ولایزال یکبر ویعظم إلی أن یصیر فی قدر الأصبع. وینتقل من السواد إلی البیاض أولاً فأولاً، وذلك فی مدة ستین یوماً علی الأکثر، ثم یأخذ فی النسج علی نفسه بما یخرجه من فیه إلی أن ینفد مافی جوفه منه ویکمل علیه ماینیه إلی أن یصیر کهیئة الجوزة، ویبقی فیه محبوساً قریباً من عشرة أیام، ثم ینقب عن نفسه تلك الجوزة، فیخرج منها فراش أبیض، له جناحان لایسکنان من الاضطراب.

وعند خروجه یهیج إلی السفاد، فیلصق الذکر ذنبه بذنب الأنثی ویلتحمان مدةً، ثم یفترقان وتبزر الأنثی البزر الذی تقدم ذکره علی خرق بیض تفرش له قصداً إلی أن ینفد ما فیها منه. ثم یموتان هذا إن أرید منها البزر، وإن أرید الحریر، ترك فی الشمس بعد فراغه من النسج بعشرة أیام یوماً أو بعض یوم، فیموت. وفیه من أسرار الطبیعة أنه یهلك من صوت الرعد وضرب الطست والهاون ومن شم الخل والدخان ومس الحائض والجنب، ویخشی علیه من الفار والعصفور والنمل والوزغ وکثرة الحر والبرد، اھ". حیوة الحیوان، ص: ۳٤۱(۱)۔

وقریب منه ما فی عجائب المخلوقات: ۲/۳۱۸(۲)۔

خالص اصلی ریشم پہننا مردکو نا جائز ہے، مگر چار انگشت کی مقدار جائز ہے اور جس کا بانا ریشم ہے(۳) اور

(۱) (حیوة الحیوان، باب الدال المهملة: ۱/۴۷۵، دارالکتب العلمیة بیروت)

(۲) "دودة القز: دویبة إذا شبعت من الرعی، طلبت مواضعها فی الأشجار والشوک ومضت، الخ".
(عجائب المخلوقات وغرائب الموجودات، للقزوینی رحمه الله تعالیٰ، النوع السابع من الحیوان الهوام والحشرات، ص: ۲٦۵، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

(۳) "بانا: تانا کے خلاف، وہ تار جسے جولا ہے کپڑے کی عرض میں بنتے ہیں"۔(نور اللغات، ص: ۵۱۵، سنگ میل لاهور)

تانا سوت وغیرہ کچھ اَور ہے(۱)، وہ بھی خالص ریشم کے حکم میں ہے اور عورت کو جائز ہے۔

"ویحل للنساء لبس الحریر، ولایحل للرجال إلا قدر أربع أصابع کالعلم. ولا بأس بلبس ماسواه إبریسم ولحمته غیره وعکسه لایلبس إلا فی الحرب، ویکره لبس خالصه خلافاً لهما". المنتقی: ۲/۵۲۲(۲)۔

مرد کو ریشمی کپڑا پہننا جس طرح ناجائز ہے، اس کو پہن کر نماز بھی مکروہ ہے:

"والثوب الحریر والمغصوب وأرض الغیر تصح فیها الصلوة مع الکراهة: أی التحریمة، ذکره السید. وفی السراج والقهستانی: تکره فی الثوب الحریر والثوب المغصوب وإن صحت، والصواب إلی الله تعالیٰ، اهـ". مراقی الفلاح وطحطاوی(۳)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵/۱/۵۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرہ، ۶/محرم/۵۶ھ، صحیح: عبد اللطیف، ۶/محرم الحرام/۵۹ھ۔

---

(۱) "تانا: سوت کے دھاگے جو کپڑا بُنے میں لمبائی کی طرف ہوں"۔(فیروز اللغات، ص: ۳۳۹، فیروز سنز لاهور)

(۲) (الدر المنتقی فی شرح الملتقی علی مجمع الأنهر، کتاب اللباس: ۴/۱۹۴، غفاریه)

"ویحل للنساء لبس الحریر، ولایحل للرجال إلا قدر أربع أصابع کالعلم ........ ولا بأس بلبس ماسداه إبریسم ولحمته غیره وعکسه لایلبس إلا فی الحرب، ویکره لبس حالصه، خلافاً لهما". (مجمع الأنهر، المصدر السابق)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب اللباس، فصل فی اللبس: ۸/۳۴۷، رشیدیه)

(۳) (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، باب شروط الصلوة وأرکانها، ص: ۲۱۱، قدیمی)

"والرابع ستر عورته: أی ولو بما لایحل لبسه کثوب حریر، وإن أثم بلا عذر، کالصلوة فی الأرض المغصوبة". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، مطلب فی ستر العورة: ۱/۴۰۴، سعید)

"أطلق فیما یستر به ما یباح لبسه ومالا یباح، فلو سترها بثوب حریر وصلی، صحت وأثم، کالصلوة فی الأرض المغصوبة، ولو لم یجد یصلی فیه لا عریاناً". (البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب شروط الصلوة: ۱/۴۶۷، رشیدیه)

## ریشمی جبہ

سوال[۹۳۳۲] : ایک صاحب نے امام صاحب کو جبہ لیڈی منٹن بنا کر پیش کیا(۱)، جس پر کچھ گوٹہ کا کام بھی ہوا ہے(۲) گلے کی پٹی پر بظاہر لیڈی منٹن کا ریشمی کپڑا بولا جاتا ہے، لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ حقیقتاً ریشم نہیں ہے۔ایسی شکل میں اس کے استعمال میں کچھ حرج تو نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ریشمی لباس تو مرد کو جائز نہیں(۳)، ریشمی نہ ہوتو درست ہے(۴) بشرطیکہ وہ کفار یا فساق کا شعار نہ ہو(۵)۔فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۶/۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۶/۹۲ھ۔

---

(۱) ''منٹن: جغہ''۔(English to English Dictionary, Page 510, Feroz Sonz Lahore)

(۲) ''گوٹہ: کناری، چاندی یا سونے کے تاروں کا باختہ، پتلی لیس''۔(فیروز اللغات، ص: ۱۱۲۰، فیروز سنز لاھور)

(۳) "عن عمر، وأنس، وابن الزبير، وأبي أمامة رضي الله تعالىٰ عنهم عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "من لبس الحرير في الدنيا، لم يلبسه في الأخرة". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الأول، ص: ۳۷۳، قديمي)

"عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إنما يلبس الحرير في الدنيا مَن لا خلاق له في الأخرة". (مشكوة المصابيح، المصدر السابق)

"يجب أن يعلم أن لبس الحرير -وهو ما كانت لحمته حريراً وسداه حريراً- حرامٌ على الرجال في جميع الأحوال عند أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ. وقال أبو يوسف ومحمد رحمهما الله تعالىٰ: لا يكره في حالة الحرب، ويكره في غير حالة الحرب". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب التاسع في اللبس مايكره من ذلك ومالا يكره: ۵/ ۳۳۱، رشيديه)

"يكره لبس الحرير للذكور، صغيراً كان أو كبيراً". (الفتاوىٰ السراجيه، باب في اللبس، ص: ۷۵، سعيد)

(۴) "لا بأس بلبس الثياب الجميلة إذا كان لا ينكر عليه فيه". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۸/ ۳۴۹، رشيديه)

(۵) "وعنه (ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما) قال. قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه =

## ریشمی رومال وازار بند

سوال[۹۳۳۳]: ریشمی رومال اور ازار بند مردوں کو استعمال کرنا درست ہے یا نادرست؟

**الجواب حامداًومصلیاً:**

ازار بند خالص ریشمی اور جس کا بانا ریشمی ہو، مرد کو ناجائز ہے(۱)، البتہ اگر تانا ریشمی ہو(۲) اور بانا سوت وغیرہ کچھ اَور ہو تو جائز ہے، نفسِ رومال جائز ہے، اگر تکبر کی وجہ سے ہو تو ناجائز ہے اور قیمتی ہونا تکبر کی علامت ہے:

"لبس الحرير الخالص حرام على الرجل إلا لدفع القمل أو حكة، كمافى الحداد من غاية البيان". كذا فى واقعات المفتين(۳)۔

"يكره ما لحمته حرير و سداه غير ذلك، لا بأس بلبس الحرير للرجل فى حالة الحرب، لا بأس بلبس ما سداه حرير ولحمته غير ذلك". فتاوىٰ سراجيه(٤)۔

"وقال فى المحيط: وكذا تكة الحرير و لبنته و هو لقب لا يحل للرجال؛ لأنه استعمال تام". زيلعى(٥)۔

---

= بقوم، فهو منهم". (أبو داؤد كتاب اللباس، باب فى لبس الشهرة ۲/۵۵۸، دار الحديث)

(ومشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثانى، ص: ۳۷۵، قديمى)

قال على القارى: "أى من شبه بالكفار مثلاً فى اللباس و غيره أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أى فى الإثم أو الخير عند الله تعالىٰ......... (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثانى: ۸/۱۵۵، (رقم الحديث: ۴۳۴۷)، رشيديه)

(۱) "بانا: تانا کے خلاف، وہ تار جسے جولا ہے کپڑے کی عرض میں بنتے ہیں"۔(نور اللغات، ص: ۵۱۵، سنگ میل پبلی کیشنز لاہور)

(۲) "تانا: سوت کے دھاگے جو کپڑا بننے میں لمبائی کی طرف ہوں"۔(فیروز اللغات، ص: ۳۳۹، فیروز سنز لاہور)

(۳) لم أجد

(۴) (الفتاوىٰ السراجية، كتاب الاستحسان، باب اللبس، ص: ۷۵، سعيد)

(۵) (تبيين الحقائق، كتاب الكراهية، فصل فى اللبس: ۷/۳۲، دار الكتب العلمية بيروت) =

"لا یکرہ خرقة لوضوء أو مخاط أو عرق لو لحاجة، ولو للتكبر تكره". قال الشامي: "والخرقة المقوّمة دليل الكبر، بزازية. وبه علم أنه لا يصح أن يراد بالخرقة ما يشمل الحرير، اهـ". الشامی (۱)۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## کیا ہر ریشم کیڑے سے بنتا ہے

سوال[۹۳۳۴]: ریشم یا ریشمی کپڑا صرف کیڑے سے بنتا ہے یا اَور چیز سے بھی ریشم تیار ہوتا ہے؟

**الجواب حامداًومصلیاً:**

ریشم اصلی تو وہی ہے جو کیڑے سے بنتا ہے، لیکن نقلی ریشم بھی ولایت سے آتا ہے جو کسی اور چیز سے بنتا ہے (۲)۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵/۹/۵۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف۔

---

= (وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب التاسع في اللبس، ص: ۵/ ۳۳۱، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۳۴۸/۸، رشيديه)

(۱) (ردالمحتار مع الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، قبيل فصل في النظر: ۲۶۳/۶، سعيد)

"ولا بأس بخرقة الوضوء والمخاط. وفي الجامع الصغير: يكره الخرقة التي تحمل ليمسح بها العرق؛ لأنها بدعة محدثة، والصحيح أنه لا يكره. وحاصله أن من فعل شيئاً من ذلك تكبراً، فهو مكروه، ومن فعل ذلك لحاجة وضرورة، لم يكره". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب التاسع في اللبس: ۳۳۳/۵، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، قبيل فصل في النظر: ۳۵۰/۸، رشيديه)

(وكذا في تبيين الحقائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۳۷/۷، دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) قال الدميري: "أما دود القز، فيقال لها: الدودة الهندية، وهي من أعجب المخلوقات، وذلك أنه يكون أولاً بزراً ...... هذا إن أريد منها البزر، وإن أريد الحرير، ترك في الشمس بعد فراغه من النسج بعشرة أيام". (حيوة الحيوان، باب الدال المهملة: ۴۷۵/۱، دار الكتب العلمية بيروت) =

## ٹیرلین کا استعمال

سوال[۹۳۳۵]: آج کل لوگ عام طریقے سے ٹیرلین اور ٹیری کوٹ (کپڑے) کا کرتا قمیص اور شیروانی وغیرہ لباس پہنتے ہیں۔ کیا شرعی اعتبار سے اس کے استعمال میں کوئی قباحت ہے، اور اس قسم کا لباس کو پہن کر نماز پڑھنے یا پڑھانے میں کوئی حرج تو نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ ناپاک نہیں اور اس میں ستر پورا ہے، نیز وہ کفار یا فساق کا شعار نہیں تو اس کا استعمال درست ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## نائیلون کا استعمال

سوال[۹۳۳۶]: نائیلون کا کپڑا جائز ہے یا نہیں، کیونکہ عام طور پر مشہور ہے کہ اس میں سور کی چربی ڈالی جاتی ہے؟

محمد ارشد کاندھلہ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مجھے تحقیق نہیں، اگر سور کی چربی ڈالی جاتی ہے تو یہ ناپاک ہے، استعمال درست نہیں(۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفرلہ۔

---

= (وكذا في عجائب المخلوقات، النوع السابع من الحيوان: الهوام، ص: ۲۶۵، مصطفى البابي الحلبي مصر)

(۱) "فإن الإسلام ......... لم يقصره على نوع دون نوع، ولم يقرّر للإنسان نوعاً خاصاً أو هيئةً خاصةً من اللباس ولا أسلوباً خاصاً للمعيشة، وإنما وضع مجموعةً من المبادى". (تكملة فتح الملهم، كتاب اللباس والزينة: ۴/۸۷، دار العلوم كراتشى)

"لا بأس بلبس الثياب الجميلة إذا كان لا ينكر عليه فيه". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۸/۳۴۹، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الكراهية: ۴/۱۹۱، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۲) "(خلا جلد خنزير، فلا يطهر، الخ): أى لأنه نجس العين، بمعنى أن ذاته بجميع أجزائه نجسة حياً=

## مرد کے لئے کون کونسے رنگ ناجائز ہیں

سوال[۹۳۳۷]: مرد کے لئے کون کون سے رنگ ناجائز ہیں؟

مولوی محمد اقبال۔

الجواب حامداًومصلياً:

"وكره لبس المعصفر والمزعفر الأحمر والأصفر للرجال، ولابأس بسائر الألوان".

تنویر: ۳۵۱/۵(۱)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶۴/۲/۱۳ھ۔

☆......☆......☆......☆......☆

---

= وميتاً". (ردالمحتار مع الدرالمختار، كتاب الطهارة، مطلب في أحكام الدباغة: ۱/۲۰۴، سعيد)

(وكذا في الهداية، كتاب الطهارة، باب الماء الذي يجوز به الوضوء: ۱/۴۱، مكتبه شركت علميه)

(۱) (تنوير الأبصار على هامش ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس: ۳۵۸/۶، سعيد)

"يكره للرجال أن يلبسوا الثوب المصبوغ بالعصفر أو الورس أو الزعفران". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۳۴۹/۸، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۱۹۱/۴، غفاريه كوئٹه)

# الفصل السادس فی أشیاء الزینة

## (زیب وزینت کی اشیاء کا بیان)

### عورتوں کے لئے لپ اسٹک لگانا کیسا ہے؟

سوال[۹۳۳۸]: عورتوں کولپ اسٹک لگانا جائز ہے یانہیں؟ کیاایک شادی شدہ عورت اپنے شوہر کے حکم کے باعث لپ اسٹک استعمال کر کے موٹر کار میں بیٹھ کر یا پیدل کسی کام سے یا یونہی تفریحاً جاسکتی ہے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو چیزیں کفار یا فساق کا شعار ہیں ان کو استعمال کرنا درست نہیں، اسی طرح جو چیزیں مَردوں کا شعار ہیں ان کو استعمال کرنا عورتوں کو درست نہیں (۱)۔ مسئولہ چیزوں میں اگر کوئی چیز نجس ہو تب بھی استعمال ممنوع ہوگا۔ اگر کوئی ایسی چیز ہو جس کی وجہ سے فرض وضو وغسل میں کوتاہی رہتی ہو یعنی پانی پہونچنے سے مانع ہو تو فریضۂ طہارت ناتمام رہے گا (۲)۔ جو چیزیں عرفاً شادی شدہ کا شعار ہے اس کو غیر شادی شدہ استعمال کرے تو اس میں ایک طرح کی تلبیس ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی: ۳۷۵/۲، قدیمی)

(۲) قال الحصکفی رحمه الله تعالیٰ: "ویجب: أی یفرض غسل کل مایمکن من البدن بلاحرج مرةً ........ ولا یمنع ما علی ظفر صباغ ولا طعام بین أسنانه أو فی سنه المجوف، به یفتی. وقیل: إن صلباً منع، وهو الأصح". (الدر المختار: ۱۵۲/۱، ۱۵۳، بحث الغسل، سعید)

## لڑکوں کے لئے کریم پاؤڈر کا استعمال

سوال[۹۳۳۹]: چند لڑکے کریم پاؤڈر لگاتے ہیں، کیا مردوں کو لگانا جائز ہے؟ ظاہر ہے جب ان کو لگاتے ہیں تو زینت ہی مقصود ہوتی ہے۔

نذیر احمد مظفر نگری، متعلم دارالعلوم دیوبند۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو چیزیں عورتوں کا شعار ہوں مردوں کو اس کے استعمال کی اجازت نہیں ہے(۱)۔اسی طرح جو چیز کفار یا فساق کا شعار ہو اس کے بھی استعمال کی اجازت نہیں(۲)۔اسی قاعدہ پر اپنے سوال کو جانچ کر جواب نکال لیں۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۲۱/۳/۹۴ھ۔

## لبوں پر سرخی

سوال[۹۳۴۰]: عورتوں میں رواج ہے کہ ہونٹوں پر سرخی لگاتی ہیں۔کیا یہ مناسب ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اصل خوبصورتی کو فنا کر کے مصنوعی خوبصورتی کو اس کی جگہ پیدا کرنا جو کہ عقل ودانش اور ذوقِ سلیم کے

---

(۱) "عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: "لعن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم المتشبهین من الرجال بالنساء والمتشبهات من النساء بالرجال". (صحیح البخاری، کتاب اللباس، باب المتشبهین بالنساء: ۸۷۴/۲، قدیمی)

(ومشکوۃ المصابیح، کتاب اللباس، باب الترجل، ص: ۳۸۰، قدیمی)

(۲) "عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما، قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (سنن أبی داؤد، کتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة: ۵۵۸/۲، دار الحدیث)

(والجامع الصغیر مع فیض القدیر: ۵۷۴۳/۱۱، (رقم الحدیث: ۸۵۹۳)، مکتبه نزار مصطفیٰ الباز، ریاض)

بھی خلاف ہے(۱)، اگر اس میں کوئی ناپاک چیز ہو جیسے عامۃً اسپرٹ ہوتی ہے تو ہونٹوں اور چہرے کی ناپاکی کا بھی حکم ہوگا(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۵/۸۹ھ۔

## بالوں ہونٹوں پر سرخی

سوال[۱۴۳۴۱]: کیا عورتیں بنے ہوئے لمبے بالوں، ہونٹوں پر سرخی اور آنکھوں کے پلکوں پر رنگ کرکے نماز پڑھ سکتی ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ سرخی ایسی ہے جس نے بالوں اور ہونٹوں کو ڈھانک لیا اور طہارت میں پانی وہاں نہیں پہونچتا تو طہارت ناممکن رہے گی اور نماز نہیں ہوگی(۳)۔ اگر کسی دوسرے بنے ہوئے بالوں میں لگائیں تو اس سے

---

(۱) عورت کے لئے نفس تزئین اختیار کرنا گھر کے اندر شوہر کی اجازت سے جائز ہے:

"وأما التحمير ونحوه فيجوز باذن الزوج وفي داخل البيت، ويحرم بغير إذن الزوج وخارج المنزل". (الفقه الإسلامي وأدلته، كتاب الحظر والإباحة، تاسعاً: الترجل والتخنث: ۲۶۸۳/۴، رشيديه)

(۲) آج کل عموماً اسپرٹ چونکہ پاک اشیا سے بنائی جاتی ہے، لہٰذا اسپرٹ مکربات میں استعمال کرنا مباح ہے، اور اس کی حرمت کا فتویٰ نہیں دیا جائے گا۔

"وإن معظم الكوحل التي تستعمل اليوم في الأدوية والعطور وغيرها لاتتخذ من العنب أو التمر، إنما تتخذ من الحبوب أو القشور أو البترول وغيره، كما ذكرنا في باب بيع الخمر كتاب البيوع، وحينئذ هناك فسحة في الأخذ بقول أبي حنيفة عند عموم البلوى. والله سبحانه اعلم".

(تكملة فتح الملهم، كتاب الأشربة، حكم الكوحل المسكرة: ۶۰۸/۳، دارالعلوم كراچی)

(۳) "ويجب: أي يفرض غسل كل ما يمكن من البدن بلا حرج مرةً، كأذن وسرة وشارب، حاجب ............ ولا يمنع الطهارة ونيم: أي خرء ذباب وبرغوث لم يصل الماء تحته وحناء ولو جرمه، به يفتى". (الدر المختار: ۱۵۲/۱، ۱۵۴، مطلب: أبحاث الغسل، سعيد) ............ =

طہارت ناممکن نہیں رہے گی، لیکن دوسرے بال اپنے بالوں میں اس طرح لگانا تاکہ اصلی بال معلوم ہوں درست نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹/۴/۹۰ھ۔

☆......☆......☆......☆......☆

= (وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ١/٤، الفصل الأول في فرائض الوضوء، رشيديه)

(وكذا في مراقي الفلاح: ١/٦٣، قديمي)

# الفصل السابع فی المتفرقات

## علماء کی مستورات کا فیشن حجتِ شرعیہ نہیں؟

سوال[۹۳۴۲]: کتاب ''دوزخ کا کھٹکا'' میں لکھا ہے کہ پاؤڈر، سرخی، مانگ جوڑا باندھنا، جدید طرز کا کالا برقعہ، ان کا استعمال عورتوں کو ممنوع ہے، مگر آج کی جدید عورت اعتراض کرتی ہے کہ یہ سب فیشن علماء کے یہاں بھی موجود ہیں، پس علماء کی عورتوں کا یہ فعل حجت ہے۔ ایسے ہی مردوں کو کوٹ پتلون، ٹخنوں کے نیچے کپڑا لٹکانا، ان کا استعمال ''من تشبه بقوم فهو منهم''(۱) میں داخل ہے یا نہیں؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلياً:

مردوں کو ٹخنوں سے نیچے پاجامہ یا لنگی مکروہ تحریمی ہے، حدیث شریف میں اس پر وعید آئی ہے(۲)۔ لباس کے متعلق ضابطہ یہ ہے کہ جو لباس سنت سے ثابت ہے وہ یقیناً اعلیٰ اور افضل ہے(۳) اور جو لباس ممنوع

---

(۱) ''عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ''إنما یلبس الحریر فی الدنیا مَن لا خلاق له فی الآخرة''. (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الأول، ص: ۳۷۳، قدیمی)

(۲) ''عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ''ما أسفل من الکعبین من الإزار فی النار''. (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الأول، ص: ۳۷۳، قدیمی)

(وسنن ابن ماجة، کتاب اللباس، باب موضع الإزار، ص: ۲۵۵، قدیمی)

قال النوویؒ: ''فما نزل عن الکعبین، فهو ممنوع، فإن کان للخیلاء، فهو ممنوع منع تحریم''.

(شرح النووی علی الصحیح لمسلم: ۱۹۵/۲، قدیمی)

(وکذا فی مرقاة المفاتیح شرح مشکوة المصابیح، کتاب اللباس: ۱۲۹/۸، رشیدیه)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿لقد کان لکم فی رسول الله أسوة حسنة﴾ (سورة الأحزاب: ۲۱)

=

ہے، مثلاً: مرد کے لئے ریشمی لباس (۱)، یا عورتوں کے لئے ایسا لباس جس سے جسم نظر آئے اس کی اجازت نہیں (۲)۔ اس کے علاوہ جو لباس کفار یا فساق کا شعار ہو، اس کا اختیار کرنا درست نہیں (۳)۔

علماء کی مستورات اگر ناجائز لباس اختیار کریں اور علماء ان کو منع کریں مگر وہ نہ مانیں، سرکشی اور بغاوت کر کے ناجائز لباس اختیار کریں تو اس کی وجہ سے علماء پر کوئی الزام نہیں (۴)۔ اگر علماء ان کو ناجائز لباس کی

---

= "وعن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تمسک بسنتي عند فساد أمتي، فله أجر مأة شهيد". (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب والسنة، الفصل الثاني، ص: ۳۰، قديمي)

(۱) "في فتاوی قاضي خان: لبس الحرير المصمت حرام في الحرب وغيره، كما يكره لباس الصبيان الذكور أيضاً، ويكون الإثم على من ألبسهم. وقال أبو يوسف و محمد رحمهما الله تعالىٰ: لابأس بلبس الحرير في الحرب". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس: ۸/ ۱۳۱، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب التاسع في اللبس: ۵/ ۳۳۱، رشيديه)

(۲) قال العثماني مدظله العالي: "فكل لباس ينكشف معه جزء من عورة الرجل و المرأة، لاتقره الشريعة الإسلامية مهما كان جميلاً وموافقاً لدور الأزياء. وكذلک اللباس الرقيق أو اللاصق بالجسم الذي يحكي للناظر شكل حصةٍ من الجسم الذي يجب ستره، فهو في حكم ما سبق في الحرمة و عدم الجواز". (تكملة فتح الملهم، كتاب اللباس والزينة: ۴/ ۸۸، مكتبه دار العلوم كراچي)

(۳) "وعنه (ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما) قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، ص: ۳۷۵، قديمي)

قال القاري: "أي من شبّه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس و غيره أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أي في الإثم أو الخير عند الله تعالىٰ.......... اهـ". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۳۴۷): ۸/ ۱۵۵، رشيديه)

(وكذا في فيض القدير: ۱۱/ ۵۷۴۳، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

(۴) قال الله تعالىٰ: ﴿وما علينا إلا البلاغ المبين﴾ (سورة يٰس: ۱۷)

قال الحافظ ابن كثير: "يقولون: "إنما علينا أن نبلغكم ما أرسلنا به إليكم، فإذا أطعتم كانت لكم السعادة في الدنيا والآخرة، وإن لم تجيبوا فستعلمون غب ذلک، والله أعلم". (تفسير ابن كثير: =

اجازت دیں، یا منع نہ کریں، یا ان کے ناجائز لباس سے راضی ہوں تو ان کا ایسا کرنا شرعاً قابلِ اعتبار نہیں، اس کو حجتِ شرعیہ قرار نہیں دیا جا سکتا (۱)۔

کفار کے شعار غیر مذہبی کو اختیار کرنا مکروہ تحریمی ہے جو کہ حرام کے قریب ہے (۲) اور ان کے شعارِ مذہبی کو اختیار کرنا ہرگز جائز نہیں، یہ کفر کے قریب ہے (۳)۔ امید ہے کہ اس سلسلہ کی تمام جزئیات کا حکم سمجھ میں آ جائے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۲۶/ ۵/ ۹۰ھ۔

## درزی کا بچا ہوا کپڑا رکھ لینا

سوال [۹۳۴۳]: زید خیاطی کا کام کرتا ہے، لوگوں کے کپڑے سیتا ہے اور معقول سلائی لے کر بال

---

= ۳/ ۴۹ ۷، مکتبہ دار السلام ریاض)

قال العلامة الآلوسيّ: "إلا بتبليغ رسالته تعالىٰ تبليغاً ظاهراً بيّناً بحيث لا يخفى على سامعه، ولا يقبل التأويل والحمل على خلاف المراد أصلاً، وقد خرجنا من عهدته فلا مؤاخذة علينا من جهة ربنا، كذا قيل". (روح المعاني: ۲۲/ ۲۲۲، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(۱) "اعلم أن أصول الشرع ثلاثة: الكتاب والسنة وإجماع الأمة، والأصل الرابع القياس". (نور الأنوار، ص: ۷۴ ۵، سعید)

(۲) "وعنه (ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما) قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، ص: ۳۷۵، قديمى)

قال القاري: "أي من شبّه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس و غيره أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أي في الإثم أو الخير عند الله تعالىٰ......... اهـ". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۳۴۷): ۸/ ۱۵۵، رشيديه)

(وكذا في فيض القدير: ۱۱/ ۵۷۴۳، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

(۳) "رجل اشترى يوم النيروز شيئاً ولم يكن يشتريه قبل ذلك، أراد به تعظيم النيروز، كفر: أي لأنه عظم عيد الكفرة". (شرح الفقه الأكبر، فصل: في الكفر صريحاً وكناية، ص: ۱۸۶، قديمى)

(وكذا في شرح الفقه الأكبر، فصل في الكفر، صريحاً وكناية، ص: ۱۴۲، قديمى)

(وكذا في الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الخنثى، مسائل شتى ۶/ ۷۵۴، سعيد)

بچوں کی پرورش کرتا ہے، دوسرا کوئی روزگار نہیں ہے، لیکن زید نے اپنا یہ طور بنا رکھا ہے کہ اگر مسلم کا کپڑا کاٹتا ہے تو جو کچھ بچ جاتا ہے واپس کر دیتا ہے، غیر مسلموں کا بچا ہوا کپڑا واپس نہیں کرتا۔ لہٰذا ایسا کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

چوری مسلم کی ہو یا غیر مسلم کی، جائز نہیں حرام ہے(۱)، غیر مسلم کی چوری کا معاملہ زیادہ سخت ہے: "خصومة الذمی أشد من خصومة المسلم، اھ". درمختار (۲) وغیرہ میں یہ مضمون وارد ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## گریباں کھلا رکھنا

سوال[۹۳۴۴]: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کرتے کا اوپر والا بٹن کھلا رہتا تھا یا نہیں، اگر کسی کے کرتے کا اوپر والا بٹن کھلا رہے تو اس کی وجہ سے نماز میں کوئی حرج تو نہیں ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کبھی کھلا رکھنا بھی ثابت ہے اور بعض صحابہ نے اس کو دیکھ کر ایسا پسند کیا کہ ہمیشہ ہی کھلا ہی رکھا:

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿السارق والسارقة، فاقطعوا أيديهما﴾ (سورة المائدة: ۳۸)

"عن أبي حرة الرقاشي عن عمه رضي الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "ألا! لا تظلموا، ألا! لا يحل مال امرىء إلا بطيب نفس منه". (مشكوة المصابيح، كتاب البيوع، باب الغصب والعارية، الفصل الثاني، ص: ۲۵۵، قديمي)

"هي لغةً أخذ الشيء من الغير خفيةً، وتسمية المسروق سرقةً مجاز. وشرعاً باعتبار الحرمة أخذه كذلك بغير حق، نصاباً كان أم لا". (الدرالمختار، كتاب السرقة: ۲/۴، سعيد)

(۲) العبارة بتمامها: "(خصومة الذمي والدابة يوم القيامة أشد من خصومة المسلم)، الخ". (الدرالمختار). "(قوله: لأن خصومة الذمي، الخ) في الخانية من الغصب: مسلم غصب من ذمي مالاً أو سرقه، يعاقب عليه يوم القيامة؛ لأنه أخذ مالاً معصوماً، والذمي لا يرجى منه العفو بخلاف المسلم، فكانت خصومة الذمي أشد". (ردالمحتار، كتاب العتق، باب الاستيلاد: ۳/۶۹۴، سعيد)

(وكذا في فتاویٰ قاضي خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الغصب، فصل في براۃ الغاصب والمديون: ۳/۲۵۸، رشيديه)

"عن معاوية بن قرة عن أبيه رضى الله تعالىٰ عنه قال: أتيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى رهط من مزينة لنبايعه، وإن قميصه لمطلق، أو قال: زر قميصه". شمائل، ص: ۳۸(۱)۔

"قال عروة فما رأيت معاوية ولا ابنه قط إلا مطلقيُ أزارهما قط فى شتاء ولا حر، ولا يزرران إزرارهما". أبو داؤد شريف(۲)۔

"قوله: فما رأيت معاوية، الخ". وهذا وإن كان اختياراً لما هو خلاف الأولى خصوصاً فى الصلوة، لكنهما أحبا أن يكون على مارأيا النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وإن كان إطلاق إزراره إذ ذاك لعارض ولم يكن هذا من عامة أحواله صلى الله تعالى عليه وسلم، وذلك لما فيه من قلة المبالاة بامر الصلوة، إلا أن الكراهة لعلها لا تبقى فى حق معاوية وابنه، لكون الباعث لهما حب النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم واتباعه فيما رأياه من الكيفية، الخ". بذل المجهود: ۵/۵۲(۳)۔

اس حالت میں نماز کا حکم بھی عبارت مذکورہ سے معلوم ہوگیا ہے۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۰/ رجب/ ۷۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۲۲/ رجب/ ۷۰ھ۔

☆......☆......☆......☆......☆

---

(۱) (شمائل الترمذى، باب ماجاء فى لباس رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ۵، سعيد)

(۲) (سنن أبى داؤد، كتاب اللباس، باب ماجاء فى حل الأزرار: ۲/۲۰۹، مكتبه رحمانيه)

(۳) (بذل المجهود وشرح أبى داؤد، كتاب اللباس، باب ماجاء فى حل الإزرار: ۵/۵۲، معهد الخليل)
(وكذا فى الشمائل الترمذى، باب ماجاء فى لباس رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ۳۰، دار الكتب العلمية بيروت)

# باب استعمال الذهب والفضة

## الفصل الأول في الخاتم

### (انگوٹھی کا بیان)

### سونے چاندی کی انگوٹھی وغیرہ

سوال[۹۳۴۵]: سونے چاندی کی انگشتری اور بوتام بنانا شریعت میں جائز ہے یا ممنوع ہے(۱)، اگر جائز ہے تو کتنا سونا چاندی جائز ہے مرد وعورت کیلئے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سونے چاندی کی انگشتری بنانا شرعاً درست ہے، البتہ مرد کو صرف چاندی کی انگشتری کی اجازت ہے وہ بھی ایک مثقال سے کم (۲)، عورت کیلئے کوئی قید نہیں ہے، اس کیلئے سونے کی بھی اجازت ہے(۳) اور وزن

---

(۱) (Button) بوتام: تکمہ، گھنڈی، گولا، کوئی چھوٹی سے گول چیز"۔ (English to english & Urdu Dictionary, Page No: 115, Feroz Sons, Lahore)

(۲) "ولایتحلی الرجل بذهب و فضة مطلقاً إلابخاتم ......... منها: أی الفضة ......... ولا يزيده على مثقال، وقيل: لايبلغ به المثقال". (رد المحتار مع الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس: ۳۵۸/۶-۳۶۱، سعید)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۳۴۸/۸، رشيديه)

(۳) "يجوز للنساء التحلي بالذهب و الفضة، إلا الخاتم ......... من الفضة ......... وفي الاختيار: سنّ أن يكون الخاتم على قدر مثقال أو دونه". (مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۱۹۵/۴، غفاريه)

میں بھی جس قدر چاہے استعمال کرسکتی ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۴/۹۰ھ۔

## سونے کی انگوٹھی مرد کے لئے

سوال[۹۳۴۶]: سونے کی انگوٹھی مرد کیلئے جائز ہے یانہیں؟ ریڈیو، گانا بجانا، ناٹک(۲)، قوالی، جھوٹی خبریں خود سننا اور اپنے اہل وعیال کو سنانا جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سونے کی انگوٹھی مرد کو پہننا حرام ہے(۳)۔ ریڈیو پر امورِ مسئولہ کو سننا جائز نہیں(۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۴/۱۳۹۱ھ۔

---

(۱) ''عورت کے لئے انگوٹھی کے سوا دوسرا زیور ہر قسم کی دھات کا بنا ہوا جائز ہے، انگوٹھی صرف سونے اور چاندی کی جائز ہے خواہ جس مقدار کی بھی ہو''۔ (أحسن الفتاویٰ، کتاب الحظر والإباحة، باب أحکام لباس وزینت، عنوان: عورت کے لئے زیور اور انگوٹھی کا حکم: ۸/۷۰، سعید)

(۲) ''ناٹک: ناچنے والا، رقاص، تماشا کرنے والا بہروپیا، ایکٹر، کھیل، تمثیل، ڈرامہ''۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۳۳۹، فیروز سنز لاھور)

(۳) ''عن ابن عمر رضی اللہ عنهما قال: نهی رسو ل اللہ صلی اللہ علیه وسلم عن خاتم الذ هب''. (سنن ابن ماجة، أبواب اللباس، باب النهی عن التختم بالذ هب، ص: ۲۵۹، قدیمی)

''ولایتختم بغیرها کحَجَر وذ هب وحدید''. (الدرالمختار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی اللبس: ۶/۳۵۵، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الکراهیة، فصل فی اللبس: ۴/۱۹۵، رشیدیه)

(۴) ''استماع صوت الملاهی کالضرب بالقضیب ونحوه حرام''. (الفتاوی البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الفصل الثالث فیمایتعلق بالمناهی: ۶/۳۵۹، رشیدیه)

(وکذا فی مجمع الأنهر شرح ملتقی الأبحر، کتاب الکراهیة، فصل فی المتفرقات: ۴/۲۲۳، غفاریه)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة: ۶/۵۵، سعید)

## انگوٹھی میں سونے کا نگ

سوال[۹۳۴۷] : مرد انگوٹھی میں سونا بطورِ نگینہ کے استعمال کرسکتا ہے یا نہیں؟ اگر جواب نفی میں ہے تو ہدایہ کتاب الکراھیہ، کی عبارت:

"والحلقة هي المعتبرة؛ لأن قوام الخاتم بها، ولا معتبر بالفص، حتى يجوز أن يكون من حجر، الخ" کا کیا مطلب ہوگا؟

**الجواب حامداً ومصلياً:**

چاندی کی انگوٹھی مرد کیلئے جائز قرار دی گئی ہے اور اس کا وزن متعین کردیا گیا کہ اس سے زائد نہ ہو۔ اس مسئلہ کے ذیل میں صاحبِ ہدایہ نے لکھا ہے کہ حلقہ اور نگینہ کا مجموعی وزن اتنا ہونا مراد نہیں، بلکہ وزن کی یہ تحدید حلقہ کیلئے ہے(۱)، لہٰذا اگر صرف حلقہ کا اتنا وزن ہو اور نگینہ مثلاً: پتھر کا ہو کہ مجموعہ کا وزن زیادہ ہوجائے تب بھی درست ہے۔

اگر نگینہ پتھر کا ہو تو اس کی اجازت دی گئی ہے، اگر حلقہ پتھر کا ہو تو اس کو منع کیا گیا ہے، اگر پتھر کے نگینہ میں سونے کی کیل ہو تو اس کی بھی اجازت نہیں، اگر کسی اَور چیز کا نگینہ ہو جو کہ مرد کیلئے ممنوع ہو تو اس کی بھی اجازت نہیں:

"ثم الحلقة في الخاتم هي المعتبرة؛ لأن قوام الخاتم بها، ولا معتبر بالفص، حتى أنه يجوز أن يكون حجراً أو غيره، كذا في السراج الوهاج. ولا بأس بسد نقب الفص بمسمار الذهب، كذا في الاختيار شرح المختار". عالمگیری: ۱۰۲/۴ (۲)۔

---

(۱) "والختم بالذهب على الرجال حرام، لما روينا. وعن علي رضي الله تعالىٰ عنه أن النبي عليه السلام نهى عن التختم بالذهب. ولأن الأصل فيه التحريم، والإباحة ضرورة الختم أو النموذج، وقد اندفعت بالأدنىٰ، وهو الفضة، والحلقة هي المعتبرة؛ لأن قوام الخاتم بها، ولا معتبر بالفص حتى يجوز أن يكون من حجر. ويجعل الفص إلى باطن كفه، بخلاف النسوان؛ لأنه تزين في حقهن". (الهداية، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۴۵۷/۴، مكتبه شركة علميه ملتان)

(۲) (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب العاشر في استعمال الذهب والفضة: ۳۳۵/۵، رشيديه)

"ولا يتختم إلا بالفضة، وهذا نص على أن التختم بالحجر والصفر حرام،

اه". هدایه(۱)۔

والمسئلة مذكورة في تكملة فتح القدير: ۹٦/۸(۲)، والبحر الرائق: ۱۹۱/۸(۳)،

وتبيين الحقائق: ٦/۱(٤)۔

چونکہ نگینہ حلقہ کا تابع ہوتا ہے، اس لئے اگر وہ (نگینہ) سونے کا ہو تو گنجائش معلوم ہوتی ہے جیسے ازرار

---

(۱) (الهداية، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۴/۴۵۷، مكتبه شركة علميه ملتان)

(۲) (تكملة فتح القدير، كتاب الكراهية، فصل في اللبس ۲۲/۱۰، مصطفى البابي الحلبي مصر)

(۳) "ولا يتحلى الرجل بالذهب والفضة إلا الخاتم ......... لما روينا، غير أن الخاتم وما ذكر مستثنى تحقيقاً لمعنى النموذج والفضة؛ لأنهما من جنس واحد، وكان للنبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خاتم من فضة، وكان في يده إلى أن توفي، ثم في يد أبي بكر إلى إن توفي، ثم في يد عمر إلى أن توفي، ثم في يد عثمان إلى أن وقع في البئر، فأنفق مالاً عظيماً في طلبه، فلم يجده، ووقع الخلاف بين الصحابة والتشويش من ذلك الوقت إلى أن استشهد ......... والحلقة هي المعتبرة؛ لأن قوام الخاتم بها، ولا يعتبر بالفص؛ لأنه لايجوز من الحجر". (البحر الرائق، كتاب الكراهيه، فصل في اللبس: ۳۴۸/۸، رشيديه)

(۴) "ولا يتحلّى الرجل بالذهب والفضة ......... لما روينا، غير أن الخاتم ......... من الفضة مستثنىٰ تحقيقاً لمعنى النموذج، والفضة أغنت عن الذهب؛ لأنهما من جنس واحد، وقد ورد آثار في جواز التختم بالفضة، وكان للنبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خاتم فضة، وكان في يده إلى أن توفي، ثم في يد أبي بكر إلى أن توفي، ثم يد عمر إلى أن توفي، ثم في يد عثمان إلى أن وقع من يده في البئر، فأنفق في طلبه مالاً عظيماً، فلم يجده، ووقع الخلاف فيه والتشويش بينهم من ذلك الوقت إلى أن استشهد رضي الله تعالىٰ عنه. ولا يتختم بغير الفضة كالحجر والحديد والصفر ......... ولأن الأصل فيه التحريم، والإباحة ضرورة التختم والنموذج، وقد اندفعت بالأدنىٰ، وهي الفضة. والحلقة هي المعتبرة؛ لأن قوام الخاتم بها، ولا معتبر بالفص حتى يجوز من الحجر". (تبيين الحقائق كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۳۵/۷، ۳٦، دارالكتب العلمية بيروت)

ثوب کی اجازت ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## چاندی وغیرہ کی انگوٹھی

سوال[۹۳۴۸]: مردکوسونا، چاندی، پیتل، لوہے ۶، ۷/ آنے بھر تک استعمال کرنا جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مردکوصرف چاندی کی انگوٹھی ساڑھے تین ماشہ کی مقدار درست ہے، اس کے علاوہ کسی دھات کی

---

(۱) واضح رہے کہ یہاں پر جواب کی دوعبارتیں قابلِ توجہ ہیں: ۱- ''اگر پتھر کے نگینہ میں سونے کے کیل ہوتو اس کی اجازت نہیں'' حالانکہ حوالہ میں لکھی ہوئی عالمگیری کی اس عبارت: "ولا بأس بسد نقب الفص بمسمار الذهب" سے جواز معلوم ہوتا ہے۔

۲- دوسری آخر والی عبارت ''چونکہ نگینہ حلقہ کا تابع ہوتا ہے، الخ'' لکھ کر جواز کا قول لکھا ہے اور اوپر والی عبارت: ''اگر کسی اور چیز کا نگینہ ہو جو کہ مرد کیلئے ممنوع ہو تو اس کی بھی اجازت نہیں''۔ دونوں عبارتوں میں بظاہر تناقض نظر آرہا ہے، یا کاتب کی سہو ہے، لہذا عالمگیری کی عبارت کو دلیل بنا کر پتھر کے نگینے میں سونے کی کیل کی اجازت معلوم ہوتی ہے اور حلقہ کا تابع بنا کر سونے کے نگینے کا عدمِ اجازت معلوم ہوتا ہے۔ اور مقیس علیہ (ازرارِ ثوب) خود محلِ تأمل ہے۔ اس عبارت کے مطلب کو حکیم الامت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس طرح بیان کیا ہے، فرمایا:

''مدت ہوئی حضرت مولانا قاری عبدالرحمٰن پانی پتی رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول کہ: اس ازرار سے مراد کلابتوں کی گھنڈی ہے، بٹن اس میں داخل نہیں۔ ان کے صاحبزادے قاری عبدالسلام مرحوم سے سن کر صفائی معاملات کے اس مسئلہ میں مجھ کو تردد ہوگیا ہے اور اس وقت احتیاط کے درجہ میں اس سے رجوع کرتا ہوں''۔ (إمداد الفتاوی، کتاب الحظر والإباحة، أحکام متعلقہ لباس، تحت عنوان: ''سونے چاندی، پیتل، لوہے وغیرہ کا استعمال: ۴/ ۱۳۱، مکتبہ دارالعلوم، کراچی)

مفتی رشید احمد لدھیانویؒ فرماتے ہیں: ''جائز نہیں، قال الحصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ: "لابأس بإزرار الدیباج والذهب". (الدر المختار: ۵/ ۲۲۶). بعض نے اس سے سونے کے بٹنوں کا جواز سمجھا ہے جو صحیح نہیں، اس لئے کہ ازرار گھنڈی کو کہتے ہیں، بٹن کو نہیں، گھنڈی کپڑے کے تابع ہوتی ہے بٹن تابع نہیں، اس لئے سونے یا چاندی کے تار کی گھنڈی جائز ہے بٹن جائز نہیں۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم''۔ (أحسن الفتاوی، کتاب الحظر والإباحة، احکام لباس وزینت، تحت عنوان: مرد کے لئے سونے چاندی کے بٹن: ۸/ ۷۰، سعید)

انگوٹھی مرد کیلئے درست نہیں، کذافی الدر المختار (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/۱۷/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/۱۷/ ۸۸ھ۔

## چاندی کی انگوٹھی

سوال [ ۹۳۴۹ ]: انگشتری کی چاندی کی جس کا وزن تقریباً ۶/ ماشہ ہے، کیا اس کو آدمی پہن سکتا ہے یا نہیں اور اگر پہن سکتا ہے تو کس وزن کی پہن سکتا ہے؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

بادشاہ وقاضی اور متولی وغیرہ کو مُہر لگانے کیلئے انگشتری چاندی کی جائز ہے جس کا وزن چار ماشہ سے کم ہو، اَوروں کیلئے مناسب نہیں:

"وترك التختم لغير السلطان والقاضي وذي حاجه إليه كمتول أفضل، اه". درمختار۔

"وفي البستان عن بعض التابعين: لايتختم إلاثلاثه: أمير أو كاتب أو أحمق". (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

## کئی نگ والی انگوٹھی

سوال [ ۹۳۵۰ ]: انگوٹھی جس میں کئی نگ ہوں، یا ایک ہی نگ کی دو تین انگوٹھی انگلیوں میں پہننا کیسا

---

(۱) "ولايتحلى الرجل بذهب و فضه مطلقاً إلا بخاتم............ منها: أي الفضة ............ ولايزيده على مثقال". (الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحه، فصل في اللبس: ۶/۳۵۸-۳۶۱، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۴/۱۹۵، غفاريه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهيه، فصل في اللبس: ۸/۳۴۸، رشيديه)

(۲) (ردالمحتار مع الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحه، فصل في اللبس: ۶/۳۶۱، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر مع ملتقى الأبحر، كتاب الكراهيه، فصل في اللبس: ۴/۱۹۷، غفاريه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، قبيل فصل في النظر واللمس: ۸/۳۴۹، رشيديه)

ہے؟ اور ایسی انگوٹھیاں پہنے ہوئے نماز ادا کرنے کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

ایسی انگوٹھیاں جس میں کئی نگ ہو حرام ہے، ایک سے زائد انگوٹھی بھی کوئی مرد نہ پہنے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۷/۹۶ھ۔

☆......☆......☆......☆......☆

(۱) "وإنما يجوز التختم بالفضة إذا كان على هيئة خاتم الرجال، أما إذا كان على هيئة خاتم النساء بأن يكون له فصان أو ثلاثة، يكره استعماله للرجال". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهيه، الباب العاشر في استعمال الذهب والفضة: ۵/۳۳۵، رشيديه)

(وكذا في خلاصة الفتاوى، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۴/۳۷۰، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الفصل السابع في اللبس: ۶/۳۶۸، رشيديه)

# الفصل الثانی فی أسنان الذھب والفضۃ

## (سونے چاندی کے دانتوں کا بیان)

### چاندی سونے کے دانت، ان کے تار اور خول کا دانت کیلئے استعمال

سوال[۹۳۵۱]: ۱...... بعض مَردوں اور عورتوں کے دانت کمزوری سے ہلنے لگتے ہیں جس کی وجہ سے مرد عورتیں اپنے اپنے دانتوں میں چاندی و سونے کا خول چڑھواتے ہیں، یا چاندی یا سونے کے تار سے دانتوں کو بندھواتے ہیں مضبوطی کے لئے۔ تو کیا مردوں اور عورتوں کے لئے سونے و چاندی کا خول چڑھوانا یا دانتوں پر ٹانکہ لگوانا جائز ہے یا نہیں؟ یا محض عورتوں کیلئے روا ہے تو مردوں کیلئے کیا حکم ہے؟

۲...... مظاہرِ حق میں ہے کہ ''جہاد میں کسی صحابی کی ناک ضائع ہوگئی تھی تو صحابی نے ناک پر سونے کا خول بنوایا تھا''۔ ان کو جہاد کی وجہ سے اجازت تھی، یا عوام کو بھی اجازت ہے؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱...... امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سونے کی ممانعت ہے، چاندی کی اجازت ہے۔ امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دونوں کی اجازت ہے، فتاوی عالمگیری: ۶:۳۳۶(۱) میں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے بھی ایک روایت امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے موافق نقل کی ہے، لہذا گنجائش ہے، اور اس میں مرد وعورت کا ایک ہی حکم ہے۔

۲...... مجھے تو مظاہر حق میں یہ واقعہ باوجود تلاش کے ملا نہیں، خدا جانے آپ نے کہاں سے دیکھ کر لکھا ہے، کیونکہ مصباح کے حوالہ سے علامہ شلبیؒ نے زیلعی شرح کنز، ج: ۶:۲۲۶، کے حاشیہ پر یہ واقعہ حضور صلی اللہ

---

(۱) ''قال أبو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ فی مجلس اٰخر: سألت أباحنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ عن ذٰلک، فلم یر بإعادتہا بأساً''. (الفتاوی العالمکیریۃ، کتاب الکراھیۃ، قبیل الباب الحادی عشر فی الکراھۃ فی الأکل: ۵/۳۳۶، رشیدیہ)

علیہ وسلم کی بعثت سے پانچ سال قبل کالکھا ہے(۱) اور آپ کہتے ہیں کہ ایسا ایک جہاد میں ہوا۔ بدائع (۲)، زیلعی (۳)، ردالمحتار (۴) وغیرہ میں لکھا ہے کہ بہت ممکن ہے کہ یہ ان صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تخصیص ہو۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

## سونے چاندی کے دانت

سوال[۹۳۵۲]: صحابی کا خول ناک پر چڑھوانے کا واقعہ یہ ہے۔مظاہر حق، جلد سوم، کتاب اللباس، ص: ۴۹۹، بحوالہ ترمذی: ''حضرت عبدالرحمٰن بن طرفہ سے روایت ہے کہ دادا عرفجہ ابن اسعد کی ناک کاٹی گئی دن کلاب کے، پس بنائی اس نے چاندی کی، پس بدبو ہوئی وہ ناک، اس پر حکم کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہ بنادے سونے کی ناک''۔اس دلیل سے بعض علماء نے جائز قرار دیا ہے''(۵)۔

---

(۱) "كلاب ..........اسم وادٍ بين الكوفه والبصرة ..........وكان به وقعة مشهورة بين العرب قبل المبعث بخمس سنين، وهو عن اليمامة ستة أميال". (حاشية الشلبي على تبيين الحقائق للزيلعي، كتاب الكراهية، قبيل فصل في النظر والمس: ۳۶/۷، دار الكتب العلميه بيروت)

(۲) "وقد روى أن عرفجة أصيب أنفه يوم الكلاب، الخ". (بدائع الصنائع، كتاب الاستحسان، قبيل كتاب البيوع: ۱۳۲/۵، سعيد)

(۳) "ويحتمل أنه عليه الصلاة والسلام رخص عرفجة بذلك". (تبيين الحقائق للزيلعي، كتاب الكراهية: ۳۷/۷، سعيد)

(۴) "واحتمال أن ذلك خصوصيةٌ لعرفجة". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، قبيل فصل في النظر والمس: ۳۶۲/۶، سعيد)

(وكذا في المحيط البرهاني، كتاب الاستحسان، قبيل الفصل الثاني عشر في الكراهية في الأكل: ۸۷/۶، غفاريه)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الكراهية، قبيل فصل في أحكام النظر ونحوه: ۱۹۶/۴، غفاريه)

(۵) (مظاهر حق (جديد)، كتاب اللباس، باب الخاتم، الفصل الثاني: ۱۸۹/۴، إداره اشاعت كراچى)

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ واقعہ متعدد کتب میں دیکھا ہوا ہے اور یاد بھی ہے، مگر آپ نے خط میں اس کو ''جہاد'' لکھا تھا، حالانکہ یہ نبوت سے بھی کئی سال قبل کا واقعہ ہے، اس لئے مجھے تردد اور تأمل تھا، نیز جس وقت یہ واقعہ پیش آیا، اس وقت حضرت عرفجہ مسلمان بھی نہیں ہوئے تھے اور آپ نے لکھا تھا کہ ''ایک صحابی کی جہاد میں ناک کٹ گئی تھی'' اس لئے تردد تھا، اگر آپ ''جہاد'' اور ''صحابی'' تحریر نہ کرتے تو کچھ اشکال نہیں تھا(۱)۔

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک دانت کو چاندی کے تار سے باندھنا درست ہے، سونے کے تار سے درست نہیں۔ امام محمد کے نزدیک دونوں سے درست ہے، امام محمد رحمۃ اللہ کی دلیل یہ حدیث ہے(۲)۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ وامام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ سونے کی ناک کی اجازت مجبوری بدبو کی وجہ سے دی گئی ہے اور جب تک چاندی سے کام چل سکے سونے کے استعمال کی ضرورت نہیں، كذا في الزيلعي شرح الكنز (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) "وكان ذهب أنفه يوم الكُلاب .......... والحاصل أن يوم الكلاب اسم حرب معروفة من حروبهم". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، باب الخاتم، الفصل الثاني: ۱۹۳/۸، (رقم الحديث: ۴۴۰۰)، رشيديه)

"يوم الكُلاب -كغراب- اسم ماء كانت عنده وقعة بالجاهلية". (قوت المغتذي على جامع الترمذي، أبواب اللباس، باب ماجاء في شد الأسنان بالذهب: ۳۰۶/۱، سعيد)

(۲) "عن عرفجة بن أسعد رضي الله تعالىٰ عنه قال: أصيب أنفي يوم الكلاب في الجاهلية، فاتخذت أنفاً من ورق فأنتن عليّ، فأمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم أن أتخذ أنفاً من ذهب". (جامع الترمذي، أبواب اللباس، باب ماجاء في شد الأسنان بالذهب: ۳۰۶/۱، سعيد)

(وسنن أبي داؤد، كتاب الخاتم، باب ماجاء في ربط الأسنان بالذهب: ۲۳۰/۲، إمداديه ملتان)

(ومشكوة المصابيح، كتاب اللباس، باب الخاتم، الفصل الثاني، ص: ۳۷۹، قديمي)

(۳) "قال رحمه الله: (وشد السن بالفضة): أي يحل شد السن المتحرك بالفضة، ولا يحل بالذهب، وهذا عند أبي حنيفة وأبي يوسف رحمهما الله تعالىٰ. وقال محمد رحمه الله: يحل بالذهب أيضاً وهو =

## چاندی سونے کا دانت

سوال[۹۳۵۳]: جب دانت ٹوٹ جائے اس کی جگہ دانت کے اوپر سونا یا چاندی کا دانت یا میخ یا پترہ لگوالینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک چاندی کی میخ، پترہ، دانت لگوانا جائز ہے۔ سونے کی میخ، پترہ، دانت لگوانا جائز نہیں۔ امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سونے کی میخ وغیرہ بھی درست ہے۔ سونے کی میخ وغیرہ سے اختلاف کی وجہ سے اجتناب احوط ہے:

"ولا يشد سنه المتحرك بذهب بل بفضة، و جوّزهما محمد رحمه الله تعالى".

درمختار۔ "وفي التاترخانية: وعلى هذا الاختلاف إذا جدع أنفه وإذا قطع أذنه أو سقط سنه، فأراد أن يتخذ سناً آخر، فعند الإمام يتخذ ذلك من الفضة فقط، وعند الإمام محمد يتخذ من

---

= رواية عنهما، لِمَاروى أن "عرفجة بن سعد أصيب أنفه يوم كلاب، فاتخذ أنفاً من فضة، فأنتن فأمره النبي صلى الله عليه وسلم أن يتخذ أنفاً من ذهب . ولأن الفضة والذهب من جنس واحد، والأصل الحرمة فيهما، فإذا حل التضبيب بأحدهما حل بالآخر، ووجه المذكور هنا أن استعمالهما حرام إلا للضرورة، وقد زالت بالأدنىٰ، وهو الفضة، فلا حاجة إلى الأعلىٰ، فبقي على الأصل وهو الحرمة. والضرورة فيما روى لما تندفع بالفضة حيث أنتنت، ولأن كلامنا في السنّ، والمروى في الأنف، فلا يلزم من عدم الإغناء في الأنف عدم الإغناء في السنّ، ألا ترى أن التختم جاز لأجل الختم، ثم لما وقع الاستغناء بالأدنىٰ لايصار إلى الأعلىٰ، ولايجوز قياسه على الأنف فكذا هنا. ويحتمل أنه عليه الصلوة والسلام خص عرفجة رضي الله تعالىٰ عنه بذلك كما خصّ الزبير بن العوام وعبد الرحمن بن عوف رضي الله تعالىٰ عنهما بلبس الحرير لأجل الحكة في جسمهما". (تبيين الحقائق، كتاب الكراهية، قبيل فصل في النظر والمس: ۳٦/۷، دار الكتب العلمية بيروت)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهيه، قبيل فصل في النظر واللمس: ۳۵۰/۸، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر، مع ملتقى الأبحر، كتاب الكراهيه، قبيل فصل في أحكام النظر ونحوه: ۱۹٦/۴، غفاريه)

الذهب أيضاً". شامی: ۵/۳۱۸(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۴/۸/۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف۔

## رولڈ گولڈ کور میں دانت

سوال [۹۳۵۴]: زید کا ایک دانت چوٹ لگنے سے ٹوٹ گیا ہے، زید دانت لگوانے کی غرض سے ڈاکٹر کے پاس گیا، ڈاکٹر نے مشورہ دیا کہ مستقل لگا رہنے والا دانت لگوائیں گے جو نکالنا نہیں پڑے گا۔ تو رولڈ گولڈ کور (۲) میں وہ دانت لگے گا جسے عام طور پر لوگ لگواتے ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ رولڈ گولڈ سونے کا کیا حکم ہے، رولڈ گولڈ کور میں اگر زید دانت لگوائے تو کیا حکم ہے؟ چاندی کے کور میں لگوا سکتا ہے کہ نہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً:

اگرچہ سونے اور چاندی دونوں کا دانت لگوانے کی بھی گنجائش ہے، لیکن چاندی سے کام چل جائے تو سونے سے پرہیز مناسب ہے:

"إذا جدع أنفه أو أذنه، أو سقط سنه، فأراد أن يتخذ سنًّا آخر، فعند الإمام يتخذ ذلك من الفضة فقط، وعند محمد من الذهب أيضاً، اهـ". ردالمحتار: ۵/۲۲۶(۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۱۰/۲/۹۶ھ۔

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس: ۶/۳۶۲، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۴/۱۹۶، غفاريه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهيه، قبيل فصل في النظر واللمس: ۸/۳۵۰، رشيديه)

(۲) "گولڈ: سونا، زر، طلا"۔ (فيروز اللغات، ص: ۱۱۱۵، فيروز سنز لاهور)

(۳) (رد المحتار، كتاب الحظر والإباحه، قبيل فصل في النظر والمس: ۶/۳۶۲، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الكراهيه، قبيل فصل في أحكام النظر ونحوه: ۸/۳۵۰، غفاريه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، قبيل فصل في النظر والمس: ۸/۳۵۰، رشيديه)

## چاندی کا خلال

سوال[ ۹۳۵۵]: ہندہ کو عرصہ سے چاندی کے خلال کی عادت ہے اور پان وغیرہ کھانے کی وجہ سے چھالیہ اندر کے دانتوں میں پھنس جاتی ہے اور تنکے سے نکالنا مشکل ہوتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ چاندی کے خلال کیلئے طبیب کہتا ہے کہ اس سے کوئی نقصان نہیں ہوگا، مگر بہشتی زیور کے اندر ممنوع لکھا ہے(۱)۔ اب دریافت طلب یہ کہ چاندی کا خلال کر سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

چاندی کا خلال استعمال نہ کریں، تانبے، پیتل وغیرہ کا استعمال کرلیا کریں، اس کے لئے وزن مقرر نہیں، جتنی ضرورت ہو استعمال کر سکتے ہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، ۱۹/۴/۹۰ھ۔

☆......☆......☆......☆......☆

(۱) ''سونے چاندی کے برتن میں کھانا پینا جائز نہیں، بلکہ ان کی چیزوں کا کسی طرح سے استعمال کرنا درست نہیں، جیسے چاندی سونے کے چمچہ سے کھانا پینا، خلال سے دانت صاف کرنا، گلاب پاش سے گلاب چھڑکنا، سرمہ دانی یا سلائی سے سرمہ لگانا ......غرض ان کی چیز کا کسی طرح استعمال کرنا درست نہیں''۔ (بہشتی زیور، حصہ سوم، باب: ۳۶، چاندی سونے کے برتنوں کا بیان، ص: ۳۵۲، دارالاشاعت کراچی)

(۲) "وكـذالايـجو ز الاكتحال بميل الذهب والقضة، وكذا المكحلة، وكل ما كان يعود الانتفاع به إلى البـدن، كـذافـي السـراج الـو هاج". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب العاشر في استعمال الذهب والفضة: ۳۳۴/۵، رشيديه)

"ولايـجـو ز استعـمال آنية الذهب والفضة ............ و على هذا المجمرة والملعقة والمدهن والميل والمكحلة والمرآة و نـحـو ذلـك". (الاختيار لتعليل المختار، كتاب الكراهيه، فصل فى حكم الحرير والحلى: ۴۱۹/۲، حقانيه پشاور)

(وكذا في خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الكراهيه، الفصل السابع في اللبس: ۳۷۱/۴، رشيديه)

# الفصل الثالث فی مصنوعات الذهب وغیره

## (سونے وغیرہ کی مصنوعات کا بیان)

### کُرتے میں سونے کے بٹن

سوال[۹۳۵۶]: سونا استعمال کرنا مردوں کیلئے حرام ہے، لیکن سابق صدر مفتی حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب علیہ الرحمۃ نے اپنے فتاوی دار العلوم میں لکھا ہے کہ ''سونے کا بٹن مردوں کیلئے استعمال کرنا جائز ہے''۔ دلیل درمختار وغیرہ سے پیش کر کے یہ فرمایا کہ ''چونکہ یہ بٹن مستقل نہیں، بلکہ لباس کے تابع ہیں، لہٰذا درست ہے''(۱)۔ آیا واقع میں یہ درست بھی ہے یا نہیں؟ کیوں کہ بہت دنوں کے بعد اس پر نگاہ پہنچی ہے، اس لئے تعجب ہو رہا ہے، ورنہ حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے فتوی کو دیکھنے کے بعد لب کشائی کی گنجائش نہیں رہ جاتی۔

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

اگر سونے کے بٹن کرتے میں گُندھے ہوئے ہیں(۲)، تو یہ کُرتے کے تابع ہو کر جائز ہے:

"لابأس بإزرار الديباج أو الذهب". الدر المختار على هامش ردالمحتار: ۳٤۸/۵-(۳)

اور اگر الگ بنے ہوئے ہیں اور کُرتہ میں لگاتے ہیں جیسا کہ آج کل رواج ہے تو ناجائز ہے، اس لئے

---

(۱) (فتاوی دار العلوم دیو بند (إمداد المفتيين)، كتاب الحظر والإباحه، باب اللباس والزينة، عنوان: ''سونے چاندی کے بٹن استعمال کرنا جائز ہیں'': ۸۱۵/۲، دارالإشاعت کراچی)

(۲) ''گندھنا: آٹے میں پانی ڈال کر ملانا، سر کے بالوں کو گُتھنا، ہار کا گُتھنا''۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۱۰۹، فیروز سنز، لاهور)

(۳) (الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحه، فصل فی اللبس: ۳۵۵/٦، سعید)

کہ اس صورت میں وہ کرتہ کے تابع نہیں ہوں گے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۱/۸۸ھ۔

## سونے چاندی کے بٹن

سوال[۹۳۵۷]: مرد کو سونے چاندی وغیرہ کے بٹن جائز ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مرد کو سونے چاندی کے بٹن جائز نہیں (۲)۔ وغیرہ کا مطلب کیا ہے، اس کے معلوم ہونے پر جواب ملے گا۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

## رولڈ گولڈ کے سنہرے بٹن، گھڑی کی چین، لوہے کی انگوٹھی، مخلوط دھاتوں کے بٹن کا حکم

سوال[۹۳۵۸]: آج کل جو رولڈ گولڈ کی سنہرے رنگ کے جو بٹن بازار میں فروخت ہوتی ہے، ان کا شرعی حکم کیا ہے؟ نیز گھڑی کے سنہرے چینوں کا کیا حکم ہے؟ ان دھاتوں کا شمار لوہے وغیرہ میں ہوگا یا نہیں، اگر ہے تو کتبِ فقہ میں مثلاً ھدایہ وغیرہ میں جو یہ مسئلہ صراحۃً لکھا ہے کہ حدید وغیرہ دھاتوں کے بٹن وغیرہ استعمال کرنا مکروہ ہے، اس کا کیا مطلب ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بٹن جو کپڑے میں سلا ہوا ہو وہ تابع ثوب ہے، درمختار میں ازرارِ ذھب کو جائز لکھا ہے(۳)۔ لوہے کی

---

(۱) "حدثنا آدم ......... قال: نهانا النبي صلى الله عليه وسلم عن خاتم الذهب". أو قال: "حلقة الذهب، وعن الحرير والاستبراق، الخ". (صحيح البخاري، كتاب الأدب، باب خواتيم الذهب: ۲/۸۷۱، قديمي)

"ويكره أن يلبس الرجل ثوباً فيه كتابة بذهب وفضة". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في الأكل والشرب: ۸/۳۳۹، رشيديه)

(۲) (راجع رقم الحاشية: ۱)

(۳) "لابأس بازرار الديباج أو الذهب". (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في =

انگوٹھی مکروہ ہے(۱)، رولڈ گولڈ کی حقیقت کے متعلق ان لوگوں سے تحقیق کی جائے جو اس کا تجربہ رکھتے ہیں، وہ بتاسکیں گے کہ یہ سونا ہے یا لوہا یا مخلوط، مخلوط ہونے کی صورت میں جو دھات غالب ہوگی اس کا حکم جاری کیا جائے گا(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۹۶/۶/۱۷ھ۔

## پیتل کے بٹن

سوال[۹۳۵۹]: کیا مردوں کو پیتل وغیرہ کے بٹن جس پر پالش ہوتی ہے، پہننا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

درست ہے(۳) جبکہ ان میں تشبہ نہ ہو(۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۵/۱۲ھ۔

---

= اللبس: ۶/۳۵۵، سعید)

(۱) "والتختم بالحديد والصفر والنحاس والرصاص مكروه للرجال والنساء". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس: ۶/۳۶۰، سعید)

"ولايتختم بحجر ولاصفر ولاحديد". (الدرالمنتقى المعروف بسكب الأنهر شرح ملتقى الأبحر، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۴/۱۹۷، غفاريه)

"التختم بالحديد والصفر والنحاس والرصاص مكروه للرجال والنساء". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب العاشر في استعمال الذهب والفضة: ۵/۳۳۴، رشيديه)

(۲) "وما غالبه الفضة أو الذهب فضةٌ وذهبٌ". (الدرالمنتقى شرح الملتقى، كتاب الصرف: ۴/۱۶۶، غفاريه)

"والغالب عليه الغش منهما في حكم عروض اعتبار للغالب". (الدرالمختار، كتاب الصرف: ۵/۲۶۶، سعید)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصرف: ۶/۳۳۴، رشيديه)

(۳) "ولابأس بأن يلبس الصبي اللؤلؤ وكذا البالغ". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب =

## تانبہ کے برتن پر چاندی کی قلعی

سوال[۹۳۲۰]: تانبہ وغیرہ کے برتن پر اگر چاندی یا سونے کی قلعی کرا کر استعمال کیا جائے تو جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلياً:

تانبے کے برتن پر سونے چاندی کے پانی سے اگر اس طرح قلعی کردی جائے کہ اس سے مستقلاً الگ نہ

---

= العاشر في استعمال الذهب والفضة: ۵/۳۳۴، رشيديه)

"الأصل في الأشياء الإباحة". (الأشباه والنظائر، القواعد الكلية: ۱/۲۲۳، إدارة القران كراچی)

(۴) "عن ابن عمر رضي الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (سنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة: ۲/۵۵۸، دار الحديث ملتان) (ومشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمي)

"من تشبه بقوم": أي تزيّا في ظاهره بزيهم، وفي تعرفه بفعلهم وفي تخلقهم، بخلقهم وسار بسيرتهم وهديهم في ملبسهم وبعض أفعالهم: أي وكان التشبه بحق قد طابق فيه الظاهر الباطن "فهو منهم". وقيل: المعنى من تشبه بالصالحين، وهو من أتباعهم يكرم كما يكرمون. ومن تشبه بالفساق، يهان ويخذل كهم. ومن وضع عليه علامة الشرف أكرم وإن لم يتحقق شرفه. وفيه أن من تشبه من الجن بالحيات وظهر بصورتهم، قتل. وأنه لايجوز الآن لبس عمامة زرقاء أو صفراء، كذا ذكره ابن رسلان. وبأبلغ من ذلك صرح القرطبي فقال: لوخص أهل الفسوق والمجنون بلباس منع لبسه لغيرهم، فقد يظن به من لايعرفه أنه منهم، فيظن السوء، فيأثم الظان والمظنون فيه بسبب العون عليه". (فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۱۱/۵۷۴۳، (رقم الحديث: ۸۵۹۳)، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

قال الملا على القاري رحمه الله تعالیٰ: "من تشبه بقوم": أي من شبّه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف والصلحاء الأبرار "فهو منهم": أي في الإثم والخير. قال الطيبي رحمه الله تعالیٰ: هذا عام في الخَلق والخُلق والشعار". (مرقاة المفاتيح: ۸/۱۵۵، كتاب اللباس، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۳۴۷)، رشيديه)

ہو سکے تو اس کی گنجائش ہے، کذا فی رد المحتار: ۵/۱ ۳۰(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیوبند۔

## برتن پر سونے چاندی کا ملمع کرنا

سوال[۹۳۶۱]: جیسا کہ چاندی سونے کے برتن وغیرہ استعمال کرنا حرام ہیں، تو اگر کسی برتن پر چاندی یا سونے کا ملمع ہو تو اس کا استعمال کرنا کیسا ہے؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

اگر چاندی یا سونے کا صرف پانی چڑھایا گیا ہو جس کو مستقلاً جدا نہ کیا جا سکتا ہو تو گنجائش ہے، اجتناب پھر بھی ورع ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۶/۷/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۶/۷/۸۸ھ۔

## سکہ پر سونے چاندی کا ملمع کرکے زیور بنانا

سوال[۹۳۶۲]: سکہ کا زیور بنوا کر اس پر سونے چاندی کا پانی چڑھواتے ہیں تو اس کا استعمال مرد عورت پر درست ہے یا نہیں؟ مرد انگوٹھی اور بٹن اس کا استعمال کر سکتا ہے یا نہیں؟

---

(۱) "وكذا الإناء المضبب بالذهب أو الفضة". (الدر المختار). وقال ابن عابدين رحمه الله تعالى: "أى الحكم فيه كالحكم في المفضض، يقال: باب مضبب: أى مشدود بالضباب، الخ". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة: ۶/۳۴۴، سعيد)

"وحل الشرب فى إناء مفضض ......... ويتقى موضع الفضة يعنى يتقى موضعها بالفم، وقيل: بالفم واليد فى الأخذ والشرب". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل فى الأكل والشرب: ۸/۳۴۱، رشيديه)

(وكذا فى مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر، كتاب الكراهية، فصل فى اللبس: ۴/۱۹۷، غفاريه)

(۲) (راجع الحاشية المتقدمة)

الجواب حامداً ومصلياً:

اس پر سونے چاندی کا ملمع کرکے اس کا زیور بنوانا اور استعمال کرنا عورتوں کے لئے درست ہے۔ مرد کو صرف ایک انگوٹھی کی مقدار وزن میں اجازت ہے، وہ بھی چاندی کا، بٹن تابعِ ثوب اس میں توسع ہے، مرد کے لئے بھی اجازت ہے:

"ولایتحلی الرجل بذهب وفضة مطلقاً إلا بخاتم ومنطقة وحلية سيف منها ولايتختم بغيرها كحجر وذهب وحديد و صفر ورصاص وزجاج. و في الحاوي القدسي: إلا الخاتم قدر درهم. ولابأس بإزرار الديباج والذهب. ولابأ س بأن يتخذ خاتم حديد قد لوى عليه فضة وألبس بفضة حتى لايرى، اه". درمختار وشامی (١)۔

محض معمولی پانی اگر سونے چاندی کا ہو تو وہ کافی نہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۳/۱/۲۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۳/۱/۲۰ھ۔

## تانبے، پیتل وغیرہ کا استعمال

سوال [۹۳۶۳]: پیتل، تانبا کے بے قلعی برتنوں کا استعمال کرنا، حقہ ضروری پینا، دھوتی، لنگی استعمال کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

پیتل اور تانبے کے برتنوں کا استعمال کرنا درست ہے (۲)۔ البتہ اگر کفار کی مشابہت ہو تو

---

(١) (ردالمحتار مع الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس: ٦/٣٥٨-٣٦١، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر شرح الملتقى مع درالمنتقى، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ١٩٥/٤، مكتبه غفاريه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهيه، فصل في اللبس: ٣٤٨/٨، رشيديه)

(٢) "وأما الآنية من غير الفضة والذهب، فلا بأس بالأكل والشرب والانتفاع بها، كالحديد والصفر النحاس والرصاص والخشب والطين". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة: ٣٤٣/٦، سعيد) =

منع ہے (۱)۔ لنگی اس طرح باندھنا جس سے ستر کھلے یا کفار کے طریقے پر باندھنا ناجائز ہے اور شرع کے موافق باندھنا درست ہے۔ حقہ کسی بیماری کی وجہ سے دواءً پینا درست ہے (۲) اور بغیر بیماری کے شوقیہ پینا مکروہ (۳)، اگر نشہ ہو تو ناجائز ہے (۴)۔ بدبودار منہ لے کر مسجد میں جانا بہرصورت ناجائز

= "ولابأس بآنية العقيق والبلور والزوجاج والزبرجد والرصاص". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب العاشر في استعمال الذهب والفضة: ۵/۳۳۵، رشيديه)

(۱) "عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمي)

(وكذا في سنن أبي داؤد، باب في لبس الشهرة، ص: ۵۵۸، دارالحديث ملتان)

(۲) "وجوزه في النهاية بمحرم إذا أخبره طبيب مسلم أن فيه شفاءً، ولم يجد مباحاً يقوم مقامه". (الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۶/۳۸۹، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثامن: ۵/۳۵۴، رشيديه)

(۳) "علامہ شامی اور دوسرے علمائے کرام نے عدم کراہت کو ترجیح دی ہے بشرطیکہ بدبودار نہ ہو:

" وللعلامة الشيخ علي الأجهوري المالكي رسالة في حله، نقل فيها أنه أفتى بحله مَن يعتمد عليه من أئمة المذاهب الأربعة. قلت: وألف في حله أيضاً سيدنا العارف عبدالغني النابلسي رسالةً سماها "الصلح بين الإخوان في إباحة شرب الدخان" وتعرض له في كثير من تآليفه الحسان، وأقام الطامة الكبرىٰ على القائل بالحرمة أو بالكراهة، فإنهما حكمان شرعيان لابدّ لهما من دليل، ولادليل على ذلك ......... فهو داخل تحت قاعدة: الأصل في الأشياء الإباحة". (ردالمحتار، كتاب الأشربة: ۶/۴۵۹، سعيد)

(وكذا في أحسن الفتاوىٰ: ۸/۴۸۱، سعيد، وكفايت المفتي: ۹/۱۴۵، دارالإشاعت كراچى)

(۴) "عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "كل مسكر خمر، وكل مسكر حرام". (الصحيح لمسلم، كتاب الأشربة، باب بيان أن كل مسكر خمر وكل خمر حرام، ص: ۱۶۷، قديمي)

(ومشكوة المصابيح، كتاب الحدود، باب بيان الخمر، ص: ۳۱۷، قديمي)

ہے، مسواک وغیرہ سے منہ صاف کر کے جانا چاہیے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۹/صفر/۱۳۵۹ھ۔

(۱) "قيل لأنس رضى الله تعالىٰ عنه: ماسمعت النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى الثوم ؟ فقال: من أكل، فلا يقربن مساجدنا". (صحيح البخارى، كتاب الأطعمة، باب ما يكره من الثوم والبقول: ۲/ ۸۲۰، قديمى)

"وقال الإمام العينى فى شرحه على صحيح البخارى: علة النهى أذى الملائكة وأذى المسلمين .......... ويلحق بما نص عليه في الحديث كل ماله رائحة، مأكولاً أو غيره .......... وإنما خص الثوم هنا بالذكر وفى غيره كالبصل والكراث، لكثرة أكلهم لها". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، مطلب فى الغرس فى المسجد: ۱/ ۶۶۱، سعيد)

# الفصل الرابع فی مایتعلق بساعۃ الوقت
## ( گھڑی کے استعمال کا بیان )

### گھڑی باندھنا کیسا ہے؟

سوال[۹۳۶۴]: اسلام میں چاندی کے علاوہ اَور چیزیں حرام ہیں تو گھڑی ہم لوگ استعمال کرتے ہیں، اس کا کیا حکم ہے؟ اس میں ہر چیز لوہے کی ہے۔

الجواب حامداًو مصلیاً:

گھڑی اگر زیور کے طور پر ہاتھ میں نہ باندھی جائے، بلکہ وقت دیکھنے کے لئے ہوجیسا کہ وہ اسی مقصد کے لئے بنائی گئی ہے تو ممنوع نہیں، جس طرح لوہے کا خُو داور تلواراور زرہ پہننااور لگانا ممنوع نہیں، کیونکہ وہ زیور نہیں بلکہ ضرورت ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیو بند۔

### گھڑی کس ہاتھ میں پہنی جائے؟

سوال[۹۳۶۵]: کچھ لوگ بائیں ہاتھ کے بجائے داہنے ہاتھ میں گھڑی پہنتے ہیں اور کچھ لوگ

---

(۱) ''اسٹیل کی چین زیور میں شمار نہیں ہے کہ اس کا باندھنا حرام ہو، بلکہ ایک ضرورت کی حیثیت میں استعمال ہوتی ہے، ہاں جو گھڑی یا چین زنانی طرز وساخت کی ہو، اس کو مردوں کا استعمال کرنا: "لعن الله المتشبهين بالنساء والمتشبهات بالرجال". أو كما قال عليه الصلوة والسلام" کے مطابق درست نہ رہے گا''۔ (نظام الفتاوی، کتاب الحظر والإباحة، تحت عنوان: ''کلائی گھڑی میں اسٹیل کی چین باندھنا'': ۱/۳۸۰، مکتبہ رحمانیہ لاھور)

(وكذا في أحسن الفتاوى، الحظر والإباحة، المتفرقات، عنوان: ''ہاتھ میں چین والی گھڑی باندھنا'': ۸/۲۱۳، سعيد)

(وكذا في جدید فقہی مسائل، بیان زیبائش وآرائش: ۱/۳۷۷، مکتبۃ الایمان لاھور)

بائیں ہاتھ میں۔ کس ہاتھ میں گھڑی پہننا بہتر ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

کیا کسی مخصوص ہاتھ میں گھڑی باندھنا غیروں کا شعار ہے؟ اگر ایسا ہے تو اس سے بچنا چاہیے، ورنہ دونوں میں سے جس میں دل چاہے استعمال کریں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

## انگوٹھی اور گھڑی کی چین

سوال[۹۳۶۶]: ۱ ...... "في الجامع الصغير: ولايتختم إلا بالفضة. وهذا نص على أن التختم بالحجر والحديد والصفر حرام، ورأى رسو ل الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على رجل خاتم صفر، فقال: "مالي أجد منك رائحة الأصنام"؟ ورأى على آ خر خاتم حديد فقال: "مالي

---

(۱) اکثر خیر کی چیزوں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دائیں سمت کو ترجیح دی ہے اور گھڑی بھی ذریعۂ خیر ہے کہ اس سے نماز اور عبادات کے اوقات معلوم ہوتے ہیں، اس لئے دائیں ہاتھ میں پہننا زیادہ بہتر ہوگا:

"عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: إن كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ليحب التيمن في طهوره إذا تطهر، وفي ترجّله إذا ترجل، وفي انتعاله إذا انتعل". (شمائل الترمذي، باب ماجاء في ترجل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ۴، سعيد)

"إذا أكل أحدكم فليأكل بيمينه، وإذا شرب فليشرب بيمينه". (الصحيح لمسلم، كتاب الأشربة، باب آداب الطعام والشراب: ۲/۱۷۲، قديمي)

"إذا انتعل أحدكم، فليبدأ باليمنى". (صحيح البخاري: ۲/۸۷۰، كتاب اللباس، ينزع النعل اليسرى، قديمي)

لیکن اگر کسی غرضِ صحیح کے تحت بائیں ہاتھ میں باندھی جائے تو بھی درست ہے، جیسا کہ کوئی شخص زیادہ لکھتا ہو، تو اس کو لکھتے وقت گھڑی دائیں ہاتھ میں ہوتے ہوئے دقت ہوتی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

أری علیك حلیة أهل النار"، هدایة اخرین، ص: ۴۴۱، کتاب الکراهیة، مجتبائی(۱)۔

مذکورہ بالا احادیث میں نہی اور ممانعت صرف تختم تک محدود ہے، یا چاندی سونے کے علاوہ دوسری دھاتوں سے بنی ہوئی تمام چیزوں کو شامل ہے، خواہ وہ چیزیں خاتم کی شکل میں ہوں یا اَور کسی زیور کی شکل میں، اگر یہ نہی صرف تختم تک محدود نہیں تو پھر آج کل اسی سے گھڑیوں کے لئے عموماً چین استعمال کی جاتی ہے جو سفید ہے یا سنہری، بہرصورت وہ مختلف قسم کی دھاتوں سے تیار ہوتی ہے۔ لہذا سوال یہ ہے کہ اس قسم کی چین مذکورہ بالا احادیث نہی کے تحت داخل ہو کر ممنوع ہے یا نہیں؟

۲......آج کل عورتوں اور بالخصوص بچیوں کے لئے اکثر پیتل، رولڈ گولڈ، یا مختلف قسم کی دھاتوں سے بنے ہوئے زیورات، مثلاً: چوڑیاں، ہار، ایرنگ (۲) وغیرہ وغیرہ مستعمل ہوتے ہیں۔ اسی طرح آج کل عینک کے اندر پلاسٹک کے علاوہ اسٹیل وغیرہ کی جو سفید یا سنہری فریم استعمال کی جاتی ہیں، کیا یہ سب چیزیں بھی مذکورہ بالا حدیث نہی کے تحت داخل ہو کر ممنوع اور ناجائز ہیں؟ اگر ناجائز ہیں تو آج کل عموم بلویٰ کے پیش نظر اس میں گنجائش کا پہلو ہے یا نہیں؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

۱......"ولایتحلی الرجل بالذهب والفضة إلا بالخاتم والمنطقة وحلیة السیف من الفضة". متن کنز۔ "(قوله: من الفضة) قید للمذکور جمیعه. عینی". شلبی علی هامش الزیلعی: ۱۵/۶ (۳)۔

"ولایتحلی الرجل بذهب وفضة مطلقاً إلا بخاتم ومنطقة وحلیة سیف منها: أی الفضة إذا لم یُرد به التزین". درمختار۔ "(قوله: ولایتحلی): أی لایتزین (قوله: إذا لم یُرد به التزین)

---

(۱) (الهدایة، کتاب الکراهیة، فصل فی اللبس: ۴۵۵/۴، إمدادیه ملتان)

(۲) "ایرنگ: انگوٹھی، کڑا، کنڈا، احاطہ"۔ (English to English and Urdu Dictionary, Page No.: 786, Feroz Sons Lahore)

(۳) (حاشیة الشلبی علی تبیین الحقائق للزیلعی، کتاب الکراهیة، فصل فی اللبس: ۳۵/۷، دار الکتب العلمیه بیروت)

الظاهر أن الضمير في "به" راجع إلى "الخاتم" فقط؛ لأن تحلية السيف والمنطقة لأجل الزينة لابشيء اخر بخلاف الخاتم، ويدل عليه مافي الكافية حيث قال: قوله: (إلا بالخاتم) هذا إذا لم يُرد به التزين". ردالمحتار: ۳۱٤/۵(۱)۔

"التختم بالذهب والحديد والصفر حرام، والتختم بالذهب والحديد والصفر والنحاس والرصاص مكروه للرجال والنساء". شامي: ۳۱۵/۵(۲)۔

"ولا يتختم رجل ولا امرأة بحجر ولا صفر ولا حديد ولا غيرها إلا الفضة، وقيل: يباح التختم بالحجر، الخ". سكب الأنهر: ۵۳٦/۲(۳)۔

عباراتِ منقولہ سے معلوم ہوا کہ تختم دوسری دھاتوں کی مرد عورت سب کیلئے منع ہے، عورت کیلئے ذھب وفضہ دونوں کی اجازت ہے، مرد کیلئے تحلّی یعنی تزین خواہ بشکلِ خاتم ہو یا کسی اَور شکل میں ہو صرف فضہ مخصوص مقدار تک درست ہے۔

حلیۃ السیف والمنطقہ کی بھی قیود کے ساتھ اجازت ہے، جوشن کی بھی حرب میں اجازت ہے، دستی گھڑی کی چین ذھب وفضہ کے علاوہ جس دھات کی بھی ہو وہ خاتم کے حکم میں نہیں، یہ متعین نہیں کہ یہ حلیہ ہی ہے، اقرب یہ ہے کہ اس کا حال جیبی گھڑی کی طرح ہے کہ وہ حلیہ نہیں۔ مشابہ بالحلیہ ہونے کی وجہ سے بھی حرمت کا فتویٰ محتاجِ دلیل ہے، احتیاط کی جائے تو وہ أقرب إلی الورع ہے(۴)۔

---

(۱) (رد المحتار مع الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس: ۳۵۹/٦، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۱۹۵/۴، غفاريه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهيه، فصل في اللبس: ۳۴۸/۸، رشيديه)

(۲) (ردالمحتار مع الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس: ۳۵۹/٦، ۳٦۰، سعيد)

(۳) (سكب الأنهر الدر المنتقى شرح الملتقى، كتاب الكراهيه، فصل في اللبس: ۱۹۷/۴، غفاريه)

(۴) "چین کے استعمال کی دو صورتیں ہیں: ۱- اس کا باندھنا بذاتِ خود مقصود ہو، جیسے زینت کے لئے لوگ باندھتے ہیں، ۲- بذاتِ خود مقصود نہ ہو، کسی دوسری چیز کے باندھنے کے لئے استعمال کی جائے، صورت اولیٰ میں استعمال ناجائز اور ثانیہ میں بلاکراہت جائز ہے"۔ (أحسن الفتاوى، متفرقات الحظر والإباحة، (تحت عنوان): "ہاتھ میں چین والی گھڑی باندھنا": ۲۱۳/۸، سعيد) ......................... =

۲..... ان میں کوئی چیز ممنوع نہیں، فتاوی رشیدیہ میں عورتوں کو ہر قسم کے زیورات کی اجازت دی ہے(۱)عینک بھی حلیہ نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۲/۸۸ھ۔

## گھڑی میں کس دھات کا پٹہ ہو؟

سوال[۹۳۶۷] : کلائی گھڑی میں اسٹیل، یا رولڈ گولڈ، یا کسی اَور دھات کا پٹہ لگانا کیسا ہے؟ اور ایسا پٹہ باندھے ہوئے نماز پڑھنے یا پڑھانے کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

درست ہے، اس طرح نماز بھی درست ہے، یہ زیور نہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۷/۹۶ھ۔

---

= (ونظام الفتاوی، کتاب الحظر والإباحة: ۱/۳۸۰، رحمانیه لاهور)

(وجدید فقهی مسائل لمولانا سیف الله خالد، زیبائش وآرائش: ۱/۷۳، مکتبة الایمان لاهور)

(۱) ''عورتوں کو چوڑیاں ہر قسم کی پہننا درست ہے، خواہ کانچ کی ہوں، خواہ سونے چاندی، لوہے، تانبے، پیتل کی ہوں۔ جوشیٔ زینت کی ہے، خواہ لباس ہو، یا زیور وہ عورتوں کو حالتِ عدت میں نادرست ہے، اس لئے بوقتِ عدت چوڑیاں وغیرہ توڑ پھوڑ دی جاتی ہیں، بعد عدت اگر کوئی عورت پہنے تو مضائقہ نہیں۔ جس کی آمدنی نو روپیہ حلال ہو، دس روپیہ حرام خواہ برعکس یا دونوں مساوی ہوں، اس کا ہدیہ وغیرہ دعوت ضیافت سے نادرست ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم''۔ (فتاوی رشیدیه، مندرجه تالیفات رشیدیه، جواز وحرمت کے مسائل، ص:۴۹۱، إداره اسلامیات لاهور)

(۲) ''چین کے استعمال کی دو صورتیں ہیں: ۱- اس کا باندھنا بذاتِ خود مقصود ہو، جیسے زینت کے لئے لوگ باندھتے ہیں، ۲- بذاتِ خود مقصود نہ ہو، کسی دوسری چیز کے باندھنے کے لئے استعمال کی جائے، صورتِ اولیٰ میں استعمال ناجائز اور ثانیہ میں بلاکراہت جائز ہے''۔ (أحسن الفتاوی، متفرقات الحظر والإباحة، (تحت عنوان): ''ہاتھ میں چین والی گھڑی باندھنا'': ۸/۲۱۳، سعید)

(وكذا في نظام الفتاوى، كتاب الحظر والإباحة: ۱/۳۸۰، رحمانیه لاهور)

(وجدید فقهی مسائل لمولانا سیف الله خالد، زیبائش وآرائش ۱/۷۳، مکتبة الایمان لاهور)

## گھڑی کا استعمال مرد وعورت کے لئے

سوال[۹۳۶۸]: کلائی کی گھڑی کے استعمال میں مرد اور عورت یکساں ہیں یا نہیں اگر نہیں تو کیوں؟ بحوالہ کتبِ معتبرہ تحریر فرما کر عنداللہ، مأجور ہوں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

جس جگہ اس کا مرد وعورت میں عام رواج ہو، کوئی تخصیص کسی کی نہ ہو تو وہاں ہر دو کا حکم ایک ہے(۱)۔ اور جس جگہ مردوں کے ساتھ مخصوص ہو عورتیں عام طور پر استعمال نہ کرتی ہو، وہاں عورتوں کو ناجائز ہے، کیونکہ عورتوں کو مردوں کے ساتھ تشبہ کی حدیث شریف میں ممانعت ائی ہے، کذافی المشکوٰۃ، ص: ۳۸۰(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف۔

## گھڑی اور سونے کی چین وغیرہ

سوال[۹۳۶۹]: گھڑی پہننا جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو گھڑی کا کیس، ڈائل وچین سونے کا بنوانا، یا سونے کا پانی چڑھوانا، یا پین کا نب سونے کا بنوانا اور قمیص وکرتے وغیرہ کا بٹن سونے چاندی کا بنوانا کیسا ہے؟ رولڈ گولڈ کا کیا حکم ہے؟

---

(۱) (تقدم تخریجه تحت المسئلة المتقدمة آنفاً)

(۲) "عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "لعن الله المتشبهین من الرجال بالنساء والمعشبهات من النساء بالرجال". (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، ص: ۳۸۰، قدیمی)

(وصحیح البخاری، کتاب اللباس، باب المتشبهین بالنساء والمتشبهات بالرجال: ۸۷۴/۲، قدیمی)

(وكذا فی فیض القدیر شرح الجامع الصغیر: ۴۹۹۴/۱۰، (رقم الحدیث: ۷۲۶۵)، مكتبه نزار مصطفی الباز مكة المكرمة ریاض)

الجواب حامداً ومصلیاً:

وقت معلوم کرنے کیلئے تاکہ ہر کام کا نظام صحیح رہے اور اپنے وقت سے نہ ہٹے اور وقت ضائع نہ ہو تو گھڑی رکھنا درست ہے اور ہاتھ میں باندھنا بھی درست ہے(۱)، مگر کیس، ڈائل، چین سونے کا نہ ہو(۲)، سونے کا پانی اس میں ہو تو مضائقہ نہیں(۳)۔ چاندی سونے کا بٹن کپڑے میں اس طرح ہو جیسے گھنڈی کہ جدا نہ ہو سکے تو وہ تابع ثوب قرار دے کر درست ہے(۴)۔ رولڈ گولڈ کی حقیقت مجھے معلوم نہیں، اگر وہ سونا چاندی نہیں اور اس پر سونے یا چاندی کا پانی ہے تو اس کا حکم آ چکا۔ قلم کے نب پر اگر سونے کا پانی ہو تو وہ بھی درست ہے(۵)، خالص سونے کا نہ ہو(۶)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۱/۱/۲۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، ۹۱/۱/۲۵ھ۔

---

(۱) (أحسن الفتاوی، متفرقات الحظر والإباحة، عنوان: ''ہاتھ میں چین والی گھڑی باندھنا'': ۸/۲۱۳، سعید)

(ونظام الفتاوی، کتاب الحظر والإباحة، عنوان: ''کلائی گھڑی میں اسٹیل کی چین باندھنا'': ۱/۳۸۰، رحمانیه)

(۲) ''ولا یتحلی الرجل بالذهب والفضة إلا بالخاتم والمنطقة وحلية السيف من الفضة''. (حاشية الشلبی علی تبيين الحقائق للزيلعی، کتاب الكراهية، فصل فی اللبس: ۷/۳۵، دارالکتب العلمية بيروت)

(وكذا فی ردالمحتار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی اللبس: ۶/۳۵۹، سعید)

(وكذا فی البحر الرائق، کتاب الكراهية، فصل فی اللبس: ۸/۳۴۸، رشیدیه)

(۳) ''ولا بأس بالانتفاع بالأوانی المموهة بالذهب والفضة بالإجماع''. (الفتاوی العالمكيرية، کتاب الكراهية، الباب العاشر فی استعمال الذهب والفضة: ۵/۳۳۵، رشیدیه)

(وكذا فی الاختيار لتعليل المختار، کتاب الكراهية، قبيل فصل فی الاحتكار: ۲/۲۲۴، حقانیه)

(۴) ''لا بأس بأزرار الديباج أو الذهب''. (الدرالمختار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی اللبس: ۶/۳۵۵، سعید)

آج کل چونکہ کپڑوں کے بٹن کپڑوں میں پیوست نہیں ہوتے، بلکہ الگ لگائے جاتے ہیں اس لئے جواز کا حکم نہیں ہوگا۔

(۵) (راجع رقم الحاشية: ۳)

(۶) (راجع رقم الحاشية: ۲)

## جیبی گھڑی کا کیس چاندی کا ہو اس کا حکم

سوال[۹۳۷۰]: جیبی گھڑی کا کیس چاندی کا ہو تو اس کا استعمال کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلياً:

ناجائز ہے(۱)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۲/۹۳ھ۔

(۱) "ولايتحلى الرجل بالذهب والفضة إلا بالخاتم والمنطقة وحلية السيف من الفضة، الخ". قال العلامة الشلبي: "(قوله: من الفضة) قيد للمذكور جميعه". (حاشية الشلبي على التبيين، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۳۵/۷، دار الكتب العلميه، بيروت)

"ولايتحلى الرجل بذهب وفضة مطلقاً إلا بخاتم ومنطقة وحلية السيف منها: أى الفضة إذا لم يُرد به التزين". (الدرالمختار، كتاب الحظر والاباحة، فصل في اللبس: ۳۵۹/۶، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۳۲۸/۸، رشيديه)

# الفصل الخامس فی الحلیة للنساء

## (عورتوں کا زیورات کے استعمال کرنے کا بیان)

### بیوہ عورت کا زیور پہننا

سوال[۹۳۷۱]: بیوہ عورت کا کانچ کی چوڑی اور چاندی سونے کی چوڑی پہننا کیسا ہے؟ ہمارے یہاں یہ رسم ہے کہ بیوہ عورت کانچ کی چوڑی نہیں پہن سکتی ہے(۱)۔ نیز عورتوں کو چاندی سونے کے زیور کے علاوہ دیگر چیزوں کا زیور پہننا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

بیوہ کو بعد عدت زیور، کانچ کی چوڑی وغیرہ سب درست ہے(۲)، جس زیور میں کفار وفساق کی مشابہت نہ ہو، عورتوں کیلئے وہ سب درست ہے(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند۔

---

(۱) ''کانچ: شیشہ، ایک قسم کا سخت چمکدار مادہ جو ریت اور کھار یعنی سجی کے ذریعہ بنایا جاتا ہے''۔ (فیروز اللغات، ص: ۹۸۳، فیروز سنز، لاهور)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿والذين يتوفون منكم و يذرون أزواجاً يتربصن بأنفسهن أربعة أشهر وعشراً، فإذا بلغن أجلهن، فلاجناح عليكم فيما فعلن فی أنفسهن﴾ الآية (سورة البقرة: ۲۳۴)

"قوله: ﴿فيما فعلن﴾ يعنی من التزيين والتطييب". (حاشية التفسيرات الأحمدية، ص: ۱۴۹، حقانيه)

وقال الله تعالیٰ: ﴿ فلاجناح عليكم فيما فعلن فی أنفسهن﴾ مماحرم عليهن فی العدة". (روح المعانی: ۲/۱۵۰، دارإحياء التراث العربی بيروت)

"فإذا انقضت عدتها، فلاجناح عليها أن تتزين وتتصنع وتتعرض للتزويج". (تفسير ابن كثير: ۱/۲۸۶، سهيل اكيڈمی لاهور)

(۳) " والتختم بالحديد والصفر والنحاس والرصاص مكروه للرجال والنساء". (ردالمحتار، كتاب =

## سہاگن کے لئے سیاہ موتیوں کے ہار کا استعمال

سوال[۹۳۷۲]: یہاں پر شادی شدہ عورتیں گلے میں ایک زیور کالے موتیوں کا پہننا ضروری سمجھتی ہیں، بعض کالے موتی دھاگہ میں ڈال کر اور بعض سونے کے تار میں جڑ واکر۔ بہر حال سہاگن کو ضروری سمجھا جاتا ہے(۱)۔ شریعت میں اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کالے موتیوں کا ہار پہننا سہاگن کیلئے شرعاً لازم نہیں، اس کی پابندی غیر ضروری ہے اس کو ترک کر دیا جائے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۹۱/۵/۱۶ھ۔

---

= الحظر والإباحة، فصل في اللبس: ۶/۳۶۰، سعيد)

"ولا يتختم بحجر ولا صفر ولا حديد". (الدر المنتقى المعروف بسكب الأنهر شرح ملتقى الأبحر، كتاب الكراهيه، فصل في اللبس: ۴/۱۹۷، غفاريه)

"التختم بالحديد والصفر والنحاس والرصاص مكروه للرجال والنساء". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب العاشر في استعمال الذهب والفضة: ۵/۳۳۴، رشيديه)

(۱) ''سہاگن: وہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو''۔ (فیروز اللغات، ص:۸۲۴، فیروز سنز لاہور)

(۲) عورتوں کے لئے حدودِ شرع کے اندر نفسِ زینت اختیار کرنا جائز بلکہ مستحسن ہے:

قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "لأن الزينة للنساء مطلوبة للتحسين .......... وفي تبيين المحارم: إزالة الشعر من الوجه حرام إلا إذا نبتت للمرأة لحية أو شوارب، فلا تحرم إزالته، بل تستحب". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس: ۶/۳۷۳، سعيد)

لیکن جس چیز پر دوام، استمراری عمل اور لزوم کا ثبوت نہ ہو، اس کام کو سنتِ مستمرہ اور واجب کی طرح لازم سمجھ کر کرنا شرعاً مذموم اور قبیح ہے، جب کہ کوئی مستحب کام التزام کے ساتھ کرنے سے مکروہ ہو جاتا ہے، تو غیر مستحب اور غیر ثابت تو بطریقۂ اولیٰ مکروہ، مذموم اور بدعت کے زمرے میں آئے گا:

"أن الإصرار على المندوب يبلغه إلى حد الكراهة، فكيف إصرار البدعة التي لا أصل لها في الشرع، وعلى هذا فلا شك في الكراهة، وهذا هو غرض من أفتى بالكراهة". (السعاية في كشف ما في شرح الوقاية، كتاب الصلوة، باب صفة الصلوة: ۲/۲۶۵، سهيل اكيڈمی لاهور) =

## چوڑیاں پہننا

سوال[۹۳۷۳]: چوڑیاں پہننا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جائز ہے (صرف عورتوں کیلئے مردوں کو منع ہے)(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

## زیور پہننے کے لئے ناک میں سوراخ کرنا

سوال[۹۳۷۴]: عورتیں جوزیور پہننے کے لئے ناک اورکان میں سوراخ کرتی ہے یہ جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جائز ہے:"لابأس بثقب أذن البنت. وهل تجوز الخزاء في الأنف؟ لم أره". درمختار۔ "قلت: إن كان مما يتزين به النساء كما هو في بعض البلاد، فهو فيها كثقب القرط". شامی: ۳۷۱/۵(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۹۰/۵/۲۶ھ۔

---

= "(قوله: وتركها أولى)؛ لأنه إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة، كان ترك السنة راجحاً على فعل البدعة مع أنه كان يمكنه التسوية قبل الشروع في الصلوة، بحر". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة، ومايكره فيها، مطلب: إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة، كان ترك السنة أولى: ۶۴۲/۱، سعيد)

(۱) "يجوز للنساء لبس أنواع الحلي كلها من الذهب والفضة والخاتم والحلقة والسوار والخلخال والطوق، الخ". (إعلاء السنن، كتاب الحظر والإباحة، باب حرمة الذهب على الرجال وحِلّه للنساء: ۲۹۳/۱۷، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا في مجمع الأنهر مع ملتقى الأبحر، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۱۹۵/۴، غفاريه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهيه، فصل في اللبس: ۳۴۸/۸، رشيديه)

(وكذا في امداد الفتاوی، كتاب الحظر والإباحة، احکام متعلقۂ لباس: ۱۲۶/۴، دارالعلوم، كراچی)

(۲) (ردالمحتار على الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۴۲۰/۶، سعيد) =

## لڑکیوں کے کان چھیدنا

سوال[۹۳۷۵]: لڑکیوں کو کان چھدوانا مسنون یا مکروہ ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

"لابأس بکی البهائم للعلامة وثقب أذن الطفل من البنات؛ لأنهم كانوا يفعلونه فی زمن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من غير إنكار". شامی: ۲۷۵/۵ (۱)۔

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ لڑکیوں کے کان میں بالی وغیرہ کے لئے سوراخ کرنا درست ہے۔

نفع المفتی والسائل، ص: ۱۳۷، میں ناک کے سوراخ کو بھی کان پر قیاس کرتے ہوئے جائز لکھا ہے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہانپور، ۴/۲/۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ ہذا، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم، ۸/صفر۔

☆......☆......☆......☆......☆

---

= (وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر في الختان والخصاء، الخ: ۳۵۷/۵، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في البيع: ۳۷۴/۷، رشيديه)

(وكذا في نفع المفتي والسائل من مجموعة رسائل اللكهنوی: ۱۹۶/۴، إدارة القرآن، كراچی)

(۱) (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۳۸۸/۶، سعيد)

(۲) "الاستفسار: هل يجوز ثقب أنف النساء؟ الاستبشار ........ إن كان للتزين، يجوز كما في ثقب الأذن ........ يجوز قياساً على ثقب الأذن". (نفع المفتي والسائل، من مجموعة رسائل اللكهنوی، المتفرقات: ۱۹۶/۴، إدارة القرآن كراچی)

"ولابأس ........ بثقب آذان الأطفال من البنات؛ لأنهم كانوا يفعلون ذلک في زمان رسول الله صلى الله عليه وسلم من غير إنكار". (الفتاوىٰ العالمكرية، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر في الختان والخصاء، الخ: ۳۵۷/۵، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في البيع: ۳۷۴/۸، رشيديه)

# باب الأسماء

## (نام رکھنے کا بیان)

### ''یاسین'' نام رکھنا

سوال[۹۳۷۶]: میرا نام محمد یاسین ہے۔احکامِ شریعت اول میں مولوی احمد رضا خان صاحب نے یاسین رکھنے کو منع لکھا ہے۔دلیل یہ پیش کی ہے کہ ''نامعلوم المعنیٰ'' پڑھنا جائز نہیں ہے،اسی طرح نامعلوم المعنیٰ نام رکھنا بھی جائز نہیں۔اس کے علاوہ احکام القرآن ابن عربی کی (۱) اورنسیم الریاض شرح شفاء قاضی عیاض کے حوالہ سے دو حدیثیں نقل کی ہیں،جس کی رو سے یاسین نام رکھنا ممنوع قرار دیا ہے۔اگر احمد رضا خان صاحب کا فتویٰ آنجناب کی نظر میں صحیح ہے تو پھر بندہ کو نام تبدیل کرانے میں کوئی عذر نہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس شخص کو کسی لفظ کے معنی کا علم نہ ہو اس کے نزدیک وہ لفظ ''نامعلوم المعنیٰ'' ہے،لیکن یہ ضروری نہیں کہ وہ نفس الامر میں (کسی لغت کے اعتبار سے یا محاورہ اور عرف کے اعتبار سے) بھی نامعلوم المعنیٰ ہی ہو۔عدمِ

---

(۱) ''المسئلة الثالثة: رواية أشهب عن مالک: لایسمّی أحد يٰسن؛ لأنه اسم الله تعالیٰ كلام بديع، وذلک أن العبد يجوز له أن يتسمى باسم الله إذا كان فيه معنى منه، كقوله: عالم، وقادر، ومزيد، ومتكلم. وإنما منع مالک من التسمية بهذا؛ لأنه اسم من أسماء الله لايدري معناه، فربما كان معناه ينفرد به الرب، فلا يجوز أن يقدم عليه العبد إذا كان لايعرف هل هو اسم من أسماء الباري، فيقدم على خطر منه، فاقتضى النظر رفعه عنه. فإن قيل: فقد قال الله تعالىٰ: ﴿سلام على إل يسن﴾؟ قلنا: ذلک مكتوب بهجاء فيجوز التسمية به، وهذا الذي ليس بمتهجّي هو الذي تكلم مالک عليه مما فيه من الإشكال. والله أعلم''. (أحكام القرآن لابن العربي، سورة يسين: ۴/۱۶۰۷، ۱۶۰۸، دار المعرفة، بيروت)

علم کا علاج سوال ہے:﴿فاسئلوا أهل الذكر إن كنتم لا تعلمون﴾(۱)۔ "إنما شفاء العيّ السوال". الحديث(۲)۔ نہ یہ کہ عدمِ علم کے ساتھ فتوی بھی لگانا شروع کردے، عدمِ علم کی حالت میں فتوی کا نتیجہ "ضلوا وأضلوا" ہے(۳)۔

تفسیر مظہری(۴)، تفسیر الدرالمنثور(۵)، تفسیر معالم التنزیل(۶)، تفسیر ابن کثیر وغیرہ(۷) میں "یاسین" کے متعدد معنی بیان کئے ہیں۔ تفسیر فتح القدیر للشوکانی میں ہے:"وقال سعيد بن جبير وغيره: هو اسم من أسماء محمد صلى الله عليه وسلم"(۸)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۱/۹۶ھ۔

---

(۱) (سورة النحل: ۴۳)

(۲) (سنن أبي داؤد، كتاب الطهارات، باب في المجروح يتيمم: ۱/۵۴، إمداديه)

(۳) الحديث بأسره: "عن عبد الله بن عمرو بن العاص رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول صلى الله عليه وسلم: "إن الله لايقبض العلم انتزاعاً ينتزعه من الناس، ولكن يقبض العلم بقبض العلماء، حتى إذا لم يترك عالماً، اتخذ الناس رؤوساً جهالاً، فسئلوا، فأفتوا بغيرعلم، فضلّوا وأضلوا". (جامع الترمذي، أبواب العلم، باب ماجاء في ذهاب العلم: ۲/۹۳، سعيد)

(۴) "وقيل: معناه: "يا إنسان" بلغة طي، يعني به محمداً صلى الله عليه وسلم". (التفسير المظهري، سورة يٰسين: ۱/۰۷، حافظ كتب خانه كوئٹة)

(۵) "أخرجه ابن مردوية من طريق ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما "يسين" محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم. وفي لفظ: قال: يا محمد. وأخرج ابن أبي شيبة عن ابن عباس في قوله: "يسين". قال: يا إنسان". (الدر المنثور في تفسير المأثور: ۵/۴۸۴، دارالكتب العلمية بيروت)

(۶) "معناه: "يا إنسان" بلغة طيء، يعني محمداً صلى الله تعالىٰ عليه وسلم". (تفسير البغوي المسمى معالم التنزيل: ۴/۳، دار الكتب العلمية بيروت)

(۷) "و روى عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما .......... أنّ "يسين" بمعنى "يا إنسان". (تفسير ابن كثير، سورة يسين: ۳/۵۶۳، سهيل اكيڈمي لاهور)

(۸) (فتح القدير للشوكانيّ، سورة يسين: ۴/۳۵۹، مصطفى البابي الحلبي مصر)

## ’’حسین احمد‘‘ نام رکھنا

سوال[۹۳۷۷]: ماقولکم رحمکم الله فی التسمیة "بحسین أحمد" هل تجوز أولا؟ بینوا بالکتاب، توجروا بالثواب۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

لم أره صریحاً، و لکن الترتیب اللغوی لا یمنع الجواز، لکون المضاف صفةً للمضاف إلیه، وهذا مما له شواهد فی کلام العرب (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۷/صفر/ ۵۹ھ۔

## ’’غلام محمد، صدر العلی، غلام نبی، غلام رسول، رسول بخش‘‘ نام رکھنا

سوال[۹۳۷۸]: غلام محمد، صدر العلی اور غلام نبی اور غلام رسول اور رسول بخش نام رکھنا جائز ہے یا نہیں؟ مدلل تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

غلام محمد، غلام نبی، غلام رسول نام رکھنا درست ہے، رسول بخش نام نہیں رکھنا چاہئے۔ غلام محمد صدر العلی نام بھی درست ہے جب کہ ’’صدر العلی‘‘ کو صفتِ ’’محمد‘‘ قرار دیا جائے، لیکن غالب یہ ہے کہ لوگوں کی زبانوں پر یہ نام صدر العلی ہی مشہور ہو جائے گا اور غلام محمد ترک ہو جائے گا، اس لئے مناسب نہیں جیسا کہ اوروں کے متعلق تجربہ ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دار العلوم دیوبند، ۹۴/۴/۱۳ھ۔

---

(۱) "مثل جرد قطیفة، و أخلاق ثیاب". (الکافیة لزینی زاده، ص: ۱۷۸، امیر حمزه کتب خانه کوئٹه)

(۲) حضرت مفتی صاحب کا جواب اس وقت ہے جب کہ ’’غلام محمد صدر العلی‘‘ پورا ایک ہی نام ہو اور ’’صدر العلی‘‘ کو ’’محمد‘‘ کی صفت قرار دی جائے، لیکن سوال سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ غلام محمد اور صدر العلی دونوں جدا جدا نام ہیں، اس لئے صدر العلی کو محمد کی صفت قرار دینا مشکل نظر آ رہا ہے، لہذا صرف صدر العلی نام رکھنے سے تو ہر صورت میں احتیاط کرنا چاہئے: ............ =

## ’’محمد عظیم‘‘ نام رکھنا

سوال[۹۳۷۹]: میں نے اپنے لڑکے کا نام ’’محمد عظیم‘‘ رکھا ہے، لیکن ایک صاحب کہتے ہیں کہ یہ نام نہیں رکھنا چاہئے، کیونکہ یہ نام اللہ تعالیٰ کا ہے، اس نام کو رکھ کر (نعوذ باللہ) دوسرا خدا بنانا چاہتے ہو۔ یہ نام رکھنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

محمد عظیم نام رکھنا شرعاً درست ہے، ہرگز شرک نہیں، محمد عظیم اللہ کا نام نہیں، بے فکر رہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۱۲/۹۲ھ۔

---

= ’’لکن التسمية بغير هذه الأسماء في هذا الزمان أولى؛ لأن العوام يصغّرون هذه الأسماء عند النداء‘‘. (الفتاوى السراجية، كتاب الحظر والإباحة، باب التسمية، ص: ۷۲، سعيد)

(وكذا في الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۶/۴۱۷، سعيد)

(۱) چونکہ عرصۂ قدیم سے مسلمانوں میں یہی نام رکھنے کا رواج اور معمول بھی ہے، اس لئے اس کے رکھنے میں کوئی حرج نہیں:

’’التسمية باسم ......... لا يستعمله المسلمون الأولى أن لا يفعل‘‘. (الفتاوى البزازية على هامش الفتاوى العالمكيرية، كتاب الكراهية، الفصل التاسع في المتفرقات: ۶/۳۷۰، رشيديه)

’’أحب الأسماء إلى الله تعالى عبدالله وعبدالرحمن، لكن التسمية بغير هذه الأسماء في هذا الزمان أولى؛ لأن العوام يصغرون هذه الأسماء للنداء، والتسمية باسم يوجد في كتاب الله تعالى كالعلي والكبير والرشيد والبديع جائزة؛ لأنه من الأسماء المشتركة ويراد في حق العباد غير مايراد في حق الله تعالى كذا في السراجية. وفي الفتاوى: التسمية باسم لم يذكره الله تعالى في عباده ولا ذكره رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم ولا استعمله المسلمون تكلموا فيه، والأولى أن لايفعل، كذا في المحيط‘‘. (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثاني والعشرون في تسمية الأولاد: ۵/۳۶۲، رشيديه)

(وكذا في المحيط البرهاني، كتاب الاستحسان والكراهية، الفصل الرابع والعشرون في تسمية الأولاد: ۶/۱۲۹، غفاريه كوئٹه)

## ''نرنجن علی'' نام کو بدل کر ''محمد علی'' رکھنا

سوال[۹۳۸۰]: اس ناکارہ کا نام پیدائش کے وقت ''محمد نرنجن علی'' رکھا گیا تھا، بیس سال تک اس نام سے پکارا جاتا رہا، عزیز واقارب اور گاؤں والے اسی نام سے پکارتے ہیں۔ میں نے مدرسہ فیض العلوم میں ملازمت کی تو ایک مولوی صاحب نے ''محمد علی'' نام رکھنے کا مشورہ دیا، میں نے قبول کرلیا۔

مدرسہ میں اس نام سے مشہور ہوگیا، عقد کے وقت بھی یہی نام نکاح نامہ میں درج کیا گیا، لیکن سرکاری وثیقہ جات اور میٹرک کی سند میں ''محمد نرنجن علی'' ہی لکھا ہوا ہے۔ چونکہ یہ نام ہندوانہ ہے، اس لئے احقر کو فکر ہے، غیر اختیاری طور پر احقر کا یہ نام پڑ گیا۔ اب اس کا کیا تدارک کیا جائے؟ یہ نام جائز ہے یا ناجائز، جو لوگ اس نام سے پکاریں ان کو جواب دیا جائے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً:

نام ''محمد علی'' ہی رکھئے، غیر اختیاری طور پر جو مشہور ہوگیا اس کی اصلاح اس طرح کیجئے کہ جو شخص غلط نام سے پکارے یا لکھے، اس کو بتادیجئے کہ میرا نام محمد علی ہے، ضرورت پیش آئے تو سرکاری کاغذات میں بھی اس کی اصلاح کرادیں کہ اصل اور صحیح نام محمد علی ہے، غلطی سے فلاں نام مشہور ہوگیا (۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۵/۴/۱۵ھ۔

## ''مرسلین'' نام رکھنا

سوال[۹۳۸۱]: میرا لڑکا جس کی عمر ساڑھے تین سال ہے، اس کا نام میں نے ''مرسلین'' رکھ دیا

---

(۱) "عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم غيّر اسم عاصية، وقال: "أنت جميلة". (الصحيح لمسلم، كتاب الأدب، باب تغيير استحباب الاسم القبيح إلى حسن: ۲۰۸/۲، قديمي)

قال النووي: "معنى هذه الأحاديث تغيير الاسم القبيح أو المكروه إلى حسن، وقد ثبت أحاديث بتغييره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أسماء جماعة كثير من الصحابة". (شرح النووي على الصحيح لمسلم، المصدر السابق)

(وسنن أبي داؤد، كتاب الأدب، باب تغيير الاسم القبيح: ۳۲۹/۲، إمداديه ملتان)

تھا، لیکن اب ایک مولوی صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ نام اس بچے کے لئے مناسب نہیں ہے، کیوں کہ اللہ تعالی نے کل جتنے پیغمبر مبعوث فرمائے ہیں سب کے مجموعہ کو مرسلین کہا جاتا ہے۔ اس لئے آپ کا کیا ارشاد ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

کسی بچہ کا نام مرسلین نہیں رکھنا چاہئے، اگر لفظِ ''مرسلین'' کا نام میں لانا ہی ملحوظ ہے تو ''خادم المرسلین'' یا ''غلام المرسلین'' وغیرہ کچھ رکھ دیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۹/۶/۹۴ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیوبند، ۹/۶/۹۴ھ۔

## ''ربّانی'' نام رکھنا

سوال [۹۳۸۲]: کیا بچہ کا نام ''ربانی'' رکھا جا سکتا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ربّانی نام رکھنا درست ہے، اس کا ترجمہ ''اللہ والا'' لیکن پیغمبروں کے نام کے موافق نام رکھنا (۲)، یا پھر ایسا نام رکھنا جس میں ''عبد'' آئے اور اللہ کے کسی نام کی طرف مضاف ہو بہتر و پسندیدہ ہے، جیسے عبد الرحمٰن،

---

(۱) "التسمية باسم .......... ولا يستعمله المسلمون الأولى أن لايفعل". (الفتاوىٰ البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الفصل التاسع في المتفرقات: ۶/۳۷۰، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثاني والعشرون في تسمية الأولاد: ۵/۳۶۲، رشيديه)

(وكذا في المحيط البرهاني، كتاب الاستحسان والكراهية، الفصل الرابع والعشرون في تسمية الأولاد: ۶/۱۲۹، غفاريه كوئٹه)

(۲) "قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "سمّوا بأسماء الأنبياء، ولاتسموا بأسماء الملائكة". (فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۷/۳۵۵۳، (رقم الحديث: ۴۷۱۷)، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

قال العلامة المناوي: "فيكره التسمي بها، كما ذكره القشيري، ويسن بأسماء الأنبياء".

(فيض القدير، المصدر السابق)

عبدالرحیم وغیرہ(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۴/۹ھ۔

## ''یحییٰ'' اور ''ناصر'' نام رکھنا

سوال[۹۳۸۳]: میرے دولڑکے ہیں: یحییٰ اعظم اور ناصر اعظم۔ یہ میں نے اپنے نام سے ملاکر رکھا تھا چونکہ میرا نام نور الاعظم ہے، مگر دینی اعتبار سے جاہل ہوں، اس لئے بصد آداب ملتمس ہوں کہ شرعی اعتبار سے یہ نام برا تو نہیں ہوگا؟ اگر ایسا ہو تو پھر غلام محمد یحییٰ اور غلام محمد ناصر رکھا جائے تو بہتر ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

یحییٰ اور ناصر نام بھی صحیح اور کافی ہیں، کچھ اضافہ ہی کرنا ہے تو محمد یحییٰ اور محمد ناصر پورا نام کردیجئے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۳/۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۳/۷ھ۔

---

(۱) ''عن ابن عمر رضی اللہ عنهما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: "أحب الأسماء إلى اللہ عزوجل عبداللہ وعبدالرحمٰن". قال المحشی: "یلتحق بهذین الاسمین ماکان مثلها کعبدالرحیم".

(سنن أبی داؤد، کتاب الأدب، باب فی تغییر الأسماء: ۳۲۸/۲، إمدادیه ملتان)

(وسنن ابن ماجة، أبواب الأدب، باب مایستحب من الأسماء، ص: ۲۶۵، قدیمی)

(والصحیح لمسلم، کتاب الأدب، باب النهی عن التکنی بابی القاسم الخ: ۲۰۶/۲، قدیمی)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع: ۴۱۷/۶، قدیمی)

(۲) ''التسمیة باسم ......... ولا یستعمله المسلمون الأولی أن لایفعل''. (الفتاویٰ البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکریة، کتاب الکراهیة، الفصل التاسع فی المتفرقات: ۳۷۰/۶، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الثانی والعشرون فی تسمیة الأولاد: ۳۶۲/۵، رشیدیه)

(وکذا فی المحیط البرهانی، کتاب الاستحسان والکراهیة، الفصل الرابع والعشرون فی تسمیة الأولاد: ۱۲۹/۶، غفاریه کوئٹه)

## ''عبدالرّبّان'' نام رکھنا

سوال[۹۳۸۴]: عبدالرّبّان نام رکھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اللہ کے ناموں میں ''رب'' ہے ''ربّان'' نہیں، اس لئے ''عبدالرب'' رکھنا درست ہے عبدالربّان نہیں رکھنا چاہئے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

## بچہ کا نام ''محمد رسول اللہ'' یا ''موسیٰ کلیم اللہ'' رکھنا

سوال[۹۳۸۵]: کسی بچہ کا ''محمد رسول اللہ'' یا ''موسیٰ کلیم اللہ'' یا ''حضرت رسول اللہ'' نام رکھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

''محمد، موسیٰ، کلیم اللہ'' جداگانہ تینوں نام رکھنا درست ہے۔ ''رسول اللہ، محمد رسول اللہ، موسیٰ کلیم اللہ'' نام نہ رکھے جائیں (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/۱/۸۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/۱/۸۹ھ۔

---

(۱) ''ربان'' چونکہ فقیہ اور عالم شخص کو کہتے ہیں اور وہ خود ''عبد'' ہوتا ہے، اس لئے کہ اس میں ''عبد'' کی اضافت عبد ہی کی طرف ہے جو کہ ناجائز ہے، چنانچہ علامہ آلوسی رحمہ اللہ نے ''الربانیون'' کا معنیٰ یوں بیان کیا ہے: ''(الربانیون) العلماء الفقهاء''.

(روح المعاني، (سورة المائدة: ۴): ۶/۱۴۴، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(وكذا في تفسير ابن كثير: ۲/۶۰، سهيل اكيڈمی لاهور)

(۲) چونکہ ''رسول اللہ، محمد رسول اللہ اور موسیٰ کلیم اللہ'' نام لیتے وقت ذہن فوراً انبیائے کرام علیہم السلام کی طرف منتقل ہو جاتا ہے، یہی وجہ تھی کہ ابتدائے اسلام میں ''ابوالقاسم'' کنیت رکھنا ممنوع تھا:

''عن أنس رضي الله تعالىٰ عنه قال: نادى رجل رجلاً بالبقيع: يا أبا القاسم! فالتفت إليه رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقال: يارسول الله! إني لم أعنك، إنما دعوتُ فلاناً، فقال رسول الله صلى الله =

## کسی کا نام ''محمد'' ہو اُس پر درود کی علامت

سوال[۹۳۸۶]: بہت سے لوگ جن کا نام ''محمد'' ہوتا ہے، وہ لفظ ''محمد'' یا ''احمد'' کے ساتھ صلعم کا مخفف یعنی ''ص'' لکھتے ہیں، حالانکہ یہ مخصوص ہے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے۔ اس کے جواز اور عدمِ جواز سے مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلياً:

جن کا نام ''محمد'' ہو، یا نام کے ساتھ ''محمد'' ہو، نہ اس پر درود شریف پڑھا جاتا ہے اور نہ لکھا جاتا ہے، نہ اس کا حکم ہے، بلکہ درود شریف نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے ہے۔ جو لوگ ایسی جگہ لفظ ''محمد'' پر ''ص'' بنا دیتے ہیں جو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نہیں ہے، ان کا مقصد اپنے نام پر درود پڑھنا نہیں، بلکہ لفظِ ''محمد'' سے ذہن منتقل ہو جاتا ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک کی طرف، اس انتقالِ ذہنی کی وجہ سے ''ص'' بنا دیتے ہیں، مگر یہ کوئی شرعی حکم نہیں، بلکہ اگر اس سے یہ شبہ ہو کہ غیر نبی پر درود پڑھا جا رہا ہے تو اس سے اجتناب کرنا چاہئے (۱)۔

**تنبیہ:** سوال میں جو لفظ ''صلعم'' ہے یہ مہمل لفظ ہے، جہاں درود کا حکم ہے وہاں پورا درود لکھا جائے

---

= عليه وسلم: "تسموا باسمي، ولاتكتنوا بكنيتي". (الصحيح لمسلم، كتاب الأدب، باب النهي عن التكني بأبي القاسم: ۲/۲۰۶، قديمي)

(وكذا في فيض القدير، شرح الجامع الصغير: ۷/۳۵۵۳، (رقم الحديث: ۷۱۷۴)، مكتبة نزار مصطفى الباز رياض)

(۱) "عن أبي الحوراء السعدي، قال لحسن بن علي رضي الله تعالىٰ عنهما: ماحفظت من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم؟ قال: حفظت من رسول الله صلى الله عليه وسلم: "دع مايريبك إلى مالايريبك". (جامع الترمذي، أبواب صفة القيامة، قبيل أبواب صفة الجنة: ۲/۷۸، سعيد)

(ومسند الإمام أحمد بن حنبل، حديث حسن بن علي رضي الله عنهما: ۱/۳۰۰، (رقم الحديث: ۱۷۲۹)، دارإحياء التراث العربي بيروت)

نہ کہ صلعم (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/ ۵/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/ ۵/ ۸۷ھ۔

## کسی ادارہ کا نام، نامِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر رکھنا

سوال [۹۳۸۷]: اگر کچھ مسلمان قومی وملّی خدمت کے جذبے سے سرشار ہوکر تبلیغِ دین ومعاشرے کی صحت مند تعمیر کی خاطر اپنے حبیب پاک کے نام نامی حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی علمی ادارہ یا شفاخانہ کھولنا چاہیں تو کھول سکتے ہیں یا نہیں، مثلاً ''پروفٹ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میڈیکل کالج ہسپتال'' کے نام سے اگر کوئی علمی ادارہ کھولا جائے تو کہاں تک شرعی طور پر جائز ہوگا؟ صحیح تحقیق سے سرفراز فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ذاتِ مقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک سے تبرّک حاصل کرنا عینِ سعادت اورتقاضائے عقیدت ہے، مگر اس کی صورت یہ ہے کہ اس نام مبارک کی لاج کے لئے اپنے اپنے معیار، اپنے خاندان، اپنی قوم، اپنی بستی اور حیثیت وقوت کے مطابق تمام امت کے لئے جدوجہد کی جائے تاکہ ہر ایک امتی کے اخلاق،

---

(۱) ''وقال بعض أهل الحديث: كان لي جار فمات فرؤي في المنام، فقيل له: مافعل الله بك؟ قال: غفرلي. قيل: بم ذاك؟ قال: كنت إذا كتبتُ ذكر رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في الحديث كتبت '' صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ''.

وقال سفيان بن عيينة: حدثنا خلف صاحب الخلفان قال: كان لي صديق رضي الله تعالىٰ عنه يطلب معي الحديث، فمات فرأيته في منامي وعليه ثياب خضر يجول فيها، فقلت: ''ألست معي تطلب الحديث''؟

قال: بلىٰ. قلت: فما الذي أصارك إلى هذا؟ أو كما قال، قال: كان لايمر حديث فيه ذكر محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إلا كتبت في أسفله '' صلى الله تعالىٰ علبه وسلم '' فكافأني ربي هذا الذي ترى علي''. (جلاء الإفهام في الصلوة والسلام على خير الأنام، فصل: الموطن الحادي والعشرون من مواطن الصلوة عليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عنه كناية اسمه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ص: ۲۳۰، دار الكتب العلمية بيروت)

اعمال، اقوال، صورت، شکل، وضع قطع، تجارت، زراعت، غرض ہر چیز حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین کے تابع اور آپ کی ہدایت کے تحت ہوجائے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ہر ایک کی محبت پر غالب ہوجائے (۱)۔

کسی دوا کا نام، کسی بلڈنگ کا نام، کسی شفاخانہ کا نام اسمِ مبارک صلی اللہ علیہ وسلم پر رکھ کر نام کی شہرت سے روپیہ حاصل کرنا اور اس کے لئے مقدس نام مبارک کو ذریعہ بنانا اونچا مقصد نہیں، پست مقصد ہے۔ پھر کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ اس مقصد میں کامیابی نہیں ہوتی اور بلڈنگ کو کسی ایسے کام میں استعمال کرتا ہے کہ اس کو نام مبارک کی عظمت سے کچھ بھی مناسبت نہیں ہوتی، بلکہ مخالفت ہوتی ہے، اور اسم مبارک سے تبرک کے بجائے دوسرا معاملہ کیا جاتا ہے، اس لئے اس سے احتراز ہی چاہئے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

## درست اور نادرست نام

سوال [۹۳۸۸]: کسی کا نام: ۱-عبدالحبیب، ۲-یا غلام نبی ۳-یا غلام مصطفیٰ ۴-یا عبدالنبی، ۵-یا عبدالرسول، ۶-یا محمد رسول، ۷-یا شیخ محمد، ۸-یا صرف محمد، ۹-یا صرف احمد، ۱۰-یا رب الدین وغیرہ اس قسم کے نام شرعاً رکھنا کیسا ہے؟ فقط۔

عبدالکلام غفرلہ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ان میں: ۲، ۳، ۷، ۸، ۹- نام درست ہیں، باقی نام رکھنا مکروہ ہے۔

---

(۱) "عن أنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: "لایؤمن أحدکم حتی أکون أحب إلیه من ولده ووالده والناس أجمعین". (الصحیح لمسلم، کتاب الإیمان، باب وجوب محبة رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: ۱/ ۴۹، قدیمی)

(وصحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب حب الرسول صلی اللہ علیه وسلم: ۱/ ۲، قدیمی)

**تنبیه:** عبدالکلام نام بھی قابلِ تغییر ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۷/ ۸۸ھ۔

## بچہ کا نام ''نبی خان'' رکھنا

سوال [۹۳۸۹]: میرے یہاں ۱۷/ نومبر ۶۷ء کو ایک بچہ پیدا ہوا ہے، ابھی تک اس بچے کا نام نہیں رکھا گیا، اس بچے کا تاریخی نام لکھدیں یا کوئی اور نام لکھدیں، لیکن نام ''نبی خان'' پر ہونا چاہئے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

تاریخی نام نکالنے سے مجھے مناسبت نہیں، اس لئے معذور ہوں۔ ایک بات عرض ہے وہ یہ کہ بچے کا نام پیدائش کے ساتویں روز رکھنا مستحب ہے، اب ماشاء اللہ سوا دو برس ہو چکے ہیں نام رکھنے میں اتنی تاخیر نہ کرنا چاہئے (۱)۔ نام میں مستحب یہ ہے کہ ایسا نام رکھا جائے جس میں عبد آئے، مثلاً عبداللہ، عبدالرحمان، عبدالرحیم وغیرہ (۲) یا پیغمبر کا نام ہو، مثلاً: یحییٰ، زکریا، داؤد، یوسف، محمد وغیرہ ان میں سے کسی کا نام نبی خان نہیں (۳)۔ فقط والسلام۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) ''یستحب لمن ولد له ولد أن یسمیه یوم أسبوعه، ویحلق رأسه، ویتصدق عند الأئمة الثلاثة بزنة شعره فضةً أو ذهباً، ثم یعق عند الحلق عقیقة إباحةً علی مافی الجامع المحبوبی''. (ردالمحتار، کتاب الأضحیة، قبیل کتاب الحظر والإباحة: ۶/ ۳۳۶، سعید)

(۲) ''عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ''أحب الأسماء إلی الله عزوجل عبدالله، وعبدالرحمٰن''. (سنن أبی داؤد، کتاب الأدب، باب فی تغییر الأسماء: ۲/ ۳۲۸، إمدادیه ملتان)

قال المحشی: ''یلتحق بهذین الاسمین ماکان مثلها کعبدالرحیم وعبدالصمد وعبدالمالک''. (حاشیة سنن أبی داؤد، المصدر السابق)

(وابن ماجة، أبواب الأدب، باب مایستحب من الأسماء، ص: ۲۶۵، قدیمی)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الحظر والإباحة، فصل في البیع: ۶/ ۴۱۷، سعید)

(۳) ''سموا بأسماء الأنبیاء''. الحدیث. قال المناوی: ''ویسنّ بأسماء الأنبیاء''. (فیض القدیر شرح =

## ''محمد علیم'' نام رکھنا

سوال[۹۳۹۰]: محمد علیم نام رکھنا کیسا ہے؟ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ یہ نام درست نہیں ہے اس لئے کہ صفت دوام علم کہ یہ ذاتِ باری تعالیٰ کی صفت کے ساتھ خاص ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

"قال ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما: فوق كل عالمٍ عالمٌ إلا أن ينتهی العلم إلی الله تعالیٰ". والمعنیٰ أن إخوة يوسف عليه السلام كانوا علماء إلايوسف عليه السلام أفضل منهم، اهـ". روح المعانی: ٩٣/٤، سورۂ یوسف ﴿وفوق كل ذی علم علیم﴾(١)۔

اس سے معلوم ہوا کہ علیم اللہ تعالیٰ کا مخصوص نام نہیں، لہذا محمد علیم نام رکھنا ناجائز نہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## ''ابوالاعلیٰ'' نام رکھنا

سوال[۹۳۹۱]: ''ابوالاعلیٰ'' نام صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم یا اولیاء اللہ میں سے کسی کا رہا ہے یا نہیں؟ نیز اس نام میں شرعاً کوئی قباحت ہے یا نہیں؟ اگر ابوالاعلیٰ نام رکھنا درست ہو تو ابوالرحمٰن، ابوالجبار، ابوالغفار وغیرہ نام رکھنا بھی درست ہونا چاہئے، اس لئے کہ جس طرح ''الرحمٰن'' خدا کا صفاتی نام ہے اسی طرح

---

= الجامع الصغير: ۳۵۵۳/۷، (رقم الحديث: ۷۱۷۴)، مكتبه نزار مصطفیٰ الباز رياض)

''التسمية باسم يوجد فی كتاب الله تعالیٰ جائزة''. (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فی البيع: ۴۱۷/۶، سعيد)

(وكذا فی الفتاوی السراجية، كتاب الحظر والإباحة، باب التسمية، ص: ۷۲، سعيد)

''التسمية باسم لم يذكره الله تعالیٰ ورسوله فی عبارةٍ ولايستعمله المسلمون، الأولیٰ أن لايفعل''. (البزازية علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية،، كتاب الكراهيه، الفصل التاسع فی المتفرقات: ۳۷۰/۶، رشيديه)

(۱) (روح المعانی: ۳۰/۱۲، دارإحياء التراث العربی بيروت)

(وكذا فی تفسير ابن كثير، (سورة يوسف: ۷۶): ۴۸۵/۲، سهيل اكيڈمی لاهور)

''اعلیٰ'' بھی خدا کا صفاتی نام ہے۔ امید ہے کہ اس میں صحیح رہنمائی فرمائیں گے۔

الجواب حامداًومصلیاً:

''اعلیٰ'' صفتِ خاص نہیں کہ کسی اَور کے لئے اس کا اطلاق درست نہ ہو، قرآن کریم میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں ارشاد ہے: ﴿قلنا لاتخف إنك أنت الأعلیٰ﴾(۱)۔ نیز اہلِ اُحد کو ارشاد ہے: ﴿وأنتم الأعلون إن کنتم مؤمنین﴾ پارہ: ٤(۲)۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور اولیاء اللہ میں کسی کا نام مجھے معلوم نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۶/۱۴۰۱ھ۔

## ''محمد عمر فاروق'' نام رکھنا

سوال[۹۳۹۲]: بچوں کا نام محمد عمر فاروق رکھ سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

برکت کے لئے محمد عمر فاروق نام رکھنا درست ہے(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## ''عبدالسبحان'' نام رکھنا

سوال[۹۳۹۳]: اگر زید نے اپنے لڑکے کا نام ''عبدالسبحان'' رکھ دیا تو یہ نام رکھنا صحیح ہے یا غلط

---

(۱) (سورة طٰه: ٦٨)

(۲) (سورة اٰل عمران: ۱۳۹)

یہ اگرچہ صفتِ خاصہ نہیں، لیکن ذہن پر ایک قسم کا التباس آتا ہے اور مسلمانوں میں اس کا عام رواج بھی نہیں ہے اس لئے احتیاط بہتر ہے:

"التسمية باسم......... لايستعمله المسلمون، الأولى أن لايفعل". (الفتاویٰ البزازية على هامش الفتاویٰ العالمكيريه، كتاب الكراهية، الفصل التاسع في المتفرقات: ٦/٣٧٠، رشيديه)

(۳) برکت اس وجہ سے ہے کہ ایک نام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے، دوسرا خلیفۂ ثانی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا ہے، لہذا یہ مجموعۂ برکات ہے۔

ہے؟ اور زید اپنے خیال میں یہ بات ملحوظِ نظر رکھتا ہے کہ ''سبحان'' مصدر ہے اور مصدر اسمِ فاعل اور اسم مفعول کے معنیٰ میں بھی آتا ہے۔ تو اگر زید نے سبحان مصدر کو اسم مفعول کے معنی میں لے کر عبدالسبحان کے معنی ''پاکی کئے ہوئے کا بندہ'' کئے، اب یہاں عبدالسبحان میں جو سبحان مصدر اسم مفعول کے معنی میں ہے اس سے مراد اللہ تعالیٰ شانہٗ لیا جائے تو یہ مراد لینا درست ہوگا یا نہیں؟ اور اس وقت عبدالسبحان نام رکھنا درست ہوگا یا غلط؟

الجواب حامداًومصلياً:

مصدر کا اسمِ فاعل و اسم مفعول کے معنی میں آنا سماعی ہے یا قیاسی؟ اگر قیاسی ہے تو پھر مصدر کو بمعنی اسم فاعل و اسم مفعول کے لے سکتے ہیں، مگر اس کے لئے دلیل کی ضرورت ہے۔ اگر سماعی ہے تو مورد سماع پر منحصر رہے گا، تو زید ثبوت پیش کرے کہ سبحان مصدر کلام عرب میں کسی جگہ بمعنیٰ اسم مفعول آیا ہے۔ نیز اللہ تبارک وتعالیٰ کے اسماء توقیفی ہیں، زید بتلائے کہ سبحان کا اطلاق قرآن کریم، حدیث شریف یا دیگر کتب معتبرہ میں خدائے تعالیٰ پر کیا گیا ہے:

''قلت: ومن ههنا وضح لك أن تسمية العوام أطفالهم "بعبد السبحان" ممّا لامعنى لها، ويجب نهيهم عنها، فإن العبودية لاتُضاف إلا إلى اسم من أسماء الله تعالىٰ، والسبحان ليس علَماً له ولاوصفاً له بل هو مصدر، فاحفظه فإنه من الفوائد النفيسة''. السعاية: ۲/۱٦٤(۱)۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی معین مفتی مدرسہ مظاہر العلوم سہارن پور۔

الجواب صحیح: عبداللطیف، 　　صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۱۱/ ذی قعدہ/ ۱۳٦۰ھ۔

---

(۱) (السعاية في كشف ما في شرح الوقاية، كتاب الصلوة، باب صفة الصلوٰة، مطلب: يجب نهي العوام عن تسميتهم أطفالهم بعبد السبحان: ۲/۱٦۴، سهيل اكيڈمي لاهور)

''وسبحان مصدر كغفران، ولايكاد يستعمل إلامضافاً منصوباً، الخ''. (تفسير البيضاوي، (سورة البقرة: ۳۲): ۱/۲۲، مير محمد كتب خانه)

(وكذا في البحر المحيط: ۱/۱۴۸، دارالفكر بيروت)

## ''عبدمناف'' نام رکھنا

سوال[۹۳۹۴]: ہمارے ایک دوست نے اپنے لڑکے کا نام عبدمناف رکھا، اس لفظ کے کیا معنی ہیں، اور یہ نام رکھ سکتے ہیں یا نہیں؟ کیا یہ نام اللہ کے نام میں سے ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

''مناف'' اللہ کا نام نہیں، اس لئے عبدمناف نام بھی نہیں رکھنا چاہئے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۴/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۴/ ۸۷ھ۔

## ''یافث'' نام رکھنا

سوال[۹۳۹۵]: میں اپنے بچے کا نام ''یافث'' رکھنا چاہتا ہوں، یافث کے معنی اور مطلب سے مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

حضرت نوح علیہ السلام کے ایک بیٹے کا نام یافث تھا (۲)، اس کے معنی معلوم نہیں، یہ عربی لفظ نہیں، یہ نام رکھنے میں بھی مضائقہ نہیں، لیکن بہتر یہ ہے کہ پیغمبروں کے نام پر یا صحابہ کے نام پر رکھا جائے (۳)، یا ایسا نام

---

(۱) ''فإن العبودية لاتضاف إلا إلىٰ اسم من أسماء الله تعالىٰ''. (السعاية، باب صفة الصلوٰة، مطلب: يجب نهي العوام، الخ: ۲/۱۶۴، سهيل اكيڈمي لاهور)

''التسمية باسم ......... لايستعمله المسلمون، الأولى أن لايفعل''. (الفتاوىٰ البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الفصل التاسع في المتفرقات: ۶/۳۷۰، رشيديه)

(۲) ''وقيل: إنما كان نوح وبنوه الثلاثة: سام وحام ويافث''. (تفسير ابن كثير، سورة هود: ۲/۴۴۵، سهيل اكيڈمي لاهور)

(وكذا في روح المعاني، (سورة هود: ۴): ۱۲/۵۵، دارإحياء التراث العربي بيروت)

(۳) ''قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ''سموا بأسماء الأنبياء، ولاتسموا بأسماء الملائكة''. (فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۳/۵۵۳۷: رقم الحديث: ۴۷۱۷، نزار مصطفى رياض)

رکھا جائے جس کے شروع میں ''عبد'' ہو اور دوسرا لفظ اللہ کے ناموں میں سے کوئی نام ہو جیسے عبداللہ، عبدالرحمٰن، عبدالرحیم، عبدالخالق، عبدالحمید(۱)، عبدالسبحان وغیرہ (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

## ''عبدالرحیم'' کو ''رحیم'' کہہ کر پکارنا

سوال[ ۹۴۹۲ ]: ہمارے اطراف میں جن لوگوں کا نام عبدالرحیم، عبدالقدوس وغیرہ ہے، ان کو ''اے رحیم، اے قدوس'' کہہ کر پکارتے ہیں۔ زید کہتا ہے کہ اس طرح بلانا گناہ ہے: کیونکہ شرح فقہ اکبر میں صفحہ ۲۳۸ میں ہے کہ: ''من قال لمخلوقٍ یا قدوس الخ''(۳)۔ جس سے عدمِ جواز مفہوم ہوتا ہے۔ تو زید کا یہ سمجھنا

(۱) ''عن ابن عمر رضی اللہ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ''أحب الأسماء إلی اللہ عزوجل عبداللہ وعبدالرحمٰن''. (سنن أبی داؤد، کتاب الأدب، باب فی تغییر الأسماء: ۳۲۸/۲، امدادیہ ملتان)

قال المحشی: ''یلتحق بھذین الاسمین ماکان مثلھا کعبدالرحیم''. (حاشیۃ أبی داؤد، المصدر السابق)

(والصحیح لمسلم، کتاب الأدب، باب النھی عن التکنی بأبی القاسم، الخ: ۲۰۶/۲، قدیمی)

(وکذا فی ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الحظر والإباحۃ، فصل فی البیع: ۴۱۷/۶، سعید)

(۲) ''عبدالسبحان'' نام رکھنا مناسب نہیں، جیسا کہ خود حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے خود اس پر بحث فرمائی ہے، کما تقدم تحت عنوان: ''عبدالسبحان نام رکھنا'' من: (السعایۃ فی کشف ما فی شرح الوقایۃ، کتاب الصلوۃ، باب صفۃ الصلوۃ، مطلب: یجب نھی العوام عن تسمیتھم أطفالھم بعبد السبحان: ۱۶۴/۲، سھیل اکیڈمی لاھور)

''وسبحان مصدر کغفران، ولایکاد یستعمل إلا مضافاً منصوباً، الخ''. (تفسیر البیضاوی، (سورۃ البقرۃ: ۳۲): ۶۲/۱، میر محمد کتب خانہ)

(وکذا فی البحر المحیط: ۱۴۸/۱، دارالفکر بیروت)

(۳) (شرح الفقہ الأکبر، للملا علی القاری رحمہ اللہ، قبیل فصل فی المرض والموت والقیامۃ، ص: ۱۹۳، قدیمی)

صحیح ہے یا غلط؟ اگر صحیح ہے تو عامۃً اس سے بچاؤ مشکل ہے، لہذا کیا صورت اختیار کی جائے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کسی کی تعظیم کرتے ہوئے اللہ پاک کا نام بولنا اس کو اللہ کے درجہ میں تسلیم کرنا ہے جو کہ کفر ہے، لیکن معنی لغوی کی رعایت سے کوئی لفظ بولنا جس میں خدائے پاک کے نام کی شرکت مقصود نہ ہو، کفر نہیں۔ صورت مسئولہ میں معنی کی طرف دھیان نہیں ہوتا ہے، بلکہ عَلَم (نام) میں اختصار کیا جاتا ہے:

"ومن قال لمخلوق: یاقدوس أوالقیوم أوالرحمٰن، أوقال: اسماً من أسماء اللّٰه الخالق، کفر، انتھٰی. وھو یفید أنه من قال لمخلوق: یاعزیز ونحوھم، یکفر أیضاً إلا إن أراد بھما المعنی اللغوی. والأحوط أن یقول: یاعبد القدیر یا عبدالرحمٰن، اھ". شرح فقه اکبر، ص: ۲۳۸(۱)۔

عبدالرحیم وغیرہ نام رکھنے کی حدیث میں تاکید آئی ہے، اس کو منع نہیں کیا جاسکتا، البتہ نام لینے والوں کو ہدایت کی جائے گی کہ وہ پورا نام باادب لیا کریں (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۴/۸۹ھ۔

## جسمانی امراض کے لئے نام بدلنا

سوال[۷۹۳۹]: کوئی مرد یا عورت اگر بیمار ہوجائے، تو پیر صاحب کہتے ہیں کہ اس بیمار کا جو نام

---

(۱) (شرح الفقه الأکبر، قبیل فصل فی المرض والموت والقیامة، ص: ۱۹۳، قدیمی)

(۲) "عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "أحب الأسماء إلی اللہ عزوجل عبداللہ وعبدالرحمن". (سنن أبی داؤد، کتاب الأدب، باب تغییر الأسماء: ۲/۳۲۸، إمدادیه ملتان)

قال المحشی: "یلتحق بھذین الاسمین ماکان مثلھما کعبد الرحیم". (حاشیة أبی داؤد، المصدر السابق)

(والصحیح لمسلم مع شرحه للنووی، کتاب الأدب، باب النھی عن التکنی بأبی القاسم: ۲/۲۰۶، قدیمی)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع: ۶/۴۱۷، سعید)

رکھا ہے وہ بہت برا ہے، اس کا نام بدلنے سے ٹھیک ہو جائیگا۔ جاہل لوگ تسلیم کر کے اس کا نام بدل دیتے ہیں۔ اس کا کہیں ثبوت ہے یا شرک ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو نام خلافِ شرع ہو اس کو بدل دینا حدیث شریف سے ثابت ہے (۱)، شریعت کے موافق جو نام ہو، اس کو جسمانی امراض کے علاج کے لئے بدلنا ثابت نہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہٗ دارالعلوم دیوبند، ۴/ ۵/ ۸۹ھ۔

## قوم کا نام ''افغان محمدی''

سوال [۸۹۳۹]: ہم لوگ مختلف قسم کی دستکاری کرتے ہیں۔ ہماری برادری کے کچھ لوگ ملازمت کرتے ہیں۔ دفتری ملازم اپنی قومیت کیا لکھائے، ہم چاہتے ہیں کہ ہماری قوم کا بھی کوئی نام تجویز ہو، جیسے مسلمان قوموں میں سبھی کے نام ہیں، ہر شخص اپنا حسب نسب یا شرع بتاتا ہے۔ ہماری قوم کے لوگوں میں اس وقت بیداری ہے اور مسئلہ کو طے کرنے کے لئے ہندوستان میں پوری برادری کمربستہ ہے، اس موقع پر آپ ہماری مدد فرمائیں۔

۱..... کیا ہماری برادری اپنی انجمن کا نام ''انجمن افغان محمدی'' رکھ سکتی ہے؟

۲..... کیا ہماری برادری کی قوم کا نام ''محمدی'' ہوسکتا ہے؟

۳..... کیا ہماری برادری کی قوم کا نام ''افغان محمدی'' ہوسکتا ہے؟

۴..... کیا ہماری برادری کا نام ''شیخ افغانی'' ہوسکتا ہے؟

سائل: محمد یوسف ولد محمد لقمان، آزاد باڈی ورکس، مظفرنگر۔

---

(۱) ''عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما: أن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غیّر اسم عاصیة (ھی بنت عمر بن الخطاب) وقال: "أنت جمیلة"''. (سنن أبی داؤد، کتاب الأدب، باب فی تغییر الاسم القبیح: ۳۲۸/۲، إمدادیہ ملتان)

''وعن أبی ھریرة رضی اللہ تعالیٰ عنہ أن زینب کان اسمھا برة، فقیل: تُزکّی نفسھا، فسماھا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زینب''. (الصحیح لمسلم، کتاب الأدب، باب استحباب تغییر الاسم القبیح إلی حسن: ۲۰۸/۲، قدیمی)

الجواب حامداً ومصلياً:

ایسا نام جو مختلف صنعتوں پر حاوی ہو جس میں سب ہی مسلم صنعت کار داخل ہو سکتے ہوں آپ نے ''انجمن افغان محمدی'' تجویز کیا ہے۔

افغان ''فغن'' کی جمع ہے جس کے معنی ''ہنر'' کے بھی ہیں یعنی ''فنکار''، مسلم، پیشہ اور مذہب دونوں کی اس میں رعایت ہوگئی۔ ہر فرد اپنے کو افغانی بھی کہہ سکتا ہے، جس کا مطلب ہوگا: ''متعدد صنعتوں کو جاننے والا'' جس کا حاصل یہ نکلا کہ یہ شخص صنعت، پیشہ، دستکاری والی جماعت سے تعلق رکھتا ہے، اس میں شرعاً کوئی خرابی نہیں، درست ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۳/۹۵ھ۔

☆......☆......☆......☆......☆

# باب خصال الفطرة

## الفصل الأول فی اللحیة والشوارب

### (داڑھی اور مونچھ کا بیان)

داڑھی

سوال[۹۳۹۹]: ایک شخص یوں کہتا ہے کہ داڑھی رکھواؤ تو کوئی حرج نہیں اور نہ رکھواؤ تو بھی کوئی حرج نہیں واقع ہوتا اور داڑھی رکھوانا سنت ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

وہ شخص غلط کہتا ہے، داڑھی رکھنا واجب ہے اور اس کا منڈانا حرام ہے، ایک مشت تک پہونچنے سے پہلے پہلے کٹوانا بالاتفاق ناجائز ہے۔ حدیث شریف میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے صاف طور سے داڑھی رکھنے اور بڑھانے کا حکم فرمایا ہے(۱):

---

(۱) "عن نافع عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما، عن النبی صلی الله علیه وسلم قال: "أحفوا الشوارب وأعفوا اللحی".

"وعن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "خالفوا المشركين أحفوا الشوارب وأوفوا اللحی".

"وعن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "جزوا الشوارب وأرخوا اللحی، خالفوا المجوس".

"عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "عشرٌ من الفطرة: قص الشارب، وإعفاء اللحية". الحديث. (الصحيح لمسلم: ۱/۱۲۹، کتاب الطهارة، باب خصال الفطرة، قديمی) .................. =

.................................................................................

= "عن نافع عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "انهكوا الشوارب وأعفوا اللحی". (صحيح البخاری: ۲/۸۷۵، باب إعفاء اللحی، کتاب اللباس،قدیمی)

(وسنن أبی داؤد: ۱/۸، باب السواک من الفطرة، دارالحدیث ملتان)

(وسنن أبی داؤد: ۲/۵۷۷، کتاب الترجل، باب فی أخذ الشارب، دار الحدیث ملتان)

(وسنن النسائی: ۱/۷، کتاب الطهارة، إحفاء الشارب وإعفاء اللحی، قدیمی)

(وصحيح البخاری: ۲/۸۷۵، کتاب اللباس، باب اعفاء الحی، قدیمی)

قال النووی رحمه الله تعالیٰ: "فحصل خمس روايات: "أعفوا، وأوفوا، وأرخوا، وأرجوا، ووفّروا. ومعناها كلها تركها على حالها، هذا هو الظاهر من الحديث الذی يقتضيه ألفاظه، وهو الذی قاله جماعةٌ من أصحابنا وغيرهم من العلماء". (شرح النووی علی الصحیح لمسلم، کتاب الطهارة، باب خصال الفطرة: ۱/۱۲۹، قدیمی)

"وقص اللحية من صنع الأعاجم، وهو اليوم شعار كثيرٍ من المشركين كالأفرنج والهنود، ومن لاخلاق له فی الدين من الطائفة القلندرية". (مرقاة المفاتيح: ۲/۱۹، کتاب الطهارة، باب السواک، الفصل الأول، (رقم الحدیث: ۳۷۹)، رشیدیه)

"واللحية هی الفارقة بين الصغير والكبير، وهی جمال الفحول وتمام هيأتهم، فلا بد من إعفائها. وقصُّها سنة المجوس، وفيه تغيير خلق الله، ولحوق أهل السؤدد والكبرياء بالرعاع". (حجة الله البالغة: ۱/۱۵۷، خصال الفطرة وما يتصل بها، إعفاء اللحية وقصّ الشوارب، قدیمی)

(وأيضا حجة الله البالغة: ۲/۱۵۲، إطالة اللحی وإحفاء الشوارب، قدیمی)

(وكذا فی بذل المجهود: ۱/۳۳، کتاب الطهارة، باب السواک من الفطرة، مکتبه إمدادیه ملتان)

قال محمد رحمه الله تعالیٰ: "عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما: أنه كان يقبض على لحيته، ثم يقصّ ما تحت القبضة. قال محمد: وبه نأخذ وهو قول أبی حنيفة". (کتاب الآثار، ص: ۱۹۸، باب حف الشعر من الوجه، إدارة القرآن کراچی)

"يحرم على الرجل قطع لحيته، اه". درمختار: ۲۸۸/۵ (۱)۔

"وأما الأخذ منها (أي من اللحية) وهي دون ذلك: أي دون القبضة – كما يفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال – فلم يبحه أحدٌ، وأخذ كلها فعل يهود الهند ومجوس الأعاجم، فتح. اه". درمختار: ۱۷٤/۲ (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

## داڑھی کی تحقیق

سوال [۹۴۰۰]: ۱...... شریعت مقدسہ مطہرہ میں داڑھی رکھنے کے متعلق امر ہے یا نہیں، کچھ احکام صادر فرمائے ہیں یا نہیں؟ اثبات ہو یا نفی دونوں صورتیں مدلل مستحکم بدلائلِ شرعیہ ہوں تا کہ عامۃ المسلمین کو کسی قسم کا شک وشبہ باقی نہ رہے۔

۲...... یہ بھی تحریر کریں کہ کتنی جگہ کے بالوں کو داڑھی کہا جاتا ہے، یہ تحقیق بھی شرع شریف کی روشنی میں ہونا از حد ضرور ہے۔

۳...... اگر داڑھی رکھنے کے متعلق شریعت مقدسہ کا حکم ہے تو کیا چہرے کے کسی حصہ کے بالوں کو استرے سے کٹوانا درست ہے یا نہیں؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

۱...... داڑھی کا رکھنا واجب ہے، اور منڈانا اور ایک قبضہ تک پہونچنے سے پہلے کٹانا ناجائز ہے:

"عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "خالفوا المشركين، أوفروا اللحى، وأحفوا الشوارب". وفي رواية: "أنهكوا الشوارب، وأعفوا

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۴۰۷/۶، سعيد)

(۲) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۴۱۸/۲، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق: ۴۹۰/۲، كتاب الصوم، باب مايفسد، رشيديه)

(وكذا في حاشية الشلبي على تبيين الحقائق، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم ومالايفسد: ۱۸۷/۲، بيروت)

اللحی". متفق علیہ، الخ". مشکوٰۃ شریف(۱)۔

"ولا بأس أن يقبض على لحيته، فإن زاد على قبضة منها شئ، جزّه، الخ". عالمگیری(۲)۔

"أما الأخذ منها وهي دون ذلك، كما يفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال، فلم يبحه أحد، اھ". فتح القدیر(۳)۔

"قص اللحية كان من صنيع الأعاجم وهو اليوم شعار كثيرٍ من أهل الشرك وعَبَدة الأوثان كالأفرنج والهنود ومَن لا خلاق لهم في الدين من الفرقة الموسومة بالقلندرية في زماننا، الخ". مرقاۃ(۴)۔

---

(۱) (مشكوة المصابيح: ۲/۳۸۰، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، قديمى)

(والصحيح لمسلم: ۱/۱۲۹، كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة، قديمى)

(وصحيح البخارى: ۲/۸۷۵، باب إعفاء اللحى، كتاب اللباس، قديمى)

(وسنن أبى داؤد، كتاب الطهارة: ۱/۸، باب السواک من الفطرة)

(وأيضاً فى سنن أبى داؤد: ۲/۵۷۷، كتاب الترجل، باب فى أخذ الشارب، دار الحديث ملتان)

(وسنن النسائى: ۱/۷، إحفاء الشارب وإعفاء اللحى، قديمى)

(۲) (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/۳۵۸، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر فى الختان ...... وقص الشارب وحلق الرأس، رشيديه)

(۳) (فتح القدير: ۲/۳۴۸، كتاب الصوم، باب ما يوجب القضاء والكفارة، مصطفىٰ البابى الحلبى، مصر)

(۴) (مرقاة المفاتيح: ۲/۱۹، كتاب الطهارة، باب السواک، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۳۷۹)، رشيديه)

(وكذا فى حجة الله البالغة، خصال الفطرة، ومايتصل بها، إعفاء اللحية وقصّ الشوارب: ۱/۵۱۷، قديمى)

(وكذا فى حجة الله البالغة، إطالة اللحى وإحفاء الشوارب: ۲/۵۱۶، قديمى)

(وكذا فى بذل المجهود: ۱/۳۳، كتاب الطهارة، باب السواک من الفطرة، مكتبه امداديه ملتان)

۲.....عربی میں "لُحی" اس ہڈی کو کہتے ہیں جس پر دانت ہوتے ہیں اور چونکہ داڑھی اس ہڈی پر پیدا ہوتی ہے اس لئے داڑھی کو "لحیۃ" کہتے ہیں، پس اس ہڈی پر جو بال ہوں ان کو کٹوانا یا منڈانا جائز نہیں ہے، ایک قبضہ تک پہونچنے کے بعد کٹوانا درست ہے:

"اللحی العظام الذی علیه الأسنان، الخ". المغرب(۱)۔

۳.....خط بنوانا یعنی جو بال داڑھی کی حد سے بڑھ کر رخسار پر پیدا ہوگئے ہوں، ان کو منڈوانا درست ہے، نیچے جولب کے بال ہوتے ہیں ان کو منڈوانا منع ہے، حلق پر جو بال ہوتے ہیں ان کو بھی نہیں منڈوانا چاہیئے:

"ولا یحلق شعر حلقه. وعن أبی یوسف: لا بأس بذالك .......... نتف الفنیکین بدعة وهما جانبا العنفقة وهی شعر الشفة السفلی، کذا فی الغرائب". عالمگیری(۲)۔

"عن أبی حنیفة: أنه یجوز قص کل شعر مانع من زینة اللحیة. الخ"(۳)۔

ڈاڑھی وغیرہ کی اقسام کی زیادہ تفصیل مطلوب ہو تو "درك المآرب فی أحکام اللحی والشوارب". "هدایة النور فی أحکام الأظفار والشعور". "نور اللحی وما یتعلق باللحی". داڑھی کا فلسفہ"۔ "داڑھی کی قدر و قیمت" وغیرہ رسائل دیکھئے، اس میں احکام وحِکَم حکم وعلل زیادہ ملیں گے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مدرسہ مظاہر علوم، ۳/۹/۵۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ ہذا۔

---

(۱) (المغرب، اللحی، ص: ۴۴۲، إدارة دعوة الإسلام، یوسفیه بنوریه کراچی)

"واللحی: منبت اللحیة من الإنسان وغیره ..... واللحیان: حائطا الفم، وهما العظمان اللذان فیهما الأسنان من داخل الفم من کل ذی لحی". (لسان العرب: ۱۵/۲۴۳، دار صادر بیروت)

(۲) (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب التاسع عشر: ۵/۳۵۸، رشیدیه)

(۳) لم أظفر علی مأخذ هذه العبارة

## ایک مشت ڈاڑھی کی تحقیق

**همایوں منزل کلکته**

محترم جناب مفتی محمود احمد صاحب زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ علیہ وبرکاتہ

سوال[۹۴۰۱]: بعدازاں گذارش یہ کہ بخیر رہ کر خدا سے آپ کی خیریت کا طالب ہوں، ادھر کچھ دنوں سے ڈاڑھی کا مسئلہ چھڑا ہوا ہے، معلوم کرنا یہ ہے کہ احناف کے نزدیک ڈاڑھی کی صحیح مقدار کیا ہے، ایک مشت سے کم کرنا جائز ہے یا نہیں؟ حقیقی مسئلہ تحریر فرمائیں۔ اگر ممکن ہو تو ایک مشت کے سلسلہ میں کوئی قولی حدیث اور قرآن کی آیت تحریر فرمائیں۔ نوازش ہوگی۔ والسلام۔

طالب دعا: غلام رسول بقلم ابوالکرم عبدالحنان، یکم/ فروری/ ۱۹۲۹ء۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

حدیث شریف میں صاف "أعفوا اللحی"(۱) "أرخوا اللحیٰ"(۲) "أوفروا اللحیٰ"(۳) کے الفاظ موجود ہیں جن کا ترجمہ ہے: "ڈاڑھی بڑھاؤ۔ ڈاڑھی لٹکاؤ۔ ڈاڑھی زیادہ کرو"۔ ان الفاظ کا تقاضہ تھا کہ بڑھانے کی کوئی حد مقرر نہ ہوتی اور کٹانا بالکل جائز نہ ہوتا، مگر حدیث کے راوی صحابی کا معمول تھا کہ ایک مشت سے جو مقدار آگے بڑھ جاتی اس کو کٹا دیتے۔ اس حدیث کو امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب الآثار میں روایت کیا

---

(۱) "عن ابن عمر رضي الله تعالیٰ عنهما، عن النبي صلی الله علیه وسلم قال: "أحفوا الشوارب، وأعفوا اللحی". (الصحیح لمسلم، باب خصال الفطرة: ۱/۱۲۹، قدیمی)

(۲) "عن أبي هريرة رضي الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "جزوا الشوارب، وأرخوا اللحی، خالفوا المجوس". (الصحیح لمسلم: ۱/۱۲۹، باب خصال الفطرة، قدیمی)

(۳) "وعن ابن عمر رضي الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "خالفوا المشركين أوفروا اللحی، وأحفوا الشوارب". وفي رواية "انهكوا الشوارب وأعفوا اللحی". متفق علیه. (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، ص: ۳۸۰، قدیمی)

ہے اور اس کو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مذہب قرار دیا ہے(۱)۔

کسی صحابی سے منقول نہیں کہ ایک مشت تک پہونچنے سے پہلے کسی نے کٹائی ہو، منڈانے کا، تو وہاں سوال ہی نہ تھا، معلوم ہوا کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اس حدیث شریف کا وہی مطلب سمجھا ہے اور اسی پر اجماع ہے۔ پس حدیث کا کوئی ایسا مطلب نکالنا جو سب صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے فہم کے خلاف ہو جائز نہیں، ایسا مطلب حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مطلب نہیں ہوسکتا، بلکہ مطلب نکالنے والے کے خود اپنے ذہن کا مطلب ہے جس کو رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے سر تھوپنا افتراء ہے جس پر سخت وعید ہے، ایسے شخص کے لئے جہنم کی سزا بیان فرمائی گئی ہے(۲)۔

درمختار میں مذکور ہے کہ ایک مشت تک پہونچنے سے پہلے کٹانا کسی نے بھی جائز نہیں کہا(۳)۔ سیدھی

---

(۱) "محمد قال: أخبرنا أبو حنيفة، عن الهيثم عن ابن عمر رضي الله عنهما أنه كان يقبض على لحيته، ثم يقصّ ما تحت القبضة. قال محمد: وبه نأخذ، وهو قول أبي حنيفة". (كتاب الآثار، ص: ۱۹۸، باب حف الشعر من الوجه، إدارة القرآن كراچى)

"ولا بأس أن يقبض على لحيته، فإن زاد على قبضة منها شئ، جزه". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۵۸/۵، الباب التاسع عشر في الختان ...... وقص الشارب، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق: ۱۹/۳، كتاب الحج، باب الجنايات، رشيديه)

(وكذا في منحة الخالق على هامش البحر الرائق، كتاب الحج، باب الجنايات: ۲۰/۳ رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق: ۴۹۰/۲، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لايفسد، رشيديه)

(وكذا في تبيين الحقائق: ۱۸۶/۲، كتاب الصوم، باب ما يفسد وما لا يفسده، دار الكتب العلمية بيروت)

(وكذا في حاشية الشلبي على تبيين الحقائق: ۱۸۶/۲، دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) "عن عبدالعزيز، قال أنس رضي الله تعالىٰ عنه: إنه ليمنعني أن أحدثكم حديثاً كثيراً أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تعمد عليّ كذباً، فليتبوأ مقعده من النار". (صحيح البخاري: ۲۱/۱، كتاب العلم، باب إثم من كذب على النبي صلى الله عليه وسلم، قديمى)

(۳) "وأما الأخذ منها (أي من اللحية) وهي دون ذلك: أي دون القبضة – كما يفعله بعض المغاربة =

سیدھی بات ہے کہ جب بڑھانے کا حکم ہے تو کٹانے سے وہ حکم ٹوٹے گا اور حکم کی خلاف ورزی معصیت ہے، جو لوگ ایک مشت تک پہونچنے سے پہلے کٹانے اور خشخشی یا اس سے کچھ زائد پر کفایت کرتے ہیں، وہ ثبوت دیں کہ کٹانے کا حکم کس حدیث سے ثابت ہے۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۱۱/ ۸۸ھ۔

## داڑھی کی مقدار

سوال[۹۴۰۲]: گذارش ہے کہ زید مسلکاً حنفی ہے، اس کے چند احباب نے ایک روز بات چیت کے درمیان زید سے دلیل طلب کی کہ ایک مشت ڈاڑھی کی قید کہاں سے معلوم ہوتی ہے۔ اس کے بارے میں صحاح ستہ کی کوئی صحیح روایت موجود ہے، یا فقط صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے طرز عمل پر عمل کیا جاتا ہے؟ جواب مدلل تحریر فرمائیں۔ خصوصاً ایک مشت کی قید کہاں سے ثابت ہے؟ بینوا توجروا۔

المستفتی: شمشاد احمد اعظمی۔

الجواب حامداً ومصلياً:

ڈاڑھی بڑھانے کا امر صحیح حدیث میں موجود ہے(۱)، بڑھانے کی ضد کٹانا ہے، قصر ہو یا حلق۔ کسی شئ

---

= ومخنثة الرجال- فلم يبحه أحد. وأخذ كلها فعل يهود الهند ومجوس الأعاجم، فتح. اهـ".

(الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم ومالايفسد: ۲/ ۴۱۸، سعيد)

(وكذا في مرقاة المفاتيح: ۲/ ۹۱، كتاب الطهارة، باب السواك، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۳۷۹)، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق: ۲/ ۴۹۰، كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسد، رشيديه)

(وكذا في فتح القدير: ۲/ ۳۴۷، كتاب الصوم، باب ما يوجب القضاء والكفارة، مصطفى البابي الحلبي، مصر)

(۱) "عن نافع عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "أحفوا الشوارب وأعفوا اللحى".

"وعن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "خالفوا المشركين أحفوا الشوارب، وأوفوا اللحى". ..................................................=

..........................................................................................

"وعن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "جزوا الشوارب، وأرخوا اللحى، خالفوا المجوس".

"عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "عشرٌ من الفطرة: قص الشارب، وإعفاء اللحية". الحديث. (الصحيح لمسلم: ۱/۱۲۹، كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة، قديمي)

"عن نافع عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "انهكوا الشوارب وأعفوا اللحى". (صحيح البخاري: ۲/۸۷۵، باب إعفاء اللحى، كتاب اللباس، قديمي)

(وسنن أبي داؤد: ۱/۸، باب السواک من الفطرة، دار الحديث ملتان)

(وسنن أبي داؤد: ۲/۵۷۷، كتاب الترجل، باب في أخذ الشارب، دار الحديث ملتان)

(وسنن النسائي: ۱/۷، كتاب الطهارة، إحفاء الشارب وإعفاء اللحىٰ، قديمي)

(وصحيح البخاري: ۲/۸۷۵، كتاب اللباس، باب اعفاء الحى، قديمي)

قال النووي رحمه الله تعالىٰ: "فحصل خمس روايات: "أعفوا، وأوفوا، وأرخوا، ووفّروا". ومعناها كلها تركها على حالها، هذا هو الظاهر من الحديث الذي يقتضيه ألفاظه، وهو الذي قاله جماعةٌ من أصحابنا وغيرهم من العلماء". (شرح النووي على الصحيح لمسلم، كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة: ۱/۲۹، قديمي)

"وقص اللحية من صنع الأعاجم، وهو اليوم شعار كثيرٍ من المشركين كالأفرنج والهنود، ومن لاخلاق له في الدين من الطائفة القلندرية". (مرقاة المفاتيح: ۲/۹۱، كتاب الطهارة، باب السواک، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۳۷۹)، رشيديه)

"واللحية هي الفارقة بين الصغير والكبير، وهي جمال الفحول وتمام هيأتهم، فلا بد من إعفائها. وقصُّها سنة المجوس، وفيه تغيير خلق الله، ولحوق أهل السؤدد والكبرياء بالرعاع". (حجة الله البالغة: ۱/۵۱۷، خصال الفطرة وما يتصل بها، إعفاء اللحية وقصّ الشوارب، قديمي)

(وأيضاً حجة الله البالغة: ۲/۵۱۶، إطالة اللحى وإحفاء الشوارب، قديمي) .................... =

کا امر کرنا اس کی ضد سے نہی کرنا ہے، جیسے نماز کا امر اس کے ترک سے نہی ہے، جب امر وجوب کے لئے ہوگا تو اس کی ضد سے نہی تحریم کے لئے ہوگی، کما فی تیسیر التحریر، المجلد الثانی، ص: ٦٩ (١)۔

بخاری شریف اور دیگر صحاح میں: "أعفوا اللحی". "أوفروا اللحی". "أرخوا اللحی". "وفروا اللحی" صیغے موجود ہیں (۲)، امر کے صیغے (اگر) وجوب کے لئے نہ ہوتے بلکہ سنیت کے لئے ہوتے تو احیاناً امر کے خلاف بھی منقول ہوتا، مگر نہ قولاً منقول ہے نہ فعلاً، کبھی بھی بیانِ جواز کے لئے اس کی نوبت نہیں آئی، یہ دوام ومواظبت بلا ترک ہی وجوب کے لئے قوی دلیل ہے (۳) چہ جائیکہ اس کے ساتھ ہی اس کے خلاف کی مخالفت بھی صراحۃً وارد ہے: "خالفوا المجوس" (٤)۔

اس امر کے اولین مخاطب صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں، انہوں نے اس کا مطلب قولاً وعملاً یہی سمجھا اور ان کے اس فہم کو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے برقرار رکھا کہ ایک مشت سے جو زائد ہو جائے اس کے کٹانے کی اجازت ہے اور اسی حدیث سے یہ عملاً ثابت ہوتا ہے، یہ گمان نہیں کیا جا سکتا کہ ان کو یہ حدیث نہیں پہونچی ہو، کیونکہ وہ خود اس کے راوی ہیں، اگر ان کا عمل نہ ہوتا تو ایک مشت سے زائد کو بھی کٹانے کی

---

= (وكذا في بذل المجهود: ١/٣٣، كتاب الطهارة، باب السواك من الفطرة، مكتبه امداديه ملتان)

قال محمد رحمه الله تعالىٰ: "عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما: أنه كان يقبض على لحيته، ثم يقصّ ما تحت القبضة. قال محمد: وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة". (كتاب الآثار، ص: ١٩٨، باب حف الشعر من الوجه، إدارة القرآن كراچی)

(١) "أن الأمر يقتضي كراهة الضد ولو إيجاباً، والنهي كونه سنةً مؤكدةً ولو تحريماً ......... قول (العامة) من أن الأمر بالشئ نهيٌ عن ضده إن كان واحداً، وإلا فعن الكل، وأن الأمر بالضد المتحد". (تيسير التحرير: ١/٣٧٣، الأمر يقتضي كراهة الضد ولو إيجاباً، مصطفى البابي الحلبي مصر)

(٢) (راجع، ص: ٣٩٩، رقم الحاشية: ١)

(٣) "فما كان فعله أولىٰ من تركه مع منع الترك إن ثبت بدليل قطعي، ففرض، أو بظني فواجب". (ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب: في معنى الإشتقاق وتقسيمه إلى ثلاثة أقسام: ١/١٠٢، سعيد)

(وكذا في المغني في أصول الفقه، ص: ٨٣، باب النهي، جامعة أم القرى مكة المكرمة)

(٤) (الصحيح لمسلم، باب خصال الفطرة: ١/١٢٩، قديمي)

اجازت نہ ہوتی۔

پس صحابہ کرام کے جمِ غفیر کے عمل کو برقرار رکھنا اوران حضرات کا دوام واستمرار کے ساتھ اس کا اہتمام فرمانا اجماعی توارث وتواتر ہے۔

اب اگر کوئی شخص ایک مشت سے پہلے ہی کٹانے کو جائز کہتا ہے وہ ثبوت پیش کرے کہ کس حدیث سے ثابت ہے، کیونکہ یہ کٹانا، بڑھانے کی ضد ہے جس کی ممانعت بڑھانے کے امر اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے دوامی عمل سے ہے، صحابہ کرام کے اجماع وتوارث سے ہے، بلکہ یہ "ما أنا عليه وأصحابی"(۱) کی بناء پر شعار میں داخل ہے، اس کو فقط صحابہ کرام کا طرزِ عمل کہہ کر ہلکا اور خفیف سمجھنا خطرناک ہے(۲)، اسی وجہ سے فقہائے کرام نے فرمایا ہے کہ ایک مشت سے پہلے قطع کرنا کسی کے نزدیک بھی مباح نہیں:

"وأما الأخذ منها دون ذلك (أى دون القبضة) –كما يفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال– فلم يبحه أحدٌ. وأخذ كلها فعل يهود الهند ومجوس الأعاجم، اه". فتح القدير (۳)۔ در مختار (٤)۔

والبسط فی "درك المآب فی أحكام اللحى والشوارب". "وهداية النور فی أحكام الأظفار والشعور". "ونور الضحىٰ فی ما يتعلق باللحى". "وبذل المجهود فی شرح أبی داؤد".

---

(۱) (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، باب اعتصام، الكتاب والسنة، الفصل الثانی: ۱/۳۰، قديمی)

(۲) "وفی الخلاصة: من رد حديثاً، قال بعض مشايخنا: يكفر، وقال المتأخرون: إن كان متواتراً كفر، أقول: هذا هو الصحيح، إلا إذا كان رد حديث الآحاد من الأخبار على وجه الاستخفاف والاستحقار والإنكار". (شرح الفقه الأكبر، ص: ۲۴۷، مطلب فی إيراد الألفاظ المكفرة التی جمعها العلامة بدر الرشيد من أئمة الحنفية، دارالكتب العلمية بيروت)

"لولم ير السنة حقاً، كفر؛ لأنه استخفاف". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب صفة الصلوة: ۱/۴۷۴، سعيد)

(۳) (فتح القدير: ۲/۳۴۸، كتاب الصوم، باب ما يوجب القضاء والكفارہ، مصطفیٰ البابی الحلبی، مصر)

(۴) (الدر المختار، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم ومالايفسد: ۲/۴۱۸، سعيد)

"وفتح القدير والعناية شرح هداية"۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۳/۱۷ھ۔

## داڑھی بڑھانے اور موئے زیرِ ناف کاٹنے کی وجہ

سوال[۹۴۰۳]: موئے زیرِ ناف کی صفائی کا حکم اسلام دیتا ہے اور داڑھی کے بال کو بڑھانے کا حکم دیتا ہے، اس کی علت کیا ہے اور کیا حکمت پوشیدہ ہے؟ یہ اعتراض ایک غیر مسلم دہریہ کا ہے، جس کی نظر میں قرآن وحدیث کوئی چیز نہیں ہے جسے مستدل بنا کر جوابدہی کی جائے، وہ سرے سے منکر ہے۔ لہٰذا عقل و ہوش وخرد کی روشنی میں ایسا مفصل جواب دیا جائے جس سے باطل کو خاموش کیا جاسکے اور ناطقہ کو بند کردیا جائے۔

الجواب حامداً ومصلياً:

جو شخص بنیاد ہی کا منکر ہے اس سے فرعی مسئلہ میں بحث کرنا قرینِ دانش مندی نہیں، بلکہ عقل وخرد کے تقاضے ہی کے خلاف ہے۔ ہاں اگر وہ محض اس مسئلہ کی وجہ سے قرآن وحدیث کا منکر ہے اور اس کے سمجھ میں آنے پر قرآن وحدیث کو تسلیم کرنے کا اور ایمان لانے کا وعدہ کرتا ہے تو پھر اس کا جواب اہم ہوجائے گا، اور یہ محض فرعی نہیں رہے گا بلکہ بنیاد کو تسلیم کرنے کے لئے اس کو بنیاد قرار دے دیا جائے گا، یعنی اس مسئلہ کی علت و حکمت تو بہت معمولی ہے۔ اس سے کہیں زیادہ اہم چیز یہ ہے کہ قرآن وحدیث اس کی نظر میں کوئی چیز نہیں۔

اگر اس مسئلہ کی حکمت اس کی سمجھ میں آ بھی گئی تو یہ اس کے لئے ذریعہ نجات نہیں، اور اس کی زبان اعتراض سے بند نہیں ہوگی وہ دس اعتراض اَور بھی کرسکتا ہے، لیکن قرآن وحدیث پر ایمان لے آئے تو ایسے ایسے مسائل خود بخود حل ہوجائیں گے اور ان کی حکمتوں کو سمجھنا بہت آسان ہوجائے گا اور نجات کا دروازہ کھل جائے گا، ورنہ اعتراض کے دریا میں غوطہ لگاتے لگاتے عمر ختم ہوجائے گی اور ساحل تک نہیں پہونچ سکے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## داڑھی کی مقدار اور اس کا مفصل حکم

سوال[۹۴۰۴]: ۱...... ڈاڑھی کا رکھنا کیا فرض واجب ہے یا سنت اور کیوں؟

۲......داڑھی کی مقدار فقہاء نے چار انگشت رکھی ہے۔ آیا یہ منصوص ہے، اگر ہے تو کونسی نص ہے؟

۳......اجماع امت جو شرعی حجت ہے وہ اجماع کن لوگوں کا معتبر ہے؟

۴......کیا اب بھی کسی مسئلہ پر امت کو اجماع کا اختیار باقی ہے یا نہیں، اگر نہیں تو کیوں؟

۵......اجماع کی تعریف۔

۶......ایک شخص تمام احکام شرع کا پابند ہے، مگر داڑھی کو مشین یا قینچی سے کٹواتا ہے اور اس فعل کو بالکل حلال سمجھتا ہے، یعنی ایک فعلِ حرام کو حلال سمجھتا ہے کیا وہ کافر ہے یا نہیں؟ اگر اس کو کافر کہا جاوے تو وہ باجودیکہ کلمہ گو بھی ہے اور صوم وصلوٰۃ وزکوٰۃ وجہاد وغیرہ کا پکا معتقد اور پابند ہے تو کافر کیوں؟

۷......اگر کافر نہیں تو اس کے خلاف لازم آئے گا کہ حرام کو حلال اور حلال کو حرام کا اعتقاد کرنا کفر ہے۔ برائے نوازش بحوالہ کتب معتبرہ مفصل ومدلل جواب سے نوازیں۔

۸......داڑھی کے متعلق صرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: تشبہ نصاریٰ اور یہود سے بچو، نہ منڈاؤ اور نہ بالکل چھوڑ دو۔ اور دوسری جگہ داڑھی کے بڑھانے کا امر اور مونچھوں کے کٹانے کا حکم بیان فرمایا ہے، مگر مقدار منصوص نہیں اور فقہاء کے قول کو ماننے کے لئے ہر ایک تیار نہیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

۱......داڑھی کا رکھنا واجب ہے اور حدِ متعین تک پہونچنے سے پہلے منڈانا، یا کٹانا حرام ہے:

"يحرم على الرجل قطع لحيته، اه". درمختار (۱)۔ "حلق اللحية مثلةٌ في حق الرجال، والمثلة حرام، فحلق اللحية حرام، اه". هدايه (۲)۔

"خالفوا المشركين أوفروا اللحى، وأحفوا الشوارب". مشكوة شريف (۳)۔

---

(۱) (الدر المختار، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم ومالايفسد: ۲/۴۱۸، سعيد)

(۲) لم أجد هذه العبارة في الهداية، بل فيها: "أن حلق الشعر في حقها (أي حق المرأة) مثلةٌ كحلق اللحية في حق الرجال". (الهداية: ۱/۲۵۵، كتاب الحج، باب الإحرام، مكتبه شركت علميه ملتان)

(۳) (مشكوة المصابيح، ص: ۳۸۰، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، قديمی)

(والصحيح لمسلم: ۱/۱۲۹، كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة، قديمی)

"قص اللحية كان من صنيع الأعاجم، وهو اليوم شعار كثيرٍ من أهل الشرك وعَبَدة الأوثان كالإفرنج والهنود ومَن لا خلاق لهم في الدين من الفرقة الموسومة بالقلندرية في زماننا، اھ". مرقاة(۱)۔

۲...... "والقص فيها سنة، وهو أن يقبض الرجل لحيته، فما زاد منها على قبضة قطعه، كذا ذكر محمد في كتاب الاثار عن الإمام ......... وبه نأخذ، اھ". محيط السرخسي، اھ". طحطاوی(۲)۔

۳......اس میں مختلف اقوال ہیں، صحیح یہ ہے کہ ہر عصر کے عدول مجتہدین کا اجماع حجت ہے:

"اختلف الناس فيمن ينعقد بهم الإجماع، قال بعضهم: لا إجماع إلا للصحابة. وقال بعضهم: لا إجماع إلا لأهل المدينة. وقال بعضهم: لا إجماع إلا لعترة النبي صلى الله عليه وسلم. والصحيح عندنا أن إجماع علماء كل عصر من أهل العدالة والاجتهاد حجة، اھ". حسامی(۳)۔

۴......علماء کی تصریح اور اہل تجربہ کے مشاہدہ سے یہ امر ثابت ہے کہ اس زمانہ میں اجتہاد مفقود ہے، لہٰذا اب کسی مسئلہ فقہیہ پر شرعی اجماع دشوار ہے(۴)۔

۵...... "اتفاق مجتهدي أمة محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بعد وفاته في عصر من

---

(۱) (مرقاة المفاتيح: ۲/۹۱، كتاب الطهارة، باب السواک، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۳۷۹)، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار مع رد المحتار: ۲/۴۱۸، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم ومالايفسد، مطلب في الأخذ من اللحية، سعيد)

(۲) (حاشية الطحطاوي على الدر المختار: ۴/۲۰۳، فصل في البيع، كتاب الحظر والإباحة، دار المعرفة، بيروت، لبنان)

(۳) (الحسامي، الاصل الثالث، باب الاجماع، ص: ۹۳، سعيد)

(۴) لم اطلع على مأخذه.

الأعصار على أمر من الأمور اھ". حصول المامون(۱)۔

۶، ۷...... جو شئی حرام لعینہ ہو اور اس کی حرمت نصِ قطعی سے ثابت ہو، اس کو حلال اعتقاد کرنا کفر ہے، اور داڑھی کٹانے کی حرمت نصِ قطعی سے ثابت نہیں، بلکہ فقہاء نے اخبارِ آحاد سے ثابت کی ہے۔ پس شخصِ مذکور کی تکفیر درست نہیں، البتہ ایسے شخص کو علماء نے فاسق لکھا ہے۔ اور جو شخص ناجائز کام کو ناجائز سمجھ کر کرتا ہے اس کے فسق سے ایسے شخص کا فسق بہت بڑھا ہوا ہے جو ناجائز کو جائز سمجھتا ہے، کیونکہ اس کے اعتقاد اور عمل دونوں میں خرابی ہے:

"إذا اعتقد الحرام حلالاً، فإن كان حرمته لعينه وقد ثبت بدليل قطعي، يكفر، وإلا فلا، بأن يكون حرمته لغيره أو ثبت بدليل ظني، اھ.......... استحلال المعصية كفرٌ، قال الشارح القونوي: كأنه أراد -والله أعلم- بالمعصيةِ المعصية الثابتة بالنص القطعيّ لِمَا في ذلك من جحود مقتضى الكتاب. أما المعصية الثابتة بدليل الظني كخبر الواحد، فإنه لا يكفر مستحلها، ولكن يفسق، اھ". شرح فقه أكبر(۲)۔

۸...... جو شخص مقلد ہے اس کو عمل کے لئے اپنے امام کا قول کافی ہے(۳) اور جو غیر مقلد ہے اس کو کسی سے دریافت کرنے کی کیا ضرورت ہے، اس کو چاہئے کہ خود قرآن و احادیث کا تتبع کر کے مسائل کا استخراج کرے۔

جو شخص فقہاء کے قول کو نہیں مانتا تو کیا اس نے ہر ہر مسئلہ کو خود قرآن و حدیث سے سمجھا ہے، مأخذ دریافت کرنا مقلد کا منصب نہیں اور نہ مجیب اس کا مکلّف ہے، البتہ تصحیحِ نقل کا ذمہ دار ہوتا ہے، نقل جواب نمبر: ۲ میں پیش کر دی گئی، گو اس میں حوالۂ ماخذ بھی موجود ہے جس کی تفصیل نہایہ شرح ہدایہ میں ہے، یعنی ایک حدیث قولی ہے جس کو ترمذی نے روایت کیا، اور ایک ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا عمل ہے جو گویا کہ اس حدیثِ قولی کی

(۱) (إرشاد الفحول، المقصد الثالث: الإجماع، البحث الأول: ۱/۲۵۴، دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) (شرح الفقه الأكبر، مطلب في إيراد الألفاظ المكفرة التي جمعها العلامة بدر الرشيد من أئمة الحنفية، ص: ۲۴۱، دار الكتب العلمية بيروت)

(۳) "ان الواجب على المقلد العمل بقول المجتهد وإن لم يظهر دليله". (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب النكاح، باب الرضاع: ۳/۲۱۰، سعيد)

تفسیر ہے جس کو بذل المجہود شرح ابوداؤد جلد: ۵ میں بھی امام غزالی سے نقل کیا ہے اور اس مجموعہ سے نسبت کی تحدید مستفاد ہے جس کو امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب الآثار میں فرمایا ہے: "وبــه نـأخـذ" (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبداللطیف، مظاہر علوم، ۲۸/ ذی الحجہ/ ۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۲۷/ ذی الحجہ/ ۵۶ھ۔

## داڑھی کی حدِ شرعی

محترمی جناب صدر المفتی صاحب، زیدت معالیکم ! دارالعلوم دیوبند

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال [۹۴۰۵]: عرض خدمت عالیہ میں یہ ہے کہ کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ عظام مندرجہ ذیل مسئلہ میں کہ یہ براہین ودلائلِ شرعیہ فقہ حنفی کے مطابق تحریر فرما کر مشکور وممنون فرمایا جائے، عین کرم ہوگا۔

ڈاڑھی کی حد شرعی کیا ہے؟

کرم فرما کر سوال کا جواب جلد عنایت فرمایا جائے، اللہ تبارک وتعالیٰ آں جناب کو جزائے خیر دے گا۔

والسلام۔

خادم محمد: بدرالحسن،

مدرسہ اسلامیہ جامع العلوم، چاندواڑہ، ضلع مظفر پور، بہار۔

**الجواب حامداًومصلیاً:**

داڑھی کی حد شرعی ایک قبضہ ہے، امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب الآثار میں سند کے ساتھ اس کو

---

(۱) "محمد قال: أخبرنا أبوحنيفة عن الهيثم عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنه عنهما أنه كان يقبض على لحيته، ثم يقص ماتحت القبضة. قال محمد: وبه نأخذ، وهو قول أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ". (كتاب الآثار، باب حف الشعر من الوجهِ ص: ۱۵۱، مكتبه اهل سنة وجماعة كراچى)

نقل کیا ہے (۱) اور فتح القدیر (۲) اور درمختار (۳) وغیرہ کتب فقہ میں لکھا ہے کہ ایک مشت تک پہنچنے سے پہلے کاٹنا، یا کاٹ کر ایک مشت سے کم کرا لینا کسی کے نزدیک بھی مباح نہیں، کسی نے اس کو مباح قرار نہیں دیا۔ یہ اجماع کے درجہ میں ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

## داڑھی منڈانے کا حکم

سوال [۹۴۰۲]: ۱...... ایک شخص داڑھی منڈواتا ہے اور لوگوں کو منڈانے کی ترغیب بھی کرتا ہے۔

۲...... یا منڈواتا تو ہے مگر ترغیب نہیں کرتا ہے۔

۳...... اور ایک شخص ایسا ہے جو تمام شعائرِ اسلام کو پورے پورے ادا کرتا ہے مگر داڑھی منڈاتا ہے، لیکن ترغیب نہیں کرتا ہے، نہ اپنے منڈانے کو اچھا سمجھتا ہے، بلکہ دوسرے لوگوں کو داڑھی رکھنے کی ترغیب کرتا ہے۔ کیا ان تینوں شخصوں میں سے کسی کو فاسق کہہ سکتے ہیں یا نہیں؟ اگر فاسق کا اطلاق آتا ہے تو کس کس شخص پر ان شخصوں میں سے شرع شریف میں قاضی کے یہاں ان کی قسم معتبر ہے یا نہیں؟ اگر معتبر ہے تو کس کی اور اگر وہ توبہ کر لیوے داڑھی منڈانے سے اور نہ منڈوائے تو کیا اللہ تعالیٰ اس کے گناہ کو داڑھی نہ منڈانے کی وجہ سے اور توبہ

---

(۱) "محمد قال: أخبرنا أبو حنيفة، عن الهيثم عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما أنه كان يقبض على لحيته، ثم يقص ما تحت القبضة". قال محمد: وبه نأخذ، وهو قول أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ". (كتاب الآثار، ص: ۱۹۸، باب حف الشعر من الوجه، إدارة القرآن كراچی)

(۲) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه، عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "جزوا الشوارب، وأعفوا اللحى، خالفوا المجوس". فهذه الجملة واقعة موقع التعليل. وأما الأخذ منها وهي دون ذلك - كما يفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال - فلم يبحه أحد". (فتح القدير، كتاب الصوم، باب مايوجب القضاء والكفارة: ۳۴۸/۲، مصطفىٰ البابي الحلبي مصر)

(۳) "وأما الأخذ منها (أي من اللحية) وهي دون ذلك: أي دون القبضة - كما يفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال - فلم يبحه أحدٌ. وأخذ كلها فعل يهود الهند ومجوس الأعاجم، فتح". (الدر المختار على ردالمحتار: ۴۱۸/۲، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم ومالايفسد، مطلب في الأخذ من اللحية، سعيد)

کرنے کی وجہ سے معاف فرمادیگا؟

**الجواب حامداًومصلیاً:**

تینوں فاسق ہیں، تینوں مردود الشہادۃ ہیں، پہلا شخص زیادہ گنہ گار ہے، اس سے کم دوسرا، اس سے کم تیسرا۔ جو بھی صدق دل سے توبہ کرے گا، اللہ پاک اس کی توبہ کو قبول فرمادیں گے اور گذشتہ گناہ معاف کردیں گے:

"یحرم علی الرجل قطع لحیته، اھ". درمختار: ٥/٤٠٢(١)۔

''حرام ہے مرد پر ڈاڑھی کا کاٹنا''۔

"حلق اللحیة مثلةٌ فی حق الرجال، والمثلة حرام، فحلق اللحیة حرام، اھ"(٢)۔

''ڈاڑھی کا مونڈنا مثلہ ہے، مَردوں کے حق میں اور مثلہ حرام ہے، پس ڈارھی مونڈنا حرام ہے''۔

قال فی البحر: ٧/٩٩، بعد بحث طویل: "الحاصل أن الفسق بنفسه مانع شرعاً من قبولها"(٣)۔

''نفسِ فسق قبولِ شہادت سے مانع ہے''۔

قال اللہ تبارك وتعالیٰ: ﴿ومن یعمل سوءً ا أو یظلم نفسه، ثم یستغفر اللہ، یجد اللہ

---

(١) (الدرالمختار علی ردالمحتار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع: ٦/٤٠٧، سعید)

(٢) لم أجد هذه العبارة، وقد ذکرها فی الهدایة بلفظ: "أن حلق الشعر فی حقها مثلة کحلق اللحیة فی حق الرجال". (الهدایة: ١/٢٥٥، کتاب الحج، باب الإحرام، مکتبه شرکت علمیه ملتان)

"عن الحسن قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "عشر خصال عملتها قوم لوط، بها أهلکوا: إتیان الرجال بعضهم بعضاً ......... وضرب الدفوف، وشرب الخمور، وقص اللحیة، وطول الشارب والصفر ...... الخ". (روح المعانی: ١٧/٧٢، تحت قوله تعالیٰ: ﴿ولوطاً اٰتینه حکماً وعلما ونجّینٰه من القریة التی کانت تعمل الخبائث﴾، دارإحیاء التراث العربی بیروت)

(وکذا فی الدرالمنثور: ٤/٣٢٤، تحت قوله: ﴿ولوطا اٰتیناه﴾

(٣) (البحر الرائق. ٧/١٥٤، کتاب الشهادات، باب من تقبل شهادته ومن لا تقبل، رشیدیه)

غفوراً رحیماً﴾(الآیہ)(۱)۔

''جو شخص نافرمانی کرے، یا اپنے اوپر ظلم کرے، پھر اللہ پاک سے مغفرت چاہے تو پائے گا اللہ پاک کو غفور رحیم''، یعنی اللہ پاک اس کی مغفرت فرمائیں گے اور رحم کریں گے۔ فقط۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۰/۲/۶۱ھ۔

## داڑھی کو بالکل صاف کرنے اور ایک انگلی رکھنے میں تفاوت

سوال[۹۴۰۷]: ڈاڑھی کو بالکل صاف کرانا، یا ایک انگل، یا دو انگل رکھنا ان دونوں میں کچھ تفاوت ہے یا نہیں، ایسے لوگوں کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

داڑھی کی جو مقدار ایک مشت سے زائد ہو جائے اس کو کٹانے کی اجازت ہے، اس سے پہلے اجازت نہیں (۲)۔ جو شخص داڑھی منڈاتا ہے یا چھوٹی یا ایک انگل دو انگل رکھتا ہے، ایک مشت کی مقدار نہیں پہونچنے

---

(۱) (سورۃ النساء: ۱۱۰)

(۲) "محمد قال: أخبرنا أبو حنيفة عن الهيثم عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما أنه كان يقبض على لحيته، ثم يقص ما تحت القبضة". قال محمد: وبه نأخذ، وهو قول أبى حنيفة". (كتاب الآثار، ص: ١٩٨، باب حف الشعر من الوجه، قديمى)

"وفى النهاية شرح الهداية: واللحية عندنا طولها بقدر القبضة -بضم القاف- وما وراء ذلك يجب قطعه ........... (وقوله: يجب) بمعنى: "ينبغى" أو المراد: سنةٌ مؤكدةٌ قريبة إلى الوجوب، وإلا فلا يصح على إطلاقه. وقال ابن الملك: تسوية شعر اللحية سنة، وهى أن يقص كل شعرة أطول من غيرها ليستوى جميعها.

وفى الإحياء: قد اختلفوا فيما طال من اللحية، فقيل: إن قَبَضَ الرجل على لحيته وأخذ ما تحت القبضة، فلا بأس به، وقد فعله ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما وجماعةٌ من التابعين، واستحسنه الشعبى، وابن سيرين، وكرهه الحسن، وقتادة ومن تبعهما، وقالوا: تركُها عافية أحب؛ لقوله عليه الصلاة والسلام: "وأعفوا اللحى". لكن الظاهر، هو القول الأول، فإن الطول المفرط يشوه الخلقة، =

دیتا، اس کو امام بنانا مکروہ تحریمی ہے(۱)۔ دونوں خلاف شرع کے مرتکب اور گناہگار ہیں۔ ۱۹، ۲۰ کا فرق ہے۔ در مختار، شامی، فتح القدیر وغیرہ میں داڑھی کے متعلق تفصیل مذکور ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دار العلوم دیوبند، ۲۵/ ۱۱/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دار العلوم دیوبند، ۲۵/ ۱۱/ ۸۸ھ۔

---

= ويطلق ألسنة المغتابين بالنسبة إليه، فلا بأس للاحتراز عنه على هذه النية.

قال النخعي: عجبت لرجل عاقل طويل اللحية: كيف لا يأخذ من لحيته فيجعلها بين لحيتين: أي طويل وقصير، فإن التوسط من كل شئ أحسن، ومنه قيل: خير الأمور أوسطها". (مرقاة المفاتيح: ۲۲۳/۸، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۴۴۳۹)، رشيديه)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية: ۳۵۸/۵، كتاب الكراهية، الباب التاسع في الختان وقص الشارب، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار: ۴۱۸/۲، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، مطلب في الأخذ من اللحية، سعيد)

"روى الطبراني، عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما رفعه "من سعادة المرء خفة لحيته". واشتهر أن طول اللحية دليل على خفة العقل". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۴۰۷/۶، سعيد)

(۱) "ويكره إمامة عبد وأعرابي وفاسق وأعمى". (الدرالمختار). "وأما الفاسق، فقد عللوا كراهة تقديمه بأنه لا يهتم لأمر دينه، وبأن في تقديمه للإمامة تعظيمه وقد وجب عليهم إهانته". (ردالمحتار، كتاب الكراهية، باب الإمامة: ۵۶۰/۱، سعيد)

(۲) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه، عن النبي عليه الصلوة والسلام: "جزوا الشوارب، وأعفوا اللحى، خالفوا المجوس". فهذه الجملة واقعة موقع التعليل. وأما الأخذ منها وهي دون ذلك كما يفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال، فلم يبحه أحد". (فتح القدير، كتاب الصوم، باب مايوجب القضاء والكفارة: ۳۴۸/۲، مصطفى البابي الحلبي مصر)

(وكذا في الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم ومالايفسده، مطلب في الأخذ من اللحية: ۴۱۸/۲، سعيد)

## داڑھی کے چھوٹے بڑے بالوں کو برابر کرنا

سوال[۹۴۰۸]: جس شخص کی داڑھی ایک مشت کے برابر نہ ہو اور ان بالوں میں بعض چھوٹے ہیں اور بعض بڑے ہیں تو سب کو برابر اور سیدھا کرنے کی خاطر کاٹے تو کیسا ہے؟ کیونکہ بعض چھوٹے اور بعض بڑے ہونے کی وجہ سے اچھے معلوم نہیں ہوتے۔

الجواب حامداًومصلیاً:

نہیں کاٹنا چاہئے جو بال ایک مشت سے زائد ہو جائیں ان کو کاٹ سکتا ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۷/۹۶ھ۔

## بیوی کا شوہر سے داڑھی کاٹنے کا مطالبہ کرنا

سوال[۹۴۰۹]: زید اور ہندہ میں زوجیت کا رشتہ ہے، لہٰذا ہندہ زید کو یہ خط تحریر کر رہی ہے، خط کی عبارت اور مضمون یہ ہے:

''جناب زید صاحب!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعد سلام کے عرض کرتی ہوں: آپ کہتے ہیں کہ میں گھر جاتا ہوں تو مجھ سے کوئی بات نہیں کرتا، آپ سے جب تک کوئی بات نہیں کرے گا، جب تک کہ آپ کام نہیں سیکھ لیتے، پورا کام سیکھ لو اور داڑھی کم کرو اور قمیص اونچی کرو، کیونکہ بالکل بوڑھے لگتے ہو اور اچھے نہیں لگتے، اس وجہ سے آپ سے سب گھبراتے ہیں، سادھو سے ہو، مولوی بھی بہت دیکھے، لیکن ایسے نہیں دیکھے جیسے تم، خدا ایسے مولویوں سے بچائے، زیادہ کپڑے ایسے پہنتے ہو جیسے کپڑے کبھی ہم نے دیکھے ہی نہ ہوں، آپ کو دیکھ کر مجھے غصہ آتا ہے۔

اگر آپ کو میری بات پسند نہ ہو تو میرے گھر آنے کی ضرورت نہیں ہے، ایسے

---

(۱) قد مضی تخریجه تحت عنوان ''داڑھی کو بالکل صاف کرنے اور ایک انگلی رکھنے میں فرق''

''والسنة قدر القبضة، فما زاد، قطعه''. (البحر الرائق: ۳/۱۹، کتاب الحج، باب الجنایات، رشیدیه)

انسان سے میں راضی نہیں ہوں جو میرا مذاق اڑائے (داڑھی رکھنے کی بناء پر)۔ خدا ایسے مولویوں سے بچائے، بالکل گاؤں والے بن کر آجاتے ہو۔

اور مجھے روپے بھیج دو اور اپنی خیریت سے جلد مطلع کرو اور میری ان باتوں کا جواب دو۔ تنگ ہو کر خط لکھا ہے آپ مانو یا نہ مانو، آپ کو خدا ہی سمجھائے گا اگر سمجھ میں نہ آئے تو''۔

اس خط سے ثابت ہو رہا ہے کہ ہندہ کو ڈاڑھی اور نیچے کرتے سے بہت زیادہ نفرت ہے اور تحقیرِ دین ہے، لہٰذا اس خط کی بناء پر ہندہ پر کفر کا حکم ثابت ہوگا یا نہیں؟ اگر ثابت ہوتا ہو تو زید کا نکاح ہندہ سے باقی رہا یا نہیں، یا بین بین کا درجہ ہے کہ نہ باطل ہے نہ ثابت، پھر نکاح ثانی کی ضرورت ہے یا نہیں؟ اور بقایا مہر کی ادائیگی زید پر واجب ہے یا نہیں؟ آیا زید کو قصرِ داڑھی جائز ہے، جبکہ زید کی عمر اس وقت ۲۸/ سال کی ہے اور ہندہ کی عمر ۱۸/ سال کی ہے؟

اور ہندہ یہ خط اپنے میکہ سے لکھ رہی ہے اور زید اس وقت ٹیلر ماسٹر کا کام سیکھ رہا ہے، مشاہدہ کے لئے زید کا فوٹو بھی بھیجا جا رہا ہے، لہٰذا آپ حضرات اس مسئلہ کو واضح طور پر بیان فرمائیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

ہندہ کی اس تحریر کی بناء پر نکاح ختم ہو کر ہندہ زید کی زوجیت سے خارج نہیں ہوئی، دوبارہ نکاح کی بھی ضرورت نہیں، پہلا نکاح باقی ہے(۱)۔ اس نے جو خط لکھا وہ جہالت اور ماحول کا اثر ہے، اس کی تعلیم وتفہیم کی ضرورت ہے، زید کو داڑھی کٹانے کی ضرورت نہیں، نہ اس کی اجازت ہے(۲)، اس داڑھی سے نہ وہ سادھو معلوم

---

(۱) "وما كان خطئاً من الألفاظ ولا يوجب الكفر، فقائله مؤمن على حاله ولا يؤمر بتجديد النكاح".

(الفتاوى العالمكيرية، الباب التاسع في أحكام المرتدين، ومنها ما يتعلق بتلقين الكفر: ۲/۲۸۳، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ البزازية، الثاني فيما يكون كفراً من المسلم وما لايكون، النوع الأول في المقدمة: ۶/۳۲۲، رشيديه)

(۲) "عن علي رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "لا طاعة في معصية، إنما =

ہوتا ہے، نہ گاؤں والا۔ ہندہ کو اپنی اصلاح کی ضرورت ہے۔ مہر اس تحریر کی وجہ سے ساقط نہیں ہوا اور زید کے ذمہ باقی ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۳/۲/۳ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۳/۲/۳ھ۔

## ملازمت کی خاطر داڑھی منڈانا

سوال[۹۴۱۰]: میرا ایک دوست ہے جس کا نام محمود احمد ہے اور انگریز مسلمان ہے، اس کو داڑھی کا بہت شوق ہے، لیکن چونکہ انگریزی فوج میں ہے، لہٰذا اس کو داڑھی رکھنے کا حکم نہیں ہے۔ اس کے بارے میں وہ جاننا چاہتا ہے کہ شریعت کا اس بارے میں کیا حکم ہے؟ اور اگر بال انگریزی ہوں اور کترادیں تو کیا حکم ہے؟ اور نماز قمیص اور پتلون سے ہوسکتی ہے یا نہیں؟ اور اگر سر پر ٹوپی نہ ہو پھر نماز کے بارے میں کیا حکم ہے؟ اور انشورنس کرانا جائز ہے یا نہیں؟ براہ کرم جملہ امور کے بارے میں ضروری تحریر روانہ کریں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

حق تعالیٰ آپ کو اور آپ کے دوست کو عافیت سے رکھے، اپنی مرضیات پر عمل کی توفیق دے۔ داڑھی رکھنا اور اس کو بڑھانا شرعاً واجب ہے، حدیث شریف میں اس کا حکم آیا ہے، ایک مشت تک پہونچنے سے پہلے

---

= الطاعة في المعروف". متفق عليه". (مشكوٰة المصابيح، كتاب الإمارة والقضاء، الفصل الأول، ص: ۳۱۹، قديمي)

"لاطاعة لمخلوق في معصية الخالق". (فيض القدير، (رقم الحديث: ۹۹۰۳): ۱۲/۶۴۸۲، مكتبه نزار مصطفى الباز، مكة المكرمة)

(۱) "والمهر يتأكد بأحد معان ثلاثة: الدخول، والخلوة الصحيحة، وموت أحد الزوجين، سواء كان مسمى أو مهر المثل، حتى لايسقط منه شئ بعد ذلک إلا بالابراء، الخ". (الفتاوى العالمكيرية، الباب السابع في المهر، الفصل الثاني: ۱/۳۰۳، رشيديه)

(وكذا في رد المحتار، كتاب النكاح باب المهر: ۳/۱۰۲، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب النكاح، باب المهر: ۳/۲۵۱، رشيديه)

کٹانا اور ایک مشت سے کم کرالینا جائز نہیں (۱)۔ انگریزی بال رکھنا مناسب نہیں (۲)۔

جب اللہ تعالیٰ نے اسلام کی دولت عطا فرمائی ہے تو صورت وشکل وضع قطع بھی اسلامی ہی چاہئے۔ ایک سکھ نے فوج میں ملازمت کی درخواست کی اور شرط کی داڑھی نہیں منڈاؤں گا، اس کی درخواست منظور ہوئی۔ آپ کے انگریز دوست بھی اس کی کوشش کرلیں۔ قمیص اور پتلون سے بھی نماز درست ہوجائے گی (۳)، جبکہ سب ارکان صحیح طریقہ پر ادا ہوجائیں، سر پر ٹوپی کا ہونا مستحب ہے (۴)، گو بلا ٹوپی بھی نماز ادا ہوجائے گی۔ انشورنس جائز نہیں لیکن اگر قانونِ ملازمت کی وجہ سے مجبوری ہو تو ایسا آدمی شرعاً معذور ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۱۱/۸۹ھ۔

---

(۱) "عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "خالفوا المشركين، أوفروا اللحى وأحفوا الشوارب". (الصحيح لمسلم: ۱/۱۲۹، باب خصال الفطرة، قديمي)

(۲) "عنه (ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما) قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (مشكوٰة المصابيح، كتاب اللباس: ۲/۳۷۵، الفصل الثاني، قديمي)

(۳) "والرابع ستر عورته، ووجوبه عام ولو في الخلوة على الصحيح". (الدر المختار مع ردالمحتار: ۱/۴۰۴ كتاب الصلوٰة، باب شروط الصلوٰة، سعيد)

"ومنها ستر العورة، لقوله تعالىٰ: ﴿يابني آدم خذوا زينتكم عند كل مسجد﴾ قيل في التاويل: الزينة ما يوارى العورة، والمسجد الصلاة، فقد أمر بمواراة العورة في الصلاة". (بدائع الصنائع: ۱/۵۴۳، كتاب الصلوٰة، فصل في بيان شرائط الأركان، بيروت)

(۴) "عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما، قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يلبس قلنسوةً سوداء". (مجمع الزوائد ومنبع الفوائد: ۵/۱۴۹، كتاب اللباس، باب في القلنسوة، (رقم الحديث: ۸۵۰۵)، عباس أحمد الباز مكه)

(وكذا في المستدرك لحاكم، حديث أبي الدرداء، كتاب معرفة الصحابة، (رقم الحديث: ۵۴۵۰): ۳/۳۸۱، دارالكتب العلمية بيروت)

(ومسند الإمام أحمد، حديث سيدنا عمر بن الخطاب: ۱/۲۳، (رقم الحديث: ۱۵۱)، دارإحياء بيروت)

## علاج کے لئے داڑھی صاف کرنا

سوال[۹۴۱۱]: ایک شخص ہے جس کی داڑھی میں روگ لگ گیا ہے جس کا کافی علاج بھی کیا گیا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہے۔ نیز ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ داڑھی صاف کردیجئے، اس کے بعد آپ کا علاج کامیاب ہوجائے گا۔ کیا ایسی صورت میں داڑھی صاف کرانا شرعاً جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

امراض کے علاج کے لئے جب کوئی جائز دوا مفید نہ ہوتو مجبوراً نجس اور حرام دوا کے ستعمال کی بھی اجازت ہے جب کہ تجربہ کار اور دیندار معالج تجویز کردے کہ شفا حرام چیز سے ہی ہوسکتی ہے۔ اسی طرح اگر بغیر داڑھی صاف کرائے صحت نہیں ہوسکتی تو مجبوراً تحصیلِ صحت کے لئے اس کی گنجائش ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱۱/۱۴۰۰ھ۔

## مجاہدین کے لئے داڑھی منڈانا

سوال[۹۴۱۲]: ایک شخص یا کئی ہوں جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم داڑھی کیوں منڈاتے ہوتو وہ کہتے ہیں کہ: ہم مجاہدین ہیں، اگر تم کو یقین نہ ہوتو تم لیجاکر دیکھ لو، ہم کرنے کے لئے تیار ہیں یا نہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ مجاہدین کے واسطے داڑھی منڈانا جائز ہے۔ تو کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی وقت مجاہدین کو داڑھی منڈانے کے لئے فرمایا تھا یا نہیں؟ اگر فرمایا تھا تو کسی خاص مصلحت سے یا عام، اگر کسی خاص مصلحت سے فرمایا ہو، یا کسی وجہ سے فرمایا ہوتو اگر وہ وجہ اس وقت بھی پائی جائے تو داڑھی منڈانا جائز ہوسکتا ہے یا نہیں؟ اور اگر حضور نے نہیں فرمایا تو اس کی کیا اصلیت ہے وہ کیوں کہتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً:

انہیں سے پوچھو کہ ڈاڑھی منڈاتے کی اجازت مجاہدین کے لئے کس دلیل سے ثابت ہے، حدیث

---

(۱) "وجوزه في النهاية بمحرم إذا أخبره طبيب مسلم أن فيه شفاءً، ولم يجد مباحاً يقوم مقامه".

(الدرالمختار، فصل في البيع من كتاب الحظر: ۳۸۹/۸، سعيد)

(وكذا في ردالمحتار، مطلب في التداوي بالمحرم: ۲۱۰/۱، سعيد)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية، الباب الثامن عشر في التداوي والمعالجات: ۳۵۵/۵، رشيديه)

شریف میں تو داڑھی منڈانے کی ممانعت عام ہے(۱)۔ پھر مجاہدین کو کس دلیل سے مستثنیٰ کرتے ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/ ۵/ ۵۶ھ۔

الجواب صحیح، سعید احمد غفرلہ صحیح: عبد اللطیف، ۹/ جمادی الاولیٰ/ ۵۶ھ۔

---

(۱) "عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "خالفوا المشركين، أحفوا الشوارب، وأوفوا اللحى". (الصحيح لمسلم: ۱/۱۲۹، باب خصال الفطرة، قديمى)

(وصحيح البخارى: ۲/۸۷۵، باب إعفاء اللحى، كتاب اللباس، قديمى)

(وسنن أبى داؤد: ۲/۵۷۷، كتاب الترجل، باب فى أخذ الشارب، دار الحديث ملتان)

قال العلامة الملا على القارى عليه رحمه الله تعالىٰ تحت قوله عليه الصلوة والسلام: "خالفوا المشركين": أى فإنهم يقصون اللحى ويتركون الشوارب حتى تطول كما فسره بقوله: "أوفروا": أى أكثروا. "اللحى" بكسر اللام، وحكى ضمها ........... ذكره السيوطى، والمعنى: اتركوا اللحى كثيراً بحالها، ولا تتعرضوا لها، واتركوها لتكثر". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۴۴۲۱): ۸/۲۱۱، رشيديه)

**سوال:** "جب کوئی شخص جہاد پر جائے تو اس کے لئے ڈاڑھی منڈوانا جائز ہے یا نہیں؟ جہاد کے لئے جو راستہ ہے وہاں کفار ہیں، بغیر ڈاڑھی والے کو اندر چھوڑتے ہیں اور ڈاڑھی والے کو قتل کرتے ہیں، بینوا توجروا"۔

**الجواب باسم ملهم الصواب:** "ڈاڑھی منڈانا حرام ہے، جہاد کی ضرورت سے فعلِ حرام کا ارتکاب جائز نہیں، بلکہ ایسے موقع میں تو گناہوں سے بچنے اور استغفار کی زیادہ تاکید ہے، قال اللہ تعالیٰ: ﴿وإن تصبروا وتتقوا لايضركم كيدهم شيئاً﴾، وقال حكاية عن الربيين الذين كانوا يقاتلون مع نبيهم: ﴿ربنا اغفرلنا ذنوبنا وإسرافنا فى أمرنا، وثبت أقدامنا وانصرنا على القوم الكافرين﴾. اس آیت کے مضمون کی ترتیب میں اس پر دلالت ہے کہ جس طرح نصرت ثبات اقدام پر موقوف ہے اسی طرح ثبات اقدام گناہوں سے توبہ واستغفار پر موقوف ہے، وقال رسول اللہ صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "فإنه لايدرك ما عندالله إلا بطاعته". فقط۔ (أحسن الفتاوىٰ، كتاب الجهاد، بضرورت جہاد ڈاڑھی منڈانا جائز نہیں: ۶/۱۰۷، ۱۸، سعيد)

## داڑھی اگانے کے لئے چہرہ پر استرہ پھیرنا

سوال[۹۴۱۳]: ایک صاحب ہیں جن کے داڑھی نہیں آئی ہے، فی الحال ان کا چہرہ بالکل صاف ہے، کئی آدمیوں نے اس بات کا مشورہ دیا ہے کہ داڑھی کی جگہ پر استرہ یا بلیڈ پھیریں تو داڑھی کی جگہ بال اگ سکتے ہیں، حالانکہ وہ صاحب امامت کرتے ہیں۔ ایسی صورت میں جبکہ چہرہ پر بالکل بال نہ ہوں استرہ یا بلیڈ داڑھی کے بال آنے کی غرض سے پھیروا سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

چہرہ پر بالوں کا اُگنا قدرت کی طرف سے ہے، اپنی اختیاری چیز نہیں، اگر بالکل بال نہ اگیں تو بندہ گنہگار نہیں (۱)۔ لہٰذا بال اگانے کے لئے استرہ یا بلیڈ چہرے پر پھیرنے کی ضرورت نہیں (۲)، لیکن بال اگنے کے بعد ان کو منڈوانا گناہ ہے (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۲۶ھ۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿لا يكلف الله نفساً إلا وسعها﴾ (الآية)

(۲) سوال: ایک شخص کی عمر تیس سال ہے، مگر اس کی داڑھی اور مونچھیں نہیں نکلیں۔ کیا وہ اس احتمال کی بناء پر کہ شاید داڑھی نکل آئے، استرا چلا سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

**الجواب باسم ملهم الصواب:**

''اس ضرورت سے استرا چلانا جائز ہے۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم''۔ (أحسن الفتاوى: ۷۷/۸، كتاب الحظر والإباحة، داڑھی پیدا کرنے کے لئے استرا چلانا، سعيد)

(وكذا في فتاوى رحيمية: ۱۱۶/۱۰، كتاب الحظر والإباحة، دارالإشاعت كراچى)

(۳) ''عن نافع عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: ''أحفوا الشوارب، وأعفوا اللحى''.

''وعن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ''خالفوا المشركين، أحفوا الشوارب، وأوفوا اللحى''.

''وعن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ''جزوا الشوارب، وأرخوا اللحى، خالفوا المجوس''. ............ =

..............................................................................................

= "عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "عشرٌ من الفطرة: قص الشارب، وإعفاء اللحية". الحديث. (الصحيح لمسلم: ١/١٢٩، كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة، قديمى)

"عن نافع عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "انهكوا الشوارب، وأعفوا اللحى". (صحيح البخارى: ٢/٨٧٥، باب إعفاء اللحى، كتاب اللباس، قديمى)

(وسنن أبى داؤد: ١/٨، باب السواک من الفطرة، دار الحديث ملتان)

(وسنن أبى داؤد: ٢/٥٧٧، كتاب الترجل، باب فى أخذ الشارب، دار الحديث ملتان)

(وسنن النسائى: ١/٧، كتاب الطهارة، إحفاء الشارب وإعفاء اللحى، قديمى)

قال النووى رحمه الله تعالىٰ: "فحصل خمس روايات: "أعفوا، وأوفوا، وأرخوا، وأرجوا، ووفّروا". ومعناها كلها تركها على حالها، هذا هو الظاهر من الحديث الذى يقتضيه ألفاظه، وهو الذى قاله جماعةٌ من أصحابنا وغيرهم من العلماء". (شرح النووى على الصحيح لمسلم، كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة: ١/١٢٩، قديمى)

"وقص اللحية من صنع الأعاجم، وهو اليوم شعار كثيرٍ من المشركين كالأفرنج والهنود، ومن لاخلاق له فى الدين من الطائفة القلندرية". (مرقاة المفاتيح: ٢/١٩، كتاب الطهارة، باب السواک، الفصل الأول، (رقم الحديث: ٣٧٩)، رشيديه)

"واللحية هى الفارقة بين الصغير والكبير، وهى جمال الفحول وتمام هيأتهم، فلا بد من إعفائها. وقصُّها سنة المجوس، وفيه تغيير خلق الله، ولحوق أهل السؤدد والكبرياء بالرعاع". (حجة الله البالغة: ١/٥١٧، خصال الفطرة وما يتصل بها، إعفاء اللحية وقصّ الشوارب، قديمى)

(وأيضا حجة الله البالغة: ٢/٥١٦، إطالة اللحى وإحفاء الشوارب، قديمى)

(وكذا فى بذل المجهود: ١/٣٣، كتاب الطهارة، باب السواک من الفطرة، مكتبه امداديه ملتان)

قال محمد رحمه الله تعالىٰ: "عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما: أنه كان يقبض على لحيته، ثم يقصّ ما تحت القبضة". قال محمد: وبه نأخذ وهو قول أبى حنيفة". (كتاب الآثار، ص: ١٩٨، باب حف الشعر من الوجه، إدارة القرآن كراچى) .................................... =

خط بنوانا

سوال[۹۴۱۴]: زید نے موئے حلقوم کواسترے سے صاف کرالیا،اس کا خیال ہے کہ یہ جائز ہے۔اور نیز کانوں کے پاس کے بال بھی اور رخسار پر سے استرے سے صاف کرالیتا ہے،لہذا جواب سے سرفراز فرمائیں۔نیز کنپٹی کے بال قینچی سے کم کرالیتا ہے،یہ جائز ہے یا نہیں؟

**نوٹ:** زید ان تینوں جگہ کے بالوں کوصاف کرانا خط بنوانا تصور کرتا ہےاور عمراس کے خلاف بیان کرتا ہے۔جواب تحریرفرمائیں۔

الجواب حامداًومصلياً:

"ولا يحلق شعر حلقه، وعن أبي يوسف رحمه الله تعالىٰ: لابأس به، اه". عالمگیری(۱)۔ "لابأس بأن يأخذ شعر الحاجبين وشعر وجهه ما لم يتشبه بالمخنثين، اه". طحطاوی(۲)۔

---

= (وكذا في الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۴۰۷/۶، سعيد)

(وكذا في الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم ومالايفسد، مطلب في الفرق بين قصد الجمال وقصد الزينة: ۴۱۸/۲، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق: ۴۹۰/۲، كتاب الصوم، باب مايفسد، رشيديه)

(وكذا في حاشية الشلبي على تبيين الحقائق، كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم ومالايفسد: ۱۸۷/۲، بيروت)

(۱) (الفتاوى العالمكيرية: ۳۵۸/۵، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر في الختان ...... وقص الشارب، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۴۰۷/۶، سعيد)

(۲) (حاشية الطحطاوي على الدرالمختار: ۱۸۶/۴، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر، دارالمعرفة بيروت)

(وكذا في ردالمحتار: ۳۷۳/۶، سعيد)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية: ۳۵۸/۵، الباب التاسع عشر في الختان وقص الشارب، رشيديه)

اس سے معلوم ہوا کہ حلق کے بالوں کو نہیں مونڈنا چاہئے، البتہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ اجازت دیتے ہیں۔ رخسار کے بال کا مونڈنا یعنی خط بنوانا شرعاً درست ہے(۱)۔ کان کے قریب جو ہڈی ہے اس سے اوپر سر کا حصہ ہے اور نیچے ڈاڑھی کا حصہ ہے، لہٰذا اوپر کا حصہ منڈوانا درست ہے(۲) اور نیچے کا درست نہیں (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۴/۶۴ھ۔

## عورت کی ڈاڑھی کا حکم

سوال[۹۴۱۵]: عورت کے اگر ڈاڑھی نکل آوے تو کٹوا سکتی ہے یا نہیں؟

---

= (وكذا في مرقاة المفاتيح: ۲۰۹/۸، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، رشيديه)

(۱) خط بنوانا درست ہے، مگر بہتر نہیں: قال الشيخ أنور شاه الكشميري رحمه الله تعالىٰ: "أما الأشعار التي على الخدين فليست من اللحية لغةً، وإن كره الفقهاء أخذها؛ لأنه إن كان بالحديد فذلك يوجب الخشونة في الخدين، وإن كانت بالنتف فإنه يضعّف البصر". (فيض الباري: ۳۸۰/۴، كتاب اللباس، باب قص الشارب، خضر راه بک ڈپو دیوبند)

(۲) کان کے قریب والی ہڈی جب کہ سر کا حصہ ہے، اس میں اُگے ہوئے بال سر کے ہیں، اور سر کے بال منڈانا درست ہیں:

قال القاري رحمه الله تحت قوله عليه الصلاة والسلام: "أحلقوا كله أو اتركوا كله، الخ":

"فيه إشارة إلى أن الحلق في غير الحج والعمرة جائز، وأن الرجل مخيّرٌ بين الحلق وتركه، لكن الأفضل أن لا يحلق". (مرقاة المفاتيح: ۲۱۶/۸، كتاب اللباس، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۴۰۷/۶، سعيد)

(۳) کیونکہ یہ داڑھی کے بال ہیں اور داڑھی کے بالوں کا حلق جائز نہیں: "يحرم على الرجل قطع لحيته".

(الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۴۰۷/۶، سعيد)

الجواب حامداً ومصلیاً:

کٹوا سکتی ہے(۱)۔فقط۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

## جمعہ کے روز حجامت

سوال[۹۴۱۲]: روزِ جمعه قبل نماز جمعه حجامت ساختن چه حکم دارد؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

این طریقِ نبی علیه الصلوٰة والسلام است: "كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقصّ شاربه، ويقلم أظفاره يوم الجمعة قبل أن يروح إلى الصلوٰة". أخرجه البيهقي، اهـ". ردالمحتار (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۳/۳/۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۱۶/ ربیع الاول/ ۵۶ھ۔

---

(۱) "وفي تبيين المحارم: إزالة الشعر من الوجه حرام، إلا إذا نبت للمرأة لحية أو شوارب، فلا تحرم إزالته، بل تستحب". (ردالمحتار: ۶/۳۷۳، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، سعيد)

(وكذا في مرقاة المفاتيح، كتاب الطهارة، باب السواك، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۳۷۹): ۲/۱۹، رشيديه)

(وكذا في بذل المجهود: ۱/۳۳، باب السواك من الفطرة، إمداديه ملتان)

"عورت کے لئے چہرے کے بال صاف کرنا جائز ہے، اور اگر داڑھی یا مونچھ کے بال نکل آئیں تو ازالہ مستحب ہے"۔(أحسن الفتاوى، كتاب الحظر والإباحة، بالوں کے احکام، عورت کا چہرے کے بال صاف کرنا: ۸/۷۵، سعید)

(۲) (رد المحتار: ۶/۴۰۵، فصل في البيع، كتاب الحظر والإباحة، سعيد)

"أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يقص شاربه، ويأخذ من أظفاره كل جمعة قبل أن يخرج إلى صلاة الجمعة". (مرقاة المفاتيح: ۸/۲۱۲، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۴۴۳۲)، رشيديه)

## مونچھ کا حلق کرنا

سوال[۹۴۱۷]: مونچھ کا حلق کرنا کیسا ہے، اگر حلق جائز ہے تو قصر اَولیٰ ہے یا حلق؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

"حلق الشارب بدعة، وقيل: سنة، اھ"۔ درمختار: ۳۵۸/۵(۱)۔

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ مونچھ کا مونڈنا بدعت ہے، ایک قول یہ بھی ہے کہ سنت ہے۔ جو فعل سنت اور بدعت کے درمیان ہو اس کا ترک اَولیٰ ہے(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## مونچھیں منڈانا

سوال[۹۴۱۸]: مونچھوں کو استرے سے منڈانے کو علامہ شامیؒ نے اپنی کتاب "شامی" میں جو جائز لکھا ہے، وہ عبارت اور صفحہ وجلد صاف صاف، مع ترجمہ، اعراب لگا کر بھیجیں۔ اور زیادہ بہتر ہے کہ کوئی مستند حدیث کی عبارت بھی لکھیں۔ اس کے بارے میں یہاں پر فتنۂ عظیم برپا ہے، ایک مفتی لکھتے ہیں کہ بدعت ہے اور دلیل پیش کرتے ہیں کہ درمختار میں ہے: "حلق الشارب بدعة". (مونچھ منڈانا بدعت ہے)(۳) حدیث میں ہے: "أحفوا الشوارب" مونچھیں پست کراؤ(۴)۔

---

(۱) (الدر المختار، کتاب الحظر و الإباحة، فصل في البيع: ۴۰۷/۶، سعيد)

"واختلف في المسنون في الشارب هل هو القص أو الحلق؟ والمذهب عند بعض المتأخرين من مشايخنا أنه القص. قال في البدائع: وهو الصحيح. وقال الطحاوي: القص حسن والحلق أحسن. وهو قول علمائنا الثلاثة، نهر". (ردالمحتار: ۵۵۰/۲، كتاب الحج، باب الجنايات، سعيد)

(۲) "إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة، كان ترك السنة راجحاً على فعل البدعة". (ردالمحتار: ۶۴۲/۱، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، مطلب: إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة، سعيد)

(۳) (الدر المختار، کتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۴۰۷/۶، سعيد)

(۴) "عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما، عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "أحفوا الشارب، وأعفوا اللحى". (سنن النسائي، كتاب الطهارة، إحفاء الشارب وإعفاء اللحى: ۷/۱، قديمي) =

الجواب حامداً ومصلیاً:

"حلق الشارب بدعة، وقيل: سنة". در مختار بر حاشيه رد المحتار المعروف بالشامی: ۲۵۸/۵ (۱)۔

"مونچھ کا مونڈنا بدعت ہے اور کہا گیا ہے کہ سنت ہے"۔ یہ دونوں قول ایک ہی کتاب میں ایک ہی جگہ موجود ہیں۔ حدیث شریف میں حلق کا لفظ نہیں جس کے معنیٰ مونڈنے کے ہیں، بلکہ لفظ "جزوا" آیا ہے جس کے معنیٰ خوب کاٹنے کے ہیں (۲)۔ ایک روایت میں "أحفوا" آیا ہے (۳) اس کے معنی بھی یہی ہیں کہ اس طرح کاٹیں کہ مونڈنے کے قریب ہوجائیں۔ طحطاوی، ص: ۲۸۷ اور شامی: ۵۵۰/۲، میں وہ روایتیں مذکور ہیں (۴)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ مدرسہ دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۱۰/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: سید احمد علی سعید، نائب مفتی دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۱۰/۸۵ھ۔

---

= (والصحيح لمسلم، كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة: ۱۲۹/۱، قديمی)

(۱) (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۴۰۷/۶، سعيد)

(۲) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "جزوا الشوارب، وأرخوا اللحى، خالفوا المجوس". (الصحيح لمسلم: ۱۲۹/۱، كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة، قديمی)

(۳) "عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "خالفوا المشركين، أحفوا الشوارب، وأوفوا اللحى". (الصحيح لمسلم، كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة: ۱۲۹/۱، قديمی)

(والصحيح البخاري، كتاب اللباس، باب إعفاء اللحى: ۸۷۵/۲، قديمی)

(وكذا في حجة البالغة، إطالة اللحى وإحفاء الشوارب: ۵۱۲/۲، قديمی)

(۴) "قال في الفتح: وتفسير القص أن ينقص حتى ينتقص عن الإطار، وهو بكسر الهمزة: ملتقى الجلدة واللحم من الشفة. وكلام صاحب الهداية على أن يحاذيه". (ردالمحتار، كتاب الحج، باب الجنايات: ۵۵۰/۲، سعيد)

(وكذا في العناية على هامش فتح القدير، كتاب الحج، باب الجنايات: ۳۴/۳، مصطفىٰ البابي الحلبي، مصر) ..........

## ریش بچہ اور اس کے دونوں طرف کے بال کٹوانا

سوال[۹۴۱۹]: ۱......ریش بچہ(۱) کے بالوں کو بالکل کتروانا کیا بدعت ہے؟

۲......نچلے ہونٹ کے قریب دونوں کناروں کے بال منڈوانا کیا بدعت ہے؟

۳......جس کے ریش بچہ کے کناروں پر بال نہیں ہوتے تو رخساروں کی طرح وہاں خط بنوانا جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

۱......جی ہاں(۲)۔

۲......ہونٹ کے قریب کے بال دونوں کناروں سے منڈوانا تاکہ کھاتے پیتے وقت منہ میں نہ جائیں، درست ہے(۳)۔

---

= قال العلامة علی بن سلطان محمد القاری علیه رحمه الله تعالیٰ: "قص الشارب". قال ابن حجر رحمه الله تعالیٰ: فیسنّ إحفاؤه حتی تبدو حمرة الشفة العلیا". (مرقاة المفاتیح، کتاب الطهارة، باب السواک، الفصل الأول، (رقم الحدیث: ۳۷۹): ۹۱/۲، رشیدیه)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی الدرالمختار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع: ۲۰۳/۴، دارالمعرفة بیروت)

حدیث میں "جز" کے علاوہ "أحفوا الشوارب" "قص الشارب" اور "انهکوا الشوارب" کے الفاظ بھی موجود ہیں، جن کا معنی ہلکا کرنا، تراشنا (المنجد، ص: ۳۵۷، دارالإشاعت کراچی)

"کاٹنا، کترنا" (منجد، ص: ۱۳۲۰) اور کاٹنے میں مبالغہ کرنے کے ہیں۔ اس باب میں عبارات فقہاء مختلف ہیں۔

(۱) "ریش بچہ: ٹھوڑی کے بال"۔(فیروز اللغات، ص: ۷۳۴، فیروزسنز لاهور)

(۲) "(تنبیه) نتف الفنبکین بدعة، وهما جانبا العنفقة، وهي شعر الشفة السفلی، کذا فی الغرائب". (ردالمحتار، فصل فی البیع من کتاب الحظر والإباحة: ۴۰۷/۶، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، الباب التاسع عشر فی الختان: ۳۵۸/۵، رشیدیه)

(۳) "وأما طرفا الشارب وهما السبالان، فقیل: هما منه، وقیل: من اللحیة، وعلیه فقیل: لابأس =

۳..... جب وہاں بال ہی نہیں تو خط بنوانا کس لئے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۵/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۵/ ۸۷ھ۔

= بتركهما، وقيل: يكره لما فيه من التشبه بالأعاجم وأهل الكتاب، وهذا أولىٰ بالصواب".
(ردالمحتار، باب الجنايات: ۲/ ۵۵۰، سعيد)

"كان بعض السلف يترك سُباليه، وهما أطراف الشوارب". (ردالمحتار، فصل في البيع من كتاب الحظر والإباحة: ۶/ ۴۰۷، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب التاسع عشر في الختان والخصاء: ۵/ ۳۵۸، رشيديه)

"قص الشارب أن يأخذ ماطال على الشفة بحيث لايؤذي الآكل، ولايجتمع فيه الوسخ".
(مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، باب الترجل: ۸/ ۲۰۹، مكتبه حقانيه پشاور)

# فصلٌ فی حلّاق اللحیة

## (نائی کا بیان)

### داڑھی بنانے والے نائی کا حکم

سوال[۹۴۲۰]: داڑھی بنانے والا نائی بھی مواخذہ دار ہوگا یا نہیں، کیونکہ اس کا پیشہ یہی ہے (کہ) جیسا عوام حکم دیتے ہیں ویسا ہی بناتا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ایسا نائی گنہگار ہے، کذا فی الدر المختار مع رد المحتار: ٥/٢٥١(١) زیلعی: ٦/٤٩(٢)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ۔

---

(١) "فإذا ثبت كراهة لبسها للتختم، ثبت كراهة بيعها وصيغها، لما فيه من الإعانة على مالا يجوز، وكل ما أدى إلى ما لايجوز لا يجوز، وتمامه في شرح الوهبانية". (الدرالمختار: ٦/٣٦٠، فصل فی اللبس، كتاب الحظر والإباحة، سعيد)

(٢) "لا يجوز على الغناء والنوح والملاهي؛ لأن المعصية لا يتصور استحقاقها بالعقد، فلا يجب عليه الأجر ........ وإن أعطاه الأجر وقبضه لا يحل له، ويجب عليه رده على صاحبه". (تبيين الحقائق: ٦/١١٩، كتاب الإجارة، باب الاجارة الفاسدة، بيروت)

(وكذا فی حاشية الشلبی علی هامش التبيين للزيلعي: ٧/١٠٨، كتاب الأشربة، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

"أمره إنسان أن يتخذله خفاً على زيّ المجوس أو الفسقة، أوخياطاً أمره إنسان أن يخيط له ثوباً على زيّ الفساق، يكره له أن يفعل ذلك". (مجمع الأنهر ٢/٥٣٠، فصل فی الأكل، كتاب الكراهية، دارإحياء التراث العربی بيروت)

## نائی کے پیشہ کی تفصیل

سوال[۹۴۲۱]: ۱..... زید قوم سے نائی ہے، اس کا روزگار حجامت بنانا ہے، آج کل داڑھی منڈانے کا زیادہ رواج ہے، اگر زید داڑھی نہیں مونڈتا تو لوگ کہتے ہیں کہ ہم دوسرا نائی مقرر کرلیں گے۔

۲..... زید کو غیر مسلموں کی داڑھی مونڈنی کیسی ہے؟

۳..... مسلموں اور غیر مسلموں کے سر کے بال فینسی کاٹنا کیسا ہے؟

۴..... زید کو بعض مسلم داڑھی کاٹنے کے لئے مجبور کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تم غیر مسلموں کی بھی تو داڑھی مونڈتے ہو؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... داڑھی مونڈنا جائز نہیں، وہ لوگ اگر دوسرا نائی مقرر کرنے کی دھمکی دیتے ہیں تو آپ مت گھبرائیں، رزّاق خدا ہے(۱)۔

۲..... وہ بھی جائز نہیں (۲)۔

۳..... مکروہ ہے (۳)۔

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ومن یتق الله یجعل له مخرجاً ویرزقه من حیث لا یحتسب، ومن یتوکل علی الله، فهو حسبه﴾ (سورة الطلاق : ۳)

"وعن النواس بن سمعان رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق". (مشکوة المصابیح: ۳۲۱/۲، کتاب الإمارة والقضاء، الفصل الثانی، قدیمی)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿وتعاونوا علی البر والتقویٰ، ولا تعاونوا علی الإثم والعدوان﴾ (سورة المائدة: ۲)

(۳) انگریزی بالوں میں چونکہ تشبہ بالغیر ہے اور تشبہ بالغیر ناجائز ہے، لہٰذا انگریزی بال بنانا اور بنوانا دونوں مکروہ اور ناجائز ہے:

"عنه (ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما) قال: "قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، ص: ۳۷۵، قدیمی)

(وسنن أبی داؤد، کتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة: ۵۵۸/۲، دارالحدیث ملتان)

قال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: "من تشبه بقوم": أی من شبّه نفسه بالکفار مثلاً فی =

۴......زید غیر مسلموں کو بھی انکار کردے اور مسلمانوں کو بھی، پھر مجبور نہیں کریں گے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۱۰/۳/۹۵ھ۔

الجواب صحیح بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند،۱۰/۳/۹۵ھ۔

## حجام کا داڑھی مونڈنا

سوال[۹۴۲۲]: میں حجام ہوں، یہاں کے مسلمان مجھے اپنی داڑھی کے منڈادینے پر مجبور کررہے ہیں اور پنچایت کرکے میری داڑھی کو زبردستی منڈادینا چاہتے ہیں۔ کیا داڑھی منڈادینے کی شریعت میں گنجائش ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

داڑھی مونڈنا ناجائز ہے(۱)، پنچایت کے لئے ہرگز جائز نہیں کہ ناجائز کام پر مجبور کرے اور آپ کے لئے بھی ناجائز کام میں پنچایت کی اطاعت جائز نہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۱۶/۵/۸۷ھ۔

## مسلم حجام کا غیر مسلم کی داڑھی مونڈنا

سوال[۹۴۲۳]: ۱......مسلم نائی غیر مسلم، مشرک، بھنگی کی حجامت یعنی داڑھی مونڈنا اور بال کترنا وغیرہ بلا کراہت کرسکتے ہیں یا نہیں؟

---

= اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف والصلحاء الأبرار "فهو منهم": أى في الإثم والخير. قال الطيبي رحمه الله تعالىٰ: هذا عام في الخَلق والخُلق والشعار". (مرقاة المفاتيح: ۱۵۵/۸، كتاب اللباس، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۳۴۷)، رشيديه)

(سنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة: ۵۵۸/۲، دار الحديث ملتان)

(۱) "يحرم على الرجل قطع لحية". (الدرالمختار مع ردالمحتار: ۴۱۸/۲، ۴۰۷/۶، سعيد)

(۲) "وعن النوّاس بن سمعان رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق". (مشكوة المصابيح: ۳۲۱/۲، كتاب الإمارة، الفصل الثاني، قديمي)

## جن اوزاروں سے غیر مسلم کی حجامت بنائی ان سے مسلم کی حجامت بنانا

سوال[۹۴۲۴] : ۲.....اُن اوزاروں سے جن سے غیر مسلم، مشرک کی حجامت بنائی گئی ہو ان سے مسلم کی حجامت بغیر صاف کئے بنا سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

۱.....حجام کے لئے مسلم یا غیر مسلم کی داڑھی مونڈنا درست نہیں (۱)۔

۲.....جس استرے یا قینچی سے غیر مسلم کے سر کے بال مونڈے یا کاٹے ہوں اس پر خون لگا ہوا نہ ہو تو اس سے مسلم کے سر کے بال مونڈنا یا کاٹنا درست ہے، صفائی کرنا یعنی دھونا لازم نہیں (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/ ۸/ ۹۵ھ۔

---

(۱) یہ اعانت علی المعصیت ہے اور اعانت علی المعصیت ناجائز ہے، لقولہ تعالیٰ: ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ (سورة المائدة: ۲)

قال العلامة الآلوسي تحت هذه الآية: "فيعم النهي كل ماهو من مقولة الظلم والمعاصي، ويندرج فيه النهي عن التعاون على الاعتداء والانتقام". (روح المعاني: ۲/ ۵۷ دار إحياء التراث العربي، بيروت)

"﴿ولاتعاونوا على الإثم﴾ وهو الذنب والمعصية، وهي كل مامنعه الشرع، أو حاك في الصدر وكرهت أن يطلع عليه الناس، ولا تتعاونوا على التعدى على حقوق الغير. والإثم والعدوان يشمل كل الجرائم التي يأثم فاعلها، ومجاوزة حدود الله بالاعتداء على القوم: ﴿واتقوا الله﴾ بفعل ماأمركم به واجتناب مانهاكم عنه". (التفسير المنير: ۵/ ۲۹، بيروت)

(۲) قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "ويطهر صقيلٌ لامسام له كمرآة وظفر وعظم وزجاج وآنية مدهونة أو خراطي وصفائح فضة غير منقوشة بمسح يزول به أثرها مطلقاً، به يفتى". (الدرالمختار).

قال العلامة الشامي رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: بمسح) متعلق بيطهر، وإنما اكتفى بالمسح؛ لأن أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم كانوا يقتلون الكفار بسيوفهم، ثم يمسحونها ويصلون معها، ولأنه لاتتداخله النجاسة، وما على ظهره يزول بالمسح، بحر". (ردالمحتار: ۱/ ۳۱۰ باب الأنجاس، سعيد)

(وكذا في التاتارخانية ۱/ ۳۱۵ كتاب الطهارة، باب تطهير الأنجاس، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا في البحر الرائق: ۱/ ۳۹۱ كتاب الطهارة، باب الأنجاس، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر: ۱/ ۵۹، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، دارإحياء التراث العربي بيروت)

# الفصل الثانی فی الشّعر

## (بالوں کا بیان)

### بال رکھنا افضل ہے یا منڈ وانا؟

سوال[۹۴۲۵] : سر پر بال رکھنا افضل ہے یا منڈ وانا؟ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حج کے علاوہ بھی بال منڈ وانا ثابت ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً:

عام عادت مبارکہ بال رکھنے کی تھی، منڈ وانا بہت کم ثابت ہے، بعض صحابہ ہمیشہ منڈاتے تھے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

---

(۱) قال الملا علی القاری رحمه الله تحت حديث: "أو اتركوا كله" "فيه إشارة إلى أن الحلق فى غير الحج والعمرة جائز، وأن الرجل مخيرٌ بين الحلق وتركه، لكن الأفضل أن لا يحلق إلا فى أحد النسكين كما كان عليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مع أصحابه رضى الله تعالىٰ عنهم، وانفرد منهم عليٌّ كرم الله وجهه". (مرقاة المفاتيح: ۸/۲۱۶، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۴۴۲۷)، رشيديه)

"وإنما حلق رؤوسهم مع أن إبقاء الشعر أفضل". (مرقاة المفاتيح: ۸/۲۴۲، رشيديه)

"وأخرج الإمام أبو داؤد رحمه الله تعالىٰ عن على رضى الله تعالىٰ عنه، أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "من ترك موضع شعرة من جنابة لم يغسلها، فعل بها كذا وكذا من النار". قال على رضى الله تعالىٰ عنه: فمن ثم عاديتُ رأسي، فمن ثم عاديت رأسي، فمن ثم عاديت رأسي. وكان يجز شعره -رضى الله تعالىٰ عنه-".

قال العلامة السهارنفورى رحمه الله تعالىٰ: "وبهذا الحديث استدل الطيبى على سنية حلق =

= الرأس لتقريره صلى الله عليه وسلم، ولأنه من الخلفاء الراشدين الذين أمرنا بمتابعة سنتهم وردّ عليه القاری وابن حجر، فقالا: إن فعله رضی الله تعالیٰ عنه إذا كان مخالفاً لسنته عليه الصلاة والسلام وبقية الخلفاء، يكون رخصةً لاسنةً". (بذل المجهود: ۱/۱۵۲، كتاب الطهارة، باب فی الغسل من الجنابة، إمداديه ملتان)

وقال الشامی رحمه الله تعالیٰ: "وفی الروضة للزندويستی: أن السنة فی شعر الرأس إما الفرق أو الحلق. وذكر الطحاوی: أن الحلق سنة، ونسب ذلک إلى العلماء الثلاثة". (ردالمحتار: ۴۰۷/۶، فصل فی البيع، كتاب الحظر والإباحة، سعيد)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية: ۳۵۷/۵، الباب التاسع عشر فی الختان، رشيديه)

(وكذا فی إمداد الفتاویٰ، كتاب الحظر والإباحة، بالوں کے حلق وقصر اور خضاب وغیرہ کے احکام، سر کے بال کٹوانا: ۲۲۳/۴، مکتبہ دار العلوم کراچی)

(وكذا فی أحسن الفتاویٰ، كتاب الحظر والإباحة، بالوں کے احکام، سر کے بالوں کی جائز وناجائز صورتوں کی تفصیل: ۸۱/۸، سعید)

چونکہ آج کل فساد کا دور ہے اس لئے بچوں کے لئے بال حلق کرنا ضروری ہے، چنانچہ ابوداؤد میں ہے:

"عن عبد الله بن جعفر رضی الله تعالى عنهما أن النبی صلی الله عليه وسلم أمهل آل جعفر ثلاثاً، ثم أتاهم فقال: "لاتبكوا على أخی بعد اليوم" ثم قال: "ادعوا لی بنی، أخی، فجئ بنا كانا أفرخ، فقال: "ادعوا لی الحلاق". فأمره فحلق رؤوسنا". (سنن أبی داؤد: ۵۷۷/۲، كتاب الترجل، باب حلق الرأس، دار الحديث ملتان)

قال العلامة خليل أحمد السهارنفوری رحمه الله تعالیٰ: "وفيه أن الكبير من أقارب الأطفال يتولى أمرهم وينظر فی مصالحهم من حلق الرأس وغيره". (بذل المجهود فی حل أبی داؤد، كتاب الترجل، باب فی حلق الرأس: ۷۷/۵، معهد الخليل الإسلامی كراچی)

"حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے منقول ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سر مونڈنے والے کو بلایا اور حکم فرمایا کہ ہمارا سر مونڈ دے۔ (ابوداؤد: ۵۷۷، نسائی: ۲۹۱)

فائدہ: اس سے معلوم ہوا کہ بچوں کے سر میں بال بہتر نہیں، اس کو مونڈنا بہتر ہے۔ بچوں کے سر میں بال رکھنا اور اسے =

## سر پر بال (پٹھے) رکھنا

سوال[۹۴۲۶]: پٹھے یعنی سر پر بال رکھنا کیسا ہے یعنی جائز یا سنت یا ناجائز، اور سب کے لئے یکساں حکم ہے یا کچھ تفصیل ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

سر پر بال رکھنا کانوں کی لوتک، یا اس سے نیچے، یا شانے تک جائز اور سنت ہے (۱)، مگر آج کل جو بال رکھے جاتے ہیں وہ اول تو اس نیت سے نہیں رکھے جاتے اگر نیت بھی ہو تو پھر جس طرز سے رکھے جاتے ہیں وہ طرز ثابت نہیں۔ سیدھی مانگ بیچ میں نہیں نکالی جاتی، ٹیڑھی مانگ نکالی جاتی ہے، یہ سب فیشن متغربین کا ہے۔

اَمارد اور ایسے نوجوان جو سر پر بال رکھتے ہیں اس میں اَور فتنہ کا اندیشہ ہے جس کا علم اور مشاہدہ ہر ذی بصیرت کو ہے، اس لئے ان کو اس فیشن سے ضرور روکا جائے گا (۲):

---

= جھاڑنا جیسا کہ غیر مسلموں کا دیکھی دیکھی مسلمانوں میں رائج ہے؟ درست نہیں، اسلامی شعائر کے خلاف ہے نصاب الاحتساب میں ہے کہ: بچوں کے سر پر بڑے بالوں کا رکھنا حرام ہے"۔ (بحواله شمائل كبرى، بالوں کے سلسلے میں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پاکیزہ عادات کا بیان، بچوں کے بال مونڈنا سنت ہے: ۱/ ۴۹۴، زمزم پبلشرز)

(۱) پٹھے رکھنے کی تین قسمیں ہیں: وفرہ: کانوں کی لوتک۔ لمّہ: کانوں کی لو اور کندھوں کے درمیان تک۔ اور جمّہ: کندھوں تک۔ پہلی صورت افضل ہے:

"عن أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: كان شعر رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أى واصلاً أو منتهياً إلى نصف أذنيه .......... وكان له: أى لرأسه الشريف شعر: أى نازل فوق الجمة، بضم الجيم وتشديد الميم ماسقط على المنكبين ودون الوفرة". (جمع الوسائل فى شرح الشمائل ۱/ ۹۰، ۹۲، باب شعر رسول عليه السلام، اداره تاليفات اشرفيه ملتان)

(وأحسن الفتاوىٰ: ۸/ ۸۱، كتاب الحظر والإباحة، عنوان: "بالوں کے احکام، سر کے بالوں کی جائز وناجائز صورتوں کی تفصیل"، سعيد)

(۲) کیونکہ اس میں غلبۂ فساد کا اندیشہ ہے: "عن عبد الله بن جعفر رضى الله تعالىٰ عنهما أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أمهل آل جعفر ثلاثاً أن يأتيهم، ثم أتاهم، فقال: "لا تبكوا على أخى بعد اليوم". ثم قال: "ادعوا لى بنى أخى". فجئى بنا كأنا أفرخ، فقال: "ادعوا لى الحلاق". فأمره فحلق رؤوسنا". (سنن أبى =

"عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: كان النبي صلى الله تعالیٰ عليه وسلم يحبّ موافقة أهل الكتاب في مالم يؤمر فيه، وكان أهل الكتاب يسدلون أشعارهم، وكان المشركون يفرّقون رؤوسهم، فسدل النبي صلى الله تعالیٰ عليه وسلم ناصيته، ثم فرق بعدُ". رواه البخاري ومسلم"(۱)۔

اس روایت سے سر کے بالوں کا حال معلوم ہوگیا ہوگا کہ آپ کفار کے طریقہ کو پسند نہیں فرماتے تھے، لیکن ہم لوگ آج رفتار وگفتار ہر چیز میں انہیں کے طریقوں کو اختیار کرتے ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

"من تشبه بقوم فهو منهم". رواه أبوداؤد وأحمد". مشكوٰة شريف، ص: ۳۷۵(۲)۔

واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

---

= داؤد: ۵۷۷/۲، كتاب الرجل، بال حلق الرأس، دار الحديث، ملتان)

(۱) (الصحيح لمسلم، كتاب الفضائل، باب صفة شعره صلى الله تعالیٰ عليه وسلم وصفاته وحليته: ۲۵۷/۲، سعيد)

(وفي صحيح البخاري، كتاب اللباس، باب الفرق: ۸۷۷/۲، قديمي)

(۲) (مشكوٰة المصابيح: ۳۸۰/۲، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، قديمي)

قال القاري رحمه الله تعالیٰ: "وكان أهل الكتاب: أي اليهود والنصارى يسدلون .......... أشعارهم، والمراد هنا إرسال الشعر حول الرأس من غير أن يقسم نصفين: نصفٌ من جانب يمينه ونحو صدره، ونصفٌ من جانب يساره كذلك. وقيل: سدل الشعر إذا أرسله ولم يضم جوانبه. وفي شرح مسلم للنووي: قال العلماء: المراد إرساله على الجبين واتخاذه كالقصة، والفرق فرق الشعر بعضه من بعض. وقيل: السدل أن يرسل الشخص شعره من ورائه، ولا يجعله فرقتين.

والفرق أن يجعله فرقتين كل فرقه ذؤابه، وهو المناسب لقوله: وكان المشركون يفرقون -بكسر الراء ويضم- وروي من التفريق رؤوسهم: أي شعر رؤوسهم بعضها من بعض، ويكشفونها عن جبينهم. قال العسقلاني: الفرق قسمة الشعر، والمفرق وسط الرأس، وأصله من الفرق بين الشيئين "فسدل النبي صلى الله عليه وسلم" ناصيته": أي حين قدم المدينة، ثم فرق .......... رأسه: أي شعره "بعد": بضم الدال: أي بعد ذلك من الزمان. قال ابن الملك: لأن جبريل عليه الصلاة والسلام أتاه وأمره بالفرق ففرق المسلمون رؤوسهم. .......... =

## سر کے بالوں کی تفصیل

سوال[۹۴۲۷]: سر پر بال رکھنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟ زلف رکھنا سنت ہے یا منڈوانا؟ بعض لوگ استرے سے منڈاتے ہیں، بعض لوگ مشین سے کتراتے ہیں، بعض لوگ چھوٹے بڑے بال (انگریزی بال) رکھتے ہیں۔ اس میں کون سا طریقہ درست ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

عام طور پر عرب میں بال رکھنے کا دستور تھا، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بال رکھتے تھے(۱)۔ احرام سے حلال ہوتے وقت منڈانا بھی ثابت ہے، اور ایسے وقت میں منڈانے کو ترشوانے پر ترجیح دی ہے(۲)۔ کچھ منڈانا کچھ باقی رکھنا منع ہے، منڈوائے تو تمام منڈوائے، رکھے تو تمام رکھے۔ زیادہ بڑے ہوجائیں اور منڈوانا نہ چاہے تو یہ بھی درست ہے کہ چھوٹے چھوٹے کرادے(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۷/۴/۲۶ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۷/۴/۲۶ھ۔

---

= قال النووي: واختلفوا في تأويل موافقة أهل الكتاب فيما لم ينزل عليه فيه شيء، فقيل: فعله إئتلافاً لهم في أول الإسلام، وموافقةً لهم على مخالفة عَبَدة الأصنام، فلما أغناه الله تعالىٰ عن ذلك وأظهر الإسلام على الدين كله، خالفهم في أمورٍ منها". (مرقاة المفاتيح: ۸/۲۱۴، ۲۱۵، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۴۴۲۵)، رشيديه)

(۱) "عن أنس بن مالك رضي الله تعالىٰ عنه قال: كان شعر رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أي واصلاً أو منتهياً إلى نصف أذنيه .......... وكان له: أي لرأسه الشريف شعر: أي نازل فوق الجمّة ودون الوفرة .......... وكانت جهّته تضرب شحمة أذنية .......... كان يبلغ شعره شحمة أذنيه". (جمع الوسائل في شرح الشمائل: ۱/۹۰-۹۴، اداره تاليفات اشرفيه ملتان)

"وعن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما: أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم رآى صبياً قد حلق بعض رأسه وترك بعضه، فنهاهم عن ذلك، وقال: "احلقوا كله أو اتركوا كله". (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، باب الترجل، ص: ۳۸۰، قديمي)

(۲) تقدم تخريجه تحت عنوان: "بال رکھنا افضل ہے یا منڈوانا"

(۳) "ويكره القزع، وهو أن يحلق البعض ويترك البعض قطعاً مقدار ثلاثة أصابع، كذا في الغرائب". =

## بالوں میں کفار کی مشابہت

سوال[۹۴۲۸] : ماالحکم عن الشعر الذی یقطع خلف الرأس فقط کما یفعل الکفار، هل هو جائز أم لا، أم حرام؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ما[موصولة] کان شعار الکفار، فإن کان شعاراً مذهبیاً، فهو حرام علی المسلمین. وإن کان شعاراً قومیاً، فهو مکروه". (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۶/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین، دارالعلوم دیوبند۔

## انگریزی بال

سوال[۹۴۲۹] : کیا انگریزی بال رکھنے والوں پر اس حدیث کا اطلاق ہوتا ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ جو شخص جس قوم کی مشابہت اختیار کرے گا، اس کا حشر اسی قوم کے ساتھ ہوگا؟ اگر ہوتا ہے تو کیا انگریزی بال رکھنے والا ہر وقت گناہ میں مبتلا رہتا ہے، یا صرف ایک گناہ میں کہ انگریزی بال رکھے ہیں؟

---

= (ردالمحتار، فصل فی البیع من کتاب الحظر والإباحة: ۶/ ۴۰۷، سعید)

(۱) "وعنه (ابن عمر رضی اللہ تعالی عنهما) قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۵، قدیمی)

"من شبّه نفسه بالکفار مثلاً فی اللباس وغیره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف والصلحاء الأبرار "فهو منهم": أی فی الإثم والخیر ......... قال الطیبی: هذا عام فی الخَلق والخُلق والشعار ولما کان الشعار أظهر فی الشبه ذکر فی هذا الباب. قلت: بل الشعار هو المراد بالتشبه، لاغیر". (مرقاة المفاتیح: ۸/ ۱۵۵، کتاب اللباس، الفصل الثانی، (رقم الحدیث: ۴۳۴۷)، رشیدیه)

"وکراهة التشبه بأهل البدع مقررة عندنا". (ردالمحتار، کتاب الخنثی، مسائل شتی: ۶/ ۷۵۳، سعید)

الجواب حامداًومصلیاً:

اس میں بھی کراہت ہے جومستر ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ،دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح بندہ نظام الدین عفی عنہ،دارالعلوم دیوبند۔

## انگریزی بال رکھنا

سوال[۹۴۳۰]: انگریزی بال رکھنے کا کیاحکم ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

انگریزی بال بناء برتشبہ مکروہ ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودگنگوہی عفااللہ عنہ۔

## انگریزی بال کوسنتی بال بنانا

سوال[۹۴۳۱]: انگریزی بال کوسُنّتی بال میں تبدیل کرنے میں کوئی قباحت تونہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

بہتر یہ ہے کہ انگریزی بال منڈادیئے جائیں(۳)،اس کے بعدسنت کے مطابق رکھے جائیں تاکہ

---

(۱) "وعنه (ابن عمر رضی الله تعالی عنهما) قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۵، قدیمی)

"من شبّه نفسه بالكفار مثلاً في الباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف والصلحاء الأبرار "فهو منهم": أى في الإثم والخير .......... قال الطيبى: هذا عام فى الخَلق والخُلق والشعار ولما كان الشعار أظهر في الشبه ذكر في هذا الباب. قلت: بل الشعار هو المراد بالتشبه، لاغير". (مرقاة المفاتيح: ۱۵۵/۸، كتاب اللباس، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۳۴۷)، رشيديه)

"وكراهة التشبه بأهل البدع مقررة عندنا". (ردالمحتار، كتاب الخنثى، مسائل شتى: ۷۵۳/۶، سعيد)

(۲) (راجع رقم الحاشية: ۱)

(۳) "عن أبى الحوراء السعدى قال: قلت لحسن بن على رضى اللهتعالىٰ عنهما: ماحفظت من رسول الله =

کامل تبدیل ہوجائیں، گوبغیر منڈائے بھی درست ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

## عورتوں کا بالوں کی مینڈھیاں گوندھ کر کلپ لگانا

سوال[۹۴۳۲]: سر کے بالوں کو ایک چوٹی گوندھنا، کلپ لگانا کہاں تک جائز ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

کلپ تو میں سمجھا نہیں کیا چیز ہے۔ ہاں! سر کے بالوں کی مینڈھیاں جن کو عربی میں ضفائر کہتے ہیں گوندھنا سنت ہے جیسے کہ صحیح مسلم میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے:

"عن أم سلمة رضی اللّٰه تعالیٰ عنها قالت: قلت: یا رسول اللّٰه! إنی امرأة أشد ضفراً أفأنقضه لغسل الجنابة؟ فقال: "لا، إنما یکفیك أن تحثی علی رأسك ثلث حثیات، ثم تفیضین علیك الماء فتطهرین" اهـ". شامی: ۱/۱۵۸(۱)۔ نیز مجمع البحار: ۱/۲۹۲ میں تفیض کے

= صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ؟ قال: حفظت من رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "دع مایریبک إلی مالایریبک". جامع الترمذی، أبواب صفة القیامة، قبیل أبواب صفة الجنة: ۲/۷۸، سعید)

"وفی الروضة للزندویستی: أن السنة فی شعر الرأس إما الفرق أو الحلق، وذکر الطحاوی: أن الحلق سنة، ونسب ذلک إلی العلماء الثلاثة .......... ویرسل شعره من غیر أن یفتله، وإن فتله فذلک مکروه؛ لأنه یصیر مشبهاً ببعض الکفرة والمجوس فی دیارنا یرسلون الشعر من غیر فتل، ولکن لا یحلقون وسط الرأس بل یجزون الناصیة، تاتر خانیه". (ردالمحتار: ۶/۴۰۷، فصل فی البیع، کتاب الخطر والإباحة، سعید)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی الدرالمختار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع: ۴/۲۰۳، دارالمعرفة بیروت)

(۱) (ردالمحتار: ۱/۱۵۳، کتاب الطهارة، مطلب: أبحاث الغسل، سعید)

والحدیث رواه مسلم فی صحیحه، فلیراجع: (الصحیح لمسلم: ۱/۱۴۹، ۱۵۰، کتاب الطهارة، باب حکم ضفائر المغتسله، قدیمی)

متعلق لکھا ہے کہ:"فی غیر الإحرام مندوب، اھ"(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ۔

## نائلون کی چوٹی کا استعمال

سوال[۹۴۳۳]: نائلون کے بالوں کی چوٹیاں استعمال کرنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ان بالوں کو اس طرح سر کے بالوں سے ملالینا جس سے دیکھنے پر اصل بال سر کے معلوم ہوں، یہ خداع ہے، درست نہیں:"لعن اللّٰہ الواصلة والمستوصلة". رواہ البخاری(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۴/۸۹ھ۔

## عورتوں کا دو چوٹی رکھنا، سرخی پوڈر استعمال کرنا

سوال[۹۴۳۴]: مسلمان خواتین جو دو چوٹیاں آج کل عام طور سے باندھ رہی ہیں، اور یہ عمل فیشن میں داخل ہوگیا ہے، لہٰذا شرعاً یہ عورتوں کا فعل جائز ہے یا نہیں؟ اور اس سلسلہ میں سرخی پوڈر اور اسی قسم کی زیبائش کرنا کہاں تک درست ہے، اور عورتوں کو ننگے سر رہنا کیسا ہے؟

حاجی عبدالرزاق، اونچی سڑک کانپور۔

---

(۱) لم أطلع علیه

(۲) (صحیح البخاری: ۲/۸۷۸، کتاب اللباس، باب الوصل فی الشعر، قدیمی)

"الواصلة: أی التی توصل شعرها بشعر آخر زوراً، وهی أعم من أن تفعل بنفسها أو تأمر غیرها بأن یفعله. "والمستوصلة": أی التی تطلب هذا الفعل من غیرها، وتأمر مَن یفعل بها ذلک، وهی تعم الرجال والمرأة ......... قال النووی رحمه الله تعالیٰ: الأحادیث صریحة فی تحریم الوصل مطلقاً، وهو الظاهر المختار، وقد فصل أصحابنا فقالوا: إن وصلت بشعر آدمی، فهو حرام بلا خلاف؛ لأنه یحرم الانتفاع بشعر الآدمی وسائر أجزائه لکرامته. وأما الشعر الطاهر من غیر الآدمی، فإن لم یکن لها زوج ولا سید، فهو حرام أیضاً ......... وقال مالک والطبری: والأکثرون علی أن الوصل ممنوع بکل شئ: شعرٍ أو صوفٍ أو خرق أو غیرها، واحتجوا بالأحادیث". (مرقاة المفاتیح، کتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، (رقم الحدیث: ۴۴۳۰): ۸/۲۱۷، ۲۱۸، رشیدیه)

الجواب حامداًومصلیاً:

جو چیز کفار یا فساق کا شعار ہو اس کو اختیار کرنا گناہ ہے(۱)۔عورتوں کو سر کی حفاظت لازم ہے، نامحرم کے سامنے سر یا بال کھولنا درست نہیں، فیشن کے ساتھ بناؤ سنگار کر کے نکلنا زنا کی دعوت دینا ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

## بالوں میں پن لگانا

سوال[۹۴۳۵]: کیا سر کے بالوں کو روکنے کے لئے عورتیں ولڑکیاں بال پن لگا سکتی ہیں یا نہیں؟

---

(۱) "عنه (ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما) قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (مشکوٰة المصابیح: ۳۷۵/۲، کتاب اللباس، الفصل الثانی، قدیمی)

"أی من شبّه نفسه بالکفار مثلاً فی اللباس وغیره". (مرقاة المفاتیح: ۱۵۵/۸، کتاب اللباس، الفصل الثانی، (رقم الحدیث: ۴۳۴۷)، رشیدیه)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿یأیها النبی قل لأزواجک وبنٰتک ونساء المؤمنین یدنین علیهن من جلابیبهن﴾ (الآیة) (سورة الأحزاب: ۵۹)

قال العلامة الجصاص رحمه الله تعالیٰ: "تقنّع عبیدة وأخرج إحدی عینیه ............ اهـ". وقال ابن عباس ومجاهد رضی الله تعالیٰ عنهم: تغطی الحرة إذا خرجت جبینها ورأسها خلاف حال الإماء ............ وفیها دلالة علیٰ أن الأمة لیس علیها ستر وجهها وشعرها؛ لأن قوله تعالیٰ: ﴿ونساء المؤمنین﴾ ظاهره أنه أراد الحرائر، وکذا روی فی التفسیر، لئلا یکن مثل الإماء اللاتی هن غیر مأمورات بستر الرأس والوجه، فجعل الستر فرقاً یُعرف به الحرائر من الإماء. وقد روی عن عمر رضی الله تعالیٰ عنه أنه کان یضرب الإماء، ویقول: اکشفن رؤوسکن ولا تشبهن بالحرائر". (أحکام القرآن للجصاص: ۵۴۲/۳، قدیمی)

(وکذا فی روح المعانی: ۸۹/۲۲، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر یہ کفار وفساق کا شعار نہیں تو گنجائش ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۵/۹/۶ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۵/۹/۶ھ۔

## کلپ کا استعمال

سوال[۹۴۳۶]: کلپ ایک زیور ہوتا ہے جس کو عورتیں سر کے بالوں میں لگاتی ہیں۔ان کا استعمال جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

کلپ بالوں میں لگانا عورتوں کے لئے جائز ہے، بشرطیکہ وہ ناپاک نہ ہو اور کفار یا فساق کا شعار نہ ہو کہ اصل جواز ہے، اور ممانعت وجوہ مذکورہ پر ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱/۳ھ۔

## ابروؤں کے درمیان بالوں کا حکم

سوال[۹۴۳۷]: بال دونوں ابروؤں کے درمیان کے کٹانا یا منڈانا جائز ہے یا رکھنا؟

ریاض الحق کلیانوی۔

---

(۱) "الأصل في الأشياء الإباحة". (الأشباه والنظائر، القاعدة الثالثة، اليقين لايزول بالشک، (رقم القاعدة: ۴۴۰): ۱/۲۰۹، إدارة القرآن کراچی)

(۲) "الأصل في الأشياء الإباحة عند بعض الحنفية، ومنهم الكرخي رحمه الله تعالىٰ، وقال بعض أصحاب الحديث: الأصل فيها الحظر، وقال بعض أصحابنا: الأصل فيها التوقف بمعنى أنه لابدلها من حكم، لكنا لم نقف عليه بالفعل، انتهى. وفي الهداية من فصل الحداد: أن الإباحة أصل، انتهى". (الأشباه والنظائر، القاعدة الثالثة: اليقين لايزول بالشک، (رقم القاعدة: ۴۴۰): ۱/۲۰۹، إدارة القرآن کراچی)

الجواب حامداً ومصلیاً:

دونوں ابروؤں کے درمیان بال منڈانا، یا کتروانا بغرضِ حصولِ زینت جائز نہیں، کذا نقل فی نور الضحیٰ، ص: ٤٤، عن غایة التوضیح(۱)۔ فقط۔

محمود گنگوہی، ۱۳/۳/۵۳ھ۔

صحیح: عبداللطیف عفااللہ عنہ، ۲۶/ ربیع الأول/۵۳ھ۔

## رخسار اور حلق کے بالوں کا حکم اور ڈاڑھی کی مقدار

سوال[۹۴۳۸]: رخسار وحلق کے بال چنوانا یا منڈانے جائز ہیں یا نہیں؟ بعض آدمی کہتے ہیں کہ یہ ڈاڑھی میں داخل نہیں، نیز ان کا یہ بھی قول ہے کہ ڈاڑھی مطلقاً نہ کٹانا چاہئے، کیونکہ ''اعفاء'' مطلق ہے۔ لہٰذا ایسی حدیث بیان فرماویں جس سے مشت سے زائد کا کٹانا واجب یا مسنون ہونا ثابت ہو اور حدیث بھی قوی ہو جیسے اعفاء والی۔ بینوا توجروا۔

المستفتی: مولوی میاں احمد، مدرس گوگیرہ ضلع منٹگمری۔

الجواب حامداًومصلیاً:

رخسار اور حلق کے بالوں کا چنوانا اور منڈانا شرعاً درست ہے، نہ منڈوانا بہتر ہے:

"ولا يحلق شعر حلقه، وعن أبي يوسف رحمه الله تعالىٰ: لابأس بذلك، ولا بأس بأخذ الحاجبين وشعر وجهه مالم يتشبه بالمخنثين، اهـ". عالم گیری: ۳۵۸/۵(۲)۔

---

(۱) لم أجد

(۲) (الفتاویٰ العالمكيرية: ۳۵۸/۵، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر فى الختان والخصاء وقلم الأظفار، وقص الشارب وحلق الرأس، رشيديه)

(وكذا فى ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى النظر والمس: ۳۷۳/۶، سعيد)

(وكذا فى الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى البيع: ۴۰۷/۶، سعيد)

(وكذا فى مرقاة المفاتيح: ۲۰۹/۸، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۴۴۲۰)، رشيديه)

حدیثِ اعفاء کے راوی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا خود عمل امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب الآثار، ص: ۱۲۷، میں یہ نقل کیا ہے:

"عن ابن عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما أنه كان يقبض على لحيته، ثم يقص ما تحت القبضة". قال محمد: وبه نأخذ، وهو قول أبي حنيفة رحمه اللّٰه تعالیٰ، اه"(۱)۔

اسی وجہ سے عالم گیری: ۳۵۱/۵(۲)، طحطاوی، ص: ۲۸۷(۳) بذل المجهود شرح ابی داؤد: ۷۹/۲(٤) میں ڈاڑھی کی مسنون مقدار ایک قبضہ تحریر کی ہے، وبسط المسئلة فی رد المحتار: ۱۷٤/۲ فی مفسدات الصوم(۵)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/صفر/۶۳ھ۔

---

(۱) (كتاب الآثار، ص: ۱۹۸، باب حف الشعر من الوجه، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا في البحر الرائق: ۱۹/۳، كتاب الحج، باب الجنايات، رشيديه)

(وكذا في تبيين الحقائق: ۱۸۶/۲، كتاب الصوم، باب ما يفسد وما لا يفسد، دار الكتب العلمية بيروت)

(وكذا في حاشية الشلبي على هامش تبيين الحقائق: ۱۸۶/۲، دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) "والقص سنة فيها، وهو أن يقبض الرجل لحيته، فإن زاد منها على قبضته، قطعه، كذا ذكر محمد رحمه الله". (الفتاوىٰ العالمكيريه، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر: في الختان والخصاء وقلم الأظفار وقص الشارب وحلق الرأس: ۳۵۸/۵، رشيديه)

(۳) "تطويل اللحية إذا كانت بقدر المسنون، وهو القبضة". (حاشية طحطاوی على مراقی الفلاح، ص: ۶۸۱، فصل فيما يكره للصائم، قديمی)

(۴) "والسنة فيها القبضة". (بذل المجهود: ۳۳/۱، كتاب الطهارة، باب السواك من الفطرة، إمداديه ملتان)

(۵) "فإذا زاد على القبضة شئ، جزّه، كما في المنية. وهو سنة كما في المبتغی، وفي المجتبى والينابيع وغيرها ...... اهـ". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۴۰۷/۶، سعيد)

(وكذا في فتح القدير: ۳۴۷/۲، باب ما يفسد ولا يفسد، كتاب الصوم، مصطفىٰ البابي الحلبي مصر)

## بغل کے بال

سوال[۹۴۳۹]: اگر چالیس دن بغل کے بال نہ بنوائیں تو کیا حکم ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اس میں کراہت ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

## ٹانگوں کے بال کاٹنا

سوال[۹۴۴۰]: کیا مرد اور عورتیں اپنی ٹانگوں کے بال ٹخنوں تک منڈوا سکتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسا کرنا بہتر نہیں، مگر حرام بھی نہیں(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۴/۹۰ھ۔

---

(۱) "عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنه، قال: وقّت لنا فی قص الشارب وتقلیم الأظفار ونتف الإبط وحلق العانة أن لا نترک أکثر من أربعین لیلةً". (الصحیح لمسلم: ۱۲۹/۱، کتاب الطهارة، باب خصال الفطرة، قدیمی)

"والمعنی أن لا نترک ترکاً یجاوز أربعین، لا أنه وقّت لهم الترک أربعین". (مرقاة المفاتیح: ۲۱۲/۸، کتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، (رقم الحدیث: ۴۴۲۲)، رشیدیه)

(وکذا فی شرح النووی علی الصحیح لمسلم: ۱۲۸/۱، کتاب الطهارة، باب خصال الفطرة، قدیمی)

(وکذا فی بذل المجهود: ۳۳/۱، کتاب الطهارة، باب السواک من الفطرة، إمدادیه ملتان)

(وکذا فی مجمع الأنهر: ۵۵۲/۲، کتاب الکراهیة، فصل فی المتفرقات، دارإحیاء التراث العربی، بیروت)

(وکذا فی سکب الأنهر علی هامش مجمع الأنهر: ۵۵۲/۲، کتاب الکراهیة، فصل فی المتفرقات، دارإحیاء التراث العربی بیروت)

(وکذا فی الدر المختار: ۴۰۷/۶، فصل فی البیع، کتاب الکراهیة، سعید)

(۲) "عن أم سلمة رضی اللہ تعالیٰ عنها: أن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم کان إذا أطلی بدأ بعورته، =

## استرے سے بالوں کی صفائی

سوال[۹۴۴۱]: موئے زیرناف آپ کس چیز سے صاف فرماتے تھے؟ سرین کے بالوں نیز ران وغیرہ کے بالوں کے متعلق آپ کا عمل شریف کیا تھا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

استرے سے موئے زیرناف صاف کرنے کا عام معمول تھا(۱)، بقیہ مواقع مسئولہ میں بالوں کا ہونا منقول نہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## عورت کو استرے سے صفائی کرنا

سوال[۹۴۴۲]: عورت موئے زہار کے لئے استرہ استعمال کرسکتی ہے یا نہیں؟

محمد فاروق،

مقام اتراؤں، ضلع الہ آباد، ۲۸/شوال/۰۷ھ۔

---

= فطلاها بالنورة، وسائر جسده أهله". (سنن ابن ماجة، ص: ۲۶۶، أبواب الأدب، باب الإطلاء بالنورة، مير محمد كتب خانه)

"اس کے علاوہ اور تمام بدن کے بالوں کا مونڈنا، رکھنا دونوں درست ہیں"۔ (بہشتی زیور، بالوں کے متعلق احکام، مسئلہ نمبر: ۱۵، ص: ۸۳۰، دارالاشاعت)

(۱) "حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ نے فتح الباری میں لکھا ہے کہ سنت مرد اور عورت کے حق میں یہ ہے کہ استرہ وغیرہ سے بال صاف کرے۔ علامہ نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بیان کیا ہے کہ مردوں کے حق میں استرہ بہتر ہے اور عورتوں کے حق میں اکھاڑنا"۔ (شمائل کبری، زیرناف بال کے سلسلہ میں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کا بیان، زیرناف بال مونڈنا: ۱/۵۴۷، زمزم پبلشرز کراچی)

"نورہ" بھی استعمال فرماتے تھے: "أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان إذا طلى بدأ بعورته، فطلاها بالنورة". (سنن ابن ماجة، أبواب الأدب، باب الإطلاء بالنورة، ص: ۲۶۶، قديمي)

الجواب حامداًومصلیاً:

کرسکتی ہے،مگرمناسب نہیں(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودعفااللہ عنہ،معین مفتی مدرسہ مظاہرعلوم سہارنپور،۳/ ذیقعدہ/ ۰ ۷ھ۔

## موئے زیرناف کس جگہ سے کاٹے جائیں

سوال[۹۴۴۳]: انسان حد بلوغ تک پہونچنے کے بعدناف کے نیچے جو بال ہوتے ہیں ۴۰/ روز کے بعد کاٹنا (منڈنا) پڑتا ہے،اگر یہ ضروری ہوتو کس جگہ سے لے کرکس جگہ تک کاٹنا ضروری ہے،کاٹنے سے کافی ہوگا یا منڈنا پڑے گا؟ اور یہ فرض ہے یا واجب یا سنت یا مستحب یانفل؟ اگر کوئی نہ کاٹے تو اس کی عبادت قبول ہوگی یا گنہگار رہوگا؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ناف کے نیچے دائیں بائیں جو بال ہوں نیز خصیتین پر جو بال ہوں اور پھر نیچے جو بال ہوں ان سب کو صاف کردینا چاہئے (۲)،خواہ ان کو منڈا جائے، یا کسی دوا سے اڑادیا جائے، یا قینچی سے کتر دیا جائے (۳)،

---

(۱) (تقدم تخریجه تحت المسئلة المتقدمة آنفاً)

(۲) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "الفطرة خمس: الختان، والاستحداد ...... ونتف الإبط". متفق علیه". (مشکوة المصابیح: ۲/ ۳۸۰، کتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، قدیمی)

قال القاری رحمه الله تعالیٰ: "والاستحداد": أی حلق العانة، وهو استفعال من الحدید، وهو استعمال الحدید من نحو الموسی فی حلق العانة ذی الشعر الذی حوالی ذکر الرجل وفرج المرأة، زاد ابن شریح: وحلقة الدبر، فجعل العانة منبت الشعر مطلقاً، والمشهور الأول، فإن أزال شعره بغیر الحدید، لایکون علی وجه السنة ..........اهـ".

"ونتف الإبط": أی نتف شعره .......... قال فی شرح المشارق: المفهوم من حدیث أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه، أن حلق الإبط لیس بسنة، بل السنة نتفه؛ لأن شعره یغلظ بالحلق، ویکون أعون للرائحة الکریهة. قال النووی: النتف أفضل لمن قوی علیه، لما حکی أن الشافعی رحمه الله تعالیٰ کان یحلق إبطه، فقال: علمت أن السنة نتفه، لکن أقوی علی الوجع". (مرقاة المفاتیح، کتاب اللباس، باب=

منڈ نا اعلیٰ بات ہے۔ یہ صفائی ہر ہفتہ جمعہ کے روز مناسب ہے، اس کا موقعہ نہیں تو پندرہ روز میں صفائی کر دی جائے۔۴۰/ روز تک مؤخر نہ کریں، ورنہ کراہت تحریمی کا ارتکاب ہوگا (۱)۔

عبادت جب اپنی شرائط وفرائض کے مطابق ہوگی تو انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔ یہ صفائی ہر ہفتہ سنت ہے، چالیس روز واجب ہے (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۳/۹۶ھ۔

---

= الترجل، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۴۴۲۰): ۲۰۹/۸، ۲۱۰، رشيديه)

(وكذا في شرح النووي على الصحيح لمسلم: ۱۲۸/۱، كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة، قديمى)

(وكذا في الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۴۰۷/۶، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر: ۵۵۶/۲، فصل المتفرقات، كتاب الكراهية، دارإحياء التراث العربى بيروت)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۵۷/۵، ۳۵۸، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر، رشيديه)

(۳) "وفي الإبط يجوز الحلق، والنتف أولىٰ". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۵۸/۵، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار: ۴۰۶/۶، فصل في البيع، كتاب الخطر والإباحة، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر: ۵۵۶/۲، باب المتفرقات، كتاب الكراهية، دارإحياء التراث العربى بيروت)

(۱) "ويستحب حلق عانته وتنظيف بدنه بالاغتسال في كل أسبوع مرةً، والأفضل يوم الجمعة، وجاز في كل خمسة عشرة، وكره تركه وراء الأربعين، مجتبى". (الدرالمختار). قال العلامة الشامي رحمه الله تعالىٰ: "ولا عذر فيما وراء الأربعين، ويستحق الوعيد ...........اهـ". (ردالمحتار: ۴۰۶/۶، ۴۰۷، كتاب الحظر والإباحة، فصل البيع، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر مع سكب الأنهر: ۵۵۶/۲، دارإحياء التراث العربى بيروت)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۵۸/۵، الباب التاسع عشر، رشيديه)

(وكذا في مرقاة المفاتيح: ۲۱۲/۸، باب الترجل، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۴۴۲۲)، رشيديه)

(وكذا في شرح النووي على مسلم: ۱۲۹/۱، كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة، قديمى)

(وكذا في جامع الرموز: ۳۲۸/۳، كتاب الكراهية، المطبعة الكريمية ببلدة قزان)

(وكذا في حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، ص: ۵۲۴، اخر باب الجمعة، قديمى)

(۲) قد مر في الحاشية المتقدمة أنفاً

## موئے زیرناف کو دفن کرنا

سوال[۹۴۴۴]: کیا زیرناف کے بال بنانے کے بعد ان بالوں کو بھی دفن کرنا چاہئے، یا کسی محفوظ جگہ پر ڈالنا چاہئے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

دفن کرنا بہتر ہے، کسی ایسی جگہ ڈالنا بھی درست ہے جہاں نجاست نہ ہو، غسل خانہ یا بیت الخلاء میں نہ ڈالے، طحطاوی، ص: ۲۲۷(۱)، نہ ایسی جگہ ڈالے جہاں کسی کی نظر پڑے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

## موئے زیرِ ناف کاٹنے کی مدت

سوال[۹۴۴۵]: ایک شخص کو حاجت زیرناف بال بنانے کی ہوئی اور اس نے یہ حاجت پوری کی، لیکن اس کی عقل میں یہ نہ آیا کہ یہاں تک کاٹے یعنی کل ادھر سے ادھر تک، نیچے سے اوپر تک، اب کاٹنے میں جان کر یعنی خود مجبور ہو کر نیچے سے کچھ بال دو چار چھوڑ دے یا انجان پنے سے خود بخود چھوٹ گئے، بعد میں دیکھا

---

(۱) "فإذا قلم أظفاره أوجزّ شعره، ينبغي أن يدفن ذلک الظفر والشعر المجزور. فإن رمى به فلا بأس، وإن ألقاه في الكنيف أو في المغتسل، يكره ذلک". (حاشية الطحطاوي على الدر المختار: ۲۰۲/۴، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، دار المعرفة بيروت)

"وإذا حلق شعر بدنه أو قلم أظافيره، ينبغي أن يدفن ذلک الظفر أو الشعر، قال الله تعالىٰ: ﴿ألم نجعل الأرض كفاتاً أحياءً وأمواتاً﴾، وإن رمى به، فلا بأس. وإن ألقاه في الكنيف أو المغتسل، كره ذلک؛ لأنه يورث البرص". (غواص البحرين على هامش جامع الرموز: ۳۲۸/۳، كتاب الكراهية، المطبعة الكريمية ببلدة قزان)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۵۸/۵، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر، رشيديه)

(وكذا في فتاوى قاضيخان على هامش العالمكيرية: ۴۱۱/۳، كتاب الحظر والإباحة، فصل في الختان، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر: ۵۵۲/۲، باب المتفرقات، كتاب الكراهية، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(وكذا في ردالمحتار: ۴۰۵/۶، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

ہوتو پھر کیا کرسکتا ہے جب کہ کاٹ چکا اور پاک وصاف ہو چکا۔ لہٰذا اب یہ بتانا چاہئے کہ آیا پھر کل بال کاٹے یا چھوڑ دے اور چالیس دن کے بعد کاٹے یا چالیسویں دن ضرور کاٹ لے یا نماز واقعی نہیں ہوتی۔

شفیق احمد محلّہ شاہ ولایت سہارنپور۔

**الجواب حامداًومصلیاً:**

مستحب اور افضل یہ ہے کہ ان دو چار بالوں کو بھی صاف کردے۔ افضل یہ ہے کہ ہر ہفتہ بال صاف کرے ورنہ پندرہ روز میں صفائی کرے، چالیس روز تک بال صاف نہ کرنا گناہ ہے، ایسے شخص کی نماز بھی مکروہ ہوتی ہے:

"یستحب أن یقلم أظفاره ویقص شاربه ویحلق عانته وینظف بدنه فی کل أسبوع مرةً، ویوم الجمعة أفضل، ثم فی خمسة عشر یوماً، والزائد علی الأربعین اثم، اه". طحطاوی، ص: ۳۰۴(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۳/۱۱/۵۴ھ۔

صحیح: عبداللطیف الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۲۴/ ذیقعدہ/۵۴ھ۔

## غسل میں گرے ہوئے بالوں کو کیا کیا جائے؟

سوال[۹۴۴۶]: بعض عورتوں میں یہ بات مشہور ہے کہ حالتِ حیض یا جنابت میں جو بال سر کے گر جائیں یا ٹوٹ جائیں اس کو جمع کیا جائے، پھر جب جنابت سے پاک ہونے کا غسل کرتی ہے، اس وقت ان بالوں کو اپنے انگوٹھے میں باندھ کر غسل کرتی ہے، پھر غسل کے بعد ان کو دفنا دیتی ہے۔ کیا اس کی کوئی اصل ہے یا محض واہیات؟

محمد یونس افریقی۔

**الجواب حامداًومصلیاً:**

یہ بات بے اصل اور لغو ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/۸/۹۰ھ۔

الجواب صحیح بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/۸/۹۰ھ۔

---

(۱) (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، ص: ۵۲۴، اخر باب الجمعة، قدیمی)

## موئے زیرِ ناف دوسرے سے صاف کرانا

سوال[۹۴۴۷]: ایک شخص معمر بیمار ہوجاتا ہے، عرصہ ۶، ۷/ ماہ بیمار رہتا ہے، پورا صاحبِ فراش ہے کہ حرکت کی بھی طاقت نہیں، اس کی اہلیہ کو بھی ضعف بصر ہے۔ کیا اس کا بیٹا زیر ناف بال استرے سے صاف کرسکتا ہے یا نہیں؟ فقط۔

الجواب حامداًومصلیاً:

بدرجۂ مجبوری جائز ہے(۱)، مس کرنے اور دیکھنے سے حتی الوسع احتیاط کرے(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، ۱۴/۴/۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور۔

صحیح: عبداللطیف۔

## نابینا موئے زیرِ ناف کس طرح صاف کرے؟

سوال[۹۴۴۸]: نابینا شخص موئے زیر ناف کس طرح صاف کرے گا؟ صابن کے ذریعہ صاف کرسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

صابن کے ذریعہ صفائی کرلینا بھی درست ہے:

"قال في الهندية: ويبتدئ من تحت السرة. ولو عالج بالنورة، يجوز، كذا في الفتاوى".

---

(۱) "إن الضرورات تبيح المحظورات". (الأشباه والنظائر، القاعدة الخامسة الضرر يزال: ۲۵۱/۱، إدارة القرآن كراچى)

(۲) "حلق عانته بيده، وحلق الحجام جائز إن غض بصره، كذا في التتارخانية". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۵۸/۵، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر، رشيديه)

(وكذا في حاشية الطحطاوي على الدر المختار: ۲۰۳/۴، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، دار المعرفة بيروت)

ردالمحتار: ۲٦١/٥ (١)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۵/۱۴۰۱ھ۔

## کٹے ہوئے موئے انسانی کی کھاد اور اس کی تجارت

سوال[۹۴۴۹]: موئے انسانی جو نائی کاٹ کر پھینک دیتا ہے، بطور کھاد کے کھیتوں میں استعمال کرنا اور اس کی تجارت کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جائز نہیں (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/۲/۹٦ھ۔

☆......☆......☆......☆......☆

(۱) (ردالمحتار، فصل في البيع من كتاب الحظر والإباحة: ۴۰۲/٦، سعيد)

(وكذا في الفتاویٰ العالمكيرية، الباب التاسع عشر في الختان والخصاء: ۳۵۸/۵، رشيديه)

(۲) اعضائے انسان محترم ہیں، ان کا استعمال اور بیع وشراء شرعاً ناجائز ہے:

"حرم استعماله، حتى لو طحن عظمه في دقيق، لم يؤكل في الأصح احتراماً". (الدرالمختار).

قال العلامة الشامي رحمه الله تعالىٰ: "وإن حرم استعماله: أي استعمال جلده، أو استعمال الأدمي بمعنى أجزائه ...... (قوله: احتراماً): أي لا نجاسةً". (ردالمحتار: ۲۰۴/۱، كتاب الطهارة، باب المياه، مطلب في أحكام الدباغة، سعيد)

"والانتفاع به لغير ضرورة حرام على الصحيح، شرح الوهبانية". (الدرالمختار: ۲۱۱/۳، كتاب النكاح، باب الرضاع، سعيد)

"وبطل بيع ........... شعر الإنسان لكرامة الآدمي ولو كافراً، ذكره المصنف". (الدرالمختار).

قال العلامة الشامي رحمه الله تعالىٰ قوله: "(ذكره المصنف) حيث قال: والآدمي مكرم شرعاً وإن كان كافراً، فإيراد العقد عليه وابتذاله به وإلحاقه بالجمادات إذلالٌ له، اهـ: أي وهو غير جائز". (ردالمحتار، كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، مطلب: الأولىٰ مكرم شرعاً ولو كافراً: ۵۸/۵، سعيد)

# الفصل الثالث فی تقلیم الأظفار

## (ناخن کاٹنے کا بیان)

### ناخن اور بالوں کو جلانے کا حکم

سوال[۹۴۵۰]: انسان کے ناخن اور بال وغیرہ کو جلانا جائز ہے یا نہیں، اگر جائز نہیں تو شہری عورتوں کے جو بال کنگھی سے نکلتے ہیں ان کو مکانات پختہ ہونے کی وجہ سے دفن نہیں کر سکتیں۔ ان کے لئے کیا صورت ہوگی؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جلانا جائز نہیں، ایسی عورتیں کسی کپڑے یا کاغذ میں لپیٹ کر کہیں ڈال دیں:

"وفی الخانية: ينبغی أن يدفن قلامة ظفره ومحلوق شعره، وإن رماه فلا بأس، وكره إلقائه فی كنيف أو مغتسل؛ لأن ذلك يورث داءً. وروی أن النبی صلی الله عليه وسلم أمر بدفن الشعر والظفر، وقال: "لاتتغلب به سحرة بنی ادم، اه". ولأنهما من أجزاء الآدمی فتحترم، اه".
طحطاوی، ص: ۲۸۷(۱)۔

---

(۱) (حاشية طحطاوی علی مراقی الفلاح، كتاب الصلوة، قبيل باب أحكام العيدين، ص: ۵۲۷، قديمی)

(وكذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الحظر والإباحة، فصل فی الختان: ۳/۴۱۱، رشيديه)

(وكذا فی غواص البحرين علی هامش جامع الرموز، كتاب الكراهية: ۳/۳۲۸، المطبعة الكريمية ببلدة قزان) ..................... =

لیکن بالوں کوٹکڑے ٹکڑے کردے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

= (وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر: ۳۵۸/۵، رشيديه)

(وكذا في حاشية الطحطاوى على الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۲۰۲/۴، دارالمعرفة بيروت)

"فإذا قلم أظفاره أوجز شعره، ينبغي أن يدفن ذلك الظفر والشعر المجزور. فإن رمى به، فلا بأس. وإن ألقاه في الكنيف أو في المغتسل، يكره ذلك". (حاشية الطحطاوى على الدرالمختار: ۲۰۲/۴، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، دارالمعرفة بيروت)

"وإذا حلق شعر بدنه أو قلم أظافيره، ينبغي أن يدفن ذلك الظفر أو الشعر، قال الله تعالىٰ: ﴿ألم نجعل الأرض كفاتاً أحياءً وأمواتاً﴾. وإن رمى به، فلا بأس. وإن ألقاه في الكنيف أو المغتسل، كره ذلك؛ لأنه يورث البرص". (غواص البحرين على هامش جامع الرموز: ۳۲۸/۳، كتاب الكراهية، المطبعة الكريمية ببلدة قزان)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۵۸/۵، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر، رشيديه)

(وكذا في فتاوى قاضيخان على هامش العالمكيرية: ۴۱۱/۳، كتاب الحظر والإباحة، فصل في الختان، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر: ۵۵۲/۲، باب المتفرقات، كتاب الكراهية، دارإحياء التراث العربي بيروت)

(وكذا في ردالمحتار: ۴۰۵/۶، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

# الفصل الرابع فی الخضاب

## (مہندی اور خضاب کا بیان)

### داڑھی یا سر پر خضاب لگانے کا حکم

سوال[۹۴۵۱]: داڑھی یا سر کے بالوں پر مہندی یا دیگر قسم کا خضاب کرنا کیسا ہے، خلفائے راشدین میں سے کسی نے کیا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مہندی کا خضاب سر پر، ڈاڑھی پر مرض کی وجہ سے درست ہے، حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کو مہندی کا خضاب لگانے کا مشورہ دیا تھا(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۵/۱۱/۸۹ھ۔

---

(۱) "عن جابر بن عبدالله رضي الله عنهما: قال أتي بأبي قحافة يوم فتح مكة، ورأسه ولحيته كالثغامة بياضاً، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "غيّروا هذا بشيء، واجتنبوا السواد". (الصحيح لمسلم، كتاب اللباس والزينة، استحباب خضاب الشيب بصفرة وحمرة وتحريمه بالسواد: ۱۹۹/۲، قديمي)

حضرت ابوبکر وعمر اور دیگر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے مہندی لگانا ثابت ہے:

"عن أنس رضي الله تعالىٰ عنه أنه سئل عن خضاب النبي صلى الله عليه وسلم، فذكر أنه لم يخضب، ولكن قد خضب أبوبكر وعمر رضي الله تعالىٰ عنهما". (سنن أبي داؤد: ۵۷۸/۲، كتاب الترجل، باب في الخضاب، دار الحديث ملتان)

"الخضاب أفضل؛ لأن جماعةً من الصحابة رضي الله تعالىٰ عنهم خضبوا، كان أبوبكر رضي الله تعالىٰ عنه يخضب بالحناء، وبعضهم كان يخضب بالزعفران، روى ذلك عن علي رضي الله تعالىٰ عنه. وبعضهم بالسواد، روى عن عثمان والحسن والحسين وعقبة بن عامر وابن سيرين رضي الله تعالىٰ عنهم. ومذهبنا أن الصبغ بالحناء والوسمة حسن، كما في الخانية. قال النووي رحمه الله تعالىٰ: ومذهبنا =

## خضاب کا حکم

سوال[۹۴۵۲]: خضاب لگانا کیسا ہے؟ اگر ناجائز ہے تو بعض اکابرینِ امت ایسا عمل کیوں کرتے ہیں جس سے عوام دلیل پکڑتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سرخ مہندی کا خضاب بلاکراہت درست ہے(۱)، سیاہ خضاب جس سے بالوں کی سیاہی اصلی سیاہی

---

= استحباب خضاب الشيب للرجل والمرأة بصفرة أو حمرة وتحريم خضابه بالسواد على الأصح؛ لقوله عليه الصلوة والسلام: "غيّروا هذا الشيب، واجتنبوا السواد". (حاشية الطحطاوی علی الدرالمختار، كتاب الخنثى، مسائل شتى: ۴/۳۶۳، بیروت)

(۱) قال الشامی رحمه الله تعالىٰ: "أما بالحمرة، فهو سنة الرجال وسيما المسلمين، اهـ". (ردالمحتار: ۶/۷۵۶، كتاب الخنثىٰ، مسائل شتى، سعيد)

"مثله كما ورد في الحديث: عن جابر رضي الله تعالىٰ عنه، قال: أتي بأبي قحافة يوم فتح مكة، ورأسه ولحيته كالثغامة بياضاً، فقال النبي صلى الله عليه وسلم: "غيروا هذا بشيئ، واجتنبوا السواد". رواه مسلم". (مشكوٰة المصابيح، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، ص: ۳۸۰، قديمی)

"قال النووی: في الخضاب أقوال، وأصحها أن خضاب الشيب للرجال والمرأة يستحب، وبالسواد حرام، وقد سبق عن الإمام محمد رحمه الله تعالىٰ أنه قال في موطئه: لانرى بالخضاب بالوسمة والحناء والصفرة بأساً، وإن تركه أبيض فلا بأس به، كل ذلك حسن. وفي الشرعة: الخضاب سنة ثبت قولاً وفعلاً". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۴۴۲۴): ۸/۲۱۳، ۲۱۴، رشيديه)

(وكذا في شرح النووی على صحيح مسلم، كتاب اللباس والزينة، باب استحباب خضاب الشيب بصفرة وحمرة وتحريمه بالسواد: ۲/۱۹۹، قديمی)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/۳۵۹، كتاب الكراهية، الباب العشرون في الزينة، رشيديه)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳/۴۱۲، كتاب الحظر والإباحة، فصل في الختان، رشيديه)

معلوم ہو، مکروہ تحریمی ہے، البتہ مجاہد کو بحالتِ جہاد ارہابِ اعداء کے لئے درست ہے، امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بیوی کے سامنے تزیین کیلئے بھی گنجائش ہے، ممکن ہے کہ سیاہ خضاب کرنے والے حضرات اس قول کی آڑ لیتے ہوں، یا اور کوئی وجہ ہو، وہ خود ہی اپنے فعل کی وجہ بیان کر سکتے ہیں:

"قال في الذخيرة: أما الخضاب بالسواد للغزو ليكون أهيب في عين العدو، فهو محمود بالاتفاق، وإن ليزيّن نفسه للنساء فمكروه، وعليه عامة المشائخ. وبعضهم جوّزه بلا كراهة. روى عن أبي يوسف رحمه الله تعالىٰ أنه قال: كما يعجبني أن تتزين لي، يعجبها أن أتزين لها، اهـ". شامي: ۵/۲۷۱ (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

## مہندی یا خضاب لگانا

سوال [۹۴۵۳]: مرد کو داڑھی میں مہندی یا خضاب یا تلووٴں (۲) میں گرمی دور کرنے کے مہندی لگانا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب حامداً ومصلياً:**

مرد کو داڑھی میں خضاب لگانا، مہندی لگانا شرعاً درست ہے (۳)، ہاتھ پیر میں مہندی لگانا درست نہیں،

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۶/۴۲۲، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/۳۵۹، الباب العشرون في الزينة، رشيديه)

(۲) "تلوے: ایڑی اور پنجے کے بیچ کا حصہ، پاؤں کے نیچے کا حصہ، کفِ پا"۔ (فیروز اللغات، ص: ۳۷۵، فیروز سنز لاہور)

(۳) "عن عثمان بن عبد الله بن موهب قال: دخلت على أم سلمة رضي الله تعالىٰ عنها، فأخرجت إلينا شعراً من شعر النبي صلى الله عليه وسلم مخضوباً". (صحيح البخاري: ۲/۸۷۵، كتاب اللباس، باب مايذكر في الشيب، قديمي)

قال الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "يستحب للرجل خضاب شعره ولحيته". (الدر المختار).
قال العلامة الشامي رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: خضاب شعره ولحيته) لا يديه ورجليه، فإنه مكروه للتشبه بالنساء". (الدر المختار مع رد المحتار: ۶/۴۲۲، فصل في البيع، كتاب الحظر والإباحة، سعيد)
(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/۳۵۹، كتاب الكراهية، الباب العشرون في الزينة ...... رشيديه) =

گرمی دور کرنے کے لئے طبیب سے پوچھ کر کوئی اور چیز لگالے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۸/ ۸۹ھ۔

الجواب صحیح بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۸/ ۸۹ھ۔

= (وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳/ ۴۱۲، كتاب الحظر والإباحة، فصل في الختان، رشيديه)

(۱) بوجۂ مجبوری مرد کے لئے ہاتھ اور پاؤں میں مہندی لگانے کی گنجائش ہے: "ولا ينبغي أن يخضب يدي الصبي الذكر ورجله إلا عندالحاجة". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/ ۳۵۹، كتاب الكراهية، الباب العشرون في الزينة، رشيديه)

"وأما خضب اليدين والرجلين، فيستحب في حق النساء، ويحرم في حق الرجال إلا للتداوي". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الثاني: ۸/ ۲۳۳، (رقم الحديث: ۴۴۵۴)، رشيديه)

# الفصل الخامس فی الختان

## (ختنہ کا بیان)

### ختنہ کی ابتدا، کون سے انبیائے کرام مختون پیدا ہوئے؟

سوال[۹۴۵۴]: ختنہ سنتِ ابراہیمی ہے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام سے شروع ہوا ہے، یا اس سے پہلے سے چلا آرہا ہے، اگر پہلے سے ہے تو کس پیغمبر سے یہ سنت جاری ہوئی؟ اور حضرت آدم علیہ السلام مختون تھے یا نہیں، اسی طرح پر تمام انبیاء علیہم السلام؟ اور اگر تمام انبیاء علیہم السلام تھے تو وہ ید قدرت سے مختون ہی متولد ہوتے تھے یا بعد میں ختنہ کئے گئے؟ اور اگر حضرت ابراہیم علیہ السلام سے مشروع ہوا ہے تو اگلے انبیاء علیہم السلام کی ذوات کے متعلق کیا کہا جائے گا؟ اور خود حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ختنہ کس نے کیا؟ وہ کس نام اور کس قوم کا تھا، اور ان کے زمانہ میں کون قوم یہ کام کرتی تھی؟ اور غسلِ جنابت کی ابتداء کن سے ہوئی؟

ہر سوال کا مفصل جواب بحوالہ کتب معتبرہ تحریر فرمایا جاوے، اگرچہ بعض سوال تاریخ سے تعلق رکھتے ہیں، مگر من وجہٍ شرعی ہونے کی حیثیت سے منصب سے چنداں نازیبا نہیں، بالخصوص جبکہ بعض چیزوں کی ابتداء حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بھی بیان کی ہو، مبرہن بیان فرمایا جائے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

"وقال القرطبي: وفي المؤطأ وغيره: عن يحيىٰ بن سعيد أنه سمع سعيد بن المسيب رحمه الله تعالىٰ يقول: إبراهيم عليه السلام أول من اختتن، الخ". تفسير ابن كثير: ١٦٦/١ (١)-

---

(۱) (تفسیر ابن کثیر: ۱/۲۲۹، (سورة البقرة: ۱۲۴)، مکتبه دار السلام ریاض)

(وکذا فی الجامع لأحکام القرآن للقرطبی: ۲/۶۸، دار الکتب العلمية بيروت)

"أول من ختن إبراهيم عليه السلام، ولم يختتن أحدٌ قبله". (تفسير الخازن ۱/۸۲، حافظ کتب خانہ کوئٹہ)

"إن إبراهيم عليه السلام أول من اختتن وهو ابن عشرين ومأة، واختتن بالقدوم، اه". فتح الباري: ۱۱ /۷٤(۱)۔

"وقد ثبت لإبراهيم عليهم السلام أوليات أخرىٰ كثيرةٌ: منها أنه أول من ضاف الضيف، وقص الشارب، واختتن، ورؤى الشيب وغير ذلك بأدلة في كتابي: إقامة الدلائل على معرفة الأوائل، اه". فتح الباري: ۱/۲۷٦(۲)۔

"إن إبراهيم عليهم السلام أمر أن يختتن وهو حينئذ ابن ثمانين سنةً، فعجّل واختتن بالقدوم فاشتد عليه الوجع، فدعا ربه، فأوحى الله إليه أنك عجلت قبل أن نأمرك بالته. قال: يارب! كرهت أن أؤخّر أمرك. قال الماوردي: القدوم جاء مخففاً ومشدداً، وهو الفأس الذي اختتن به. وذهب غيره إلىٰ أن المراد به مكانٌ يسمىٰ القدوم. وقال أبو عبيد الهروي في الغريبين: يقال: هو كان مقيله، وقيل: اسم قرية بالشام. وقال أبو شامة: هو موضع بالقرب من القرية التي فيها قبره. وقيل: بقرب حلب. وجزم غير واحد أن الآلة بالتخفيف. وصرح ابن السكيت بأنه لا يشدّد. وأثبت بعضهم الوجهين في كل منهما، اه". فتح الباري: ۱۰ /۲۸۸(۳)۔

"وفي الوشاح لابن دريد: قال ابن الكلبي: بلغنا عن كعب الأحبار رضي الله تعالىٰ عنه أنه قال: نجد في بعض كتبنا أن آدم عليه السلام خُلق واثنا عشر نبياً من بعده من وُلده خلقوا مختتنين آخرُهم محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، وشيث، وإدريس، ونوح، وسام، ولوط، ويوسف، وموسى، وسليمان، وشعيب، ويحيىٰ، وهود، وصالح صلى الله تعالىٰ عليهم أجمعين، اه". خصائص كبرىٰ: ۱/۵۳(٤)۔

---

(۱) (فتح الباري: ۱۱/۱۰۴، كتاب الاستيذان، باب الختان بعد الكبر، قديمی)

(۲) (فتح الباري، كتاب أحاديث الأنبياء، باب قول الله تعالىٰ: ﴿واتخذ الله إبراهيم خليلا﴾: ۶/۴۷۱، دارالسلام)

(۳) (فتح الباري: ۱۰/۴۲۰، كتاب اللباس باب قص الشارب، قديمی)

(۴) (الخصائص الكبرىٰ: ۱/۱۳۳، باب الآية في ولادته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مختوناً مقطوع السرة، دارالكتب الحديثة)

"عن أنس بن مالك رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ، عن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم قال: "إنی وُلدت مختوناً ولم یر أحد سوأتی، اھ". دلائل النبوة لأبی نعیم: ۱/۴۶(۱)۔

"للعلماء أقوال فی ختانہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: أحدھا: أنہ ولد مختوناً مسروراً. الثانی: أن الملائکة ختنوہ، فنقل أبو نعیم الأصبھانی بسندہ عن أبی بکرة أن جبرئیل ختن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم حین طھر قلبہ". دلائل النبوة: ۱/۴۶(۲)۔

"ختنہ فی الیوم الذی شق فیہ صدرہ المبارک، وملئ علماً وحکمةً، وذلک خلف خیمة حلیمة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنھا، وکان ختانہ فی الیوم الثالث أن جدہ عبدالمطلب ختنہ فی الیوم السابع، وسماہ وأضاف، اھ". سفر السعادة، ص: ۱۱۰(۳)۔

"عن جابر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ أن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم ختن حسناً وحسیناً لسبعة أیام. قال الولید: فسألت مالکاً عنہ، فقال: لا أدری ولکن الختان طھرة، فکلما قدمھا کان أحب إلیّ. وأخرج البیھقی حدیث جابر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ، وأخرج أیضاً من طریق موسیٰ بن علی عن أبیہ أن إبراھیم علیہ السلام ختن إسحٰق وھو ابن سبعة أیام، اھ". فتح الباری: ۱۰/ ۲۸۹(۴)۔

*عبارتِ بالا سے امورِ ذیل ثابت ہوئے: ختنہ سنتِ ابراہیمی ہے، سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہم*

---

(۱) (دلائل النبوة لأبی نعیم ۱/۱۹۲، ۱۹۳ المکتبة العربیة حلب)

(۲) (دلائل النبوة لأبی نعیم، المصدر السابق)

"قال الحاکم: تواترت الأحادیث أنہ علیہ السلام ولد مختوناً". (ھامش دلائل النبوة، المصدر السابق)

(وکذا فی الخصائص الکبریٰ: ۱/۱۳۲، دارالکتب الحدیثة)

(۳) (سفر السعادة لمجد الدین الفیروز آبادی علی ھامش کشف الغمة عن جمیع الأمة، باب فی عموم أحوالہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم ومعاشہ، فصل فی الفطرة وتوابعھا: ۲/۲۳۶، المطبعة المنیریة بالأزھر)

(۴) (فتح الباری: ۱۰/۴۲۰، ۴۲۱، کتاب اللباس باب قص الشارب، قدیمی)

السلام نے اس کو کیا اور خود اپنے ہاتھ سے کیا، کسی خاص قوم کا پیشہ نہیں تھا۔ حضرت آدم علیہم السلام مختون پیدا ہوئے اور بارہ انبیاء علیہم السلام مختون پیدا ہوئے (۱)۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق تین قول ہیں، صحیح یہ ہے کہ آپ بھی مختون پیدا ہوئے (۲)۔

غسلِ جنابت کا حکم اس امت کے لئے تو ﴿وإن كنتم جنباً فاطهروا﴾ الآية سے ثابت ہے، اس کی ابتداء کہاں سے ہوئی، اس کا ذکر کسی کتاب میں نظر سے نہیں گذرا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۹/۳/۲۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف ۴/ ربیع الثانی/ ۵۹ھ۔

## کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم مختون پیدا ہوئے؟

سوال [۹۴۵۵]: انبیاء میں سے چند پیغمبروں کا مولود مختون ہونا شامی کے پانچویں جز میں صفحہ نمبر: ۴۶۷ پر ہے (۳)، لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مختون مولود ہوئے یا نہیں؟

---

(۱) قال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: "وذكر زين العرب أن أربعة عشر نبياً وُلدوا مختونين: آدم، وشيث، ونوح، وصالح، وشعيب، ويوسف، وموسى، وزكريا، وسليمان، وعيسى، وحنظلة بن صفوان وهو نبي أصحاب الرس، ونبينا محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وعلى سائر الأنبياء والمرسلين. وذكر صاحب الشرعة: أنه قد ولد الأنبياء كلهم مختونين مسرورين: أى مقطوعى السرة كرامةً لهم، لئلا ينظر أحد إلى عوراتهم، إلا إبراهيم عليه الصلاة والسلام، فإنه قد ختن نفسه ليستن بسننه بعدها". (مرقاة المفاتيح: ۲۰۸/۸، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، رشيديه)

(وكذا في الدرالمختار: ۶۵۲/۶، كتاب الخنثىٰ، مسائل شتى، سعيد)

(۲) "وقد اختلف في ختانه صلى الله عليه وسلم على ثلثة أقوال: أحدها: أنه وُلد مختوناً مسروراً، ورُوي في ذلک حديث لايصح، ذكره أبو الفرج ابن الجوزي في الموضوعات، وليس فيه حديث ثابت، وليس هذا من خواصه فإن كثيراً من الناس يولد مختوناً، والناس يقولون لمن ولد كذلک: ختنه القمر، وهذا من خرافاتهم، القول الثاني: أنه ختن صلى الله عليه وسلم يوم شق قلبه الملائكة عند ظئره حليمة، (لكن قال الذهبي: إن هذا منكر، كذا في شرح الإحياء) والقول الثالث: أن جدّه عبدالمطلب ختنه يوم سابعه، وصنع له مأدبة وسمّاه محمداً، قال أبوعمر بن عبدالبر في هذا الباب حديث مسند غريب". (فتح الملهم، كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة: ۴۱۸/۱، شركت علميه)

(۳) (الدر المختار: ۷۵۲/۶، كتاب الخنثى، مسائل شتى، سعيد)

الجواب حامداً ومصلیاً:

"قد اختلف الرواة والحفاظ فی ولادة نبينا صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم مختوناً ولم يصح فيه شيئ. وأطال الذهبی فی رد قول الحاكم أنه تواترت به الرواية، وقد ثبت عندهم ضعف الحديث. وقال بعض المحققين من الحفاظ: الأشبه بالصواب أنه لم يولد مختوناً". ردالمحتار، جلد خامس، مسائل شتی(۱)۔

خصائص کبریٰ میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا عبدالمطلب نے آپ کا ختنہ کیا تھا(۲)۔

فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## ختنہ کا وقت اور حکم

سوال[۹۴۵۶]: قرآن مجید میں کس جگہ لکھا ہے کہ مسلمان ختنہ کرادیں، ختنہ کرانے کے متعلق کونسی حدیث ہے؟ کیا ختنہ کرانا سنت ہے یا فرض یا واجب یا سنت مؤکدہ یا مستحب؟ لڑکے کی ختنہ کتنی عمر تک کرانا چاہئے، اگر دس سال تک ختنہ نہ ہو اس کی نماز درست ہے یا نہیں، جس شخص کا ختنہ نہ ہوا ہو کیا وہ مسلمان نہیں؟ جس بالغ شخص کا ختنہ نہ ہوا، ہو اس کے ہاتھ کا کھانا، پانی مکروہ ہے یا حرام ہے، اور کیا وہ امامت نہیں کرا سکتا؟

---

(۱) (ردالمحتار: ۷۵۲/۶، کتاب الخنثی، مسائل شتی، سعيد)

(۲) تلاش کرنے سے یہ حوالہ الخصائص الکبریٰ میں نہیں ملا، البتہ عبارت ذیل موجود ہے:

"وأخرج الطبرانی فی (الأوسط) .......... أن جبرئيل عليه السلام ختن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم حين طهر قلبه". (الخصائص الكبریٰ: ۹۱/۱، باب الآية فی ولادته صلی الله عليه وسلم مختونا مقطوع السرة، رشيديه)

"والقول الثالث: أن جدّه عبدالمطلب ختنه يوم سابعه، وصنع له مأدبة وسمّاه محمداً، قال أبو عمر بن عبدالبر: في هذا الباب حديث مسند غريب". (فتح الملهم، كتاب الطهارة، باب خصال الفطرة: ۴۱۸/۱، شركت علميه)

الجواب حامداًومصلیاً:

ختنہ سنت ہے اور شعائر میں سے ہے(۱)۔ بلوغ سے پہلے پہلے جب بچہ میں تحمل کی طاقت ہو ختنہ کرادیا جائے، حضرت امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ سے اس کے وقت کے متعلق کوئی روایت منقول نہیں، بعض فقہاء نے سات سال بعض نے نو سال کا وقت تجویز کیا ہے، کذا فی مجمع الأنهر وطحطاوی(۲)۔ بغیر ختنہ کے

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "الفطرة خمس، الختان والاستحداد ......... اهـ". (مشكوة المصابيح: ۲/ ۳۸۰، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، قديمی)

"من السنة الختان، وبه قال أبو حنيفة رحمه الله تعالیٰ". (مرقاة المقاتيح: ۸/ ۲۰۸، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۴۴۲۰)، رشيديه)

قال الحصكفی رحمه الله تعالیٰ: "والأصل أن الختان سنة كما جاء فی الخبر، وهو من شعائر الإسلام". (الدر المختار: ۶/ ۷۵۱، كتاب الخنثی، مسائل شتی، سعيد)

(وكذا فی مجمع الأنهر: ۲/ ۷۴۴، كتاب الخنثی، مسائل شتی، دار إحياء التراث العربی بيروت)

"الختان قيل: إنه سنة، وهو الصحيح، كذا فی الغرائب". (الفتاویٰ العالمكيرية: ۵/ ۳۵۷، كتاب الكراهية، الباب التاسع فی الختان ......... اهـ، رشيديه)

(۲) "ووقت الختان غير معلوم عند الإمام، فإنه قال: لا علم لی بوقته. ولم يرو عنهما فيه شیٔ، وقيل: سبع سنين، وقيل: لا تختن حتی يبلغ، وقيل: أقصاه اثنی عشرة سنةً، وقيل: تسع سنين، وقيل: وقته عشر سنين؛ لأنه يؤمر بالصلوة إذا بلغ عشراً اعتباراً وتخلقاً، فيحتاج إلی الختان؛ لأنه شرع للطهارة. وقيل: إن كان قوياً يطيق ألَمَ الختان، خُتن، وإلا فلا، وهو أشبه بالفقه". (مجمع الأنهر، كتاب الخنثی، مسائل شتی: ۲/ ۷۴۴، دار إحياء التراث العربی بيروت)

"(قوله: سبع سنين)؛ لأنه يؤمر بالصلوة إذا بلغها، فيؤمر بالختان حتی يكون أبلغ فی التنظيف، قاله فی الكافی. زاد فی خزانة الأكمل: وإن كان أصغر منه فحسن، وإن كان فوق ذلك قليلاً، فلا بأس به. وقيل: لا يختن حتی بلغ؛ لأنه للطهارة، ولا تجب عليه قبله. (قوله: وقيل: عشر)؛ لزيادة أمره بالصلوة إذا بلغها". (حاشية الطحطاوی علی الدر المختار، كتاب الخنثی، مسائل شتی: ۴/ ۳۶۱، دار المعرفة بيروت) ......... =

اکثر طہارت ناقص رہتی ہے، اس لئے ایسے شخص کو امام نہیں بنانا چاہئے، اس کے ہاتھ کا کھانا، پانی حرام نہیں، البتہ وہ ترکِ ختنہ کی وجہ سے گنہ گار ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۹/ رمضان/ ۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۰/ رمضان/ ۶۷ھ۔

## ختنہ کے وقت لوگوں کو جمع کرنا اور دعوت کرنا

سوال [۹۴۵۷]: کیا ختنہ میں لوگوں کو شریک کرنا اور دعوت کرنا درست ہے، اگر ختنہ اور عقیقہ ایک ساتھ کرے اور دعوت دے کر گوشت کھلائے تو کوئی حرج تو نہیں ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ختنہ کے وقت لوگوں کو جمع کرنا تو غلط ہے(۱)، لیکن ختنہ سے فراغت کے بعد اگر بطورِ شکر یہ ادائے سنتِ دعوت کردے، خواہ عقیقہ کے ساتھ یا بغیر عقیقہ کے درست ہے(۲)، ضروری تصور کرنا غلط ہے(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دار العلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیوبند۔

---

= (وكذا في الدر المختار مع ردالمحتار: ۶/ ۷۵۱، كتاب الخنثىٰ، مسائل شتى، سعيد)

(وكذا في خلاصة الفتاوىٰ: ۴/ ۳۴۱، كتاب الكراهية، نوع في السلام، امجد اكيڈمي، لاهور)

(۱) "حدثنا عبد الله، حدثني أبي، حدثنا محمد بن سلمة الحراني عن ابن إسحاق -يعني محمداً- عن عبيد الله أو عبد الله بن طلحة بن كريز عن الحسن قال: دعي عثمان ابن أبي العاص رضي الله تعالىٰ عنه إلى ختان، فأبى أن يجيب، فقيل له، فقال: إنا كنا لا نأتي الختان على عهد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ولا ندعى له". (مسند الإمام أحمد، (رقم الحديث: ۱۷۴۵): ۵/ ۲۵۲، دار إحياء التراث العربي، بيروت)

(۲) "فأما الدعوة في حق فاعلها، فليست لها فضيلةٌ تختص بها، لعدم وُرود الشرع بها، ولكن هي بمنزلة الدعوة لغير سبب حادث، فإذا قصد فاعلها شكر نعمة الله عليه وإطعام إخوانه وبذل طعامه، فله أجر ذلك إنشاء الله تعالى". (المغني لابن قدامة، كتاب الوليمة، حكم الدعوة إلى الختان والإجابة إليها: ۸/ ۱۱۸، دار الفكر بيروت)

(۳) غیر ثابت کام، یا ثابت مستحب پر اصرار اور التزام کرنا اور اس کو واجب یا سنت کا درجہ دینا مذموم ہے: =

## ختنہ کے موقع پر اناج لوٹا بھر کر دیا جائے وہ کس کا حق ہے؟

سوال[۹۴۵۸]: ختنہ کے وقت کچھ اناج لوٹے میں بھر کر مسجد میں لاتے ہیں، وہ کس کا حق ہے؟ اور بھی اس قسم کی چیزیں آتی ہیں ان کو کیا کرنا چاہئے؟ شرعی حکم سے مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

ختنہ وغیرہ کے وقت اگر رسم کے طور پر لازم سمجھ کر مسجد میں کچھ دیا جائے تو نہ لیا جائے، اگر خوشی کے طور پر امام یا مؤذن کو کچھ دیا جائے تو مضائقہ نہیں (۱)، جس کو دیا جائے اسی کا حق ہے۔ اگر مسجد کے لئے کوئی چیز دی جائے تو وہ مسجد کا ہی حق ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۵/۲۶ھ۔

## بالغ کا ختنہ

سوال[۹۴۵۹]: زید نابالغ ہی تھا کہ اس کا باپ مرگیا، بوجہ سرپرست نہ ہونے کے ختنہ نہ ہوسکا، اب زید کی عمر ۲۵/ سال کی ہے، چمڑا سخت ہوگیا ہے، مگر زید کہتا ہے کہ اب میں مثل مختون کے ہوں۔ ایسی صورت میں ختنہ کرانا ضروری ہے یا نہیں؟

---

= "أن الإصرار على مندوب يبلغه إلى حد الكراهة، فكيف إصرار البدعة التي لاأصل لها في الشرع، وعلى هذا فلا شك في الكراهة، وهذا هو غرض من أفتى بالكراهة". (السعاية في كشف ما في شرح الوقاية، كتاب الصلوة، باب صفة الصلوة: ۲/۲۶۵، سهيل اكيڈمی لاهور)

"(قوله: وتركها أولى) لأنه إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة، كان ترك السنة راجحاً على فعل البدعة مع أنه كان يمكنه التسوية قبل الشروع في الصلوة، بحر". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلوة ومايكره فيها، مطلب: إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة، كان ترك السنة أولىٰ: ۱/۶۴۲، سعيد)

(۱) خوشی کے موقع پر ھدیہ وتحفہ دینا محبت ومودت کا ایک بہترین اور مؤثر ذریعہ ہے، مگر آج کل خوشی کے مواقع پر اس طرح کے ہدایا وغیرہ رسماً اور جبراً دیئے جاتے ہیں، کیونکہ ایسے مواقع پر ھدیہ وغیرہ نہ دینے والے کو ملامت کی جاتی ہے، اس لئے فی زمانہ ایسے مواقع پر ھدیہ وغیرہ نہ دینا احوط ہے۔ ہاں! جہاں کہیں یہ صورتیں نہ ہوں وہاں درست ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

الجواب حامداًومصلياً:

ختنہ سنتِ مؤکدہ ہے اور شعائرِ اسلام میں سے ہے(۱)، بلا عذرِ شدید بالغ سے بھی ساقط نہیں ہوتا، البتہ چونکہ زید مثل مختون کے ہے، نیز چمڑا سخت ہوگیا ہے، اس لئے بضرورت ساقط ہوسکتا ہے:

"والأصل أن الختان سنة كما جاء في الخبر، وهو من شعائر الإسلام". الدرالمختار على هامش رد المحتار: ٥/٢٥٦۔ "صبي حشفته ظاهرة بحيث لو راه إنسان ظنّه مختوناً، ولا تقطع جلدة ذكره إلا بتشديد آلمه، ترك على حاله كشيخ أسلم. وقال أهل النظر: لا يطيق الختان، ترك أيضاً". الدرالمختار على هامش رد المحتار(٢)۔

اس سے امامت میں کوئی فرق نہیں آئے گا، فقہاء نے اس کو بابِ کراہتِ امامت میں شمار نہیں کیا ہے، فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۲/۸۸ھ۔

---

(۱) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "الفطرة خمس، الختان والاستحداد". الحديث. (مشكوة المصابيح: ٢/٣٨٠، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، قديمي)

"من السنة الختان، وبه قال أبو حنيفة رحمه الله تعالىٰ". (مرقاة المفاتيح: ٨/٢٠٨، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الأول، (رقم الحديث: ٤٤٢٠)، رشيديه)

قال الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "والأصل أن الختان سنة كما جاء في الخبر، وهو من شعائر الإسلام". (الدرالمختار: ٦/٧٥١، كتاب الخنثى، مسائل شتى، سعيد)

(وكذا في مجمع الأنهر: ٢/٧٤٤، كتاب الخنثى، مسائل شتى، دارإحياء التراث العربي بيروت)

"الختان قيل: إنه سنة، وهو الصحيح، كذا في الغرائب". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ٥/٣٥٧، كتاب الكراهية، الباب التاسع في الختان ..........اهـ، رشيديه)

(٢) (الدرالمختار على ردالمحتار: ٦/٧٥١، مسائل شتى، سعيد)

"وفي صلاة النوازل: الصبي إذا لم يختن ولا يمكن أن يمدّ جلدته لتقطع إلا بتشديد، وحشفته ظاهرة، فإذا رآه إنسان يراه كأنه ختن، ينظر إليه الثقات وأهل البصر من الحجامين، فإن قالوا: هو على =

## ختنہ کی کھال کا استعمال وفروخت

سوال [۹۴۶۰]: ایک عجیب وغریب بینک قائم کرنے کی تجویز کی گئی ہے جس کو "ختنہ بینک" کہا جائے گا۔ دنیا بھر میں روزانہ لاکھوں بچے کے ختنے کاٹے جاتے ہیں، اور اعلیٰ قسم کی کھال کاٹ کر ضائع کردی جاتی ہے، آئندہ اس نفیس کھال کو بھی بینک میں جمع کرکے پلاسٹک سرجری یا کھال پیوند لگانے کے کام میں لگایا جائے گا۔ اب علمائے کرام کو ایک نیا فتویٰ دینا ہوگا کہ ختنے کی کھال کا استعمال جائز ہے یا نہیں؟ پھر یہ کہ مسلمان بچہ کی ختنہ کی کھال کافر کے جسم پر اور کافر بچہ کی ختنہ کی کھال مسلمان کے جسم پر لگائی جاسکتی ہے یا نہیں؟

کافی عرصہ ہوا پاکستان میں ایک سرجن نے ایک بچہ کا ختنہ کرکے اس کھال کا پیونداس کے چہرے پر لگادیا تھا، ڈاکٹر کی اس حرکت پر یا جرأت پر اس وقت وہاں کے علمائے کرام نے کوئی اعتراض نہیں کیا تھا۔

الجواب حامداًومصلیاً:

انسان اشرف المخلوقات ہے اور بجمیع اجزاء قابلِ احترام ہے، ختنہ کی کھال بھی اس کا جز ہے، اس کی خرید وفروخت جائز نہیں:

"والادمی مکرم شرعاً وإن کان کافراً، فإیراد العقد علیه وابتذاله به وإلحاقة بالجمادات إذلالٌ له: أی وهو غیر جائز، وبعضه فی حکمه. وصرح فی فتح القدیر

---

= خلاف ما یمکن الاختتان، فإنه لا یشدد علیه ویترک، کذا فی الذخیرة. الشیخ الضعیف إذا أسلم ولا یطیق الختان إن قال أهل البصر: لا یطیق، یترک؛ لأن ترک الواجب بالعذر جائز فترک السنة أولیٰ، کذا فی الخلاصة". (الفتاویٰ العالمکیریة: ۳۵۷/۵، کتاب الکراهیة، الباب التاسع عشر فی الختان، رشیدیه)

(وکذا فی مجمع الأنهر: ۷۴۴/۲، کتاب الخنثیٰ، مسائل شتی، دارإحیاء التراث العربی بیروت)

(وکذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة: ۴۰۹/۳، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی الختان، رشیدیه)

(وکذا فی البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة: ۳۷۳/۶، التاسع فی المتفرقات، کتاب الکراهیة، رشیدیه)

ببطلانه، اھ". ردالمحتار(۱)۔

"کل إهاب دبغ ............ فلا ............ آدمی فلا یدبغ لکرامته، ولو دبغ طهر وإن حرم استعماله: أی استعمال جلده". درمختار وشامی مختصراً(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۵/۶/۱۴۰۱ھ۔

(۱) (ردالمحتار: ۵۸/۵، کتاب البیوع، باب البیع الفاسد، مطلب: الآدمی مکرم شرعاً ولو کافراً، سعید)

(۲) (الدر المختار مع ردالمحتار: ۲۰۴/۱، کتاب الطهارة، مطلب فی أحکام الدباغة، سعید)

"ولا یجوز بیع شعر الآدمی، ولا الانتفاع به ولا بشئ من أجزائه؛ لأن الآدمی مکرم غیر مبتذل، فلا یجوز أن یکون شیء من أجزائه مهاناً مبتذلاً". (مجمع الأنهر ۵۹/۲، کتاب البیوع، باب البیع الفاسد، دارإحیاء التراث العربی بیروت)

(وکذا فی سکب الأنهر علی هامش مجمع الأنهر: ۵۹/۲، دارإحیاء التراث العربی بیروت)

(وکذا فی تبیین الحقائق: ۳۷۷/۴، باب البیع الفاسد، دارالکتب العلمیة بیروت)

(وکذا فی النهر الفائق: ۴۲۸/۳، باب البیع الفاسد، إمدادیه ملتان)

قال الحافظ ابن الهمام رحمه الله تعالیٰ: "والآدمی مکرم شرعاً وإن کان کافراً، فإیراد العقد علیه وإبذال به وإلحاقه بالجمادات إذلال له ............ اهـ". (فتح القدیر: ۴۲۵/۶، کتاب البیوع، باب البیع الفاسد، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

# باب الصورة والملاهی

## الفصل الأول فی الصورة

(تصویر کا بیان)

### فوٹو کھچوانا

سوال[۹۴۶۱]: فوٹو کھنچوانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

فوٹو کھنچوانا منع ہے، اگر کوئی دینی ضرورت اس پر موقوف ہو، یا ایسی دنیوی ضرورت ہو کہ آدمی مجبور ہو جائے تو معذوری ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱/۸۹ھ۔

### فوٹو رکھنا

سوال[۹۴۶۲]: فوٹو یا تصویر کو آرائش کے لئے رکھا جائے، مناسب ہے یا نہیں، یا صرف یادگار کے لئے رکھا جائے؟ نصف یا تمام فوٹو رکھنا بھی تحریر کریں۔ بہت سی کتابوں میں بھی تصاویر وغیرہ ہوتی ہیں۔ کیا ان کا

---

(۱) "وإن تحققت الحاجة له إلى استعمال السلاح الذی فیه تمثال، فلابأس باستعماله؛ لأن المواضع للضرورة مستثناة عن الحرمة، كما فی تناول المیتة". (شرح كتاب السیر الكبیر، باب مایكره فی دارالحرب ومالایكره: ۲۱۸/۳، مكتبه عباس أحمد الباز مكة مكرمة)

"الضرورات تبیح المحظورات، ومن ثم جاز أكل المیتة عند المخمصة، وإساغة اللقمة بالخمر، والتلفظ بكلمة الكفر للإكراه". (الأشباه والنظائر، الفن الأول فی القواعد الكلیة، القاعدة الخامسة، (رقم القاعدة: ۵۲۸): ۲۵۱/۱، إدارة القرآن كراچی)

رکھنا درست ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جاندار کا فوٹو پورا ہو یا نصف، یادگار کے لئے، آرائش کے لئے بہرصورت ناجائز ہے (۱)۔ اگر کتابوں میں تصاویر ہوں جیسے لغت کی کتابوں: المنجد میں ہے اور وہ کتابیں بند ہیں تو گنجائش ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/ ۵/ ۸۹ھ۔

## تصویر اور کتے کا حکم

سوال [۹۴۶۳]: ارشاد نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے کہ ''جس گھر میں کتا یا تصویریں ہوتی ہیں، اس گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے''۔ تو یہ چیزیں کیسی ہیں؟ اور کتا نہلانے کے بعد ناپاک کیوں ہوجاتا ہے جب کہ پانی کا کام پاک کرنا ہے؟

ممتاز الاسلام، محلّہ پیرزادگان ہانسی، ضلع حصار۔

---

(۱) "أو مقطوعة الرأس أو الوجه أو ممحوة عضو لا تعيش بدونه". (الدر المختار). وقال العلامة ابن عابدين رحمه الله: "(قوله: أو مقطوعة الرأس): أى سواء كان من الأصل أو كان لها رأس و محى، وسواء كان القطع بخيط خيط على جميع الرأس حتى لم يبق له أثر، أو بطليه بمغرة أو بنحته أو بغسله؛ لأنها لاتعبد بدون الرأس عادةً". (الدر المختار مع رد المحتار: ۱/ ۶۴۸، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة ومالايكره فيها، مطلب: إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة كان ترك السنة أولى، سعيد)

(وكذا في النهر الفائق: ۱/ ۲۸۵، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، قديمى)

(وكذا في تبيين الحقائق: ۱/ ۴۱۵، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) نیز ایسی کتابوں میں ضرورت بھی ہے، لہٰذا بقدرِ ضرورت اس کی اجازت دی جائے گی: ''لأن الضرورات تبيح المحظورات". (الأشباه والنظائر: ۱/ ۲۵۱، القاعدة الخامسة، رقم القاعدة: ۵۲۸، إدارة القرآن كراچى)

الجواب حامداً ومصلياً:

"عن طلحة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "لا تدخل الملائكة بيتاً فيه كلب و لا تصاوير". متفق عليه". مشكوة شريف، ص: ۳۸۵(۱)۔

کتا پالنا جائز نہیں، مگر مکان، کھیتی، جانوروں کی حفاظت اور شکار کے لئے جائز ہے:

"و فی الأجناس: لاينبغی أن يتخذ كلباً إلا أن يخاف من اللصوص أو غيرهم ............ ويجب أن يعلم بأن اقتناء الكلب لأجل الحرس جائز شرعاً، وكذلك اقتناؤه للاصطياد مباح، وكذلك اقتنائه لحفظ الزروع والماشية جائز، كذا فی الذخيرة". عالمگيری: ٤/٢٤٦(٢)۔

ذی روح کی تصویر بنانے اور رکھنا دونوں ناجائز ہیں، البتہ غیر ذی روح کی تصویر بنانے اور رکھنے میں گناہ نہیں:

"سعيد ابن أبی الحسن –فی حديث طويل– فقال ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما: ويحك إن أبيت أن لاتصنع، فعليك بهذا الشجر وكل شیء ليس فيه روح". رواه البخاری". مشكوة، ص: ٣٨٦(٣)۔

جس شئ میں پاک ہونے کی صلاحیت نہ ہو، پانی اس کو پاک نہیں کرسکتا، زندہ کتے کی کھال اگر اس کے اوپر کوئی ناپاکی نہ ہو پاک ہے، البتہ لعاب نجس العین ہے(۴)، اس میں پاک ہونے کی صلاحیت نہیں۔فقط۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، ۲۴/۴/۵۳ھ۔

---

(۱) (مشكوة المصابيح، ص: ۳۸۵، كتاب اللباس، باب التصاوير، الفصل الأول، قديمی)

(۲) (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الحادی والعشرون فيما يسع من جراحات بنی آدم والحيوانات وقتل الحيوانات ومالايسع عن ذلک: ۵/ ۳۶۱، رشيديه)

(وكذا فی بذل المجهود: ۶۸/۵، كتاب اللباس، باب فی الصور، معهد الخليل كراچی)

(۳) (مشكوة المصابيح، ص: ۳۸۶، كتاب اللباس، باب التصاوير، الفصل الثالث، قديمی)

(والصحيح لمسلم: ۲/ ۲۰۲، كتاب اللباس، باب تحريم تصوير صورة الحيوان، قديمی)

(۴) "وسؤر الخنزير وكلب وسباع بهائم ............ نجس مغلظ". (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، فصل فی البئر: ۱/ ۲۲۲، ۲۲۳، سعيد) ............ =

## کپڑے پر جاندار کی تصویر

سوال[۹۴۶۴]: سوتی کپڑے کے کناروں پر مور وغیرہ کی تصاویر بنانا کیسا ہے؟ ایک شخص اپنی مرضی سے نہیں بنانا چاہتا، مگر اس سے فرمائش کی جاتی ہے، اس پر وہ اعتراض بھی کرتا ہے کہ ایسی شکل دار چیز بنانے سے مجھے سخت اعتراض ہے۔ ایسی صورت میں بنانے کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جاندار کی تصویر خواہ دیوار پر بنائی جائے، خواہ کاغذ پر خواہ کپڑے پر چاہے، قلم سے بنائی جائے یا مشین سے یا کسی اَور آلہ سے، یک دم بنالیا جائے یا ایک ایک عضو الگ الگ بنایا جائے، کپڑے کی بناوٹ میں ہو یا کسی اَور چیز کی بناوٹ میں، بہرصورت ناجائز اور گناہ ہے۔ اپنی مرضی سے ہو یا کسی کی فرمائش سے روپیہ کے لالچ میں ہو، یا ویسے ہی نفس کی خواہش سے ہو، کسی طرح اجازت نہیں ہے(۱)۔

جو کام ناجائز ہو وہ کسی دوسرے کی خواہش یا فرمائش یا اس کی ناخوشی کے ڈر سے جائز نہیں ہوگا۔ سچے مسلمان کی آزمائش کا موقع یہی ہوتا ہے کہ ایک ناجائز کام کو دوسرے لوگ کرتے اور نفع کماتے ہیں اور یہ نفع کی پرواہ نہیں کرتا، بلکہ نقصان اٹھاتا ہے اور دوسروں کی ناگواری کو برداشت کرتا ہے، مگر خدائے پاک کی نافرمانی نہیں کرتا(۲)۔ اگر مور کا سر نہ بنایا جائے تو اس کی شرعاً اجازت ہے(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

---

= (وكذا في الحلبي الكبير، ص: ۱۹۳، كتاب الطهارة، فصل في الآبار، سهيل اكيڈمی لاهور)

(۱) "فظاهر كلام النووي في شرح مسلم الإجماع على تحريم تصوير الحيوان، وقال: وسواء صنعه لما يمتهن أو لغيره، فصنعته حرامٌ بكل حال؛ لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالىٰ، وسواء كان في ثوب أو بساط أو درهم وإناء وحائط وغيرها، اهـ". (ردالمحتار: ۱/۶۴۷، مطلب: إذا تردد الحكم بين سنة و بدعة.......... اهـ، سعيد)

(۲) "عن النوّاس بن سمعان رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لاطاعة لمخلوق في معصية الخالق". رواه في شرح السنة". (مشكوة المصابيح، ص: ۳۲۱، كتاب الإمارة والقضاء، الفصل الثاني، قديمي)

"وعن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ..........=

## جاندار کی تصویر بے جان کے ضمن میں

سوال[۹۴۶۵]: میں جدہ کی جامعہ میں غوطہ کا کام کرتا ہوں مجھے سمندر میں غوطہ لگا کر سیپ حاصل کرنا پڑتا ہے، آج کل مجھے سمندر میں پانی کے اندر کی مخلوقات جیسے: مچھلی، جھاڑ اور پتھر کی تصویر کھینچنے کے لئے کہا گیا۔لہٰذا برائے مہربانی یہ بتائیے کہ کیا یہ کام جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

آپ پانی کے اندر کی مخلوق: جھاڑ، پتھر وغیرہ کی تصویر کھینچ لیا کریں، اس میں کسی جاندار کی تصویر بھی آجائے تو حرج نہیں (۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۴/۱۴۰۱ھ۔

## تہوار کے موقع پر جاندار کی تصویریں بنانا

سوال[۹۴۶۶]: مسلمان حلوائی ہندوؤں کے تہواروں کے موقع پر مٹھائی کے کھلونے بناتے ہیں، جس میں گائے بھینس انسان بندر وغیرہ کی شکل کے ہوتے ہیں، پھر ان کو فروخت کرتے ہیں تو مسلمان حلوائی کے

---

= "فإذا أمر بمعصية، فلا سمع ولاطاعة". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، ص: ۳۱۹، كتاب الإمارة والقضاء، الفصل الاول، قديمى)

(۳) "(أو مقطوعة الرأس): أى سواء كان من الأصل، أو كان لها رأس و محى". (الدرالمختار مع ردالمحتار: ۱/۶۴۸، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، مطلب: إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة، سعيد)

(وكذا فى إمداد الفتاوىٰ، كتاب الحظر والإباحة: ۴/۱۵۴، مكتبه دارالعلوم كراچى)

(۱) "الأمور بمقاصدها، يعنى أن الحكم الذى يترتب على أمرٍ يكون على مقتضى ماهو المقصود من ذلك الأمر.......... ثم اعلم أن الكلام هنا على حذف المضاف، والتقدير: حكم الأمور بمقاصد فاعلها: أى أن الأحكام الشرعية التى تترتب على أفعال المكلفين منوطة بمقاصدهم مّن تلك الأفعال، فلو أن الفاعل المكلف قصد بالفعل الذى فعله أمراً مباحاً كان فعله مباحاً، وإن قصد أمراً محرماً كان فعله محرماً". (شرح المجلة لسليم رستم باز: ۱/۱۷، ۱۸، المقالة الثانية، (رقم المادة: ۲)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

لئے مٹھائی سے جاندار کی تصویر بنانا اوران کا فروخت کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جاندار تصویروں کا پتھر، مٹی، مٹھائی، کھلونے سب منع ہیں، مسلمانوں کا اس سے بچنا لازم ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۶/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۶/ ۹۰ھ۔

## صدر کے مرنے پر اس کی تصویر ہال میں لگانا

سوال[۹۴۶۷]: یہاں پر ایک قومی ادارہ بنام انجمن اسلامیہ چل رہا ہے، اس کے نائب صدر کا انتقال ہوگیا ہے، اب ممبران اس کا بہت بڑا فوٹو انجمن کے ہال میں لگانا چاہتے ہیں (بطور یادگار)۔ کیا یہ جائز ہے؟ اور بطور رسم فوٹو کی رسم بھی ادا کرنا چاہتے ہیں۔ فقط۔

الجواب حامداًومصلیاً:

ہرگز ہرگز اجازت نہیں، بت پرستوں نے ابتداءً اپنے بڑوں کے نام بطور یادگار بت بنائے تھے، پھر ان کی پرستش کرنے لگے(۲)، فوٹو بھی تصویر ہے(۳)۔ جس مکان میں تصویر ہو وہاں ملائکہ نہیں آتے، مصورین

---

(۱) "عن عبد الله بن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "أشد الناس عذاباً عند الله المصورون". (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، باب التصاوير: ۳۸۵/۲، قديمي)

(۲) قال العلامة الآلوسي رحمه الله تعالىٰ تحت قوله تعالىٰ: ﴿ولا تذرنّ ودًّا ولا سواعاً ولا يغوث ويعوق ونسراً﴾ وأخرج أبو الشيخ في العظمة عن محمد بن كعب القرضي أنه قال: كان لآدم عليه السلام خمسة بنين: ود، وسواع، فكانوا عباداً، فمات رجل منهم، فحزنوا عليه حزناً شديداً، فجاء هم الشيطان، فقال: حزنتم على صاحبكم هذا؟ قالوا: نعم، قال: هل لكم أن أصور لكم مثله في قبلتكم إذا نظرتم إليه ذكرتموه، قالوا: نكره أن تجعل لنا في قبلتنا شيئاً نصلي عليه، قال: فأجعله في مؤخر المسجد، قالوا: نعم. فصوره لهم حتى مات خمستهم، فصور صورهم في مؤخر المسجد، فنقضت الأشياء حتى تركوا=

کو بہت شدید عذاب ہوگا:

"عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها أنها اشترت نمرقةً فيها تصاوير، فلما راها رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، قام على الباب فلم يدخل، فعرفت فى وجهه الكراهية، قالت: فقلت: يا رسول الله! أتوب إلى الله وإلى رسوله ماذا أذنبت، فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ما بال هذه النمرقة"؟ قلت: اشتريتها لتقعد عليها و توسدها. فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إن أصحاب هذه الصور يعذّبون يوم القيامة، يقال لهم: أحيوا ما خلقتم". وقال: "إن البيت الذى فيه الصورة لا تدخله الملائكة". متفق عليه". مشکوۃ شریف(۱)۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## عیدکارڈ، کرسمس کارڈ، دیوالی کارڈ بغیر جاندار کی تصویر کے چھاپنا

سوال[۹۴۶۸]: عیدکارڈ عیدکارڈ، کرسمس کارڈ، دیوالی کارڈ بغیر جاندار تصویر والوں کی طباعت جائز ہے یانہیں؟

---

= عبادة الله وعبدوا هؤلاء". (روح المعاني: ۲۹/۷۷، (سورة النوح: ۳۳) دار إحياء التراث العربي، بيروت)

(وكذا فى تفسير ابن كثير: ۴/۵۴۹، دار الفيحاء دمشق)

(وكذا فى معارف القرآن: ۸/۵۶۶، إدارة المعارف كراچى)

(۳) قال الشيخ العلامه محمد تقى العثمانى حفظه الله و رعاه: "والواقع أن التفريق بين الصور المرسومة والصور الشمسية (أى الفوتوغرافية) لا ينبغى على أصلٍ قوى. و من المقرر شرعاً أن ما كان حراماً أو غير مشروع فى أصله، لا يتغير حكمه بتغير الآلة ........... فلا فرق بينما كانت الصورة قد اتخذت بريشة المصور أو بالآلات الفوتوغرافية. والله سبحانه تعالىٰ أعلم". (تكملة فتح الملهم، كتاب اللباس والزينة، باب تحريم تصوير صورة الحيوان، حكم الصور الشمسية: ۴/۱۶۳، مكتبه دار العلوم، كراچى)

(۱) (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، باب التصاوير، الفصل الأول: ۳۸۵، قديمى)

الجواب حامداً ومصلياً:

مذہبِ باطل اور عقیدۂ باطلہ کی جس چیز سے اشاعت ہوتی ہے، اس کی تجارت ناجائز ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۱/۱۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۱/۱۸ھ۔

## پیسہ، روپیہ کی تصویر پر ڈائجسٹ کو قیاس کر کے مسجد میں ''ہدیٰ ڈائجسٹ'' کے مطالعہ کا حکم

سوال[۹۴۶۹]: کوئی کتاب جس میں عکسی تصاویر ہوتی ہیں مثلاً: ہدیٰ ڈائجسٹ جو دہلی سے شائع ہوتی ہے، اس قسم کی کتابوں کو مسجد میں بیٹھ کر پڑھنا درست ہے یا نہیں؟ جب کہ پیسہ روپیہ، دیاسلائی پر تصویر ہوتی ہے اور یہ جیب میں رہتی ہے، روپے پیسے مسجد میں بطور چندہ جیب سے نکال کر دیئے جاتے ہیں۔ فوٹو یا تصاویر کسی شخص کے ہوں، مسجد میں بیٹھ کر دیکھ سکتے ہیں یا نہیں؟

---

(۱) چونکہ مقصودی چیز اشاعتِ دین ہے، اور جو چیزیں اشاعتِ دین کے خلاف ہوں، اور ان سے باطل کی تائید ہوتی ہو، ان کو ترویج دینا اور ان کی اشاعت کرنا مذموم اور ناجائز ہے، جیسے باطل نظریات پر مبنی کتابوں کا مطالعہ اور باطل نظریات پر مناظرہ ترویجِ باطل کا سبب ہونے کی بنیاد پر فقہاء نے منع فرمایا ہے:

"تعلم الكلام والنظر والمناظرة فيه وراء قدر الحاجة مكروه، وقيل: الجواب في هذه المسئلة أن كثرة المناظرة المبالغة في المجادلة مكروه؛ لأن ذلك يؤدي إلى إشاعة البدع والفتن، وتشويش العقائد، وهذا ممنوع جداً، كذا في جواهر الإخلاطي .......... قال الشيخ الإمام صدر الإسلام أبو اليسر: نظرت في الكتب التي صنفها المتقدمون في علم التوحيد، فوجدت بعضها للفلاسفة مثل إسحق الكندي والاستقراري وأمثالهما، وذلك كله خارج عن الدين المستقيم زائغ عن الطريق القويم، فلا يجوز النظر في تلك الكتب، ولا يجوز إمساكها، فإنها مشحونة من الشرك والضلال". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثلاثون في المتفرقات: ۵/۳۷۷، رشيديه)

(وكذا في نصاب الاحتساب، الباب الثالث والثلاثون في الاحتساب في باب العلم والمعلم، ص: ۱۳۷، دارالعلوم المملكة العربية السعودية)

الجواب حامداً ومصلیاً:

پیسہ، روپیہ، دیا سلائی پر جو تصاویر ہوتی ہیں عموماً وہ بہت چھوٹی ہوتی ہے، بعض اوقات یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ یہ جاندار کی تصویر ہے یا کوئی اَور پھول وغیرہ ہے، ایسی چھوٹی تصاویر کی چیز کے حکم میں تخفیف ہے(۱)۔ نیز پیسہ روپیہ ایسی ضرورت کی چیز ہے کہ بغیر اس کے چارۂ کار نہیں، اپنی ضرورت پوری کرنے کے لئے اس کو پاس رکھنے پر آدمی مجبور ہوتا ہے(۲)۔ نیز اس سے بچنا دشوار ہے، کیونکہ بغیر تصویر پیسہ روپیہ یہاں نایاب ہے(۳)۔

نیز ان تصاویر کو دیکھنے کی طرف کوئی توجہ نہیں ہوتی، ان میں جاذبیت نہیں، کتابوں کی تصاویر کی یہ شان نہیں پس ان کو پیسہ روپیہ کی تصاویر پر قیاس نہیں کیا جائے گا، اس لئے ان میں تخفیف کو تلاش نہ کرے۔ مسجد کو ایسی

---

(۱) "(إلا أن تكون صغيرةً)؛ لأن الصغار جداً لا تُعبد، فليس لها حكم الوثن، فلا تكره في البيت .......... والمراد بالصغيرة التي لا تبدو للناظر على بُعدٍ، والكبيرة التي تبدو للناظر على بُعدٍ، كذا في فتح القدير. ونقل في النهاية أنه كان على خاتم أبي موسى ذبابتان، وأنه لما وجد خاتم دانيال عليه السلام في عهد عمر رضي الله تعالىٰ عنه، وجد عليه أسد و لبوة بينهما صبي يلحسانه .......... وفي الخلاصة من كتاب الكراهة: رجل صلى و معه دراهم وفيها تماثيل مَلِك، لابأس به، لصغرها، اهـ". (البحر الرائق: ۲/ ۵۰، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، رشيديه)

(وكذا في تبيين الحقائق: ۱/ ۴۱۴، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، دار الكتب العلميه بيروت)

(وكذا في الدر المختار: ۱/ ۶۴۸، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، مطلب إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة، سعيد)

وقال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ عليه: "لكن في الخزانة: إن كانت الصلوة مقدار طير، يكره. وإن كانت أصغر فلا، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، مطلب: إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة: ۱/ ۶۴۷، سعيد)

(۲) "الضرورات تبيح المحظورات". (الأشباه والنظائر، القاعدة الخامسة، (رقم القاعدة: ۵۶۸): ۱/ ۲۵۱، إدارة القرآن كراچی))

(۳) قال الله تعالىٰ: ﴿لا يكلف الله نفساً إلا وسعها﴾ (سورة البقرة: ۲۸۶)

چیزوں سے بچانا چاہیئے (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۹/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۹/ ۹۲ھ۔

## پریس میں خبروں کے ساتھ تصویر چھاپنا

سوال [۹۴۷۰]: ہندوستان میں ہزاروں مسلمان پریسوں میں ملازم ہیں جن کو خبروں کے ساتھ ساتھ تصویریں بھی چھاپنی پڑتی ہیں، اس ملازمت کو کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اور اس کی کمائی کھانا حرام ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جاندار کی تصویر چھاپنا اور شائع کرنا شرعاً جائز نہیں (۲)، اس کی ملازمت بھی ناجائز ہے، کیونکہ ناجائز کام کی ملازمت بھی ناجائز ہوتی ہے (۳)، لیکن اگر پریس مشینوں میں دوسری جائز چیزیں بھی چھاپی جائیں

---

(۱) "لأن المسجد ما بنى إلا لها (أى العبادة) من صلوة أو اعتكاف و ذكر شرعى و تعليم علم أو تعلمه وقراءة القرآن". (غمز عيون البصائر للحموى شرح الأشباه والنظائر: ۲۳/۴، إدارة القرآن كراچى)

(۲) "وظاهر كلام النووى فى شرح مسلم الإجماع على تحريم تصوير الحيوان، وقال: و سواء صنعه لما يمتهن أو لغيره، فصنعته حرام بكل حال؛ لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالىٰ، و سواء كان فى ثوب أو بساط أو درهم وإناء وحائط وغيرها، اهـ". (رد المحتار: ۶۴۷/۱، مطلب: إذا تردد الحكم بين سنة و بدعة، سعيد)

(وكذا فى النهر الفائق: ۲۸۵/۱، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق: ۴۸/۲، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، رشيديه)

(۳) "لا تصح الإجارة لعسب التيس .......... ولا لأجل المعاصى مثل الغناء و النوح والملاهى". (الدرالمختار). قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ عليه: "وفى الملتقى: امرأة نائحة أو صاحبة طبل أو زمر اكتسبت مالاً، ردّته على أربابه إن علموا، و إلا تتصدق به". (ردالمحتار: ۵۵/۶، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة، مطلب: الاستيجار على المعاصى، سعيد)

"قال: ولا يجوز الاستيجار على الغنا والنوح، وكذا سائر الملاهى؛ لأنه استيجار على المعصية، والمعصية لا تستحق بالعقد". (الهداية: ۳۰۳/۴، باب الإجارة الفاسدة، مكتبه شركة علميه،ملتان) =

اور اس کے ساتھ تصویریں بھی ہوں اور تصویریں کم ہوں اور جائز چیزیں زائد ہوں تو ایسی تمام آمدنی کو ناجائز نہیں کہا جائے گا (۱)۔ نیز جو شخص ایسی ملازمت کرے گا، اس کی پوری ملازمت کو بھی ناجائز نہیں قرار دیا جائے گا، اس کی ملازمت خالص جائز ملازمت سے کمتر اور ادنی ہوگی اور خالص ناجائز ملازمت سے غنیمت ہوگی۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۱/۸۸ھ۔

## باتصویر اخبار کا حکم

سوال [۱۷۴۹۴]: وہ اخبار و رسائل جن میں صفحہ کی ایک جانب بہترین مذہبی مضمون ہو اور دوسری جانب کسی ذی روح کی تصویر، ایسی صورت میں اس سے بچنے کی کیا صورت ہے؟

مولوی ابراہیم جاڑا، افریقہ۔

الجواب حامداً مصلیاً:

تصویر کو روشنائی سے مٹا دیا جائے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

= (وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/۳۴۹، كتاب الكراهية، الباب الخامس عشر في الكسب، رشيديه)

(۱) :" أهدى إلى رجل شيئاً أو أضافه، إن كان غالب ماله من الحلال، فلا بأس، إلا أن يعلم بأنه حرام. فإن كان الغالب هو الحرام، ينبغي أن لا يقبل الهدية و لا يأكل الطعام، إلا أن يخبره بأنه حلال .......... إذا علم أن أكثر ماله حلال بأن كان صاحب تجارة أو زرع، فلا بأس به؛ لأن أموال الناس لا تخلو عن قليل حرام، فالمعتبر الغالب". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/۳۴۲ كتاب الكراهية، الباب الثاني عشر في الهدايا والضيافات، رشيديه)

(۲) "(ممحوّ الرأس) فسّر به احترازاً من أن تقطع بخيط ونحوه، فإنه لاينفي الكراهة؛ لأن بعض الحيوانات مطوّق، فلا يتحقق قطعه إلا بمحوه، وهو بأن يجعل الخيط على كل رأسه بحيث يخفى، أو يطليه بطلاء يخفيه، أو يغسله و نحو ذلك". (فتح القدير: ۱/۴۱۶، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة، ومايكره فيها، فصل، مصطفىٰ البابي الحلبي مصر)

(وكذا في الدر المختار مع رد المحتار: ۱/۶۴۸، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة، سعيد)

(وكذا في النهر الفائق: ۱/۲۸۵، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، رشيديه)

## تصویردار کاغذ کو جلانا

سوال[۹۴۷۲]: جس کاغذ میں کسی انسان کی تصویر بنی ہو، اس کو جلانا چاہیئے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر محض تصویر ہے تو اس کو جلانا درست ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

## تصویر کی طباعت اور اس کی آمدنی

سوال[۹۴۷۳]: آج کل بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے اندر جاندار کی تصاویر ہوتی ہیں اور یہ پریس میں طبع ہوتی ہیں۔ طباعت کے آنے والے کاموں میں دوثلث حصہ ایسا ہوتا ہے جس پر کسی نہ کسی جاندار کی تصویر ہوتی ہے۔ ہر صفحۂ طباعت کا ایک حصہ ایسا ہوتا ہے جس پر تصویر نہیں ہوتی۔ اب مسلمان کے لئے ان تصاویر کا طبع کرنا کیا تصویر بنانے اور تصویر کشی کے حکم میں آتا ہے یا نہیں؟ اور اس سے حاصل شدہ آمدنی جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جاندار کی تصویر بنانا ممنوع ہے خواہ ابتداءً جاندار سے بنائی جائے یا تصویر سے نقل کی جائے، قلم سے ہو یا مشین سے، یا کپڑے کی بناوٹ میں ہو، یا پتھر، لکڑی، لوہے وغیرہ پر کسی آلہ سے بنائی جائے (۲)۔ اور جب کہ ٹریڈ مارکہ کے طور پر ہو تو وہ مقصود کے درجہ میں ہوگی (۳)، اس لئے اس کو جائز نہیں کہا جائے گا۔ اس پر جو

---

(۱) "الكتب التي لاينتفع بها يمحى عنها اسم الله وملائكته ورسوله ويحرق الباقي". (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۶/۴۲۲، سعيد)

(۲) "وظاهر كلام النووي في شرح مسلم: الإجماع على تحريم تصوير الحيوان، وقال: سواء صنعه لما يمتهن أو لغيره، فصنعته حرام بكل حال؛ لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالىٰ، وسواء كان في ثوب أو بساط أو درهم وإناء أوحائط وغيرها، اهـ. فينبغي أن يكون حراماً لا مكروهاً إن ثبت الإجماع أو قطعية الدليل بتواتره، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الصلوة: ۱/۶۴۷، سعيد)

(۳) "الأمور بمقاصدها، يعني أن الحكم الذي يترتب على أمر يكون على مقتضى ماهو المقصود من =

وعیدیں حدیث پاک میں وارد ہیں وہ بہت سخت ہیں (۱)۔ یہ تو تصویر کی طباعت کے متعلق ہے۔

اس سے حاصل شدہ آمدنی کا حکم یہ ہے کہ اگر تصویر کی اجرت کے مقابلہ میں غیر تصویر کی (یعنی جائز آمدنی) زیادہ ہے تو سب آمدنی کو ناجائز نہیں کہا جائے گا بلکہ غلبہ کا اعتبار ہوگا (۲)۔ یہ تو کلی اور اصولی جواب ہے۔ خاص طور پر اجارہ فاسدہ کے متعلق فقہاء لکھتے ہیں کہ اجرت پر ملک متحقق ہوجاتی ہے:

"والأجر يطيب وإن كان السبب حراماً، اه". شامی: ۲۸/۵، أول باب الإجارة الفاسدة (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/۵/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/۵/۸۷ھ۔

---

= ذلك الأمر ......... ثم اعلم أن الكلام هنا على حذف المضاف، والتقدير: حكم الأمور بمقاصد فاعلها: أی أن الأحكام الشرعية التی تترتب علی أفعال المكلفين منوطة بمقاصدهم من تلك الأفعال، فلو أن الفاعل المكلف قصد بالفعل الذی فعله أمراً مباحاً، كان فعله مباحاً، وإن قصد أمراً محرماً، كان فعله محرماً". (شرح المجلة لسليم رستم باز: ۱/۱۷، ۱۸، المقالة الثانية، (رقم المادة: ۲) مكتبه حنفيه كوئٹه)

(۱) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها، عن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال: "أشد الناس عذاباً يوم القيامة الذين يضاهون بخلق الله". متفق عليه".

"وعن عبدالله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم يقول: "أشد الناس عذاباً عندالله المصورون". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، باب التصاوير، الفصل الأول، ص: ۳۸۵، قديمی)

(۲) "أهدى إلى رجل شيئاً أو أضافه، إن كان غالب ماله من الحلال، فلا بأس، إلا أن يعلم بأنه حرام. فإن كان الغالب هو الحرام، ينبغی أن لايقبل الهدية ولايأكل الطعام، إلا أن يخبره بأنه حلال ورثته أو استقرضته من رجل، كذا فی الينابيع. ولايجوز قبول هدية أمراء الجور؛ لأن الغالب فی مالهم الحرمة، إلا إذا علم أن أكثر ماله حلال بأن كان صاحب تجارة أو زرع، فلا بأس به؛ لأن أموال الناس لاتخلو عن قليل حرام، فالمعتبر الغالب، وكذا أكل طعامهم، كذا فی الاختيار شرح المختار". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثانی فی الهدايا والضيافات: ۵/۳۴۲، رشيديه)

(۳) (ردالمحتار، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة: ۶/۴۵، سعيد)

## باتصویر رسائل کی خریداری

سوال [۹۴۷۴]: جن رسالوں کے اندر تصویریں ہوں جیسے ڈائجسٹ وغیرہ اور وہ دینی رسائل جن میں تصاویر ہوں، ایسے رسالوں کا خریدنا کیسا ہے؟ جواب مدلل ومفصل بحوالہ عنایت فرمائیں۔ فقط والسلام۔

عزیز الدین، مفتاح العلوم، جلال آباد۔

### الجواب حامداً ومصلیاً:

جن رسالوں کو ذی روح کی تصویر کی وجہ سے خریدا جاتا ہے ان کا خریدنا جائز نہیں: "لأن الأمور بمقاصدها (۱)۔ اگر مقصود مضامینِ صحیحہ کا پڑھنا ہے تو خریدنا درست ہے، تصاویر تابع ہیں ان کو محو کردیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفر لہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۵/۹۰ھ۔

## چڑیا والی گھڑی

سوال [۹۴۷۵]: زید گھڑی کی ایک فیکٹری قائم کرنا چاہتا ہے جس میں آج کل کی نئی نئی ڈیزائن کی گھڑیاں چلتی ہیں، جو گھڑی زید بنوانا چاہتا ہے اس میں پلاسٹک کی چڑیا ہوگی اور فٹنگ اس طرح ہوگی کہ جب گھنٹہ بجتا ہوگا تو اس وقت چڑیا اندر سے باہر آئے گی اور اس کے منہ سے گھنٹے کی آواز نکلے گی اور گھنٹہ بجنے کے بعد خود بخود ایک چھوٹا سا دروازہ کھلے گا اور وہ اندر چلی جائے گی، اور دروازہ بند ہوجائے گا۔ تو کیا یہ تصویر والی گھڑی بنانا، یا اس کی فیکٹری قائم کرنا از روئے شرع جائز ہے؟ آج کل جدید حالات میں اس کی گنجائش ہے یا نہیں؟

### الجواب حامداً ومصلیاً:

جاندار کی تصویر بنانا تو بہر حال ناجائز ہے (۲)، یہ حکم تو بنانے کا ہے، لیکن چونکہ مقصود یہ چڑیا نہیں، بلکہ

---

(۱) (شرح المجلة لسليم رستم باز: ۱/۱۷، (رقم المادة: ۲)، مكتبه حنفيه كوئته)

(وكذا في الأشباه والنظائر، الفن الأول في القواعد الكلية، (رقم القاعدة: ۱۴۲): ۱/۹۷، إدارة القرآن، كراچی)

(۲) "وظاهر كلام النووي في شرح مسلم: الإجماع على تحريم تصوير الحيوان، وقال: و سواء صنعه =

وقت معلوم کرنا مقصود ہے،اس کے لئے گھڑی کے پرزے ہوں اور مشینیں ،سووہ شرعاً درست ہے،ان کی بیع بھی درست ہے (۱)۔لیکن جس طرح دروازے پر کپڑے کا پردہ ڈالنا اصل مقصود ہو جو کہ شرعاً جائز ہے مگر اس کپڑے میں تصویر بنی ہوئی ہو، یا اس پر چھپی ہوئی ہو تو اس پردہ کو استعمال کرنا قبیح و مذموم ہے جس سے ناگواری حدیث پاک میں موجود ہے (۲)۔ اسی طرح اس گھڑی کو رکھنا اور استعمال کرنا بھی قبیح اور مذموم ہوگا۔ بنانے والے اور استعمال کرنے والے کا فرق بھی اس سے واضح ہوگیا، استعمال کرنا خواہ اپنے پاس رکھ کر ہو یا فروخت کر کے ہو۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۲/۲۱ھ۔

## سوال متعلق استفتاء بالا

(نـــــوٹ) مستفتی نے جواب سابق نمبر:۱۹۷ (پرانی ترتیب کے مطابق) کا

---

= لـمـا يـمتهـن أو لغيره، فصنعته حرام بكل حال؛ لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالىٰ، و سواء كان فى ثوب أوبسـاط أو درهم وإناء وحائط وغيرها، اهـ". (رد المحتار: ۱/۶۴۷، مطلب: إذا تردد الحكم بين سنة و بدعة، سعيد)

(وكذا فى النهر الفائق: ۱/۲۸۵، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق: ۴۸/۲، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، رشيديه)

(۱) "لأن الأمـور بـمقاصدها" (الأشباه والنظائر، الفن الأول فى القواعد الكلية، (رقم القاعدة: ۱۴۲): ۹۷/۱، إدارة القرآن كراچى)

(۲) "وعـن سـفيـنة أن رجلاً ضاف عليًّ بن أبى طالب رضى الله تعالىٰ عنه، فصنع له طعاماً، فقالت فاطمة رضـى الله تـعالىٰ عنها: لو دعونارسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فأكل معنا، فدعوه فجاء فوضع يديه عـلـى عضادتى الباب، فرأى القرام قد ضرب فى ناحية البيت، فرجع. قالت فاطمة رضى الله تعالىٰ عنها: فتبعتـه، فـقلت: يارسول الله! ماردك؟ قال: "إنه ليس لى أو لنبى أن يدخل بيتاً مزوّقاً". رواه أحمد وابن ماجة". (مشكوة المصابيح، ص: ۲۷۸، كتاب النكاح، باب الوليمة، الفصل الثانى، قديمى)

"وعـن عـائشة رضى الله تعالىٰ عنها "أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لم يكن يترك فى بيته شيـئـاً فيـه تـصاليب إلا نَقَضَه". رواه البخارى". (مشكوة الـمـصـابيح، ص: ۳۸۵، كتاب اللباس، باب التصاوير، الفصل الأول، قديمى)

حوالہ دیا ہے کہ میری سمجھ میں نہیں آیا اور اسی پر مزید سوالات مرتب کر کے ان کی وضاحت طلب کی ہے:

سوال [۹۴۷۶]: ۱...... ایسی گھڑی کا بنانا اور فروخت کرنا اور استعمال کرنا سب کا ایک ہی حکم ہے یا فرق ہے؟

۲...... اگر سب کا ایک ہی حکم ہے تو ''قبیح و مذموم'' کا لفظ جو استعمال کیا گیا ہے، یہ مکروہ کا درجہ رکھتا ہے یا قطعی حرام کا؟ برائے مہربانی ذرا صاف تحریر فرمائیں۔

عبدالرحمٰن معرفت امام صاحب، مسجد نور ۴۷/نشان پاڑہ، بمبئی نمبر: ۹۔

الجواب حامداًومصلیاً:

جواب سابق میں جاندار کی تصویر ہونے کی بنا پر بنانے کو ''ناجائز'' لکھا ہے جس کے معنی ''حرام'' کے ہیں (۱)۔ استعمال کرنے کو ''قبیح و مذموم'' لکھا ہے جس کے معنی ''مکروہ'' کے ہیں، استعمال خواہ فروخت کرنے کی

---

(۱) جاندار کی تصویر بنانا بنصِ حدیث حرام ہے:

''عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ''أتانی جبريل -علیه السلام- قال: أتيتک البارحة، فلم يمنعنی أن أكون دخلت إلا أنه كان علی الباب تماثيل، وكان فی البيت قرام ستر فيه تماثيل، وكان فی البيت كلب، فمُرْ برأس التمثال الذی علی باب البيت فيقطع فيصير كهيئة الشجرة، ومُرْ بالستر فيقطع فليجعل و سادتين منبوذتين توطأن، ومُرْ بالكلب فليخرج. ففعل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم''. رواه الترمذی وأبو داؤد''.

''عن سعيد بن أبی الحسن قال: كنت عند ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما؛ إذ جاء رجلٌ فقال: يا ابن عباس! إنی رجل إنما معيشتی من صنعة يدی، وإنی أصنع هذه التصاوير. فقال ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما: لا أحدّثک إلا ما سمعتُ من رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم سمعتُه يقول: ''من صوّر صورةً، فإن الله معذبه حتی ينفخ فيه الروح، وليس بنافخ فيها أبداً''. فربا الرجل ربوةً شديدةً واصفرّ وجهه، فقال: ويحک! إن أبيت إلا أن تصنع فعليک بهذا الشجر وكل شیء ليس فيه روح''. رواه البخاری''. (مشكوة المصابيح، ص: ۳۸۶، باب التصاوير، الفصل الثانی والثالث، قديمی)

''وقوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ''لا تدخل الملائكة بيتاً فيه كلب و لا صورة''. المراد بهم =

صورت میں ہو یا پاس رکھنے کی صورت میں ہو۔ مال متقوم ہونے کی وجہ سے بیع کو باطل نہیں کہا جائے گا، بلکہ بیع درست ہوگی، یعنی بدلین پر متعاقدین کی ملک حاصل ہو جائے گی (۱)۔

تصویرِ ذی روح ہونے کی بناء پر اس کاروبار کو قبیح و مذموم یعنی مکروہ کہا جائے گا، تاہم اگر ذہن پھر کوئی اغلاق پیدا کر دے تو پھر بھی دریافت کر سکتے ہیں، کیونکہ اغلاق پہلے جواب میں بھی نہیں تھا، بلکہ ذہن نے پیدا کیا تھا۔ فقط واللہ سبحانہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیو بند، ۳/۳/۹۴ھ۔

## برکت کے لئے تصاویر گھر میں رکھنا

سوال [۹۴۷۷]: ۱......مکان وغیرہ میں برکت وخوبصورتی کے لئے علمائے کرام و بزرگانِ دین کی تصاویر کا رکھنا جائز ہے یا نہیں؟

---

= الذين ينزلون بالبركة لا الحفظة، و عدم دخولهم لزجر صاحب البيت عن اتخاذ الصور، الخ". (حاشية الشلبي على تبيين الحقائق للزيلعي: ۱/۴۱۴، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، دارالكتب العلميه بيروت)

"وظاهر كلام النووي في شرح مسلم: الإجماع على تحريم تصوير الحيوان، وقال: و سواء صنعه لما يمتهن أو لغيره، فصنعته حرام بكل حال؛ لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالىٰ، و سواء كان في ثوب أو بساط أو درهم وإناء وحائط وغيرها، اهـ". (رد المحتار: ۱/۶۴۷، مطلب: إذا تردد الحكم بين سنة و بدعة، سعيد)

(وكذا في النهر الفائق: ۱/۲۸۵، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق: ۲/۴۸، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، رشيديه)

(۱) مال غیر متقوم کی بیع باطل ہوتی ہے: "وكذا يبطل بيع مال غير متقوم كالخمر والخنزير". (مجمع الأنهر: ۲/۵۴، كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، دارإحياء التراث العربي بيروت)

"قال الإتقاني: فأما البيع بالميتة والدم باطل، وكذلك بيع الحر، وذلك لانعدام حقيقة البيع؛ لأنها مبادلة المال بالمال على التراضي، وهذه الأشياء ليست بمال عند أحد ممن له دين سماوي فيبطل البيع ولا يفيد الملك". (حاشية الشلبي على تبيين الحقائق، كتاب البيوع، باب البيع الفاسد: ۴/۳۶۲، دارالكتب العلمية بيروت)

## اخبار میں تصاویر کی اشاعت کرنا

سوال[۹۴۷۸] : ۲......اگر کوئی شخص اپنا فوٹو بنوا کر اپنے پاس رکھے یا کہیں بھیجے تو جائز ہے یا نہیں؟

۳......آج کل اخبارات میں علمائے کرام کی تصاویر آ رہی ہیں، مثلاً: اخبار الجمعیۃ میں جناب مولانا سعید احمد صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند اور مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری ودیگر اکابرین کی تصاویر آ رہی ہیں، اس فعل سے اکثر لوگ حجت پکڑتے ہیں اور تصویر کو جائز کہتے ہیں اور ان کی تعظیم کرتے ہیں۔ تو ان لوگوں کا ان علماء کے فعل کو حجت پکڑ کر تصویر فوٹو وغیرہ کو جائز کہنا اور اخبارات ورسائل وغیرہ میں شائع کرانا صحیح وجائز ہے یا نہیں؟

اس کا مفصل حکم مدلل مع ذکر احادیث وآیات قرآن مجید بیان فرما کر ثواب دارین کے مستحق ہوں۔ اگر کوئی صورت جواز کی ہو-جس کا اثبات ادلۂ اربعہ سے ہوتا ہو-نکلتی ہو بعیدہ ہو یا قریبہ، اس کو بھی بیان فرما کر ثواب دارین حاصل کریں۔ اور اگر کوئی شخص کسی عالم یا بزرگ کی تصویر خفیہ طور پر کھنچوا کر شائع کرادے تو وہ شخص من جانب شرع گنہگار ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

المستفتی: بندہ احمد حسن دہام پوری، نائب ناظر تحصیل، ۸/ ذیقعدہ/۱۳۵۴ھ۔

الجواب حامداً ومصلياً:

۱......ایسی تصویر کا گھر میں خوبصورتی وبرکت وغیرہ کے لئے رکھنا شرعاً حرام ہے، اس سے برکت نہیں ہوتی بلکہ نحوست ہوتی ہے، کیونکہ ملائکہ رحمت کا آنا موقوف ہوجاتا ہے(۱)۔

---

(۱) "عن أبي طلحة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لا تدخل الملائكة بيتاً فيه كلب ولا تصاوير". متفق عليه".

"وعن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما عن ميمونة رضي الله تعالىٰ عنها أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أصبح يوماً واجماً، وقال: "إن جبريل كان وعدني أن يلقاني الليلة، فلم يلقني، أمَ والله! ما أخلفني". ثم وقع في نفسه جِرو كلب تحت فسطاط له، فأمر به فأخرج، ثم أخذ بيده ماءً فنضح مكانه، فلما أمسى لقيه جبريل فقال: "لقد كنت وعدتني أن تلقاني البارحة"؟ قال: أجل! ولكنا لا ندخل بيتاً فيه كلب ولا صورة".

"وعن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لم يكن يترك في بيته =

۲......نا جائز ہے(۱)۔

۳......ایسی تصویر سے جواز پر استدلال نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ شرعی مسائل کا ادلۂ اربعہ سے ثبوت ہوتا ہےاور یہ کوئی سی بھی دلیل نہیں۔ بے جان چیزوں درختوں وغیرہ کی تصویر بنانا اور گھر میں رکھنا درست ہے(۲)۔ اسی طرح بلاسر کی تصویر رکھنا بھی جائز ہے(۳)۔ نیز چھوٹی چھوٹی تصویریں جیسے روپیہ پیسہ پر ہوتی ہیں جن کی کوئی

---

= شيئاً فيه تصاليب إلا نَقَضَه". رواه البخاري ". (مشكوة المصابيح، ص: ۳۸۵، باب التصاوير، الفصل الأول، قديمي)

(۱) "وظاهر كلام النووي في شرح مسلم: الإجماع على تحريم تصوير الحيوان، وقال: و سواء صنعه لما يمتهن أو لغيره، فصنعته حرام بكل حال؛ لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالىٰ، و سواء كان في ثوب أوبساط أو درهم وإناء وحائط وغيرها، اهـ". (رد المحتار: ۱/ ۶۴۷، مطلب: إذا تردد الحكم بين سنة و بدعة، سعيد)

(و كذا في النهر الفائق: ۱/ ۲۸۵، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، رشيديه)

(و كذا في البحر الرائق: ۲/ ۴۸، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، رشيديه)

(۲) "عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما .......... قال: "إن كنت لابدّ فاعلاً، فاصنع الشجر و ما لا نفس له". (الصحيح لمسلم: ۲/ ۲۰۲، كتاب اللباس، باب تحريم تصوير صورة الحيوان، قديمي)

قال النووي رحمه الله تعالىٰ: "و أما الشجر و نحوه مما لا روح فيه، فلا يحرم صنعته، ولا التكسب به، وسواء الشجر المثمر وغيره". (شرح النووي على الصحيح لمسلم: ۲/ ۲۰۱، كتاب اللباس، قديمي)

"والتمثال خاص بمثال ذي الروح، لكن المراد هنا ذو الروح، فإن غير ذي الروح لايكره كالشجر". (فتح القدير، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، فصل: ۱/ ۴۱۴، مصطفىٰ البابي الحلبي مصر)

(و كذا في النهر الفائق: ۱/ ۲۸۳، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، قديمي)

(و كذا في ردالمحتار: ۱/ ۶۴۹، كتاب الصلوٰة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، سعيد)

(۳) "أو مقطوعة الرأس أو الوجه أو ممحوة عضو لا تعيش بدونه". (الدرالمختار). وقال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: أو مقطوعة الرأس): أي سواء كان من الأصل أو كان لها رأس و محي، =

خاص عظمت نہیں ہوتی، ان میں بھی مضائقہ نہیں(۱)۔

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم "أتانی جبريل -عليه السلام- قال: أتيتك البارحة، فلم يمنعنی أن أكون دخلت إلا أنه كان علی الباب تماثيل، وكان فی البيت قرام ستر فيه تماثيل، وكان فی البيت كلب، فمُرْ برأس التمثال الذی علی باب البيت فيقطع فيصير كهيئة الشجرة، ومُرْ بالستر فيقطع فليجعل وسادتين منبوذتين توطأن، ومُرْ بالكلب فليخرج. ففعل رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم". رواه الترمذی وأبو داؤد".

---

= وسواء كان القطع بخيط خيط علی جميع الرأس حتی لم يبق له أثر، أو بطليه بمغرة أو بنحته أو بغسله؛ لأنها لاتعبد بدون الرأس عادةً". (الدرالمختار مع ردالمحتار: ۱/۶۴۸، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة ومايكره فيها، مطلب: إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة، سعيد)

(وكذا فی النهر الفائق: ۱/۲۸۵، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، قديمی)

(وكذا فی تبيين الحقائق: ۱/۴۱۵، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، دارالكتب العلمية بيروت)

(وكذا فی العناية علی هامش فتح القدير: ۱/۴۱۲، كتاب الصلوة، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

(۱) "ولو كانت الصورة صغيرةً كالتی علی الدرهم، أو كانت فی اليد أو مستترةً أو مهانةً مع أن الصلاة بذلک، لا تحرم، بل و لا تكره". (ردالمحتار: ۱/۶۴۷، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، سعيد)

(وكذا فی الهداية مع فتح القدير: ۱/۴۱۲، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، فصل، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

"روی أنه كان علی خاتم أبی موسی ذبابتان، وكان لابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما كانون محفوف بصور صغار". (العناية علی هامش فتح القدير، المصدر السابق)

(وكذا فی النهر الفائق: ۱/۲۸۳، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، رشيديه)

(وكذا فی البحر الرائق: ۲/۵۰، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، رشيديه)

"عن سعيد بن أبى الحسن قال: كنت عند ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما؛ إذ جاء رجلٌ فقال: يا ابن عباس! إنى رجل إنما معيشتى من صنعة يدى، وإنى أصنع هذه التصاوير. فقال ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما: لا أحدّثك إلا ما سمعتُ من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم سمعتُه يقول: "من صوّر صورةً، فإن الله معذبه حتى ينفخ فيه الروح، وليس بنافخ فيها أبداً". فربا الرجل ربوةً شديدةً واصفرّ وجهه، فقال: ويحك! إن أبيت إلا أن تصنع فعليك بهذا الشجر وكل شيء ليس فيه روح". رواه البخارى". مشكوة شريف(۱)۔

"وقوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لا تدخل الملائكة بيتاً فيه كلب و لا صورة". المراد بهم الذين ينزلون بالبركة لا الحَفَظة، وعدم دخولهم لزجر صاحب البيت عن اتخاذ الصور، الخ". هامش زيلعى(۲)۔

جوشخص خفیہ طریق سے کسی عالم وغیرہ کی تصویر کھینچوا کر شائع کرے گا وہ گنہگار ہوگا۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۵/۱۱/۵۴ھ۔

## مکان میں تصاویر

سوال[۹۴۷۹]: تصاویر گھروں میں رکھنا تو حرام ہے، لیکن چھت پر جوٹھکریاں لگی ہوتی ہیں اس میں کمپنی کی طرف سے کسی جانور وغیرہ کی تصویر نقش کی گئی ہے تو ایسے مکان میں رہنا کیسا ہے؟ (یہ بھی ممکن ہے کہ کمپنی کا ٹریڈ مارک ہو)۔

**الجواب حامداً ومصلياً:**

حدیث پاک میں ہے:

"قال عليه الصلوة والسلام: "إن البيت الذى فيه الصورة لاتدخله الملٰئكة". متفق

---

(۱) (مشكوة المصابيح، ص: ۳۸۶، باب التصاوير، الفصل الثانى والثالث، قديمى)

(۲) (حاشية الشلبى على تبيين الحقائق للزيلعى: ۱/۴۱۴، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، دارالكتب العلميه بيروت)

علیہ"۔ مشکوۃ شریف، ص: ۳۸۵ (۱)۔

جس مکان میں (جاندار کی) تصویر ہو اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی داخل ہونا گوارہ نہیں کیا، بلکہ داخل ہونے کا ارادہ فرمانے کے باوجود تصویر کی وجہ سے تشریف لے گئے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## آنکھ اور دانت کی تصویر

سوال [۹۴۸۰]: ہم بغرضِ تجارت منجن یا سرمہ بنا کر فروخت کرنا چاہتے ہیں تو اس میں یعنی منجن کے لیبل پر صرف دانت چھپوانا چاہتے ہیں اور سرمہ کے لیبل پر صرف آنکھ کی تصویر ہوگی چہرہ نہیں ہوگا۔ از روئے شرع کیا حکم ہے؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

صرف دانت اور صرف آنکھ کی تصویر درست ہے جب کہ بقیہ چہرہ نہ ہو (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/۱/۸۸ھ۔

---

(۱) (مشكوة المصابيح، باب التصاوير، الفصل الأول، ص: ۳۸۵، قديمى)

"عن أبي طلحة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لاتدخل الملائكة بيتاً فيه كلب ولا تصاوير". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، باب التصاوير، ص: ۳۸۵، قديمى)

(۲) "عن سفينة أن رجلاً ضاف علىَّ بن أبي طالب رضي الله تعالىٰ عنه، فصنع له طعاماً، فقالت فاطمة رضي الله تعالىٰ عنها: لودعونا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فأكل معنا، فدعوه، فجاء فوضع يديه على عضادتي الباب، فرآى القرام قد ضرب في ناحية البيت فرجع، قالت فاطمة رضي الله تعالىٰ عنها فتبعته: فقلت: يارسول الله! ماردّك، قال: "إنه ليس لي أولنبي أن يدخل بيتاً مزوّقا". (مشكوة المصابيح، كتاب النكاح، باب الوليمة، الفصل الثاني، ص: ۲۷۸، قديمى)

(۳) تصویر کا اطلاق اس پر اسی وقت ہوگا جب چہرہ اور سر نظر آئے:

"أو مقطوعة الرأس أو الوجه أو ممحوة عضو لا تعيش بدونه". (الدرالمختار). وقال العلامة=

## نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصویر

بسم الکریم بن صاحب الحق، پیش امام پیکنور تھائی لینڈ۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

سوال[۹۴۸۱]: (الف) بعد از دعوت عرض ہے کہ آپ کے یہاں اس خط کے ساتھ ایک خاکہ بھیج رہے ہیں، ویسے دیکھنے سے آپ کو خود ہی اندازہ ہو جائے گا کہ اس خاکہ میں کلمۂ شہادت کے الفاظ کو اس مشکل میں ترتیب دیا گیا ہے کہ اس سے باقاعدہ تصویر بن گئی ہے جس میں ناک، کان، آنکھ ہر چیز بدن کے صاف دکھائی دیتی ہے، برائے مہربانی اس کے متعلق شرعاً حکم سے آگاہ فرمادیں۔ آیا ایسا کرنا جائز ہے، اس کو گھر میں لٹکانا شرعاً مناسب ہے؟ برائے مہربانی اس خط کو جواب کے ساتھ واپس فرما کر مشکور فرمادیں۔

**نوٹ:** اس تصویر کے متعلق کہا جاتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہے۔

(ب) آپ سب بزرگوں سے استدعاء کہ مجھے اور میرے بھائی عزیز اللہ کے حق میں دعاء فرمائیں کہ

---

= ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ "(قوله: أو مقطوعة الرأس): أی سواء كان من الأصل، أو كان لها رأس ومحی، وسواء كان القطع بخيط خيط على جميع الرأس حتى لم يبق له أثر، أو بطليه بمغرة أو بنحته أو بغسله؛ لأنها لاتعبد بدون الرأس عادةً". (الدرالمختار مع ردالمحتار: ۱/۶۴۸، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة ومايكره فيها، مطلب: إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة، سعيد)

(وكذا فی النهر الفائق: ۱/۲۸۵، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، قديمی)

(وكذا فی تبيين الحقائق: ۱/۴۱۵، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، دارالكتب العلميه بيروت)

(وكذا فی العناية على هامش فتح القدير: ۱/۴۱۶، كتاب الصلوة، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

"(أو مقطوعة الرأس): أی ممحوة الرأس بخيط يخيطه عليه حتى لا يبقى للرأس أثر، أو يطليه بمغره أو نحوه أو ينحته، فبعد ذلك لا يكره؛ لأنها لا تعبد بدون الرأس عادةً". (تبيين الحقائق: ۱/۴۱۵، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، دار الكتب العلمية بيروت)

(وكذا فی البحر الرائق: ۲/۵۰، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، رشيديه)

(وكذا فی البناية: ۲/۵۴۸، كتاب الصلوة، رشيديه)

اللہ کریم رشد و ہدایت کی نعمت سے سرفراز فرماویں، ہمیں صحیح بندگی کی توفیق عطا فرماویں اور ہم سب سے خوش ہوکر ہمیں اپنے پاس بلائے۔آمین۔

محترمی زیدا حترامہ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

دل سے دعاء ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے بھائی عزیز اللہ کو ہمیشہ رشد و ہدایت پر رکھے، اتباع سنت کی پوری توفیق دے، دونوں جہاں کی ترقیات سے نوازے۔

آمین! آپ سے بھی دعاء کی درخواست ہے (جواب خط کی پشت پر ہے)۔

احقر محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند سہارنپور، ۳۰/ ۸/ ۹۰ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جاندار کی تصویر بنانا حرام ہے خواہ لکڑی، مٹی، لوہا، سونا وغیرہ کسی مادہ سے بنائی جائے، یا قلم سے کسی کاغذ یا تختی پر بنائی جائے، یا مشین سے عکس لیا جائے، کسی طرح اجازت نہیں (۱)۔ایسی تصویر بنانے والوں کے لئے حدیث شریف میں عذاب شدید کی وعید ہے، ایسی تصویروں کو مکان میں رکھنا اور کمرہ کی زینت کے لئے آویزاں کرنا بھی جائز نہیں (۲)۔

---

(۱) "و ظاهر كلام النووى فى شرح مسلم: الإجماع على تحريم تصوير الحيوان، وقال: وسواء صنعه لما يمتهن أو لغيره، وصنعته حرام بكل حال؛ لأن فيه مضاهاةً لخلق الله تعالىٰ، وسواء كان فى ثوب أو بساط أو درهم وإناء و حائط وغيرها، اهـ. فينبغى أن يكون حراماً لا مكروهاً إن ثبت الإجماع أو قطعية الدليل بتواتره، اهـ". (رد المحتار: ۱/ ۶۴۷، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، سعيد)

(۲) "عن ابن السباق أن عبد الله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال: أخبرتنى ميمونة رضى الله تعالىٰ عنها أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أصبح يوماً واجماً فقالت ميمونة رضى الله تعالىٰ عنها: يارسول الله! لقد استنكرت هيئتك منذ اليوم، قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إن جبريل كان وعدنى أن يلقانى الليلة، فلم يلقنى، أمَ والله! ما أخلفنى". قال: فظلّ رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يومه ذلك على ذلك، ثم وقع فى نفسه جرو كلب تحت فسطاط لنا، فأمر به فأخرج، ثم أخذ بيده ماءً فنضح مكانه، فلما أمسى لقيه جبريل عليه السلام، فقال: "لقد كنتَ وعدتّنى أن تلقانى =

حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصویر بنانا تو براہِ راست رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بغاوت اور کھلا مقابلہ کرنا ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے، لہذا آپ ہی کی تصویر بنائیں گے (معاذ اللہ)، یہ صورت نہایت خطرناک ہے۔ نیز اپنے ذہن میں صورت مبارکہ کو تجویز کر کے تصویر بنا کر آپ کی طرف منسوب کرنا کہ یہ آپ کی صورت مبارکہ ہے، بہتان عظیم ہے جس کی سزا جہنم ہے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۸/۳۰ھ۔

## روضۂ اقدس کی تصویر مسجد میں

سوال [۹۴۸۲]: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضۂ مبارک کی تصویر مسجد میں لگانا جائز ہے یا نہیں؟ خانہ کعبہ کی تصویر مسجد میں لگا سکتے ہیں یا نہیں؟ فقط۔

**الجواب حامداً ومصلياً:**

لگا سکتے ہیں، مگر سامنے نہ لگائیں جس سے نمازیوں کی نظر اس پر جائے، اونچائی پر لگائیں (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۹/۱۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۹/۱۰ھ۔

---

= البارحة". قال: أجل! ولكنا لا ندخل بيتاً فيه كلب و لا صورة". (الصحيح لمسلم، كتاب اللباس، باب تحريم تصوير صورة الحيوان الخ: ۱۹۹/۲، قديمي)

قال النووي رحمه الله تعالىٰ: "قال أصحابنا وغيرهم من العلما: تصوير صورة الحيوان حرام شديد التحريم، وهو من الكبائر؛ لأنه متوعد عليه بهذا الوعيد الشديد المذكور في الأحاديث، وسواء صنعه بما يمتهن أو بغيره، فصنعته حرام بكل حال؛ لأن فيه مضاهاةً لخلق الله تعالىٰ، وسواء ما كان في ثوب أو بساط أو درهم أو دينار أوفلس أو إناء أو حائط أو غيرها". (شرح النووي على مسلم: ۱۹۹/۱، كتاب اللباس، باب تحريم تصوير صورة الحيوان الخ، قديمي)

(۱) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من كذب علي متعمداً، فليتبوأ مقعده من النار". (الصحيح لمسلم: ۷/۱، باب تغليظ الكذب على رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، قديمي)

(۲) "ولا بأس بنقشه خلا محرابه، فإنه يكره؛ لأنه يلهي المصلي". (الدرالمختار). "(قوله: لأنه يلهي =

## تعلیم کے لئے فوٹو

سوال[۹۴۸۳]: کوئی شخص کالج کی تعلیم حاصل کررہا ہو اور ایسے کالج کے سلسلۂ تعلیم کو باقی رکھنے کے لئے فوٹو اُتروانے کی اشد ضرورت ہو تو کیا وہ کالج کی تعلیم کو برقرار رکھتے ہوئے فوٹو اتروا سکتا ہے؟ از روئے شریعت اس کے جواز یا عدم جواز کے بارے میں لکھیں، تاکہ سلسلۂ تعلیم باقی رکھا جائے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر اس تعلیم کے منقطع کرنے میں نقصانِ عظیم نہ ہو تو منقطع کردیا جائے، ورنہ اس کو جاری رکھنے کے لئے مجبوراً فوٹو کی بھی گنجائش ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیو بند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیو بند۔

## پرائیویٹ امتحان کے لئے فوٹو

سوال[۹۴۸۴]: آج کل سیکڑوں مسلم طلباء اور طالبات پرائیویٹ امتحانات دیتے ہیں جس میں فوٹو لازمی ہے تو اس طرح فوٹو کھینچوانا جائز ہے یا نہیں؟

---

= المصلی): أی فیخل بخشوعه من النظر إلی موضع سجوده ونحوه". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب مایفسد الصلوة ومایکره فیها، مطلب: کلمة لابأس دلیل علی أن المستحب غیره: ۱/۶۵۸، سعید)

"قال فی الشرنبلالیة: قلت: فعلی هذا لا یختص بالمحراب، بل فی أیّ محل یکون أمام من یصلی، بل أعم منه". (منحة الخالق علی هامش البحر الرائق: ۲/۲۵، کتاب الصلوة، فصل: کره استقبال القبلة، رشیدیه)

(وکذا فی تبیین الحقائق: ۱/۴۲۰، کتاب الصلوة، قبیل باب الوتر والنوافل، دارالکتب العلمیه بیروت)

(۱)"إن الضرورات تبیح المحظورات". (الأشباه والنظائر: ۱/۲۵۱، القاعدة الخامسة، (رقم القاعده: ۵۲۸)، إدارة القرآن کراچی)

"تصویر کھینچنا اور کھنچوانا منع ہے، کھنچوانا اگر کسی ضرورت پر مبنی ہو مثلاً: پاسپورٹ کے لئے مباح ہے۔ نیز فوٹو کی تصویر تو صاحب تصویر کے علم وارادہ کے بغیر کھینچ جاتی ہے، اس میں صاحب تصویر پر کوئی مواخذہ نہیں ہے، محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ"۔ (کفایت المفتی، کتاب الحظر والإباحة، بیسواں باب فوٹو، مصوری اور تصویر، بلا ضرورت تصویر کھنچوانا حرام ہے: ۹/۲۳۷، دار الإشاعت کراچی)

الجواب حامداً ومصلياً:

فوٹو اتروانا جائز نہیں، اگر کوئی ایسی مجبوری ہے کہ بغیر اس کے گزارہ نہیں تو وہ معذوری ہے، مجبوری کی حد تک گنجائش ہوگی (۱)، اس پر بھی توبہ واستغفار لازم ہے۔ لڑکیوں کو لڑکوں کی طرح داخلہ لینا، امتحانات دینا، ملازمت کرنا شرعاً بھی قبیح ومذموم ہے اور عقلاً بھی، نیز ان کی غیرت وحیا کے بھی سخت خلاف ہے اور بے شمار اس سے فتنے پیدا ہوتے ہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۳/۸۸ھ۔

## تنخواہ وصول کرنے کے لئے فوٹو

سوال [۹۴۸۵]: میری ملازمت کو بائیس سال ہونے کو آئے ہیں، وظیفہ کے لئے پچیس سال کی

---

(۱) "لأن الضرورات تبيح المحظورات". (الأشباه والنظائر: ۱/۲۵۱، القاعدة الخامسة، رقم القاعدة: ۵۶۸، إدارة القرآن كراچی)

(۲) چونکہ عورت کو بغیر کسی مجبوری کے باہر نکلنے سے شریعت نے منع کیا ہے: لقوله تعالىٰ: ﴿وقرن في بيوتكن ولا تبرّجن تبرج الجاهلية الأولىٰ﴾ (سورة الأحزاب: ۳۳)

نیز نوکری کرنا اور کمانا عورتوں پر لازم نہیں، جب کہ وہ کسی کی کفالت میں ہوں، کیونکہ اس صورت میں ان کا نفقہ کفیل پر ہوتا ہے، ایسے غیر ضروری کام کے لئے کسی ناجائز اور حرام کام کا ارتکاب کرنے کی شرعاً گنجائش نہیں:

"هي لغةً: ما ينفقه الإنسان على عياله، وشرعاً هي الطعام والكسوة والسكنىٰ، وعرفاً هي الطعام. ونفقة الغير تجب على الغير بأسباب ثلاثة: .......... وقرابة وملك .......... فتجب للزوجة بنكاح صحيح .......... على زوجها". (الدرالمختار، كتاب الطلاق، باب النفقة: ۳/۵۷۱، ۵۷۲، سعيد)

"تجب على الرجل نفقة امرأته المسلمة والذمية والفقيرة والغنية دخل بها، أو لم يدخل، كبيرةً كانت المرأة أو صغيرةً يجامع مثلها". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الطلاق، الباب السابع عشر في النفقات، الفصل الأول في نفقة الزوجة: ۱/۵۴۴، رشيديه)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب النكاح، باب النفقة: ۱/۴۳۴، رشيديه)

تکمیل کی ضرورت ہے، مگر فوٹو وظیفہ نکالنے کے لئے ضروری ہے، چونکہ میری نظر سے "أشد الناس عذاباً يوم القيامة المصوّرون "(۱) گزرا۔ ایسی صورت میں وظیفہ کے حصول کے لئے فوٹو لےلوں تو جائز ہوگا یا گناہ؟

الجواب حامداً ومصلياً:

اگر بغیر فوٹو کے وظیفہ نہ ملنے پر آپ کو زیادہ زحمت نہ ہو اور آپ برداشت کر سکیں تو فوٹو نہ لیں (۲)۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## شناختی کارڈ فوٹو کے ساتھ

سوال[۹۴۸۶]: آج کل حکومت پاکستان نے ایک لعنت شناختی کارڈ نکالی ہے کہ ہر شخص کے پاس اس شناختی کارڈ پر فوٹو ہونا ضروری ہے، جس کے پاس نہیں ہوگا وہ جاسوس سمجھا جائے گا اور اس کو جیل میں ڈال دیا جائے گا۔ اب علماء وصلحاء کے لئے اس حکم کی پابندی کرنا کیسا ہے، خواہ مجبوراً ہو؟ ہم لوگ از حد پریشان ہیں۔

الجواب حامداً ومصلياً:

جب ایک ملک میں شہری بن کر رہنا ہے اس سے مفر نہیں تو وہاں کے قانون پر عمل کرنا ہوگا قانون کی خلاف ورزی مستقل جرم ہے جس کی سزا ناقابلِ برداشت بھی ہو سکتی ہے (۳)۔

---

(۱) (مشكوة المصابيح، ص: ۳۸۷، باب التصاوير، الفصل الثالث، قديمی)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿ومن يتق الله يجعل له مخرجاً، ويرزقه من حيث لا يحتسب﴾. (سورة الطلاق: ۲، ۳)

لیکن بوقت ضرورت فوٹو کی گنجائش ہے، كما تقدم تحت المسئلة الماضية آنفاً.

(۳) "ان مخالفة الأمير حرام، إلا إذا اتفق الأكثر أنه ضرر، فيتبع، اهـ". (ردالمحتار: ۱۴۶/۴، كتاب الجهاد، باب المغنم وقسمته، فصل فی كيفية القسمة، مطلب: مخالفة الأمير حرام، سعيد)

"أمر السلطان إنما ينفذ إذا وافق الشرع، وإلا فلا". (الدرالمختار). "(قوله: أمر السلطان إنما ينفذ): أی يتبع و لا تجوز مخالفته .......... و فی ط عن الحموی: إن صاحب البحر ذكر ناقلاً عن أئمتنا أن طاعة الإمام فی غير معصية واجبة، فلو أمر بصوم يوم، وجب، اهـ". (ردالمحتار: ۴۲۲/۵، كتاب القضاء، فصل فی الحبس، مطلب: طاعة الإمام واجبة، سعيد) ..........................

جس طرح قانونی مجبوری کی وجہ سے بعض ملازمین کو بیمہ کرانا پڑتا ہے جس میں قمار بھی ہے، سود بھی ہے۔ نیز رشوت دیئے بغیر بھی دفعِ ظلم یا وصول یابئ حق کی کوئی صورت نہیں، اسی طرح شرعی عدمِ جواز کے باوجود قلب میں شدید انکار کے ساتھ اس کو (شناختی کارڈ کو) بھی برداشت کیا جائے اور استغفار بھی کرتے رہیں تو امید ہے کہ حق تعالیٰ معذور قرار دیں گی (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۴/۹۵ھ۔

## معلم مقرر کرنے کے لئے فوٹو منگانا

سوال[۹۴۸۷]: بیرونِ ہند کے لوگ ہندوستان سے کسی عالم کو بچوں کی تعلیم دینے کی غرض سے بلاتے ہیں، لیکن وہ حضرات اس عالم کا فوٹو صرف دیکھنے کی غرض سے طلب کرتے ہیں۔ تو کیا فوٹو تصویر کھینچنا جائز ہے؟ اسی طریقہ سے شادی کے معاملہ میں لڑکے کا فوٹو طلب کرتے ہیں تو کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

یہ دونوں چیزیں ایسی نہیں کہ جن کے لئے حرام کام کی اباحت دی جائے، بچوں کی تعلیم کے لئے معلم کے فوٹو دیکھنے کی کیا ضرورت ہے، اس کے اخلاق وحالات بذریعہ خط معلوم کئے جاسکتے ہیں۔ یہی حال شادی کا

---

= (وكذا في الدر المختار مع رد المحتار: ۲۶۴/۴، كتاب الجهاد، باب البغاة، مطلب في وجوب طاعة الإمام، سعيد)

(۱) "إن الضرورات تبيح المحظورات". (الأشباه والنظائر: ۲۵۱/۱، القاعدة الخامسة، (رقم القاعدة: ۵۲۸)، إدارة القرآن كراچى)

"أما اتخاذ الصورة الشمسية للضرورة أو الحاجة كحاجتها في جواز السفر، وفي التاشيرة وفي البطاقات الشخصية، أو في مواضع يحتاج فيها إلى معرفة هوية المرء، فينبغي أن يكون مرخصاً فيه، فإن الفقهاء رحمهم الله تعالىٰ استثنوا مواضع الضرورة من الحرمة ......... الخ". (تكملة فتح الملهم: ۱۶۴/۴، كتاب اللباس والزينة، باب تحريم تصوير صورة الحيوان، الصورة عند الحاجة، مكتبة دار العلوم كراچى)

ہے، اس کے لئے بھی فوٹو کی ضرورت نہیں (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۵/۳۰ھ۔

## فوٹو مٹانے کی ترکیب

سوال [۹۴۸۸]: ایک عورت نے ریشم میں اپنے فوٹو کھنچوا رکھے ہیں، لیکن اب اس کو توجہ ہوئی۔ تو وہ کیا کرے، جلا دے یا استعمال میں لاوے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر کپڑے کو رنگ لیا جاوے جس سے فوٹو باقی نہ رہے تو پھر استعمال درست ہوگا (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۱۴/۴ھ۔

☆......☆......☆......☆......☆

---

(۱) لہذا کسی مباح کام کے لئے تصویر سازی کی اجازت نہ ہوگی جو کہ حرام ہے:

''یہ حقیقت تو ہر شخص جانتا ہے کہ دنیوی مصلحت ونفع کے لئے گناہ کرنا، یا کسی فرض وواجب کو چھوڑنا جائز نہیں، مثلاً: کوئی شخص دنیوی نفع کے لئے جھوٹ بولے، دھوکہ دے، نماز نہ پڑھے یا جماعت ترک کردے تو ظاہر ہے کہ ایسا کرنا فسق وحرام ہے، اسی طرح کسی دینی مصلحت کے لئے بھی کسی معصیت کے لئے بھی کسی معصیت کا ارتکاب حرام ہے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اطاعت تمام مصالح پر مقدم ہے اور ام المصالح ہے.......... البتہ اگر کوئی کام شرعاً نہ فرض ہے نہ واجب بلکہ صرف مباح یا مستحب ہے، اس کو کسی دینی مصلحت مثلاً: عوام کو فتنہ یا معصیت یا تکلیف سے بچانے کے لئے چھوڑ دینا جائز ہے.......... مصلحۃً ترک مستحب یا مباح میں بھی یہ شرط ہے کہ اس سے قانون شرع میں تحریف اور مداخلت فی الدین نہ ہوتی ہو مثلاً: اس مستحب یا مباح کام کو عملاً یا اعتقاداً حرام سمجھنے لگے یا کسی مباح شرعی کی ممانعت کا قانون بنا دیا جائے۔.......... حاصل یہ ہے کہ کسی مصلحت کی خاطر مستحب کام کو تو چھوڑا جا سکتا ہے مگر حدود اللہ سے تجاوز اور قانون شریعت کی خلاف ورزی ہرگز جائز نہیں''۔ (احسن الفتاوی: ۶/۳۷-۳۹، رسالہ: سیاست اسلامیہ، سعید کراچی)

(۲) "(أو مقطوعة الرأس): أي ممحوة الرأس بخيط يخيطه عليه، حتى لا يبقى للرأس أثر، أو يطليه بمغرة أو نحوه، أو ينحته، فبعد ذلك لا يكره؛ لأنها لا تعبد بدون الرأس عادةً". (تبيين الحقائق: ۱/۴۱۵، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، دار الكتب العلمية بيروت)

(وكذا في البحر الرائق: ۲/۵۰، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، رشيديه)

(وكذا في البناية: ۲/۵۴۸، كتاب الصلوة، رشيديه)

# الفصل الثانی فی التمثال

## (مجسمہ سازی کا بیان)

### شیر کی کھال کیا تصویر کے حکم میں ہے؟

سوال[۹۴۸۹]: شکاری لوگ شیر، چیتے وغیرہ کا شکار کرنے کے بعد اس کا چمڑہ اس طرح نکالتے ہیں کہ پورا سر اس کے ساتھ رہنے دیتے ہیں، پھر چمڑے کو دباغت کر لیتے ہیں، سر کا اندرونی حصہ بھی کسی طرح صاف کر لیتے ہیں اور اس چمڑے کو جس کے ساتھ پورا سر مع آنکھ وغیرہ کے ہوتا ہے گھر میں رکھتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا اس طرح حیوان کے سر کو رکھنا جائز ہے یا تصویر کی طرح اس کا رکھنا بھی جائز نہ ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ تصویر کے حکم میں نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/ ربیع الاول/ ۸۷ھ۔

### شیر کی کھال میں گھاس بھر کر اس کو شیر بنانا

سوال[۹۴۹۰]: اس زمانہ میں بڑے گھروں میں شیر کی کھال میں گھاس بھر کر اس کو شیر جیسی شکل بنا دیتے ہیں اور مکان میں بطور نمائش رکھتے ہیں، یہ درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

گھاس وغیرہ بھر کر اس طرح شیر کی صورت بنانا اس کا رکھنا اس کی نمائش کرنا، سب نادرست ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۱۱/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۱۱/ ۸۷ھ۔

---

(۱) (راجع الحاشیة المتقدمة)

(۲) **سوال**: "کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص کی بھینس کا بچہ مر گیا، اور وہ بھینس بغیر بچہ کے =

## گڑیاں بنانا اوران سے کھیلنا

سوال [۹۴۹۱]: ایک شخص گڑیاں بناتا ہےاورانہیں بناکرلڑکیوں کودیتاہےاورزیوروغیرہ بھی لاکر دیتاہے گڑیوں کو پہنانے کے لئے۔ اوراگرکوئی منع کرتاہےتولڑکیوں کےکھیلنے کے لئے جائز قرار دیتاہے اورحضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کےفعل سےاستدلال کرتاہے(۱)اوریہ شخص امامت بھی کرتاہے۔

---

= دودھ نہیں دیتی اگراس مردہ بچہ کی کھال نکلواکراوراس میں بھوس وغیرہ بھرکربھینس کودکھلاکردودھ لینےکی غرض سےرکھ لیا جاوےتوکیااس طرح مردہ بچہ کوقائم رکھنااوردودھ پیناجائزہےیانہیں؟

**الجواب:** ''جائزہے''۔(إمداد الفتاویٰ، کتاب الحظر والإباحة، جائزوناجائز،مکروہ افعال کااستعمال، عنوان: جس جانورکابچہ مرجائےاس کادودھ نکالنے کے لئےمصنوعی بچہ بناکررکھنا:۱۵۴/۴، دارالعلوم کراچی)

**سوال:** ''جناب مفتی صاحب! گائےبھینس رکھنےوالوں میں رواج کہ جب ان کی گائےیابھینس کابچہ مرجائےتو اس کی کھال اتارکراس میں بھوسہ بھرلیتے ہیں، جیسےگائےیابھینس اپنابچہ تصورکرکےدودھ آسانی سےدےدیتی ہے۔تو کیاشرعاً یہ تصویرکےحکم میں داخل ہےیانہیں؟

**جواب:** ''صورتِ مسئولہ میں بچھڑےکی کھال پرتصویرکی تعریف صادق نہیں آتی اورنہ یہ تصویرکےحکم میں ہے، بلکہ ضرورت کی وجہ سےقدرتی پیداکردہ جسم کوایک گونہ محفوظ رکھاجاتاہے،اس سےیہ تصویرکےحکم میں داخل نہیں ہے، بلکہ بوقت ضرورت ایساکرنامرخص ہے''۔(فتاویٰ حقانیہ، کتاب الکراهية، باب التصاویر، بچھڑےکی کھال سےتصویربنانا: ۴۳۳/۲، حقانیہ پشاور)

بوقت ضرورت اس کی اجازت دی گئی ہے۔

حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نےبھی اس کےجوازپرفتویٰ دیاہے، جیسےگذشتہ سوال میں گذرگیا، یہاں کوئی خاص ضرورت پیش نظرنہیں،اس لئےبظاہرحضرت رحمہ اللہ تعالیٰ نےعدمِ جوازکافتویٰ دیاہے۔

نیزتاریخ کےاعتبارسےیہ فتویٰ مؤخرہے،اس لئےاس کورجوع پربھی محمول کیاجاسکتاہے۔واللہ اعلم بالصواب۔

(۱) "عن عائشه رضي الله تعالىٰ عنها، أنها كانت تلعب بالبنات عند رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، قالت: وكانت تأتيني صواحبي فكنّ ينقمعن من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يسرّ بهنّ إلي ......... حد ثنا محمد بن بشر كلهم عن هشام بهذا الإسناد، وقال في حديث جرير: كنت ألعب بالبنات في بيته وهنّ اللعب". (الصحيح لمسلم، كتاب فضائل الصحابة رضي الله تعالىٰ عنهم، باب في فضل عائشة رضي الله تعالىٰ عنها: ۲۸۵/۲، قديمي) =

دریافت طلب امر یہ ہے کہ گڑیوں کا بنانا اور لڑکیوں کا کھیلنا گڑیوں سے جائز ہے یا نہیں؟ اور ایسے شخص کے پیچھے نماز ہوتی ہے یا نہیں؟ بینوا وتوجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی گڑیا کیسی تھی؟ کپڑے کی یا لوہے کی، تانبے پیتل مٹی کی اور پھر ان میں ہاتھ، پاؤں، آنکھ، ناک وغیرہ اعضاء بھی موجود تھے یا نہیں؟ جب تک مستدِل ان چیزوں کی تحقیق نہ کرے اس وقت تک زمانۂ مروجہ کی گڑیاں بنانے اور فروخت کرنے پر استدلال درست نہ ہوگا۔ تصویر جاندار کی بنانے اور رکھنے سے خواہ کپڑے کی ہو، خواہ کسی اَور شئی کی احادیث میں صریح ممانعت ہے(۱)۔

---

= عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها أن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم تزوّجها وهی بنت سبع سنین وزفّت إلیه، وهی بنت تسع سنین ولعبها معها، ومات عنها، وهی بنت ثمانی عشرة". (مشكوة المصابیح، كتاب النكاح، باب الولی فی النكاح واستیذان المرأة، الفصل الأول، ص: ۲۷۰، قدیمی)

موجودہ زمانے کی (تصویری) گڑیوں کے جواز پر حدیث عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے استدلال کرنا درست نہیں، کیونکہ اس میں کئی احتمالات ہیں، چنانچہ ملا علی القاری رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

"ویحتمل أن یكون مخصوصاً من أحادیث النهی عن اتخاذ الصور، لما ذكر من المصلحة، ویحتمل أن یكون قضیة عائشه رضی الله تعالیٰ عنها هذه فی أول الهجرة قبل تحریم الصورة". (مرقاة المفاتیح: ۶/۲۹۴، كتاب النكاح، (رقم الحدیث: ۳۱۲۹)، رشیدیه)

(۱) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "أتانی جبریل -علیه السلام- قال: أتیتک البارحة، فلم یمنعنی أن أكون دخلت إلا أنه كان علی الباب تماثیل، وكان فی البیت قرام ستر فیه تماثیل، وكان فی البیت كلب، فمُرْ برأس التمثال الذی علی باب البیت فیقطع فیصیر كهیئة الشجرة، ومُرْ بالستر فیقطع فلیجعل وسادتین منبوذتین توطأن، ومُرْ بالكلب فلیخرج. ففعل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم". رواه الترمذی وأبو داؤد".

"عن سعید بن أبی الحسن قال: كنت عند ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما؛ إذ جاء رجلٌ فقال: یا ابن عباس! إنی رجل إنما معیشتی من صنعة یدی، وإنی أصنع هذه التصاویر. فقال ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما: لا أحدّثک إلا ما سمعتُ من رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم سمعتُه یقول: "من صوّر صورةً، فإن الله معذبه حتی ینفخ فیه الروح، ولیس بنافخ فیها أبداً". فربا الرجل ربوةً شدیدةً=

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے دروازہ پر لٹکے ہوئے پردہ کو تصویر ہی کی وجہ سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ناگواری کو دیکھ کر پھاڑ ڈالا تھا (۱)، غالباً مستدل کے سامنے یہ احادیث بھی ہوں گی:

"وكذا بطل بيع مالٍ غير متقوم كالخمر والخنزير، ويدخل فيه فرسٌ أوثورٌ من خزف لاستيناس الصبي؛ لأنه لاقيمة له ولايضمن متلفه". درمنتقی: ۲/٥٤ (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/۳/۵۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۲/ ربیع الأول/ ۵۹ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

---

= واصفرّ وجهه، فقال: ويحك! إن أبيت إلا أن تصنع فعليك بهذا الشجر وكل شيء ليس فيه روح". رواه البخاری". (مشكوة المصابيح، ص: ۳۸۲، باب التصاوير، الفصل الثاني والثالث، قديمي)

"وقوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لا تدخل الملائكة بيتاً فيه كلب ولا صورة". المراد بهم الذين ينزلون بالبركة لا الحَفَظة، وعدم دخولهم لزجر صاحب البيت عن اتخاذ الصور، الخ". (حاشية الشلبي على تبيين الحقائق للزيلعي: ۱/۴۱۴، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، دارالكتب العلميه بيروت)

"وظاهر كلام النووي في شرح مسلم: الإجماع على تحريم تصوير الحيوان، وقال: وسواء صنعه لما يمتهن أو لغيره، فصنعته حرام بكل حال؛ لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالىٰ، وسواء كان في ثوب أوبساط أو درهم وإناء وحائط وغيرها، اهـ". (رد المحتار: ۱/۶۴۷، مطلب: إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة، سعيد)

(وكذا في النهر الفائق: ۱/۲۸۵، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق: ۲/۴۸، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، رشيديه)

(۱) "وعنها (عائشة رضی الله تعالىٰ عنها) أن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خرج في غزاة، فأخذت نمطاً فسترته على الباب، فلما قدم فرای النمط، فجذبه حتى هتكه، ثم قال: "إن الله لم يأمرنا أن نكسوا الحجارة والطين". متفق عليه". (مشكوٰة المصابيح، ص: ۳۸۵، كتاب اللباس، باب التصاوير، الفصل الأول، قديمي)

(۲) (الدر المنتقى على هامش مجمع الأنهر: ۲/۵۴، كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(وكذا في الدر المختار مع ردالمحتار: ۵/۲۲۶، كتاب البيوع، باب المتفرقات، سعيد)

## بچوں کی گڑیا اور کھلونا

سوال [۹۴۹۲]: مسلمانوں کے گھروں میں بچوں کے لئے جو کھلونے ہوتے ہیں ان میں گڑیا وغیرہ اکثر وبیشتر ہوا کرتی ہیں۔ بچے کا ایسے کھلونا کے ساتھ کھلانا کیسا ہے، مسلمانوں کے گھروں میں ان کا رکھنا کیسا ہے؟ مسلمانوں کے ان کی تجارت کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

گڑیا کی یا کسی اور کھلونے کی شکل وصورت جاندار کی نہ ہوتو کچھ مضائقہ نہیں (۱)، جاندار کی صورت بنانا اور گھر میں رکھنا منع ہے (۲)، بچوں کے لئے بھی نہ رکھیں۔ ایسی صورتوں کی تجارت بھی نہ کریں (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

---

(۱) "وفی اٰخر حظر المجتبی: عن أبی یوسف رحمه الله تعالیٰ: یجوز بیع اللعبة وأن یلعب بها الصبیان". (الدرالمختار). قال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ: "(قوله: عن أبی یوسف): أی ناقلاً عن أبی یوسف رحمه الله تعالیٰ، وظاهره أنه قوله، لا روایةً عنه، حتی یقال: إن هذا یشعر بضعفه، ونسبته إلی أبی یوسف لاتدل علی أن الإمام یخالفه، لاحتمال أن یکون له فی المسألة قول، فافهم". (ردالمحتار: ۲۲۶/۵، کتاب البیوع، باب المتفرقات، سعید)

(ومرقاة المفاتیح: ۲۹۴/۲، تحت رقم الحدیث: ۳۱۲۹، رشیدیه)

(۲) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "أتانی جبریل -علیه السلام- قال: أتیتک البارحة، فلم یمنعنی أن أکون دخلت إلا أنه کان علی الباب تماثیل، وکان فی البیت قرام ستر فیه تماثیل، وکان فی البیت کلب، فمُرْ برأس التمثال الذی علی باب البیت فیقطع فیصیر کهیئة الشجرة، ومُرْ بالستر فیقطع فلیجعل و سادتین منبوذتین توطأن، ومُرْ بالکلب فلیخرج. ففعل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم". رواه الترمذی وأبو داؤد".

"عن سعید بن أبی الحسن قال: کنت عند ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما؛ إذ جاء رجلٌ فقال: یا ابن عباس! إنی رجل إنما معیشتی من صنعة یدی، وإنی أصنع هذه التصاویر. فقال ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما: لا أحدّثک إلا ما سمعتُ من رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم سمعتُه یقول: "من صوّر صورةً، فإن الله معذبه حتی ینفخ فیه الروح، ولیس بنافخ فیها أبداً". فربا الرجل ربوةً شدیدةً واصفرّ وجهه، فقال: ویحک! إن أبیت إلا أن تصنع فعلیک بهذا الشجر وکل شیء لیس فیه =

☆......☆......☆......☆......☆

= روح''. رواه البخاری''. (مشکوة المصابیح، ص: ۳۸۶، کتاب اللباس، باب التصاویر، الفصل الثانی والثالث، قدیمی)

''وقوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ''لا تدخل الملائکة بیتاً فیه کلب و لا صورة''. المراد بهم الذین یتزلون بالبرکة لا الحَفَظة، و عدم دخولهم لزجر صاحب البیت عن اتخاذ الصور، الخ''. (حاشیة الشلبی علی تبیین الحقائق للزیلعی: ۱/۴۱۳، کتاب الصلوة، باب مایفسد الصلوة ومایکره فیها، دارالکتب العلمیه بیروت)

''وظاهر کلام النووی فی شرح مسلم: الإجماع علی تحریم تصویر الحیوان، وقال: و سواء صنعه لما یمتهن أو لغیره، فصنعته حرام بکل حال؛ لأن فیه مضاهاة لخلق الله تعالیٰ، و سواء کان فی ثوب أوبساط أو درهم وإناء وحائط وغیرها، اهـ''. (رد المحتار: ۱/۶۴۷، مطلب: إذا تردد الحکم بین سنة و بدعة، سعید)

(وکذا فی النهر الفائق: ۱/۲۸۵، کتاب الصلوة، باب ما یفسد الصلاة و ما یکره فیها، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق: ۲/۴۸، کتاب الصلوة، باب ما یفسد الصلاة و ما یکره فیها، رشیدیه)

(۳) ''وکذا بطل بیع مالٍ غیر متقوم کالخمر والخنزیر، ویدخل فیه فرسٌ أوثورٌ من خزف لاستیناس الصبی؛ لأنه لاقیمة له ولایضمن متلفه''. (الدرالمنتقی علی هامش مجمع الأنهر: ۲/۵۴، کتاب البیوع، باب البیع الفاسد، دارإحیاء التراث العربی بیروت)

(وکذا فی درالمختار مع ردالمحتار: ۵/۲۲۶، کتاب البیوع، باب المتفرقات، سعید)

# الفصل الثالث فی الملهی والتلفزیون

## (سنیما اور ٹی وی کا بیان)

### سینما دیکھنا

سوال[۹۴۹۳]: موجودہ زمانہ میں جو سینما وغیرہ نکلے ہیں جس میں انسان وحیوان کی تصویریں بذریعۂ آلاتِ موسیقی دکھلائی جاتی ہیں جس کو بولتی گاتی فلم کہتے ہیں، اس میں پیسہ خرچ کرنا اور اس کو دیکھنا شرعاً کس قسم کا گناہ ہے اور کیا اس پر اصرار کبیرہ ہے اور کیا اس سے کفر لازم آتا ہے؟

سید حبیب الرحمٰن، شہر بمبئی، نمبر: ۸، محلّہ کمائی ٹولہ، پانچویں گلی کی مسجد۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

سینما وغیرہ تماشوں کو دیکھنا اضاعتِ وقت، لہو ولعب اور گناہ ہے (۱)، اس میں پیسے خرچ کرنا اسراف

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ومن الناس من یشتری لهو الحدیث لیضل عن سبیل الله﴾ (سورة لقمان: ٦)

قال العلامة الآلوسی رحمه الله تعالیٰ: "﴿لهو الحدیث﴾ علی ما روی عن الحسن: "کل ماشغلک عن عبادة الله تعالیٰ وذکره من السمر والأضاحیک والخرافات والغناء ونحوها.....الخ".

(روح المعانی: ٢١/٦٧، دار إحیاء التراث العربی، بیروت)

(وکذا فی تفسیر ابن کثیر: ٣/٥٨٣، مکتبه دار الفیحاء، دمشق)

قال العلامة الحصکفی رحمه الله تعالیٰ: "وفی السراج: ودلّت المسألة أن الملاهی کلها حرام، ویدخل علیهم بلا إذنهم، لإنکار المنکر. قال ابن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه: "صوت اللهو والغناء ینبت النفاق فی القلب کما ینبت الماء النبات". قلت: وفی البزّازیة: استماع صوت الملاهی کضرب قصب ونحوه حرام؛ لقوله علیه الصلوٰة والسلام: "استماع الملاهی معصیة، والجلوس علیها فسق، والتلذذ بها کفر": أی بالنعمة، فصرفُ الجوارح إلی غیر ما خُلق لأجله کفرٌ بالنعمة لاشکرٌ، فالواجب کل الواجب أن یجتنب کی لایسمع، لماروی أنه علیه الصلوٰة والسلام أدخل أصبعه فی أذنه =

..........................................................................................

= عند سماعه". (الدر المختار).

قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "ذكر شيخ الإسلام أن كل ذلك مكروه عند علمائنا، واحتج بقوله تعالىٰ: ﴿ومن الناس من يشتري لهو الحديث﴾ الآية، جآء في التفسير: أن المراد الغناء .......... سماع غناء، فهو حرام بإجماع العلماء .......... والحاصل: أنه لا رخصة في السماع في زماننا". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة: ٦/ ٣٤٩، سعيد)

(وكذا في الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الشهادات، باب القبول وعدمه: ٥/ ٤٨٢، سعيد)

(وكذا في الهداية، كتاب الشهادة، باب من يقبل شهادته ومن لا يقبل: ٣/ ١٦٢، مكتبه شركت علميه، ملتان)

(وكذا في فتح القدير، كتاب الشهادة، باب من يقبل شهادته ومن لا يقبل: ٧/ ٤١٠، مصطفىٰ البابي الحلبي مصر)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب السابع عشر في الغناء واللهو: ٥/ ٣٥٢، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في الأكل والشرب: ٨/ ٣٤٦، رشيديه)

"عن جابر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "الغناء ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء الزرع". رواه البيهقي في شعب الإيمان". (مشكوٰة المصابيح، كتاب الآداب، باب البيان والشعر، الفصل الثالث، ص: ٤١١، قديمي)

قال العلامة الملا علي القاري رحمه الله تعالىٰ: "الغناء" -بكسر الغين، ممدوداً: أي التغني- "ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء الزرع". يعني الغناء سبب النفاق ومؤدٍ إليه، فأصله وشعبته، كما قال .......... وفي شرح السنة: قيل: الغناء رقية الزنا .......... وقال النووي في الروضة: غناء الإنسان بمجرد صوته مكروه، وسماعه مكروه، وإن كان سماعه من الأجنبية كان أشد كراهة. والغناء بآلات مطربة هو من شعار شاربي الخمر كالعود والطنبور والصنج والمعازف وسائر الأوتار حرام، وكذا سماعه حرام .......... وأطنب في دلائل تحريمه". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب البيان والشعر، الفصل الثالث: ٨/ ٥٥٧، ٥٥٨، (رقم الحديث: ٤٨١٠)، رشيديه) .......... =

ہے جوکہ بنصِ قطعی ممنوع ہے: ﴿و لا تسرفوا إنه لا يحب المسرفين﴾(۱) و فی مقام اٰخر: ﴿إن المبذرين كانوا إخوان الشياطين، و كان الشيطان لربه كفوراً﴾(۲)۔ توبہ نہ کرنے سے اصرار علی الکبیرہ ہوجاوے گا(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

محمود گنگوہی،۲۳/۶/۵۳ھ۔

جواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

---

= ''وكره كل لهو، لقوله عليه الصلاة والسلام: "كل لهو المسلم حرام إلا ثلاثة". (الدر المختار).

قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: وكره كل لهو): أی كل لعب و عبث، فالثلاثة بمعنی واحد كما فی شرح التاويلات، والإطلاق شامل لنفس الفعل، واستماعه كالرقص والسحرية والتصفيق وضرب الأوتار من الطنبور والبربط والرباب والقانون والمزمار والصنج والبوق، فإنها كلها مكروهة؛ لأنها زیّ الكفار، واستماع ضرب الدف والمزمار وغيرذلک حرام". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۶/۳۹۵، سعيد)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب السابع عشر فی الغناء واللهو: ۵/۳۵۲، رشيديه)

(وكذا فی الهداية، كتاب الكراهية، مسائل متفرقة: ۴/۴۷۵، شركت علميه ملتان)

(وكذا فی فتح القدير والعناية على هامش فتح القدير: ۱۰/۶۴، مصطفىٰ البابی الحلبی مصر)

(۱) (سورة الأعراف: ۳۱)

(۲) (سورة الإسراء: ۲۷)

(۳) "وترد شهادته بتأخيره: أی سنينا؛ لأن تأخيره صغيرةٌ، و بارتكابه مرةً لا يفسق إلا بالإصرار، بحر". (الدرالمختار). وقال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ عليه: "(قوله: إلا بالإصرار): أی لكن بالإصرار، فهو استثناء منقطع، لعدم دخول الإصرار تحت المرة. ثم لا يخفى أنه لا يلزم من عدم الفسق عدم الإثم، فإنه يأثم و لو بمرة ......... ومقتضاه أنه غير مقدر بعدد بل مفوض إلى الرأی والعرف، والظاهر أنه بمرتين لا يكون إصراراً". (ردالمحتار: ۲/۴۵۷، كتاب الحج، مطلب فيمن حج بمال حرام، سعيد)

(وكذا فی النهر الفائق: ۲/۵۴، كتاب الحج، قديمی)

(وكذا فی البحر الرائق: ۲/۵۴۳، كتاب الحج، رشيديه)

## سینما تھیٹر دیکھنا

سوال[۹۴۹۴]: مسلمان مردوعورتوں کا سینما، ٹاکیز، تھیٹر تماشا میں جانا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ناجائز ہے:"الملاهی کلها حرام حتی التغنی بضرب القضیب، اهـ". هدایه(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۹/صفر/۱۳۵۹ھ۔

## سینما، تصویر، فوٹو

سوال [۹۴۹۵]: ۱......عمر سینما کا شائق ہے، اس بہانہ سے جاتا ہے کہ اس سے نصیحت آمیز باتیں حاصل ہوتی ہیں۔ کیا کسی صورت میں سینما جانا درست ہوسکتا ہے؟

---

(۱) (الهداية: ۴/۴۵۵، کتاب الکراهية، فصل فی الأکل والشرب، مکتبه شرکت علمیه ملتان)

"لأن محمداً رحمه الله تعالیٰ علیه أطلق اسم اللعب والغناء بقوله: فوجد ثمة اللعب والغناء. فاللعب وهو اللهو حرام، کذا فی العناية. وهذا القدر من التعلیل کاف فی بیان دلالة المسئلة علی أن الملاهی کلها حرام، هو الصحیح المختار عندی. وقد زاد جمهور الشراح علی ذلک کلاماً آخر حیث قالوا: فاللعب وهو اللهو حرام بالنص، قال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "لهو المؤمن باطل إلا فی ثلاث: تادیبه فرسه". وفی روایة: وملا عبته بفرسه ورمیه عن قوسه وملا عبته مع أهله". (فتح القدیر: ۱۰/۱۴، ۱۵، کتاب الکراهية، فصل فی الأکل والشرب، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

(وکذا فی الدرالمختار مع ردالمحتار: ۶/۳۴۹، کتاب الحظر والإباحة، سعید)

(وکذا فی الدرالمختار مع ردالمحتار: ۵/۴۸۲، کتاب الشهادة، باب القبول و عدمه، سعید)

(وکذا فی مجمع الأنهر: ۲/۵۵۰، کتاب الکراهية، فصل فی المتفرقات، دارإحیاء التراث العربی، بیروت)

(وکذا فی العناية علی هامش فتح القدیر: ۱۰/۱۴، کتاب الکراهية، فصل فی الأکل والشرب، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

## تصویر اور فوٹو میں فرق

سوال[۹۴۹۶]: ۲...... تصویر اور فوٹو میں کچھ فرق ہے یا نہیں، فوٹو رکھنا شرعاً کیسا ہے؟ جواب مفصل اور کتب معتبرہ سے ہونا ضروری ہے۔ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ا...... کیا عمر کو نصیحت آمیز باتیں اہلِ صلاح کی مجلس میں کہیں میسر نہیں آتیں کہ اس لہو ولعب اور خلافِ شرع مجلس میں جاتا ہے، یہ سب حیلہ اور کیدِ نفس ہے، ایسی جگہ جانا شرعاً ہرگز جائز نہیں (۱)۔

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ومن الناس من يشتری لهو الحديث ليضل عن سبيل الله﴾ (سورة لقمان: ۶)

قال العلامة الآلوسی رحمه الله تعالیٰ: "﴿لهو الحديث﴾ علی ما روی عن الحسن: "كل ماشغلک عن عبادة الله تعالیٰ وذكره من السمر والأضاحيک والخرافات والغناء ونحوها......الخ".

(روح المعانی: ۲۱/۶۷، (سورة لقمان: ۶) دارإحياء التراث العربی، بيروت)

(وكذا فی تفسير ابن كثير: ۳/۵۸۳، مكتبة دار الفيحاء، دمشق)

قال العلامة الحصكفی رحمه الله تعالیٰ: "وفی السراج: ودلّت المسألة أن الملاهی كلها حرام، ويدخل عليهم بلا إذنهم، لإنكار المنكر. قال ابن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه: "صوت اللهو والغناء ينبت النفاق فی القلب كما ينبت الماء النبات". قلت: وفی البزازية: استماع صوت الملاهی كضرب قصب ونحوه حرام؛ لقوله عليه الصلوٰة والسلام: "استماع الملاهی معصية، والجلوس عليها فسق، والتلذذبها كفر": أی بالنعمة، فصرفُ الجوارح إلی غيرماخُلق لأجله كفرٌ بالنعمة لاشكرٌ، فالواجب كل الواجب أن يجتنب كی لايسمع، لماروی أنه عليه الصلوٰة والسلام أدخل أصبعه فی أذنه عند سماعه". (الدرالمختار).

قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالیٰ: "ذكر شيخ الإسلام أن كل ذلک مكروه عند علمائنا، واحتجّ بقوله تعالیٰ: ﴿ومن الناس من يشتری لهو الحديث﴾ الآية، جآء فی التفسير: أن المراد الغناء ...... سماع غناء، فهو حرام بإجماع العلماء ......... والحاصل: أنه لارخصة فی السماع فی زماننا". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة: ۶/۳۴۹، سعيد)

(وكذافی الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الشهادات، باب القبول وعدمه: ۵/۴۸۲، سعيد)

(وكذا فی الهداية، كتاب الشهادة، باب من يقبل شهادته ومن لا يقبل: ۳/۱۶۲، مكتبه شركت علميه ملتان) =

۲...... حکم کے اعتبار سے ہر دو میں کچھ فرق نہیں، فوٹو بالکل تصویر کے حکم میں ہے، حیوان کا فوٹو رکھنا شرعاً ناجائز ہے:

"عن أبی طلحة رضی اللّٰه تعالیٰ عنه قال: قال النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم: "لاتدخل الملائكة بیتاً فیه كلب ولاتصاویر، ا ه". بخاری شریف (۱)۔

بے جان درخت وغیرہ کا فوٹو رکھنا درست ہے:

"قال العلماء: تصویر صورة الحیوان حرامٌ شدید التحریم، وهو من الكبائر؛ لأنه متوعّد علیه بهذا الوعید الشدید (أی "أشد الناس عذاباًعند اللّٰه المصورون") وسواء صنعه لما یمتهن،

---

= (وكذا فی فتح القدیر، كتاب الشهادة، باب من یقبل شهادته ومن لا یقبل: ۷/۴۱۰، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكیریة، كتاب الكراهیة، الباب السابع عشر فی الغناء واللهو: ۵/۳۵۴،رشیدیه)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الكراهیة، فصل فی الأكل والشرب: ۸/۳۴۶، رشیدیه)

"عن جابر رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "الغناء ینبت النفاق فی القلب كما ینبت الماء الزرع". رواه البیهقی فی شعب الإیمان". (مشكوٰة المصابیح، كتاب الآداب، باب البیان والشعر، الفصل الثالث، ص: ۴۱۱، قدیمی)

قال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: "الغناء" -بكسر الغین، ممدوداً: أی التغنی- "ینبت النفاق فی القلب كماینبت الماء الزرع". یعنی الغناء سبب النفاق ومؤدٍ إلیه، فأصله وشعبته، كما قال ......... وفی شرح السنة: قیل: الغناء رقیة الزنا......... وقال النووی فی الروضة: غناء الإنسان بمجرد صوته مكروه، وسماعه مكروه. وإن كان سماعه من الأجنبیة، كان أشد كراهة. والغناء بآلات مطربة هو من شعار شاربی الخمر كالعود والطنبور والصنج والمعازف وسائر الأوتار حرام، وكذاسماعه حرام ......... وأطنب فی دلائل تحریمه". (مرقاة المفاتیح، كتاب الآداب، باب البیان والشعر، الفصل الثالث: ۸/۵۵۷، ۵۵۸، (رقم الحدیث: ۴۸۱۰)، رشیدیه)

(۱) (صحیح البخاری: ۲/۸۸۰، كتاب اللباس،باب التصاویر، قدیمی)

(وكذا فی ردالمحتار: ۱/۳۴۷،مطلب اذاتردد الحكم بین سنة وبدعة، سعید)

(وأیضاً راجع عنوان "تصاویر برکت کے لئے گھر میں رکھنا")

أم لغيره، فصنعه حرام بكل حال، وسواء كان في ثوب أو بساط أو درهم أو دينار أوفلس أو إناء أوحائط أو غيرها، فأما تصوير ماليس فيه صورة الحيوان، فليس بحرام، اهـ". فتح الباري: ۱/ ۳۱۵(۱)۔

مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی نے تصویر اور فوٹو کے احکام میں ایک مستقل رسالہ تصنیف کیا ہے، اس میں اس کو تفصیل سے لکھا ہے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

## قسم قسم کی فلم دیکھنا

سوال [۹۴۹۷]: ۱.....فلم "خانۂ خدا" دیکھنا کیسا ہے؟

۲.....موجودہ دور کی فلمیں دیکھنا کیسا ہے؟

۳.....جنگ کی فلمیں دیکھنا کیسا ہے؟

۴.....تبلیغی فلم (جس سے کوئی اصلاح ہوتی ہو) دیکھنا کیسا ہے؟

**الجواب حامداً ومصلياً:**

۱-۴.....ناچ گانا شرعاً ناجائز ہے، اس کا دیکھنا اور سننا بھی ناجائز ہے اگر چہ وہ فلم ہی کے ذریعہ ہو، دینی عبادت کو تماشہ بنانا تو اور بھی خطرناک ہے۔ فلم تو خود مستقل لغو تماشا ہے، اس میں اور لوگوں کو ملایا جائے تو مجموعۂ لغویات ہوگا (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱/ ۸۹ھ۔

---

(۱) (فتح الباري، كتاب اللباس، باب عذاب المصورين يوم القيامة، (رقم الحديث: ۵۹۵۰): ۱۰/ ۴۷۰، قديمي)

(۲) (تصویر کے شرعی احکام، ادارۃ المعارف کراچی)

(۳) "ودلت المسألة أن الملاهي كلها حرام، ويدخل عليهم بلا إذنهم لإنكار المنكر. قال ابن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه: صوت اللهو والغناء ينبت النفاق في القلب كماينبت الماء النبات". (الدرالمختار).

وقال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: ودلت المسألة، الخ)؛ لأن محمداً رحمه الله =

## متبعِ شریعت کو سینما دیکھنا

سوال [۹۴۹۸]: نیک کام میں حصہ لیتا ہے، لیکن سینما دیکھتا ہے۔ اس کا یہ فعل کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نماز پڑھنا اور ہر نیک کام میں حصہ لینا عین سعادت ہے، سینما دیکھنا گناہ ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/۵/۶۶ھ۔

---

= تعالیٰ أطلق اسم اللعب والغناء، فاللعب وهو اللهو حرام بالنص، قال عليه الصلوٰة والسلام: "لهو المؤمن باطل إلا في ثلاث ............ اهـ". وكذاقول الإمام "ابتُليت" دليل على أنه حرام، إتقاني. وفيه كلام لابن الكمال، فيه كلام، فراجعه متأملاً". (ردالمحتار: ۳۴۸/۶، كتاب الحظر والإباحة، سعيد)

"وكره كل لهو، لقوله عليه الصلاة والسلام: "كل لهو المسلم حرام إلاثلاثة". (الدر المختار). قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: وكره كل لهو): أي كل لعب وعبث، فالثلاثة بمعنى واحد، كما في شرح التاويلات. والإطلاق شامل لنفس الفعل، واستماعه كالرقص والسخرية والتصفيق وضرب الأوتار من الطنبور والبربط والرباب والقانون والمزمار والصنج والبوق، فإنها كلها مكروهة؛ لأنها زيّ الكفار. واستماع ضرب الدف والمزمار وغيرذلک حرام. وإن سمع بغتةً، يكون معذوراً، ويجب أن يجتهدأن لايسمع". (ردالمحتار: ۳۹۵/۶، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

(وكذا في الهداية: ۴۷۵/۴، كتاب الكراهية، مسائل متفرقه، شركت علميه ملتان)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۵۴/۵، كتاب الكراهية، الباب السابع عشر في الغناء واللهو، رشيديه)

(۱) "ودل قوله: "ابتُليت" على حرمة كل الملاهي حتىٰ التغني بضرب القضيب؛ لأن الابتلاء إنما يكون بالمحرم". (مجمع الأنهر، كتاب الكراهية، فصل في المتفرقات: ۵۵۰/۲، دارإحياء التراث العربي، بيروت)

## سینما میں معجزہ شق القمر اور اس کی توجیہ

**استفتاء** [۹۴۹۹]: زید کہتا ہے کہ اگر سینما کے تماشہ میں معجزۂ شق القمر کی تصویر دکھلائی جاتی ہے اور نعت، غزلیں پڑھی جاتی ہیں تو ﴿إن الحسنات يذهبن السيئات﴾ (۱) کے ارشادِ خداوندی کے مطابق معصیت کا زور ہلکا ہوتا ہے، اس لئے وہ دلیلیں پیش کرتا ہے: اولاً یہ کہ نعت وغزل اور معجزۂ شق القمر کی تصویر عوام کے حق میں علمی گہری تبلیغی قیمت رکھتی ہے۔ اور ثانیاً یہ کہ نفس کی خرابیاں جب انسان کا منہ کالا کرنے پر ہی آمادہ ہی کریں تو صریح حرام کاری کے مقابلے میں تو متعہ کی گنجائش بہرحال ہے ہی۔

اس کے جواب میں عمر کہتا ہے کہ یہ استدلال غلط ہے۔ کیونکہ سینما کے تماشہ میں نعت غزل پڑھنے یا معجزۂ شق القمر کی تصویر دکھانے سے معصیت کی شدت کم نہیں ہوتی، بلکہ اور زائد ہوجاتی ہے، کیونکہ اس سے احکامِ شرعیہ کا استخفاف لازم آتا ہے، اس کی صورت بالکل وہی ہوجاتی ہے جو قرآن پاک کو ساز اور دف پر گا کر پڑھنے سے ہوسکتی ہے اور جس کے متعلق فقہائے کرام نے متفقہ طور پر حرام ہونے کا فتویٰ دیا ہے، پس زید وعمر کے مذکورہ بالا اقوال میں سے کس کا قول شرعاً صحیح اور کس کا غلط ہے؟

**الجواب حامداً ومصلياً:**

زید کا قول غلط اور عمر کا قول صحیح ہے، ایسے موقع میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت پڑھنا سوئے ادب اور خلافِ احترام ہے:

"وفي الخلاصة: من قرأ القرآن على ضرب الدف والقضيب، يكفر. قلت: ويقرب منه ضرب الدف والقضيب مع ذكر الله تعالىٰ ونعت المصطفى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، وكذا التصفيق على الذكر، اهـ". شرح فقه أكبر، ص: ۲۰۵ (۲)۔

---

(۱) (سورة هود: ۱۱۴)

(۲) (شرح الفقه الأكبر، ص: ۱۶۷، فصل في القرأة والصلوة، قديمي)

(وكذا في الدر المختار مع رد المحتار: ۶/ ۴۲۱، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

(وكذا في فتاویٰ قاضي خان على هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب السير، التاسع فيما يقال في القرآن والأذكار والصلاة: ۶/ ۳۳۸، رشيديه) ............................ =

اسی طرح معجزۂ شق القمر وغیرہ کی تصویر دکھانا، یہ بھی گستاخی اور معجزہ کا استہزاء اور استخفاف ہے، جس کی شرعاً ہرگز اجازت نہیں (۱)۔ آیت: ﴿إن الحسنات يذهبن السيئات﴾(۲) سے استدلال بے محل اور علیحدہ ہے، اس آیت پر غور کیا جائے تو حسنات کی ترغیب ہے، نہ کہ سیئات کی اجازت ہے (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، یکم/ رجب/ ۶۲ھ۔

الجواب صحیح: عبد اللطیف، ناظم مظاہر علوم، ۲/ رجب/ ۶۲ھ۔

## سینما کے جواز پر واقعہ موسیٰ علیہ السلام سے استدلال

**استفتاء [۹۵۰۰]**: زید سینما کا تماشہ دیکھنے جاتا ہے اور اس کے جواز میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ یوم الزینت سے استدلال کرتا ہے اور کہتا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام جیسے پیغمبر اس جاہل میلے میں صرف جاتے ہی نہیں، بلکہ لوگوں کو بلا کر لے جاتے ہیں اور الٹے ساحروں سے فرمائش کرتے ہیں: ﴿قالوا یاموسیٰ إما تلقي وإما أن نكون أول من ألقى(٤)﴾۔ اور وہ میلہ ہی کیا جس میں سحر کا مظاہرہ ہو رہا ہو اور وہ بھی پیغمبرِ وقت کے ایماء سے! انتہیٰ کلام زید۔

غرض قرآن کریم کی ان آیات سے زید نتیجہ اخذ کرتا ہے کہ جس طرح یوم الزینت کے موقع پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی غرض صحیح اور مصلحت بنی مظاہرہ باطل پر صرف صورۃً تھی حقیقۃً مقصود اس باطل کا روکنا تھا، اس

---

= (وكذا في مجمع الأنهر، كتاب السير والجهاد، باب المرتد، ثم إن ألفاظ الكفر أنواع: ١/٦٩٣، دار إحيا التراث العربي، بيروت)

(١) "والاستهزاء بشيء من الشرائع كفرٌ، ابن كمال". (الدر المختار، كتاب الشهادة، باب القبول وعدمه: ٥/٤٧٤، سعيد)

(وكذا في شرح الفقه الأكبر، قبيل فصل في الكفر صريحاً وكنايةً، ص: ١٧٦، قديمي)

(٢) (سورة هود: ١١٤)

(٣) قال ابن كثير: "يا معاذ! اتبع السيئة الحسنة تمحها، وخالِقِ الناس بخلق حسن". (تفسير ابن كثير: ٢/٦٠٩، مكتبه دار الفيحاء دمشق)

(٤) (سورة طه: ٦٥)

لئے سینما کا دیکھنا بھی جائز ہوسکتا ہے۔ لیکن جب زید سے یہ سوال کیا جاتا ہے کہ آج سینما دیکھنے کے بعد کون سی اعجاز موسیٰ علیہ السلام سے اس فن کو توڑا جاسکتا ہے؟ تو وہ جواب میں صرف یہ کہتا ہے کہ اگر کسی سینما میں نعت، غزل گائے جائیں، یا معجزۂ شق القمر کی تصویریں دکھادی جائیں وغیرہ–من قبل ذلك– تو یہ باتیں عوام کے حق میں بہت بڑی تبلیغی قیمت رکھتی ہیں اور اس طرح سحرِ سامری کسی درجے میں اعجاز موسیٰ کے تابع ہوجاتا ہے اور سینما سے کچھ نہ کچھ اصلاح وتبلیغ کا کام سرانجام پاجاتا ہے۔

اس کے جواب میں عمر کہتا ہے کہ قیاس مع الفارق ہے اور غلط ہے، سینما کے تماشہ دیکھنے کو یوم الزینت، سحر شکنی سے کوئی ربط نہیں ہوسکتا، حضرت موسیٰ علیہ السلام یوم الزینت میں تماشہ دیکھنے نہ گئے تھے، بلکہ حکمِ خداوندی سے ابطالِ سحر کرنے گئے تھے۔ نیز یوم الزینت کا موقع تماشہ کے رنگ اور سحروں کا نظارہ کرنے اور یا ساحروں کا سحر دیکھنے کے لئے مقرر نہیں کیا گیا تھا، بلکہ اس لئے مقرر کیا گیا تھا کہ اس دن ان اطراف واکناف سے لوگ جمع ہوتے تھے، اس لئے سب کے سامنے علی رؤس الاشہاد اِحقاقِ حق وابطالِ باطل مطلوب تھا۔ مزید عمر کہتا ہے کہ سینما کے تماشہ میں نامحرم عورتیں نیم عریاں ہوکر نامحرم مردوں سے اختلاط کرتی ہیں اور سینکڑوں بیہودگی ہوتی ہیں۔

نعت اور غزلوں کا گانا گایا جانا خود شریعت کا استخفاف ہونے کی بناء پر حرام ہے، علی ہذا القیاس اس قسم کے فحش مجمع میں معجزۂ شق القمر، اسی قبیل کی دوسری تصویریں دکھایا جانا ایک مستقل معصیت ہے، اس لئے یہ چیزیں اصلاح وتبلیغ کے ذیل میں نہیں آسکتیں، بلکہ سنگین معاصی ہیں جن کو حتی الامکان روکنے کی کوشش کرنی چاہئے، نہ کہ ان کی حوصلہ افزائی کرنی۔ ان دونوں میں کس کا قول صحیح اور کس کا غلط؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

زید کا قول سراسر غلط ہے اور خلافِ شرع ہے اور قیاس مع الفارق ہے، وہاں یوم الزینت (۱) کے اجتماع کو ذریعہ بنایا گیا اِحقاقِ حق اور ابطالِ باطل کے لئے اور اصل مقصود بوحیِ الٰہی احقاقِ حق ابطالِ باطل علی

---

(۱) ''یوم الزینت'' سے مراد ہے، قول باری تعالیٰ: ﴿قال موعدکم یوم الزینة وأن یحشر الناس ضحیً﴾ (سورۃ طٰہٰ: ۵۹)

رؤس الاشہاد تھا(۱) اور یہاں نعت غزلوں اور معجزۂ شق القمر کی تصویروں کو بغرضِ حسنِ نیت اور تبلیغ ذریعہ بنایا جاتا ہے ارتکابِ محرمات واشاعتِ فواحش کا، یعنی جن لوگوں کو سینما سے طبعی نفرت ہے وہ لوگ ویسے تو ارتکابِ محرمات وحرامات کے لئے آمادہ نہیں ہوتے اور اپنا عزیز وقت اور مال ضائع کر کے اخوان الشیاطین کی فہرست میں نام درج نہیں کراتے، ان کے لئے شیطان نے یہ جال بنایا ہے کہ ایسے لوگ معجزہ دیکھنے اور نعت غزلیں سننے کے لئے آسکتے ہیں اور مقصود ہے ''فواحش ومحرمات کا ارتکاب''۔

جو لوگ نعت، غزلیں سینما میں پڑھتے ہیں اور سنتے ہیں، نیز معجزات کی تصاویر دیکھتے اور یا دکھلاتے ہیں ان کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کس قدر محبت اور تعلق ہے جس کی بناء پر وہ ایسا کرتے ہیں (۲) اس کا اندازہ ان کے شب وروز کے افعال: معاملات، وضع وقطع سے ہوسکتا ہے کہ کس قدر سنت کا اتباع کرتے ہیں اور حرام کاموں سے بچتے ہیں، یا ایسا دیکھنے کے بعد کتنے لوگوں کی حالت سنت کے مطابق ہوگئی؟

قاعدہ ہے کہ حصولِ مقصد کے بعد ذریعہ کی ضرورت نہیں رہتی (۳) جیسا کہ احقاقِ حق وابطالِ باطل کے بعد یوم الزینت کی ضرورت نہیں رہی تھی اور ساحروں کی سحر کاری باطل ہونے کے بعد عصاء کو ثعبان کی

---

(۱) ''وإنما واعدهم ذلك اليوم؛ ليكون علو كلمة الله، وظهور دينه، وكبت الكافر، وزهوق الباطل على رؤوس الأشهاد''. (تفسير القرطبي، الجز الحادي عشر: ۱۴۹/۶، (سورة طه: ۵۹)، دارالكتب العلمية بيروت)

(۲) مجالسِ فسق میں تلاوت اور نعت وغیرہ پڑھنا جائز نہیں ہے:

''والمجلس الذي اجتمعوا فيه للغناء والرقص لايُقرأ فيه القرآن كما لايقرأ في البِيَع والكنائس؛ لأنه مجمع الشيطان''. (الفتاویٰ البزازية على هامش الفتاویٰ العالمكيريه: ۳۳۸/۶، التاسع فيما يقال في القرآن، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر: ۵۵۱/۲، كتاب الكراهية، فصل في المتفرقات دارإحياء التراث العربي، بيروت)

(۳) ''الضرورات تقدر بقدرها'' فلا يأكل من الميتة إلا قدرسد الرمق. من ثم اليمين الكاذبة لاتباح للضرورة، إنما يباح التورية والتعريض''. (قواعد الفقه، (رقم القاعدة: ۱۷۱)، ص: ۸۹، الصدف پبلشرز كراچی)

صورت اختیار کرنے کی ضرورت نہیں رہی تو اتنے زمانہ سے سینما میں نعت، غزلیں پڑھی جارہی ہیں تو کتنے لوگوں کی حالت مطابقِ شریعت ہوگئی اور کتنے لوگوں نے ان فواحش ومحرمات کو ترک کیا؟ جس کو ذریعہ بنایا گیا تھا تبلیغ اور اتباعِ سنت کا اور اس نصب العین کے ماتحت کیا آج تک کسی سینما کے ملازموں کی حالت درست ہوئی ہے؟ اور انہوں نے ملازمت ترک کی، یا سینما کو بند کردیا گیا؟ کچھ نہیں، سب حیلہ ہے، بہانۂ شیطانی مکر وفریب ہے، نفس کا دھوکہ ہے اور نہایت خطرناک ہے:

"عن أبي بكر الصديق رضي الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "إن إبليس قال: أهلكتُهم بالذنوب، فأهلكوني بالاستغفار، فلما رأيت ذلك أهلكتُهم بالأهواء، فهم يحسبون أنهم يُحسنون صنعاً، فلا يستغفرون". رواه ابن أبي عاصم وغيره، اهـ". ترغيب وترهيب: ۱/۲۵ (۱)۔

''حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: ''شیطان کہتا ہے کہ میں نے لوگوں کو گناہوں کے ذریعہ ہلاک کیا تو انہوں مجھے استغفار کے ذریعہ ہلاک کردیا، یعنی توبہ کرکے گناہ معاف کرالئے اور میری کوشش بے کار گئی۔ جب میں نے یہ دیکھا تو میں نے خواہشِ نفسانی کے ذریعہ ہلاک کیا، پس خیال کرتے ہیں کہ ہم ٹھیک راستے پر ہیں اس لئے توبہ ہی نہیں کرتے''۔

جو شخص گناہ کو گناہ خیال کرتے ہیں اس کے متعلق توقع ہے کہ توبہ کرے اور راہ راست پر آجائے، لیکن جو شخص گناہ کو جائز اور ثواب جان کر کرے اس کی حالت زیادہ خطرناک ہے، اس لئے توبہ کی بھی توقع نہیں (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، یکم/رجب/۶۲ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مظاہر علوم سہارنپور، یکم/رجب/۶۲ھ۔

الجواب صحیح: عبد اللطیف، ناظم مظاہر علوم ۲/رجب/۶۲ھ۔

---

(۱) (لم أعثر عليه)

(۲) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "كل أمتي =

## نیک نیت سے سینما دیکھنا اور اس کا اعلان کرنا

سوال [۹۵۰۱]: زید علی الاعلان یہ کہتا ہے کہ میں کبھی کبھی لمبے وقفوں کے بعد سینما جو تھیٹر یا ناٹک کی قسم کا ایک تماشہ ہے(۱)، جس میں گانا، بجانا، ناچ، رنگ، مرد وعورت کا اختلاط اور کھلے چہروں اور ننگے بازوؤں کی نمائش ہوتی ہے، دیکھتا اور فسق کا ارتکاب عمداً کر دیا کرتا ہوں اور اللہ سے امید ہے کہ میری نیت پر نظر کر کے اس باب میں مواخذہ نہ فرمائے گا۔ پس زید کا یہ کہنا یعنی قول صحیح ہے؟

**الف:** حسنِ نیت کی بناء پر وہ مواخذۂ اُخروی سے بچ جائے گا، یا معصیت کا ضرر کم ہو جائے گا؟

**ب:** کیا معصیت کرنے کے بعد زید کا علی الاعلان اظہارِ معصیت، معصیت کے ضرر کو ہلکا کرتا ہے، یا زیادہ، ازروئے شریعت کیا ہے؟

**الجواب حامداًومصلیاً:**

سینما دیکھنا شرعاً ناجائز ہے، اس عدمِ جواز کی چند وجوہ ہیں: گانا، بجانا، ناچ، رنگ (۲)، مرد وعورت

---

= معافى إلا المجاهرون". (مشكوة المصابيح، كتاب الأدب، باب حفظ اللسان والغيبة والشتم، الفصل الأول، ص: ۴۱۴، قديمي)

"إلا المجاهرون"......هو مستثنى من قوله: "معافى" وهو في معنى النفي: أى كل أمتى لاذنب عليهم إلا المجاهرون ........ قال الطيبي: والأظهر أن يقال: كل أمتى يتركون عن الغيبة إلا المجاهرون ........ والمجاهرون هم الذين جاهروا لمعاصيهم وأظهروها ........ كل لايؤاخذون، أولا يعاقبون عقاباً شديداً إلاالمجاهرون". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب الحفظ اللسان والغيبة والشتم: ۵۷۵/۸، (رقم الحديث: ۴۸۳۱)، رشيديه)

(۱) "ناٹک: ناچنے والا، رقاص، تماشا کرنے والا، کھیل، ڈرامہ"۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۳۳۹، فیروز سنز، لاهور)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ومن الناس من يشترى لهو الحديث ليضل عن سبيل الله﴾ (سورة لقمان: ۲)

قال العلامة الآلوسي رحمه الله تعالىٰ: "﴿لهو الحديث﴾ على ما روى عن الحسن: "كل ماشغلک عن عبادة الله تعالىٰ وذكره من السمر والأضاحيک والخرافات والغناء ونحوها......الخ".

(روح المعاني، (سورة لقمان: ۲): ۶۷/۲۱، دارإحياء التراث العربي، بيروت) ............ =

..........................................................................................

= (وكذا في تفسير ابن كثير، (سورة لقمان: ٦): ٣/٥٨٣، مكتبه دار الفيحاء، دمشق)

قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "وفي السراج: ودلّت المسألة أن الملاهي كلها حرام، ويدخل عليهم بلا إذنهم، لإنكار المنكر. قال ابن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه: "صوت اللهو والغناء ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء النبات". قلت: وفي البزازية: استماع صوت الملاهي كضرب قصب ونحوه حرام؛ لقوله عليه الصلوٰة والسلام: "استماع الملاهي معصية، والجلوس عليها فسق، والتلذذبها كفر": أي بالنعمة، فصرفُ الجوارح إلى غير ما خُلق لأجله كفرٌ بالنعمة لاشكرٌ، فالواجب كل الواجب أن يجتنب كي لايسمع، لماروى أنه عليه الصلوٰة والسلام أدخل أصبعه في أذنه عند سماعه". (الدر المختار).

قال العلامة الشامي رحمه الله تعالىٰ: "ذكر شيخ الإسلام أن كل ذلك مكروه عند علمائنا، واحتجّ بقوله تعالىٰ: ﴿ومن الناس من يشتري لهو الحديث﴾ الآية، جآء في التفسير: أن المراد الغناء .......... سماع غناء، فهو حرام بإجماع العلماء .......... والحاصل: أنه لارخصة في السماع في زماننا".

(ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة: ٦/٣٤٩، سعيد)

(وكذافي الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الشهادات، باب القبول وعدمه: ٥/٤٨٢، سعيد)

(وكذا في الهداية، كتاب الشهادة، باب من يقبل شهادته ومن لا يقبل: ٣/١٢٢، مكتبه شركت علميه ملتان)

(وكذا في فتح القدير، كتاب الشهادة، باب من يقبل شهادته ومن لا يقبل: ٧/٤١٠، مصطفىٰ البابي الحلبي مصر)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب السابع عشر في الغناء واللهو: ٥/٣٥٢، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في الأكل والشرب: ٨/٣٤٦، رشيديه)

"عن جابر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "الغناء ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء الزرع". رواه البيهقي في شعب الإيمان". (مشكوٰة المصابيح، كتاب الآداب، باب البيان والشعر، الفصل الثالث: ٢/٤١١، قديمي)

قال الملا علي القاري رحمه الله تعالىٰ: "الغناء" -بكسر الغين، ممدوداً: أي التغني- "ينبت =

کا اختلاط، کھلے چہروں اور ننگے بازوؤں کی نمائش (۱)، لہو ولعب (۲)، اضاعتِ وقت ومال (۳)، ان سب پر

---

= النفاق فی القلب کماینبت الماء الزرع". یعنی الغناء سبب النفاق ومؤدٍ إلیه، فأصله وشعبته، کما قال ......... وفی شرح السنة: قیل: الغناء رقیة الزنا ......... وقال النووی فی الروضة: غناء الإنسان بمجرد صوته مکروه، وسماعه مکروه. وإن کان سماعه من الأجنبیة، کان أشد کراهة. والغناء بآلات مطربة هو من شعار شاربی الخمر کالعود والطنبور والصنج والمعازف وسائر الأوتار حرام، وکذاسماعه حرام ......... وأطنب فی دلائل تحریمه". (مرقاة المفاتیح، کتاب الآداب، باب البیان والشعر، الفصل الثالث: ۸/۵۵۷، ۵۵۸، (رقم الحدیث: ۴۸۱۰)، رشیدیه)

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿یا أیها النبی قل لأزواجک وبناتک ونساء المؤمنین یدنین علیهن عن جلابیبهن﴾ (سورة الأحزاب: ۳۲)

"عن عقبة بن عامر أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "إیاکم والدخول علی النساء". فقال رجل من الأنصار: یارسول الله! أفریت الحمو؟ قال: "الحمو الموت". (صحیح البخاری، کتاب النکاح، باب: لایخلون رجل بامرأة: ۲/۷۸۷، قدیمی)

"الخلوة بالأجنبیة حرام". (الدرالمختار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی النظر والمس: ۶/۳۶۸، سعید)

(۲) "وکره کل لهو، لقوله علیه الصلاة والسلام: "کل لهو المسلم حرام إلاثلاثة". (الدرالمختار).

قال ابن عابدین: "(قوله: وکره کل لهو): أی کل لعب وعبث، فالثلاثة بمعنی واحد کما فی شرح التاویلات، والإطلاق شامل لنفس الفعل، واستماعه کالرقص والسخریة والتصفیق وضرب الأوتار من الطنبور والبربط والرباب والقانون والمزمار والصنج والبوق، فإنهاکلهامکروهة؛ لأنها زیّ الکفار، واستماع ضرب الدف والمزمار وغیرذلک حرام". (ردالمحتار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی البیع: ۶/۳۹۵، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب السابع عشرفی الغناء واللهو: ۵/۳۵۲، رشیدیه)

(وکذا فی الهدایة، کتاب الکراهیة، مسائل متفرقة: ۴/۴۷۵، شرکت علمیه ملتان)

(وکذا فی فتح القدیر والعنایة علی هامش فتح القدیر: ۱۰/۲۴، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿ولاتسرفوا إنه لایحب المسرفین﴾ (سورة الأعراف: ۳۱) ......... =

طرفہ، اس پر علی الاعلان اظہار! ان میں ہر وجہ عدمِ جواز کے لئے مستقل ہے، کتب فقہ میں ہر ایک کی ممانعت بصراحت موجود ہے۔ حسنِ نیت کو ظاہر نہیں کیا کہ وہ کیا ہے، جو نیت خلافِ شرع ہو وہ ہرگز قابلِ قبول نہیں (۱)، اگر اچھی نیت ہے تو اس کا معاملہ خدا کے ساتھ ہے، لیکن شریعت ظاہر پر حکم لگائے گی (۲)، لہٰذا اس مخفی حسنِ نیت کی وجہ سے ان محرمات کی شرعاً اجازت نہیں ہو سکتی، اظہارِ معصیت مستقل معصیت اور ممنوع ہے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

## فلم حج

سوال [۹۵۰۲]: فلم ''خانۂ خدا'' دیکھنا کیسا ہے کہ اس میں تمام حج کے مقامات اور ارکانِ حج کرتے دکھلاتے ہیں اور کچھ مسلم نمائندوں نے اس کی تائید میں بیانات بھی دیئے ہیں۔ کیا قرآن وحدیث شریف کی روشنی میں یہ بیانات صحیح ہیں اور اس فلم کو دیکھنا درست ہے؟

---

= قال العلامة الجصاص: "والإسراف هو مجاوزة حد الاستواء، فتارةً يكون بمجاوزة الحلال إلي الحرام". (أحكام القرآن للجصاص: ۳/ ۵۱، مطلب: في ستر العورة في الصلاة، قديمي)

وقال الله تعالىٰ: ﴿إن المبذرين كانوا إخوان الشياطين، وكان الشيطن لربه كفوراً﴾ الآية (سورة الإسراء: ۲۷)

"قيل: فيه وجهان: أحدهما: أنهم إخوانهم باتباعهم آثارَهم وجريهم على سننهم. والثاني، أنهم يقرنون بالشياطين في النار". (أحكام القرآن للجصاص: ۳/ ۲۹۳، قديمي)

(وكذا في روح المعاني: ۱۵/ ۲۳، دارإحياء التراث العربي بيروت)

(۱) "أن ترك المنهي عنه لايحتاج إلى نية للخروج عن عهدة النهي". (الأشباه والنظائر، الفن الأول، القاعدة الأولىٰ، لاثواب إلا بالنية، ص: ۳۰، قديمي)

(۲) "(قوله: ظاهراً فقط): أي ينفذ ظاهراً لاباطناً؛ لأن شهادة الزور حجة ظاهراً لاباطناً، فيفنذ القضاء". (ردالمحتار، كتاب القضاء، مطلب في القضاء بشهادة الزور: ۵/ ۴۰۶، سعيد)

(۳) "وفي الطريقة المعينية: لااستحالة في جعل المعصية سبباً للعبادة التي حكمها أن تكفر المعصية وتذهب السيئة ........ وإنما المحال أن تجعل سبباً للعبادة الموصلة إلى الجنة اهـ". (ردالمحتار، كتاب الطلاق، باب الكفارة، مطلب لااستحالة في جعل المعصية سببا للعبادة: ۳/ ۴۷۲، سعيد)

الجواب حامداً ومصلیاً:

سب جانتے ہیں کہ "فلم" لہوولعب اور بے کار لوگوں کے لئے آلۂ تفریح ہے، جن پانچ ارکان پر اسلام کی بنیاد ہے حج ان میں عظیم الشان رکن اور شعائرِ اسلام میں سے ہے، دینِ اسلام کے اتنے بڑے رکن کو آلۂ تفریح بنانا تعلیماتِ اسلام کے سخت خلاف ہے، جو لوگ آیتِ قرآنیہ سے تفریح کیا کرتے ہیں، ان کی سخت مذمت قرآن پاک میں آئی ہے اور ممانعت کی گئی ہے: ﴿لاتتخذوا ایات اللّٰہ هزواً﴾ الآیہ(۱)۔

شرح فقہ اکبر میں ہے کہ "اگر تفریح کے لئے ایک شخص واعظ بن کر ممبر پر بیٹھ کر وعظ کی نقل کرے اور سب بیٹھے سنتے رہیں، یا ایک شخص کو عالم بنا کر بٹھایا اور لوگ آ آ کر اس سے مسائل دریافت کریں اور وہ جوابات دیتا رہے اور یہ سب تفریح کے طور پر ہو، ان کا ایمان سلامت نہیں رہے گا" (۲)۔

یہ اس وقت ہے جبکہ اس میں اور خرافات نہ ہوتی ہو، ورنہ شناعت وقباحت میں اَور اضافہ ہوگا، ایسی فلم سے بالکل اجتناب کیا جائے۔ حق تعالیٰ ان تمام بندوں کو توفیق دے کہ وہ اپنی غلطی کا اعتراف کر کے سچے دل سے توبہ کریں اور اپنی توبہ کا اعلان بھی شائع کریں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، معین مفتی مدرسہ دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۱۰/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۱۰/۸۷ھ۔

---

(۱) (سورة البقرہ: ۲۳۱)

(۲) "من جلس على مكان مرتفع، والناس حوله يسألون منه بطريق الاستهزاء، ثم يضربونه بالوسائد: أى مثلاً، وهم يضحكون، كفروا جميعاً: أى لاستخفافهم بالشرع. وكذا لولم يجلس على المكان المرتفع. ونقل عن الأستاذ نجم الدين الكندى بسمر قند: أن من تشبه بالمعلم على وجه السخرية وأخذ الخشبة وضرب الصبيان، كفر، يعنى لأن معلم القرآن من جملة علماء الشريعة، فالاستهزاء به وبمعلمه يكون كفراً". (شرح الفقه الأكبر للملاعلى قارى، ص: ۱۷۳، فصل فى العلم والعلماء، قديمى)

(وكذا فى فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۳۷/۲، كتاب السير، الثامن فى الاستخفاف بالعلم، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية: ۲۷۰/۲، كتاب السير، الباب التاسع فى أحكام المرتدين، مطلب: ومنها مايتعلق بالعلم والعلماء، رشيديه)

## ٹیلی ویژن

سوال [۹۵۰۳]: ٹیلی ویژن دیکھنا، اس کو گھر میں رکھنا کیسا ہے، کیا ٹیلی ویژن دیکھنے والے مثل ناچ دیکھنے والے کے فاسق ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس میں ناچ ہوتا ہوتو وہ ناچ دیکھنے والے کے مثل ہوگا (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

## ریڈیو کی خرید وفروخت اور استعمال

سوال [۹۵۰۴]: زید ریڈیو کا کام کرتا ہے اور گھر پر ریڈیو بھی رکھتا ہے، عمر اس پر اعتراض کرتا ہے کہ ریڈیو رکھنا ناجائز ہے۔ سوال یہ ہے کہ ریڈیو کس صورت میں رکھا جاسکتا ہے اور کس صورت میں نہیں رکھا جاسکتا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ریڈیو پر قرآن کریم کی تلاوت ہوتی ہے، تفسیر ہوتی ہے، دینی تقریریں ہوتی ہیں، صحیح خبریں سنائی جاتی ہیں، حالاتِ حاضرہ پر صحیح تبصرہ کیا جاتا ہے، ان امور کا سننا جائز ہے اور اس مقصد کے لئے ریڈیو گھر پر رکھنا بھی جائز ہے (۲)۔ ریڈیو پر گانا بجانا ہوتا ہے (۳) فحش مکالمہ ہوتا ہے، بلاوجہ کسی کو بُرا کہا جاتا ہے اور بدنام کیا جاتا

---

(۱) "أما التلفزيون والفديو، فلاشک فی حرمة استعمالها بالنظر إلی مايشتملان عليه من المنكرات الكثيرة: من الخلاعة والمجون، والكشف عن النساء المتبرجات أو العاريات، وما إلی ذلک من أسباب الفسوق". (تكملة فتح الملهم، كتاب اللباس، والزينة، باب تحريم تصوير صورة الحيوان: ۱۶۴/۴، مكتبه دارالعلوم، كراچی)

(۲) "محض تلاوت دووجہ سے ناجائز ہے: ۱-عموماً تلاوت کرنے والا اجرت لیتا ہے اور تلاوت محضہ پر اجرت لینا حرام ہے، ۲-اسی مجلس میں گانا بجانا بھی ہوتا ہے جس میں قرآن کریم کی توہین ہے، لہٰذا اس کا سننا بھی جائز نہیں، تفسیر بیان کرنا اور اس پر اجرت لینا جائز ہے۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم"۔ (أحسن الفتاویٰ، كتاب الحظر والإباحة، ریڈیو پر تلاوت وتفسیر: ۱۹۹/۸، سعید)

(۳) "عن جابر رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "الغناء ينبت النفاق=

ہے، ان امور کا سُننا اور اس مقصد کے لئے رکھنا درست نہیں (۱)۔

ریڈیو کی بیع ومرمت درست ہے (۲)، پھر اگر خریدنے والا اس کو غلط استعمال کرتا ہے تو وہ گنہگار ہے، فروخت کرنے والے پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۲/۲۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۲/۲۵ھ۔

## گانا سننے کی دلیل

سوال [۹۵۰۵]: ایک شخص کہتا ہے کہ گانا سننا جائز ہے اور دلیل میں یہ حدیث شریف پیش کرتا ہے کہ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مکان میں چند لڑکیاں گا رہی تھیں اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سن رہے تھے، اتنے میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ گذرے، انہوں نے کہا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گھر میں شیطانی کام کیا، اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اے ابوبکر! ان کو اپنے حال پر چھوڑ دو'' (۳)۔ لہذا آپ سے عرض ہے کہ بتایئے ہم اس شخص کو کیا جواب دیں؟

---

= فی القلب کما ینبت الماء الزرع". رواہ البیہقی فی شعب الإیمان". (مشکوٰۃ المصابیح، ص: ۴۱۱ باب البیان والشعر الفصل الثالث، قدیمی)

(۱) "لأن الأمور بمقاصدها". (الأشباہ والنظائر، القاعدۃ الثانیۃ، (رقم القاعدۃ: ۷۸): ۱/۱۰۲، إدارۃ القرآن کراچی)

(۲) ''اگر یہ یقین ہو کہ ریڈیو یا ٹیپ ریکارڈر کے ذریعہ ساز باجا اور گانا وغیرہ کے گناہ میں مبتلا نہ ہوگا تو خریدنا اور ایسے شخص کے ہاتھ فروخت کرنا جائز ہے، ورنہ نہیں''۔ (أحسن الفتاوی، کتاب البیوع، عنوان مسئلہ: ریڈیو اور ٹیپ ریکارڈر کی خرید و فروخت: ۶/۵۰۵، سعید)

(۳) " عن عائشۃ رضی اللہ تعالی عنہا قالت: دخل علیّ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعندی جاریتان تغنیان بغناء بُعاث، فاضطجع علی الفراش، وحول وجہہ، ودخل أبوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فانتہرنی، وقال: مزمارۃ الشیطان عند النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، فأقبل علیہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، فقال: "دعہما، فلما غفل غمزتہما فخرجتا". (صحیح البخاری، کتاب العیدین، باب الحرب والدرق یوم العید: ۱/۱۳۰، قدیمی)

الجواب حامداً ومصلیاً:

چھوٹی بچیاں اگر کچھ پڑھیں، جو نہ گانے کے قواعد: راگ وغیرہ سے واقف ہیں، نہ ان کی کسی کو شہوت ہو، نہ وہ پردہ کے قابل ہوں تو ان پر بڑی عورتوں کو قیاس کرنا جن کی آواز میں فتنہ ہو اور صورت بھی فتنہ، اور ان سے پردہ بھی ضروری ہے، بالکل غلط ہے، ہرگز قابل استدلال نہیں (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۱/۸۸ھ۔

## ٹرانسسٹر سننا

سوال [۹۵۰۶]: ٹرانسسٹر ریڈیو پر خبروں کا سننا کیسا ہے؟ چونکہ آلۂ لہو ولعب ہے، اس لئے یہ اشکال پیدا ہوا ہے، ورنہ فی نفسہ خبروں کا سننا کچھ قبیح نہیں معلوم ہوتا۔ ایک مولوی صاحب اپنے گھر پر ریڈیو لگا کر خبر سن رہے تھے، ان کے والد محترم نے منع کیا کہ آپ کے شایان شان نہیں ہے، تو انہوں نے حوالہ دیا کہ شیخ الحدیث صاحب دارالعلوم دیوبند کو میں نے سنتے دیکھا ہے۔ اب صورت مسئولہ میں جو حکم شرعی ہو اسے تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

محض خبروں، تبصروں اور تقریروں کا سننا تو درست ہے (۲)، گانا بجانا اور غلط چیزوں کا سننا منع ہے۔ یہ

---

(۱) قال الحافظ ابن الحجر العسقلانی رحمه الله تعالیٰ: "قال القرطبی رحمه الله تعالیٰ: لیستا بمغنیتین": أی لیستا ممن یعرف الغناء کما یعرفه المغنیات المعروفات بذلک. وهذا منها تحرز عن الغناء المعتاد عند المشتهرین به، وهو الذی یحرک الساکن ویبعث الکامن، وهذا النوع إذا کان فی شعر فیه وصف محاسن النساء، والخمر وغیرهما من الأمور المحرمة، لایختلف فی تحریمه". (فتح الباری شرح صحیح البخاری، کتاب العیدین، باب الحرب والدرق یوم العید، (رقم الحدیث: ۹۴۹): ۲/۵۶۳، قدیمی)

(وکذا فی روح المعانی، (سورة لقمان: ۲): ۲۱/۷۰، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

(۲) "ریڈیو میں گانا بجانا، قوالی، فحش ڈرامے وغیرہ سننا جائز نہیں، کوئی مفید تقریر ہو تو اس کے سننے میں کوئی مضائقہ نہیں، قرآن مجید سننا بھی مباح ہے۔ فقط محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ"۔ (کفایت المفتی، کتاب الحظر والإباحة، سولہواں باب: ریڈیو اورلاؤڈ اسپیکر، عنوان مسئلہ: ریڈیو سننا: ۹/۱۲۱، دارالإشاعت کراچی) ............................ =

آلہ اصالۃً خبروں کو بہت جلد پھیلانے کے لئے موضوع ہے، مگر اس میں لہو ولعب، گانا بجانا بھی بہت کثرت سے ہوتا ہے، جو ممنوع ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۸/ ۹۲ھ۔

---

= دوسری جگہ پر حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ رقمطراز ہیں: ''ریڈیو کی مشین گھر میں لگانا اس شرط سے جائز ہے کہ اس میں خبریں اور مباح تقریریں سنی جائیں، گانا بجانا اور ناجائز تقریریں نہ سنی جائیں''۔ (کفایت المفتی، کتاب الحظر والإباحة، سولہواں باب: ریڈیو اور لاؤڈاسپیکر، عنوان: ریڈیو کا استعمال کب جائز ہے: ۹/ ۱۸۲، دارالإشاعت کراچی)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿ومن الناس من يشترى لهو الحديث ليضل عن سبيل الله﴾ (سورة لقمان: ۲)

قال العلامة الآلوسى رحمه الله تعالىٰ: "﴿لهو الحديث﴾ على ما روى عن الحسن: "كل ماشغلك عن عبادة الله تعالىٰ وذكره من السمر والأضاحيك والخرافات والغناء ونحوها......الخ".

(روح المعاني، (سورة لقمان: ٦): ٢١/ ٦٧، دارإحياء التراث العربي، بيروت)

(وكذا في تفسير ابن كثير، (سورة لقمان: ٦): ٣/ ٥٨٣، مكتبه دارالفيحاء، دمشق)

قال العلامة الحصكفى رحمه الله تعالىٰ: "وفي السراج: ودلّت المسألة أن الملاهي كلهاحرام، ويدخل عليهم بلا إذنهم، لإنكار المنكر. قال ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه: "صوت اللهو والغناء ينبت النفاق فى القلب كما ينبت الماء النبات". قلت: وفي البزازية: استماع صوت الملاهي كضرب قصب ونحوه حرام؛ لقوله عليه الصلوٰة والسلام: "استماع الملاهي معصية، والجلوس عليها فسق، والتلذذ بها كفر": أى بالنعمة، فصرفُ الجوارح إلى غير ماخُلق لأجله كفرٌ بالنعمة لاشكرٌ، فالواجب كل الواجب أن يجتنب كي لايسمع، لماروى أنه عليه الصلوٰة والسلام أدخل أصبعه فى أذنه عند سماعه". (الدرالمختار).

قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "ذكر شيخ الإسلام أن كل ذلك مكروه عند علمائنا، واحتجّ بقوله تعالىٰ: ﴿ومن الناس من يشترى لهو الحديث﴾ الآية، جآء فى التفسير: أن المراد الغناء ......... سماع غناء، فهو حرام بإجماع العلماء ......... والحاصل: أنه لارخصة فى السماع فى زماننا". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة: ٦/ ٣٤٩، سعيد)

(وكذافى الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الشهادات، باب القبول وعدمه: ٥/ ٤٨٢، سعيد) =

## ریڈیو بجانا اور اس میں گانا سننا

سوال[۹۵۰۷]: ریڈیو بجانا، گانا سننا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مکروہ تحریمی ہے، جو کہ حکم کے اعتبار سے حرام کے قریب ہے، اس لئے بعض حضرات نے اس کو حرام بھی فرمایا ہے(۱)، جائز خبریں سننے کی اجازت ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیو بند، ۸/۶/۸۷ھ۔

---

= (وكذا في الهداية، كتاب الشهادة، باب من يقبل شهادته ومن لا يقبل: ۱۲۲/۳، مكتبه شركت علميه، ملتان)

(وكذا في فتح القدير، كتاب الشهادة، باب من يقبل شهادته ومن لا يقبل: ۴۱۰/۷، مصطفىٰ البابي الحلبي مصر)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب السابع عشر في الغناء واللهو: ۳۵۲/۵، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في الأكل والشرب: ۳۴۲/۸، رشيديه)

"عن جابر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "الغناء ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء الزرع". رواه البيهقي في شعب الإيمان". (مشكوٰة المصابيح، كتاب الآداب، باب البيان والشعر، الفصل الثالث، ص: ۴۱۱، قديمي)

قال الملا علي القاري رحمه الله تعالىٰ: "الغناء" -بكسر الغين، ممدوداً: أي التغني- "ينبت النفاق في القلب كماينبت الماء الزرع". يعني الغناء سبب النفاق ومؤد إليه، فأصله وشعبته، كما قال ......... وفي شرح السنة: قيل: الغناء رقية الزنا......... وقال النووي في الروضة: غناء الإنسان بمجرد صوته مكروه، وسماعه مكروه، وإن كان سماعه من الأجنبية كان أشد كراهة. والغناء بآلات مطربة هو من شعار شاربي الخمر كالعود والطنبور والصنج والمعازف وسائر الأوتار حرام، وكذاسماعه حرام ......... وأطنب في دلائل تحريمه". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب البيان والشعر، الفصل الثالث: ۵۵۸،۵۵۷/۸، (رقم الحديث: ۴۸۱۰)، رشيديه)

(۱) "استماع صوت الملاهي كالضرب بالقضيب ونحوها حرام". (الفتاوى البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الفصل فيما يتعلق بالمناهي: ۳۵۹/۶، رشيديه)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الكراهية، فصل في المتفرقات: ۲۲۳/۴ غفاريه)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الإجاره، باب الإجارة الفاسدة. ۵۵/۶ سعيد)

# باب الألعاب

## (کھیلوں کا بیان)

### حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نیزہ بازی دیکھنے سے کھیل تماشے پر استدلال

سوال[۹۵۰۸]: صحاح ستہ میں ہے کہ عیدین میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گود میں اٹھا کر نیزہ کا کھیل دکھلایا (۱)۔ اس وقت بالغ تھیں یا نابالغ تھیں؟ کتب میں موجود ہے کہ خوشی کا دن تھا اس لئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی خوشی پوری کی۔ اور بعض کتب میں ہے کہ عمر آپ کی کم تھی، یعنی نابالغ تھیں۔ اس سے عیدین میں کچھ کھیل تماشے کی گنجائش معلوم ہوتی ہے اور اظہار خوشی بھی زیادہ کرنا چاہیے۔

---

(۱) نوٹ: حدیث شریف میں گود میں اٹھانے کا ذکر نہیں، بلکہ ام المؤمنین نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے کھڑے ہو کر نیزہ بازی کو دیکھ رہی تھی:

"عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: دخل عليّ النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وعندي جاريتان ........ وكان يوم عيد يلعب السودان بالدرق والحراب، فإما سألت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، وإما قال: "تشتهين تنظرين"؟ فقلت: نعم، فأقامني وراء ه، خدي على خده، وهو يقول: "دونكم بني أرفدة". حتى إذا مللتُ قال لي: "حسبك"؟ قلت: نعم، قال: "فاذهبي". (صحيح البخاري، كتاب العيدين، باب الحراب والدرق يوم العيد: ۱/۱۳۰، قديمي)

"عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها قالت: رأيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يسترني بردائه وأنا أنظر إلى الحبشة يلعبون في المسجد حتى أكون أنا أسأم، فاقدروا قدر الجارية الحديثة السن الحريصة على اللهو". (سنن النسائي، كتاب العيدين، اللعب في المسجد يوم العيد ونظر النساء إلى ذلك، قبيل كتاب قيام الليل وتطوع النهار: ۱/۲۳۶، قديمي)

(والصحيح لمسلم، كتاب العيدين، قبيل كتاب صلوة الاستسقاء: ۱/۲۹۲، قديمي)

الجواب حامداً ومصلیاً:

عیدین کے روز اظہارِ سرور وخوشی میں تو اشکال نہیں آپ بھی کیجئے، مراقی الفلاح میں لکھا ہے کہ فرحت وبشاشت کا اظہار ملنے والوں سے کرنا مستحب ہے(۱)۔ دوسری چیز اس حدیث میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ان نامحرموں کو دیکھنا ہے، اس کے متعلق یہ ہے کہ بالاصالہ اجنبی کے چہرہ کی طرف دیکھنا شرعاً اس وقت درست ہے جب کہ ہر قسم کے فتنوں سے امن ہو، نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کو اس مقام پر امن تھا، اس لئے کوئی اشکال نہیں، حتیٰ کہ حضرت ابن ام مکتوم ایک مرتبہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا وغیرہ کو پردہ کرنے کا حکم فرمایا، وہاں سے اشکال بھی کیا گیا کہ صحابی تو نابینا ہیں ان سے کیا پردہ آپ نے فرمایا کہ تم تو نابینا نہیں ہو'' (۲)۔ آج کون شخص دعویٰ سے کہہ سکتا ہے کہ فتنوں سے امن ہے۔ اسی لئے فقہاء نے مطلق ممانعت کردی ہے (۳)۔

تیسری چیز اس حدیث میں تیر اور نیزہ کا کھیل ہے تو اس کے متعلق خود آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

---

(۱) "ویظهر الفرح والبشاشة في وجه مَن يلقاه من المؤمنين". (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي، كتاب الصلوة، باب أحكام العيدين، ص: ۵۳۰، قديمي)

(۲) "أن أم سلمة رضي الله تعالىٰ عنها حدثته أنها كانت عند رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وميمونة رضي الله تعالىٰ عنها، قالت: فبينما نحن عنده أقبل ابن أم مكتوم فدخل عليه -وذلك بعد ماأمرنا بالحجاب- فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "احتجبا منه". فقلت: يارسول الله! أليس هو أعمى لا يبصرنا ولا يعرفنا؟ فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "أفَعَمْياوَانِ أنتما، ألستما تبصرانه"؟ هذا حديث حسن صحيح". (جامع الترمذي، أبواب الإستيذان، باب ماجاء في احتجاب النساء من الرجال: ۱۰۶/۲، سعيد)

(۳) "فإن خاف الشهوة أو شك، امتنع نظره إلى وجهها، فحِلُّ النظر مقيد بعدم الشهوة، وإلا فحرام. وهذا في زمانهم، وأما في زماننا فمنع من الشابة". (الدرالمختار). قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "لا لأنه عورة، بل لخوف الفتنة". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس: ۳۷۰/۶، سعيد)

کا امر ہے کہ تیر اندازی اور نیزہ بازی سیکھو، جہاد میں کام آنے والی چیز ہے(۱)، یہی حال، لاٹھی، تلوار، بندوق سیکھنے کا ہے۔آپ بھی بہ نیتِ جہاد سیکھئے اور مشق کیجئے، اجر ملے گا۔اب یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کم عمر تھیں۔اور حضرت عائشہ کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چادر سے چھپا رکھا تھا، وہ کمر کے پیچھے کھڑی ہو کر کندھے کے قریب سے دیکھ رہی تھیں، ان کو تو حبشی بالکل نہیں دیکھ رہا تھا، اور وہ حبشی کے چہرے کی طرف نہیں بلکہ نیزہ کی طرف دیکھ رہی تھیں، جیسے کہ فٹ بال، والی بال اور کرکٹ کا کھیل دیکھنے والے نظر گیند کی طرف رکھتے ہیں، نہ کہ گیند والے کے چہرے کی طرف۔نیز اس وقت آپ کی عمر پندرہ سال تھی۔حدیث کی پوری تفصیل فتح الباری:۲/۳۵۶، میں ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) "عن عقبة بن عامر رضی الله تعالیٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم .......... "ارموا واركبوا، وأن ترموا أحبُّ إلیّ من أن تركبوا. ليس من اللهو إلا ثلاث: تأديب الرجل فرسه، وملاعبته أهله، ورميه بقوسه ونبله، الخ". (سنن أبی داؤد، كتاب الجهاد، باب فی الرمی: ۱/۳۴۷، امدادیه ملتان)

(وسنن ابن ماجة، أبواب الجهاد، باب الرمی فی سبيل الله، ص: ۲۰۲، قديمی)

المراد باللهو فی الحديث المذكور اللهو المباح، كما فيما بين السطور من أبی داؤد فليراجع المصدر السابق (فضلِ مولیٰ ابن القاضی فضل خالق المرحوم)

(۲) "واستدلّ به علی جواز اللعب بالسلاح علی طريق التواثب للتدريب علی الحرب والتنشيط عليه. واستنبط منه جواز المثاقفة، لما فيها من تمرين الأيدی علی آلات الحرب. قال عياض: وفيه جواز نظر النساء إلی فعل الرجال الأجانب؛ لأنه إنما يكره لهن النظر إلی المحاسن والاستلذاذ بذلک .......... أما النظر بشهوة، وعند خشية الفتنة فحرام اتفاقاً. وأما بغير شهوة، فالأصح أنه محرم. وأجاب عن هذا الحديث بأنه يحتمل أن يكون ذلک قبل بلوغ عائشة رضی الله تعالیٰ عنها.......... أو كانت تنظر إلی لعبهم بحرابهم لا إلی وجوههم وأبدانهم". (فتح الباری، كتاب العيدين، باب الحراب والدرق يوم العيد: ۲/۵۶۶، قديمی)

(وكذا فی شرح النووی علی الصحيح لمسلم، قبيل كتاب صلوة الاستسقاء: ۱/۲۹۱، ۲۹۲، قديمی)

## کشتی چلانے میں مقابلہ کرنا

سوال[۹۵۰۹]: بعض جگہ کشتیاں چلائی جاتی ہیں اس غرض سے کہ دیکھیں کہ کون اپنی کشتی کو آگے نکالے، جو آگے نکلے اس کو انعام دیا جاتا ہے۔ اور بعض مرتبہ بغیر انعام کے بھی کشتیاں چلائی جاتی ہیں کہ دیکھیں کون کشتی آگے نکالے۔ شرعاً یہ فعل کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر محض لہو ولعب کے لئے اختیار کرتے ہیں تو شرعاً ممنوع ہے۔ اگر اس سے مقصود یہ ہے کہ جہاد میں بسا اوقات دریائی سفر اور کشتیاں چلانے کی نوبت آتی ہے، اس کے لئے مشق کر لی جائے تو یہ ممنوع نہیں، بلکہ پسندیدہ ہے، بشرطیکہ انعام کوئی تیسرا دے، کذافی یفھم من مجمع الأنھر: ۲/۵٤۹(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۸/۳/۵۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۲/ ربیع الآخر/ ۵۸ھ۔

## والی بال

سوال[۹۵۱۰]: دس بارہ شخص جو قوم کے سردار کہلاتے ہیں اور تمام شہر کے لوگ ان کی عزت کرتے ہیں، وہ روزانہ جمع ہو کر دل خوش کرنے کے لئے شام کو جنگل میں دو بانس بالمقابل گاڑ کر اور جالی ڈال کر بال کو کبھی ادھر پھینکتے ہیں، کبھی ادھر پھینکتے ہیں۔ اس کھیلنے کے لئے علمائے دین کیا فرماتے ہیں؟

---

(۱) "تجوز المسابقة بالسهام والخيل ......... وإن شرط فيها جعل من إحدى الجانبين أو من ثالث لأسبقهما، جاز". (ملتقى الأبحر) "ولأنه يحتاج إليه في الجهاد للكر والفر، وكل ماهو من أسباب الجهاد، فتعلمه مندوب إليه سعياً في إقامة هذه الفريضه". (ملتقى الأبحر شرح مجمع الأنهر، كتاب الكراهيه، فصل في المتفرقات: ۴/۲۱۶، غفاريه كوئٹه)

(وكذافي ردالمحتار، كتاب الحظر والاباحة، فصل في البيع: ۶/۳۹۵، سعيد)

(وكذافي الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الفصل السادس في المسابقة: ۵/۳۲۴، رشيديه)

الجواب حامداًومصلياً:

مکروہ ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمود گنگوہی عفااللہ عنہ،معین مفتی مدرسہ مظاہرعلوم سہارنپور،۵/۹/۶۲ھ

الجواب صحیح:سعیداحمدغفرلہ، صحیح:عبداللطیف،مظاہرعلوم سہارنپور،۵/۹/۶۲ھ۔

## فٹ بال،کبڈی کھیلنا،کشتی لڑنا

سوال[۹۵۱۱]: ۱......گیندکھیلنا،فٹبال کھیلنا،کبڈی کھیلنا،لکڑی کھیلنا جائزہے یاناجائز؟

---

(۱) "وكره كل لهو، لقوله عليه السلام: "كل لهو المسلم حرام إلا ثلاثة: ملاعبته أهله، وتأديبه لفرسه، ومناضلته بقوسه". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۶/۳۹۵، سعيد)

"عن عقبة بن عامر رضي الله تعالىٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "إن الله عزوجل يدخل بالسهم الواحد ثلثة نفر الجنة: صانعه يحتسب في صنعته الخير، والرامي به، ومنبله. وارموا واركبوا، وأن ترموا أحب إليّ من أن تركبوا. ليس من اللهو إلا ثلث: تأديب الرجل فرسه، وملاعبته أهله، ورميه بقوسه ونبله، ومن ترك الرمي بعد ما علمه رغبةً عنه، فإنها نعمة تركها، أو قال: كفرها". (سنن أبي داؤد، كتاب الجهاد، باب في القرى: ۱/۳۶۳، مكتبه رحمانيه لاهور)

(وجامع الترمذي، أبواب الجهاد، باب ماجاء في الرهان: ۱/۲۹۹، سعيد)

"المراد باللهو في الحديث المذكور اللهو المباح، كما فيما بين السطور من أبي داؤد فليراجع المصدر السابق". (مصحح)

"اگرسترکھولنےاورنمازکےقضاءہونےکااندیشہ نہ ہوتووالی بال کھیلنےکی ورزش کی نیت سےشرعاً گنجائش ہے،جسمانی ورزش جس میں کوئی بات خلاف شریعت نہ ہو،جائزہے۔ورزش کےبہت سےطریقےہیں جن میں بعض طریقےایسےہیں کہ وہ کسی خاص قوم کفارکےساتھ مخصوص ہیں،مثلاً:کرکٹ،فٹ بال،ہاکی وغیرہ کہ ان میں یورپین کفارکی مشابہت کی وجہ سے کراہت ہے،تاہم اگران چیزوں میں مشغولی کی وجہ سےنمازیااَورکسی امرشرعی میں نقصان نہ آئےتوصرف تشبہ کی وجہ سے کراہت ہوگی،حرمت کاحکم لگاناصحیح نہیں ہے۔اوریہ بات کہ ان چیزوں کوہاتھ لگانامثل خنزیرکےگوشت کےہاتھ لگانےکے ہے،افراط واعتداء فی الحکم ہےجس سےاحترازواجب ہے۔محمدکفایت اللہ غفرلہ،مدرسہ امینیہ دہلی"۔(کفایت المفتی،کتاب الحظروالإباحۃ،اکیسواں باب:متفرقات،عنوان مسئلہ:فٹ بال اورکرکٹ وغیرہ کھیلنےکاحکم:۹/۲۶۹،دارالإشاعت کراچی)

۲...... کشتی لڑنا جائز ہے یا ناجائز؟

۳...... کشتی لڑنا دنگل (۱) کے اندر جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

۱...... اگر ورزش اور مشقِ جہاد اور تندرستی باقی رکھنے کیلئے کھیلے تو درست ہے (۲)، مگر ستر پوشی اور دیگر حدودِ شریعت کی رعایت لازم ہے (۳)، انہماک کی وجہ سے احکامِ شرعیہ: نماز وجماعت وغیرہ میں خلل نہ آئے۔

۲،۳...... جواب نمبر:۱ کے مطابق ہے، ان کا بھی یہی حکم ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۳/۲۴ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۳/۲۵ھ۔

## تاش کا کھیل

سوال[۹۵۱۲]: ایک آدمی یہ کہتا ہے کہ میں صرف دل کو بہلانے کے لئے تاش کھیلتا ہوں جس میں کسی بھی قسم کی کوئی شرط نہیں رکھی جاتی، جیسا کہ دوسرے کھیل ہیں، مثلاً: فٹ بال اور والی بال، ہاکی، کرکٹ

---

(۱) ''دنگل: کشتی کرنے کی جگہ، اکھاڑہ، پہلوان کی جائے نشست''۔ (فیروز اللغات، ص: ۶۴۷، فیروز سنز لاھور)

(۲) "تجوز المسابقة بالسهام والخيل، والحمير، والإبل، والإقدام، لقوله عليه السلام: "لاسبق إلا في خف أو نصل، أو حاضر". والمراد بالخف الإبل، وبالنصل الرمي، وبالحاضر الفرس والبغل. وفي الحديث: "سابق رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وأبوبكر وعمر رضي الله تعالى عنهما، فسبق رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم". ولأنه يحتاج إليه في الجهاد للكرّ والفرّ وكلّ ماهو من أسباب الجهاد، فتعلّمه مندوبٌ إليه سعياً في إقامة هذه الفريضة". (مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر، كتاب الحظر والإباحة، فصل في المتفرقات: ۲۱۶/۴، غفاريه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب السادس في المسابقة: ۳۲۴/۵، رشيديه)

(والسراجية، كتاب الحظر والإباحة، ص: ۷۶، سعيد)

(۳) "وينظر الرجل إلى الرجل إلا العورة، وهي مابين السرة والركبة". (تبيين الحقائق، كتاب الكراهية، فصل في النظر: ۱۴/۷، دار الكتب العلمية بيروت)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الكراهية، فصل في النظر: ۱۹۹/۴، غفاريه)

وغیرہ، تو اس کے غلط ہونے کی کیا وجہ ہے، جبکہ اس میں کوئی شرط وغیرہ نہیں لگائی جاتی۔ تو کیا اس کیلئے تاش کھیلنا اس صورت کے ساتھ جائز ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

کرکٹ، ہاکی، وغیرہ میں ایک غرضِ صحیح کے پیشِ نظر اجازت ہے (یہ سب ممنوعِ محض نہیں) بخلاف تاش کے، کہ اس میں یہ غرضِ صحیح موجود نہیں (۱)، نیز یہ دوسرے کیلئے ذریعۂ قمار بن سکتا ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "وكره تحريماً اللعبُ بالنرد، وكذا الشطرنج". (الدرالمختار). "وإنما كره: لأن من اشتغل به، ذهب عناءه الدنيوي وجاءه العناء الأخروي، فهو حرام وكبيرة عندنا، الخ". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۶/۳۹۴، سعيد)

(وكذا في كفايت المفتي، كتاب الحظر والإباحة، پندرھواں باب: لہو ولعب، عنوان: تاش چوسر اور شطرنج کھیلنا جائز نہیں: ۹/۲۰۴ جديد)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الكراهية، فصل في المتفرقات: ۴/۲۲۲، غفاريه)

بعض علماء نے بغیر شرط لگائے جائز لکھا ہے، لیکن جمہور کی رائے مطلقاً عدم جواز کی ہے:

"وأباحه الشافعي وأبو يوسف رحمهما الله تعالىٰ في رواية، ونظمها شارح الوهبانية، فقال: ولا بأس بالشطرنج وهي رواية:: عن الحبر قاضي الشرق والغرب تؤثر. وهذا إذا لم يقامر ولم يداوم ولم يخل بواجب، وإلا فحرام بالإجماع". (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۶/۳۹۴، سعيد)

"ويحرم عند الجمهور غير الشافعية أيضاً الشطرنج". (الفقه الإسلامي وأدلته، المبحث الرابع، رابعا اللهو، الشطرنج: ۴/۲۶۶۳، رشيديه)

(وكذا في فتاوىٰ دارالعلوم ديوبند، (يعني عزيز الفتاوىٰ)، كتاب الحظر والإباحة، شطرنج کھیلنا حرام ہے، ص: ۷۱۳، دارالاشاعت كراچی)

(وكذا في إمداد الفتاوىٰ، كتاب الحظر والإباحة، غناء ومزامیر اور لہو ولعب وتصاویر کے احکام، شطرنج کا حکم: ۴/۲۴۰، ۲۴۱، مكتبه دارالعلوم كراچی)

(۲) قال العلامة الآلوسي تحت قوله تعالىٰ: ﴿ولاتسبوا الذين﴾ الخ: "واستدل بالآية على أن الطاعة إذا =

## تعلیمی تاش

سوال[۹۵۱۳]: تعلیمی تاش کھیلنا جائز ہے یا نہیں، اگر جائز ہے تو بلا کراہت یا مع الکراہت؟ اگر ناجائز ہے تو مکروہ تحریمی ہے یا حرام؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر بچوں کو حروف کی شناخت کے لئے یہ تاش استعمال کرایا جائے تو فی نفسہ درست ہے، جیسے بورڈ پر لکھ کر شناخت اور مشق کرائی جاتی ہے(۱)، لیکن اندیشہ یہ ہے کہ یہی کھیل آئندہ چل کر ہار جیت کے تاش کا ذریعہ بن جائے گا، اور دوسری غلط چیزوں کی طرف اس سے رہنمائی ہوگی، جیسے حلِ معمہ وغیرہ۔ اس لئے اس طریقہ کو نہ اپنایا جائے (۲)، بلکہ جو طریقہ سلف کا پہلے سے موجود ہے اسی کو اختیار کیا جائے، اس میں خیر و برکت ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۱/۶/۳ھ۔

---

= أدّت إلى معصية راجحة، وجب تركها، فإن مايؤدي إلى الشر شرٌّ". (روح المعاني: ۷/۲۵۲، دارإحياء التراث العربي بيروت)

(وأحسن الفتاوى، كتاب الحظر والإباحة، باب المتفرقات، تحت عنوان: شطرنج لوڈو اور بارہ گوٹی کھیلنا جائز نہیں: ۸/۲۴۳، سعيد)

(۱) ''اگر ہار جیت نہ ہو تو جائز ہے، بلکہ مبتدیوں کے حق میں شاید مفید ہے۔ واللہ اعلم''۔ (إمداد الفتاویٰ، كتاب الحظر والإباحة، باب: غناو مزامیر اور لہو ولعب وتصاویر کے احکام، عنوان مسئلہ: تعلیمی تاش: ۴/۲۵۲، مكتبه دارالعلوم، کراچی)

''تعلیمی تاش بچوں کی تعلیم کے لئے استعمال کرنا مباح ہے''۔ محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ''۔ (كفايت المفتي، كتاب الحظر والإباحة، اکیسواں باب: متفرقات، عنوان مسئلہ: تعلیمی تاش بچوں کی تعلیم کے لئے استعمال کرنا: ۹/۲۶۸، دارالإشاعت کراچی)

(۲) قال العلامة الآلوسي. تحت قوله تعالىٰ: ﴿ولاتسبوا الذين الخ﴾. "واستدل بالأية على أن الطاعة إذا أدّت إلى معصية راجحة، وجب تركها، فإن مايؤدي إلى الشر شر". (روح المعاني: ۷/۲۵۲، دارإحياء التراث العربي بيروت)

قال العلامة الحصكفي: "كل ما أدى إلى مالايجوز، لايجوز". (الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس: ۶/۳۶۰، سعيد)

## کیرم بورڈ

سوال [۹۵۱۴] : کیرم بورڈ ایک کھیل ہے، کیا اس کے جواز کی کوئی صورت ہے؟ اطلاعاً عرض ہے کہ کھیل بغیر شرائط وبغیر ہار جیت کے کھیلا جاتا ہے، جواز ہو تو کس صورت میں اور ناجائز ہو تو کس صورت میں؟ اطلاع فرما کر مشکور فرمائیں۔ فقط۔

مولانا محمد مصطفیٰ قاسمی جھانسی۔

### الجواب حامداً ومصلياً:

اگر ہار جیت نہ ہو اور احکامِ شرعیہ میں اس کی وجہ سے خلل نہ آئے تو کبھی کبھی وحشت دور کرنے اور دل بہلانے کے لئے اس کھیل (کیرم) کی گنجائش ہے، تاہم اس کی عادت نہ ڈالی جائے، اور اس کو چھوڑنے کی کوشش کی جائے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۶/۳/۹۴ھ۔

---

(۱) "قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "روّحوا القلوب ساعةً فساعةً". (الجامع الصغير للسيوطي مع فيض القدير: ۵/۳۴۱۵، (رقم الحديث: ۴۴۸۴)، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

قال العلامة المناوي رحمه الله تعالىٰ تحت قوله: "روحوا القلوب ساعةً فساعةً": وفي رواية: "ساعةً وساعةً": أي أريحوها بعض الأوقات من مكايدة العبادات بمباح لاعقاب فيه، ولا ثواب. قال أبوالدرداء رضي الله تعالىٰ عنه: إني لأجم فؤادي ببعض الباطل: أي اللهو الجائز لأنشط للحق. وذكر عند المصطفى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم القرآن والشعر، فجاء أبوبكر رضي الله تعالىٰ عنه، فقال: أقراءة وشعر؟ فقال: نعم! ساعةً هذا وساعةً ذاك. وقال علي كرم الله وجهه: اجمعوا هذه القلوب، فإنها تمل كما تمل الأبدان: أي تكل. وقال بعضهم: إنما ذكر المصطفىٰ صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لأولئك الأكابر الذين استولت هموم الأخرة على قلوبهم، فخشي عليها أن تحترق". (فيض القدير شرح الجامع الصغير، (رقم الحديث: ۴۴۸۴): ۵/۳۴۱۵، ۳۴۱۶، مكتبه نزار مصطفىٰ الباز رياض)

"وحاصل الكلام: ترويح القلب وتفريحه، وكذا تمرين البدن من الارتفاقات المباحة والمصالح البشرية التي لا تمنعها الشريعة السمحة برأسها، نعم! تمنع الغلو والانهماك فيها بحيث يضرّ بالمعاش أوالمعاد". (تكملة فتح الملهم، كتاب الشعر، باب تحريم اللعب بالنرد شير، حكم =

## کیرم بورڈ بطورِتفریح

سوال[۹۵۱۵]: کیرم بورڈ بغیر شرط محض تفریح کیلئے کھیلنا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

فی نفسہ اس میں خواہ گناہ نہ ہو، لیکن آئندہ چل کر بسا اوقات یہی ہار جیت کے طور پر کھیلنے کا ذریعہ بن جاتا ہے، لہذا احتیاط مناسب ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند۔

---

= الألعاب فی الشریعه: ۴/۴۳۴، دارالعلوم کراچی)

"قال أبوالدرداء: إنی لأجم فؤادی ببعض الباطل: أی اللهو الجائز، لأنشط للحق". (فیض القدیر: ۷/۳۴۱۵، مکتبه نزار مصطفی الباز ریاض)

(۱) "قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "روّحوا القلوب ساعةً فساعةً". (الجامع الصغیر للسیوطی مع فیض القدیر: ۷/۳۴۱۵، (رقم الحدیث: ۴۴۸۴)، مکتبه نزار مصطفی الباز ریاض)

قال العلامة المناوی رحمه الله تعالیٰ تحت قوله: "روحوا القلوب ساعةً فساعةً": وفی روایة: "ساعةً وساعةً": أی أریحوها بعض الأوقات من مکابدة العبادات بمباح لاعقاب فیه، ولا ثواب. قال أبوالدرداء رضی الله تعالیٰ عنه: إنی لأجم فؤادی ببعض الباطل: أی اللهو الجائز لأنشط للحق. وذکر عند المصطفی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم القرآن والشعر، فجاء أبوبکر رضی الله تعالیٰ عنه، فقال: أقراء ة وشعر؟ فقال: نعم! ساعةً هذا وساعةً ذاک. وقال علی کرم الله وجهه: اجمعوا هذه القلوب، فإنها تمل کما تمل الأبدان: أی تکل. وقال بعضهم: إنما ذکر المصطفیٰ صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لأولئک الأکابر الذین استولت هموم الأخرة علی قلوبهم، فخشی علیها أن تحترق". (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر، (رقم الحدیث: ۴۴۸۴): ۷/۳۴۱۵، ۳۴۱۶، مکتبه نزار مصطفیٰ الباز ریاض)

"وحاصل الکلام: ترویح القلب وتفریحه، وکذا تمرین البدن من الارتفاقات المباحة والمصالح البشریة التی لا تمنعها الشریعة السمحة برأسها، نعم! تمنع الغلو والانهماک فیها بحیث یضرّ بالمعاش أوالمعاد". (تکملة فتح الملهم، کتاب الشعر، باب تحریم اللعب بالنرد شیر، حکم الألعاب فی الشریعة: ۴/۴۳۴، دارالعلوم کراچی)

"قال أبوالدرداء: إنی لأجم فؤادی ببعض الباطل: أی اللهو الجائز، لأنشط للحق". (فیض القدیر: ۷/۳۴۱۵، مکتبة نزار مصطفی الباز ریاض)

## گھر میں کھیل کھیلنا

سوال[۹۵۱۶]: گھر کے اندر کھیل کھیلنا جائز ہے یا نہیں، مثلاً: ٹیبل ٹینس، کیرم بورڈ، اور بیڈ منٹن وغیرہ؟ میرا ایک دوست کہتا ہے کہ یہ کھیلنا جائز نہیں۔

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

جو کھیل کفار یا فساق کا شعار نہ ہو اور اس میں ہار جیت پر مال کی شرط نہ ہو، اور اس میں مشغول ہونے کی وجہ سے طاعات ترک نہ ہوں اور اس میں کوئی چیز خلافِ شرع نہ ہو تو درست ہے، اگر اس میں صحت درست وقوی ہو کر دشمن کے مقابلہ کی قوت میں ترقی ہو تو اس نیت سے اس میں ترغیب بھی ہے(۱)، جیسے گھوڑے کی سواری میں

---

(۱) "وحاصل الكلام أن ترويح القلب وتفريحه، وكذا تمرين البدن من الارتفاقات المباحة والمصالح البشرية التى لاتمنعها الشريعة السمحة برأسها، نعم! تمنع الغلو والانهماك فيها بحيث يضر بالمعاش أو المعاد. وهذا هو السر فى إباحة بعض الملاهى فى بعض الأحيان، فإن هذا اللهو على هذه النية والغرض لم يبق لهواً، بل عاد مصلحةً وفائدةً، كما سبق فى الأحاديث المذكورة من إباحة السباحة والرماية والانتضال بالقوس والمسابقة بالإبل والبهائم، وإجراء الخيل، وملاعبة الأهل، فإنها وإن كانت فى صورة اللهو، ولكنها لما كان الاشتغال فيها على غرض صحيح ومصالح معاشية أو معادية، خرجت عن اللهوية حقيقة، فأبيحت، وربما استحبت. نعم! من فعلها بقصد التلهى والتلعب، كان حراماً ومكروهاً فى حقه، صرح به الفقهاء.

وكما أن اللهو قد يصير مصلحة بالنية، ويخرج عن اللهوية، كذلک قد تصير الأعمال الصالحة بالنية الفاسدة لهواً، أو تعود لسدّها عن ذكر الله لعباً ومعصيةً. قال عليه الصلوة والسلام: "كل شئ ليس من ذكر الله، فهو لهو ولعب". ذكره فى الجامع الصغير برمز النسائى، ووضع عليه علامة الحسن.

وإذا عرفت أن اللهو قد يعود مصلحةً بنية صحيحة ومصلحةً مقصودةً، والمصالح قد تعود لهواً بنية فاسدة، أو انهماک فيها بحيث يشغل عن ذكر الله، فقد اتضح لک اختلاف الفقهاء فى بعض الملاهى، فإنه أحلّها من أحلّها إذا كانت لغرض صحيح بنية صالحة. وحرمها من حرمها لعدم اعتداده بتلک النية الصالحة، والغرض الصحيح فى جانب مايلزمه من المفاسد، ولما رأى بالتجربة أن إثمها =

یا تیرنے میں (۱)، ورنہ جیسا کہ جتنا غلط کھیل ہوگا ویسا ہی اس پر حکم بھی ہوگا۔اس ضابطہ کے تحت ہر کھیل کا حکم

---

= أكبر من نفعها .......... وأما مالم يرد فيه النهي عن الشارع، وفيه فائدة ومصلحة للناس، فهو بالنظر الفقهي على نوعين. الأول: ما شهدت التجربة بأن ضرره أعظم من نفعه، ومفاسده أغلب على منافعه، وأنه من اشتغل به ألهاه عن ذكر الله وحده، وعن الصلوات والمساجد، التحق ذلك بالمنهي عنه، لاشتراك العلة، فكان حراماً أو مكروه.

والثاني: ماليس كذلك، فهو أيضاً إن اشتغل به بنية التلهي والتلاعب، فهو مكروه، وإن اشتغل به لتحصيل تلك المنفعة وبنية استجلاب المصلحة، فهو مباح، بل قد يرتقي إلى درجة الاستحباب أو أعظم منه". (تكملة فتح الملهم، كتاب الشعر، باب تحريم اللعب بالنردشير، حكم الألعاب في الشريعة: ۴/۴۳۴، ۴۳۵، مكتبه دارالعلوم كراچی)

(۱) "وعن عقبة بن عامر رضي الله تعالىٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "إن الله عزوجل يدخل بالسهم الواحد ثلاثة نفر الجنة: صانعه يحتسب في صنعته الخير، والرامي به ومُنبّله. وارموا واركبوا، وأن ترموا أحب إليّ من أن تركبوا. ليس من اللهو إلا ثلث: تأديب الرجل فرسه، وملا عبته أهله، ورميه بقوسه ونبله، ومن ترك الرمي بعد ما علمه رغبةً عنه، فإنها نعمة تركها" أو قال: "كفرها". (سنن أبي داؤد، كتاب الجهاد، باب الرمي: ۱/۳۶۳، مكتبه رحمانيه لاهور)

"المراد باللهو في الحديث المذكور اللهؤ المباح، كما فيما بين السطور من أبي داؤد فليراجع المصدر السابق". (مصح)

"وكره كل لهو لقوله عليه السلام: "كل لهو حرام إلا ثلاثة: ملا عبته أهله وتأديبه لفرسه ومناضلته بقوسه". (ردالمحتار، كتاب الحظرو الإباحة، فصل في البيع: ۶/۳۹۵، سعيد)

"تجوز المسابقة بالسهام والخيل........... ولأنه يحتاج إليه في الجهادُ للكرّ والفرّ، وكل ماهو من أسباب الجهاد فتعلّمه مندوب إليه سعياً في إقامة هذه الفريضة". (مجمع الأنهر مع الملتقى الأبحر، كتاب الكراهية، فصل في المتفرقات: ۴/۲۱۶، غفاريه)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة: ۶/۴۰۳، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الفصل السادس في المسابقة: ۵/۳۲۶، رشيديه)

معلوم ہوسکتا ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/ ۷/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۷/ ۹۲ھ۔

## بچوں کا لٹو وغیرہ کھیلنا

سوال[۹۵۱۷]: بچوں کو لٹو کھیلنے کی اجازت دی جائے یا نہیں؟ اسی طرح ترکی ٹوپی اور کوٹ پہننے کی اجازت دی جائے یا نہیں، اگر اجازت دی جائے تو کس عمر تک؟ اگر بیان فرمائیں گے تو مہربانی ہوگی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر چہ یہ چیزیں بچوں کے حق میں حرام نہیں، تاہم جس قدر اچھے اخلاق وافعال کا ان کو عادی بنایا جائے گا اسی قدر بڑے ہو کر ان پر اثر ہوگا۔ جو کوٹ کسی غیر قوم کا شعار نہیں وہ درست ہے، بڑے کی حق میں بھی بچے کے حق میں بھی (۲)۔

---

(۱) "فالضابط فی هذا الباب .......... أن اللهو المجرد الذی لاطائل تحته، ولیس له غرض صحیح مفید فی المعاش ولا المعاد حرامٌ أو مکروهٌ تحریماً .......... وما کان فیه غرض ومصلحة دینیة أو دنیویة، فإن ورد النهی عنه من الکتاب أو السنة .......... کان حراماً أو مکروهاً تحریماً .......... وأما مالم یرد فیه النهی عن الشارع، وفیه فائدة ومصلحة للناس، فهو بالنظر الفقهی علی نوعین: الأول: ماشهدت التجربة بأن ضرره أعظم من نفعه، ومفاسده أغلب علی منافعه، وأنه من اشتغل به ألهاه عن ذکر الله وحده، وعن الصلوة والمساجد، التحق ذلک بالمنهی عنه، لاشتراک العلة، فکان حراماً أو مکروهاً. والثانی مالیس کذلک، فهو أیضاً إن اشتغل به بنیة التلهی والتلاعب، فهو مکروه. وإن اشتغل به لتحصیل تلک المنفعة، وبنیة استجلاب المصلحة، فهو مباح، بل قد یرتقی إلی درجة الاستحباب أو أعظم منه .......... وعلی هذا الأصل فالألعاب التی یقصد بها ریاضة الأبدان أو الأذهان جائزة فی نفسها مالم تشتمل علی معصیة أخری، ومالم یؤد الانهماک فیها إلی الإخلال بواجب الإنسان فی دینه ودنیاه. والله سبحانه أعلم". (تکملة فتح الملهم، قبیل کتاب الرؤیا: ۴/۴۳۵، دارالعلوم کراچی)

(۲) "وعنه (ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما) قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۵، قدیمی) =

ترکی ٹوپی بھی درست ہے (۱)۔ لٹوکی بھی اجازت ہے بشرطیکہ قمار نہ ہو (۲)، لیکن سنت کے موافق

= قال العلامة الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: "من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره، أوبالفساق أو الفجار، أوبأهل التصوف والصلحاء الأبرار "فهو منهم": أي في الإثم والخير. قال طيبي رحمه الله تعالیٰ: هذا عام في الخَلق والخُلق والشعار". (مرقاة الفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني: ۱۵۵/۸، (رقم الحديث: ۴۳۴۷)، رشيديه)

"المشاركة في الهدى في الظاهر تؤثر تناسباً وتشاكلاً بين المتشابهين، تعود إلى موافقة ما في الأخلاق والأعمال، وهذا أمرٌ محسوسٌ". (فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۱۱/۵۷۴۳، ۵۷۴۴، (رقم الحديث: ۸۵۹۳)، مكتبة نزار مصطفى الباز رياض)

(۱) "لابأس بلبس الثياب الجميله إذا كان لاينكر عليه فيه". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۳۴۹/۸، رشيديه)

"لابأس بلبس الثياب الجميلة إذا كان لايتكبر، وكذا جمع المال إذا كان من الحلال". (خلاصة الفتاوى، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۳۷۸/۴، رشيديه)

(۲) "حرمت شطرنج کی علت صرف تصاویر اور جوا ہی نہیں، اگر تصاویر اور جوا کا وجود شطرنج کے لئے لازم ہوتا تو امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ اس کی کراہت تنزیہہ کا قول نہ فرماتے۔ قاعدہ یہ ہے کہ جس کھیل میں بھی ذہنی ورزش ہوگی وہ ناجائز ہوگا، اور جو ذہنی ورزش سے پاک ہو وہ جائز ہے، خواہ اس میں جسمانی ورزش ہو یا محض دل ودماغ تفریح جیسے لٹو، چکئی، بچوں کے کھلونے اور سیر و تفریح وغیرہ۔ وجوہ الفرق تین ہیں:

۱- دل ودماغ کے سامنے مقاصد اصلیہ بہت کثیر ہیں، بلکہ مقاصد آخرت تو غیر متناہیہ ہیں، اس لئے انہیں کسی مقصد کی تحصیل کے لئے ذہنی ورزش کو ذریعہ بنانے کی ضرورت نہیں، بلکہ فرصت ہی نہیں:

آں خیالاتی کہ دام اولیاء ست
عکس مہرویان بستان خداست

جسمانی صحت کے لئے جسمانی ورزش کی ضرورت ہے، اس لئے جائز بلکہ بقدر ضرورت واجب وموجب اجر ہے، اسی طرح دل ودماغ کی تفریح کا سامان بھی صحت جسمانیہ کے لئے نافع ہونے کی وجہ سے جائز وباعث اجر ہے، بشرطیکہ وہ ذہنی ورزش سے پاک ہو۔ حقیقت تو یہ ہے کہ دل ودماغ کی تفریح اور ورزش دونوں کا اجتماع محال ہے، دماغی تفریح صحت جسمانیہ کے لئے نافع اور دماغی ورزش مضر ہے۔

اگر کسی کو بارہ ٹہنی جیسی ذہنی ورزش میں دماغی فرحت محسوس ہو تو اس کی مثال کھجلی کے مرض جیسی ہے جس میں کھجلاتے =

= سے وقتی طور پر لذت وسکون ملتا ہے، مگر بعد میں سخت تکلیف واذیت۔

دماغ بادشاہ ہے اور پورا جسم اس کی فوج ہے، فوج کے لئے پریڈ اور جنگی مشقیں کرنا لازم ہے، اس لئے کہ یہ تحصیل مقصد کا ذریعہ ہے، مگر بادشاہ کے لئے جس طرح جسمانی پریڈ مضر ہے اسی طرح فکری پریڈ بھی سخت مضر ہے، حکومت کا بقاء اس پر موقوف ہے کہ بادشاہ دماغ کو فکری پریڈ میں لگانے کی بجائے براہ راست تحصیل مقاصد کی طرف متوجہ رکھے۔

۲- ذہنی ورزش دل ودماغ کے مقاصد اصلیہ کی تحصیل میں مخل ہونے کے علاوہ جسمانی صحت کے لئے بھی سخت مضر ہے۔ اس کے برعکس جسمانی ورزش اور تفریح صحت جسمانیہ کے لئے نافع ہونے کے ساتھ دل ودماغ کے مقاصد اصلیہ کی تحصیل میں بھی معین ومددگار ہے۔

اس وجہ ثانی اور وجہ اول میں یہ فرق ہے کہ اول میں مقصود یہ ہے کہ ورزش ذہنی کی ضرورت نہیں، اس لئے عبث ولہو میں داخل ہونے کی وجہ سے ناجائز ہے۔ اور وجہ ثانی میں یہ بتانا مقصود ہے کہ یہ صحت جسمانیہ اور دل ودماغ کے مقاصد کی تحصیل کے لئے سخت مضر ہے۔

۳- ذہنی ورزش میں ایسا انہماک ہوجاتا ہے جو مشاغل دینیہ ودنیویہ کو نقصان پہنچاتا ہے، جسمانی ورزش میں اتنا انہماک نہیں ہوتا، اس فرق کی دو وجوہ ہیں:

۱= جسمانی ورزش میں کچھ وقت کے بعد تھکاوٹ کا احساس اس سے روک دیتا ہے، گویا الارم اور منبہ کا کام دیتا ہے، ذہنی ورزش میں ایسا کوئی منبہ نہیں۔

۲= جسمانی ورزش میں دماغ کسی قدر آزاد ہوتا ہے، کھیل میں مشغول تو ہوتا ہے، مگر اتنا نہیں کہ دوسری جانب توجہ کا ہوش ہی نہ رہے اور ذہنی ورزش میں مکمل طور پر اسی طرف مشغول ہوتا ہے۔

لوگ جسے ''ذہنی ورزش'' کہتے ہیں وہ درحقیقت ''تفکر بے مقصد'' ہے، جو نعمت فکر کو بے محل صرف کرنے کی وجہ سے تبذیر ہے۔

تحقیق حکم کی غرض سے اس قسم کے مروجہ کھیلوں کے نقشے اور کھیل جاننے والے دارالافتاء میں بلائے گئے، بندہ نے چند علماء کو ساتھ بٹھا کر ان کے طریق کار کا معاینہ کر کے فیصلہ کیا کہ ان میں سے کس میں تفکر بے مقصد ہے اور کس میں محض دماغی تفریح، تفصیل درج ذیل ہے:

| تفکر بے مقصد | دماغی تفریح |
| --- | --- |
| ۱-شطرنج، ۲-تاش | ۱-کیرم بورڈ = |

لباس اور معاشرت اختیار کرنا موجبِ برکت وثواب ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

## بچہ کو جھنجھنے سے بہلانا

سوال[۹۵۱۸]: نابالغ بچوں کو جھنجھنے سے بہلانا کیسا ہے، جبکہ تصویر والے نہ ہوں، یہ مزامیر میں شمار تو نہیں ہے؟

---

= ۳-ڈرافٹ، ۴-لوڈو، ۵-سوال جوڑ ۲-لوڈو کا حاشیہ

۶-اٹھارہ گوٹی، بارہ گوٹی، نو گوٹی ۳-لوڈو کی پشت

۷-اڈہ کھڈہ، چوسر، چوپڑ، گنگل چرا، چنگا پوہ، نرد بازی، پچیسی ۴-دو گوٹی (کیونکہ اس میں عدم تفکر ضروری ہوتا ہے)

مندرجہ بالا دماغی تفریح کے کھیلوں کا تفصیل مذکور کے تحت اگرچہ جواز معلوم ہوتا ہے، مگر ان میں فسادات ذیل کی وجہ سے یہ بھی جائز نہیں:

۱-ان سے ذہنی ورزش والے کھیلوں میں ابتلاء کا خطرہ ہے۔

۲-ناجائز کھیلوں کے ساتھ مشابہت ہے۔

۳-بے دین لوگوں کا شعار ہے۔

۴-دیکھنے والوں کے لئے موقع اشتباہ وباعث سوءظن۔

۵-انہماک کی وجہ سے دین ودنیا کے اہم کاموں سے غفلت۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔(أحسن الفتاوی، کتاب الحظر والإباحة، باب المتفرقات، عنوان مسئلہ: شطرنج، لوڈو اور بارہ گوٹی کھیلنا جائز نہیں: ۸/۲۴۱، سعید)

(۱) "لابأس بلبس الثياب الجميلة إذا كان لاينكر عليه فيه". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۸/۳۴۹، رشيديه)

"لابأس بلبس الثياب الجميلة إذا كان لايتكبر، وكذا جمع المال إذا كان من الحلال".

(خلاصة الفتاوى، كتاب الكراهية، فصل في اللبس: ۴/۳۷۸، رشيديه)

الجواب حامداًومصلیاً:

یہ مزامیر میں شمار نہیں، اس کی گنجائش ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۱/۸۶ھ۔

الجواب صحیح: سید مہدی حسن غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/۱/۸۶ھ۔

☆......☆......☆......☆......☆

---

(۱) "عن عائشة رضی اللّٰہ تعالی عنها أن النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم تزوجها وهی بنت سبع سنین، وزُفّت إلیه وهی بنت تسع سنین ولعبها معها". (مشکوٰة المصابیح، کتاب النکاح، باب الولی فی النکاح، ص: ۲۷۰، قدیمی)

"لعب –جمع لعبة– أرادت ماکانت تلعب به. وفیه إباحة لعب الجواری بهن، ولم یثبت کونها صوراً محرمةً". (حاشیة مشکوة المصابیح، (رقم الحاشیة: ۷)، المصدر السابق)

**سوال:** "بچوں کا باجہ، سیٹی، سیفٹی ریزر، بلیڈ یا کاغذ پر چھپی ہوئی تصویریں جو بچے پانی میں بھگو کر اپنے ہاتھوں یا کتابوں پر اتار لیتے ہیں اور شیشے کی گولیاں وغیرہ ان چیزوں کی خرید وفروخت جائز ہے یا نہیں؟

(شیخ رشید احمد سوداگر، صدر بازار دہلی)

**جواب:** "بچوں کا باجہ، سیٹی، سیفٹی ریزر، بلیڈ، گولیاں، یہ چیزیں بیچنی جائز ہیں، تصویر بیچنی جائز نہیں ہیں۔محمد کفایت اللہ کان اللہ لہٗ"۔(کفایت المفتی، کتاب الحظر والإباحة، بچوں کے کھیل کھلونے فروخت کرنے کا حکم: ۹/۲۰۵، دارالاشاعت کراچی)

(وکذا فی إمداد الفتاویٰ، کتاب الحظر والإباحة، بچوں کے کھیل کھلونے فروخت کرنے کا حکم: ۴/۲۵۲، مکتبہ دارالعلوم کراچی)

# باب الموالات مع الكفار والفَسَقة

## (کفار اور فاسقوں کے ساتھ دوستی کرنے کا بیان)

### غیر مسلم سے تعلقات

سوال[۹۵۱۹]: ہندو سے دوستی کرنا کیسا ہے؟ جائز ہے یا کہ نہیں، یعنی ایسے ہندو سے دوستی قائم کرنا جو کہ مسلمانوں کو کسی طرح کی کوئی تکلیف نہیں پہونچاتا ہے اور یہ دوستی اس کی بہت زمانہ سے چلی آرہی ہے، تو اس کے ساتھ دوستی قائم کرنا عندالشرع کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بستی دار یا محلّہ دار ہونے کی وجہ سے، یا کسی اَور ضرورت کی وجہ سے اس کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنا اور میل ملاپ رکھنا درست ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۵/۹۰ھ۔

### کافر سے موالات ومواسات

سوال[۹۵۲۰]: کسی ہندو کا مسلمان سے دوستانہ تعلق ہے، شادی کے وقت ایک دوسرے کو روپیہ،

---

(۱) "ولا بأس بمصافحة المسلم جارَه النصرانيَّ إذا رجع بعد الغيبة و يتأذى بترك المصافحة، كذا في الغنية". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الرابع عشر في أحكام أهل الذمة: ۳۴۸/۵، رشيديه)

"ولابأس بأن يصل الرجل المسلم المشرك، قريباً كان أو بعيداً، محارباً كان أو ذمياً. وأراد بالمحارب المستأمن". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في البيع: ۳۷۴/۸، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۳۸۸/۶، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهة، الباب الرابع: ۳۴۷/۵، رشيديه)

کھانے پکاتے اور کھانے کو دیتے ہیں اور ایک دوسرے کی دعوت کرتے ہیں۔ ایسا روپیہ لینا دینا اور کھانا پینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کفار سے دوستانہ تعلق اور دلی محبت حرام ہے، لقوله تعالیٰ: ﴿يا أيها الذين امنوا لا تتخذوا الذين اتخذوا دينكم هزواً ولعباً﴾ الآية (۱)۔

البتہ دنیوی معاملات میں لین دین وغیرہ بضرورت درست ہے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/۱۰/۶۴ھ۔

## شانِ خداوندی میں گستاخی کرنے والے کے ساتھ سلوک

سوال [۱۹۵۲۱]: غیر مسلم اللہ کی شان میں گستاخیاں کرتا ہے، ظاہر ہے کہ اگر اس کو اللہ کی عظمت کا علم ہوجاتا تو ایسا نہ کرتا۔ علم رکھنے والے کے لئے ایسے موقع پر خاموشی اختیار کرنا کیسا ہے؟ سمجھانے پر نہ ماننے پر جسمانی تکلیف پہونچانے کا حق ہے یا نہیں، جب کہ قدرت ہو؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کیا جسمانی تکلیف پہونچانے سے اس کی اصلاح ہوجائے گی جب کہ وہ بے علم ہے، اصلاح کی صورت تو یہ ہے کہ اخلاق وشفقت سے اس کو اللہ تعالیٰ کی عظمت کا علم کرایا جائے اور عقیدہ درست کیا

(۱) (سورة المائدة: ۵۷)

وقال الله تعالیٰ: ﴿یاأیها الذین آمنوا لاتتخذوا الیهود والنصاری أولیاء﴾ (سورة المائدة: ۵۱)

(۲) "لابأس بأن یکون بین المسلم والذمي معاملة إذا کان ممالا بدّ منه، کذا في السراجیة".

(الفتاوی العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الرابع في أهل الذمة والأحکام التي تعود الیهم: ۵/۳۴۸، رشیدیه)

جائے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۱/۱۲/۲۹ھ۔

## جس کا ظاہر کافروں جیسا ہو، اس کے ساتھ تعلق

سوال [۹۵۲۲]: ایک شخص مسلمان ہے مگر ظاہر غیر مسلموں جیسا ہے، فسادات کے دوران وہ مسلمانوں کے گھر جاتا ہے، اس کو کافر سمجھ کر قتل کر دیتے ہیں۔ جواب طلب یہ بات ہے کہ اس مقتول کا حشر کفار کے ساتھ ہوگا یا مسلمانوں کے ساتھ؟

الجواب حامداً ومصلياً:

اگر وہ مسلمان تھا اور اس کا خاتمہ کفر پر نہیں بلکہ اسلام پر ہوا تو وہ مستحق نجات ہے، اس کے ساتھ دنیا میں وہی معاملہ کیا جائے جو مسلمان کے ساتھ کرنے کا حکم ہے (۲)، رہا حشر کا حال سو جو شخص بھی جس کے ساتھ محبت

---

(۱) قال العلامة ابن البزاز الكردري رحمه الله تعالىٰ: "تعليم صفة الخالق مولانا جل جلاله للناس وبيان خصائص مذهب أهل السنة والجماعة من أهم الأمور، وعلى الذين تصدّوا للوعظ أن يلقنوا الناس في مجالسهم على منابرهم ذلك قال الله تعالىٰ: ﴿وذكر فإن الذكر تنفع المؤمنين﴾، وعلى الذين يؤمون في المساجد أن يعلموا جماعتهم شرائط الصلوة، وشرائع الإسلام، وخصائص مذاهب الحق. وإذا علموا في جماعتهم مبتدعاً، أرشدوه". (الفتاویٰ البزازية على هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً أو خطأً، الثاني فيما يكون كفراً من المسلم: ۶/۳۲۰، رشيديه)

(۲) "ويغسل المسلم ويكفن ويدفن قريبه". (الدرالمختار). قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: ويغسل المسلم): أي جوازاً؛ لأن من شروط وجوب الغسل كون الميت مسلماً"

"قال في البدائع: حتى لايجب غسل الكافر؛ لأن الغسل وجب كرامةً وتعظيماً للميت، والكافر ليس من أهل ذلك (قوله: قريبه) مفعول تنازع فيه الأفعال الثلاثة قبله (قوله: كخاله) أشار إلى أن المراد بالقريب مايشمل ذوي الأرحام كما في البحر". (ردالمحتار على الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب صلوة الجنازة، قبيل: مطلب في حمل الميت: ۲/۲۳۰، سعيد)

(وكذا في البحرالرائق، كتاب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۲/۳۳۵، رشيديه)

رکھتا ہے اور اس کے طریقہ کو پسند کرتا ہے اس کا حشر اسی کے ساتھ ہوتا ہے، "المرء مع من أحب"(۱)، لیکن اگر کوئی شخص بے علم ہونے یا عملی کوتاہی کی وجہ سے پابندِ شرع نہ ہوتو اس کے متعلق ایسا فیصلہ کرنے میں جلدی نہ کی جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۳/۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

(۱) "عن أبي وائل عن عبدالله رضي الله تعالیٰ عنه قال: جاء رجل إلی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فقال: یارسول الله! کیف تری في رجل أحب قوماً، ولمّا یلحق بهم قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: المرء مع من أحب". (الصحیح لمسلم، کتاب البر والصلة والأدب، باب المرء مع من أحب: ۲/۳۳۲، قدیمی)

قال العلامة النووي رحمه الله تعالیٰ: "قوله: صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: للذي سأله عن الساعة ما أعددت لها قال: حبّ الله ورسوله، قال: أنت مع من أحببت، وفي روایات: "المرء مع من أحب" فیه فضل حبّ الله ورسوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، والصالحین وأهل الخیر الأحیاء والأموات، ومن أفضل محبة الله ورسوله امتثال أمرهما، واجتناب نهیهما، والتأدب بالآداب الشرعیة، ولا یشترط في الانتفاع بمحبة الصالحین أن یعمل عملهم إذ لو عمله لکان منهم، ومثلهم. وقد صرح في الحدي الذي بعد هذا بذلک، فقال: رجل أحب قوماً ولمّا یلحق بهم. قال أهل العربیة: مما نفي للماضي المستمر فیدل علی نفیه في الماضي، وفي الحال بخلاف لم، فإنها تدل علی الماضي فقط، ثم إنه لایلزم من کونه معهم أن تکون منزلته وجزاؤه مثلهم من کل وجه". (شرح النووي علی الصحیح لمسلم، کتاب البر والصلة والأدب، باب المرء مع من أحب: ۲/۳۳۱، ۳۳۲، قدیمی)

# الفصل الأول فی التشبه بالکفار

## (کفار کی مشابہت کا بیان)

### سراغ رسانی کے لئے کافروں کی ہیئت اختیار کرنا

سوال[۹۵۲۳]: بلوائیوں کی خفیہ تنظیم کی سراغ رسانی کے لئے اوران کے حملے کو پسپا کرنے کے لئے اگر سر پر چوٹی رکھ لی جائے اور زنار باندھ لی جائے اور سر پر ٹیکا لگایا جائے اور دھوتی پہن لی جائے، اور یہ سب امور صرف اتنی دیر کے لئے کئے جائیں جتنی دیر تک ضرورت ہو، جائز ہے یا نہیں؟ مذکورہ بالا امور کے بغیر دفاع ناممکن ہے، کیونکہ سراغ رسانی دفاع کے لئے مثل لازم کے ہیں۔ ان مسائل کی حضرت والا اصل بھی تحریر فرمائیں تو مزید تشفی ہوجائے گی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

بلوائیوں کی خفیہ تنظیم کی سراغ رسانی کے لئے زنار باندھنے، سر پر چوٹی رکھنے اور دھوتی وغیرہ پہننے کی اتنی دیر تک کے لئے اجازت ہے:

"یکفر بوضع قلنسوة المجوس علی رأسه علی الصحیح إلا لضرورة ودفع الحر و البرد، وبشدّ الزنار فی وسطه، إلا إذا فعل ذلك خدیعةً فی الحرب و طلیعةً للمسلمین". عالم گیری(۱)، البحر الرائق (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

---

(۱) (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع فی أحکام المرتدین، مطلب: موجبات الکفر، منها مایتعلق بتلقین الکفر والأمر بالإرتداد: ۲/۲۷۶، رشیدیه)

(۲) "و بشد الزنار فی وسطه إلا إذا فعل ذلک خدیعةً فی الحرب وطلیعةً للمسلمین". (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۰۸، رشیدیه) .................... =

## بہروپیہ اورسی آئی ڈی کا غیر مسلم کی صورت وضع بنانا

سوال[۹۵۲۴]: ۱...... زید بوجہ پیشۂ خوردونوش (بہروپیہ) ایسے روپ بدلتا ہے جس سے اس کے ہندو ہونے کا یقین ہوتا ہے، مثلاً: کبھی ہندو کمہار، ہندو فقیر وغیرہ بنتا ہے، ماتھے پر قشقہ لگاتا ہے(۱)، گلے میں مالا ڈالتا ہے(۲) یہ تو اس کے افعال ہوتے ہیں، مگر بعض اوقات وہ خود اپنا ہندو ہونا بیان کرتا ہے اور مسلمان ہونے کی خواہش کرتا ہے، گویا خود کو ہندو کہہ کر دھوکہ دیتا ہے۔ ایسی حالت میں اس کے مسلمان رہنے اور نکاح قائم رہنے کی نسبت کیا حکم ہے؟ اگر نکاح ساقط ہوجاتا ہے تو بغیر حلالہ کے نکاح ثانی ہوسکتا ہے یا نہیں؟

۲...... بکر بوجہ ملازمت سرکاری سی آئی ڈی (خفیہ پولیس) کسی مفرور ملزم کی تلاش میں، یا کسی معلوماتِ واقعہ کے لئے اپنا فرضِ منصبی ادا کرنے کے لئے ایسا روپ بھرلے کہ انجان آدمی کو اس کے مسلمان ہونے کا شبہ بھی نہیں ہوتا، بلکہ اس کو ہندو ہونے کا یقین ہوتا ہے، اگر چہ وہ زبان سے ہندو ہونے کا مقر نہیں۔ تو ایسی حالت میں اسلام ونکاح کا کیا حکم ہے؟

محمد احمد شاغل تھانوی، متعلم مدرسہ ہذا، ۲۹/ جمادی الاولیٰ/۵۲ھ۔

الجواب حامداً و مصلیاً :

بلاضرورتِ شدیدہ کفار کا مخصوص لباس استعمال کرنا ممنوع اور ناجائز ہے، لقولہ تعالیٰ: ﴿ولا ترکنوا إلی الذین ظلموا فتمسکم النار﴾(۳)۔

اور قشقہ لگانا کفار کا مذہبی شعار ہے، جیسے زنار پہننا، اس سے آدمی کافر ہوجاتا ہے:

---

= (و کذا فی مجمع الأنہر، کتاب السیر، ثم ألفاظ الکفر أنواع: ۵۱۳/۲، مکتبہ غفاریہ کوئٹہ)

(و کذا فی الفتاویٰ البزازیة علی ہامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب السیر، ألفاظ الکفر، السادس فی التشبیہ: ۳۳۲/۶، رشیدیہ)

(۱) ''قشقہ: تلک، ٹیکہ، صندل وغیرہ کا نشان جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں''۔(فیروز اللغات، ص: ۵۹۶، فیروز سنز، لاهور)

(۲) ''مالا: پھولوں، موتیوں یا سونے کا بنا ہوا ہار، گجرا''۔(فیروز اللغات، ص: ۱۱۸۵، فیروز سنز، لاهور)

(۳) (سورة هود: ۱۱۳)

"یکفر بوضع قلنسوة المجوس علی رأسه علی الصحیح، إلا لضرورة دفع الحر والبرد، وبشد الزنار فی وسطه، إلا إذا فعل ذلك خدیعةً فی الحرب". عالم گیری:۲/۸۹٤ (۱)، بحر الرائق: ۵/۱۲۳ (۲)۔

**اوراپنے ہندوہونے کااقرارکرناخودکفرہے:**

"وأما الهازل والمستهزئ إذا تکلم بکفر استخفافاً و مزاحاً واستهزاءً، یکون کفراً عند الکل وإن کان اعتقاده خلاف ذلك". عالم گیری:۲/۸۹٤ (۳)، فتاوی قاضی خان: ٤/۶۰۷ (٤)۔ نعوذ بالله من ذلك۔

**اورارتدادکی وجہ سےنکاح فسخ ہوجاتاہے:**

قال العلامة الحصکفیؒ: "وارتداد أحدهما: أی الزوجین فسخٌ، فلاینقص عدداً عاجلٌ

---

(۱) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع فی أحکام المرتدین، موجبات الکفر أنواع، منها ما یتعلق بتلقین الکفر والأمر بالارتداد والتشبیه: ۲/۲۷۶، رشیدیه)

(۲) (البحرالرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتدین: ۵/۲۰۸، رشیدیه)

(وکذا فی شرح الفقه الأکبر للقاری، فصل فی الکفر صریحاً وکنایةً، ص: ۱۸۵، قدیمی)

(وکذا فی الفتاویٰ التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، فصل فی التشبیه بالکفار، الخ: ۵/۵۱۹، ۵۲۰، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی الفتاوی البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الفصل الثانی، النوع السادس فی التشبیه: ۶/۳۳۲، رشیدیه)

(وکذا فی خلاصة الفتاوی، کتاب ألفاظ الکفر، الفصل الثانی، الجنس السادس فی التشبیه: ۴/۳۸۷،رشیدیه)

(۳) (الفتاوی العالمکیریة، کتاب السیر، الباب التاسع فی أحکام المرتدین، موجبات الکفر أنواع، منها مایتعلق بتلقین والأمر بالارتداد .......... اهـ: ۲/۲۷۶، رشیدیه)

(۴) (فتاوی قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب السیر، باب ما یکون کفراً من المسلم و ما لایکون: ۳/۵۷۷، رشیدیه)

(وکذافی رد المحتار، کتاب الجهاد، باب المرتد: ۴/۲۲۲، سعید)

بلاقضاء". درعلى الشامي: ٢/٣٤٣(١)۔

اس کے بعد اگر وہ شخص مسلمان ہوجائے تو پھر اس کا نکاح اس پہلی عورت سے جو اس کے نکاح میں تھی بلا حلالہ کئے شرعاً درست ہے:

قال الشامي تحت قول الدر: "(فسخ) نقلاً عن الفتح؛ لأن الحرمة بالردة غير متأبدة، فإنها ترتفع بالإسلام". وتحت قول الدر: "(فلا ينقص عدداً) فلو ارتد مراراً و جدد الإسلام في كل مرة، وجدد النكاح على قول أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ، تحل امرأته من غير إصابة زوج ثان، بحر عن الخانية"(٢)۔

٢.....اگر محض کفار کا لباسِ قومی اختیار کیا ہے تو اس سے کفر نہیں بلکہ گناہ ہوتا ہے، اگر کفار کا شعارِ مذہبی اختیار کیا ہے تو اس کا جواب وہی ہے جو اوپر نمبر ۱ میں مذکور ہے، دليله ذكر ثَم۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲/۶/۵۲ھ۔

صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۲/ جمادی الثانی/ ۵۲ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، صحیح: بندہ عبد الرحمٰن غفرلہ۔

---

(١) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر: ١٩٣/٣، ١٩٤، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر: ٣٧٣/٣، رشيديه)

(وكذا في خلاصة الفتاوى، كتاب ألفاظ الكفر، الفصل الثاني، الجنس الأول في المقدمة: ٣٨٣/٤، رشيديه)

(وكذا في الفتاوى العالمكيرية، كتاب النكاح، الباب العاشر في نكاح الكفار: ٣٣٩/٢، رشيديه)

(وكذا في المحيط البرهاني كتاب السير، فصل في مسائل المرتدين، نوع آخر من المتفرقات: ٥٨٣/٥، غفاريه كوئٹه)

(وكذا في الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصلٌ من فصلٍ في الإرجاء: ٥٤٦/٥، إدارة القرآن كراچی)

(٢) (رد المحتار، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر: ١٩٣/٣، ١٩٤، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر: ٣٧٥/٣، رشيديه)

## شعارِ اہلِ کفر کو اختیار کرنا

سوال[۹۵۲۵]: زید مسلمان اور عمر ہندو نے باہمی مشترکہ دوکان کھولی، اس دوکان کے شروع کرنے کی تاریخ ہندو پنڈت کاہنوں سے پوچھ کر معین کی، چنانچہ معینہ تاریخ پر اہل ہنود کے رواج کے مطابق دوکان کھولی گئی، یعنی پنڈتوں و برہمنوں کو دعوت دی گئی اور حساب کی بہی پر بجائے "بسم اللہ" کے لفظ "اوم" (جو ہندو اپنی خط و کتابت میں لکھتے ہیں، لکھا گیا، اور ہنومان وغیرہ کی ان پر تصویریں بنائی گئیں (۱)، اور زید مسلمان کی پیشانی پر ہندوؤں کی رسم مخصوص کے مطابق سرخ رنگ کے ٹیکے لگائے گئے، اور چاول وغیرہ بھی جیسے ہندو لگاتے ہیں ماتھے پر لگائے گئے، اور تھالیوں پر گھی کے چراغ رکھ کر مطابقِ رسم کے جلائے گئے۔ یہ سب کچھ علماء کے منع کرنے کے بعد کیا۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ زید نے جو یہ فعل دیدہ و دانستہ کیا ہے اس پر بسبب اس فعل کے بموجبِ شریعتِ بیضاء کیا حکم عائد ہوتا ہے اور دیگر مسلمانوں کو زید سے کیا برتاؤ کرنا چاہیئے اور جو لوگ اس مجلس میں شریک ہوئے ہیں ان پر کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

غیر مسلم قوم کے شعارِ قومی کو اختیار کرنا کبیرہ گناہ ہے اور شعارِ مذہبی کو اختیار کرنا بلا ضرورت معتبرہ عند الشرع کفر ہے (۲)، لہٰذا احتیاطاً زید کو تجدید ایمان اور تجدید نکاح کر لینا چاہیئے اور آئندہ کے لئے بھی ایسے افعال سے پختہ توبہ کرنا ضروری ہے۔ اور جتنے مسلمان اس مجلس میں شریک ہوئے ہیں سب کو توبہ کرنا

---

(۱) "ہنومان: ہندوؤں کا ایک دیوتا، ہندوؤں کا ایک روایتی سردار جس نے سیتا جی کی بازیابی میں رام چندر کی مدد کی تھی"۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۴۵۲، فیروز سنز، لاہور)

(۲) "یکفر ...... بوضع قلنسوة المجوسی علی رأسه علی الصحیح، وبشد الزنار فی وسطه". (البحر الرائق، کتاب السیر، باب أحکام المرتین: ۵/۲۰۸، رشیدیه)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكیریة، كتاب السیر، الباب التاسع فی أحكام المرتدین: ۲/۲۷۶، رشیدیه)

(وكذا فی الفتاویٰ البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمكیریة، كتاب السیر، باب ألفاظ الكفر، الفصل السادس فی التشبیه: ۶/۳۳۲، رشیدیه)

ضروری ہے(۱)۔

اگر زید توبہ نہ کرے اور اپنے فعل کو برا نہ سمجھے تو مسلمانوں کو اسے سمجھانا چاہیئے، اگر باوجود فہمائش کے نہ مانے اور اپنی بات پر جمارہے تو اس سے قطع تعلق کردینا چاہیئے تاکہ تنگ آکر توبہ کرلے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/۲/۵۶ھ۔

صحیح: عبداللطیف، ۱۴/صفر/۵۶ھ، صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

## غیر قوموں کے ساتھ تشبہ

سوال[۹۵۲۶]: عورت کا بے پردہ پھرنا، ساڑھی پہننا، انگریزی لیڈی وضع، جوتا مردوں اور عورتوں کو پہننا، کپڑے بھی اسی وضع کے، بالوں کو بھی اسی طرح سے گوندھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

یہ جملہ امور ممنوع اور ناجائز ہیں "من تشبه بقوم فهو منهم". الحديث (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۸/صفر/۱۳۵۹ھ۔

---

(۱) "و من خرج إلى السدة: أى مجتمع أهل الكفر في يوم النيروز، كفر". (شرح الفقه الأكبر، فصل في الكفر صريحاً وكناية، ص: ۱۸۲، قديمى)

(وكذا في الفتاوىٰ البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب السير، باب ألفاظ الكفر، الفصل السادس في التشبيه: ۶/۳۳۳، رشيديه)

(۲) قال العلامة الملا على القارى رحمه الله تعالىٰ: "قال: وأجمع العلماء على أن من خاف من مكالمة أحد وصلة مايفسد عليه دينه أو يدخل مضرةً فى دنياه، يجوز له مجانبته وبعده، ورب صرم جميل خير من مخالطة تؤذيه .......... فإن هجرة أهل الأهواء والبدع واجبة على مرّ الأوقات مالم يظهر منه التوبة والرجوع إلى الحق". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب ماينهى عنه من التهاجر والتقاطع واتباع العورات، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۵۰۲۷): ۸/۷۵۹، رشيديه)

(۳) "عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه =

## ہندوانہ زیبائش

سوال[۹۵۲۷]: مشرقی اضلاع میں رواج کے مطابق مسلمان عورتیں بھی مانگ میں سیندور بھرتی ہیں(۱) ماتھے پر بندیاں لگاتی ہیں، پیر کی انگلیوں میں بچھوے پہنتی ہیں(۲) اور ساڑھی کا استعمال کرتی ہیں۔ ازروئے شریعت اس قسم کی زیبائش جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ چیزیں اصالۃً غیر مسلموں کی ہیں، بعض تو محض قومی ہیں اور بعض میں مذہبیت کی بھی شان ہے، ایسی

---

= بقوم، فهو منهم" (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵)

(وسنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب في لباس الشهرة، ص: ۵۵۸، دارالحديث ملتان)

قال العلامة الملا علي القاري رحمه الله تعالىٰ: "من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أي في الإثم والخير". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني: ۱۵۵/۸)

(وكذا في بذل المجهود، كتاب اللباس، باب في لباس الشهرة: ۴۰/۵، معهد الخليل الاسلامي كراچي)

قال العلامة المناوي رحمه الله تعالىٰ: "من تشبه بقوم": أي تزيا في ظاهره بزيهم، و في تعرفه بفعلهم، وفي تخلقه بخلقهم، وسار بسيرتهم و هديهم في مليسهم وبعض أفعالهم: أي وكان التشبه بحق قد طابق فيه الظاهرُ الباطنَ .......... و أنه لا يجوز الآن لبس عمامة زرقاء أو صفراء ...... لو خص أهل الفسوق والمجون بلباسٍ منع لبسه لغيرهم، فقد يظن به من لا يعرفه أنه منهم، فيظن به ظن السوء، فيأثم الظانّ والمظنون فيه بسبب العون عليه. وقال بعضهم: قد يقع التشبه في أمور قلبية .......... وقد تكون عادات في نحو طعام و لباس ومسكن و نكاح و اجتماع و افتراق .......... و قد يحمل منهم في القدر المشترک الذی شابههم فيه، فإن كان كفراً أو معصيةً أو شعاراً لها، كان حكمه كذلک". (فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۵۷۴۳/۱۱، ۵۷۴۴، (رقم الحديث: ۸۵۹۳)، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

(۱) "سیندور: سرخ رنگ کا ایک سفوف جسے ہندو عورتیں مانگ میں بھرتی ہیں"۔(فيروز اللغات، ص: ۸۳۰، فيروز سنز لاهور)

(۲) "بچھوے: ایک قسم کا زیور جو پاؤں کی انگلیوں پر پہنا جاتا ہے"۔(فيروز اللغات، ص: ۱۸۳، فيروز سنز، لاهور)

چیزوں کا اہلِ اسلام کو اختیار کرنا منع ہے، قسمِ ثانی کا استعمال قسمِ اول سے زیادہ سخت ہے اور اس کی ممانعت بھی شدید ہے۔ اور جس جگہ یہ چیزیں اہلِ اسلام میں غیر مسلموں کی صحبت کے اثرات سے کچھ پھیل گئی ہیں، یا نومسلموں میں ترکۂ آباء کی حیثیت سے باقی رہ گئی ہیں، وہ بےعلم اور بےعمل مسلمانوں میں ہیں، ان کی اصلاح لازم ہے نہ کہ اشاعت (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہٗ محمود گنگوہی غفرلہ۔

## بالوں میں کفار کی مشابہت

سوال[۹۵۲۸]: ما الحکم عن الشعر الذی یقطع خلف الرأس فقط –کما یفعل

---

(۱) "عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: "من تشبہ بقوم، فھو منھم" (مشکوۃ المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۵، قدیمی)

(وسنن أبی داؤد، کتاب اللباس، باب فی لبس الشھرۃ، ص: ۵۵۸، دارالحدیث ملتان)

قال العلامۃ الملا علی القاری رحمہ اللہ تعالیٰ: "من شبہ نفسہ بالکفار مثلاً فی اللباس وغیرہ، أو بالفساق أو الفجار، أو بأھل التصوف الصلحاء الأبرار "فھو منھم": أی فی الإثم والخیر". (مرقاۃ المفاتیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی: ۸/۱۵۵، رشیدیہ)

(وکذا فی بذل المجھود، کتاب اللباس، باب فی لبس الشھرۃ: ۵/۴۰، معھد الخلیل الاسلامی، کراچی)

قال العلامۃ المناوی رحمہ اللہ تعالیٰ: "من تشبہ بقوم": أی تزیا فی ظاھرہ بزیّھم، و فی تعرّفہ بفعلھم، وفی تخلقہ بخلقھم، وسار بسیرتھم و ھدیھم فی ملبسھم وبعض أفعالھم: أی وکان التشبہ بحق قد طابق فیہ الظاھرُ الباطنَ ........ و أنہ لا یجوز الآن لبس عمامۃ زرقاء أو صفراء ..... لو خص أھل الفسوق والمجون بلباسٍ منع لبسہ لغیرھم، فقد یظن بہ من لا یعرفہ أنہ منھم، فیظن بہ ظن السوء، فیأثم الظانّ والمظنون فیہ بسبب العون علیہ. وقال بعضھم: قد یقع التشبہ فی أمور قلبیۃ ........ وقد تکون عادات فی نحو طعام و لباس ومسکن و نکاح و اجتماع و افتراق ........ و قد یحمل منھم فی القدر المشترک الذی شابھھم فیہ، فإن کان کفراً أو معصیۃً أو شعاراً لھا، کان حکمہ کذلک". (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر: ۱۱/۵۷۴۳، ۵۷۴۴، (رقم الحدیث: ۸۵۹۳)، مکتبہ نزار مصطفی الباز ریاض)

الكفار- هل هو جائز أم لا، أم حرام؟

الجواب حامداً ومصلياً:

ما كان شعارَ الكفار، فإن كان شعاراً مذهبياً فهو حرام على المسلين، وإن كا شعاراً قومياً فهو مكروه (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۱۴/ ۶/ ۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دار العلوم دیوبند، ۱۴/ ۶/ ۸۷ھ۔

## عورت کو مانگ میں سیندور اور پیشانی پر بندی لگانا

سوال[۹۵۲۹]: کیا عورت اپنی زینت کے لئے مانگ میں سیندور(۲) اور پیشانی پر بندی لگاسکتی ہے(۳)؟

الجواب حامداً ومصلياً:

مانگ میں سیندور اور پیشانی پر بندی غیر مسلم عورتوں کا شعار ہے، اس سے بچنا لازم ہے ہرگز اس کو

---

(۱) "عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: نهى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عن القزع. والقزع أن يحلق رأس الصبي، فيترک بعض شعره". (سنن أبي داؤد، كتاب الترجل، باب في الصبي له ذؤابة: ۲/ ۵۷۷، دار الحديث ملتان)

"وعن ابن عمر رضي الله تعالیٰ عنهما أن النبي صلى الله تعالیٰ عليه وسلم رأى صبياً قد حلق بعض رأسه وترک بعضه، فنهاهم عن ذلک وقال: "احلقوا كله أو اتركوا كله". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب الترجل، الفصل الأول، ص: ۳۸۰، قديمي)

"ويكفر بخروجه إلى نيروز المجوس والموافقة معهم فيما يفعلونه في ذلک اليوم". (مجمع الأنهر، كتاب السير، باب ألفاظ الكفر أنواع: ۴/ ۵۱۳، غفاريه كوئٹه)

(۲) "سیندور: ایک قسم کا سرخ سفوف"۔ (فیروز اللغات، ص: ۸۱۲، فیروز سنز، لاہور)

(۳) "بندی: کانچ کی رنگین ٹکلی جو عورتیں ماتھے پر چپکاتی ہیں"۔ (فیروز اللغات، ص: ۲۱۹، فیروز سنز، لاہور)

اختیار نہ کریں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱/۹۶ھ۔

## سرکاری تقاریب میں ہنود کا مسلمان کی پیشانی پر سیندور لگانا

سوال [۹۵۳۰]: سرکاری تقریبوں میں مسلمانوں کی پیشانیوں کو ہندو لوگ سیندور لگاتے ہیں (۲)، اس کے متعلق کیا حکم ہے؟

---

(۱) "عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم" (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۵، قديمی)

(وسنن أبی داؤد، كتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة، ص: ۵۵۸، دارالحديث ملتان)

قال العلامة الملا علی القاری رحمه اللہ تعالیٰ: "من شبه نفسه بالكفار مثلاً فی اللباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أی فی الإثم والخير". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثانی: ۱۵۵/۸، رشيديه)

(وكذا فی بذل المجهود، كتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة: ۴۰/۵، معهد الخليل الاسلامی، كراچی)

قال العلامة المناوی رحمه اللہ تعالیٰ: "من تشبه بقوم": أی تزيا فی ظاهره بزيهم، و فی تعرفه بفعلهم، وفی تخلقه بخلقهم، وسار بسيرتهم و هديهم فی ملبسهم وبعض أفعالهم: أی وكان التشبه بحق قد طابق فيه الظاهرُ الباطنَ ........ و أنه لا يجوز الآن لبس عمامة زرقاء أو صفراء ...... لو خص أهل الفسوق والمجون بلباسٍ منع لبسه لغيرهم، فقد يظن به من لا يعرفه أنه منهم، فيظن به ظن السوء، فيأثم الظان والمظنون فيه بسبب العون عليه. وقال بعضهم: قد يقع التشبه فی أمور قلبية ........ وقد تكون عادات فی نحو طعام و لباس ومسكن و نكاح و اجتماع و افتراق ........ و قد يحمل منهم فی القدر المشترك الذی شابههم فيه، فإن كان كفراً أو معصيةً أو شعاراً لها، كان حكمه كذلك". (فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۵۷۴۳/۱۱، ۵۷۴۴، (رقم الحديث: ۸۵۹۳)، مكتبه نزار مصطفی الباز رياض)

(۲) "سیندور: ایک قسم کا سرخ سفوف"۔ (فیروز اللغات، ص: ۸۱۲، فیروز سنز، لاہور)

الجواب حامداً ومصلياً:

ان کے مذہبی شعار میں شرکت کی اجازت نہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۸/۱۲/۲۹ھ۔

## لباس اور برتن میں تشبہ سے پرہیز

سوال [۹۵۳۱]: ایک مسلمان شخص کو میں نے منع کیا تھا کہ تم وہ چتے ہوئے گھڑے کو جن کو ہندو استعمال کرتے ہیں تم نہ استعمال کیا کرو، وہ گھڑے استعمال کرو جو چتے ہوئے نہ ہوں اور کنی دار دھوتی نہ استعمال کرو (۲) وہ بھی ہندو استعمال کرتے ہیں، تم بے کنی کی دھوتی استعمال کرو۔ شریعت میں اس کی کیا اصل ہے؟ جواب سے مشرف فرمائیں۔

بندو محلّہ پٹھان پورہ سہارنپور۔

الجواب حامداً ومصلياً:

جو برتن یا کپڑا وغیرہ کسی غیر مسلم قوم کا مخصوص شعار ہو، مسلمانوں کو اس سے حتی الوسع اجتناب چاہیئے،

---

(۱) "وعن الإمام أبي حفص: لو أن رجلاً عبدَ ربه خمسين سنةً، ثم جاء يوم النيروز، فأهدى إلى بعض المشركين هديةً يريد تعظيم ذلك اليوم، فقد كفر". (الفتاوى البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكرية، كتاب الفاظ تكون إسلاماً أو كفراً أو خطأً، السادس في التشبيه: ۶/۳۳۴، رشيديه)

"ويكفر بخروجه إلى نيروز المجوس والموافقة معهم فيما يفعلونه في ذلك اليوم" (مجمع الأنهر، كتاب السير، باب ألفاظ الكفر أنواع: ۲/۵۱۳، غفاريه كوئٹه)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب السير، باب مايكون كفراً من المسلم ومالايكون: ۳/۵۷۷، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الخنثى، مسائل شتى: ۶/۷۵۴، سعيد)

(۲) "کنی دار: وہ کپڑا جس کے کناروں پر کسی رنگ کی کناری ہو، کنارہ دار"۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۰۳۸، فیروز سنز، لاهور)

کیونکہ کفار کے ساتھ تشبہ منع ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/۴/۵۴ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

## اذانِ مغرب کے بعد لائٹ روشن کرنا

سوال[۹۵۳۲]: عموماً ایسا ہوتا ہے کہ مغرب کی اذان کے بعد لائٹ روشن کردی جاتی ہے اور اس کے بعد جماعت ہوتی ہے، کیونکہ کچھ اندھیرا ہوجاتا ہے۔ ایک صاحب کو اس پر اعتراض ہے، وہ کہتے ہیں کہ یہ آتش پرستی کے مشابہ ہے۔ اتفاق سے بجلی کا بلب امام کے کھڑے ہونے کی جگہ لگا ہوا ہے، اس لئے انہیں خلجان رہتا ہے، وہ کہتے ہیں کہ نماز کے بعد بلب روشن کیا جانا چاہیئے۔ از روئے شرع کیا حکم ہے، کیا ان کا یہ خلجان صحیح

---

(۱) "عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم". (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمى)

(وسنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة، ص: ۵۵۸، دار الحديث ملتان)

قال الملا على القارى: "من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أى في الإثم والخير عند الله تعالىٰ". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس: ۸/۱۵۵، رشيديه)

(وكذا في بذل المجهود: ۵/۴۰، معهد الخليل الإسلامى كراچى)

قال العلامة المناوى: "من تشبه بقوم": أى تزيا في ظاهره بزيّهم، و في تعرّفه بفعلهم، وفي تخلقه بخلقهم، وسار بسيرتهم و هديهم في ملبسهم وبعض أفعالهم: أى وكان التشبه بحق قد طابق فيه الظاهرُ الباطنَ ......... وأنه لا يجوز الآن لبس عمامة زرقاء أو صفراء ...... لو خص أهل الفسوق والمجون بلباسٍ مُنع لبسه لغيرهم، فقد يظن به مَن لا يعرفه أنه منهم، فيظن به ظن السوء فيأثم الظان والمظنون فيه بسبب العون عليه. وقال بعضهم: قد يقع التشبه في أمور قلبية ......... و قد تكون عادات في نحو طعام و لباس ومسكن و نكاح و اجتماع و افتراق ......... و قد يحمل منهم في القدر المشترك الذى شابههم فيه، فإن كان كفراً أو معصيةً أو شعاراً لها، كان حكمه كذلک". (فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۱۱/۵۷۴۳، ۵۷۴۴، (رقم الحديث: ۸۵۹۳)، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

ہے؟ جواب مدلل تحریر فرمائیں۔

فیض احمد باندہ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ خلجان لغو اور بے اصل ہے، آتش پرستی سے اس کو کوئی مشابہت نہیں ہے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

### دھوتی باندھنا

سوال[۹۵۳۴]: دھوتی اس طریقہ سے باندھنا کہ اس میں ستر کھلنے کا اندیشہ نہ ہو یعنی شلوار نما، یا دوسری قسم سے جیسے ہندو وغیرہ باندھتے ہیں جائز ہے یا نہیں؟ وضاحت سے تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو طریقہ ہندوؤں کے ساتھ خاص ہے، اس طریقے سے باندھنا منع ہے (۲)۔ فقط۔

حررہ محمود غفرلہ۔

---

(۱) "ثم اعلم أن التشبه بأهل الكتاب لايكره في كل شيء، فإنا نأكل و نشرب كما يفعلون، إنما الحرام هو التشبه فيما كان مذموماً، وفيما يقصد به التشبه". (تكملة فتح الملهم، كتاب اللباس والزينة: ۸۸/۴، دار العلوم كراچی)

"ثم اعلم أن التشبه بأهل الكتاب لايكره في كل شئ. فإنا نأكل ونشرب كما يفعلون، إنما الحرام هو التشبه فيما كان مذموماً، وفيما يقصد به التشبه". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة، الخ: ۱۸/۲، رشيديه)

(۲) "عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم" (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵)

(وسنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب في لباس الشهرة، ص: ۵۵۸، دار الحديث ملتان)

قال العلامة الملا علي القاري رحمه الله تعالىٰ: "من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أي في الإثم والخير". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني: ۱۵۵/۸، رشيديه) ............ =

## مسلمان بھنگی کا حکم

سوال[۹۵۳۴]: (الف) زید ایک مسلمان بھنگی کی عورت کو لے کر بلا نکاح کئے ہوئے مفرور ہوگیا، کچھ دنوں کے بعد واپس آیا اور اس عورت کو چھوڑ دیا۔ اب اس حالت میں زید کے ساتھ کھانا کھانا اور اٹھنا بیٹھنا کیسا ہے؟ اور کیا اس حرکت حرام سے اسلام سے خارج ہوگا یا نہیں؟ زید کا مسجد میں جانا اور وضو کا برتن استعمال کرنا کیسا ہے؟

(ب) زید اب اپنی اس حرکت سے مسجد میں تائب ہوتا ہے اور بستی کے مسلمان اس کو روا نہیں سمجھتے اور اسلام سے خارج سمجھتے ہیں یہ کیسا ہے؟ زید مسجد میں آکر وضو کرتا ہے تو جس برتن میں وضو کرتا ہے، اس کو الگ کر دیتے ہیں۔ ان کا کیا حکم ہے؟ نیز جو لوگ زید کو خارج از اسلام سمجھتے ہیں وہ کیسے ہیں، وہ معذب عنداللہ ہوں گے یا نہیں؟

(ج) مسلمان بھنگی کے گھر کا کھانا کھانا جائز ہے یا نہیں، جو لوگ اس کو برا جانتے ہیں وہ کیسے ہیں؟ یہاں کے اکثر مسلمان بھنگی کو مسلمان ہی نہیں سمجھتے ہیں۔ جواب مفصل مع احادیث صحیحہ تحریر فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

المستفتی: نور محمد معرفت قبول احمد صدیقی۔

---

= (وكذا في بذل المجهود، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة: ۵/۴۰، معهد الخليل الاسلامی، کراچی)

قال العلامة المناوی: "من تشبه بقوم": أی تزیا فی ظاهره بزیهم، و فی تعرّفه بفعلهم، و فی تخلقه بخلقهم، وسار بسیرتهم و هدیهم فی ملبسهم وبعض أفعالهم: أی وكان التشبه بحق قد طابق فیه الظاهرُ الباطنَ ............ و أنه لا یجوز الآن لبس عمامة زرقاء أو صفراء ...... لو خص أهل الفسوق والمجون بلباسٍ منع لبسه لغیرهم، فقد یظن به من لا یعرفه أنه منهم، فیظن به ظن السوء، فیأثم الظانّ والمظنون فیه بسبب العون علیه. وقال بعضهم: قد یقع التشبه فی أمور قلبیة ............ وقد تكون عادات فی نحو طعام و لباس ومسكن و نكاح و اجتماع و افتراق ............ و قد یحمل منهم فی القدر المشترک الذی شابههم فیه، فإن كان كفراً أو معصیةً أو شعاراً لها، كان حكمه كذلک". (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر: ۱۱/۵۷۴۳، ۵۷۴۴، (رقم الحدیث: ۸۵۹۳)، مكتبه نزار مصطفی الباز ریاض)

الجواب حامداً ومصلياً:

(الف) یہ گناہ کبیرہ ہے، لیکن حنفیہ کے نزدیک کبیرہ گناہ کرنے سے آدمی ایمان سے خارج نہیں ہوتا، پس زید مسلمان ہے:

"ولا نكفر مسلماً بذنبٍ من الذنوب وإن كانت كبيرةً إذا لم يستحلها، ولا نزيل عنه اسم الإيمان". شرح فقه أكبر، ص: ٨٦(١)۔

(ب) زید نے جب صدقِ دل سے توبہ کرلی تو وہ توبہ خداوند تعالیٰ کے نزدیک مقبول ہے، اب سابقہ گناہ کی وجہ سے اس پر طعن اور اس سے پرہیز کرنا جائز نہیں ہے اور اسلام سے خارج جاننا تو کسی طرح بھی درست نہیں، سخت خطرناک گناہ ہے، مسلمانوں کو اس سے توبہ لازم ہے ورنہ ایمان کا خطرہ ہے، کیونکہ مسلمانوں کو کافر سمجھنا کفر ہے(٢)۔

"ثم كون التوبة سبباً لغفران الذنوب وعدم المواخذة بها مما لا خلاف فيه بين الأمة، وليس شيئاً يكون سبباً لغفران جميع الذنوب إلا التوبة. ثم إذا تاب توبةً صحيحة، صارت مقبولةً غير مردودة قطعاً من غير شك وشبهه". شرح فقه أكبر، ص: ١٩٥، ١٩٦(٣)۔

---

(١) (شرح الفقه الأكبر، بحث في أن الكبيرة لاتخرج المؤمن عن الإيمان، ص: ١٠٢، دارالكتب العلمية بيروت)

(٢) قال الله تعالىٰ: ﴿وهو الذي يقبل التوبة عن عباده ويعفو عن السيئات﴾ (سورة الشورىٰ: ٢٥)

وقال الله تعالىٰ: ﴿ومن يعمل سوءً أو يظلم نفسه ثم يستغفر الله يجد الله غفوراً رحيماً﴾ (سورة النساء: ١١٠)

"إذ قال لغيره: ياكافر!، أو للمرأة: ياكافرة! ولم يقل المخاطب: شيئاً، فالفقيه أبوبكر الأعمش البلخي على أنه كافر ......... وإن اعتقده كافراً، فخاطبه على اعتقاده أنه كافر، كفر؛ لأنه لما اعتقد المسلم كافراً، فقد اعتقد دين الإسلام كفراً، ومن اعتقد دين الإسلام كفراً، فهو كافر". (الفتاوىٰ البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً أو خطأً، الخامس في الإقرار بالكفر: ٦/٣٣٠، رشيديه)

(٣) (شرح الفقه الأكبر، مسألة في التوبة وشرائطها وفيها أبحاث جليلة، ص: ٢٣٤، دارالكتب العلمية بيروت)

(ج) اگر وہ پاکی کا اہتمام کرتا ہے اور کھانے وغیرہ کونجاست سے پاک رکھتا ہے تو وہ پاک ہے، بلا دلیل اس کو ناپاک کہنا درست نہیں، البتہ اس میں نجاست کا تیقن ہو تو اس کو ناپاک کہا جائے، شک کی وجہ سے ناپاک نہیں ہوتا: "شك فی وجود النجس، فالأصل بقاء الطهارة". اشباہ، ص: ۵۵ (۱)۔ واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/ ۸/ ۵۷ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۸/ شعبان۔

---

(۱) (الأشباه والنظائر، القاعدة الثالثة، اليقين لايزول بالشک، ص: ۲۱، قديمی)

# الفصل الثانی فی الشرکة فی أعیاد الکفار

## ( کفار کے مذہبی تہواروں میں شرکت کا بیان )

### ہندوؤں کے مذہبی تہوار میں شریک ہونا

سوال[۹۵۳۵] : مسلمانوں کا ہندوؤں کی خوشی میں شامل ہونا، مثلاً: بنگال میں یہ رواج ہے کہ جب وہاں رام لیلا ہوتی ہے تو کشتی پر بتوں کو رکھ کر اس کے پیچھے کشتیوں میں سوار ہوکر ہندو اور مسلمان شرکت کرتے ہیں اور ان کشتیوں کو ہندو و مسلمان کھیلتے بھی ہیں اور بالخصوص مسلمانوں کا ہونا ضروری سمجھا جاتا ہے۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ مسلمانوں کا ان کی مجلس میں شرکت کرنے سے ان کے مسلمان ہونے میں تو کوئی اثر پیدا نہیں کرتا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ شرکت قطعاً ممنوع ہے اور گناہ ہے(۱) اس سے توبہ لازم ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۸/۳/۲۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۲/ ربیع الآخر/ ۵۸ھ۔

---

(۱) "عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم" (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۵، قديمی)

(وسنن أبی داؤد، كتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة، ص: ۵۵۸، دارالحديث ملتان)

قال الملا علی القاری: "من شبه نفسه بالكفار مثلاً فی اللباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أی فی الإثم والخير". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثانی: ۱۵۵/۸، رشيديه)

(وكذا فی بذل المجهود، كتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة: ۴۰/۵، معهد الخليل الإسلامی كراچی) ............ =

## رام لیلا جیسے تہوار میں شرکت

سوال[۹۵۳۶] : رام لیلا یا اس قسم کے تہوار میں شرکت کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ان کے مذہبی تقریبات میں شرکت خطرناک ہے(۱)، الّا یہ کہ مقصودِ شرکت سے سیر وتفریح، نیز ان کی

= قال العلامة المناوی: "من تشبه بقوم": أی تزیّاً فی ظاهره بزیّهم، و فی تعرّفه بفعلهم، وفی تخلقه بخلقهم، وسار بسیرتهم و هدیهم فی ملبسهم وبعض أفعالهم: أی وكان التشبه بحق قد طابق فیه الظاهرُ الباطنَ .......... و أنه لا یجوز الآن لبس عمامة زرقاء أو صفراء ...... لو خص أهل الفسوق والمجون بلباسٍ منع لبسه لغیرهم، فقد یظن به من لا یعرفه أنه منهم، فیظن به ظن السوء، فیأثم الظانّ والمظنون فیه بسبب العون علیه. وقال بعضهم: قد یقع التشبه فی أمور قلبیة .......... وقد تكون عادات فی نحو طعام و لباس ومسكن و نكاح و اجتماع و افتراق .......... و قد یحمل منهم فی القدر المشترک الذی شابههم فیه، فإن كان كفراً أو معصیةً أو شعاراً لها، كان حكمه كذلک". (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر: ۱۱/۵۷۴۳، ۵۷۴۴، (رقم الحدیث: ۸۵۹۳)، مكتبه نزار مصطفی الباز ریاض)

کفار کی مذہبی تہواروں میں شرکت کر کے انہی کی طرح اس میں حصہ لینے اور ان سے موافقت کرنے سے متعلق فقہائے کرام کی عبارات بہت سخت ہیں کہ کفر تک کے حکم پر مشتمل ہیں:

"وعن الإمام أبی حفص رحمه الله تعالیٰ: لو أن رجلاً عبَدَ ربه خمسین سنةً، ثم جاء یوم النیروز، فأهدی إلی بعض المشركین هدیةً یرید تعظیم ذلک الیوم، فقد كفر". (الفتاوی البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمكریة، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً أو خطأً، السادس فی التشبیه: ۶/۳۳۳،رشیدیه)

"ویكفر بخروجه إلی نیروز المجوس والموافقة معهم فیما یفعلونه فی ذلک الیوم" (مجمع الأنهر، كتاب السیر، باب ألفاظ الكفر أنواع: ۲/۵۱۳، غفاریه كوئٹه)

(وكذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكیریة، كتاب السیر، باب مایكون كفراً من المسلم ومالایكون: ۳/۵۷۷، رشیدیه)

(وكذا فی ردالمحتار، كتاب الخنثی، مسائل شتی: ۶/۷۵۴، سعید)

(۱) "ویكفر بخروجه إلی نیروز المجوس والموافقة معهم فیما یفعلونه فی ذلک الیوم". (مجمع =

رونق بڑھانا نہ ہو، بلکہ کوئی جائز و پسندیدہ مقصد ہو(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۳/۹۰ھ۔

## غیر قوم کے تہوار میں ان کو مبارکباد دینا

سوال[۷۵۳۹]: غیر قوم کے تہوار کے دن مسلمانوں کو انہیں مبارکباد دینا درست ہے یا نہیں؟

**الجواب حامداً ومصلیاً:**

درست نہیں (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۶/۱۴۰۱ھ۔

---

= الأنهر، كتاب السير، باب ألفاظ الكفر أنواع: ۵۱۳/۲، غفاريه كوئٹه)

(وكذا في قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب السير، باب مايكون كفراً من المسلم ومالايكون: ۵۷۷/۳، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ البزازيه على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً أو خطأ، السادس في التشبيه: ۳۳۴/۶، رشيديه)

(وكذا في رد المحتار، كتاب الخنثى، مسائل شتى: ۷۵۴/۶، سعيد)

(وشرح الفقه الأكبر، فصل في الكفر صريحاً و كناية، ص: ۱۸۶، قديمى)

(۱) "لا بأس بأن يضيف كافراً لقرابة أو لحاجة، كذا في التمرتاشي". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الرابع عشر في أهل الذمة: ۳۴۷/۵، رشيديه)

(وكذا في الملتقط، ص: ۲۷۷، مكتبه حقاينه پشاور)

(۲) "اجتمع المجوس يوم النيروز، فقال مسلم: "خوب رسمی نہادہ اند" أو قال: "نیک آئین نہادہ اند" يخاف عليه الكفر". (الفتاوى التاتارخانية، كتاب أحكام المرتدين، فصل في الخروج إلى النشيدة والذهاب إلى ضيافة المجوس: ۵۱۹/۵، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا في شرح الفقه الأكبر، فصل في الكفر صريحاً و كناية، ص: ۱۸۶، قديمى)

(وكذا في الفتاوى البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً، السادس في التشبيه: ۳۳۳/۶، رشيديه)

## غیرقوم کے مذہبی اجتماع میں شرکت

سوال[۹۵۳۸]: غیرقوم کے لوگ ہمیں بعض اوقات ان کے مذہبی اجتماع میں شرکت کرنے کے لئے دعوت دیتے ہیں۔ ایسے اجتماع میں شرکت کرنا شریعت کے اعتبار سے درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ان کے اجتماع کو اپنی شرکت سے رونق دینا درست نہیں: "من کثّر سواد قوم، فهوم منهم" (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## ہندوؤں کے میلہ میں جانا

سوال[۹۵۳۹]: مسلمان مرد وعورت کا ہندوؤں کے میلوں میں تماشا دیکھنے جانا، ہندوؤں کے تیوہاروں میں جو کھانے پکتے ہیں (۲) ایسے کھانے پکا کر کھانا ہندوؤں کے رسوم پوجا وغیرہ میں چندہ دینا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

یہ سب باتیں ناجائز اور گناہ ہیں، اگر ہندو کے تیوہار کی تعظیم کے لئے چندہ دینا اور شرکت کرنا ہے تو یہ کفر ہے، مسلمانوں کو ایسے امور سے توبہ ضروری ہے:

"رجل اشترى يوم النيروز شيئاً لم يكن يشتريه قبل ذلك، إن أراد به تعظيم النيروز

---

(۱) "من كثر سواد قوم فهو منهم، و من رضى عمل قوم كان شريكاً فى عمله". (كنز العمال، كتاب الصحبة من قسم الأقوال: ۲۲/۹، (رقم الحديث: ۲۴۷۳۵)، مكتبه التراث الإسلامى حلب)

"ومن خرج إلى السدة: أى مجتمع أهل الكفر فى يوم النيروز، كفر". (شرح الفقه الأكبر، فصل فى الكفر صريحاً أو كناية، ص: ۱۸۲، قديمى)

(وكذا فى الفتاوى البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً، الفصل السادس فى التشبيه: ۳۳۳/۶، رشيديه)

(۲) "تیوہار: خوشی کا دن، جشن، تہوار"۔ (فيروز اللغات، ص: ۴۰۷، فيروز سنز لاهور)

يعظمه المشركون، كفر". مجموعة فتاوى: ۲/ ۲۱۵ (۱)۔

## میلے اور نمائش میں جانا

سوال[۹۵۴۰]: ۱...... میلے میں جانا کیسا ہے،کلبہ (۲) اور چھتر (۳) کا میلہ، اردوسہرا (۴) وغیرہ جب کہ تجارت یا کسی چیز کے خریدنے کی نیت سے جائے اور میلے کے اندر تمام ملک کی اشیاء آتی ہو اور تجارت کا بڑا مرکز ہو؟

۲...... نمائش میں بلاضرورت جانا کیسا ہے؟

منیر احمد برنوی، از مدرسہ۔

الجواب حامداًومصلياً:

۱...... یہ میلے ہندوؤں کے مخصوص قومی اور مذہبی میلے ہیں، ان میں جا کر ان کی رونق کو بڑھانا ناجائز ہے، مسلمانوں کو ان سے اجتناب ضروری ہے (۵)۔ ہاں! اگر کوئی ایسی شئ وہاں فروخت ہوتی ہے کہ اس کے

---

(۱) (مجموعة الفتاوى على هامش خلاصة الفتاوى، كتاب الكراهية: ۴/ ۳۴۰، رشيديه)

(وكذا في شرح الفقه الأكبر، فصل في الكفر صريحاً و كنايةً، ص: ۱۸۶، قديمى)

(وكذا في الفتاوى البزازية على هامش الفتاوى العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً، الفصل السادس في التشبيه: ۶/ ۳۳۳، رشيديه)

(۲) ''کلبہ: چھوٹا سا گھر، غریبوں کا جھونپڑا''۔ (فيروز اللغات، ص: ۱۰۲۱، فيروز سنز لاهور)

(۳) ''چھتر: بڑا چھاتا، نم گیرہ، شامیانہ، جائے پناہ''۔ (فيروز اللغات، ص: ۵۵۱، فيروز سنز لاهور)

(۴) ''اردوسہرا: پھولوں یا موتیوں کی لڑیاں جو ایک ڈور میں باندھ کر دولہا دولہن کے سر سے چہرے پر لٹکائی جاتی ہے''۔ (فيروز اللغات، ص: ۸۲۴، فيروز سنز لاهور)

(۵) "من كثر سواد قوم فهو منهم، و من رضى عمل قوم كان شريكاً في عمله". (كنز العمال، كتاب الصحبة من قسم الأقوال: ۹/ ۲۲، (رقم الحديث: ۲۴۷۳۵)، مكتبة التراث الإسلامي حلب)

"ومن خرج إلى السدة: أى مجتمع أهل الكفر في يوم النيروز، كفر". (شرح الفقه الأكبر، فصل في الكفر صريحاً أو كنايةً، ص: ۱۸۶، قديمى)

(وكذا في الفتاوى البزازية على هامش الفتاوى العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً، الفصل =

بغیر چارہ نہیں ہے اور دوسری جگہ وہ ملتی بھی نہیں تو اس کو خریدنے کے لئے جانے میں گنجائش ہے، لیکن اگر دوسری جگہ وہ شئی ملتی ہو، یا اس کی ضرورت شدیدہ نہ ہو تو محض تجارت کے لئے وہاں جانا منع ہے (۱)۔

۲..... حدیث شریف میں بازار کو "شرّ البقاع" کہا گیا ہے، لہذا بلا ضرورت بازار میں ہرگز نہیں جانا چاہیئے (۲) اور نمائش میں بازار سے بدرجہا زیادہ خرابیاں ومفاسد ومنکرات ہیں، وہاں جانا بلا ضرورت کیسے جائز ہوسکتا ہے بضرورت ومجبوری لہو ولعب ومنکرات سے بچ کر جانا درست ہے (۳)، اہل علم کو جانا ہرگز زیبا نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/۱۱/۵۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، یکم/ ذی الحجہ/ ۵۴ھ۔

---

= السادس فی التشبیه: ۲/ ۳۳۳، رشیدیه)

"ویکفر بخروجه إلی نیروز المجوس والموافقة معهم فیما یفعلونه فی ذلک الیوم". (مجمع الأنهر، کتاب السیر، باب ألفاظ الکفر أنواع: ۲/ ۵۱۳، غفاریه کوئٹه)

(وکذا فی قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب السیر، باب مایکون کفراً من المسلم ومالایکون: ۳/ ۵۷۷، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً أو خطأً، السادس فی التشبیه: ۲/ ۳۳۳، رشیدیه)

(وکذا فی رد المحتار، کتاب الخنثی، مسائل شتی: ۶/ ۷۵۴، سعید)

(وشرح الفقه الأکبر، فصل فی الکفر صریحاً و کنایةً، ص: ۱۸۶، قدیمی)

(۱) (راجع رقم الحاشیة: ۳)

(وکذا فی إمداد الأحکام: ۴/ ۳۸۵، مکتبه دار العلوم کراچی)

(۲) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "أحب البلاد إلی الله مساجدها، وأبغض البلاد إلی الله أسواقها". رواه مسلم". (مشکوة المصابیح، کتاب الصلوة، باب المساجد و مواضع الصلوة، الفصل الأول، ص: ۶۸، قدیمی)

(۳) " کفار کا مجمع مطلقاً معصیت نہیں ہے، بلکہ صرف جو کسی معصیت یا کفر کی غرض سے منعقد کیا جائے، ایسے مجمع کی شرکت واعانت سب حرام ہے۔ اور جو کسی غرض مباح سے ہو جیسے: مجمع مسئول عنہ کہ محض تزاید سرور واستحکام امر حکومت کے لئے ہوگا، =

## میلہ میں سامان خریدنے کے لئے جانا

سوال[۹۵۴۱]: کسی میلہ میں بضرورتِ خرید وفروخت جانا جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جو چیز ضرورت کی ہواور کسی دوسری جگہ نہ ملتی ہواس کو خریدنے کے لئے جانا درست ہے، بلا اس کے نہیں جانا چاہیئے (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۱/۳/۵۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۱۳/ ربیع الأول/۵۴ھ۔

## ہندوؤں کے میلہ کے وقت بنی ہوئی مٹھائی خرید کر کھانا

سوال[۹۵۴۲]: یہاں پر رکشا بندھن کا میلہ لگتا ہے (۲)، اس موقع پر مٹھائی خرید کر کھانا جائز ہے یا نہیں؟ میلہ کی وجہ سے مٹھائی بہت زیادہ بنتی ہے۔

الجواب حامداًومصلیاً:

دکاندار اپنی بکری کے لئے مٹھائی بناتے ہیں، اس کو خرید کر کھانا درست ہے اگر چہ وہ رکشہ بندھن والوں کے خریدنے کی نیت سے بناتے ہوں (۳)۔میلہ میں شرکت سے اجتناب چاہیے (۴)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

= میرے نزدیک اس کا یہ حکم نہیں، ہاں اگر کسی مقتدا کی شرکت سے یہ احتمال ہے کہ عوام الناس میری سند پکڑ کر دوسرے ناجائز مجامع کو اس پر قیاس کر کے بداحتیاطی کرنے لگیں گے، وہاں اس عارض کی وجہ سے سداًللذ رائع خاص ایسے شخص کو بچنا واجب ہوگا۔اور اشتہار تقسیم کرانا تو ہر حال میں جائز ہے، اس کو تکثیر سواد سے کچھ مس نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم"۔(إمداد الفتاوی، کتاب البیوع، عنوان: بعض سرکاری مجامع میں تجارت: ۳/۱۴۰، دارالعلوم کراچی)

(۱) (تقدم تخريجه تحت المسئلة المتقدمة آنفاً)

(۲) "رکشابندھن: راکھی باندھنے کی رسم، تہوار جس میں ہندو لوگ اپنے ہاتھوں پر راکھی باندھتے ہیں"۔(فیروز اللغات، ص: ۷۱۵، فیروز سنز، لاهور)

(۳) بظاہر یہاں حرمت کی کوئی وجہ نہیں کہ پہلے کم بناتے تھے، اب میلے کی وجہ سے زیادہ بناتے ہیں۔

(۴) "عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه =

## ہولی کے دن ہندو استاد سے ملنا

سوال[۹۵۴۳]: زید ایک اسکول میں پڑھتا ہے، ہولی کے روز زید ایک ہندو مدرس کے یہاں ملنے گیا، غرض ملنے سے یہ تھی کہ زید کی طرف سے اس مدرس کے خیالات اچھے رہیں تاکہ امتحان میں اچھی ڈویژن مل سکے۔ زید ہولی کی اور کسی بات میں بفضلہ تعالیٰ شامل نہیں ہوا، مثلاً: رنگ وغیرہ میں، بلکہ ساری کفار کی رسموں کو بُرا جانتا ہے اور ان سے نفرت کرتا ہے، البتہ اس ہندو مدرس کے یہاں ملنے گیا اگرچہ دل میں نفرت کرتا تھا۔ وہ ہندو مدرس زید سے ملے بھی اور کچھ کھانا جو اُن کے یہاں پکتا ہے کھلایا۔

وہیں پر ایک دوسرے ہندو مدرس بھی آ گئے اور انہوں نے زید سے کہا کہ تم ہولی میں نہیں ملے، زید کو دل میں نفرت کرتا تھا، مگر ان کے کہنے سے کچھ خیال نہیں آیا، ان سے بھی مل لیا۔ پھر ملنے کے بعد خیال آیا اور بہت

---

= بقوم، فهو منهم " (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمي)

(وسنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة، ص: ۵۵۸، دارالحديث ملتان)

قال الملا علي القاري: "من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أي في الإثم والخير". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني: ۱۵۵/۸،)

(وكذا في بذل المجهود، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة: ۴۰/۵، معهد الخليل الاسلامي، كراچی)

قال العلامة المناوي: "من تشبه بقوم": أي تزيا في ظاهره بزيّهم، و في تعرّفه بفعلهم، وفي تخلقه بخلقهم، وسار بسيرتهم و هديهم في ملبسهم وبعض أفعالهم: أي وكان التشبه بحق قد طابق فيه الظاهرُ الباطنَ .......... و أنه لا يجوز الآن لبس عمامة زرقاء أو صفراء ...... لو خص أهل الفسوق والمجون بلباسٍ منع لِبسه لغيرهم، فقد يظن به من لا يعرفه أنه منهم، فيظن به ظن السوء، فيأثم الظانّ والمظنون فيه بسبب العون عليه. وقال بعضهم: قد يقع التشبه في أمور قلبية .......... وقد تكون عادات في نحو طعام و لباس ومسكن و نكاح و اجتماع و افتراق .......... و قد يحمل منهم في القدر المشترك الذي شابههم فيه، فإن كان كفراً أو معصيةً أو شعاراً لها، كان حكمه كذلك". (فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۵۷۴۳/۱۱، ۵۷۴۴، (رقم الحديث: ۸۵۹۳)، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

ممکن ہے کہ خیال کے اندر مدرس کو خوش کرنے کے واسطے ملنے گیا تھا۔ پھر تیسرے مدرس سے ملنے کی خواہش کی، کوشش بھی کی مگر بفضلہ تعالیٰ ان سے نہ مل سکا، کیونکہ وہ گھر پر موجود ہی نہ تھے۔

بعد میں زید کو بہت افسوس ہوا اور توبہ واستغفار کیا کہ ایسا نہ ہو، خدانخواستہ-توبہ توبہ- کوئی کفر کی بات سرزد ہوگئی ہو۔ زید ہولی کی شرکت کی غرض سے نہیں ملا، نہ اس خیال سے کہ ان کی شان کو بڑا جان کر، محض اپنی طرف سے اچھے گمان قائم کرانے تھے تاکہ امتحان میں اچھے نمبر ملیں۔ اسی شب کو زید نے ایک خواب دیکھا کہ زید کا دوبارہ نکاح ہوا ہے۔ تو زید کا یہ فعل شرعاً کیسا ہے؟ زید کا نکاح باقی رہا یا نہیں؟ زید کو توبہ کرکے دوبارہ نکاح کی ضرورت ہے، یا توبہ کرلے اور پہلا نکاح باقی رہے گا؟ زید کا یہ فعل معاذ اللہ کفر کی حد کو تو نہیں پہونچا؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

زید کو صورت مسئولہ میں سچے دل سے توبہ واستغفار ضروری ہے۔ کفار کے مذہبی تہوار میں شرکت حرام ہے (۱)، مگر چونکہ اس کے دل میں ہولی کی تعظیم نہیں تھی، بلکہ نفرت تھی، اس لئے زید اسلام سے خارج نہیں ہوا اور نکاح بھی نہیں ٹوٹا (۲)۔ تاہم اگر تجدیدِ نکاح کرلے تاکہ قلب کو پوری طرح اطمینان حاصل ہوجائے تو اس میں

---

(۱) "ویكفر بخروجه إلى نيروز المجوس والموافقة معهم فيما يفعلونه في ذلك اليوم". (مجمع الأنهر، كتاب السير، باب ألفاظ الكفر أنواع: ۵۱۳/۴، غفاريه كوئٹه)

(وكذا في قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب السير، باب مايكون كفراً من المسلم ومالايكون: ۵۷۷/۳، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ البزازيه على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً أو خطأً، السادس في التشبيه: ۳۳۴/۶، رشيديه)

(وكذا في رد المحتار، كتاب الخنثى، مسائل شتى: ۷۵۴/۶، سعيد)

(وشرح الفقه الأكبر، فصل في الكفر صريحاً وكنايةً، ص: ۱۸۶، قديمي)

(۲) "ولو قال لمجوسي: يا أستاذ تبجيلاً، كفر، الخ". (الدر المختار). قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالى "(قوله: تبجيلاً) قيد به؛ لأنه لولم يكن كذلك، بل كان لغرض من الأغراض الصحيحة، فلا بأس به، ولا كفر". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع: ۴۱۳/۶، سعيد)

مضائقہ نہیں، بلکہ افضل ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶۱/۲/۲۰ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۲/صفر/۶۱ھ۔

## مسلمانوں پر ہولی کا رنگ چھڑکنا

سوال[۹۵۴۴]: ہولی کے دنوں میں ہندوؤں کی طرف سے مسلمانوں پر جبراً رنگ چھڑکا جاتا ہے، اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ نیز ہولی میں مسلمانوں کا ہندوؤں کے ساتھ شریک ہونا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ شرع کے بھی خلاف ہے(۲) اور قانون کے بھی خلاف ہے، ایسا کرنے والوں کو پولیس نے زدوکوب

---

(۱) "لاشک فی فرضیة علم الفرائض الخمس .......... وعلم الألفاظ المحرمة أو المکفِّرة، ولعمری! هذا من أهم المهمات فی هذا الزمان؛ لأنک تسمع کثیراً من العوام یتکلمون بما یکفر وهم عنها غافلون. والاحتیاط أن یجدد الجاهل إیمانه کل یوم ویجدد نکاح امرأته عند شاهدین فی کل شهر مرةً أو مرتین". (ردالمحتار، مطلب فی فرض الکفایه وفرض العین: ۱/۴۲، سعید)

(۲) چونکہ اس میں تشبہ کا لحاظ ہوتا ہے اس لئے کراہت سے خالی نہیں:

"عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم" (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۵، قدیمی)

(وسنن أبی داؤد، کتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة، ص: ۵۵۸، دارالحدیث ملتان)

قال العلامة الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: "من شبه نفسه بالکفار مثلاً فی اللباس وغیره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أی فی الإثم والخیر". (مرقاة المفاتیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی: ۱۵۵/۸، رشیدیه)

(وکذا فی بذل المجهود، کتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة: ۴۰/۵، معهد الخلیل الاسلامی، کراچی)

قال العلامة المناوی رحمه الله تعالیٰ: "من تشبه بقوم": أی تزیا فی ظاهره بزیّهم، و فی تعرّفه بفعلهم، وفی تخلقه بخلقهم، وسار بسیرتهم و هدیهم فی ملبسهم وبعض أفعالهم: أی وکان =

بھی کیا ہے، کوئی اپنی کمزوری سے مرعوب ومغلوب ہوجائے تو دوسری بات ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۲۹/ ۸۸ھ۔

## عیسائی مذہبی تقریب میں شرکت

سوال[۹۵۴۵]: یوکے میں ہم بسنے والے سب حضرات عیسائی مذہب والے کی کیپر سمس ۲۵، ۲۶/ دسمبر کا دن آتا ہے تو عیسائی مذاہب والے بخشش دیتے ہیں، اسی طرح عیسائی مذہب والے کا کیپر سمس کا کارڈ بھی ہوتا ہے، وہ بھی ایک دوسرے کو دیتے ہیں۔ تو یہ سب لینا اور دینا جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلياً:

اگر یہ ان کی مذہبی عبادت ہے تو اس میں ہرگز شرکت جائز نہیں ہے(۲)۔ اگر مذہبی عبادت نہیں، محض

---

= التشبه بحق قد طابق فيه الظاهرُ الباطنَ ............ و أنه لا يجوز الآن لبس عمامة زرقاء أو صفراء ...... لو خص أهل الفسوق والمجون بلباسٍ منع لبسه لغيرهم، فقد يظن به من لا يعرفه أنه منهم، فيظن به ظن السوء، فيأثم الظانّ والمظنون فيه بسبب العون عليه. وقال بعضهم: قد يقع التشبه في أمور قلبية ............ وقد تكون عادات في نحو طعام و لباس ومسكن و نكاح و اجتماع و افتراق ............ و قد يحمل منهم في القدر المشترك الذي شابههم فيه، فإن كان كفراً أو معصيةً أو شعاراً لها، كان حكمه كذلك". (فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۱۱/ ۵۷۴۳، ۵۷۴۴، (رقم الحديث: ۸۵۹۳)، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

(۱) "لا بأس بأن يضيف كافراً لقرابة أو لحاجة، كذا في التمرتاشي". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الرابع عشر في أهل الذمة: ۵/ ۳۴۷، رشيديه)

(وكذا في الملتقط، ص: ۲۷۷، مكتبه حقانيه پشاور)

(۲) "ويكفر بخروجه إلى نيروز المجوس والموافقة معهم فيما يفعلونه في ذلك اليوم". (مجمع الأنهر، كتاب السير، باب ألفاظ الكفر أنواع: ۴/ ۵۱۳، غفاريه كوئٹه)

(وكذا في قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب السير، باب مايكون كفراً من المسلم ومالايكون: ۳/ ۵۷۷، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ البزازيه على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفراً أو خطأً، =

قومی یا ملکی خوشی کا دن ہے تو اس کا حکم زیادہ سخت نہیں، اگرچہ اس سے بھی بچنے کا حکم ہے، مگر ہلکا ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۵/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۵/۹۰ھ۔

---

= السادس فی التشبیه: ۲/۳۳۴، رشیدیه)

(وکذا فی رد المحتار، کتاب الخنثی، مسائل شتی: ۶/۷۵۴، سعید)

(وشرح الفقه الأکبر، فصل فی الکفر صریحاً و کنایةً، ص: ۱۸۶، قدیمی)

(۱) "وعن النعمان بن بشیر رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "الحلال بیّن والحرام بین، وبینهما مشتبهاتٌ لایعلمهن کثیر من الناس، فمن اتقی الشبهات، استبرأ لدینه وعرضه، ومن وقع فی الشبهات وقع فی الحرام". متفق علیه". (مشکوة المصابیح، کتاب البیوع، باب الکسب وطلب الحلال، الفصل الأول، ص: ۲۴۱، قدیمی)

# الفصل الثالث فی إعانة الکفار بالمال
## (مال سے کفار کی اعانت کرنے کا بیان)

### غیر مسلم کے مذہب میں مسلم کا روپیہ لگانا

سوال[۹۵۴۶]: غیر مسلم کے مذہب میں اگر کوئی مسلمان روپیہ لگائے تو اس کو ثواب ملے گا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ثواب نہ پوچھئے، بلکہ یہ پوچھئے کہ گناہ کتنا ہوگا (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/ ۷/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۷/ ۹۲ھ۔

### غیر مسلموں کے ساتھ مذہبی مصلحت سے تعاون

سوال[۹۵۴۷]: زید ایسی بستی میں رہتا ہے جس کی ہندو مسلم آبادی تقریباً برابر ہے، اس بستی میں خصوصاً ایام قربانی میں ہنگامہ وفساد کے اندیشہ کے باوجود گائیں ذبح کی جاتی ہیں ۔ زید غیر مسلموں سے رابطہ

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿و لا تعاونوا علی الإثم والعدوان﴾ الآیة (سورة المائدة: ۳)

"ھو عام لکل بر و تقوی وإثم وعدوان، ھکذا قال المفسرون". (التفسیرات الأحمدیة، ص: ۳۳۱، مکتبه حقانیه پشاور)

قال ابن کثیر تحت ھذہ الآیة: "یأمر تعالیٰ عبادہ المؤمنین بالمعاونة علی فعل الخیرات و ھو البر، و ترک المنکرات وھو التقوی. وینھاھم عن التناصر علی الباطل والتعاون علی المآثم والمحارم". (تفسیر ابن کثیر: ۲/ ۱۰، دار السلام ریاض)

"کل ما یؤدی إلی ما لا یجوز، لا یجوز". (الدر المختار، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی اللبس: ۶/ ۳۶۰، سعید)

قائم کرنے اور اسے نبھانے میں محسوس کرتا ہے کہ غیر مسلم کی طرف سے ذبیحہ گاؤ کے سلسلہ میں فساد کا کوئی اندیشہ باقی نہیں رہے گا، اور ان کی مذہبی پوجا میں کھانے پینے والے سامان، سواری اور پوجا جاری نہ رہنے کے اوقات میں مقام پوجا پر ان کی دل دہی کرنے (بنیتِ استوارِ تعلقات) کے ذریعہ غیر مسلموں کا تعاون محض اس نیت سے کرتا ہے کہ اس کے ان اعمال سے غیر مسلموں سے تعلقات اچھے رہیں گے۔

اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مسلمانوں کو ذبیحہ گاؤ کے ذریعہ فریضۂ قربانی ادا کرتے وقت کسی طرح کے فساد کا اندیشہ نہیں رہے گا۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ زید کا یہ مذکورہ طریقہ مذکورہ نیت کے ساتھ شرعی نقطۂ نظر سے درست ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداً و مصلیاً:

اعمالِ صالحہ پر بغیر نیت کے ثواب مرتب نہیں ہوتا: "لا ثواب إلا بالنية". الأشباه والنظائر (۱)۔ مگر یہ ضروری نہیں ہے کہ جو کام بھی نیتِ صالحہ سے کیا جائے وہ جائز بھی ہو، کیونکہ جن امور کی ممانعت ہے وہ نیتِ صالحہ سے جائز نہیں ہوجاتے، قرآن کریم میں ہے: ﴿ تعاونوا على البر والتقوىٰ، ولا تعاونوا على الإثم والعدوان ﴾ (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند ۲۲/۴/۱۴۰۶ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند ۲۲/۴/۱۴۰۶ھ۔

---

(۱) (الأشباه والنظائر، الفن الأول: ۱/۶۳، إدارة القرآن كراچی)

"قوله: "بالنية" هي بالتشديد، وقد تخفف لغةً: عزم القلب على الشئ. واصطلاحاً: قصد الطاعة والتقرب إلى الله تعالىٰ في إيجاد فعل، وفيه أن هذا إنما يستقيم في عبادة يترتب عليها ثواب لا المنهيات المترتب عليها عقاب. فالصواب تفسيرها بتوجه القلب نحو إيجاد فعل، لو تركه موافق بغرض جلب نفع، أو دفع ضرر حالاً أومآلاً، والمراد من العزم إرادة الفعل". (شرح الحموي على الأشباه والنظائر، الفن الأول: قول في قواعد الكلية، الأولىٰ: لاثواب إلا بالنية: ۱/۶۳، إدارة القرآن كراچی)

(۲) (سورة المائدة: ۲)

## تعمیرِ مندر میں امداد

سوال[۹۵۴۸] : ایک شخص مسلمان، دیندار، صلح پسند ہے، اس کی زمین داری میں ایک گاؤں ہے جس میں تمام ہندو آباد ہیں، کسی مسلمان کا گھر نہیں ہے اور سکنائی زمین ان کی مقبوضہ زمین دار کی طرف سے اس پر کوئی ٹیکس یا محصول نہیں۔ زمین دار کے سب گاؤں والے تابعدار ہیں اور زمینداران کو ہر طرح خوش رکھنے کا قصد کرتا ہے، کیونکہ زمانہ کاشتکاروں کی خوشحالی کا ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ گاؤں میں عبادت کے لئے کوئی مندر وغیرہ بن جاوے اور زمین میں کوئی حق روکنے کا بھی نہیں ہے، بلکہ انکار میں اندیشۂ فساد ومخالفت کا ہے۔ ایسی صورت میں اجازت وامداد اگر کی جاوے تو کس حیلہ وصورت سے کی جاوے؟ بینوا توجروا۔

عبدالحمید تھانوی باغپت، حویلی ثواب۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر روکنے پر قدرت ہو اور مندر بنانا زمین دار کی اجازت پر موقوف ہو تو روکنا ضروری ہے اور اجازت دینا جائز نہیں (۱)۔ اور اس میں امداد کرنا تو ہر حال میں حرام ہے اور سخت معصیت ہے (۲)۔ اگر زمین زمیندار کی

---

(۱) "عن أبي سعيد الخدري رضي الله تعالیٰ عنه، عن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من رأی منکم منکراً فلیغیره بیده، فإن لم یستطع فبلسانه، فإن لم یستطع فبقلبه، وذلک أضعف الإیمان". (مشکوة المصابیح، کتاب الأدب، باب الأمر بالمعروف، الفصل الأول، ص: ۴۳۶، قدیمی)

قال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: "ثم اعلم أنه إذا کان المنکر حراماً وجب الزجر عنه، وإذ کان مکروهاً ندب. والأمر بالمعروف أیضاً تبع لما یؤمر به، فإن وجب فواجب، إن ندب فمندوب، ولم یتعرض له في الحدیث؛ لأن النهي عن المنکر شامل له؛ إذ النهي عن الشيء أمر بضده، وضد المنهي إما واجب أو مندوب أو مباح، والکل معروف. وشرطهما أن لا یؤدي إلی الفتنة، کما علم من الحدیث، وأن یظن قبوله، فإن ظن أنه لایقبل فیستحسن إظهار الشعار الإسلام. ولفظ "من" لعمومه شمل کل أحد رجلاً أو امرأةً، عبداً أو فاسقاً أو صبیاً ممیزاً إذا کان وإن کان یستقبح ذلک من الفاسق قال الله تعالیٰ: ﴿أتأمرون الناس بالبر وتنسون أنفسکم﴾ وقال عزوجل: ﴿لم تقولون مالا تفعلون﴾........... قال النووي رحمه الله تعالیٰ في شرح مسلم: قوله: "فلیغیره بیده" وقد تطابق علی وجوبه الکتاب والسنة وإجماع الأمة، وهي أیضاً من النصیحة التي هي الدین ........... فمن وجب علیه وفعله ولم یمتثل =

ملک نہ ہو بلکہ وہ لوگ اپنی زمین میں بنانا چاہیں تو پھر روکنا واجب نہیں، مگر امداد پھر بھی جائز نہیں ہے، والبسط فی ردالمحتار: ۳/۸۱٤(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، صحیح: عبداللطیف۔

## مندر اور پوجا میں چندہ دینا

سوال[۹۵۴۹]: ہمارے یہاں کچھ لوگ دسہرہ اور درگا پوجا کے میلے کے سلسلے میں چندہ دیتے ہیں اور کچھ لوگ نہیں دیتے ہیں، دینے والوں کو منع کرنے پر یہ تاویل پیش کرتے ہیں کہ ہندوؤں کے ساتھ میل جول کا یہ ایک طریقہ ہے، گورنمنٹ ہم سے ٹیکس لیکر مندر و مسجد دونوں میں صرف کرتی ہے، اورنگ زیب عالمگیری رحمہ اللہ تعالیٰ نے بہت سے مندر تعمیر کرائے اور بہت سے مندر پرستوں کو وظیفہ دیتے تھے۔

مندرجہ بالا تاویل کے پیشِ نظر از روئے شریعت فتویٰ جاری فرمائیں، تاکہ ہم لوگ مطمئن ہوسکیں اور ہم اسلامی مسائل کے پیشِ نظر لین دین قائم رکھیں۔

---

= المخاطب، فلا عتب بعد ذلک علیه لکونه أدی ماعلیه، وماعلیه أن یقبل منه، وهو فرض کفایة، ومن تمکن منه وترکه بلا عذر أثم". (مرقاة المفاتیح، کتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف، الفصل الأول، (رقم الحدیث: ۵۱۳۷): ۸/۸٦۲، رشیدیه)

(۲) ﴿و لا تعاونوا علی الإثم والعدوان﴾ الایة (سورة المائدة: ۳)

"هو عام لکل برٍ وتقوی وإثم وعدوانٍ، هکذا قال المفسرون". (التفسیرات الأحمدیه، ص: ۳۳۱، مکتبه حقانیه پشاور)

قال الحافظ ابن کثیر رحمه الله تعالیٰ: "وینهاهم عن التناصر علی الباطل والتعاون علی المآثم والمحارم". (تفسیر ابن کثیر: ۲/۱۰، دارالسلام ریاض)

(۱) قال العلامة الحصکفی رحمه الله تعالیٰ: "ولایصح وقف مسلم أو ذمیّ علی بیعة أوحربی، وقیل: أو مجوسی، الخ". (الدرالمختار). وقال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ: "أما فی المسلم، فلعدم کونه قربةً فی ذاته". (ردالمحتار: ۳۴۲/۴، کتاب الوقف، مطلب فی وقت المرتد والکافر، سعید)

الجواب حامداً ومصلیاً:

ضرر سے بچنے کے لئے ان لوگوں کو تملیکاً پیسے دیدئے جائیں تو اس کی گنجائش ہے، پھر وہ جہاں چاہیں خرچ کریں (۱)، اس صورت میں عالمگیر کے یا کسی اَور کے فعل سے استدلال کی ضرورت نہیں اور ان کی پوری کیفیت بھی سامنے نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## کفار کے میلہ میں چندہ دینا

سوال[۹۵۵۰]: ۱...... ملک برہما میں یہ دستور ہے کہ ہرایک سال ہر ہر محلّہ میں ایک ایک مہینہ میلہ لگتا ہے، جس میں ناچ، رنگ، سرود وغیرہ کھیل تماشے بھی ہوتے ہیں۔ اس مہینہ کو برہمی زبان میں ''پھیا پھیلڑی''یعنی''بھوت میلہ'' کہتے ہیں، جس میں روپیہ پیسہ چندہ دیتے ہیں۔ اس میں مسلمانوں کو چندہ دینا جائز ہے یا نہیں؟

۲...... چندہ دینے والے لوگ کہتے ہیں کہ جیسا زمانہ ہو ویسا چلنا چاہیئے۔ تو ایسے لوگ اسلام سے خارج ہوجاتے ہیں یا نہیں، اور اگر ہیں تو پھر اس جیسے کہنے والے کے پیچھے اقتدا فی الصلوۃ درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱...... بلکہ ناجائز ہے، لقوله تعالیٰ: ﴿و لا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ الاية(۲)۔

۲...... یہ لوگ اسلام سے واقف نہیں اس لئے ایسا کہتے ہیں، ان کو مسئلہ سمجھا دیا جائے کہ اسلام نے ہر

---

(۱) "وأهل الذمة في حكم الهبة بمنزلة المسلمين ............ مسلمٌ وهب لمرتد هبةً فعوّضه منها المرتد، ثم قتل أو لحق بدار الحرب، جازت الهبة". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الهبة، الباب الحادي عشر في المتفرقات: ۴/۴۰۵، رشيديه)

(۲) (سورة المائدة: ۲)

"هو عام لكل بر و تقوىٰ و كل إثم و عدوان". (التفسيرات الأحمديه، ص: ۳۳۱، مكتبه حقانيه پشاور)

ہر مسئلہ ضروریہ کو تفصیل سے بیان کر دیا ہے اور اس کی اجازت نہیں دی کہ جیسا زمانہ ہو ویسا چلنا چاہیئے (۱)۔ اس کے بعد بھی اگر یہ لوگ اپنی حرکت سے باز نہ آئیں تو ایسے لوگوں کو امام نہ بنایا جائے جب کہ ان سے بہتر امامت کے لائق دوسرا آدمی موجود ہو، کیونکہ امامت کے لئے صالح، دیندار، متبعِ شریعت اور مسائلِ شرعیہ سے واقف آدمی ہونا چاہیئے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۲/ ربیع الثانی / ۶۷ھ۔

## غیر مسلم کی تقریب میں مصلحۃً وسیاسۃً شرکت کر کے چندہ دینا

سوال [۱۹۵۵۱]: کیا غیر مسلموں کے مذہبی کاموں میں مثلاً: مندر بنوانے یا مورتی کے نصب کے موقع پر جشن وغیرہ میں چندہ دینا جائز ہے یا نہیں؟ زید کہتا ہے کہ موجودہ بھارت میں مصلحتاً یا سیاستاً چندہ دینا جائز ہے، لیکن حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحبؒ نے بہار کے اسکولوں میں گاندھی جی کا مشہور گھیت ''جن من گن'' پڑھنے سے سختی سے منع فرمادیا تھا، لیکن زید نے مصلحتاً جائز کہہ دیا۔ اس بارے میں کس کا قول درست ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب مرحوم مغفور کی رائے صحیح ہے، اس راستہ کو بند ہی کیا جائے، ہرگز نہ

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿الیوم أکملت لکم دینکم، وأتممت علیکم نعمتی، ورضیت لکم الإسلام دیناً﴾. (سورة المائدة: ۳)

قال الحافظ ابن کثیر: "هذه أکبر نعم الله تعالیٰ علی هذه الأمة حیث أکمل تعالی لهم دینهم، فلا یحتاجون إلی دینٍ غیره، ولا إلی نبیّ غیر نبیهم صلوات الله وسلامه علیه، ولهذا جعله الله تعالیٰ خاتم الأنبیاء وبعثه إلی الإنس والجن، فلا حلال إلا ما أحله ولا حرام إلا ما حرمه ولا دین إلا ما شرعه، وکل شیء أخبر به، فهو حق وصدق لا کذب فیه ولا خلف". (تفسیر ابن کثیر: ۱۲/۲، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(وکذا فی روح المعانی: ۶۰/۲، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

(وکذا فی معارف القرآن: ۳۲/۳، ادارة المعارف، کراچی)

کھولا جائے، تھوڑے کی اجازت سے بات بہت دور تک پہونچے گی جس کا نتیجہ بہت خراب نکلے گا، جیسا کہ بعض جگہ کا مشاہدہ ہے: "من تشبه بقوم، فهو منهم". الحديث(۱)۔ ﴿ولا تركنوا إلى الذين ظلموا، فتمسكم النار﴾ الآية(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳/ ۷/ ۹۰ھ۔

---

(۱) (مشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني، ص: ۳۷۵، قديمی)

(وسنن أبي داؤد، كتاب اللباس، باب لبس الشهرة، ص: ۵۵۸، دار الحديث ملتان)

قال الملا علي القاري: "من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أي في الإثم والخير". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثاني: ۸/ ۱۵۵، رشيديه)

(وكذا في بذل المجهود، كتاب اللباس، باب في لبس الشهرة: ۵/ ۴۰، معهد الخليل الاسلامي، كراچي)

قال العلامة المناوي: "من تشبه بقوم": أي تزيا في ظاهره بزيّهم، و في تعرّفه بفعلهم، وفي تخلقه بخلقهم، وسار بسيرتهم و هديهم في ملبسهم وبعض أفعالهم: أي وكان التشبه بحق قد طابق فيه الظاهرُ الباطنَ .......... و أنه لا يجوز الآن لبس عمامة زرقاء أو صفراء ...... لو خص أهل الفسوق والمجون بلباسٍ منع لبسه لغيرهم، فقد يظن به من لا يعرفه أنه منهم، فيظن به ظن السوء، فيأثم الظانّ والمظنون فيه بسبب العون عليه. وقال بعضهم: قد يقع التشبه في أمور قلبية .......... وقد تكون عادات في نحو طعام و لباس ومسكن و نكاح و اجتماع و افتراق .......... و قد يحمل منهم في القدر المشترك الذي شابههم فيه، فإن كان كفراً أو معصيةً أو شعاراً لها، كان حكمه كذلك". (فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۱۱/ ۵۷۴۳، ۵۷۴۴، (رقم الحديث: ۸۵۹۳)، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

(۲) (سورة هود: ۱۱۳)

﴿ولا تركنوا إلى الذين ظلموا﴾: أي لاتميلوا إليهم أدنى ميل، والمراد بهم المشركون كما روى ذلك ابن جرير وابن أبي حاتم عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما. وفسر الميل بميل القلب إليهم بالمحبة، وقد يفسر بما هو أعم من ذلك كما يفسر ﴿الذين ظلموا﴾ ممن وجد منه مايسمى ظلماً مطلقاً .......... ويشمل النهي حينئذ مداهنتهم وترك التغيير عليهم مع القدرة، والتزيي بزيهم وتعظيم ذكرهم ومجالستهم من غير داع شرعي .......... وإذا كان حال الميل في الجملة إلى=

## ہندوؤں کی رسم میں چندہ

سوال[۹۵۵۲]: ہم لوگ ایسی جگہ پر رہتے ہیں کہ جہاں اکثر آبادی ہندوؤں کی ہے اور ہم لوگوں کو ان کے ساتھ مل جل کر رہنا ہوتا ہے، اگر ان لوگوں سے علیحدگی اختیار کریں تو ہم لوگوں کو ہر طرح کھانے پینے کی چیزیں ملنا اور کسی قسم کا کاروبار کرنا مشکل ہو جائے گا، بچوں کی تعلیم بھی مشکل ہو جائے گی۔ اگر ہم ان کے ساتھ مل کر رہتے ہیں تو یہ لوگ اپنے کسی کسی پوجا میں مثلاً: کالی درگاہ، لکھمی وغیرہ میں ہم سے کچھ چندہ کرتے ہیں، اگر نہ دیا جائے تو یہ لوگ ہم سے دشمنی رکھتے ہیں اور خطرہ کا سبب ہو جاتا ہے۔

لہذا آپ سے ہم پوچھنا چاہتے ہیں کہ ہم لوگ اس مجبوری کے درجہ میں اگر کچھ پیسہ یا سامان دیدیں تو یہ جائز ہے یا نہیں، اور ہم لوگ اس میں گنہگار ہوتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسی حالت میں ان لوگوں کو چندہ دے دیا جائے جو چندہ مانگنے آئیں، پھر وہ جہاں ان کا دل چاہے خرچ کریں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفر لہ، دار العلوم دیوبند، ۹۲/۱۱/۱۳ھ۔

---

= من وجد منه ظلم مافى الإفضاء إلى مساس الناس النار، فما ظنك بمن يميل إلى الراسخين فى الظلم كل الميل، ويتهالك على مصاحبتهم ومنادمتهم، ويتعب قلبه وقالبه إدخال السرور عليهم ويستنهض الرجل والخيل فى جلب المنافع إليهم ويبتهج بالتزيى بزيهم، والمشاركة لهم فى غيهم، ويمد عينيه إلى مامتعوا به من زهرة الدنيا الفانية". (روح المعانى، (سورة هود: ۱۱۳): ۱۲/۱۵۴، دارإحياء التراث العربى بيروت)

(۱) مطلب یہ ہے کہ ان کو تملیکاً دیا جائے، ان کی ملک میں آنے کے بعد کسی بھی جگہ خرچ کرنے سے چندہ دہندگاں پر مواخذہ نہیں ہوگا:

"وأهل الذمة فى حكم الهبة بمنزلة المسلمين .......... مسلمٌ وهب لمرتد هبةً، فعوّضه منها المرتد ثم قتل أو لحق بدار الحرب، جازت الهبة". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الهبة، الباب الحادى عشر فى المتفرقات: ۴/۴۰۵، رشيديه)

## ہولی میں چندہ دینا

سوال[۹۵۵۳]: عمر جس محلّہ کی مسجد میں رہتا ہے، اس میں مسلمان کم اور ہندو بہت ہی زیادہ ہیں اور وہ اس سے کبھی گڑ بنس کی پوجا کے لئے چندہ لینے آتے ہیں اور کبھی ہولی کا چندہ لینے آتے ہیں۔ تو کیا اس کو چندہ دیدینا چاہیئے؟ ایک بار اس نے ہولی کا چندہ نہیں دیا، رات کو اس کے احاطہ میں لگی ہوئی لکڑیاں اکھاڑ کر لے گئے اور ہولی میں جلا دیں۔ جب وہ صبح سو کر اٹھا تو دیکھا کہ اس کے احاطہ کی بہت سی لکڑیاں کوئی رات میں چوری سے اکھاڑ کر لے گیا۔ تو کیا ایسی حالت میں اسے روپیہ، آٹھ آنے چندہ دیدینا چاہیئے جب کہ اس کے مقابلہ میں اس کا بہت نقصان ہوا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مجبوری کی حالت میں ان کو پیسے دیدے جو مانگنے آئے، یعنی ان کی ہی ملک کردے، پھر وہ جہاں چاہیں خرچ کریں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دار العلوم دیوبند۔

## سانگ کرانا اور اس میں روپیہ دینا

سوال[۹۵۵۴]: ہندوؤں نے ہمارے گاؤں میں ایک مندر تعمیر کرایا تھا، اور اس کے لئے سانگ کرایا تھا (۲) اس میں روزانہ طے کے علاوہ جو بچتا تھا وہ مندر کا ہوگا، اس میں مسلمانوں نے بھی انعام دیا۔ ہندوؤں کو دیکھ کر مسلمانوں نے بھی سانگ کرایا۔ ایک شخص نے حجرہ کے لئے ۵۱/ روپے دیئے تھے، ان روپیہ کو سانگ والوں کو دے کر دوسرا سانگ کرایا۔ تقریباً ۱۹۰/ روپے زائد تھے تو ان بچے ہوئے روپیہ کو حجرہ کی تعمیر میں دیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

---

(۱) "وأهل الذمة في حكم الهبة بمنزلة المسلمين .......... مسلمٌ وهب لمرتد هبةً، فعوّضه منها المرتد ثم قتل أو لحق بدار الحرب، جازت الهبة". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الهبة، الباب الحادي عشر في المتفرقات: ۴/۴۰۵، رشيديه)

(۲) "سانگ کرنا: تماشا کرنا"۔ (فيروز اللغات، ص: ۷۶۹، فيروز سنز لاهور)

الجواب حامداًومصلیاً:

سانگ کھیلنا، اس کا دیکھنا، اس پر انعام دینا سب غلط اور خلافِ شرع ہے، مسلمانوں کو غیر مسلموں کی حرص میں ایسا کرنا اور بھی بے غیرتی ہے(۱)۔ جو روپیہ بچ گیا ہے وہ ان لوگوں کا ہے جنہوں نے انعام دیا ہے، ان کو واپس کر دیا جائے، پھر اگر سب متفق ہو کر از سرِ نو تعمیرِ حجرہ کے لئے دیں تو تعمیر میں خرچ کر لیا جائے (۲)۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تشبه بقوم، فهو منهم" (مشکوة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۵، قدیمی)

(وسنن أبی داؤد، کتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة، ص: ۵۵۸، دار الحدیث ملتان)

قال العلامة الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: "من شبه نفسه بالكفار مثلاً فی اللباس وغیره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أی فی الإثم والخیر". (مرقاة المفاتیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی: ۸/۱۵۵، رشیدیه)

(وكذا فی بذل المجهود، کتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة: ۵/۴۰، معهد الخلیل الاسلامی کراچی)

قال العلامة المناوی: "من تشبه بقوم": أی تزیا فی ظاهره بزیّهم، و فی تعرّفه بفعلهم، وفی تخلقه بخلقهم، وسار بسیرتهم و هدیهم فی ملبسهم وبعض أفعالهم: أی وكان التشبه بحق قد طابق فیه الظاهرُ الباطنَ ............ و أنه لا یجوز الآن لبس عمامة زرقاء أو صفراء ...... لو خص أهل الفسوق والمجون بلباسٍ منع لبسه لغیرهم، فقد یظن به من لا یعرفه أنه منهم، فیظن به ظن السوء، فیأثم الظانّ والمظنون فیه بسبب العون علیه. وقال بعضهم: قد یقع التشبه فی أمور قلبية ............ وقد تكون عادات فی نحو طعام و لباس ومسكن و نكاح و اجتماع و افتراق ............ و قد یحمل منهم فی القدر المشترک الذی شابههم فیه، فإن كان كفراً أو معصیةً أو شعاراً لها، كان حكمه كذلک". (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر: ۱۱/۵۷۴۳، ۵۷۴۴، (رقم الحدیث: ۸۵۹۳)، مكتبه نزار مصطفی الباز ریاض)

(۲) "عن أبی حرة الرقاشی عن عمه رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "ألا! لا تظلموا، ألا! لا یحل مال امرئ مسلم إلا بطیب نفس منه". (مجمع الزوائد، کتاب البیوع، باب الغصب: ۴/۲۷۲ دار الفكر بیروت) ............ =

## غیر مسلم سے کفن سلوانا

سوال[۹۵۵۵]: غیر مسلم سے کفن سلوانا کیسا ہے؟

**الجواب حامداًومصلیاً:**

درست ہے، جیسے اور معاملات درست ہیں (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## کافر میت کوجلانے کے لے سامان دینا

سوال[۹۵۵۶]: اگر کوئی کافر مردہ آدمی کو ہسپتال سے گاڑی یا کشتی وغیرہ سے پہونچادیں، یا مردہ جلانے کے لئے سامان فراہم کردیں تو "تعاون علی المعصية" ہوگا کہ نہیں؟

**الجواب حامداًومصلیاً:**

صاحبین کے نزدیک مکروہ ہے کہ "إعانة على المعصية" ہے،لہذا اجتناب چاہیئے (۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۱۰/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۱۰/ ۸۸ھ۔

---

= (ومشكوة المصابيح، كتاب البيوع، باب الغصب والعارية، الفصل الثاني، ص: ۲۵۵، قديمي)

(وكنز العمال، الفرع الثاني في أحكام الايمان: ۱/۳۹۷، التراث الإسلامي)

(وكذا في تنبيه الغافلين، باب ما جاء في الظلم، ص: ۲۰۲، حقانيه پشاور)

(۱) "لا بأس بأن يكون بين المسلم والذمي معاملةٌ إذا كان مما لا بد منه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الرابع عشر في أهل الذمة: ۵/۳۴۸، رشيديه)

(وكذا في الفتاوى السراجية، كتاب الحظر والإباحة، ص: ۷۴، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في البيع: ۸/۳۷۴، رشيديه)

(۲) "ويكره تحريماً بيع السلاح من أهل الفتنة إن علم؛ لأنه إعانة على المعصية". (ردالمحتار، كتاب الجهاد، باب البغاة، قبيل كتاب اللقيط: ۴/۲۶۸، سعيد) ........................ =

## ہندو لاش کو جلانے کے لئے مسلمان کا لکڑی فروخت کرنا

سوال[۹۵۵۷]: ہندو کی میت جلوانے کے واسطے ایک مسلمان کا لکڑی وغیرہ دینا شرعاً کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کسی مسلم سے اگر ہندو لکڑی خریدے اور مسلم کو معلوم ہے کہ یہ اس سے مردہ جلاوے گا، اس کے ہاتھ فروخت کرنا درست ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، مظاہر علوم سہارنپور۔

☆......☆......☆......☆......☆

---

(مجمع الأنهر، كتاب السير والجهاد، قبيل كتاب اللقيط: ۲/۵۱۸، مكتبه غفاريه كوئٹه)

**سوال**: ''ایک امام باڑہ بنتا ہے ایک شخص نے اپنا سامان یعنی کڑی وغیرہ واسطے طیاری امام باڑہ کے مالک امام باڑہ کے ہاتھ فروخت کردی زید کہتا ہے کہ یہ شخص جس نے اپنی کڑی امام باڑہ کے واسطے فروخت کردی بڑا گنہگار رہوا یہ کہنا زید کا صحیح ہے یا غلط''؟

**جواب**: ''اگر کوئی امام باڑہ کے بنانے کو کڑی خرید کرے تو اس کے ہاتھ کڑ کا بیع کرنا امام صاحب کے نزدیک درست ہے کہ مکان بنانے سے گناہ نہیں ہوتا بلکہ گناہ دوسرا فعل ہے مگر بہتر ہے کہ اعانت نہ کرے''۔ (فتاویٰ رشيديه، کتاب خرید وفروخت کے مسائل، عنوان مسئلہ: امام باڑہ کی تعمیر کے لئے سامان بیچنا، ص: ۴۹۲، سعيد)

''ومن آجر بيتاً ليتخذ فيه بيت نار أو كنيسة أو بيعة أو يباع فيه الخمر بالسواد، فلا بأس به، وهذا عند أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ، وقالا: لاينبغي أن يكريه لشئ من ذلك؛ لأنه إعانة على المعصية''. (الهداية، كتاب الكراهية، فصل في البيع: ۴/۴۷۲، مكتبه شركة علميه ملتان)

(۱) چونکہ معصیت لکڑی کی ذات کے ساتھ متعلق نہیں، بلکہ ہندو کے فعل (جلانے) سے ہے، لہٰذا لکڑی بیچنے میں بظاہر کوئی حرج نہیں:

''ولابأس بيع العصير ممن يعلم أنه يتخذه خمراً؛ لأن المعصية لاتقام بعينه بل بعد تغييره، بخلاف بيع السلاح في أيام الفتنة؛ لأن المعصية تقوم بعينه. قال: ومن آجر ليتخذ فيه بيت نار أو كنيسة أو بيعة أو يباح فيه الخمر بالسواد، فلا بأس به، وهذا عند أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ''. (الهداية، كتاب الكراهية، فصل في البيع: ۴/۴۷۲، مكتبه شركة علميه ملتان)

# الفصل الرابع فی إعانة الفساق والفجار

## (فاسق وفاجر کی مدد کرنے کا بیان)

### ناجائز کام کی اعانت بھی ناجائز ہے

سوال[۹۵۵۸]: مزدوروں کی جماعت کا صدر، سکریٹری بننا کیسا ہے جس میں شرعی اور غیر شرعی ہر قسم کے کام کرنے ہوتے ہیں؟ کیا کسی مسلمان صدر کو کسی غیر مسلم کی میت میں جانا، یا اس کی ہڈیاں جمع کرنے کے لئے جانا اور ندی میں ڈالنا جائز ہے یا نہیں، جب کہ نیت شرک کی نہیں، نہ استعانت کی؟

الجواب حامداً ومصلياً:

غیر شرعی ناجائز کام کرنا سب کے لئے ناجائز ہے، صدر یا سکریٹری کو ناجائز کام کرنا، یا کرانا اپنے انتظام سے اور بھی زیادہ مذموم ہے(۱)، خاص کر جو امور شعارِ کفر ہوں ان کی ہرگز اجازت نہیں اگر چہ شرک کی نیت اور اعانت واستعانت مقصود نہ ہوں(۲)۔ جہاں تک اجتماعی نظم کا تعلق ہے، اس کے لئے اگر صدر یا

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿و لا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ الاية (سورة المائدة: ۲)

قال الملاجيون رحمه الله تعالىٰ: "هو عام لكل برٍ و تقوى وإثمٍ وعدوانٍ، هكذا قال المفسرون". (التفسيرات الأحمديه، ص: ۳۳۱، مكتبه حقانيه پشاور)

وقال الحافظ ابن كثير رحمه الله تعالىٰ تحت هذه الآية: "يأمر تعالىٰ عباده المؤمنين بالمعاونة على فعل الخيرات وهو البر، و ترك المنكرات وهو التقوى، وينهاهم من التناصر على الباطل والتعاون على المآثم والمحارم". (تفسير ابن كثير، (سورة المائدة: ۲): ۲/۱۰، مكتبه دار الفيحاء)

"كل ما يؤدى إلى مالا يجوز، لا يجوز". (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس: ۶/۳۶۰، سعيد)

(۲) "ويكفر بخروجه إلى نيروز المجوس والموافقة معهم فيما يفعلونه في ذلك اليوم". (مجمع الأنهر، كتاب السير، باب المرتد، ثم أنّ ألفاظ الكفر أنواع: ۲/۵۱۳، غفاريه كوئٹه) =

سکریٹری بنادیا جائے تو اس کی ممانعت نہیں جب کہ وہ آدمی اس کی اہلیت بھی رکھتا ہو(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

## معصیت میں ساتھ دینا

سوال[۹۵۵۹]: مسماۃ زہرہ بی بی منکوحہ مسمی گل حسن کو مسمی غلام محمد فرار کر کے لے گیا ہے اور چار ماہ سے اس کے ساتھ زنا کر رہا ہے۔ مسمی گل حسن غریب اور ناتواں ہے، بجز شریعت کے وہ کسی اَور کو نہیں پکار سکتا۔ غلام محمد کہتا ہے کہ اسلام چھوڑ دوں گا، مگر عورت کو نہیں چھوڑوں گا، کچھ لوگ غلام محمد کی پشت پناہی کر رہے ہیں۔ اب دارالعلوم دیوبند سے اس کا فیصلہ مطلوب ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

زنا کرنا قطعی حرام ہے: ﴿ولا تقربوا الزنى إنه كان فاحشةً و ساء سبيلاً﴾ الآية (۲)، جو شخص اس خبیث فعل میں مبتلا ہو وہ سخت گنہگار ہے اور لوگوں کے ذمہ حسبِ استطاعت اس سے

---

= (وكذا في الفتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب السير، باب مايكون كفراً من المسلم ومالايكون: ۳/۵۷۷، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الخنثى، مسائل شتى: ۶/۷۵۴، سعيد)

(۱) "لابأس بأن يضيف كافراً لقرابة أو لحاجة". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الرابع عشر في أهل الذمة: ۵/۳۴۷، رشيديه)

(وكذا في الملتقط، ص: ۲۷۷، حقانيه كوئٹه)

(۲) (سورة الإسراء: ۳۲)

قال الله تعالىٰ: ﴿فمن ابتغى وراء ذلك، فأولئك هم العادون﴾ (سورة المؤمنون: ۷)

"عن الهيثم بن مالك الطائي رضي الله تعالىٰ عنه، عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "مامن ذنب بعد الشرك أعظم عند الله من نطفةٍ وضعها رجل في رحمٍ لا يحل له". (تفسير ابن كثير: ۳/۳۸، سهيل اكيڈمي لاهور)

روکنا ضروری ہے(۱)، اس میں اس کا ساتھ دینا اور مدد کرنا معصیت ہے، لقوله تعالیٰ: ﴿و لا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ الاية (۲)۔

---

(۱) "عن طارق بن شهاب قال: أوّل من قدم الخطبة قبل الصلوة مروان، فقام رجل فقال لمروان: خالفت السنة، فقال: يافلان! قدترك ماهناك، فقال أبو سعيد الخدری رضی الله تعالیٰ عنه: أما هذا فقد قضى ما عليه، سمعت رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم يقول: "من رآی منكم منكراً فليغيره بيده، فإن لم يستطع فبلسانه، فإن لم يستطع فبقلبه، وذلك أضعف الإيمان". (جامع الترمذی، أبواب الفتن، باب ماجاء فی تغيير المنكر باليد أو باللسان أو بالقلب: ۲/۴۰، سعيد)

(والصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب بيان كون النهی عن المنكر، من الإيمان الخ: ۱/۵۱، قديمی)

(ومسند أحمد بن حنبل، مسند أبی سعيد الخدری رضی الله تعالیٰ عنه، (رقم الحديث: ۱۰۷۶۲): ۳/۴۹۷، دارإحياء التراث العربی بيروت)

قال الملا علی القاری رحمه الله تعالیٰ: "ثم اعلم أنه إذا كان المنكر حراماً وجب الزجر عنه، وإذ كان مكروهاً ندب، والأمر بالمعروف أيضاً تبع لما يؤمر به، فإن وجب فواجب، إن ندب فمندوب، ولم يتعرض له فی الحديث؛ لأن النهی عن المنكر شامل له؛ إذ النهی عن الشئ أمر بضده، وضد المنهی إما واجب أو مندوب أو مباح، والكل معروف. وشرطهما أن لا يؤدی إلى الفتنة، كما علم من الحديث، وأن يظن قبوله، فإن ظن أنه لايقبل فيستحسن إظهارا لشعار الإسلام. ولفظ "من" لعمومه شمل كل أحد رجلاً أو امرأةً، عبداً أو فاسقاً أو صبياً مميزاً إذا كان، وإن كان يستقبح ذلك من الفاسق، قال الله ﴿أتأمرون الناس بالبر وتنسون أنفسكم﴾ وقال عزوجل ﴿لم تقولون مالا تفعلون﴾.......... قال النووی رحمه الله تعالیٰ فی شرح مسلم: قوله: "فليغيره بيده" هو أمر إيجاب، وقد تطابق على وجوبه الكتاب والسنة وإجماع الأمة، وهی أيضاً من النصيحة التی هی الدين .......... فمن وجب عليه وفعله ولم يمتثل المخاطب، فلا عتب بعد ذلك عليه، لكونه أدى ماعليه، وماعليه أن يقبل منه. وهو فرض كفاية، ومن تمكن منه وتركه بلا عذر، أثم". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۵۱۳۷): ۸/۸۶۲، رشيديه)

(۲) (سورة المائده: ۲)

قال الملاجيون رحمه الله تعالیٰ: "هو عام لكل بر و تقوى وإثم و عدوان". (التفسيرات الأحمديه، ص: ۳۳۱، مكتبه حقانيه پشاور) ..........=

اگر اس کے ساتھ میل جول ترک کر دینے سے اس کی اصلاح کی توقع ہے تو میل جول ترک کر دینا چاہیئے، ظالم سے الگ رہنے کا حکم ہے: ﴿ولا ترکنوا إلی الذین ظلموا فتمسکم النار﴾ الاية(۱)۔ جو شخص یہ کہے کہ اسلام کو چھوڑ دوں گا، حرامکاری نہیں چھوڑوں گا، اس کا ایمان برقرار رہنا دشوار ہے(۲)۔حق تعالیٰ ہدایت دے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۱/۱۲/۲۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۹۱/۱۲/۲۷ھ۔

---

= وقال ابن کثیر رحمه الله تعالیٰ: "یأمر تعالیٰ عباده المؤمنین بالمعاونة علی فعل الخیرات وهو البر، وترک المنکرات وهو التقوی. وینهاهم عن التناصر علی الباطل والتعاون علی المآثم والمحارم". (تفسیر ابن کثیر: ۲/۱۰، دار السلام ریاض)

(۱) (سورة هود: ۱۱۳)

"﴿ولا ترکنوا إلی الذین ظلموا﴾: أی لاتمیلوا إلیهم أدنی میل، والمراد بهم المشرکون کماروی ذلک ابن جریر وابن أبی حاتم عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما. وفسر المیل بمیل القلب إلیهم بالمحبة، وقد یفسر بما هو أعم من ذلک کما یفسر ﴿الذین ظلموا﴾ ممن وجد منه مایسمی ظلماً مطلقاً ......... ویشمل النهی حنیئذ مداهنتهم وترک التغییر علیهم مع القدرة، والتزیی بزیهم، وتعظیم ذکرهم ومجالستهم من غیر داع شرعی ......... وإذا کان حال المیل فی الجملة إلی من وجد منه ظلم مافی الإفضاء إلی مساس الناس النار، فما ظنک بمن یمیل إلی الراسخین فی الظلم کل المیل، ویتهالک علی مصاحبتهم ومنادمتهم، ویتعب قلبه وقالبه إدخال السرور علیهم ویستنهض الرجل والخیل فی جلب المنافع إلیهم ویبتهج بالتزی بزیهم، والمشارکة لهم فی غیهم، ویمد عینیه إلی مامتعوا به من زهرة الدنیا الفانیة". (روح المعانی، (سورة هود: ۱۱۳): ۱۲/۱۵۴، دارإحیاء التراث العربی بیروت)

(۲) "الرضا بالکفر کفرٌ". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب السیر، باب مایکون کفراً من المسلم: ۳/۵۷۳، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب ألفاظ تکون إسلاماً أو کفراً، الباب الرابع فی الإیمان والإسلام: ۶/۳۲۸، رشیدیه)

(وکذا فی شرح الفقه الأکبر للملا علی القاری الحنفی رحمه الله، قبیل بحث التوبه، ص: ۱۵۴، قدیمی)

## قاتل کی مدد کرنا

سوال[۹۵۶۰]: زید نے عمر کو جان بوجھ کر قتل کر دیا، جس کا سبب کچھ زمین کا جھگڑا ہے، اور اب قتل ہو جانے کے بعد زید پریشان ہے کہ مغفرت کی کیا شکل ہو۔ تو کیا ایسے شخص کی مغفرت ہونے کی کوئی شکل ہے؟ ایسے شخص کی بعد القتل رہائی کی کوشش کرنا اور مدد کرنا کہ کسی طرح چھوٹ جائے اور آئندہ ایسی حرکت سے باز آجائے شرعاً درست ہے کہ نہیں؟ جو فعل اس سے صادر ہوا ہے وہ مقتول کی بدعنوانیوں کو دیکھ کر ہوا ہے تو کیا ایسی شکل میں اس مدد کرنے والے کو کوئی گناہ نہیں ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلياً:

مقتول کے واسطے دعائے مغفرت، ایصال ثواب اور اس کے بچوں کی اعانت (امداد) دلجوئی کرتا رہے، زیادہ سے زیادہ ندامت کے ساتھ توبہ واستغفار میں مشغول رہے، حق تعالیٰ سے توقع ہے کہ وہ اس جرم عظیم میں تخفیف فرمائے گا، وہ اس مرحوم مقتول کو اپنے خزانۂ غیب سے بہت کچھ دے کر راضی فرمادے تو کیا بعید ہے(۱)۔

جس طرح مقتول کے ساتھ ہمدردی کا حکم ہے، قاتل کے ساتھ بھی ہمدردی کا حکم ہے، اس کی ہمدردی یہ ہے کہ اس کو ظلم سے روکے، كما ورد في الحديث: "انصر أخاك ظالماً أو مظلوماً"۔ اس پر دریافت

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿يأيها الذين آمنوا توبوا إلى الله توبةً نصوحاً، عسى ربكم أن يكفر عنكم سيآتكم﴾ (سورة التحريم: ۸)

قال الإمام النووي رحمه الله تعالىٰ: "التوبة مااستجمعت ثلاثة أمور: أن يقلع من المعصية، وأن يندم على فعلها، وأن يعزم عزماً جازماً على أن لايعود إلى مثلها أبداً. فإن كانت تتعلق بآدمي، لزم رد الظلامة إلى صاحبها أو وارثه أو تحصيل البراءة منه. وركنها الأعظم الندم". (شرح النووي على صحيح مسلم، كتاب التوبة: ۲/۳۵۴، قديمي)

ايضاً راجع للتفصيل: (روح المعاني، (سورة التحريم: ۸): ۲۸/۱۵۸، دارإحياء التراث العربي بيروت)

(وإنجاح الحاجة حاشية ابن ماجة، أبواب الزهد، باب ذكر التوبة، ص: ۳۱۳، قديمي)

کیا گیا کہ ظالم کی نصرت کس طرح کی جائے تو فرمایا: ''اس کو ظلم سے روکنا یہ اس کی مدد ہے'' (۱)۔

اگر رہائی میں اس کی توقع ہو تو یہ بھی اس میں داخل ہے، لیکن اس کو بے قصور قرار دینے کی کوشش کرنا یہ جائز نہیں ہے، یہ ظلم کی اعانت ہے (۲)، جھوٹ ہے جو کہ خود مستقل جرم ہے (۳)۔

ہاں! کوشش اس طرح ہو سکتی ہے کہ مقتول کے ورثاء کو روپیہ دے کر خوشامد کر کے راضی کر لیا جائے، یہ صورت درست ہے (۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۹۲/۶/۵ھ۔

## مقتول اور قاتل کی مدد کرنا

**سوال [۹۵۶۱]:** ایک مسلمان کو چند مسلمانوں نے مل کر قتل کر دیا، اب چند مسلمان قاتلوں کی جانی ومالی امداد کر رہے ہیں۔ ان کے لئے کیا حکم ہے، جب کہ مقتول بظاہر بے گناہ ہے؟ ایسی صورت میں قاتل کی مدد کی جائے یا مقتول کے ورثاء کی مدد کی جائے؟ از روئے شرع جواب دیں۔

---

(۱) الحديث بتمامه: "عن أنس رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "انصر أخاك ظالماً أو مظلوماً". قال: يارسول الله! هذا ننصره مظلوماً، فكيف ننصره ظالماً؟ قال: "تأخذ فوق يديه". (صحيح البخاري، أبواب المظالم، باب عن أخاك وظالماً أو مظلوماً: ۱/۳۳۱، قديمي)

(راجع للتفصيل، فتح الباري، أبواب المظالم: ۵/۱۲۴، قديمي)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ولاتعاونوا على الإثم والعدوان﴾ (سورة المائدة: ۲)

(۳) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه، عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "آية المنافق ثلاث: إذا حدث كذب، الخ". (صحيح البخاري، كتاب الإيمان، باب علامة النفاق، ص: ۱۰، قديمي)

(۴) "﴿ومن قتل مظلوماً فقد جعلنا لوليّه سلطاناً﴾: أي سلطةً على القاتل، فإنه بالخيار فيه: إن شاء قتله قوداً، وإن شاء عفا عنه على الدية، وإن شاء عفا عنه مجاناً". (تفسير ابن كثير، سورة بني إسرائيل: ۳/۳۸، سهيل اكيڈمی لاهور)

الجواب حامداً ومصلیاً:

ناحق قتل کرنا جرمِ عظیم ہے(۱) ظلم کا ساتھ دینا اور اس کی مدد کرنا بھی سخت گناہ ہے لقولہ تعالیٰ: ﴿تعاونوا علی البر و التقوی ولا تعاونوا علی الإثم والعدوان﴾ الایة (۲)۔ اس کی سزا دنیا میں بھی ملتی ہے اور آخرت میں بھی، مظلوم کی مدد کرنا حسبِ حیثیت لازم ہے(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۹/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۹/۹۱ھ۔

## اپنے باپ کے قاتل کی مدد کرنا

سوال[۹۵۶۲]: پانچ بھائیوں نے سازش کر کے اپنے باپ کو قتل کر دیا، ان میں سے چار بھائیوں نے رشوت لوگوں سے دلوا کر رہائی حاصل کر لی۔ اب اس صورت میں ان لڑکوں کی مدد کرنا ان کے ساتھ برتاؤ کیسا کرنا اور ان کا باپ کو قتل کرنے کا کیا گناہ ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بلاوجہ شرعی اپنے باپ کو قتل کرنا بہت بڑا ظلم اور سخت قسم کا گناہ ہے، اس کا وبال ناقابلِ برداشت ہے(۴)،

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ومن يقتل مؤمناً متعمداً، فجزاؤه جهنم خالداً فيها، وغضب الله عليه، ولعنه، وأعدّله عذاباً عظيماً﴾. (سورة النساء: ۹۳)

(۲) (سورة المائدة: ۲)

(۳) "عن البراء بن عازب رضي الله تعالیٰ عنه قال: أمرنا رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم بسبع، ونهانا عن سبع، فذكر عيادة المريض واتباع الجنائز وتشميت العاطس وردّ السلام ونصر المظلوم".

(صحيح البخاري، أبواب المظالم والقصاص، باب نصر المظلوم: ۱/۳۳۱، قديمي)

(۴) قال الله تعالیٰ: ﴿ولا تقتلوا النفس التي حرم الله إلا بالحق﴾ (سورة الإسراء: ۳۳)

وقال الله تعالیٰ: ﴿فلا تقل لهما أف ولا تنهرهما، وقل لهما قولاً كريماً﴾ (سورة الإسراء: ۲۳)

والدین کو جب اف تک کہنا صحیح نہیں ہے تو ان کو مارنا اور قتل کرنا بطریقِ اَولیٰ ناجائز و حرام ہے:

قال العلامة ابن كثير رحمه الله تعالیٰ تحت قوله تعالیٰ: ﴿فلا تقل لهما أف﴾: أي لا تُسمعهما قولاً شيئاً حتى ولا التأفيف الذي هو أدنى مراتب القول السيّئ". (تفسير ابن كثير، (سورة الإسراء: =

اس سلسلہ میں ان کی کوئی مدد نہ کی جائے (۱) نہ رشوت دے کر اس جرمِ عظیم کو چھپایا جائے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۷/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/ ۷/ ۸۸ھ۔

---

= ۲۳): ۳/ ۵۰، مکتبہ دار الفیحاء بیروت)

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ (سورة المائدة: ۲)

"هو عام لكل بر و تقوى وإثم وعدوانٍ، هكذا قال المفسرون". (التفسيرات الأحمدية، ص: ۳۳۱، مكتبه حقانيه پشاور)

قال الحافظ ابن كثير رحمه الله تعالىٰ تحت هذه الآية: "يأمر تعالىٰ عباده المؤمنين بالمعاونة على فعل الخيرات وهو البر، و ترک المنكرات وهو التقوى. وينهاهم من التناصر على الباطل و التعاون على المآثم والمحارم". (تفسير ابن كثير، (سورة المائدة: ۲) : ۲/ ۱۰، دارالفيحاء بيروت)

"كل ما يؤدي إلى ما لا يجوز، لا يجوز". (الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس: ۶/ ۳۶۰، سعيد)

(۲) رشوت دینا چونکہ اصالۃً حرام ہے، بعض صورتوں میں فقہائے کرام نے گنجائش کے مطابق اجازت دی ہے، لیکن صورتِ مذکورہ میں چونکہ کام بھی ناجائز ہے، اس لئے اس پر رشوت دینا حرام در حرام ہے:

قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "ثم الرشوة أربعة أقسام: منها: ماهو حرام على الآخذ والمعطي، وهو الرشوة على تقليد القضاء والإمارة. الثاني: إرتشاء القاضي ليحكم، وهو كذلک ولو القضاء بحق؛ لأنه واجب عليه. الثالث: أخذ المال ليسوى أمره عند السلطان دفعاً للضرر أو جلباً للنفع، وهو حرام على الآخذ فقط ......... الرابع: ما يدفع لدفع الخوف من المدفوع إليه على نفسه أو ماله، حلال للدافع حرام على الآخذ؛ لأن دفع الضرر عن المسلم واجب، ولا يجوز أخذ المال ليفعل الواجب، انتهى ما في الفتح ملخصاً". (ردالمحتار، كتاب القضاء، مطلب: في الكلام على الرشوة والهدية: ۵/ ۳۶۲، سعيد)

"عن عبدالله بن عمرو رضي الله تعالىٰ عنهما قال: لعن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: الراشي والمرتشي". (سنن أبي داؤد، كتاب القضاء، باب في كراهية الرشوة: ۲/ ۱۴۸، مكتبه رحمانيه، لاهور) =

## ظالم کی رہائی میں مدد کرنا

سوال[۹۵۶۳]: زید وعمر دو بھائی تھے، زید نابالغ اور عمر بالغ۔ عمر نے اپنے باپ خالد کا قرض مشترکہ زمین سے ادا کیا، زمین فروخت کرکے لیکن زید کی نابالغی کی وجہ سے دستخط نہیں ہوئے، اب چک بندی کے دوران بیع شدہ زمین عمر کے حصہ میں آئی اور زید کا حصہ نہیں دیا کہ دستخط نہیں تھے۔ زید کا مطالبہ ہوا کہ موجودہ زمین سے نصف مجھے دو، عمر نے انکار کیا جس کی وجہ سے معاملات کشیدہ ہوگئے، یہاں تک کہ عمر زید کو قتل کرنے کے ارادہ سے کئی مرتبہ گیا۔

اس کے بعد ایک بیوہ عورت نے زید کے لڑکے سے نکاح کرنا چاہا، عمر اپنے لڑکے سے چاہتا تھا، مگر عورت تیار نہیں تھی جس کی وجہ سے عداوت میں کافی اضافہ ہوگیا۔ پھر دونوں بھائیوں نے مل کر مصالحت چاہی، مگر عمر نے دوسرے روز زید کو دن میں مصالحت کے بہانہ سے بلاکر اچانک قتل کردیا، جب زید کی عورت نے شور مچایا تو اس کو بھی ختم کردیا، کیا اس صورت میں زید اور اس کی بیوی شہید ہوئے کہ نہیں؟ اور عمر کی قید سے رہائی کے لئے مدد کرنا جائز ہے کہ نہیں؟

### الجواب حامداً ومصلياً:

زید اور اس کی عورت دونوں شہید ہیں(۱)۔ اگر عمر نے اپنی حرکت پر نادم ہوکر سچی توبہ کرلی اور اس پر

---

= قال العلامة خليل أحمد سهارنفوری رحمه الله تعالىٰ تحت قوله: "لعن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: الراشي". أي معطي الرشوة "والمرتشي": أي آخذها. قال الخطابي رحمه الله تعالىٰ: الراشي المعطي، والمرتشي الأخذ، وإنما يلحقهم العقوبة معاً إذا استويا في القصد والإرادة، ورشاء المعطي لينال به باطلاً ويتوصل به إلى الظلم. فأما إذا أعطى ليتوصل به إلى حق أو يدفع عن نفسه ظلماً، فإنه غير داخل في هذا الوعيد". (بذل المجهود في حل أبي داؤد، كتاب القضاء، باب في كراهية الرشوة: ۳۰۷/۵، مكتبه إمداديه ملتان)

(۱) "عن سعيد بن زيد رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من قتل دون ماله فهو شهيد، ومن قتل دُون أهل فهو شهيد، ومن قتل دون دينه فهو شهيد، ومن قتل دون دمه فهو شهيد". (مسند الإمام أحمد: ۳۱۱/۱، (رقم الحديث: ۱۶۵۵)، دارإحياء التراث العربي)

"هو (أي الشهيد) كل مسلم طاهر بالغ قُتل ظلماً، الخ". (قواعد الفقه، التعريفات الفقهية، =

اطمینان ہوتو اس کی مدد کرنا بھی درست ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱۰/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱۰/۸۷ھ۔

## ظالم سے ہمدردی کا طریقہ

سوال[۹۵۶۴]: ظالم انسان کے ساتھ ہمدردی کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداًو مصلیاً:

ضرور ہمدردی کی جائے اوراس کی ہمدردی یہ ہے کہ اس کوظلم سے روکا جائے، کما ورد فی حدیث:

---

= ص: ۳۴۳، الصدف)

"الشهيد هو من قتله أهل الحرب .......... أو قتله مسلم ظلماً، الخ". (البحرالرائق، كتاب الجنائز، باب صلاة الشهيد: ۲/۳۴۳، رشيديه)

(۱) "عن عبدالله بن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "التائب من الذنب كمن لا ذنب له". (مشكوة المصابيح، كتاب الدعوات، باب الاستغفار، الفصل الثالث، ص: ۲۰۶، قديمي)

اگرتوبہ نہ کی ہو، بلکہ اسی طرح اپنے کئے ہوئے ظلم کوظلم تصور نہ کرے، بلکہ جائز سمجھتا رہے تو یہ فسق ہے، اور فاسق کی اعانت جائز نہیں:

قال الله تعالىٰ: ﴿و لا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ الاية (سورة المائدة: ۲)

قال الملاجيون رحمه الله تعالىٰ: "هو عام لكل برٍ و تقوى وإثمٍ وعدوانٍ، هكذا قال المفسرون". (التفسيرات الأحمديه، ص: ۳۳۱، مكتبه حقانيه پشاور)

قال الحافظ ابن كثير رحمه الله تعالىٰ تحت هذه الآية: "يأمر تعالىٰ عباده المؤمنين بالمعاونة على فعل الخيرات وهو البر، و ترك المنكرات وهو التقوى. وينهاهم من التناصر على الباطل والتعاون على المآثم والمحارم". (تفسير ابن كثير، (سورة المائدة: ۲) : ۲/۱۰، مكتبة دارالفيحا بيروت)

"كل ما يؤدي إلى مالا يجوز، لا يجوز". (الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل في اللبس: ۶/۳۶۰، سعيد)

"انصر أخاك ظالماً أو مظلوماً". الحديث (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ

## ظالم کو مار ڈالنا

سوال[۹۵۶۵]: عمر اور نرنجن کی ایک اراضی کی بنا پر رنجش ہے، زیادتی نرنجن غیر مسلم کی ہے، وہ بڑا فسادی اور غنڈہ ہے، عمر شریف اور دیندار ہے۔ ایک مرتبہ عمر کو لاٹھیوں سے مارنا شروع کیا اور دوسری مرتبہ گھونسوں اور جوتوں سے زود و کوب کیا۔ یہ شخص پولیس کا دلال بھی ہے، اس لئے پولیس والے اس کے خلاف کارروائی نہیں کرتے۔ ایسی حالت میں اپنی جان کی حفاظت کے لئے نرنجن کو جان سے مروا دینا شرعاً جائز ہے یا نہیں، قیامت میں اس کا مواخذہ ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً:

اپنی جان کی حفاظت لازم ہے، اس کے لئے ہر مناسب تدبیر کو اختیار کی جاسکتا ہے (۲)، دوسرے کی

---

(۱) الحديث بتمامه: "عن أنس رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "انصر أخاك ظالماً أو مظلوماً". قال: يا رسول الله! هذا ننصره مظلوماً، فكيف ننصره ظالماً؟ قال: "تأخذ فوق يديه". (صحيح البخاري، أبواب المظالم، باب أعنْ أخاك ظالماً أو مظلوماً: ۱/۳۳۱، قديمي)

"فقال: "تأخذ فوق يديه" كنى به عن كفه عن الظلم بالفعل إن يكف بالقول، عبّر بالفوقية إشارةً إلى الأخذ بالاستعلاء والقوة". (فتح الباري، أبواب المظالم، باب أعن أخاك ظالماً أو مظلوماً: ۵/۱۲۴، قديمي)

(وكذا في تنبيه الغافلين، باب ماجاء في الظلم، ص: ۲۰۲، حقانيه پشاور)

(۲) "ومن شهر على المسلمين سيفاً، فعليهم أن يقتلوه .......... قوله: فعليهم .......... إشارة إلى الوجوب، والمعنى وجوب دفع الضرر. وفي سرقة الجامع الصغير: و من شهر على رجل سلاحاً ليلاً أو نهاراً، أو شهر عليه عصا ليلاً في مصر أو نهاراً في طريق في غير مصر، فقتله المشهور عليه عمداً، فلا شيء عليه".

(الهداية، كتاب الجنايات، باب ما يوجب القصاص و ما لا يوجب: ۴/۲۳، مكتبه شركة علميه ملتان)

(وكذا في فتح القدير، كتاب الجنايات، باب ما يوجب القصاص، الخ: ۱۰/۲۳۲، مصطفى البابي مصر)

جان لینا مقصود نہ ہونا چاہیئے ،اس کا انجام دنیا اورآخرت میں برا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/ ۱۰/ ۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/ ۱۰/ ۸۵ھ۔

## زانی کی مدد بھی گناہ ہے

سوال [۹۵۶۲]: ایک شخص برسرِ عام زنا کرتا ہے جب کہ اس کے پاس دوعورتیں شادی شدہ موجود ہیں، پھر بھی دوسری عورتوں کو بہلا پھسلا کر گھر لاتا ہے۔ اس کے اس کام میں اس کے والدین وغیرہ بھی شامل ہیں۔تو کیا اس زنا کا گناہ اس کو تنہا ہوگا، یا جو اس کام میں اس کی مدد کر رہے ہیں ان کو بھی ہوگا؟ نیز ایسے شخص سے تعلق رکھنا، کھانا پینا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

زنا کرنا حرام کاری ہے(۱)، اس میں اس کی جس قدر بھی کوئی مدد کرے گا وہ بھی گناہ میں شریک ہوگا(۲)،تمام خاندان والوں کو ضروری ہے کہ اس کی روک تھام کریں(۳) اگر ترکِ تعلق سے اس کی اصلاح کی

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ولا تقربوا الزنا، إنه كان فاحشةً وساء سبيلاً﴾ (سورة الإسراء: ۳۲)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ (سورة المائدة: ۲)

"هو عام لكل برٍ وتقوى وإثمٍ وعدوانٍ، هكذا قال المفسرون". (التفسيرات الأحمدية، ص: ۳۳۱، مكتبه حقانيه پشاور)

(۳) "وعن أبي بكر الصديق رضي الله تعالىٰ عنه قال: "يأيها الناس! إنكم تقرأون هذه الآية: ﴿يأيها الذين امنوا عليكم أنفسكم لايضرّكم من أضلّ إذا اهتديتم﴾ فإني سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "إن الناس إذا رأوا منكراً فلم يغيّروه، يوشک أن يعمهم الله بعقابه". رواه ابن ماجة والترمذي وصححه. وفي رواية أبي داؤد: "إذا رأوا الظالم فلم يأخذوا على يديه، أوشک أن يعمّهم الله بعقاب". وفي أخرى له: "ما من قوم يعمل فيهم بالمعاصي، ثم يقدرون على أن يغيّروا ثم لايغيرون، إلا يوشک أن يعمّهم الله بعقاب". وفي أخرى له: "مامن قوم يعمل فيهم بالمعاصي هم أكثر ممن يعمله".

وعن جرير بن عبدالله رضي الله تعالىٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "مامن رجل يكون في قوم يعمل فيهم بالمعاصي يقدرون على أن يغيروا عليه، ولا يغيّرون إلّا =

توقع ہوتو اس کے یہاں کھانا پینا وغیرہ چھوڑ دیں (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۵/ ۵/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۵/ ۵/ ۹۲ھ۔

## بدکاری کی وجہ سے گھر سے نکالی گئی بھانجی کو اپنے یہاں پناہ دینا

سوال[۹۵۶۷]: میری بہن کی لڑکی ہے اس کی ماں کا انتقال ہوگیا ہے، باپ نالائق ہے، بھائی نے گھر سے باہر کردیا ہے اس وجہ سے کہ اس کے ناجائز بچہ پیدا ہونے والا ہے۔ وہ لاوارث تھی اس لئے میں نے اس کی شادی کردی تھی، لیکن سال بھر بعد اس کے شوہر نے اس کو طلاق دے دی، پھر دوسری جگہ شادی نہیں ہوئی تھی، سوچ رہے تھے کہ اب کہاں رشتہ تلاش کیا جائے کہ اس کی زندگی بن جائے، طلاق ہوئے دو سال ہوگئے۔

پہلی شادی جب ہوئی تو اس کے بھائی لوگ میرے اوپر بہت خفا ہوئے، اس لئے دوسری شادی کرنے کے لئے تیار نہیں ہوا، آخر نتیجہ یہ ہوا کہ اس کی زندگی عذاب بن کر رہ گئی۔ بھائیوں نے جب نکال دیا تو میرے گھر آئی ہے، رہ رہی ہے۔

---

= أصابهم الله منه بعقاب قبل أن يموتوا". رواه أبوداؤد وابن ماجة". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف، الفصل الثاني، ص: ۴۳۶، ۴۳۷، قديمي)

(۱) "عن أبي أيوب الأنصاري رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لايحل للرجل أن يهجر أخاه فوق ثلاث ليالٍ، يلتقيان فيعرض هذا ويعرض هذا، وخيرهما الذي يبدأ بالسلام". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب ماينهى عنه من التهاجر والتقاطع، الفصل الأول، ص: ۴۲۷، قديمي)

قال الملا علي القاري عليه رحمه الله تعالىٰ: "قال الخطابي رحمه الله تعالىٰ: رخص للمسلم أن يغضب على أخيه ثلاث ليال لقلته، ولا يجوز فوقها، إلا إذا كان الهجران في حق من حقوق الله تعالىٰ، فيجوز فوق ذلك .......... قال: وأجمع العلماء على أن من خاف من مكالمة أحد وصلته مايفسد عليه دينه أو يدخل مضرةً في دنياه، يجوز له مجانبة وبعده .......... فإن هجرة أهل الأهواء والبدع واجبة على مرّ الأوقات مالم يظهر منه التوبة والرجوع إلى الحق". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب ماينهى عنه من التهاجر والتقاطع واتباع العورات، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۵۰۲۷): ۸/ ۷۵۸، ۷۵۹، رشيديه)

اب بتائیے کہ میں اپنے گھر رکھوں یا نہ رکھوں اور اب اس کے بارے میں کیا کیا جائے، یعنی لڑکی کے بارے میں کیا فیصلہ کیا جائے؟ مجھ کو رکھنے میں عذاب ہو تو میں لڑکی کو نکال دوں، اور اگر عذاب نہ ہو تو میں رکھے رہوں اور پھر جب بچہ پیدا ہو تو بچہ کا کیا کروں؟ بچہ کو کہیں دور بھیج دوں یا کیا کروں؟ میں بہت پریشان ہوں۔

الجواب حامداً ومصلياً:

اگر وہ اس وقت نہ کسی کے نکاح میں ہے نہ عدت میں ہے تو کوشش کر کے کسی مناسب جگہ اس کا نکاح کر دیا جائے، کسی کی ناراضگی کی پرواہ نہ کی جائے (۱) اور جب تک نکاح نہ ہو، آپ اس کو اپنے گھر رکھ سکتے ہیں، وہ آپ کی بھانجی ہے، آپ اس کے محرم ہیں (۲)۔ جو بچہ غلط طریقہ پر پیدا ہوا اس کا کیا قصور ہے، وہ اپنی ماں کے پاس رہے گا، اس کو ماں سے جدا نہ کیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۹/۱۳۹۹ھ۔

## ناجائز اولاد کو سماج میں جگہ دینا

سوال [۹۵۶۸]: ہمارے یہاں قصبہ سیانہ ضلع بلند شہر میں ایک عورت اپنے شوہر کے ساتھ اپنی ازدواجی زندگی گزارتی تھی، اس اثناء میں آج سے قریب پچیس سال قبل اپنے شوہر کو چھوڑ کر ایک دوسرے شخص کے ساتھ ناجائز طریقہ کے ساتھ چلی گئی۔ اور گھر سے فرار ہونے کے بعد اس شخص کے ساتھ بغیر طلاق اور بغیر نکاح کے رہنے لگی، جس کے بطن سے دو لڑکے اور دو لڑکیاں پیدا ہوئیں جب کہ دونوں لڑکے اور لڑکیاں اب بالغ ہیں۔ اور قریب دس سال پہلے اس شخص کا انتقال ہو چکا ہے جس سے یہ چار بچے پیدا ہو چکے ہیں، اب ان بچوں کا سرپرست کوئی نہیں ہے، لہذا ہم اہلِ قصبہ سیانہ ضلع بلند شہر کے مسلمان بھائی یہ چاہتے ہیں کہ ان بچوں کو سماج میں جگہ دی جائے۔ اور اس عورت کے بارے میں بھی فتویٰ صادر فرمائیں کہ ان کو

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿حرمت عليكم أمهاتكم ...... و بنت الأخ و بنت الأخت﴾ (النساء: ۲۳)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ولا تزر وازرةٌ وزر أخرىٰ﴾ (سورة الزمر: ۷)

وقال الله تعالىٰ: ﴿من عمل صالحاً فلنفسه، و من أساء فعليها﴾ (حم السجدة: ۴۶)

قال العلامة الآلوسی رحمه الله تعالىٰ ﴿من أساء فعليها﴾ ضرُّه لا على الغير". (روح المعاني (سورة حم السجدة: ۴۶): ۱۳۱/۲۴، دار إحياء التراث العربي بيروت)

سماج میں جگہ دی جائے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ان بچوں نے تو کوئی جرم نہیں کیا(۱)ان کوسماج میں جگہ دے کران کے ساتھ شفقت کا معاملہ کیا جائے جس سے ان کی اچھی طرح تعلیم وتربیت ہو۔اوراس عورت کواس کی نالائق اور کمینہ حرکات سے توبہ کرا کے اس کی بقیہ زندگی کوشریعت کے موافق بنانے کی کوشش کی جائے (۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ،دارالعلوم دیوبند،۸/۶/۱۴۰۱ھ۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿من عمل صالحاً فلنفسه، ومن أساء فعليها﴾ (سورة حم السجدة: ۴۶)

قال العلامة الآلوسي رحمه الله تعالىٰ: "﴿من أساء فعليها﴾ ضرُّه لا على الغير". (روح المعاني، (سورة حم السجدة: ۴۶): ۱۳۱/۲۴، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿يأأيها الذين امنوا توبوا إلى الله توبةً نصوحاً، عسى ربكم أن يكفّر عنكم سيئاتكم﴾ (سورة التحريم: ۸)

"قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "التائب من الذنب كمن لا ذنب له". (سنن ابن ماجة، أبواب الزهد، باب ذكر التوبة، ص: ۳۱۳، قديمي)

"والمراد بالتوبة هنا الرجوع عن الذنب، وقد سبق في كتاب الإيمان أن لها ثلاثة أركان: الإقلاع، والندم على فعل تلك المعصية، والعزم على أن لايعود إليها أبداً. فإن كانت المعصية لحق آدمي، فلها ركن رابع، وهو التحلل من صاحب ذلك الحق. وأصلها الندم، وهو ركنها الأعظم. واتفقوا على أن التوبة من جميع المعاصي واجبة، وأنها واجبة على الفور، لايجوز تأخيرها، سواء كانت المعصية صغيرةً أو كبيرةً. والتوبة من مهمات الإسلام وقواعده المتأكدة، ووجوبها عند أهل السنة بالشرع". (شرح النووي على صحيح مسلم، كتاب التوبة: ۳۵۴/۲، قديمي)

(وكذا في روح المعاني، (سورة التحريم: ۸): ۱۵۸/۲۸، ۱۵۹، دارإحياء التراث العربي بيروت)